میرے جذباتِ دروں میری محبت اے خضر
آلِ پیغمبر کی عظمت کے نگہبانوں کے نام

آلِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

پیر سید خضر حسین چشتی

شبیر برادرز

Marfat.com

Marfat.com

میرے جذباتِ دروں میری محبّت اے خضر

آلِ پیغمبر کی عظمت کے نگہبانوں کے نام

آلِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جلد نمبر 2

پیر سید خضر حسین چشتی

2 0 5 9 4 4
DATA ENTERED

شبیر برادرز
اردو بازار ۰ لاہور

(رجسٹرڈ) شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر ۴۰، اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006

Marfat.com

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

آلِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جلد نمبر 2

297.9928
آ 55 خ
۱۴۵۷۰۶
جلد ۲

بااہتمام: ملک شبیر حسین

سن اشاعت جولائی 2013ء / رمضان مبارک 1434ھ

سرورق النافع گرافکس لاہور

قیمت روپے

شبیر برادرز (رجسٹرڈ)
زبیدہ سنٹر ۴۰۔ اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006

Marfat.com

فہرست

عنوان	صفحہ
سیّدنا ومولانا امیر المؤمنین	
علی المرتضیٰ کرّم اللہ وجہہ	
نام:	۱۷
اسد وحیدر:	۱۷
اہلِ بیت نبوت پہ لاکھوں سلام	۱۹
اہلِ بیت اطہار پر مستقلاً سلام کا جواز	۲۱
تیسرا اعتراض	۲۹
چوتھا اعتراض	۲۹
جواب	۲۹
امام بریلوی	۳۰
پرتو دست قدرت پہ لاکھوں سلام	۳۲
تفسیر ابنِ عباس	۳۳
تفسیر قرطبی	۳۴
تفسیر طبرانی	۳۴
تفسیر روح المعانی	۳۵
تفسیر روح البیان	۳۶
تفسیر خازن	۳۶
تفسیر ابن جریر	۳۷
تفسیر درمنثور	۳۷
تفسیر ابن کثیر	۳۸
تفسیر فتح البیان	۳۸

عنوان	صفحہ
تفسیر تبیان القرآن	۳۹
تفسیر رفاعی	۳۹
آیت نمبر ۶ - سلام ہو ہدایت پیروی کرنے والے پر	۴۱
۱- تفسیر مظہری	۴۱
آیت نمبر ۷ - اللہ پاک کا فرمان ہے	۴۲
۲- تفسیر طبرانی	۴۲
۳- تفسیر ابنِ عباس	۴۳
۴- تفسیر فتح البیان	۴۴
۵- تفسیر نسفی	۴۵
۶- تفسیر صفوۃ التفاسیر	۴۵
۷- تفسیر روح البیان	۴۵
۸- روح البیان ایضاً	۴۶
۹- تفسیر درمنثور	۴۶
۱۰- تفسیر کبیر امام رازی	۴۷
۱۱- تفسیر بغوی	۴۷
۱۲- تفسیر ابن کثیر	۴۸
۱۳- تفسیر ابی السعود ــــ تفسیر کشاف	۴۸
۱۵- تفسیر عثمانی	۴۹
۱۶- تفسیر رفاعی	۴۹
۱۷- تفسیر صاوی	۴۹
۱۸- تفسیر الملتقط	۵۰

Marfat.com

عنوان	صفحہ
۱۹-تفسیر عزیزی	۵۰
آیت نمبر ۸	۵۲
آیت نمبر ۹ — صلوٰت	۵۴
آیت نمبر ۱۰	۵۵
آیت نمبر ۱۱	۵۷
آیت نمبر ۱۲	۵۸
کتب احادیث میں — علیہ السلام	۶۲
علیہ السلام تحیۃ الموتیٰ	۶۵
اصول شاشی کی عبارت	۶۶
۱- پہلے بخاری شریف	۶۷
حدیث شریف	۶۷
۵۰-دروازہ خیبر	۸۶
۵۴-اہلِ بیت پر سلام	۸۸
۵۵-عَلَیْہِ السَّلَامُ — اور شاہ عبدالعزیز	۹۱
۵۶-اِمَامُ زَیْنِ الْعَابِدِیْنَ عَلَیْہِ السَّلَامُ	۹۱
۵۷-عَلِیٌّ عَلَیْہِ السَّلَامُ — امام ابوالمؤید مکی حنفی	۹۱
۵۸-فتاویٰ عزیزی میں	۹۲
۶۰-الفصول المہمۃ	۹۲
۶۳-اَلْمَوَدَّۃُ الثَّانِیَۃُ فِیْ فَضَائِلِ اَھْلِ الْبَیْتِ	
جُمْلِہٖ عَلَیْھِمُ السَّلَامُ	۹۳
صحابہ کرام کا ایک انوکھا عمل	۹۶
امام جعفر صادق علیہا السلام کی حدیث	۹۸
ایضاً علامہ وحید الزماں	۹۹
شاعری کی زبان میں	۱۰۰
رباعی	۱۰۰
آخر میں	۱۰۱

عنوان	صفحہ
سیّدنا و مولانا امیر المومنین علی المرتضیٰ	
کرم اللہ وجہہ	۱۰۳
نام	۱۰۳
پنگوڑھے میں	۱۰۴
حیدر	۱۰۶
علی علیہ السلام	۱۰۷
عَلِیٌّ	۱۰۷
حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا	۱۰۷
جناب ابن جوزی	۱۰۸
گلہ بان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	۱۰۸
کاشفی	۱۱۰
کنیت	۱۱۰
اَبُو الْحَسَن	۱۱۱
اَبُو الْحُسَیْن	۱۱۱
اَبُوْ مُحَمَّدٍ	۱۱۲
اَبُو الرَّیْحَانَتَیْنِ	۱۱۲
رُکن	۱۱۳
اَبُوْ تُرَابْ	۱۱۴
آلِ مروان کا ایک گورنر	۱۱۵
ابوتراب ہونے کے قابل	۱۱۷
بدبخت ترین کون؟	۱۱۹
اَبُو السِّبْطَیْن	۱۲۰
کَرَّمَ اللّٰہُ وَجْھَہٗ	۱۲۲
القاب مولا علی کرم اللہ وجہہ	۱۲۳
ولادت باسعادت	۱۲۷
کعبہ میں ولادت	۱۲۸

Marfat.com

عنوان	صفحہ
سیّدنا علی علیہ السلام ازروئے قرآن	۱۲۹
آیت نمبر۱	۱۳۱
آیت نمبر۲	۱۳۲
آیت نمبر۳	۱۳۵
شانِ نزول	۱۳۷
آیت نمبر۴	۱۳۸
آیت نمبر۵	۱۳۸
آیت نمبر۶	۱۴۰
آیت نمبر۷	۱۴۲
آیت نمبر۸	۱۴۳
شانِ نزول	۱۴۴
آیت نمبر۹	۱۴۵
آیت نمبر۱۰	۱۴۶
آیت نمبر۱۱	۱۴۸
آیت نمبر۱۲	۱۴۹
آیت نمبر۱۳	۱۴۹
آیت نمبر۱۴	۱۵۰
آیت نمبر۱۵	۱۵۱
آیت نمبر۱۶	۱۵۲
آیت نمبر۱۷	۱۵۳
آیت نمبر۱۸	۱۵۳
آیت نمبر۱۹	۱۵۵
شانِ نزول	۱۵۶
لفظ شیطان	۱۵۸
شیطان کسے کہتے ہیں؟	۱۵۸
قرآن کی گواہی	۱۵۸
حدیث کی گواہی	۱۵۹
آیت نمبر۲۰	۱۶۰
آیات نمبر۲۱-۲۲-۲۳-۲۴	۱۶۱
شانِ نزول	۱۶۲
آیت نمبر۲۵-۲۶	۱۶۵
اس انگوٹھی کی قیمت	۱۶۷
امام خازن فرماتے ہیں	۱۶۹
امام نسفی رحمۃ اللہ علیہ	۱۷۰
امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ	۱۷۱
امام طبرانی	۱۷۲
امام آلوسی بغدادی	۱۷۸
احادیث کے درمیان تطبیق	۱۸۰
علامہ زمخشری	۱۸۱
آیت نمبر۲۷	۱۸۳
آیت نمبر۲۸	۱۸۴
شَجَرَۃٌ	۱۸۴
قَلَمٌ	۱۸۴
اِقْلِیْم	۱۸۵
وَالْبَحْر	۱۸۵
کلمات کی دو قسمیں	۱۸۶
فرمان ابنِ عباس: اگر تمام درخت قلمیں بن جائیں	۱۸۸
آیت نمبر۲۹	۱۸۹
اس آیت پر صرف مولا علی نے عمل کیا	۱۸۹
آیت نمبر۳۰	۱۹۲
مولا علی ازروئے حدیث شریف	۱۹۵

Marfat.com

عنوان	صفحہ
حدیث نمبر۱: فضائلِ حضرت علی علیہ السلام	۱۹۶
حسن روایات	۱۹۶
حدیث نمبر۲: نورِ نبی اوعلی علیہ السلام — چودہ ہزار سال پہلے	۱۹۷
حدیث نمبر۳: ایک طینت سے	۱۹۸
حدیث نمبر۴: جو جنت میں رہنا چاہتا ہے	۱۹۸
حدیث نمبر۵: جو جنتی قصبہ یا قوتی پانا چاہے	۱۹۹
حدیث نمبر۶: حضورا سے صحابہ رضی اللہ عنہم نے پوچھا	۲۰۰
حدیث نمبر۷: اگر تم ان کو خلیفہ بناؤ	۲۰۰
حدیث نمبر۸: سات چیزوں میں برتری	۲۰۱
حدیث نمبر۹: سب سے زیادہ مرتبے والا	۲۰۲
حدیث نمبر۱۰: علی پرچم ہدایت	۲۰۳
حدیث نمبر۱۱: رب کی رحمت کے خزانوں کی کنجی	۲۰۴
حدیث نمبر۱۲: بغیر حساب جنت میں	۲۰۵
شِیْعَتُكَ	۲۰۶
حدیث نمبر۱۳: دشمنِ علی علیہ السلام کا زمین پر چلنا حرام ہے	۲۰۷
حدیث نمبر۱۴: فرشتے چہرہ علی علیہ السلام کے نور سے بنے	۲۰۸
حدیث نمبر۱۵: مُسلِمِ اوّل شہِ مرداں علی علیہ السلام	۲۰۸
حدیث نمبر۱۶: سب سے پہلے نبی ا کے ساتھ نماز	۲۰۹
حدیث نمبر۱۷: سب سے پہلے ایمان لانے والا	۲۰۹
حدیث نمبر۱۸: پہلے ملیکہ عرب — پھر سیّد العرب	۲۰۹
حدیث نمبر۱۹: ام المؤمنین خدیجہ علیہا السلام کے بعد	۲۱۰
حدیث نمبر۲۰: میں صدیق اکبر ہوں	۲۱۱
حدیث نمبر۲۱: پہلے تصدیق کرنے والے	۲۱۱
حدیث نمبر۲۲: سب سے پہلے حوض کوثر پر	۲۱۱
حدیث نمبر۲۳: سب سے پہلے حوض کوثر پر	۲۱۲
حدیث نمبر۲۴: بارگاہِ نبوت میں سب سے پہلے	۲۱۲
حدیث نمبر۲۵: اوّل المؤمنین	۲۱۳
حدیث نمبر۲۶: پہلا نمازی	۲۱۳
حدیث نمبر۲۷: میں پہلا شخص ہوں	۲۱۴
حدیث نمبر۲۸: پہلی نماز منگل کے دن پڑھی	۲۱۴
حدیث نمبر۲۹: اُمُّ المؤمنین اور اَمیرُ المؤمنین	۲۱۴
حدیث نمبر۳۰: میں صدیق اکبر ہوں — پہلا نمازی	۲۱۸
حدیث نمبر۳۱: محمدا — خدیجہ علیہا السلام — علی علیہ السلام	۲۲۰
حدیث نمبر۳۲: ان تینوں کے سوا	۲۲۱
حدیث نمبر۳۳: نو سال پہلے	۲۲۲
حدیث نمبر۳۴: پیر کے دن	۲۲۳
حدیث نمبر۳۵: سات سال پہلے	۲۲۳
حدیث نمبر۳۶: پہلا مومن	۲۲۴
حدیث نمبر۳۷: حجۃ اللہ	۲۲۵
حدیث نمبر۳۸: دلیل خدا	۲۲۶
حدیث نمبر۳۹: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خاتم انبیاء — علی علیہ السلام خاتم اوصیاء	۲۲۶
حدیث نمبر۴۰: سیّد العرب	۲۲۶
حدیث نمبر۴۱: ساق عرش پر	۲۲۷
حدیث نمبر۴۲: تائید ونصرت	۲۲۸
لوائے حمد	۲۲۹

Marfat.com

عنوان	صفحہ
حدیث نمبر۴۳: اے علی! تجھے بشارت ہو	۲۲۹
پرچم حمد	۲۳۰
حدیث نمبر۴۴: علی کا صبر — حسن — زور	۲۳۱
حدیث نمبر۴۵: لوائے حمد علی کے ہاتھ میں ہوگا	۲۳۲
حدیث نمبر۴۶: وہ علی کی طرف دیکھ لے	۲۳۳
حدیث نمبر۴۷: جمال علی کو دیکھ لے	۲۳۴
زلفِ دوتا	۲۳۶
صراحی نما گردن	۲۳۶
حدیث نمبر۴۸: فاروقِ اعظم	۲۳۷
کتابت کی غلطی — بھول — یا بددیانتی	۲۳۷
حدیث نمبر۴۹: وزیر رسول	۲۳۸
وزیر کسے کہتے ہیں؟	۲۳۹
بوجھ اٹھانے والا	۲۳۹
قرآن کی گواہی	۲۴۲
حدیث شریف کی گواہی	۲۴۳
وزیرِ رسول ﷺ — اور — وزیرِ سلیمان علیہ السلام	۲۴۴
وفات کے بعد امداد	۲۴۶
امام آلوسی کا عقیدہ	۲۴۷
امام سیوطی کا عقیدہ	۲۴۸
علی علیہ السلام وزیر	۲۴۹
فرمانِ رسول ﷺ	۲۴۹
صالح وزیر	۲۵۰
امام مہدی علیہ السلام کے وزراء	۲۵۰
حدیث نمبر۵۰: علی علیہ السلام کو سینے سے لگالیا	۲۵۲
حدیث نمبر۵۱: نفس رسول ﷺ	۲۵۵
حدیث نمبر۵۲: ابوبکر و علی رضی اللہ عنہما	۲۵۶
حدیث نمبر۵۳: حدیث ولایت	۲۵۷
حدیث ولایت کا پسِ منظر	۲۵۹
دوسرا سبب	۲۶۰
ایک شقی نے عذاب طلب کیا	۲۶۱
حارث فہری — لفظ مولا کا منکر	۲۶۴
حدیث نمبر۵۴: ابن ماجہ کی روایت	۲۶۵
حدیث نمبر۵۵: ابن ماجہ کی دوسری روایت	۲۶۶
حدیث نمبر۵۶: نسائی کی روایت	۲۶۷
حدیث نمبر۵۷: نسائی کی دوسری روایت	۲۶۹
حدیث نمبر۵۸: نسائی کی تیسری روایت	۲۶۹
حدیث نمبر۵۹: نسائی کی چوتھی روایت	۲۷۰
حدیث نمبر۶۰: نسائی کی پانچویں روایت	۲۷۱
حدیث نمبر۶۱: نسائی کی چھٹی روایت	۲۷۳
حدیث نمبر۶۲: نسائی کی ساتویں روایت	۲۷۴
حدیث نمبر۶۳: مسند امام احمد بن حنبل کی روایت	۲۷۵
حدیث نمبر۶۴: مسند امام احمد کی دوسری روایت	۲۷۶
حدیث نمبر۶۵: مسند امام احمد کی تیسری روایت	۲۷۷
حدیث نمبر۶۶: مستدرک حاکم کی روایت	۲۷۸
حدیث نمبر۶۷: مستدرک کی دوسری روایت	۲۷۹
حدیث نمبر۶۸: اللہ — رسول اور علی علیہ السلام	۲۸۱
حدیث نمبر۶۹: خطبۂ غدیرِ خم	۲۸۲
حدیث نمبر۷۰: سیّدنا عمر فاروق کا اظہار مسرت	۲۸۵
حدیث نمبر۷۱: ہے آفرین تیرے لیے	۲۸۶
حدیث نمبر۷۲: وہ مومن نہیں جس کا علی مولا نہیں	۲۸۷
حدیث نمبر۷۳: زمین پر دے مارا	۲۸۸
حدیث نمبر۷۴: ہر مومن کا ولی	۲۸۹

Marfat.com

عنوان	صفحہ
حدیث نمبر۷۵: علی ولی	۲۸۹
حدیث نمبر۷۶: تمہارا ولی	۲۹۰
حدیث نمبر۷۷: ولایت علی	۲۹۰
حدیث نمبر۷۸: میرا ولی	۲۹۱
حدیث نمبر۷۹: حق علی	۲۹۱
حدیث نمبر۸۰: امت کے باپ	۲۹۲
حدیث نمبر۸۱: ابنِ عباس کا عقیدہ	۲۹۲
لفظ مولا کے معانی	۲۹۴
ہے مولا اس کا علی علیہ السلام ـــ جس کا ہے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مولا	۲۹۷
حدیث نمبر۸۲: جبریل علیہ السلام نے عرض کیا	۳۰۱
حدیث نمبر۸۳: علی علیہ السلام ـــ اللہ کی مدد سے	۳۰۲
حدیث نمبر۸۴: امام البررۃ	۳۰۳
حدیث نمبر۸۵: باب حطہ	۳۰۴
حدیث نمبر۸۶: عدل میں	۳۰۴
حدیث نمبر۸۷: علی میری اصل ہے	۳۰۵
حدیث نمبر۸۸: علی علیہ السلام کا تعلق	۳۰۵
حدیث نمبر۸۹: علی علیہ السلام کی جنت میں چمک	۳۰۶
حدیث نمبر۹۰: موت وحیات میں	۳۰۶
حدیث نمبر۹۱: واضح کروگے	۳۰۶
حدیث نمبر۹۲: میری سنت پر	۳۰۷
حدیث نمبر۹۳: جب شیر کو دیکھو	۳۰۷
حدیث نمبر۹۴: جب شیر کو دیکھو	۳۰۷
حدیث نمبر۹۵: میرے بعد	۳۰۸
حدیث نمبر۹۶: مؤمن خلیفہ	۳۰۸
حدیث نمبر۹۷: خوشخبری	۳۰۹
حدیث نمبر۹۸: غیور سخی	۳۰۹
حدیث نمبر۹۹: بہادر بن کرجیو	۳۰۹
حدیث نمبر۱۰۰: محبِ علی علیہ السلام	۳۱۰
حدیث نمبر۱۰۱: حبِ علی علیہ السلام	۳۱۱
حدیث نمبر۱۰۲: مخالفِ علی کی اصلیت	۳۱۱
حدیث نمبر۱۰۳: ایک عورت کا واقعہ	۳۱۲
منافقین	۳۱۴
حدیث نمبر۱۰۴: فرشتوں کا حج	۳۱۵
حدیث نمبر۱۰۵: کعبہ	۳۱۶
حدیث نمبر۱۰۶: روزی کے لحاظ سے ـــ کعبہ	۳۱۶
حدیث نمبر۱۰۷: خلافت کے لحاظ سے کعبہ	۳۱۷
حدیث نمبر۱۰۸: لوگوں کا سردار	۳۱۹
حدیث نمبر۱۰۹: محبِ علی علیہ السلام	۳۱۹
حدیث نمبر۱۱۰: دشمن علی علیہ السلام	۳۲۰
حدیث نمبر۱۱۱: يَعْسُوْبُ الْمُؤْمِنِيْنَ	۳۲۱
حدیث نمبر۱۱۲: میرا قرض ادا کرنے والا	۳۲۱
حدیث نمبر۱۱۳: خدا تعالیٰ فخر فرماتا ہے	۳۲۱
حدیث نمبر۱۱۴: بہترین بھائی	۳۲۲
حدیث نمبر۱۱۵: ذکر علی علیہ السلام	۳۲۲
حدیث نمبر۱۱۶: سیّد العرب	۳۲۲
حدیث نمبر۱۱۷: جو علی کی عزت کرے	۳۲۳
حدیث نمبر۱۱۸: محبتِ علی گناہوں کو کھا جاتی ہے	۳۲۳
حدیث نمبر۱۱۹: علی علیہ السلام کی محبت	۳۲۳
حدیث نمبر۱۲۰: محبتِ علی وہ نیکی ہے	۳۲۴
حدیث نمبر۱۲۱: یا علی	۳۲۴
حدیث نمبر۱۲۲: وعدہ پورا کرے گا	۳۲۵

Marfat.com

عنوان	صفحہ
حدیث نمبر۱۲۳: ایک ہی شجرہ سے	۳۲۵
حدیث نمبر۱۲۴: خیر البشر	۳۲۵
حدیث نمبر۱۲۵: جو اِنکار کرے وہ کافر ہے	۳۲۶
حدیث نمبر۱۲۶: کوثر کا مالک	۳۲۷
حدیث نمبر۱۲۷: عنوان نامۂ اعمال	۳۲۷
حدیث نمبر۱۲۸: ہڈیوں تک ایمان	۳۲۸
حدیث نمبر۱۲۹: جو علی کو دوست رکھے	۳۲۸
حدیث نمبر۱۳۰: عبادت	۳۲۸
حدیث نمبر۱۳۱: علی کی طرف دیکھنا	۳۲۹
حدیث نمبر۱۳۲: اُمّ المومنین فرماتی ہیں	۳۳۰
حدیث نمبر۱۳۳: صدیقۂ عالم فرماتی ہیں	۳۳۰
حدیث نمبر۱۳۴:	۳۳۱
حدیث نمبر۱۳۵:	۳۳۱
حدیث نمبر۱۳۶:	۳۳۲
حدیث نمبر۱۳۷:	۳۳۲
حدیث نمبر۱۳۸:	۳۳۲
حدیث نمبر۱۳۹:	۳۳۳
حدیث نمبر۱۴۰:	۳۳۳
حدیث نمبر۱۴۱:	۳۳۳
حدیث نمبر۱۴۲: جو علی سے محبت رکھے	۳۳۵
حدیث نمبر۱۴۳: آسمان والوں نے	۳۳۶
حدیث نمبر۱۴۴: باغِ جنت	۳۳۷
حدیث نمبر۱۴۵: جو تجھ سے جدا ہوا	۳۳۷
حدیث نمبر۱۴۶: علی پر فرشتوں کا درود	۳۳۸
حدیث نمبر۱۴۷: اگر علی علیہ السلام پیدا نہ ہوتے	۳۳۸
حدیث نمبر۱۴۸: علی کب سے امیر المومنین ہیں	۳۳۸

عنوان	صفحہ
حدیث نمبر۱۴۹: پل صراط	۳۴۰
حدیث نمبر۱۵۰: حوضِ کوثر پر	۳۴۰
حدیث نمبر۱۵۱: تیرا حبیب، حبیب خدا ہے	۳۴۱
حدیث نمبر۱۵۲: تیرا دُشمن — میرا دُشمن	۳۴۱
حدیث نمبر۱۵۳: حدیث نمبر۱۵۴	۳۴۲
علی سے متعلق وحی	۳۴۲
حدیث نمبر۱۵۵: افضل ترین عمل:	۳۴۳
حدیث نمبر۱۵۶: اطاعت علی علیہ السلام	۳۴۳
حدیث نمبر۱۵۷: جس نے تیرے ساتھ محبت کی	۳۴۴
حدیث نمبر۱۵۸: جو علی علیہ السلام سے دُشمنی رکھے	۳۴۴
حدیث نمبر۱۵۹: علی فنا فی اللہ ہے	۳۴۵
حدیث نمبر۱۶۰: رفیق جنت	۳۴۵
حدیث نمبر۱۶۱: یَا عَلِیُّ اَنْتَ فِی الْجَنَّةِ	۳۴۵
حدیث نمبر۱۶۲: رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بھائی	۳۴۶
حدیث نمبر۱۶۳: ایسا تعلق	۳۴۶
حدیث نمبر۱۶۴: بہتر فیصلے کرنے والا	۳۴۷
حدیث نمبر۱۶۵: وہ علی کو دیکھ لے	۳۴۸
حدیث نمبر۱۶۶: قیامت کے دن	۳۴۹
حدیث نمبر۱۶۷: حب مولا علی	۳۴۹
حدیث نمبر۱۶۸: وہ مومن نہیں	۳۵۰
حدیث نمبر۱۶۹: جنت عدن کی سرخ ٹہنی	۳۵۰
حدیث نمبر۱۷۰: سعید و شقی	۳۵۱
حدیث نمبر۱۷۱: نورِ نبی و علی	۳۵۲
حدیث نمبر۱۷۲: عبداللہ میں — ابوطالب میں	۳۵۳
حدیث نمبر۱۷۳: دروازہ جنت پر لکھا ہے	۳۵۴
حدیث نمبر۱۷۵: جبریل کے پروں پر کیا لکھا ہے	۳۵۵

Marfat.com

عنوان	صفحہ
حدیث نمبر۱۷۶: دائیں جبرئیل علیہ السلام بائیں علی علیہ السلام	۳۵۵
حدیث نمبر۱۷۷: علی سے حسد کرنا کفر ہے	۳۵۹
حدیث نمبر۱۷۸: خَیْرُ النَّاسِ	۳۶۰
حدیث نمبر۱۷۹: معراج کی رات	۳۶۰
صدیق الاکبر	۳۶۱
حدیث نمبر۱۸۰: صدیق اکبر	۳۶۱
حدیث نمبر۱۸۱: میں صدیق اکبر ہوں	۳۶۲
حدیث نمبر۱۸۲: تو صدیق اکبر ہے	۳۶۲
حدیث نمبر۱۸۳: یہ ''علی'' صدیق اکبر ہے	۳۶۳
حدیث نمبر۱۸۴: علی فرماتے ہیں — میں صدیق اکبر ہوں	۳۶۴
حدیث نمبر۱۸۵: صدیق اکبر اور فاروق	۳۶۴
حدیث نمبر۱۸۶: تین صدیق	۳۶۵
حدیث نمبر۱۸۷: تین ہستیاں ایسی بھی ہیں	۳۶۷
حدیث نمبر۱۸۸: تین سبقت لے جانے والے	۳۶۷
حدیث نمبر۱۸۹: مردوں سے علی بہتر ہیں	۳۶۸
حدیث نمبر۱۹۰: اگر میں چاہتا	۳۷۲
حدیث نمبر۱۹۱: دو شخصوں کا انتخاب	۳۷۳
حدیث نمبر۱۹۲: اُمّ المومنین نے فرمایا	۳۷۳
حدیث نمبر۱۹۳: سب لوگوں سے زیادہ محبوب	۳۷۴
حدیث نمبر۱۹۴: عمران بن حصین	۳۷۶
حدیث نمبر۱۹۵: مشتاقانِ علی علیہ السلام	۳۷۷
مولا علی کا علمی مقام	۳۷۸
حدیث نمبر۱۹۶: باب العلم	۳۷۸
حدیث نمبر۱۹۷: دروازے کے راستے سے آؤ	۳۷۹
حدیث نمبر۱۹۸: دارِ حکمت	۳۸۰

عنوان	صفحہ
حکمت کے معانی	۳۸۰
حدیث نمبر۱۹۹: علم کی زنبیل	۳۸۲
زنبیل کسے کہتے ہیں	۳۸۲
عیبہ کسے کہتے ہیں؟	۳۸۳
(لسان العرب)	۳۸۴
(لسان العرب ابن منظور)	۳۸۴
حدیث نمبر۲۰۰: رازدان	۳۸۵
سر کا معنی	۳۸۵
علم باطن	۳۸۶
حدیث نمبر۲۰۱: علم کے ہزار دروازے	۳۸۷
حدیث نمبر۲۰۲: سلونی	۳۸۸
زقا کا معنی	۳۸۹
حدیث نمبر۲۰۳: سلونی عن کتاب اللہ	۳۹۰
حدیث نمبر۲۰۴: سوائے علی کے	۳۹۰
حدیث نمبر۲۰۵: سوائے علی کے	۳۹۱
حدیث نمبر۲۰۶: ایضاً	۳۹۱
حدیث نمبر۲۰۷: ایضاً — تمام لوگوں سے	۳۹۲
حدیث نمبر۲۰۸: جامع القرآن	۳۹۲
حدیث نمبر۲۰۹: پیٹھ پر چادر نہ رکھوں گا	۳۹۳
حدیث نمبر۲۱۰: علم کے چھ حصے	۳۹۳
حدیث نمبر۲۱۱: حکمت کے دس حصے	۳۹۴
حدیث نمبر۲۱۲: میرے بعد سب سے زیادہ عالم	۳۹۴
حدیث نمبر۲۱۳: علم — علی کی خوراک ہے	۳۹۵
حدیث نمبر۲۱۴: تمام قراءتوں کا قاری	۳۹۵
حدیث نمبر۲۱۵: آسمانوں کی راہوں سے واقف	۳۹۷
حدیث نمبر۲۱۶: علم میں برتری	۳۹۸

Marfat.com

عنوان	صفحہ
حدیث نمبر ۲۱۷: فقہ کا شہر	۳۹۹
فقہ کے معانی	۳۹۹
حدیث نمبر ۲۱۸: علم کا گھر	۴۰۰
حدیث نمبر ۲۱۹: سنت کا سب سے بڑ عالم	۴۰۰
حدیث نمبر ۲۲۰: سب سے زیادہ صاحب علم	۴۰۱
حدیث نمبر ۲۲۱: علی سے پوچھو	۴۰۱
طہارتِ علی کرم اللہ وجہہ	۴۰۴
حدیث نمبر ۲۲۲: سوائے میرے اور تیرے	۴۰۴
حدیث نمبر ۲۲۳: نبی، علی، ازواجِ رسول،	
خاتونِ جنت	۴۰۵
حدیث نمبر ۲۲۴: اہلِ محمد ﷺ — آلِ محمد ﷺ	۴۰۶
حدیث نمبر ۲۲۵: سوائے پنج تن پاک کے	۴۰۶
حدیث نمبر ۲۲۶: اِلَّا اَنَا وَعَلِیٌّ	۴۰۷
حدیث شریف نمبر ۲۲۷: مومن پاک نہیں ہوتا	۴۰۸
جنب کا معنی	۴۰۹
تحقیق وتخریج کے پردے میں تخریب کاری	۴۱۰
حدیث نمبر ۲۲۸: مصطفیٰ اور آلِ مصطفیٰ	۴۱۲
حدیث نمبر ۲۲۹: جبریل کو دیکھا اور اس کی گفتگو	
سنی	۴۱۳
حدیث نمبر ۲۳۰: محبتِ علی	۴۱۴
حدیث نمبر ۲۳۱: میرا وارث	۴۱۵
حدیث نمبر ۲۳۲: یوشع بن نون اور علی بن ابی طالب	۴۱۶
حدیث نمبر ۲۳۳: میرا بھائی، میرا وارث	۴۱۷
حدیث نمبر ۲۳۴: کتاب وسنت	۴۱۸
حدیث نمبر ۲۳۵: وصیت	۴۱۹
حدیث نمبر ۲۳۶: قربانی کی وصیت	۴۱۹

عنوان	صفحہ
حدیث نمبر ۲۳۷: غسل کی وصیت	۴۲۰
وصی کا معنی	۴۲۱
حدیث نمبر ۲۳۸: نبی کی ہتھیلی اور علی کی ہتھیلی	۴۲۲
حثیات کا معنی	۴۲۳
حدیث نمبر ۲۳۹: خدا نے اجازت دی	۴۲۳
حدیث نمبر ۲۴۰: ہدایت کا نشان --- ایمان کا	
مینار --- امین --- علمبردار	۴۲۴
حدیث نمبر ۲۴۱: زیارتِ خداوندی	۴۲۵
حدیث نمبر ۲۴۲: علی کی رُوح	۴۲۵
حدیث نمبر ۲۴۳: محبوب تر شخصیت	۴۲۶
حدیث نمبر ۲۴۴: خارجیوں کے بارے میں ایک خبر	۴۲۸
حدیث نمبر ۲۴۵: ایک وقت آئے گا جب تجھے بھی	
ایسا ہی کرنا پڑے گا	۴۳۱
حدیث نمبر ۲۴۶: ہڈیوں تک ایمان بھرا ہوا ہے	۴۳۴
حدیث نمبر ۲۴۷: نبی کا جھنڈا اور علی	۴۳۴
حدیث نمبر ۲۴۸: آنکھ — زبان — ہاتھ —	
رُوح	۴۳۵
حدیث نمبر ۲۴۹: تکبیر اولیٰ — قرأت —	
رکوع — سجدہ	۴۳۵
حدیث نمبر ۲۵۰: مسلمانوں پر حق علی	۴۳۶
حدیث نمبر ۲۵۱: اُمت کے باپ	۴۳۶
حدیث نمبر ۲۵۲: نعلین رسول ا اور علی علیہ السلام	۴۳۷
حدیث نمبر ۲۵۳: جنت کا عصا	۴۳۸
حدیث نمبر ۲۵۲: فرمانِ علی	۴۳۹
حدیث نمبر ۲۵۵: جنت کے درخت کا عصا	۴۴۰
حدیث نمبر ۲۵۶: علی اور حوضِ کوثر	۴۴۰

Marfat.com

عنوان	صفحہ
حدیث نمبر ۲۵۷: اُمت میں سب سے پہلے حوض پر	۴۴۱
حدیث نمبر ۲۵۸: حوضِ کوثر اور عوسج کی لاٹھی	۴۴۱
حدیث نمبر ۲۵۹: اولیتیں	۴۴۳
حدیث نمبر ۲۶۰: اے علی! تو صدیق اکبر ہے تو فاروق ہے	۴۴۴
حدیث نمبر ۲۶۱: ''علی'' صدیق اکبر اور میرے بعد میرا خلیفہ ہے	۴۴۴
حدیث نمبر ۲۶۲: علی کا خون میرے خون سے ہے	۴۴۵
حدیث نمبر ۲۶۳: سیدالمسلمین	۴۴۶
حدیث نمبر ۲۶۴: علم وحکمت کا نور	۴۴۷
حدیث نمبر ۲۶۵: اُمت کے اختلاف حل	۴۴۸
حدیث نمبر ۲۶۶: اُمت کے درمیان علامت	۴۴۸
حدیث نمبر ۲۶۷: اللہ تمہاری زبان کو پختگی دے	۴۴۹
حدیث نمبر ۲۶۸: علم کا جام پینے والا	۴۴۹
حدیث نمبر ۲۶۹: دست نبی، سینہ علی پر	۴۵۰
حدیث نمبر ۲۷۰: ستارا علی کے گھر میں گرا	۴۵۱
حدیث نمبر ۲۷۱: حبیب رسول ﷺ	۴۵۲
حدیث نمبر ۲۷۲: ہزار سال کی عبادت ضائع	۴۵۴
حدیث نمبر ۲۷۳: مولا علی علیہ السلام کے ایمان کا وزن	۴۵۵
حدیث نمبر ۲۷۴: ایمانِ علی کرم اللہ وجہہ	۴۵۵
ساتوں زمینوں اور ساتوں آسمانوں سے وزنی	۴۵۶
حدیث نمبر ۲۷۵: علی کا عمل تمام مخلوق کے اعمال پر بھاری	۴۶۰
حدیث نمبر ۲۷۶: جس نے تجھے قتل کیا اس نے مجھے قتل کیا	۴۶۲

عنوان	صفحہ
حدیث نمبر ۲۷۷: اللہ کی حجت اسکی ساری مخلوق پر	۴۶۴
حدیث نمبر ۲۷۸: اُمت پر تا قیامت حجت	۴۶۵
حدیث نمبر ۲۷۹: علی حجتہ اللہ	۴۶۵
حدیث نمبر ۲۸۰: اللہ کے تمام بندوں پر اللہ کی برہان	۴۶۶
حجت کے معانی	۴۶۶
حدیث نمبر ۲۸۱: حدیث نور	۴۶۹
حدیث نمبر ۲۸۲: میں اور علی اللہ کے نور سے ہیں	۴۷۰
حدیث نمبر ۲۸۳: چودہ ہزار سال پہلے	۴۷۱
حدیث نمبر ۲۸۴: علی مقیم حجت ہیں	۴۷۲
حدیث نمبر ۲۸۵: علی علیہ السلام کا خون میرا خون ہے	۴۷۳
حدیث نمبر ۲۸۶: وہ جھوٹا ہے جو یہ گمان کرے---	۴۷۴
حدیث نمبر ۲۸۷: ظن باطل	۴۷۵
حدیث نمبر ۲۸۸: محبتِ علی دراصل محبت رسول ہے	۴۷۵
حدیث نمبر ۲۸۹: اے علی! تیرا محبّ، میرا اور اللہ کا محبّ ہے	۴۷۶
حدیث نمبر ۲۹۰: اطاعت علی علیہ السلام — اطاعت رسول ﷺ	۴۷۶
حدیث نمبر ۲۹۱: وہ جھوٹا ہے — اور — مومن نہیں	۴۷۷
حدیث نمبر ۲۹۲: علی کے بارے میں عہد	۴۷۸
حدیث نمبر ۲۹۳: شارۂ ایمان	۴۷۹
حدیث نمبر ۲۹۴: اللہ نے محبتِ علی کا وعدہ لیا	۴۸۰
حدیث نمبر ۲۹۵: مومن مجھ سے کبھی بغض نہیں رکھے گا	۴۸۱
حدیث نمبر ۲۹۶: غمِ علی کی بیماری سے بچو!	۴۸۲

Marfat.com

عنوان	صفحہ
حدیث نمبر ۲۷۹: قیامت کے دن کذابوں کی صف میں	۴۸۴
حدیث نمبر ۲۹۸: علی خیر الناس	۴۸۵
حدیث نمبر ۲۹۹: علی خیر البشر	۴۸۶
حدیث نمبر ۳۰۰: علی افضل	۴۸۶
حدیث نمبر ۳۰۱: علی خیر البشر ہیں، اس میں کوئی شک نہیں	۴۸۷
حدیث نمبر ۳۰۲: علی خیر البریۃ	۴۸۷
حدیث نمبر ۳۰۳: ذاک خیر البشر	۴۸۸
حدیث نمبر ۳۰۴: اُمّ المومنین رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں	۴۸۸
حدیث نمبر ۳۰۵: شریک بن عبداللہ فرماتے ہیں	۴۸۹
حدیث نمبر ۳۰۶: زہرا علیہا السلام — علی علیہ السلام	
— حسن علیہ السلام — حسین علیہ السلام	۴۹۰
حدیث نمبر ۳۰۷: علم علی — نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علم سے ہے	۴۹۱
حدیث نمبر ۳۰۸: نقطہ بائے بسم اللہ	۴۹۲
حدیث نمبر ۳۰۹: اسرار بائے بسم اللہ	۴۹۳
حدیث نمبر ۳۱۰: وارثِ علوم انبیاء والمرسلین	۴۹۳
حدیث نمبر ۳۱۱: نبی کریم نے علی کرم اللہ وجہہ کو وہ تمام علوم سکھا دیئے	۴۹۴
حدیث نمبر ۳۱۲: قرآنِ ناطق	۴۹۵
حدیث نمبر ۳۱۳: گوہ کی بیعت اور علم علی رضی اللہ عنہ	۴۹۵
حدیث نمبر ۳۱۴: مدینہ ہدایت	۴۹۷
حدیث نمبر ۳۱۵: جنت کے شہر کا دروازہ علی ہے	۴۹۹
حدیث نمبر ۳۱۶: بہشت کا شہر اور اس کا دروازہ	۴۹۹
حدیث نمبر ۳۱۷: اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے	۵۰۰
حدیث نمبر ۳۱۸: جب قیامت کا دن ہوگا	۵۰۰
حدیث نمبر ۳۱۹: جنت اور دوزخ کو تقسیم کرنے والا	۵۰۱
حدیث نمبر ۳۲۰: اراکین شوریٰ سے پوچھا	۵۰۲
حدیث نمبر ۳۲۱: علی کے منہ میں لعابِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	۵۰۲
حدیث نمبر ۳۲۱: اس کو ہر خطیب زبانی یاد کرے	۵۰۳
حدیث نمبر ۳۲۳: علی کی زبان سے	۵۰۷
حدیث نمبر ۳۲۴: ربوبیت — نبوت — ولایت	۵۰۹
حدیث نمبر ۳۲۵: بیت المعمور میں	۵۱۰
حدیث نمبر ۳۲۶: جنت اور دوزخ کی چابیاں	۵۱۲
حدیث نمبر ۳۲۷: قیامت کے دن منبر اور کنجیاں	۵۱۲
حدیث نمبر ۳۲۸: لوگوں میں مثالِ علی	۵۱۳
حدیث نمبر ۳۲۹: سفید و سیاہ چہرے	۵۱۴
حدیث نمبر ۳۳۰: علی کے ساتھ محبت رکھنے والا	۵۱۴
حدیث نمبر ۳۳۱: بغیر حساب کے جنت میں	۵۱۵
حدیث نمبر ۳۳۲: دنیا اور آخرت میں ولی	۵۱۵
حدیث نمبر ۳۳۳: اسلام میں پہلا رخنہ	۵۱۶
حدیث نمبر ۳۳۴: بغضِ علی یہودیت کی پیداوار ہے	۵۱۶
حدیث نمبر ۳۳۵: مجھے بھی عطا کیا	۵۱۶
حدیث نمبر ۳۳۶: قاضی اعظم	۵۱۸
حدیث نمبر ۳۳۷: اہلِ مدینہ میں سب سے بڑا قاضی	۵۱۸
حدیث نمبر ۳۳۸: سب سے زیادہ فیصلہ کرنیوالا	۵۱۸
حدیث نمبر ۳۳۹: اہلِ مدینہ کا بڑا قاضی	۵۱۹
حدیث نمبر ۳۴۰: فرض قضا کا عالم	۵۱۹

Marfat.com

عنوان	صفحہ
حدیث نمبر۳۴۱: فرائض کے جاننے والا	۵۱۹
حدیث نمبر۳۴۲: مضبوط ترین بات کرنے والا	۵۲۰
حدیث نمبر۳۴۳: مولا علی کا ایک عجیب فیصلہ	۵۲۰
حدیث نمبر۳۴۴: حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اگر علی نہ ہوتے	۵۲۲
حدیث نمبر۳۴۵: حجر اسود کو چومتے ہوئے فرمایا	۵۲۳
حدیث نمبر۳۴۶: حجر اسود — جناب عمر رضی اللہ عنہ — اور جناب علی	۵۲۳
حدیث نمبر۳۴۷: بوقت طواف فرمایا	۵۲۵
حدیث نمبر۳۴۸: اللہ تعالیٰ کا دایاں ہاتھ	۵۲۷
حدیث نمبر۳۴۹: اللہ تعالیٰ سے بیعت	۵۲۹
حدیث نمبر۳۵۰: علی علیہ السلام کے فتوے اور فیصلے کے بعد	۵۳۰
حدیث نمبر۳۵۱: جب مولا علی نے حدیث بیان فرمائی	۵۳۰
حدیث نمبر۳۵۲: اُمّ المومنین فرماتی ہیں	۵۳۱
حدیث نمبر۳۵۳: اَعْلَمُ النَّاس	۵۳۱
حدیث نمبر۳۵۴: فضیلت علم میں	۵۳۲
حدیث نمبر۳۵۵: کوئی علی رضی اللہ عنہ سے زیادہ عالم ہے؟	۵۳۲
حدیث نمبر۳۵۶: سینے میں علم ہے	۵۳۳
حدیث نمبر۳۵۷: اَعْلَمُ النَّاسِ بِاسْمِ اللّٰہِ	۵۳۳
حدیث نمبر۳۵۸: سب سے زیادہ نصیحت کرنے والا	۵۳۴
حدیث نمبر۳۵۹: ''علی'' مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علم کا دروازہ ہے	۵۳۴
حدیث نمبر۳۶۰: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے روتے ہوئے کہا	۵۳۷
حدیث نمبر۳۶۱: علم — حلم — فضل — فقہ	۵۳۸
حدیث نمبر۳۶۲: سرمایۂ علم و فضل	۵۳۹
حدیث نمبر۳۶۳: محبوبِ خدا و رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	۵۴۱
حدیث نمبر۳۶۴: رسول کے نواسوں کا باپ	۵۴۴
حدیث نمبر۳۶۵: اے اللہ! علی کی مدد فرما	۵۴۵
حدیث نمبر۳۶۶: جس نے علی کی عزت کی	۵۴۶
حدیث نمبر۳۶۷: جدھر علی — اُدھر حق	۵۴۷
حدیث نمبر۳۶۸: صبر رسول — حسن یوسف — قوت جبریل	۵۴۷
حدیث نمبر۳۶۹: دنیا و آخرت میں ولی رسول	۵۴۸
حدیث نمبر۳۷۰: قرآن علی کے ساتھ ہے	۵۴۹
حدیث نمبر۳۷۱: علی اور جنت عدن	۵۴۹
حدیث نمبر۳۷۲: قلب رسول اور محبتِ علی	۵۵۰
حدیث نمبر۳۷۳: علی سوال کرتے تو پورا ہوتا	۵۵۰
حدیث نمبر۳۷۴: علی کریم کی منزلت	۵۵۱
حدیث نمبر۳۷۵: روحِ علی اور ملک الموت	۵۵۲
حدیث نمبر۳۷۶: علی اور عمار طیب و مطیب	۵۵۳
حدیث نمبر۳۷۷:	۵۵۵
حدیث نمبر۳۷۸: علی تو حق پر ہوگا	۵۵۶
حدیث نمبر۳۷۹:: حضور نے قسم اٹھا کر فرمایا	۵۵۶
حدیث نمبر۳۸۰: جو علی سے محبت رکھے	۵۵۷
حدیث نمبر۳۸۱: جو علی پر سب کرے	۵۵۸
حدیث نمبر۳۸۲: دو فرشتے پل صراط پر کھڑے ہوں گے	۵۵۸

Marfat.com

عنوان	صفحہ
حدیث نمبر۳۸۳:علی کا حق نہ جاننے والا	۵۵۹
حدیث نمبر۳۸۴:اطاعت اہلِ بیت فرض ہے	۵۶۰
حدیث نمبر۳۸۵:جو چیز حضور کو پسند ہے وہی علی کے لئے	۵۶۰
حدیث نمبر۳۸۶:فرشتوں کی محفل	۵۶۱
حدیث نمبر۳۸۷:اگر تمام لوگ محبتِ علی پر جمع ہو جاتے	۵۶۲
حدیث ۳۸۸:حاجتیں روا ہونے کا ذریعہ	۵۶۲
حدیث نمبر۳۸۹:نبیوں کی معیت میں	۵۶۳
حدیث نمبر۳۹۰:قَائِدُ الْمُسْلِمِیْنَ اِلَی الْجَنَّةِ	۵۶۳
حدیث نمبر۳۹۱:علی کا ہاتھ نبی کا ہاتھ	۵۶۴
حدیث نمبر۳۹۲:اے علی جو تجھے دوست نہ رکھے	۵۶۴
حدیث نمبر۳۹۳:اے ابوبکر! — علی میرا ارض وسماء میں وزیر ہے	۵۶۵
حدیث نمبر۳۹۴:اسرافیل کی ہیبت	۵۶۶
حدیث نمبر۳۹۵:علی اور اس کے متبعین حق پر ہیں	۵۶۷
حدیث نمبر۳۹۶:اگر تم سے کوئی جھگڑا کرے تو کہہ دینا	۵۶۸
حدیث نمبر۳۹۷:مشرکوں نے پوچھا تو علی نے کہہ دیا	۵۶۹
حدیث نمبر۳۹۸:انبیاء — مصطفیٰ — مرتضیٰ	۵۶۹
حدیث نمبر۳۹۹:عالم تفسیر وتاویل اور ناسخ ومنسوخ	۵۷۰
حدیث نمبر۴۰۰:ایمان علی کے گوشت اور خون میں ملا ہوا ہے	۵۷۰
حدیث نمبر۴۰۱:دشمن علی یا منافق یا فاسق یا دنیادار ہے	۵۷۵
حدیث نمبر۴۰۲:اولاد کو علی کی محبت سے منور کرنا	۵۷۵
حدیث نمبر۴۰۳:اُمّ المومنین کے نزدیک محبوبِ رسول کون؟	۵۷۶
حدیث نمبر۴۰۴:ابتلاء وامتحانِ علی	۵۷۷
حدیث نمبر۴۰۵:حضور ﷺ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگے	۵۷۹
حدیث نمبر۴۰۶:علی نے حق قرابت کا واسطہ دے کر پوچھا	۵۸۰
حدیث نمبر۴۰۷:حضور ﷺ نے فرمایا علی پر ظلم کیا جائے گا	۵۸۱
حدیث نمبر۴۰۸:بے مثال فضیلت	۵۸۴
حدیث نمبر۴۰۹:نمازِ علی کے لئے سورج کا واپس لوٹنا	۵۸۵
حدیث نمبر۴۱۰:ردِ شمس کی دوسری روایت حضرت حسان	۵۸۶
حدیث نمبر۴۱۱:ردِ شمس کی تیسری روایت	۵۸۷
حدیث نمبر۴۱۲:حضور نے سورج کو حکم دیا	۵۸۸
ردِ شمس — اور — منکرین خصائص نبی او علی	۵۹۰
یوشع بن نون اور حبس شمس	۵۹۲
نمازِ عصر:	۵۹۴
بروز بدھ:	۵۹۵
عجب تر	۵۹۶
حدیث نمبر۴۱۳:دوسری بار ردِ شمس	۵۹۷
حدیث نمبر۴۱۴:حدیث عبداللہ بن عباس ردِ شمس	۵۹۹
حدیث نمبر۴۱۵:علی کریم سے سورج نے گفتگو کی	۶۰۰

Marfat.com

عنوان	صفحہ
حدیث نمبر ۴۱۶: حضور نے فرمایا اے علی! اپنی کرامت دیکھو	۶۰۱
حدیث نمبر ۴۱۷: علی کو جبریل و میکائیل نے وضو کرایا	۶۰۳
حدیث نمبر ۴۱۸: جنت کے سات سردار	۶۰۵
سات سردار	۶۰۵
سات خطرناک مرحلے	۶۰۹
(۱) موت و سکراتِ موت:	۶۰۹
(۲) عالم برزخ — قبر —	۶۱۰
(۳) میدانِ محشر:	۶۱۲
(۴) میزان:	۶۱۲
(۵) حوضِ کوثر:	۶۱۵
درود شریف اور حوض کوثر:	۶۱۵
حدیث نمبر ۴۱۹:	۶۱۶
حدیث نمبر ۴۲۰: بے دین کون؟	۶۱۹
(۶) پل صراط — مشکل ترین مرحلہ	۶۱۹
حدیث نمبر ۴۲۱: پل سے گزارو! راہ گزر کو خبر نہ ہو	۶۹۰
(۷) ساتواں مرحلہ:	۶۹۳
خیال رہے —	۶۹۵
○ — فرمانِ عمر فاروق:	۶۹۶
○ — فرمانِ امام احمد بن حنبل:	۶۹۶
○ — امام نیشاپوری فرماتے ہیں:	۶۹۷
○ — امام ابن حجر مکی کی تحریر:	۶۹۷
حدیث نمبر ۴۲۲: جو مجھے ملا وہ کسی کو نہیں ملا	۶۳۰
حدیث نمبر ۴۲۳: جنت و دوزخ کی کنجیاں	۶۳۱
حدیث نمبر ۴۲۴: علی رضی اللہ عنہ اور فاطمہ رضی اللہ عنہا	۶۳۱
حدیث نمبر ۴۲۵: علی کی محبت مخلوقِ خدا پر فرض ہے	۶۳۲
حدیث نمبر ۴۲۶: عَلِیٌّ خَیْرُ النَّاسِ	۶۳۳
حدیث نمبر ۴۲۷: ان ہستیوں کی ولایت کا اِنکار کفر ہے	۶۳۳
ضحاح:	۶۳۵
حدیث نمبر ۴۲۸: عقیدت فاطمہ سو مقامات پر نفع دے گی	۶۳۸
حدیث نمبر ۴۲۹: فرشتے ثواب لکھتے ہیں	۶۴۰
حدیث نمبر ۴۳۰: حب علی ایمان کی علامت ہے	۶۴۲
حدیث نمبر ۴۳۱: علی علیہ السلام فاطمہ رضی اللہ عنہا حسن علیہ السلام، حسین علیہ السلام	۶۴۳
علامہ کشفی کے بھائی نے کہا	۶۴۶
حدیث نمبر ۴۳۲: بغیر حساب کے جنت میں	۶۴۷
حدیث نمبر ۴۳۳: ایضاً بغیر حساب کے	۶۴۸
حدیث نمبر ۴۳۴: فضائل محمد و آل کی محفل میں	۶۴۹
حضرت ہمدانی	۶۵۰
حدیث نمبر ۴۳۵: معرفت آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	۶۵۲

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سیّدنا ومولانا امیر المؤمنین
علی المرتضٰی
کرّم اللہ وجھہ

سیّد الاَولیا ، زوجِ خیر النساء
گوہرِ کبریا ، مولا مشکل کشا
جس کی تلوار نے ٹکڑے مرحب کیا
اس کی تیغِ جلالت کی کیا بات ہے
(خضر)

نام

شہنشاہِ ولایت —— سر تا پا شجاعت —— دریائے سخاوت —— پرتو دست قدرت —— صاحب کرامات —— مولائے کائنات —— قاتل کفار —— صاحب ذوالفقار کرم اللہ وجہہ کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔

—— اَسَدْ —— حَیْدَر —— عَلِیّ —— زَیْد ——

اسد و حیدر:

اسد عربی زبان میں شیر کو کہتے ہیں —— ابن عربی کا قول ہے کہ حضرت علی المرتضےٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول ہے کہ حضرت علی المرتضےٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صاحبزادی کو اور ان

Marfat.com

کی حالت فقر کو دیکھنا چاہتی ہیں۔ چنانچہ انہوں نے سیّدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سلام اللہ علیہا کو بلا بھیجا۔ اتنے میں جبرائیل علیہ السلام جنت سے ایک جوڑا لے کر حاضر ہوئے۔ آپ علیہا السلام نے اس کو پہنا اور ان یہودنوں کے درمیان جا بیٹھیں۔ جب یہودی عورتوں نے لباس دیکھا، ششدر رہ گئیں'' اور پوچھنے لگیں۔

من این لك هٰذا یافاطمة فقالت من ابی من این لا بیك قالت من جبریل .قالت من الجنة فقلن نشهد ان لا اله الا الله و ان محمدا رسول الله .

ان میں سے جس عورت کا شوہر مسلمان ہو گیا وہ اسی کے پاس رہی اور جس نے اسلام قبول نہ کیا اس کی بیوی نے کسی اور سے نکاح کر لیا۔

اے فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا یہ آپ کو کہاں سے ملا؟ اپنے ابا جان سے ـــــ کہنے لگیں۔ آپ کے والد ماجد نے کہاں سے لیا ہے؟ فرمایا جبریل علیہ السلام سے ـــــ جبریل علیہ السلام کہاں سے لائے؟ فرمایا جنت سے۔ کہنے لگیں ہم گواہی دیتی ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے سچے رسول ہیں۔ (نزہتہ المجالس ص ۲۲۶ ج ۲)

Marfat.com

اہلِ بیت نبوت پہ لاکھوں سلام

باغ جنت کے ہیں بہر خوان اہلِ بیت
تم کو مژدہ نار کا، اے دشمنانِ اہلِ بیت

ان کی پاکی کو خدائے پاک کرتا ہے بیاں
آیہ تطہیر سے ظاہر ہے شانِ اہلِ بیت

ان کے گھر میں بے اجازت جبرئیل آتے نہیں
قدر والے جانتے ہیں، قدر و شانِ اہلِ بیت

مصطفےٰ ﷺ عزت بڑھانے کے لیے تعظیم دیں
ہے بلند اقبال تیرا دودمانِ اہلِ بیت

جمعہ کا دن ہے کتابیں زیست کی طے کر کے آج
کھیلتے ہیں جان پر شہزادگانِ اہلِ بیت

اہلِ بیت پاک سے گستاخیاں بے باکیاں
لَعْنَةُ اللهِ عَلَيْكُمْ دشمنانِ اہلِ بیت

(مولانا حسن رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ)

Marfat.com

قارئین کرام! ـــــ آج کے دور پرفتن میں عجیب عجیب قسم کی تحریکیں جنم لے رہی ہیں۔ کہیں قتل و غارت گری کا بازار گرم ہے۔ کہیں فتنہ پروری عروج پر ہے۔ ایک سمت سے دہشت گردی کی آگ کو بھڑکایا جا رہا ہے۔ کہیں فرقہ وارانہ فسادات کا دیو انسانی جانوں کو بے دریغ نگل رہا ہے۔ جس سے علماء کا وقار مجروح ہوتا جا رہا ہے۔ دہشت گردی کی ایک صورت ایسی ہے جس سے ایمان و یقین اور عقیدت آگیں جذبوں کے برباد ہونے کا خطرہ دن بدن بڑھتا جا رہا ہے۔ وہ دہشت گردی ہے۔ اہلِ بیت اطہار اور صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی عظمتوں کے خلاف حرف گیری، نکتہ چینی اور واویلا مچانا۔ راقم کو پاکستان بھر میں اور بیرونی ممالک میں جانے کا اتفاق ہوتا رہتا ہے۔ ادھر، ادھر ہر جگہ ایک ایسی بادِ صرصر چل رہی ہے جو اسلامی دنیا کے لیے نیک شگون نہیں۔ وہ کچھ اس طرح ہے کہ اہلِ بیت اطہار کے اسمائے گرامی کے ساتھ ''علیہ السلام'' کہنا جائز ہے یا نہیں۔ علمائے اہلِ سنت کی ایک پوری جماعت ''علیہ السلام'' کہنے کے جواز کی قائل ہے۔ ان کے نزدیک ''رضی اللہ عنہ'' کہنا بھی جائز ہے اور ''علیہ السلام'' کہنا بھی بلا کراہت جائز ہے۔ ان میں سے ایک نام امام اہلسنّت غزالی زماں حضرت علامہ پیر سیّد احمد سعید کاظمی صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ہے۔ آپ کے اور میرے شیخ کریم، شیخ الاسلام والمسلمین، حاکم الحدیث حضرت خواجہ محمد قمر الدین سیالوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے درمیان محبت کا ایک عظیم رشتہ قائم تھا۔ جو اپنی مثال آپ ہے۔ امام کاظمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اس مسئلہ پر ایک رسالہ ہے۔ جس کا عنوان ہے۔

Marfat.com

اہلِ بیت اطہار پر مستقلاً سلام کا جواز

علامہ کاظمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ صاحب کے اس رسالہ کا مختصر خلاصہ ہدیہ قارئین کرنے کے بعد مزید دلائل پیش کروں گا۔ کوشش کروں گا کہ آپ کے علمی، تحقیقی اور دقیق الفاظ و اصطلاحات کو نہایت آسان پیرایہ میں بیان کروں۔ جو لوگ غیر انبیاء علیہم السلام پر مستقلاً (برائے راست بلا واسطہ) سلام کہنے کو ناجائز، مکروہ اور خلاف اولیٰ کہتے ہیں ان کا جواب دیتے ہوئے غزالی زماں فرماتے ہیں کہ۔

غیر انبیاء و ملائکہ علیہم الصلوٰۃ والسلام پر بالاستقلال (برائے راست) صلوٰۃ وسلام بھیجنے کے جواز کو اگرچہ قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے عامہ اہلِ علم سے نقل کیا ہے۔

كَمَا فِيْ تَفْسِيْرِ رُوْحُ الْمَعَانِيْ ۔ (پارہ۲۲،ص۸۶) وَاَمَّا الصَّلٰوةُ عَلٰى غَيْرِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمَلَائِكَةِ قَدْ اِضْطَرَبَتْ فِيْهَا اَقْوَالُ الْعُلَمَاءِ فَقِيْلَ تَجُوْزُ مُطْلَقًا ۔ قَالَ الْقَاضِيْ عَيَاضُ وَعَلَيْهِ عَامَةُ اَهْلِ الْعِلْمِ ۔

(انتھی)

''جیسا کہ تفسیر روح المعانی (پارہ۲۲، ص۸۶) میں ہے، بہر حال صلوٰۃ غیر انبیاء اور فرشتوں پر بھیجنے کے بارے میں علماء کا اختلاف ہے۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ مطلقاً جائز ہے۔ قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس پر عام اہلِ علم ہیں لیکن جمہور کے مسلک کے مطابق ہمارا مسلک یہ ہے کہ ہم بالتبع (بالواسطہ) بلا کراہت جائز ہونے کے قائل ہیں اور بالاستقلال (برائے راست) مکروہ سمجھتے ہیں۔ البتہ صلوٰۃ کے بغیر صرف سلام نبیوں اور فرشتوں پر۔ ہمارے نزدیک برائے راست اور بالواسطہ دونوں طرح بغیر

Marfat.com

کسی قسم کی کراہت کے جائز ہے۔

فقہائے کرام کے ایک گروہ نے اس مسئلے میں عدم جواز یا کراہت کا قول کیا ہے۔ وہ تنہا سلام سے متعلق نہیں بلکہ مجموعہ صلوٰۃ وسلام کے بارے میں ہے جو ہم پر دلیل وحجت نہیں۔ جو حضرت سلام مذکور کو ناجائز، مکروہ تنزیہی اور خلاف اولیٰ کہتے ہیں۔ ان کی خدمت میں نہایت ادب کے ساتھ عرض ہے کہ کسی کتاب میں کوئی ایسی عبارت موجود نہیں جس سے بغیر اختلاف کے علماء اہلِ سنت یا کم از کم علمائے احناف کے نزدیک سلام مذکور ناجائز، مکروہ یا خلاف اولیٰ ثابت ہوتا ہو۔ نہ یہ جمہور کا مذہب ہے۔

وَمَنِ ادَّعٰی فَعَلَیْہِ الْبَیَانِ ۔

یقیناً بعض نے عدم جواز اور بعض نے کراہت تنزیہی یا خلاف اولیٰ کا قول کیا ہے۔ مگر ان کے بالمقابل دوسرے علماء کرام نے اس قول کا اِنکار بھی فرمایا ہے۔ جس کی روشن دلیل ان کے کلام میں سلام مذکور کا ورود ہے۔

مانعین (منع کرنے والے) حضرات کے دلائل کا خلاصہ حسب ذیل ہے۔

۱۔ ''علمائے اہلِ سنت نے، غیر انبیاء و ملائکہ علیہم السلام کے لیے علیہ السلام لکھنے کو بالاتفاق ممنوع قرار دیا ہے۔'' اس کا جواب دیتے ہوئے غزالی زماں فرماتے ہیں۔

بالاتفاق اور علی الاطلاق غیر انبیاء و ملائکہ علیہم السلام کے لیے بالاستقلال تنہا سلام کو آج تک کسی نے ممنوع نہیں کہا اور اگر کسی نے ایسا دعویٰ کیا ہے تو اس کا تعاقب کیا گیا ہے۔

فرماتے ہیں۔ اس سلام کو ممنوع، ناجائز یا خلاف اولیٰ کہنے والے بعض علماء ہیں۔ جس کو ان کی تحقیق پر اعتماد ہو، وہ اس پر عمل کرے ہمیں اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن

۱۲۵۷۰۶

Marfat.com

مجوزین بلا کراہت سے الجھنا ان کے لیے درست نہیں۔ کیونکہ بالمقابل محقق اہلسنّت کا ایک ایسا گروہ بھی موجود ہے جو غیر انبیاء و ملائکہ علیہم الصلوٰۃ والسلام کے لیے بالاستقلال لفظ سلام استعمال کرتا ہے۔

۲۔ اعتراض نمبر۲۔ لفظ ''سلام'' ـــــ صلوٰۃ ـــــ کے معنیٰ میں ہے لہٰذا صلوٰۃ کی طرح ''سلام'' بھی ناجائز اور مکروہ ہوگا۔

غزالی رضی اللہ تعالیٰ عنہ زماں جواباً ارشاد فرماتے ہیں۔ لفظ ''سلام'' کا ''صلوٰۃ'' کے معنی میں ہو بدایۃً باطل ہے۔ اس لیے کہ دونوں کا مادہ ترکیب اشتقاق، وضع وہیت اور استعمال بالکل الگ ہے پھر ایک معنیٰ میں ہونا کیونکر صحیح ہوسکتا ہے۔

البتہ امام حلیمی رحمۃ اللہ علیہ نے صلوٰۃ کو بمعنیٰ سلام کہا ہے اور اسی قول کو سامنے رکھ کر امام الحرمین رحمۃ اللہ علیہ جوہنی نے سلام کو بمعنیٰ صلوٰۃ قرار دیا ہے لیکن یہ مخفی نہ رہے کہ دونوں بزرگ شافعی ہیں لہٰذا یہ قول شوافع کا ہوا جسے بعض حنفیوں نے ذکر دیا۔ نیز یہ کہ امام حلیمی اور امام جوہنی رحمہا اللہ نے صلوٰۃ کو بمعنیٰ سلام اور بالعکس مطلقاً نہیں کہا بلکہ اس امر میں کہ صلوٰۃ وسلام دونوں ہماری دعا اور منـــزل من اللہ ہونے میں ایک دوسرے کے ہم معنیٰ اور مشعر تعظیم ہیں۔

اگرچہ اس معنیٰ کو امام جوہنی رحمۃ اللہ علیہ نے غیر انبیاء و ملائکہ کے حق میں مستقلاً لفظ سلام بولنے کیلئے علت منع قرار دیا ہے لیکن اہلِ سنت وفقہائے احناف کے دیگر محقق نے اسے تسلیم نہیں کیا۔

علامہ کاظمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سلسلہ کلام کو جاری رکھتے ہوئے ارقام فرماتے ہیں کہ یہ صحیح ہے کہ بعض متاخرین کی تصانیف میں سلام مذکور کا ترک، متعارف ہے لیکن تـفـحص

Marfat.com

(جستجو، تلاش، جانچ پڑتال، تحقیق) کے بعد متقدمین کا مسلک یہی ثابت ہوا کہ وہ بالخصوص اہلِ بیت اطہار کے حق میں بالاستقلال تنہا لفظ سلام بولتے اور لکھتے رہے۔

شیخ رضی اللہ تعالیٰ عنہ محقق سلام مذکور کا ترک متعارف کرانے کے باوجود بذات خود آلِ پاک مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بالاستقلال ''علیہ السلام'' لکھتے ہیں۔

۱-سن سات ہجری میں غزوہ خیبر ہوا۔ امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام کے دست مبارک سے جب سپر گر پڑی تو آپ نے خیبر کے دروازے کو اکھیڑ کر سپر (ڈھال) بنائی۔ (جذب القلوب مترجم ص ۸۷)

۲-دوسرے تمام دروازے سوائے دروازہ علی سلام اللہ علیہ کے بند کر دیئے۔

(جذب القلوب، ص ۱۱۴)

۳-سیّد کے ذکر سے اس روایت میں اتنی وضاحت ہوگئی ہے کہ علی سلام اللہ علیہ کا واقعہ پہلے کا ہے۔ (ایضاً ص ۱۱۵)

۴-فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کا مکان بھی اسی جگہ تھا۔

(جذب القلوب ص ۱۱۰ مطبوعہ مدینہ پبلشنگ بندر روڈ کراچی)

۵-حضرت فاطمہ، علی، حسن اور حسین سلام اللہ علیہم السلام۔ (ایضاً ص ۱۱۱)

۶-امیر المومنین علی سلام اللہ علیہ سے روایت ہے کہ۔

ایک دن آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے یہاں تشریف لائے، میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے کھانا تیار کرایا۔ اُمّ ایمن نے میرے واسطے دودھ بھیجا تھا۔ میں نے وہ بھی کھانے کے ساتھ حاضر کیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کھانا تناول فرمایا اور دودھ پیا اس کے بعد میں نے ہاتھ دھلائے جب ہاتھ دھوئے تب آپ نے

Marfat.com

دست مبارک اپنے روئے انور اور ریش مبارک پر پھیر کے دعا کی اور سجدہ میں جا کر آنسوؤں سے رونے لگے۔ کسی کو بوجہ ہیبت مجال نہ تھی جو رونے کا سبب دریافت کرتا۔ اسی اثناء میں سلام اللہ علیہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پشت مبارک پر چڑھ کر بیٹھ گئے اور رونے لگے۔ آنسرور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنا رونا بھول گئے اور نواسے کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا۔

بِاَبِیْ وَاَنْتَ اُمِّیْ یَا حُسَیْنَ ۔

''میرے ماں باپ تم پر قربان ہو جائیں اے حسین۔''

کیوں روتے ہو؟ حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہنے لگے کہ اے پدر بزرگوار میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس حالت میں کبھی نہیں دیکھا۔ جس طرح آج دیکھ رہا ہوں۔ بتائیے کیا حال ہے؟

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے بیٹے! آج مجھ کو تمہارے جمال مسرت مآل کے دیکھنے سے ایسا سرور اور خوشی حاصل ہوئی کہ اس سے پہلے کبھی نہ ہوئی تھی لیکن جبریل علیہ السلام دربار خداوندی سے آئے اور مجھے خبر دی کہ تمہاری امت کے بعض لوگ حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بحالت غربت ہلاک کر ڈالیں گے۔ میں سجدے میں گر کر دعا کرنے لگا کہ اگر دنیا کے محن و مصائب تمہارے سر پر آئیں لیکن تمہاری آخرت اچھی ہو جائے۔ (جذب القلوب الی دیار المحبوب مترجم ص ۱۱۱ تا ۱۱۲ مدینہ پبلشنگ کمپنی کراچی)

۷۔ حضرت محقق شاہ شاہ عبدالحق محدث دہلوی قدس سرہ العزیز لکھتے ہیں کہ حضرت امام جعفر صادق سلام اللہ علیہ اپنے آبائے کرام کی سند سے بیان کرتے ہیں۔ (ایضاً ص ۱۵۲)

۸۔ امام جعفر صادق سلام اللہ علیہ وعلیٰ آبایہ الکرام سے روایت ہے کہ

Marfat.com

حضرت فاطمہ زہراء سلام اللہ علیہا کو ان کے حجرے میں ہی دفن کیا گیا۔ (ایضاً ۱۸۲)

۹- ابن عبدالبر نے امام حسن علیہ السلام کی وفات کے متعلق جو خبر نقل کی ہے۔

(جذب القلوب ایضاً ص ۱۸۵)

۱۰- حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی لکھتے ہیں۔ یزید بن معاویہ نے سر مبارک حضرت امام المومنین حسین بن علی مرتضیٰ سلام اللہ علیہ کا عمرو بن العاص کے پاس جو اس (یزید) بد بخت کی جانب سے مدینہ منورہ کا حاکم تھا۔ (ایضاً ص ۱۸۶)

۱۱- قبہ سیّدنا اسمٰعیل بن امام جعفر صادق سلام اللہ علیہا۔ یہ قبہ مغربی جانب سیّدنا عباس کے قبہ کے مقابل ہے۔ (ایضاً ص ۱۹۲)

۱۲- ابو جعفر محمد باقر سلام اللہ علیہ روایت کرتے ہیں کہ فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا حمزہ (عم رسول) کی قبر پر زیارت کے لیے آتی تھیں اور (قبر کی) مرمت بھی کرتی تھیں۔

۱۳- حاکم، امیر المومنین علی سلام اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ہر جمعہ کو حمزہ کی قبر پر جاتی تھیں اور نماز ادا کرتی تھیں اور روتی تھیں۔

(ایضاً ص ۱۹۳)

''خیال رہے کہ جذب القلوب فارسی زبان میں ہے۔ جو شیخ محقق عبدالحق محدث دہلوی کی تصنیف ہے۔ اس کا ترجمہ حضرت سیّد حکیم عرفان علی نے کیا ہے۔ انہوں نے نہایت دیانت سے جہاں ''رضی اللہ عنہ'' لکھا تھا آپ نے اسی طرح لکھا اور جہاں ''علیہ السلام'' یا ''سلام اللہ علیہ'' تھا اس مقام پر اسی طرح لکھ کر علمی دیانت کا ثبوت دیا۔

مانعین علیہ السلام کی بد دیانتی میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھی ہے۔

۱۴- غزالی زمان تفسیر عرائس البیان (عارف باللہ ابو محمد صدر الدین روزبہان بقلی

Marfat.com

متوفی ۶۰۶ھ کے صفحہ نمبر ۵۱۰ کے حوالے سے لکھتے ہیں۔

وَعَنْ عَلِیِّ ابْنِ مُوْسَی الرَّضَا عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَعْفَرِ الصَّادِقْ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ ۔

۱۵- امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر کبیر جلد دوم کے حوالے سے لکھتے ہیں۔

هٰذِهِ الْاٰیَةُ دَالَةَ عَلٰی اَنَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَیْنَ عَلَیْهِمَا السَّلَامُ کَانَا اِبْنَیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ۔

۱۶- نیز تفسیر کبیر کی تیسری جلد کے حوالے سے رقم طراز ہیں:

لَایَجُوْزَ اِسْنَادُهٗ اِلٰی عَلِی عَلَیْهِ السَّلَامَ ۔

۱۷- اسی صفحہ پر تیسری سطر میں ہے۔

وَهُوَ اَنَّ اللَّائِقَ عَلِیِّ عَلَیْهِ السَّلَامِ ۔

۱۸- یہی امام رازی رحمۃ اللہ علیہ تفسیر کبیر کی جلد ہشتم ص ۳۲۲ پر فرماتے ہیں۔

هٰذَا الْاٰیَاتُ نَزَلَتْ فِیْ حَقِّ عَلِیِّ ابْنِ اَبِیْ طَالِبٍ عَلَیْهِ السَّلَام ۔

۱۹ - ایضاً سطر سوم فی کتاب البسیط ۔ اِنَّهَا نَزَلَتْ فِیْ حَقِّ عَلِیِّ عَلَیْهِ السَّلَام ۔

۲۰- ایضاً سطر چہارم ۔ اِنَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَیْنَ عَلَیْهِمَا السَّلَامَ مَرِضًا ۔

۲۱- ایضاً سطر ۲۲- اَخَذَ عَلِی عَلَیْهِ السَّلَامَ بِیَدِ الْحَسَنَ وَالْحُسَیْنَ ۔

۲۲- ایضاً سطر ۲۴- وَلَا یُنْکِرَ دَخُوْلُ عَلِیِّ ابْنِ اَبِیْ طَالِبٍ عَلَیْهِ السَّلَامِ فِیْهِ ۔

Marfat.com

۲۳-ایضاً سطر ۲۸، ۲۹-اَلَّذِیْنَ یَقُوْلُوْنَ هٰذِهِ الْاٰیَهُ مُخْتَصَّةٍ بِعَلِیّ عَلَیْهِ السَّلَام ۔

۲۴-تفسیر مظہری جلد ہفتم ص ۴۱۲ سطر ۶ پر حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

رَوَاهُ اَحْمَدُ عَنِ الْحَسَنِیْنِ ابْنِ عَلِیّ عَلَیْهِمَا السَّلَامِ ۔

۲۵-ایضاً سطر ۷-وَرَوَی الطَّبْرَانِیْ بِسُنَدِ حَسَنِ عَنِ الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیّ عَلَیْهِمَا السَّلَامُ ۔

۲۶-تحفہ اثناء عشری ـــــ فتاویٰ عزیزی ـــــ تفسیر فتح العزیز ـــــ تینوں کتابوں میں حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اہلِ بیت اطہار کے لیے بکثرت ''علیہ السلام'' استعمال فرمایا ہے۔

۲۷- ناظرین کرام بخوبی سمجھ سکتے ہیں کہ جلیل القدر علماء متعدمین و متاخرین اور اکابر اہلِ سنت وفقہائے میں ایسے محققین بکثرت ہوئے جن کے نزدیک اہلِ بیت اطہار و آئمہ کبار کے لیے مستقلاً ''علیہ السلام'' بولنا بلا کراہت جائز ہے۔ بالخصوص اصول شاشی کی عبارت۔

وَالسَّلَامُ عَلٰی اَبِیْ حَنِیْفَةَ وَاَحْبَابِهٖ ۔

سلام ہو ابوحنیفہ اور ان کے دوستوں پر۔

(اصول الشاشی، شیخ نظام الدین شاشی) ص ۷ مطبوعہ اسلامی کتب خانہ لاہور)

خیال رہے کہ اصول شاشی چھ سو سال سے دنیائے اسلام کے حنفی مدارس میں پڑھائی جا رہی ہے۔ مسلک مجوزین (جائز سمجھنے والے) کی حقانیت کی ایسی روشن دلیل

Marfat.com

عنوان	صفحہ
سیّدنا علی علیہ السلام ازروئے قرآن	۱۲۹
آیت نمبر۱	۱۳۱
آیت نمبر۲	۱۳۲
آیت نمبر۳	۱۳۵
شانِ نزول	۱۳۷
آیت نمبر۴	۱۳۸
آیت نمبر۵	۱۳۸
آیت نمبر۶	۱۴۰
آیت نمبر۷	۱۴۲
آیت نمبر۸	۱۴۳
شانِ نزول	۱۴۴
آیت نمبر۹	۱۴۵
آیت نمبر۱۰	۱۴۶
آیت نمبر۱۱	۱۴۸
آیت نمبر۱۲	۱۴۹
آیت نمبر۱۳	۱۴۹
آیت نمبر۱۴	۱۵۰
آیت نمبر۱۵	۱۵۱
آیت نمبر۱۶	۱۵۲
آیت نمبر۱۷	۱۵۳
آیت نمبر۱۸	۱۵۳
آیت نمبر۱۹	۱۵۵
شانِ نزول	۱۵۶
لفظ شیطان	۱۵۸
شیطان کسے کہتے ہیں؟	۱۵۸
قرآن کی گواہی	۱۵۸
حدیث کی گواہی	۱۵۹
آیت نمبر۲۰	۱۶۰
آیات نمبر۲۱-۲۲-۲۳-۲۴	۱۶۱
شانِ نزول	۱۶۲
آیت نمبر۲۵-۲۶	۱۶۵
اس انگوٹھی کی قیمت	۱۶۷
امام خازن فرماتے ہیں	۱۶۹
امام نسفی رحمۃ اللہ علیہ	۱۷۰
امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ	۱۷۱
امام طبرانی	۱۷۲
امام آلوسی بغدادی	۱۷۸
احادیث کے درمیان تطبیق	۱۸۰
علامہ زمخشری	۱۸۱
آیت نمبر۲۷	۱۸۳
آیت نمبر۲۸	۱۸۴
شَجَرَۃٌ	۱۸۴
قَلَمٌ	۱۸۴
اِقْلِیْم	۱۸۵
وَالْبَحْر	۱۸۵
کلمات کی دو قسمیں	۱۸۶
فرمان ابنِ عباس: اگر تمام درخت قلمیں بن جائیں	۱۸۸
آیت نمبر۲۹	۱۸۹
اس آیت پر صرف مولا علی نے عمل کیا	۱۸۹
آیت نمبر۳۰	۱۹۲
مولا علی ازروئے حدیث شریف	۱۹۵

Marfat.com

ہے جس سے انصاف پسند حضرات کے لیے تردد کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہتی۔

کسے خبر تھی کہ لے کر چراغ مصطفوی
جہاں میں آگ لگاتی پھرے گی بولہبی

تیسرا اعتراض

رسل وانبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے الفاظ تعظیماً استعمال کیے جاتے ہیں۔ اگر ان کے غیر کے لیے بھی مستقلاً استعمال کیے جائیں تو غیر نبی کی تعظیم ـــــ تعظیم نبی کی مثل ہو جائے گی۔

اس اعتراض کا جواب دیتے ہوئے غزالی زماں فرماتے ہیں کہ ـــــ مانعین (منع کرنے والے) حضرات کا یہ فرمانا کہ صلوٰۃ وسلام کے الفاظ مستقلاً انبیاء، ملائکہ علیہم الصلوٰۃ و السلام کے لیے تعظیماً استعمال کیے جاتے ہیں۔ اس لیے ان ہی کے ساتھ خاص رہیں گے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ ضروری نہیں کہ جو لفظ بھی تعظیم انبیاء علیہم السلام کے لیے استعمال کیا جائے وہ اس کے ساتھ خاص ہو، دیکھئے ''سیّدنا ومولانا'' انبیاء کے لیے تعظیماً استعمال کئے جاتے ہیں لیکن انبیاء علیہم السلام کے ساتھ صحابہ کرام، تابعین ودیگر بزرگان دین کے لیے بھی سیّدنا ومولانا بکثرت بولا جاتا ہے۔

چوتھا اعتراض

غیر انبیاء اور ملائکہ علیہم السلام کے لیے صلوٰۃ وسلام یا تنہا ''سلام'' کے الفاظ استعمال کرنا روافض اور اہلِ بدعت کا شعار ہے، اس لیے یہ استعمال ناجائز ہوگا۔

جواب

روافض کا شعار صرف ''علیہ السلام'' نہیں بلکہ ''علیہ الصلوٰۃ والسلام'' ہے کیونکہ علیہ

Marfat.com

السلام کے ثبوت میں جلیل القدر علمائے اہلسنّت کی عبارات کثیر ہم ابھی نقل کر چکے ہیں۔ علاوہ ازیں یہ کہ اہلِ بدعت کا شعار اہلِ سنت کے لیے اسی وقت مکروہ وممنوع قرار پائے گا جبکہ وہ کسی امر میں ہو۔ جیسے کہ نوحہ گری اور سینہ کوبی، زنجیر زنی وغیرہ یا ان کے ساتھ تشبہ کا قصد کیا جائے۔ الحمدللہ! یہاں دونوں میں سے ایک بات بھی نہیں پائی جاتی۔ ''علیہ السلام'' کہنا نہ مذموم ہے اور نہ کہنے والا تشبہ کا قصد کرتا ہے لہٰذا علت منع نہ پائی گئی جب علت ہی نہیں تو حکم کراہت ومنع کا مدار کس چیز پر ہوگا؟

غزالی زماں رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جس کا خلاصہ یہ ہے کہ مانعین حضرت اسی تشبہ کی وجہ سے عشرہ محرم میں ذکر شہادت امام حسن وحسین علیہما السلام کے لیے ایصال ثواب وغیرہ امور مستحسنہ کو بھی ناجائز وممنوع قرار دیں۔ اس لیے کہ یہ سب کام بقول مانعین روافض کا شعار ہیں اور ان کا تشبہ ممنوع ہے۔ فرماتے ہیں۔ حسنین علیہما السلام کے نام کے ساتھ لفظ امام لکھنے کو بھی ناجائز کہیں کیونکہ روافض کے مذہب میں امامت کا عقیدہ بھی ضروریات دین سے ہے جب کہ ہمارے ہاں ایسا نہیں ہے۔

امام بریلوی

الشاہ احمد رضا خاں فاضل بریلوی قدس سرہ العزیز نے بالاستقلال سلام بھیجا ہے نمونے کے طور پر صرف شعر ہدیہ ناظرین ہیں۔

اس بتول جگر پارہ مصطفٰے ﷺ ! حجلہ آرائے عفت پہ لاکھوں سلام
جس کا آنچل نہ دیکھا مہ ومہر نے اس ردائے نزاہت پہ لاکھوں سلام
سیّدہ زاہرہ طیبہ طاہرہ جان احمد کی راحت پہ لاکھوں سلام
حسن مجتبٰی، سیّد الاسخیاء راکب دوش عزت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

اس شہید کربلا، شاہ گلگوں قبا — بے کس دشت غربت پہ لاکھوں سلام
بنت صدیق آرام جان نبی ﷺ — اس حریم برأت پہ لاکھوں سلام
شافعی، مالک، احمد امام حنین — چار باغ امامت پہ لاکھوں سلام
جس کی منبر ہوئی گردن اولیاء — اس قدم کی کرامت پہ لاکھوں سلام
شاہ برکات و برکات پیشینیاں — نو بہار طریقت پہ لاکھوں سلام
بے عذاب وعتاب وحساب وکتاب — تا ابد اہلِ سنت پہ لاکھوں سلام

میرے استاد، ماں باپ، بھائی بہن
اہلِ ولد و عشیرت پہ لاکھوں سلام

اس مقام پر یہ کہنا انتہائی مضحکہ خیز ہوگا کہ یہ سلام بالتبع ہے بالاستقلال نہیں۔ کیونکہ بالتبع سلام وہ ہوتا ہے جو تابعین کے لیے مستقلاً نہ لایا جائے بلکہ مسلم علیہ متبوع پر تابعین کا عطف کر دیا جائے۔ جیسے "**سلام اللہ علیٰ نبینا و آلہٖ اجمعین**" کہ یہاں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر بالتبع سلام ہے۔

علامہ کاظمی قدس سرہ العزیز حرف آخر کے عنوان کے تحت ارقام فرماتے ہیں کہ اہلِ بیتِ رسول۔ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حق میں "علیہ السلام" کو خلاف اولیٰ قرار دینے والے حضرات کی خدمت میں مؤدبانہ گزارش ہے کہ اگر آپ حضرات بعض علماء کے قول پر اعتماد کرنے کی وجہ سے اہلِ بیت اطہار کے لیے مستقلاً "علیہ السلام" کہہ کر خلاف اولیٰ کا ارتکاب اپنی پرہیز گاری اور پاک دامنی کے منافی سمجھتے ہیں۔ تو از راہ کرم غیر صحابہ علیہم الرضوان کے لیے "رضی اللہ عنہ" کہہ کر بھی ترک مستحب کے دھبہ سے اپنے دامن اتقاء کو داغدار نہ کیجئے۔ ماخوذ از رسالہ (اہلِ بیت اطہار پر مستقلاً سلام کا جواز) از امام اہلسنت علامہ سید احمد سعید کاظمی قدس سرہ العزیز۔

Marfat.com

غزالی زماں کے تحقیقی مقالہ سے چیدہ چیدہ الفاظ و بیان اور تحریر کا کچھ حصہ پیش کیا۔
اب اپنی طرف سے مزید دلائل وحوالہ جات ہدیہ ناظرین کرتا ہوں۔

پرتو دست قدرت پہ لاکھوں سلام

راقم الحروف اس مقام پر غیروں کی بدعقیدگی کو صرف نظر کرتے ہوئے اپنی جماعت کے بگڑے ہوئے چند نام نہاد علماء کو دلائل کی روشنی میں سمجھانے کی کوشش کروں گا جنہوں نے اس مسئلہ پر اودھم مچار کھا ہے۔ شاید طاغوت نے ان کے کانوں میں پھونک دیا ہے کہ اہلِ بیتِ رسول پر تنقید کرنے سے سستی شہرت ملتی ہے اور مال ہاتھ لگتا ہے۔ مال کے پجاریوں کی یہ بات اور سوچ کسی حد تک ٹھیک بھی ہے کہ ماضی میں ایسا ہوتا رہا ہے۔ یزیدی اور مروانی دور میں علی پر سب کرنے والے علماء کو مال ومتاع سے نوازا جاتا رہا ہے۔ ان عقل کے اندھوں کو یہ تک نہیں معلوم کہ ایسا کرنے والوں اور کروانے والوں کی پیچھے سے ڈور کون ہلا رہا ہے اور اس کا سیاسی پسِ منظر کیا ہے اور ان کو یہ بھی پتہ نہیں کہ ان کے رویہ سے کتنے لوگ صحابہ کبار رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے متعلق تزلزل کا شکار ہوتے جا رہے ہیں۔

ایک خفیہ اور نہایت خطرناک سازش کے تحت کتب احادیث اور محدثین پر سے اعتماد ویقین کی خوشبو کو بساند میں تبدیل کرنے کی ناکام کوششیں جاری ہیں۔ اس پر کئی کتابیں لکھی گئیں بالخصوص اہلِ بیت کی شان وعظمت میں وارد احادیث پر نکتہ چینی تو آج کل رواج بن گیا ہے۔ خارجیوں نے بخاری شریف کی ایک روایت کو لے کر آخری حد تک شور مچار کھا ہے۔ حضرت سیّدنا مولا علی کرم اللہ وجہہ کے خلاف زبان دراز کرتے ہیں۔

وکان ابن سیرین یریٰ عامة مایرویٰ عن علی الکذب ۔

اور ابن سیرین کی رائے یہ ہے کہ عام طور پر جو روایات علی علیہ السلام سے

Marfat.com

مروی ہیں وہ اکثر جھوٹی ہیں۔

(بخاری ج اول ص ۵۲۶ مطبوعہ قدمی کتب خانہ کراچی۔ بخاری شریف ص ۶۷۷ حدیث نمبر ۳۷۰۷ مطبوعہ دارلکتب العلمیہ بیروت لبنان)

اس روایت پر صرف اتنا ہی کہا جا سکتا ہے کہ اس سے مراد وہ روایات ہیں جو شیخین کے بارے میں روافض کی طرف سے بیان کی جاتی ہیں چونکہ خوارج ونواصب مولا علی کے دشمن ہیں اس لیے وہ ایسے امور پر شور مچاتے رہتے ہیں۔ بات دور نکل گئی، بات ہو رہی تھی اہلِ بیت اطہار پر بالاستقلال سلام پیش کرنے کی۔ کچھ نادان دوست اس بات کو تسلیم کرنے کے لیے تیار نہیں کہ اہلِ بیت پر ''علیہ السلام'' کا لفظ بولا جائے۔ ان کو اس لفظ کی بہت تکلیف ہے۔ پہلے بیان ہو چکا ہے کہ ''رضی اللہ عنہ'' بھی جائز ہے اور ''علیہ السلام'' بھی جائز ہے مکروہ نہیں۔ اب آیئے دلائل کی طرف۔ پہلے اللہ کریم کا قرآن مجید۔

تفسیر ابنِ عباس

اہلِ بیت کی شان میں آیت نمبر ۵ کی طرف آتے ہیں اور اس پر مزید کتب تفسیر کے حوالہ جات پیش کرتے ہیں۔

سَلَامٌ عَلٰی اِلْ یَاسِیْنَ ۔

''سلام ہو الیاسین پر۔''

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے مندرجہ بالا آیت کے تحت لکھا ہے۔

(عَلٰی آلِ یَاسِیْنِ)

عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ ۔

(اس آیت سے مراد) علی آلِ یاسین، آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔

(تفسیر ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما ص ۴۷۵ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت سن اشاعت ۲۰۰۸ء)

Marfat.com

تفسیر قرطبی

جناب ابوعبداللہ محمد بن احمد انصاری قرطبی رحمۃ اللہ علیہ اس آیت کی تفسیر بیان فرماتے ہیں۔

سَلَامٌ عَلٰی آلِ یَاسِیْنَ ـــــ اَیْ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ ۔

''سلام ہو آلِ یاسین پر یعنی آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر۔''

مولا علی سے روایت فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں:

اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی اَسْمَانِیْ فِی الْقُرْآنِ سَبْعَۃَ اَسْمَاءِ مُحَمَّدٍ وَّ اَحْمَدُ وَطٰہٰ وَ یٰسٓ وَالْمُزَّمِّلُ وَالْمُدَّثِّرُ وَعَبْدُ اللّٰہِ ۔

''بے شک اللہ تعالیٰ جل جلالہ نے قرآن مجید میں مجھے سات ناموں سے پکارا ہے محمد، احمد، طٰہٰ، یٰس، مزمل، مدثر، عبداللہ۔''

(تفسیر قرطبی ج ۱۵ ص ۴، ۵ مطبوعہ دار احیاء التراث عربی بیروت لبنان)

تفسیر طبرانی

امام حافظ ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۲۶۰ھ ارقام فرماتے ہیں۔

سَلَامٌ عَلٰی اِلْ یَاسِیْنَ ۔

''سلام ہو الیاسین پر۔''

اَیْ سَلَامٌ عَلٰی اَھْلِ کَلَامِ اللّٰہِ وَآلِ مُحَمَّدٍ ۔

''یعنی سلام ہو اہلِ کلام اللہ پر اور آلِ محمد پر۔''

(تفسیر الکبیر امام الطبرانی ج ۳۲۱۵ مطبوعہ دار الکتاب الثقافی اردن سن اشاعت ۲۰۰۸ء)

Marfat.com

تفسیر روح المعانی

حضرت امام مفتی سیّد شہاب الدین محمود آلوسی بغدادی رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۱۲۷۰ھ رقم طراز ہیں:

يَاسِيْنَ فِيْهَا اِسْمَ لِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔ فَآلَ يَاسِيْنَ آلِهٖ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ ۔

ابن ابی حاتم، طبرانی، ابن مردویہ نے ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا۔

اِنَّهٗ قَالَ فِیْ (سَلَامٌ عَلٰی آلِ يَاسِيْنَ) نَحْنُ آلِ مُحَمَّدٍ، آلِ يَاسِيْنَ ۔ (روح المعانی ج ۱۲ پارہ ۲۳ ص ۱۴۲ مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان پاکستان)

قاضی بغداد علامہ سیّد محمود آلوسی قدس سرہ العزیز نے فرمایا ہے آلِ یاسین، آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔ امام آلوسی کی ایک عبارت پر چیخنے والے مطالعہ کی عادت ڈالیں۔ امام آلوسی کی عقیدتوں سے وہ لوگ کیا سمجھیں جو خرافات کی دنیا کے ساکنان ہیں۔

حافظ شیرازی رحمۃ اللہ علیہ نے غالباً ایسے ہی لوگوں کے لیے کہا ہے۔

حرام زادہ بدفعل و شوم و بے بنیاد
برمدح شاہ جہاں کے کجا کند اقرار
متابقت بمنافق چومی کنی بگذر
زیادہ گفتن نامش ہزار استغفار

''بدکار، منحوس اور حرامی، بدذات کب اور کہاں جہاں کے بادشاہ (علی) کی تعریف کا اقرار کرتا ہے؟ اگر تو منافق کی پیروی کرتا ہے تو اسے چھوڑ دے اس کا نام فضول لینے سے ہزار بار توبہ۔''

(دیوان حافظ مترجم ص ۴۶۱ مطبوعہ شیخ غلام علی اینڈ سنز کراچی)

Marfat.com

تفسیر روح البیان

امام اسمٰعیل حقی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر میں لفظ ''یاسین'' سے متعلق خامہ فرسا ہیں۔

عَنِ ابْنُ الْحَنَفِيَّةِ مَعْنَاهُ يَا مُحَمَّدٍ دَلِيْلِهِ قَوْله بَعْدَ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ وَفِى الْحَدِيْدِ، اِنَّ اللّٰهَ سَمَانِىْ بِسَبْعَةَ اَسْمَاءِ مُحَمَّدٍ وَّاَحْمَدُ وَ طٰهٰ وَ يٰسٓ وَالْمُزَّمِّلُ وَالْمُدَثِّرُ وَعَبْدُاللّٰهِ . وَ يُؤَيِّدُهٗ اَنَّهٗ يُقَالُ لِاَهْلِ الْبَيْتِ آلِ يٰسٓ كَمَا قِيْلَ ؎

سَلَامٌ عَلٰى آلِ طٰهٰ وَ يٰسٓ

وَسَلَامٌ عَلٰى آلِ خَيْرِ النَّبِيِّيْنَ

ابن حنفیہ سے مروی ہے آپ نے فرمایا کہ اس کا معنٰی ہے یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جیسا کہ اس کا مابعد اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۔اس کا مؤید یعنی تائید کرنے والا ہے۔ (حدیث میں ہے) اللہ تعالیٰ نے ''قرآن میں'' میرے سات نام رکھے ہیں۔محمد، احمد، طٰہٰ ،یٰس ،مزمل، مدثر، عبداللہ۔''اس کی تفسیر میں'' تائید یوں بھی ہے کہ اہلِ بیت کو آلِ یٰس سے یاد کرتے ہیں۔چنانچہ ایک شعر میں ہے:

سَلَامٌ عَلٰى آلِ طٰهٰ و يٰس وَسَلَامٌ عَلٰى آلِ خَيْرُ النَّبِيِّيْنَ

''سلام ہو آلِ طٰہٰ ویٰس پر اور خیر الانبیاء کی آل پر۔''

لِلّٰهِ دَرُّكُمُوْ يَا آلِ يَاسِيْنَا .

''تم پر اللہ کا انعام ہو اے آلِ یاسین۔''

(تفسیر روح البیان ج ۷، ص ۳۶۴ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان)

تفسیر خازن

حضرت علامہ علاء الدین علی بن محمد بن ابراہیم بغدادی الشہیر بالخازن متوفی ۷۲۵ھ

Marfat.com

اپنی تفسیر میں اسی آیت کے تحت لکھتے ہیں۔

سَلَامٌ عَلٰی اِلْ یَاسِیْنَ ۔ قُرِئَ آلُ یَاسِیْنَ بِالْقَطْعِ قِیْلَ اَرَادَ آلُ مُحَمَّدٍ ۔

سَلَامٌ عَلٰی اِلْ یَاسِیْنَ ۔ اس کی ایک قرأت آلِ یاسین (ھمزہ) کو گرانے کے ساتھ ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے اس سے مراد آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

(تفسیر الخازن ج ۴، ص ۲۷ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت اشاعت ۲۰۰۴ء)

تفسیر ابن جریر

امام کبیر، محدث شہیر حضرت ابو جعفر محمد بن جریر طبری رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۳۱۰ھ اسی آیت کے ضمن میں ارقام فرماتے ہیں۔

سَلَامٌ عَلٰی اِلْ یَاسِیْنَ ۔ بِمَعْنِیْ ۔ سَلَامٌ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ ۔

''سلام ہو الیاسین پر یعنی سلام ہو آلِ محمد پر۔''

جامع البیان فی تفسیر القرآن (تفسیر ابن جریر طبری) ج ۲۳ ص ۶۱ مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت، لبنان (عباس احمد باز مکہ مکرمہ)

تفسیر در منثور

امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۹۱۱ھ اپنی تفسیر ''الدر المنثور فی تفسیر الماثور'' میں رقم طراز ہیں کہ امام ابن ابی حاتم، امام طبرانی، امام ابن مردویہ رحمہم اللہ تعالیٰ نے حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے اس قول کے بارے میں فرماتے ہیں۔

سَلَامٌ عَلٰی اِلْ یَاسِیْنَ ۔ نَحْنُ آلِ مُحَمَّدٍ (آلِ یَاسِیْنَ)

''سلام ہو الیاسین پر۔ ہم آلِ محمد ہی آلِ یاسین ہیں''

(ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے الیاسین کو آلِ محمد قرار دیا)

(تفسیر در منثور ج ۵، ص ۵۳۹ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، لبنان)

Marfat.com

تفسیر ابن کثیر

جناب حافظ ابوالفداء عماد الدین اسمٰعیل بن کثیر القرشی الدمشقی اپنی تفسیر میں اسی آیت کے تحت رقم طراز ہیں۔

(سَلَامٌ عَلٰی اِلْ یَاسِیْنَ) یَعْنِیْ آلِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ۔

''سَلَامٌ عَلٰی اِلْ یَاسِیْنَ پر یعنی اس سے مراد آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔''

(تفسیر ابن کثیر ج ۴، ص ۲۰ مطبوعہ امجد اکیڈمی اردو بازار لاہور ۱۹۸۲ء)

تفسیر فتح البیان

مسلک اہلِ حدیث وغیر مقلدین کے امام و پیشوا جناب ابوالطیب علامہ صدیق بن حسن بن علی حسینی، قنوجی، بخاری المعروف نواب صدیق الحسن بھوپالی متوفی ۱۳۰۷ھ اپنی تفسیر فتح البیان فی معاصد القرآن میں رقم طراز ہیں کہ حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ہے۔ ''یٰس'' محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ناموں میں سے ایک نام ہے۔ (سورۃ الصافات کی آیت ۱۳۰)

سَلَامٌ عَلٰی اِلْ یَاسِیْنَ ۔ اَیْ آلِ مُحَمَّدٍ (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ)

''سَلَامٌ عَلٰی اِلْ یَاسِیْنَ پر یعنی آلِ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر یہاں پر بطور دلیل کسی شاعر کا شعر لکھتے ہیں، فرماتے ہیں۔

و منه قول الشاعر

یَا نَفْسُ لَا تَمْحَضِیْ بِالنُّصْحِ جَاهِدَةً
عَلَی الْمَوَدَّةِ اِلَّا اَلِ یَاسِیْنَا

Marfat.com

''اے نفس! تو کسی سے محبت کرنے پر خالص خیر خواہی و نصیحت کی جدوجہد نہ کر، اگر (خیر خواہی کی کوشش کرنی ہے) تو آلِ یاسین سے کر۔''

(فتح البیان ج ۵، ص ۴۲۸ مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت سن اشاعت ۲۰۰۸ء) فتح البیان ایضاً)

نواب صاحب کلبی کے حوالے سے لکھتے ہیں۔

اَلْمُرَادُ بِآلِ یَاسِیْنَ، آلِ مُحَمَّد

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ ۔

''آلِ یاسین سے مراد آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔''

سلسلہ کلام کو جاری رکھتے ہوئے لکھتے ہیں۔

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: نَحْنُ آلِ مُحَمَّدٍ آلِ یَاسِیْنَ ۔

''حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں، ہم آلِ محمد، آلِ یاسین ہیں۔''

(فتح البیان ج ۵، ص ۴۹۷ مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت اشاعت ۲۰۰۸ء)

تفسیر تبیان القرآن

شیخ الحدیث مفسر قرآن حضرت علامہ غلام رسول سعیدی اپنی تفسیر تبیان القرآن میں ارقام فرماتے ہیں کہ اس آیت میں یاسین سے مراد سیّدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم ہے اور آلِ یاسین سے مراد سیّدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل ہے۔ امام ابن ابی حاتم، امام ابن مردویہ اور امام طبرانی نے ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے ''سَلَامٌ عَلٰی اِلْیَاسِیْنَ'' کی تفسیر میں کہا ہے۔ ہم آلِ محمد، آلِ یاسین ہیں۔

(تفسیر تبیان القرآن ج ۹، ص ۹۵۳ مطبوعہ فرید بک سٹال لاہور اشاعت ۲۰۰۶ء)

تفسیر رفاعی

حضرت علامہ پیر سیّد محمد رفاعی عرب رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر میں تحریر فرماتے ہیں

Marfat.com

"سَلَامٌ عَلٰی اِلْیَاسِیْنَ" سلام ہوالیاسین پر ـــــ کے ضمن میں فرماتے ہیں کہ حضرت ابنِ عباس سے منقول ہے "آلِ یَاسِیْنَ" آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور یاسین آنحضرت صلعم کے اسماء میں سے ایک اسم ہے۔

(تفسیر رفاعی حاشیہ ص ۵۵۷ مطبوعہ دینی کتب خانہ اردو بازار لاہور)

کیوں جناب خوردہ شید! کوئی بات عقل نارسا میں جگہ پاسکی یا نہیں؟ اللہ تعالیٰ نے آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سلام بھیجا ہے۔ آپ کو کوئی اعتراض تو نہیں۔ آپ نے ایک دن چیختے ہوئے فرمایا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے سلام بھیجا ہے۔ مخلوق میں سے کسی نے نہیں بھیجا اور ساری امت ایک طرف ہے اور اکیلے علامہ کاظمی رحمۃ اللہ علیہ ایک طرف ہیں۔ آپ اپنی اس چنگھاڑ کا جواب دیکھیں گے تو مبہوت ہو جائیں گے اور اپنی آنے والی نسلوں کو سبق دے جائیں گے کہ کسی فقیر قمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ علی علیہ السلام سے نہ الجھنا۔

بہر حال حضرت! آپ سے نہ کوئی گلہ ہے، نہ کوئی شکوہ ہے، نہ کوئی شکایت، وہ اس لیے کہ

آگ سے خیمہ زینب کو جلانا یاد ہے
ابن اشعث یاد ہے، شمر زمانہ یاد ہے
یاد ہیں مجھ کو سکینہ طاہرہ کی بالیاں
گردن اصغر علیہ السلام پہ حرمل کا نشانہ یاد ہے

گزشتہ دنوں ایک مولوی نما جانور کے بھدے انداز گفتگو کو دیکھتے ہوئے کچھ کہنے کو جی چاہا جو اشعار کی صورت اختیار کر گیا۔ چلو! یہ اشعار ان حضرت کی نذر کرتے ہیں۔ میرا روئے سخن جن کی طرف ہے۔

گستاخ، نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عترت کا، حیدر علیہ السلام کی ولایت کیا

Marfat.com

جانے

دنیا کا گدا، دردر کا گدا، زہرا علیہا السلام کی سخاوت کیا جانے
بے اصل بھی ہے، اور سنگ دل بھی، جو آلِ نبی کا دشمن ہے
وہ راز عقیدت کیا سمجھے، وہ رنگ مَوَدّت کیا جانے
استاد کا جانی دشمن ہے۔ باغی بھی ہے اپنے مرشد کا
وہ اصل حقیقت، رسم وفا مردود طریقت کیا جانے
رہتا ہے جو ریگستانوں میں، کھاتا ہے تھپیڑے صرصر کے
وہ باغ میں نغمے بلبل کے، وہ خضر کی خضرت کیا جانے

آیت نمبر ٦ - سلام ہو ہدایت پیروی کرنے والے پر

ارشاد خداوندی ہے:

وَالسَّلَامٌ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی ۔

''سلام ہے اس پر جس نے ہدایت کی پیروی کی۔'' (پارہ ١٦ سورۂ طٰہٰ آیت نمبر ٤٧)

حضرت شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ محدث دہلوی فرماتے ہیں کہ اس آیت میں انبیاء کی تخصیص نہیں ہے۔ (فتویٰ عزیزی ص ٢٦١)

١- تفسیر مظہری

برصغیر کے مشہور مفسر علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ نے اس آیت کو جملہ معترضہ قرار دیتے ہوئے فرمایا:

اَیْ سَلَامِیْ وَ سَلَامُ الْمَلَائِکَهِ وَ خَزَنَةِ الْجَنَّةِ عَلَی الْمُهْتَدِیْنَ اَوِ السَّلَامَةُ فِی الدَّارَیْنِ لَهُمْ مِنَ النَّقَمَةِ فِی الدُّنْیَا وَالْعَذَابِ فِی

Marfat.com

الْآخِرَةِ ۔

یعنی (اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں) سلام ہو میرا اور فرشتوں کا اور ہدایت کی پیروی کرنے والوں کے لیے جنت کے خزانے ہیں۔ اس کو دونوں جہاں میں سلام ہے۔ اس کے لیے دنیا میں پکڑ اور آخرت میں عذاب فرمانے سے سلامتی ہے۔

آیت نمبر ۷- اللہ پاک کا فرمان ہے

تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ۔ سَلَامٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۔

ترجمہ: (لیلۃ القدر) میں اترتے ہیں فرشتے اور روح القدس (جبریل) اپنے ربّ کے حکم سے ہر حکم بجالانے وہ سلامتی ہے اور وہ طلوع فجر تک ہوتی ہے۔ (پارہ ۳۰ سورۂ قدر آیت نمبر ۴، ۵)

۲- تفسیر طبرانی

امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۳۶۰ھ اسی آیت کے ضمن میں ارشاد کناں ہیں۔

(مِنْ كُلِّ اَمْرٍ سَلَام) مَعْنَاهُ ۔ مِنْ كُلِّ مَلَكٍ سَلَامٌ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَ قِيْلَ عَلٰى هٰذَا الْقِرَأَةِ اَيْضًا اَنَّ (مِنْ) بِمَعْنٰى (عَلٰى) تَقْدِيْرَهُ عَلٰى كُلِّ اَمْرِئٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ سَلَامٌ مِنَ الْمَلَائِكَةِ ۔

۱- کیا فرماتے ہیں حضرت خوردہ شید کہ اہلِ بیتِ رسول اور آئمہ اہلِ بیت ہدایت کی پیروی کرنے والے ہیں یا نہیں۔ اگر جواب ہاں میں ہے تو ان پر سلام بھیجنا مکروہ کیوں ہے۔ کہیں ایسا تو نہیں کہ ایقان کی دنیا اجڑ گئی ہے۔

(تفسیر مظہری ج ۶ ص ۱۷ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت)

Marfat.com

(حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی قرأت میں) (مِنْ کُلِّ اَمْرٍ سَلَامٌ) اس کا معنٰی ہے مومنین پر ہر فرشتے کا اس رات (شب قدر) میں سلام ہے اور یہ بھی کہ اس قرأت پر بلاشبہ لفظ ''من'' لفظ ''علی'' کے معنٰی میں ہے۔ اس صورت میں اس کا معنٰی ہوگا کہ مسلمانوں میں سے ہر مرد پر ہر عورت پر فرشتوں کی طرف سے سلام ہو۔

(تفسیر طبرانی ج ۷، ص ۵۳۵ مطبوعہ دار الکتاب الثقافی اردن)

مندرجہ بالا آیت کی تفسیر کا مختصر مفہوم یہ بنتا ہے کہ شب قدر میں جبریل علیہ السلام سمیت تمام فرشتے طلوع فجر تک تمام ایمان والوں پر سلام کہتے ہیں سلامتی کی دعا کرتے ہیں۔ ہر مومن پر سلام ہے اہلِ بیت پر کیوں نہیں؟

۳۔ تفسیر ابنِ عباس

اسی آیت کے تحت حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں:

يُسَلِّمُوْنَ عَلٰى اَهْلِ الصَّوْمِ وَالصَّلَاةِ مِنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِلْكَ اللَّيْلَةِ۔

''فرشتے'' شب قدر میں امت رسول میں سے روزے داروں اور نمازیوں پر سلام بھیجتے ہیں۔

(تفسیر ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما ص ۶۵۴ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت سن اشاعت ۲۰۰۸ء)

میں پوچھتا ہوں، خوردہ شید کے تمام چھچھوروں سے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھر والوں میں سے کوئی بھی صوم وصلوٰۃ کا پابند نہیں تھا؟ یقیناً سب کے سب پابندے صوم وصلوٰۃ تھے، تقویٰ وطہارت کے اعلیٰ مقام پر فائز تھے تو پھر ان پر سلام بھیجنا مکروہ کیوں؟ ہم تو صرف شعر کی زبان میں منکرین سلام اہلِ بیت کو یہی مشورہ دیں گے کہ

Marfat.com

حق کے کلام پاک کی ترمیم چھوڑ دو
اب تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین کی تقسیم چھوڑ دو
جھکتے ہو خود تو ہر بت ظلم کے سامنے
کہتے ہو اہلِ بیت کی تعظیم چھوڑ دو
قرآن وحدیث کی رو سے یہ امر آشکار ہے کہ
رکھتا ہے دل میں بغض جو آلِ رسول سے
ایسے فقیہہ شہر کی تکریم چھوڑ دو
جو شہر و باب علم سے رکھتی ہے دور دور
اس درسگاہ کفر کی تعلیم چھوڑ دو

(خضر)

۴۔تفسیر فتح البیان

غیر مقلدوں کے امام و پیشوا علامہ سیّد صداق الحسن قنوجی بھوپالی (نواب آف بھوپال) اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ امام شعبی فرماتے ہیں۔لیلۃ القدر میں مغرب سے لے کر طلوع فجر تک فرشتے اہلِ مسجد (یعنی مسجد میں عبادت کرنے والوں) پر سلام بھیجتے ہیں اور ہر مسلمان پر گزرتے ہیں اور کہتے ہیں۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْمُؤْمِنِ ۔

''اے مومن! تجھ پر سلام ہو۔''

(تفسیر فتح البیان ج ۷،ص ۴۴۳ مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت ۲۰۰۸ء)

فرشتے ہر مومن پر سلام بھیجتے ہیں جس مولوی کی طرف میرا روئے سخن ہے وہ کہتا ہے

Marfat.com

یَعْسُوْبُ الْمُؤْمِنِیْنَ (مؤمنوں کے سردار) پر سلام نہ بھیجو!۔ مسلمانو! یاد رہے کہ یہی وہ نوائے ناخوش گوار ہے جس کو منافقت کی آواز کہتے ہیں۔

۵۔تفسیر نسفی

امام ابوالبرکات عبداللہ بن احمد بن محمود نسفی حنفی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر مدارک التنزیل میں اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے رقم طراز ہیں کہ وہ رات (لیلۃ القدر) سلامتی کی رات ہے۔اس لیے کہ (وہ تمام فرشتے) کثرت سے مسلمانوں کو سلام کرتے ہیں اور یہ بھی کہ۔

لَا یَلْقُوْنَ مُؤْمِنًا وَلَا مُؤْمِنَةً اِلَّا سَلَّمُوْا عَلَیْهِ فِیْ تِلْكَ اللَّیْلَةِ ۔

اس رات میں ''فرشتے'' جس مومن مرد اور مومنہ عورت سے ملتے ہیں تو اس کو سلام کرتے ہیں (اور یہ سلسلہ سلام فجر تک جاری رہتا ہے)

(تفسیر مدارک التنزیل ج ۳،ص ۱۲۷ مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت)

۶۔تفسیر صفوۃ التفاسیر

علامہ محمد علی صابونی اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں۔

اَیْ هِیَ سَلَامٌ مِنْ اَوَّلِ یَوْمَهَا اِلٰی طُلُوْعِ الْفَجْرِ تُسَلِّمُ فِیْهَا الْمَلَائِكَةُ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ ۔

یعنی یہ سلام رات کے اول ''حصہ'' سے طلوع فجر تک ہے کہ ''فرشتے'' اس رات کے اندر تمام مؤمنوں پر سلام کرتے ہیں۔

(صفوۃ التفاسیر ج ۳،ص ۵۸۵ مطبوعہ دار القرآن الکریم بیروت)

۷۔تفسیر روح البیان

حضرت امام اسمٰعیل حقی بن مصطفیٰ حنفی (متوفی ۱۱۲۷ھ) رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر روح

Marfat.com

البیان میں ارقام فرماتے ہیں:

وَقَالَ بَعْضُهُمْ لَيْلَةُ الْقَدْرِ مِنْ غُرُوْبِ الشَّمْسِ اِلٰى طُلُوْعِ الْفَجْرِ سَلَامٌ، اَیْ يُسَلِّمُ فِيْهَا الْمَلَائِكَةُ عَلَى الْمُطِيْعِيْنَ اِلٰى طُلُوْعِ الْفَجْرِ ثُمَّ يَصْعَدُوْنَ اِلَى السَّمَآءِ ۔

اور بعض ''مفسرین'' فرماتے ہیں کہ قدر والی رات سورج غروب ہونے سے فجر کے طلوع ہونے تک (اہلِ ایمان پر) سلام ہے۔ فرشتے اس رات اطاعت وفرماں برداری کرنے والوں پر طلوع فجر تک سلام بھیجتے ہیں۔ پھر آسمان کی طرف بلند ہو جاتے ہیں۔

(تفسیر روح البیان ج ۱۰، ص ۴۹۶ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت)

۸- روح البیان ایضاً

نیز فرماتے ہیں۔

يَنْزِلُ جِبْرَائِيْلُ لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِىْ كَبْكَبَةٍ مِنَ الْمَلَائِكَةِ اَیْ جَمَاعَةٍ مُتَضَامَةٍ يُّصَلُّوْنَ وَ يُسَلِّمُوْنَ عَلٰى كُلِّ عَبْدٍ قَائِمٍ اَوْ قَاعِدٍ بِذَكْرِ اللّٰهِ ۔

حضرت جبریل علیہ السلام شب قدر کو فرشتوں کی جماعت کے جلو میں تشریف لاتے ہیں یعنی ایسی جماعت جو ہر بندے پر جو کہ کھڑا ہو کر یا بیٹھ کر اللہ تعالیٰ کے ذکر میں مشغول ہو ''فرشتے اس پر'' صلوٰۃ وسلام بھیجتے ہیں۔

(روح البیان ایضاً)

۹- تفسیر درمنثور

امام جلال الدین سیوطی اپنی تفسیر ''الدر المنثور'' میں اسی آیت کے ضمن میں فرماتے

Marfat.com

ہیں کہ سورج کے غروب ہونے کے وقت سے لے کر فجر کے طلوع ہونے تک فرشتے اترتے رہتے ہیں اور وہ ہر مومن کے پاس سے گزرتے ہیں اور کہتے ہیں۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُؤْمِنُ ۔

اے بندۂ مومن! تجھ پر سلام ہو۔ (الدر المنثور ج ۶، ص ۶۳۰ مطبوعہ دار الکتب العلمیۃ بیروت لبنان)

۱۰۔ تفسیر کبیر امام رازی

امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر کبیر میں ارقام فرماتے ہیں۔ بے شک لیلۃ القدر صبح ہونے تک سلامتی والی ہے۔

اَیْ تُسَلِّمَ الْمَلَائِكَةِ عَلَى الْمُطِيْعِيْنَ وَذٰلِكَ لِاَنَّ الْمَلَائِكَةِ يَنْزِلُوْنَ فَوْجًا فَوْجًا مِنْ اِبْتَدَاءِ اللَّيْلِ اِلٰى طُلُوْعِ الْفَجْرِ ۔

یعنی فرشتے اطاعت کرنے والوں پر سلام بھیجتے ہیں اور یہ اس طرح ہے کہ فرشتے فوج در فوج رات کے ابتدائی وقت سے لے کر صبح طلوع ہونے تک نازل ہوتے رہتے ہیں۔

(تفسیر کبیر امام رازی ج ۳۲، ص ۳۶ مطبوعہ دار احیاء التراث)

۱۱۔ تفسیر بغوی

امام محی السنہ ابو محمد حسین بن مسعود بغوی شافعی رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۵۱۶ھ اپنی تفسیر معالم التنزیل میں اسی آیت کے تحت حضرت کلبی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے رقم طراز ہیں۔

اَلْمَلَائِكَةُ يَنْزِلُوْنَ كُلَّمَا لَقَوْا مُؤْمِنًا وَ مُؤْمِنَةً مِنْ رَبِّهٖ حَتّٰى يَطْلَعَ الْفَجْرِ ۔

فرشتے اسی رات (شب قدر) جب اترتے ہیں تو مومن مرد اور مومنہ عورت

Marfat.com

سے ملاقات کرتے ہیں۔ان پر ان کے ربّ کی طرف سے سلام بھیجتے ہیں یہاں تک کہ فجر طلوع ہو جاتی ہے۔

(معالم التنزیل ج ۴،ص ۵۱۲ مطبوعہ ادارہ تالیفات اشرفیہ ملتان پاکستان)

۱۲۔تفسیر ابن کثیر

جناب ابوالفداء حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۷۷۴ھ اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ اسی رات (لیلۃ القدر) میں ہر حکمت والے کام کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت نقل کرتے ہیں۔

قَالَ تَسْلِیْمُ الْمَلَائِکَۃ لَیْلَۃِ الْقَدْرِ عَلٰی اَھْلِ الْمَسَاجِدِ حَتّٰی یَطْلَعِ الْفَجْرِ ۔

فرماتے ہیں کہ رات کو فرشتے مسجد والوں پر صبح تک سلام بھیجتے ہیں۔

(تفسیر ابن کثیر ج ۴،ص ۵۳۱ مطبوعہ امجد اکیڈمی اردو بازار لاہور سن اشاعت ۱۹۸۲ء)

۱۳۔تفسیر ابی السعود ـــــ تفسیر کشاف

علامہ ابوسعود محمد بن عمادی متوفی ۹۵۱ھ اور علامہ محمود بن عمر زمخشری اپنی اپنی تفسیر میں ارقام کرتے ہیں۔

مَا ھِیَ اِلَّا سَلَامَۃٌ لِکَثْرَۃٍ مَّا یُسَلِّمُوْنَ فِیْھَا عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ ۔

فرشتے اس رات میں کثرت کے ساتھ مؤمنوں پر سلام بھیجتے ہیں۔

ـــــ لِکَثْرَۃٍ مَّا یُسَلِّمُوْنَ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ ۔

وہ فرشتے کثرت کے ساتھ مومنون پر سلام بھیجتے ہیں۔

(تفسیر الکشاف ج ۴،ص ۵۹۰ مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت سن اشاعت ۲۰۰۶ء)

(تفسیر ابی سعود ج ۹،ص ۱۸۳ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت)

Marfat.com

۱۵-تفسیر عثمانی

جناب علامہ شبیر احمد عثمانی صاحب اپنی تفسیر میں اسی آیت کے تح رقم طراز ہیں کہ بعض روایات میں ہے کہ اس رات جبریل علیہ السلام اور فرشتے عابدین وذاکرین پر صلوٰۃ وسلام بھیجتے ہیں (غور فرمائیں کہ فرشتے صلوٰۃ بھی بھیجتے ہیں اور سلام بھی)

(تفسیر عثمان (علامہ شبیر احمد صاحب عثمانی) ص ۱۰۲۹ مطبوعہ تاج کمپنی کراچی)

۱۶-تفسیر رفاعی

..... حضرت جناب پیر سیّد محمد رفاعی عرب رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر میں سورۂ قدر کے ضمن میں ارقام فرماتے ہیں کہ۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دریافت کیا کہ یا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ! کیا تم جانتے ہو کہ لیلۃ القدر کا کیا مطلب ہے؟ (علی کریم فرماتے ہیں) میں نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب تک آپ نہ بتائیں میں کیوں کر جانوں! آپ نے فرمایا، اللہ تعالیٰ نے اس رات میں جو کچھ قیامت تک ہونے والا ہے سب مقرر فرما دیا ہے پس منجملہ ان سب باتوں کے تمہاری اور تمہاری اولاد کی ولایت بھی ہے جو قیامت رہنے والی ہے۔

(تفسیر رفاعی (سیّد محمد رفاعی رحمۃ اللہ علیہ عرب) ص ۷۲۳ مطبوعہ دینی کتب خانہ لاہور)

۱۷-تفسیر صاوی

حضرت علامہ عارف باللہ احمد صاوی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر میں سورۂ قدر کی آخری آیت کے ضمن میں لکھتے ہیں۔

سَلَام ـــــ بِمَعْنٰی ـــــ اَلتَّسْلِیْمُ ـــــ وَالْمَعْنٰی ..... اَنَّ الْمَلَائِکَۃَ یُسَلِّمُوْنَ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ ۔

Marfat.com

سلام بمعنٰی تسلیم ہے اور تسلیم کا معنٰی یہ ہے کہ بے شک فرشتے مسلمانوں پر سلام بھیجتے ہیں۔ (الصاوی علی الجلالین ج ۴، ص ۲۸۹ مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ)

۱۸۔ تفسیر الملتقط

سلسلہ چشتیہ کے مینارۂ نور حضرت سیّد محمد حسینی گیسودراز قدس سرہ العزیز اپنی تفسیر میں ارقام فرماتے ہیں۔

اَلسَّلَامُ مِنَ اللّٰہِ ' اَشَارَ لِعِبَادِہٖ۔

سلام اللہ کی طرف سے ہے اور اس میں اشارہ سلام کرنے اس کے بندوں کے لیے ہے۔ (تفسیر الملتقط ج ۲، ص ۱۸۲۷ مطبوعہ مکتبہ نفائس القرآن لاہور)

۱۹۔ تفسیر عزیزی

حضرت شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر میں فرماتے ہیں:

بعضے از علما گفتہ اند کہ معنٰی (سَلَامٌ ھِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ) آنست کہ ملائکہ و ارواح دراں شب بر جمیع مومناں سلام میگویند و بااھل کمال مصافحہ می نمایند۔

بعض علماء نے فرمایا ہے کہ "سَلَامٌ ھِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ" کے معنی یہ ہیں کہ فرشتے اور روحیں اس رات سب مسلمانوں پر سلام کہتی ہیں اور صاحبان کمال سے مصافحہ کرتی ہیں۔

لے فقیر کے پاس کتب تفاسیر کافی تعداد میں موجود ہیں لیکن ۱۹ کے عدد پر اس لیے ختم کیا ہے کہ بسم اللہ شریف کے حروف انیس ۱۹ ہیں اور وہ اس لیے کہ ہوسکتا ہے منکرین علیہ السلام بسم اللہ شریف کے نام پر ہی حیا سے کام لیں۔

(تفسیر فتح العزیز ج ۳، ص ۲۶۱، ۲۶۲ مطبوعہ مکتبہ حقانیہ کوئٹہ پاکستان)

(تفسیر ضیاالقرآن ج ۵، ص ۶۲۱ مطبوعہ ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور سن اشاعت ۱۴۰۰ھ)

Marfat.com

قارئین کرام! کسی بھی یزیدی عالم سے پوچھیے تو وہ ان تمام دلائل کی موجودگی کو نظر انداز کرتے ہوئے یہی کہے گا کہ اہلِ بیت پر سلام مکروہ ہے۔

تمام تفاسیر میں ایک بات مشترک ہے کہ جبریل علیہ السلام سمیت تمام فرشتے اہلِ ایمان پر سلام بھیجتے ہیں اور مؤمنوں سے مصافحہ کرتے اور جو لوگ مسجد میں اللہ تعالیٰ کے ذکر میں مصروف ہوتے ہیں ان پر محبت کے ساتھ سلام بھیجتے ہیں۔

تعجب کی بات جو نیزے کی نوک پر سوار ہو کر اللہ تعالیٰ کا ذکر جاری رکھے اس پر سلام بھیجنا مکروہ کیوں ہے؟

میں سخن نا آشنا قسم کے مولویوں سے پوچھتا ہوں کہ تمہارا یہ دعویٰ کہ اہلِ بیت اطہار پر بالاستقلال سلام بھیجنے سے متعلق امام اہلسنّت علامہ سیّد احمد سعید کاظمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اکیلے ہیں تو میں نے ثابت کر دیا کہ ان کے ساتھ لاتعداد فرشتے بھی شامل ہیں۔ تم علامہ خفاجی کی بات بار بار کرتے ہو۔ خیال رہے کہ میں خفاجی رحمۃ اللہ علیہ کو کاظمی صاحب کے برابر نہیں سمجھتا اس لیے کہ خفاجی رحمۃ اللہ علیہ کا تعلق قبیلہ خفاجہ سے ہے اور علامہ کاظمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تعلق قبیلہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہے اور وہ بنوزہراء علیہا السلام کا چاند ہے۔

رہی یہ بات کہ ساری امت ایک طرف اور علامہ کاظمی ایک طرف ہے تو تھوڑی دیر صبر کریں ابھی پتہ چل جائے گا کہ ساری امت ایک طرف ہے اور مولوی تردید عالم ایک طرف ہے۔ ارے ناداں کسی سے پوچھ ہی لیتے کہ شیروں کی کچھاروں میں ہاتھ ڈالنے کا ردعمل کیا ہوتا ہے۔ کہاں آب خضر —— کہاں گاگری —— کہاں تہذیب —— کہاں تکذیب —— اس فقیر نے زمانے کے فریب کاروں کو دیکھا ہے اور اہلِ بیتِ رسول کے

Marfat.com

ناپاک دشمنوں کو سنا ہے۔ سیّدنا حسین علیہ السلام کے ذکر کرنے والوں کو منبروں سے اتارا گیا۔ ان کو گالیاں دی گئیں اور پھر ایک ایسا دور بھی گزرا ہے۔ بقول امام ذھبی رحمۃ اللہ علیہ جس بچے کا نام علی رکھا جاتا اس بچے کو قتل کر دیا جاتا۔ بعض خطیبوں کو دیکھ کر ایسا معلوم ہوتا کہ انہیں کسی شمر لعین کی روح نے گھٹی (گڑھتی) پلا رکھی ہے۔ ارے صاحب! کیا بتائیں؟ بس اتنا یاد رکھیں کہ۔

سر منبر ہیں ایمانوں کے تاجر
مرے ہمدم زمانے کی ہوا دیکھ

یہ کس کا خون ناحق بن گیا ہے
کسی کے ہاتھ کی رنگیں حنا دیکھ

فقیہہ شہر کے دارالاماں سے
یہ کس کا آج بھر لاشہ اٹھا دیکھ

خضر یہ کون ہے؟ آندھی کی صورت
بجھانے آ گیا دل کا دیا دیکھ

آیت نمبر ۸

خالق ارضین وسماوات کا ارشاد گرامی ہے:

وَ عِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّ اِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ○

اور رحمان کے بندے کہ زمین پر انکساری سے آہستہ چلتے ہیں اور جب جاہل ان سے بات کرتے ہیں تو (وہ) کہتے ہیں کہ بس ہمارا سلام ہے۔

(پارہ ۱۹۰ سورۂ فرقان آیت نمبر ۶۳)

امام احمد نے حضرت نعمان بن مقرن مزنی (رضی اللہ عنہم) سے روایت بیان کی ہے کہ ایک آدمی نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی موجودگی میں دوسرے آدمی کو گالی دی۔ جس آدمی کو گالی دی گئی وہ کہنے لگا "عَلَيْكَ السَّلَامُ" تم پر سلام ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ

Marfat.com

وآلہ وسلم نے فرمایا: خبردار! ایک فرشتہ تمہارے درمیان موجود ہے جو تیری طرف سے اسے جواب دے رہا ہے، جب بھی یہ تجھے گالی دیتا ہے تو یہ فرشتہ اسے کہتا ہے بلکہ تو ایسا ہے تو اس کا زیادہ مستحق ہے۔

وَاِذَا قُلْتَ لَهٗ: عَلَيْكَ السَّلَامُ ۔ قَالَ: لَالَكَ اَنْتَ اَحَقُّ بِهٖ ۔

جب تو اسے جواب میں ''عَلَيْكَ السَّلَامُ'' کہتا ہے تو وہ فرشتہ کہتا ہے نہیں کہ تو اس کا زیادہ مستحق ہے۔ (تفسیر درمنثور ج ۵، ص ۱۴۱ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت)

قارئین! اگر یہ مسئلہ کسی اور قسم کے مولوی صاحب سے پوچھیں گے تو وہ یہی کہے گا کہ اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ بندے، جاہلوں کی واہی قباہی کو نظر انداز کر کے ان پر سلام بھیج کر آگے گزر جاتے ہیں۔ فقیر کو بھی کچھ تجربہ ہے کہ مادرزاد قسم کے جاہلوں سے تکرار و تکلم مستحسن اقدام نہیں کیونکہ یہ خاندان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیدائشی دشمن ہوتے ہیں۔

فقیر کہتا ہے کہ جب جاہلوں پر سلام جائز ہے تو علم نبوت کے شہر کے دروازہ —— مولائے مومناں علی علیہ السلام —— پر سلام مکروہ کیوں ہے؟ گو یہ سلام —— سلام متارکت ہے۔ یعنی جاہلوں کے ساتھ جھگڑا وغیرہ کرنے سے اعراض کرنا لیکن یہاں بات ہو رہی ہے غیر انبیاء پر سلام کے جواز کی اور اس متعلق قرآن کی آیت کو بطور ثبوت پیش کیا ہے کہ اگر کسی دین دار نما بے دین کی گالیاں سن کر سلام کہہ کر دامن چھڑانا قرآن میں ہے تو اہلِ بیت اطہار کا دامن تھامنے کے لیے سلام کہنا ناجائز کیوں ہے؟ ارے صاحب! یاد رکھیں، یہ لوگ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل و عزت اور آپ کے گھر والوں سے دشمنی رکھ کر دنیا کما رہے ہیں۔ یہ پتہ ہے کیا چاہتے ہیں؟

یہ کیوں؟ شور و غوغا کیے جا رہے ہیں　　یہ کیا؟ مجھ سے زاغ و زغن چاہتے ہیں

Marfat.com

مٹا دیں نشانات، دین متیں کے　　یہی بے ادب، بدچلن چاہتے ہیں
عقیدت کے گلشن کو تاراج کر دیں　　یہی دین کے راہزن چاہتے ہیں
ضیاء بیچ کر چہرۂ دین حق کی　　اندھیروں سے، احمق ثمن چاہتے ہیں
یہ جھکتے ہیں اصنام دنیا کے آگے　　تو ہم الفت پنج تن چاہتے ہیں

خضر جیسے منگتے ہیں لاکھوں جہاں میں
جو خیرات خیبر شکن علیہ السلام چاہتے ہیں

آیت نمبر ۹ ـــــ صلوٰت

رب عالم جل جلالہ کا ارشاد اقدس ہے۔

وَ بَشِّرِ الصّٰبِرِیْنَ ۝ الَّذِیْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِیْبَةٌ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّآ اِلَیْهِ رٰجِعُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ عَلَیْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ ۟ وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ ۝

ترجمہ: اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بشارت دیں ان صبر کرنے والوں کو کہ جب ان پر کوئی مصیبت آتی ہے، تو کہتے ہیں کہ ہم اللہ تعالیٰ کے ہیں اور اللہ کی طرف لوٹ جانا ہے۔ اور یہ لوگ ہیں جن پر ان کے ربّ کی طرف سے درود ہیں اور رحمت اور یہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں۔

(پارہ ۲ سورۂ بقرہ آیت نمبر ۱۵۶-۱۵۷)

اب کیا بنے گا حضرت خطیب صاحب؟ فرمان خداوندی ہے کہ صبر کرنے والوں پر صلوٰت یعنی درود ہیں۔ جو مصائب و آلام میں صبر کرتے ہیں۔ ان پر درود ہیں۔ اور رحمتیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا یہ وہ لوگ ہیں جو ہدایت یافتہ ہیں۔

Marfat.com

مولوی صاحب! جس ہستی کے سر انور کو نوک نیزہ پر اچھالا گیا، جن کی نورانی لاشوں پر گھوڑے دوڑائے گئے، جن مخدات حرم کے خیمے جلائے گئے، ایک ننھی سی بچی کی بالیاں نوچی گئیں، چھ ماہ کے ایک معصوم کے گلے پر تیر چلائے گئے، اور انہوں نے کربلا کے ریگزاروں پر صبر کے آسمان تعمیر کیے۔ ان پر سلام جائز کیوں نہیں؟ آپ کو اس امر میں تکلیف کیوں ہے؟

آیت نمبر ۱۰

خدائے لایزل جل جلالہٗ کا قرآن مجید میں ارشاد پاک ہے: اگر اللہ کریم کے اس ارشاد کی سمجھ آ جائے تو رسول معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھر والوں پر سلام بھیجتے رہنا، اور اہلِ بیت اطہار میں کسی ہستی کا نام زبان پر جائے ''علیہ السلام'' ضرور کہنا۔ اس لیے یہ ہستیاں جنت کی وارث ہیں۔

وَ سِیۡقَ الَّذِیۡنَ اتَّقَوۡا رَبَّهُمۡ اِلَی الۡجَنَّةِ زُمَرًا ؕ حَتّٰۤی اِذَا جَآءُوۡهَا وَ فُتِحَتۡ اَبۡوَابُهَا وَ قَالَ لَهُمۡ خَزَنَتُهَا سَلٰمٌ عَلَیۡکُمۡ طِبۡتُمۡ فَادۡخُلُوۡهَا خٰلِدِیۡنَ○

اور جو لوگ اپنے ربّ سے ڈرتے ہیں وہ گروہ در گروہ جنت کی طرف بھیجے جائیں گے۔ یہاں تک کہ جب وہاں وارد ہوں گے اور اس کے دروازے کھول دیئے جائیں گے تو اس کے دروغہ کہیں گے۔ سلام ہو تم پر۔ تم پاکیزہ رہے اور جنت میں ہمیشہ ہمیشہ کے لیے داخل ہو جاؤ۔

(پارہ ۲۴ سورۂ زمر آیت نمبر ۷۳)

مولائے مومناں سیّدنا علی کرم اللہ وجہہ کا اسی آیت کے تحت فرمان ہے جسے حضر

Marfat.com

قاضی پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کیا ہے کہ متقی لوگوں کو جنت کی طرف لے جایا جائے گا۔ جب وہ جنت کے پاس پہنچیں گے تو اس کے دروازے کے پاس ایک درخت پائیں گے۔ اس کے تنے کے نیچے سے دو۲ چشمے جاری ہوں گے۔ پس بندۂ مومن ان میں سے ایک میں غسل کرے گا تو اس کا ظاہر پاک وصاف ہو جائے گا۔

وَيَشْرَبُ مِنَ الْاُخْرٰى فَيُطَهِّرُ بَاطِنُهٗ

اور دوسرے چشمے سے پیئے گا تو اس کے سبب اس کا باطن پاک وصاف ہو جائے گا۔

وَتَلَقَّتْهُ الْمَلَائِكَةُ عَلٰى اَبْوَابِ الْجَنَّةِ، يَقُوْلُوْنَ (سَلَامٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خَالِدِيْنَ)

اور فرشتے جنت کے دروازوں پر ان سے ملاقات کریں گے اور کہہ کر ان کا استقبال کریں گے۔ تم پر سلام ہو۔ تم پاکیزہ رہے اور جنت میں ہمیشہ کے لیے داخل ہو جاؤ۔ (التفسیر المظہری ج ۸، ص ۲۳۷ مطبوعہ بلوچستان بک ڈپو کوئٹہ)

حضرت سیّد محمد رفاعی رحمۃ اللہ علیہ روایت بیان فرماتے ہیں کہ تم گناہوں کی پلیدی سے پاک ہو گئے۔ نیز اس کے یہ معنی ہیں کہ تمہاری ولادت پاکیزہ ہے۔ اس لیے کہ جنت میں صرف وہی لوگ داخل ہوں گے جن کی ولادت پاکیزہ ہوگی۔

(تفسیر رفاعی ص ۵۶۰ مطبوعہ دینی کتب خانہ اردو بازار لاہور پاکستان)

علامہ سیّد محمد رفاعی عرب رحمۃ اللہ علیہ کے فرمان ونظریہ اور تفسیر کے مطابق یہ امر واضح ہو گیا کہ کوئی بھی ''پلید عالم'' جنت میں داخل نہیں ہو گا۔ ہے کوئی انصاف حامی؟ کائنات ارضی کوئی ہے مودّت اہلِ بیت کا نور اپنے سینے میں بسانے والا؟ رسولِ کریم صلی

Marfat.com

اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد کا احترام کرنے والا اور سیّدۂ کائنات سلام اللہ علیہا کے بچوں کی عقیدت کو اپنے دل میں جگہ دینے والا؟ جو اپنے اپنے علاقے میں رہنے والے ہر ایک مولوی نافرجام و بدانجام کو بتائے کہ جنت کے دروازے پر داروغہ جنت سمیت فرشتے مؤمنوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔

"یَعْسُوْبُ الْمُؤْمِنِیْنَ" سرداران جنت پر سلام مکروہ کہتے ہو۔ اگر پھر بھی باز نہ آئیں تو ان علی، حسنین کریمین اور خاتونِ جنت کے دشمنوں پر لعنت بھیجو اور ان کے پیچھے نماز نہ پڑھو۔ جو آئمہ اہلِ بیت کا منکر ہے وہ کسی مسجد کا امام بننے کے قابل نہیں۔ ان مولویوں کی ہرتان خانہ رسول میں رہنے والوں کی مخالفت پر ٹوٹتی ہے۔

مریض عشق کب تک بچ سکے گا ان عطایوں سے
نکل زنبیل سے آتی ہے اک سے اک نئی بوٹی
بیاں آتش فشاں تھا خوب لفظوں میں روانی تھی
عجب انداز کا ظالم ہے، پر ہر بات تھی جھوٹی
لبادہ اوڑھ کر مذہب کی خدمت کا ہوئے وارد
ستمگاروں نے یوں دین نبی ﷺ کی آبرو لوٹی

آیت نمبر ۱۱

ارشاد خداوندی ہے:

وَاُدْخِلَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ؕ تَحِیَّتُهُمْ فِیْهَا سَلٰمٌ ۝

اور وہ لوگ جو ایمان لائے، اور نیک کام کیے وہ باغوں میں داخل کیے

Marfat.com

جائیں گے۔جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں۔ وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے، اپنے ربّ کے حکم سے۔اوران کے ملتے وقت کی تعظیم وتکریم سلام ہو گا۔(پارہ ۱۳ سورۂ ابراہیم آیت نمبر ۲۳)

حضرت ابن جریر وابن منذر نے حضرت ابن جریج رضی اللہ عنہ نے اسی آیتِ مبارکہ کے تحت روایت بیان فرمائی ہے۔فرماتے ہیں۔

اَلْمَلَائِکَةُ یُسَلِّمُوْنَ عَلَیْهِمْ فِی الْجَنَّةِ ۔

فرشتے انہیں جنت میں سلام پیش کریں گے۔

(تفسیر درمنثور ج ۴، ص ۱۴۲ مطبوعہ دارالکتب علمیہ بیروت لبنان)

حضرت عارف باللہ ابومحمد صدرالدین روزبھان بن ابی نصر بقلی رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۶۰۶ھ اپنی تفسیر ''عرائس البیان فی حقائق القرآن'' میں ارقام فرماتے ہیں۔

وَلِاَهْلِ الطَّاعَاتِ وَالدَّرَجَاتِ تَحِیَّةُ الْمَلَائِکَةِ وَسَلَامُهُمْ ۔

اہلِ درجات واطاعت کے لیے فرشتوں کا سلام وتحیت ہے۔

(تفسیر عرائس البیان ج ۲، ص ۲۶۱ مطبوعہ دارالکتب علمیہ بیروت)

آیت نمبر ۱۲

اللہ ربّ العزت کا پاک ارشاد ہے۔

وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّیّٰتِهِمْ وَالْمَلٰٓئِکَةُ یَدْخُلُوْنَ عَلَیْهِمْ مِّنْ کُلِّ بَابٍ ○ سَلٰمٌ عَلَیْکُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَی الدَّارِ ○

اور جو لائق ہوں، ان کے باپ دادا اور ان کی بیویاں اور اولادیں اور فرشتے ہر دروازے سے ان پر یہ کہتے ہوئے داخل ہوں گے کہ تم پر سلام ہو۔ جو

Marfat.com

تمہارے صبر کا بدلہ ہے اور آخرت کا گھر کتنا اچھا ہے۔

(پارہ ۱۳ سورۂ رعد آیت نمبر ۲۳-۲۴)

جناب ابوالشیخ رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ابنِ عباس سے روایت بیان کی ہے فرماتے ہیں کہ اہلِ جنت میں سے قیامت کے دن گھٹیا منزل والا وہ شخص ہوگا جس کا کھوکھلا موتیوں سے بنا ہوا محل ہوگا۔

فِیْهَا سَبْعَةُ آلَافٍ غُرْفَةٌ سَبْعُوْنَ اَلْفِ بَابٌ یَدْخُلُ عَلَیْهِ مِنْ کَلِّ بَابٍ سَبْعُوْنَ اَلْفًا مِنَ الْمَلَائِکَةِ بِالتَّحِیَّةِ وَالسَّلَامِ ۔

جس کے سات ہزار بالا خانے ہوں گے۔ ہر بالا خانہ کے ستر ہزار دروازے ہوں گے۔ اس پر ہر دروازے سے ستر ہزار فرشتے تحیہ اور سلام کے ساتھ داخل ہوں گے۔ (در منثور ج ۴، ص ۱۰۹ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ سن اشاعت ۲۰۰۴ء)

امام ابن منذر اور امام ابن مردویہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہما نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے۔

ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ و الہ وسلم ۔ کان یأتی امدَّ کل عام ۔ فاذا تفوہ الشعب، سلم علیٰ قبور الشہداء، فقال (سَلٰمٌ عَلَیْکُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَی الدَّارِ ○)

کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر سال احد ''پہاڑ'' پر تشریف لے جاتے۔ جب وادی کے دہانے پر پہنچتے تو شہیدوں کی قبروں پر سلام عطا فرماتے (اور فرماتے) تم پر سلام ہو، جو تمہارے صبر کا بدلہ ہے آخرت کا گھر کتنا اچھا ہے۔

Marfat.com

امام ابن جریر نے حضرت محمد بن ابراہیم رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ۔ يَأْتِيْ قُبُوْرَ الشُّهَدَاءِ عَلٰى رَأْسِ كُلِّ حَوْلٍ ۔ فَيَقُوْلُ: (سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ○) وَاَبُوْبَكْرٍ وَّعُمَرَ وَعُثْمَانَ (رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ)

رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر سال کی ابتداء میں شہیدوں کی قبروں پر تشریف لے جاتے اور فرماتے (اے شہیدو!) تم پر سلام ہو، جو تمہارے صبر کا بدلہ ہے، حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد حضرت ابوبکر صدیق، عمر فاروق، عثمان غنی رضی اللہ عنہم بھی ایسا ہی کرتے تھے۔

(تفسیر در منثور ج ۴، ص ۱۰۹ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت)

اوپر درج تمام آیات سے یہ امر روز روشن کی طرح واضح ہو گیا کہ فرشتے اہلِ جنت کو بالاستقلال سلام پیش کرتے ہیں۔ متعدد آیات کے تحت مختلف کتب تفاسیر سے دلائل پیش کیے ہیں اور یہ بھی کہ اہلِ بیت اطہار پر برائے راست سلام بھیجنا اللہ کریم، رسول معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم، اولیائے عظام کی سنت ہے مکروہ نہیں۔ جن مولویوں کی رگوں میں صاف خون دوڑ رہا ہے وہ اہلِ بیت اطہار سے متعلق اس قسم کی بے باکی کا ارتکاب نہیں کرتے۔ اس قسم کی گستاخانہ روش وہ لوگ اختیار کرتے ہیں بفرمانِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ جن کا جنم نہایت بے احتیاط ہو۔

اہلِ بیت کے گستاخ مولویوں کے قلوب واذہان اور جبینوں پر سیاہی مائل مردنی ہر وقت چھائی رہتی ہے۔ ان کی شکل وصورت، وضع قطع پر پرلے درجے کی نحوست وکراہت ہر وقت، ہر لمحہ بدنما دھبوں کی طرح دکھائی دتی ہے۔ اہلِ بیت بالخصوص مولائے مومنان علی

Marfat.com

شیرِ خدا ـــــ خیبر کشا کرم اللہ وجہہٗ کے بغض کی بدبو مشام جان پر نہایت ناگوار گزرتی ہے۔ ذکر حسین علیہ السلام کے وقت ان حضرات کو دیکھ کر ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے ان پر نزع و سکرات کا عالم طاری ہوگیا۔ یہ سب کہنے کا مقصد یہ ہے کہ اہلِ بیت کا ذکر اہلِ ایمان ہی کر سکتے ہیں اور سن بھی اہلِ ایمان ہی سکتے ہیں۔ اور منافقین! ذکر علی علیہ السلام کے وقت سکتہ میں آجاتے ہیں اور ان لوگوں کو گالیاں بکتے ہیں جو اہلِ بیت کے اوصافِ حمیدہ بیان کرتا، علم کے حمنستان میں آوارگی کرنے والوں کے پاس ایک ہی حربہ ہے کہ جو خاندان نبوت کا مدحت سرا ہو اس پر شیعہ اور رافعی ہونے کی تہمت لگا دیتے ہیں جس سے بے چارے خطیب خانہ رسول میں رہنے والوں کا ذکر چھوڑ دیتے ہیں۔ اگر کہیں کوئی بات کرنا چاہتے ہوں تو انداز میں نہایت درجے کی معذرت چھپی ہوتی ہے۔ باقی رہے ہم فقیر لوگ! تو یاد رہے ہم فقیر ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ولایت مولا علی کے ماننے والے ہیں اور صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا آخری حد تک احترام کرتے ہیں لیکن؟؟ سے ہرگز خوفزدہ نہیں۔ ہمارا نعرہ ہے۔

سر غرور زمیں پر جھکا کے چھوڑیں گے
نشان ظلم، جہاں سے مٹا کے چھوڑیں گے
ہم اس لیے ہیں حسینی علم لیے نکلے
گرے ہوؤں کو بھی آخر اٹھا چھوڑیں گے
جلاتے دل ہیں سدا جو وفا شعاروں کا
ہم ان کے قصر طرب کو جلا کے چھوڑیں گے
رقم کریں گے نئی داستاں وفاؤں کی
خضر جفا کی کہانی مٹا کے چھوڑیں گے

Marfat.com

کتب احادیث میں ـــــ علیہ السلام

علیہ السلام کے عنوان کے ضمن میں ـــــ کتب حدیث کے حوالہ جات پیش کرنے سے قبل ـــــ مفتی اعظم حضرت استاذ العلماء مفتی غلام رسول نقشبندی جماعتی رحمۃ اللہ علیہ کی تحریروں میں سے کچھ اقتباسات نقل کرنے کے بعد کتب، حدیث میں سے ـــــ علیہ السلام ـــــ کے حوالہ جات پیش کیے جائیں گے۔

مفتی صاحب فرماتے ہیں کہ (اموی اور عباسی حکومتوں کی) دخل اندازی کی وجہ سے بلکہ ان حکومتوں کے کھلنڈرے عالم ان حکومتوں کی خوشنودی کے لیے آلِ رسول پر درود پڑھنے سے بھی منع کرتے تھے۔

چنانچہ حاشہ ''نبراس'' میں ہے۔

قال بعض المحققين ترك المحدثين لفظ الال عند الصلوة على خاتم الارسال لغلبة الاموبة و العباسية لا نهم يمنعون عن ذالك بل يسبون وسيعلم الذين ظلموا اى منقلب ينقلبون۔

بعض محققین نے کہا ہے کہ محدثین نے لفظ آلِ ختم المرسلین پر درود بھیجتے وقت بنوامیہ اور بنوعباسیہ کے غلبہ کی وجہ سے ترک کر دیا تھا، کیونکہ بنوامیہ و بنو عباسیہ اس سے منع کرتے تھے اور عنقریب ظالم جان لیں گے کہ کون سی جگہ

Marfat.com

پر لوٹ کر جاتے ہیں۔ (حاشیہ نبراس ص ۱۰- حاشیہ نمبر ا مطبوعہ مکتبہ رشیدہ سرکی روڈ کوئٹہ)

یعنی بعض محققین نے کہا ہے کہ محدثین جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلوٰۃ بھیجتے ہیں تو صرف صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہتے ہیں۔ جس میں آل کا ذکر نہیں کرتے۔ جس کی وجہ یہ ہے کہ جب اموی اور عباسی حکومت کا دور تھا اور ناصبیوں کا زور تھا تو انہوں نے محدثین کو منع کر دیا تھا کہ جب وہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلوٰۃ بھیجیں تو صرف صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہہ کر صلوٰۃ بھیجیں۔ آل کا ذکر نہ کریں بلکہ آلِ رسول پر سب وشتم کریں۔ یہ غیر اخلاقی حرکت اموی حکومت کے دور اول سے شروع ہوئی تھی، جب حضرت عمر بن عبدالعزیز (رضی اللہ عنہ) (متوفی ۱۰۱ھ) کا دور حکومت شروع ہوا تو انہوں نے اس قبیح اور گندی حرکت کو بدلا اور حکم دیا کہ خطبہ جمعہ میں جو علی علیہ السلام پر سب وشتم کیا جاتا ہے اس کو بند کیا جائے اور اس کی جگہ یہ آیت پڑھی جائے۔

اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآئِ ذِى الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ۚ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ○

بے شک اللہ تعالیٰ حکم فرماتا ہے انصاف اور نیکی کا اور رشتے داروں کو دینے کا، اور منع فرمایا ہے بے حیائی اور بری باتوں سے اور سرکشی سے اور تمہیں نصیحت فرماتا ہے تاکہ تم اس کو سمجھو۔ (پارہ ۱۴ سورۂ نحل آیت نمبر ۹۰)

علامہ عبدالحلیم جندی لکھتے ہیں کہ جس طرح جناب عمر بن عبدالعزیز نے حضرت علی علیہ السلام پر سب وشتم (گالی گلوچ) کو بند کیا اسی طرح آپ نے یہ حکم بھی نافذ کیا کہ آج کے بعد واعظین لوگ جو بنوامیہ کے حکمرانوں پر خطبہ میں حمد وثناء کرتے ہیں وہ ختم کر دی جائے۔ یہ علماء سو بنوامیہ کے اعلیٰ حکمرانوں کا خطبہ جمعہ میں ذکر کرتے اور ان کی حمد وثناء

Marfat.com

کرتے اوران پر رحمتیں بھیجتے تھے۔ حافظ ابن کثیر کی تفسیر کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ یہ علمائے سوان پر صلوٰۃ بھیجتے تھے، اورآلِ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وعلی کا ذکر تک نہ کرتے بلکہ ان پر سب وشتم کرتے۔

حضرت عمر بن عبدالعزیز نے دونوں باتوں پر پابندی عائد کردی کہ نہ علی علیہ السلام پر سب وشتم کی جائے اور نہ ہی بنوامیہ کے حکمرانوں کی حمد وثناء کی جائے اور نہ ہی ان پر صلوٰۃ بھیجی جائے بہرصورت اس تحقیق بالا سے ثابت ہوا کہ ناصبیوں نے علی اورآلِ علی پر صلوٰۃ پڑھنے سے روکا تھا۔ چونکہ ناصبی لوگ پہلے بھی ہر دور میں رہے اوراب بھی موجود ہیں۔ لہٰذا یہ جو بغض علی اورآلِ علی سے رکھتے ہیں اس کا مظاہرہ کسی نہ کسی صورت میں کرتے رہتے ہیں، کبھی کہتے ہیں کہ صرف صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہنا چاہئے، آل کا ذکر نہ کرنا چاہئے اور کبھی کہتے ہیں آئمہ اہلِ بیت اطہار کے اسمائے گرامی کے ساتھ مستقل طور پر ''علیہ السلام'' نہ کہنا چاہئے۔ لیکن اہلِ سنت و جماعت کا مسلک ہے کہ جب امام حسین اورامام زین العابدین۔ یا دیگر آئمہ اہلِ بیت کا ذکر کیا جائے تو ان کے ناموں کے ساتھ ''علیہ السلام'' کہنا جائز ہے۔

چنانچہ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی لکھتے ہیں کہ لفظ سلام غیر انبیاء کی شان میں کہہ سکتے ہیں۔ اس کی سند یہ ہے کہ اہلسنّت کی کتب قدیمہ حدیث میں علی الخصوص ابوداؤد، صحیح بخاری میں حضرعلی، حضرات حسنین وحضرت فاطمہ اور حضرت خدیجہ وحضرت عباس کے ذکر کے ساتھ لفظ ''علیہ السلام'' کا مذکور ہے۔ البتہ بعض علمائے ماوراء النہر[1] نے شیعہ کی مشابہت

---

[1] علماء ماوراء النہر کے متعلق شیخ الجامعہ علامہ غلام رحمۃ اللہ علیہ محمد گھوٹوی (متوفی ۱۳۶۷ھ) فرماتے ہیں کہ ماوراء النہر اور کچھ دیگر علاقوں کے علماء احناف خارجی بھی ہیں اور معتزلہ بھی۔ ان کا قول ہمارے لیے حجت نہیں ہوسکتا (یہ بات انہوں نے تحقیق الحق ص ۵ کے حوالے سے لکھی ہے) اسی وجہ سے شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی نے علمائے ماوراء النہر کے قول کو حجت نہیں سمجھا اور فرمایا کہ اہلِ بیت اطہار کے لیے لفظ ''علیہ السلام'' کا استعمال کرنا جائز ہے۔ (از مفتی غلام رسول)

Marfat.com

کے لحاظ سے اس کو منع لکھا ہے۔ لیکن فی الواقع مشابہت بدون کی امر خیر میں منع نہیں۔ اور یہ ثابت ہے کہ پہلی کتاب اصول حنفیہ کی شاشی (اصول شاشی) ہے اس میں نفس خطبہ میں بعد حمد وصلوٰۃ کے لکھا ہے۔ وَالسَّلَامُ عَلٰی اَبِیْ حَنِیْفَةِ وَاَحْبَابِہٖ ۔

''سلام نازل ہو حضرت امام ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور آپ کے احباب پر'' اور ظاہر ہے کہ مرتبہ حضرات موصوفین کا جن کا نام نامی اوپر مذکور ہوا ہے۔ حضرت امام اعظم کے مرتبہ سے کم نہیں تو اس سے معلوم ہوا کہ اہلِ سنت کے نزدیک بھی سلام کا اطلاق ان بزرگوں کی شان میں بہر ہے اور حدیث شریف سے بھی ثابت ہے کہ لفظ ''علیہ السلام'' کا غیر انبیاء کی شان میں کہنا چاہئے۔ یہ حدیث ہے۔

علیہ السلام تحیۃ الموتیٰ

''یعنی اموات کی شان میں ''علیہ السلام'' کہنا ان کے لیے تحفہ ہے'' یعنی بلا تخصیص ہر میت مسلمان کے لیے لفظ سلام تحفہ ہے تو اہلِ اسلام میں غیر انبیاء کی شان میں علیہ السلام کہنا شرعاً ثابت ہے۔ خلیل الرحمٰن برھان پوری کا کلام ہے جو کہ صداعق محرقہ میں لکھا ہے یعنی تیسری آیت یہ ہے۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے ـــــ سَلَامٌ عَلٰی اِلْیَاسِیْنَ ـــــ تو ایک جماعت مفسرین نے حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے نقل کیا ہے کہ اس کلام پاک سے مراد یہ ہے کہ سلام ہو آلِ محمد پر ایسا کلبی رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے۔ تو اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے جن انبیاء علیہم السلام کے حق میں سلام فرمایا ہے ان میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی شان میں بطریق اولی سلام ہوا۔

بغوی رحمۃ اللہ علیہ نے ''معالم التنزیل'' میں یہ روایت لکھی ہے اور اللہ تعالیٰ نے سورۂ طٰہٰ میں فرمایا ہے۔

Marfat.com

وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْھُدٰی ۔

''سلام ہے اس پر جس نے راہ راست اختیار کی۔''

تو اس میں تخصیص انبیاء کی نہیں۔اس سے ظاہر ہے کہ اہلِ بیت کے آئمہ کے ناموں کے ساتھ ''علیہ السلام'' کہنا جائز ہے اور یہ اہلِ سنت کا مسلک ہے جو کہ قرآن وحدیث سے ثابت ہے۔(فتاویٰ عزیزی ص ۲۶۱ مطبوعہ ایچ ایم سعید کمپنی کراچی)

اصول شاشی کی عبارت

اصول شاشی کی عبارت ملاحظہ فرمائیں۔اصول شاشی چھ سو سال سے حنفیوں کے مدرسوں میں آج تک پڑھائی جاتی ہے۔

وَالصَّلٰوۃُ عَلَی النَّبِیِّ وَاَصْحَابِہٖ وَالسَّلَامُ عَلٰی اَبِیْ حَنِیْفَۃَ وَاَحْبَابِہٖ ۔

اور صلوٰۃ ہو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب اور سلام ہو امام ابوحنیفہ اور ان کے احباب پر۔

اب اس عبارت سے صاف ظاہر ہے کہ مصنف اصول شاشی (علامہ اسحاق بن ابراہیم نظام الدین شاشی) نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صحابہ پر صلوٰۃ کہا ہے سلام نہیں کہا لیکن زید (مفتی رحمۃ اللہ علیہ صاحب کا کسی لم چھڑے مولوی کی طرف اشارہ ہے) اپنے عدم علم کی وجہ سے کہہ رہا ہے کہ یہاں سلام بالتبع ہے کہ پہلے سلام حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ہے اور پھر سلام ابوحنیفہ پر ہے۔گویا کہ زید نے اصول شاشی کو دیکھا تک نہیں ہے۔اور اصول شاشی کے مصنف نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سلام نہیں بھیجا بلکہ صلوٰۃ

کتاب امام زین العابدین ص ۳۱۰ تا ۳۱۴ مطبوعہ دارالعلوم قادریہ جیلانیہ والتھم سٹولندن برطانیہ (مفتی غلام رحمۃ اللہ علیہ رسول)

Marfat.com

(درود شریف) بھیجا ہے نیز یہاں "وَالسَّلَامُ عَلٰی ابی حنیفة ۔" علیحدہ مستقل جملہ ہے۔ یہ لفظ نبی کے تابع نہیں ہے اگر سلام لفظ نبی کے تابع ہوتو مرفوع نہیں ہوگا بلکہ مجرور ہو گا۔ اور معنٰی بھی غلط ہوگا۔ یہ بات ہر طالب علم مانتا ہے جس نے اصول شاشی پڑھی ہے یا دیکھی ہے کہ یہاں سلام ابوحنیفہ پر مستقل طور پر مصنف پیش کر رہے ہیں۔ اسی وجہ سے شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ محدث دہلوی فرماتے ہیں کہ پہلی کتاب اصول حنفیہ کی شاشی ہے۔ اس میں نفسی خطبہ میں بعد حمد وصلوٰۃ کے لکھا ہے "وَالسَّلَامُ عَلٰی اَبِیْ حَنِیْفَةَ وَاَحْبَابِہٖ ۔" اب شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی نے ان الفاظ سے کہ بعد حمد وصلوٰۃ کے لکھا ہے۔ تصریح اور وضاحت کر رہی ہے کہ "وَالسَّلَامُ عَلٰی اَبِیْ حَنِیْفَةَ وَاَحْبَابِہٖ" مستقل جملہ ہے تابع نہیں۔ اگر تابع ہوتا تو بعد حمد وصلوٰۃ کے نہ کہتے۔ نیز شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی اصول شاشی کی عبارت کو مستقل سلام کہنے پر بطور استشہاد پیش کر رہے ہیں۔

(کتاب امام زین العابدین ص ۳۱۶-۳۱۷ مطبوعہ دارالعلوم جیلانیہ لندن)

۱- پہلے بخاری شریف

صحیح بخاری سے متعلق علماء کا خیال وارشاد ہے کہ کتب احادیث میں اس کا بہت بڑا مقام اور پہلا درجہ ہے۔

حدیث شریف

حضرت عمرو سے روایت ہے کہ میں نے حضرت ابن ابی اوفیٰ (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) سے سنا ہے۔

كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ (وَآلِهٖ) وَسَلَّمَ اِذَا اَتَاهُ رَجُلٌ بِصَدَقَةٍ، قَالَ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى آلِ فُلَانٍ ..... فَاَتَاهُ اَبِيْ، فَقَالَ ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

Marfat.com

عَلٰی آلِ اَبِیْ اَوْفٰی ۔

حضرت ابن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس جب کوئی مال صدقہ (بیت المال میں جمع کرانے کیلئے) لے کر آتا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے۔ اے اللہ تعالیٰ فلاں کی آل پر صلوٰۃ نازل فرما! چنانچہ اسی طرح میرے والد ماجد حاضر خدمت ہوئے تو آپ نے فرمایا: اے اللہ کریم! آلِ ابی اوفیٰ پر صلوٰۃ نازل فرما۔

(صحیح البخاری ص ۱۱۵۹ کتاب الدعوات مطبوعہ دار الکتب العلمیۃ بیروت حدیث نمبر ۶۳۳۲ سن اشاعت ۲۰۰۹ء)

کیوں مولوی صاحب؟ یہ کیا ہے؟ اس حدیث شریف میں ''صل علی'' کا لفظ استعمال ہوا ہے۔ اب کیا بنے گا۔ لفظ ''علیہ السلام'' سن کر آپ سیخ پا ہو جاتے یہاں تو بات ہی اور ہے۔ آلِ ابی اوفیٰ پر ''صلی علیٰ'' بولا گیا ہے۔ آپ آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سلام بھیجنے سے منع کرتے ہیں۔ آپ لوگوں کو خاندان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اتنی دشمنی کیوں ہے۔ مولوی صاحب! جن کی رگوں میں حلالی خون دوڑ رہا ہو وہ آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اہلِ بیت سے مؤدّت کرتے ہیں۔ دشمنی نہیں کرتے۔ کل قیامت کے دن رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کیا منہ دکھاؤ گے۔ اگر رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دوسرا نے اپنی اولاد کے دشمنوں کی شفاعت سے اِنکار کر دیا تو کدھر جاؤ گے! اب بھی وقت ہے سنبھل جاؤ۔ مال قلیل کی خاطر ایمان کا سودا نہ کرو۔ خاتون قیامت کے در دولت پر اپنا دامن بھیک بچھا دو، جو چاہو گے ملے گا۔ طاغوتیوں کے تلوے چاٹنے کی بجائے خاک در زہراء کو چوم لو۔ بگڑی بن جائے گی (انشاءاللہ!)

۲ – جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ (وَآلِہٖ) وَسَلَّمَ بَیْتَ فَاطِمَۃَ عَلَیْہَا السَّلَامِ

Marfat.com

رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک دفعہ سیّدہ فاطمہ علیہا السلام کے گھر تشریف لائے۔ (بخاری شریف ص ۱۱۴۹ حدیث نمبر ۶۲۸۰ مطبوعہ بیروت)

۳۔ عَنْ عَائِشَةَ عَلَيْهَا السَّلَام : اَنَّ فَاطِمَةَ وَالْعَبَّاسَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ

حضرت عائشہ علیہا السلام اُمّ المومنین سے روایت ہے کہ فاطمہ اور عباس علیہما السلام میراث کے مسئلہ سے متعلق جناب ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس تشریف لائے) (بخاری شریف ص ۱۲۲۲ حدیث نمبر ۶۷۲۵ مطبوعہ ایضاً)

۴۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

خَلَقَ اللّٰهُ آدَمَ عَلٰى صُوْرَتِهٖ طُوْلُهٗ سِتُّوْنَ ذِرَاعًا ۔

کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو اپنی صورت پر پیدا فرمایا، ان کا قد مبارک ساٹھ میٹر تھا۔

جب انہیں پیدا کر دیا تو فرمایا کہ جاؤ اور ان فرشتوں کی جماعت پر سلام بھیجو جو بیٹھے ہوئے ہیں۔ اور غور سے سننا کہ وہ تمہیں کیا جواب دیتے ہیں کیونکہ وہی تمہارا اور تمہاری اولاد کا سلام ہوگا۔ چنانچہ حضرت آدم علیہ السلام نے فرشتوں کو کہا: ''اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ'' تم سب پر سلام ہو۔ فرشتوں نے جناب آدم سے کہا: ''اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، فَزَادُوْهُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ'' تم پر سلام ہو اور اللہ تعالیٰ کی رحمت نازل ہو اور فرشتوں نے وَرَحْمَةُ اللّٰهِ کا اضافہ کیا۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں جو بھی جنت میں داخل ہوگا وہ حضرت آدم

Marfat.com

علیہ السلام کی صورت میں داخل ہوگا۔

فَلَمْ یَزَلِ الْخَلْقُ یَنْقُصُ بَعْدُ حَتّٰی الْاٰنَ ۔

اوران کے بعد سے اب تک انسانوں کے قد کاٹھ میں کمی ہوتی آرہی ہے۔

(بخاری شریف ص ۱۱۴۰ حدیث نمبر ۶۲۲۷ مطبوعہ ایضاً)

۵- وَمَنْقَبَةِ فَاطِمَةَ عَلَیْهَا السَّلَامُ بِنْتِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ (وَآلِهٖ) وَسَلَّمَ ۔ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ (وَآلِهٖ) وَسَلَّمَ فَاطِمَةُ سَیِّدَةُ نِسَآءِ اَهْلَ الْجَنَّةِ ۔

رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی لخت جگر سیّدہ فاطمہ علیہا السلام کی منقبت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ فاطمہ جنتی عورتوں کی سردار ہے۔

۶- حضرت عائشہ اُمّ المومنین سلام اللہ علیہا سے روایت ہے۔

اَنَّ فَاطِمَةَ عَلَیْهَا السَّلَامُ اَرْسَلَتْ اِلٰی اَبِیْ بَکْرٍ ۔

سیّدہ حضرت فاطمہ علیہا السلام نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آدمی بھیجا۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی صحیح میں ''علیہ السلام'' کا لفظ مل گیا جو آپ نے اہلِ بیت کے اسمائے گرامی کے ساتھ لکھا ہے۔ میں امید کرتا ہوں کہ مولوی صاحبان امام بخاری کو گالی گلوچ نہیں کریں گے۔ اور نہ ہی بدعتی کا فتویٰ صادر فرمائیں گے اور نہ ہی یہ کہ بخاری مکروہ کے مرتکب ہوئے ہیں، اور مجھے امید ہے کہ آئیں، بائیں، شائیں سے بھی پرہیز فرمائیں گے۔

Marfat.com

۷۔مسند ابویعلیٰ موصلی (ابویعلیٰ احمد بن علی موصلی متوفی ۳۰۷ھ) رحمۃ اللہ علیہ نے ایک حدیث شریف نقل فرمائی ہے۔اگر اس حدیث شریف کو بغض وتعصب کی عینک اتار کر دیکھا گیا تو مانعین کے دل ودماغ روشن ہو جائیں گے۔حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں مسجد کے صحن میں کھڑا تھا تو میں نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حجرہ شریف کے دروازے سے نکلتے ہوئے دیکھا۔میں کچھ دیر وہاں ٹھہرا رہا۔پھر میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے پیچھے چلنے لگا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک کچی دیوار کے ''احاطہ'' میں داخل ہوئے،آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وضو فرمایا اور دو رکعت نماز ادا فرمائی۔آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس نماز میں طویل سجدہ فرمایا۔جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز ادا فرمالی تو میں نے عرض کیا۔میرے ماں باپ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر فدا ہوں مجھ پر اس امر کا خوف طاری ہوا کہ شاید آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سجدہ میں وصال فرما گئے ہوں۔آپ علیہ السلام نے فرمایا:

اِنَّ جِبْرِیْلَ بَشَّرَنِیْ اَنَّہٗ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ..... صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ.....

وَمَنْ سَلَّمَ عَلَیَّ، سَلَّمَ اللّٰہُ عَلَیْہِ.....

بے شک جبریل امین علیہ السلام نے مجھے خوشخبری دی کہ جو مجھ پر درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس پر درود بھیجے گا۔اور جو مجھ پر سلام بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس پر سلام بھیجے گا۔

(مسند ابی یعلیٰ موصلی ج اول ص ۳۵۰ مطبوعہ دارالکتب العلمیۃ بیروت،لبنان سن اشاعت ۱۹۹۸ء)

۸۔جناب محمد بن جبیر نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت بیان کی ہے۔فرماتے ہیں کہ عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں مسجد شریف میں داخل ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد سے باہر تشریف لے جا رہے تھے۔میں

Marfat.com

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیروی کرتے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے پیچھے ہولیا۔ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام مجھے پیچھے پیچھے آتے ہوئے محسوس بھی نہ فرما رہے تھے۔ یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھجوروں کے ایک باغ میں داخل ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز پڑھی جس میں سجدہ اتنا طویل فرمایا کہ مجھے گمان ہونے لگا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وصال سے ہمکنار فرما دیا ہے۔ تو میں نے اپنے سر کو اونچا کیا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرہ مبارک کو دیکھا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا سر انور اٹھایا اور فرمایا: اے عبدالرحمٰن بن عوف! تجھے کیا ہوا ہے۔ میں نے عرض کیا۔ ''یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم!'' جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سجدے کو طویل فرمایا تو مجھے گمان گزرا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وصال فرما گئے ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میری طرف نظر فرمائی اور فرمایا۔ جب تم میرے پیچھے پیچھے باغ میں داخل ہوئے تو جبریل علیہ السلام مجھ سے ملاقات کر رہے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک جبریل علیہ السلام نے مجھے کہا۔

اِنِّیْ اُبَشِّرُكَ اَنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ: مَنْ سَلَّمَ عَلَيْكَ سَلَّمْتُ عَلَيْهِ ۔ وَمَنْ صَلّٰى عَلَيْكَ صَلَّيْتُ عَلَيْهِ ۔

بے شک میں آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو خوشخبری پیش کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں جس نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سلام پیش کیا میں اس پر سلام بھیجتا ہوں اور جس نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پہ درود بھیجا میں اس پر درود بھیجتا ہوں۔ (مسند ابی یعلیٰ ج اول، ص ۳۵۸ مطبوعہ ایضاً)

مندرجہ بالا دونوں حدیثوں سے جو بات ظاہر ہو رہی ہے وہ یہ ہے کہ جبریل علیہ

Marfat.com

السلام عرض کرتے ہیں۔ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جو امتی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود وسلام بھیجے گا اللہ تعالیٰ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس امتی پر درود وسلام بھیجے گا۔ جب اللہ کریم سرکار علیہ اسلام کے عام امتیوں پر سلام بھیجتا ہے۔ اور سلام بھیجنا سنت خداوندی ہے تو دشمن اہلِ بیت اطہار پر سلام بھیجنے پر مولوی جی کا دل ناصبور آزردہ کیوں؟ اور مزاج میں تلملاہٹ کیوں؟

۹ – عُبَیْدُ اللّٰہِ بْنِ اَبِیْ رَافِعٍ وَکَانَ کَاتِبًا لِعَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ.....

قَالَ: سَمِعْتُ عَلِیًّا عَلَیْہِ السَّلَام ۔

حضرت علی کے کاتب عبید اللہ بن ابی رافع نے علی علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا۔

(سنن ابی داؤد ص ۴۲۲ مطبوعہ دار الکتب العلمیۃ بیروت لبنان سن ۲۰۰۱ء)

۱۰ – فَلَمَّا ذَھَبَتْ اِذَا ھِیَ فَاطِمَۃُ عَلَیْھَا السَّلَامُ ۔

پس جب ان کے چلے جانے کے بعد معلوم ہوا کہ وہ فاطمہ علیہا السلام تھیں۔

(سنن ابی داؤد ص ۵۰۵ مطبوعہ ایضاً)

۱۱ – قَالَ عَلِیٌّ عَلَیْہِ السَّلَامُ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ (وَآلِہٖ) وَسَلَّمَ ۔

حضرت علی علیہ السلام نے بارگاہِ نبوت میں عرض کیا۔

(سنن ابی داؤد ص ۷۷۸ مطبوعہ ایضاً)

۱۲ – عَنْ عَلِیٍّ عَلَیْہِ السَّلَامَ ۔

علی علیہ السلام سے روایت ہے۔ (سنن ابی داؤد ص ۵۱۷ مطبوعہ ایضاً)

۱۳ – اَنْ یُّدْفَعَ اِلٰی فَاطِمَۃَ عَلَیْھَا السَّلَامِ مِنْھَا شَیْئًا ۔

Marfat.com

حضرت فاطمہ علیہا السلام کو کچھ دینے سے اِنکار کر دیا۔

۱۴ –فَرَأَیْتُ امْرًا مَنَعَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ (وَآلِهٖ) وَسَلَّمَ فَاطِمَةَ عَلَیْهَا السَّلَام ۔

(حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ نے فرمایا) کہ میں نے یہ بات دیکھی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت فاطمہ علیہا السلام سے اِنکار کر دیا۔

(سنن ابی داؤد ج ۲، ص ۱۹ مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب آرام باغ کراچی)

۱۵– حضرت امام ابوداؤد (سلیمان بن اشعث بن شداد بن عمران) رحمۃ اللہ علیہ نے مندرجہ بالا حدیث کے آگے والی حدیث جس کے راوی جناب ابوطفیل ہیں میں اس طرح کہ سیّدہ کریمہ نے حضرت صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مطالبہ فرمایا۔

فَقَالَ اَبُوْبَکْرٍ عَلَیْهِ السَّلَام ۔

تو ابوبکر علیہ السلام نے فرمایا۔ (سنن ابی داؤد ج ۲، ص ۱۹ مطبوعہ ایضاً)

۱۶– جناب قبس بن عبادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔

اَنْطَلَقْتُ اَنَا وَالْاُشْتُرُ اِلٰی عَلِیٍّ عَلَیْهِ السَّلَامُ ۔

کہ میں اور اشتر بن مالک دونوں علی علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ (سنن ابی داؤد ج ۲، ص ۱۵۸ مطبوعہ ایضاً)

۱۷– جناب محمد فریابی فرماتے ہیں کہ میں نے سفیان کو فرماتے ہوئے سنا۔

یَقُوْلُ مَنْ زَعَمَ اَنَّ عَلِیًّا عَلَیْهِ السَّلَامُ ۔

جو یہ گمان رکھتا ہے اور کہے کہ حضرت علی علیہ السلام (خلافت کے ان دونوں حضرات سے زیادہ مستحق ہیں تو اس کا یہ گمان غلطی پر ٹھہرا) (حوالہ ایضاً ج ۲، ص ۱۶۶)

Marfat.com

۱۸-حضرت بن جمھان نے حضرت سفینہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت بیان کی کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

خِلَافَةُ النَّبُوَّةِ ثَلَاثُوْنَ سَنَةً يُؤْتِى اللّٰهُ الْمُلْكَ مَنْ يَّشَآءُ ۔

''خلافت نبوت کے تیس ۳۰ سال ہیں اور اللہ تعالیٰ اپنا ملک دیتا جسے چاہے۔''

جناب سعید فرماتے ہیں کہ حضرت سفینہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجھ سے فرمایا۔ جوڑتے گنتی کرتے جاؤ کہ دو۲ سال حضرت ابوبکر کے، دس سال حضرت عمر کے اور بارہ سال حضرت عثمان کے اور اتنے سال حضرت علی (رضی اللہ عنہم) کے۔

جناب سعید کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سفینہ رضی اللہ کی خدمت میں عرض کیا۔

اِنَّ هٰؤُلَآءِ يَزْعُمُوْنَ اَنَّ عَلِيًّا عَلَيْهِ السَّلَامُ لَمْ يَكُنْ بِخَلِيْفَةٍ ۔ قَالَ: كَذَبَتْ اَسْتَاهُ بَنِى الزَّرْقَآءِ يَعْنِىْ بَنِىْ مِرْوَانَ ۔

کہ یہ لوگ (اموی) کہتے ہیں کہ حضرت علی علیہ السلام خلیفہ نہیں ہیں، آپ نے فرمایا، بنی زرقا یعنی بنی مروان جھوٹ بکتے ہیں۔

(سنن ابوداؤد ج ۲، ص ۱۶۷ مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی)

۱۹ - عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِىْ ۔ قَالَ بَعَثَ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ ۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ علی علیہ السلام نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں کچھ خام سونا بھیجا۔

(حوالہ ایضاً ج ۲، ص ۱۷۹)

۲۰-حضرت عروہ بن زبیر نے اُمّ المومنین سے روایت کیا ہے۔

Marfat.com

عَنْ عَآئِشَةَ عَلَيْهَا السَّلَامُ: قَالَتْ مَا ضَرَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ (وَآلِهٖ) وَسَلَّمَ خَادِمًا وَلَا امْرَأَةً قَطُّ ۔

ام المومنین عائشہ علیہا السلام نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہرگز کسی خادم اور عورت کو نہیں مارا پیٹا۔

(سنن ابوداؤد ج ۲، ص ۱۸۲ مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی)

۲۱ – عَنْ مَيْمُوْنِ ابْنِ اَبِیْ شَبِيْبٍ اَنَّ عَائِشَةَ عَلَيْهَا السَّلَامُ مَرَّبِهَا سَائِلٌ فَاَعْطَتْهُ كِسْرَةً ۔

میمون بن ابی شبیب نے حضرت عائشہ علیہا السلام سے روایت بیان کی ہے کہ ان کے پاس سے ایک سائل گزرا تو انہوں نے اسے روٹی کا ایک ٹکڑا عطا فرمایا۔ (سنن ابی داؤد ج ۲، ص ۱۸۶ مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب آرام باغ کراچی)

۲۲ – عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَآئِشَةَ عَلَيْهَا السَّلَامُ ۔

جناب عروہ نے حضرت عائشہ علیہا السلام سے روایت بیان کی۔ (حوالہ ایضاً ص ۱۹۴)

۲۳ – جناب محمد بن حنفیہ سے روایت ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا: میں عرض گزار ہوں یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! کہ اگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد میرے ہاں کوئی لڑکا پیدا ہو تو میں اس کا نام آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام پر اور اس کی کنیت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کنیت پر رکھ سکتا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ابوبکر بن شیبہ لفظ ''قلت'' نہیں کہا بلکہ

قَالَ قَالَ عَلِیٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ لِلنَّبِیِّ ۔

فرماتے ہیں بارگاہِ نبوت میں علی علیہ السلام عرض گزار ہوئے۔

(سنن ابوداؤد ج ۲، ص ۱۹۶ مطبوعہ ایضاً)

Marfat.com

۲۴- عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَآئِشَةَ عَلَيْهَا السَّلَامُ قَالَتْ: مَا سَمِعْتُ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهِ عَلَيْهِ (وَآلِهٖ) وَسَلَّمَ يَنْسُبُ اَحَدًا اِلَّا اِلَى الدِّيْنِ ۔

زید بن اسلم سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ علیہا السلام نے فرمایا میں نے نہیں سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی کو نسبت دیتے ہوں مگر دین کی طرف۔ (سنن ابی داؤد ج ۲، ص ۱۹۸ مطبوعہ ایضا)

۲۵- عَنْ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَام قَالَ كَانَ آخِرُ كَلَامِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهِ عَلَيْهِ (وَآلِهٖ) وَسَلَّمَ ۔ اَلصَّلٰوةُ اَلصَّلٰوةُ وَاتَّقُوا اللهَ فِيْمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ۔

حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا آخری کلام یہ تھا نماز، نماز اور اپنے غلام، لونڈی کے بارے میں اللہ سے ڈرتے رہنا۔ (ابوداؤد ایضاً ج ۲، ص ۲۱۳)

۲۶- حضرت اُمّ المومنین عائشہ سلام اللہ علیہا سے مروی ہے۔ فرماتی ہیں کہ میں نے کسی کو بھی چال ڈھال، بات چیت، شکل و شباہت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مشابہت میں کسی اور سے نہیں ملتی سوائے سیّدہ عالم فاطمۃ الزہراء کے۔ امام ابوداؤد نے آپ کا اسم گرامی اس طرح لکھا ہے۔

مِنْ فَاطِمَةَ كَرَّمَ اللهُ وَجْهَهَا ۔ كَانَتْ اِذَا دَخَلَتْ عَلَيْهِ قَامَ اِلَيْهَا وَاَخَذَ بِيَدِهَا فَقَبَّلَهَا وَاَجْلَسَهَا فِيْ مَجْلِسِهٖ ۔ (الحدیث)

حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا سے (زیادہ کوئی عکس کامل نہیں) جب آپ علیہ

Marfat.com

السلام حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوتیں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے لیے کھڑے ہو جاتے اور ان کا ہاتھ پکڑ کر بوسہ دیتے اور اپنے پاس بٹھاتے۔

سنن ابوداؤد ج ۲، ص ۲۱۸ مطبوعہ نور محمد کارخانہ کراچی؛ سنن ابوداؤد ص ۸۱۲ تا ۸۱۳، حدیث نمبر ۵۲۱ مطبوعہ دارالکتب العلمیۃ بیروت لبنان سن اشاعت ۲۰۰۱ء

۲۷- جناب ایاس بن دغفل سے روایت ہے کہ میں نے حضرت ابونضرہ کو دیکھا۔

قَبَّلَ خَدَّ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَلَيْهِمَا السَّلَام .

کہ انہوں نے حضرت حسن بن علی علیہما السلام کے رخسار پر بوسہ دیا۔

(حوالہ ایضاً ص ۸۱۳ مطبوعہ نور محمد کراچی ج ۲، ص ۲۱۸)

۲۸- اُمّ المومنین عائشہ سلام اللہ علیہا سے مروی ہے۔

قَالَ لَا نُوْرِثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ فَغَضِبَتْ فَاطِمَةَ عَلَيْهَا السَّلَامُ .

مسند احمد احمد بن حنبل ج اول ص ۶ مطبوعہ دار صادر بیروت؛ مسند امام احمد بن حنبل ج اول ص ۸۲ مطبوعہ عالۃ الکتب بیروت، لبنان سن اشاعت ۱۹۹۸ء حدیث نمبر ۲۵

۲۹- حضرت عقبہ بن حارث رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ و السلام کے وصال مبارک کے چند دن بعد نماز عصر پڑھ کر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ساتھ نکلا۔

بَلَيَالٍ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَمْشِىْ اِلٰى جَنْبِهٖ قَمَرَّ بِحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ يَلْعَبَ مَعَ غِلْمَانٍ فَاحْتَمَلَهٗ عَلٰى رَقَبَتِهٖ . وَهُوَ يَقُوْلُ وَابَابِىْ شَبَهُ النَّبِيِّ لَيْسَ شَبِيْهًا بِعَلِيٍّ . قَالَ وَ عَلِيٍّ يَضْحَكُ .

حضرت علی علیہ السلام بھی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی ایک جانب تھے۔ حضرت صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا گزر حضرت امام حسن علیہ السلام

Marfat.com

کے پاس سے ہوا جو اپنے ہم عمر بچوں کے ساتھ کھیل رہے تھے۔ حضرت صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اٹھا کر اپنے کندھے پر بٹھالیا اور فرمانے لگے میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں یہ تو مکمل طور پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مشابہ (یعنی نظیر و ہمشکل مطابق) ہے۔ علی کرم اللہ وجہہ کے ساتھ مشابہت تھوڑی ہے۔ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ یہ سن کر مسکرا رہے تھے۔

مسند امام احمد بن حنبل ج اول، ص ۸۶، حدیث نمبر ۴۰ مطبوعہ عالم الکتب' مسند امام احمد بن حنبل ایضاً ج اول، ص ۸ مطبوعہ دار صادر بیروت، لبنان

۳۰۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں ایک دن کے علاوہ قریش کے خلاف بددعا کرتے ہوئے نہیں دیکھا۔ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز پڑھ رہے تھے۔ دائیں بائیں کے کچھ لوگ موجود تھے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریب ایک اونٹ کی اوجھڑی پڑی ہوئی تھی، قریش کے لوگ کہنے لگے کہ یہ اوجھڑی لے کر ان کی پشت پر کون ڈالے گا۔ عقبہ بن ابی معیط نے اس امر کی حامی بھر لی اور اس نے اوجھڑی لے کر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پشت پر ڈال دی جس کی وجہ سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابھی اپنا سر مبارک نہ اٹھایا تھا کہ سیّدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو پتہ چلا۔

وَجَاءَ تْ فَاطِمَةُ صَلَوَاتُ اللهِ عَلَيْهَا فَاَخَذَتْهُ عَنْ ظَهْرِیْ .

سیّدہ فاطمۃ صلوات اللہ علیہا جلدی جلدی تشریف لائیں اور اوجھڑی سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سر انوار سے اتار کر دور پھینک دی۔

مسند امام احمد بن حنبل ج ۲، ص ۱۰۶ مطبوعہ عالم الکتب بیروت لبنان حدیث نمبر ۳۹۶۲ سن اشاعت ۱۹۹۸ء' مسند امام احمد بن حنبل ج اول، ص ۴۱۷ مطبوعہ دار صادر بیروت

Marfat.com

کیا فرماتے ہیں مولوی صاحب اس بارے میں کہ امام ابویعلیٰ، امام ابوداؤد، امام احمد بن حنبل نے اہلِ بیت اطہار پر علیہ السلام کا لفظ جگہ جگہ تحریر فرمایا اور خاندان رسالت پر سلام بھیج کر اہلِ بیت کے ساتھ مودّت کا ثبوت دیا۔ یہ وہ آئمہ حدیث ہیں جن مرتبت کا اِنکار کرنا آخری حد کی کمینگی ہے۔

کہاں یہ آئمہ کہاں اہلِ بیت کا دشمن مولوی۔ محمد کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھرانے کے ساتھ بغض منافقوں کی عادت ہے۔ ایمان والے ایسا ہرگز نہیں کرتے چونکہ لفظ علیہ السلام کا دشمن مولوی اسی قبیلے سے تعلق رکھتا ہے جو علی کرم اللہ وجہہ کے دشمن ہیں۔ اس قسم کے آدمی کی خدمت میں یہ عرض کیا جا سکتا ہے۔

خودسری اچھی نہیں، یہ سرکشی اچھی نہیں
سادگی اچھی ہے پر آوارگی اچھی نہیں
کون سامنہ لے کے جائے گا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے
غور کر آلِ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دشمنی اچھی نہیں
شمر کی خو چھوڑ دے، اے کینہ پرور باز آ
سن! یزید بے حیا کی پیروی اچھی نہیں
بھول جاتا ہے جو دیکھے ظاہری صورت تری
پر تری بدبخت! حالت باطنی اچھی نہیں

ابھی کافی آئمہ کے حوالہ جات موجود ہیں جن سے مانعین مولویوں کے ہوش پراگندہ اور بکھرنا شروع ہو جائیں گے اور یہ ایک دوسرے کا منہ دیکھتے رہ جائیں گے۔ اور آخر میں بطور نتیجہ بتایا جائے گا کہ یہ کون لوگ ہیں اور ان کی اصلیت کیا ہے۔

Marfat.com

۳۱-امام ابن جریر طبری (ابو جعفر محمد بن جریر) متوفی ۳۱۰ھ اپنی عظیم تفسیر میں لکھتے ہیں:

عَنْ اَبِی الدَّیْلَمِ قَالَ: قَالَ عَلِیُّ بْنُ الْحُسَیْنِ عَلَیْهِمَا السَّلَامْ ۔

حضرت ابو دیلم فرماتے ہیں کہ علی امام زین العابدین بن امام حسین علیہما السلام نے فرمایا:

تفسیر ابن جریر ج ۱۵، ص ۵۳ مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت لبنان سن اشاعت ۱۹۸۷ء

۳۲-حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے آخری عہد میں سفر پر جاتے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سب سے آخر میں سیّدہ بتول علیہا السلام کے گھر تشریف لے جاتے اور جب سفر سے واپس تشریف لاتے تو۔

اِذَا قَدِمَ فَاطِمَةَ عَلَیْهَا السَّلَامُ ۔

سیّدہ فاطمہ علیہا السلام سے پہلے ملاقات فرماتے۔ (ذخائر العقبیٰ ص ۳۷ مطبوعہ مصر)

۳۳- عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ عَلِیٌّ عَلَیْهِ السَّلَامُ ۔

حضرت ابو سعید سے روایت ہے کہ علی علیہ السلام نے فرمایا۔ (حوالہ ایضاً ص ۴۵)

۳۴- امام محبّ الدین احمد طبری نے اپنی کتاب (ذخائر العقبیٰ فی مناقب ذوی القربیٰ) میں جو باب باندھے ہیں ان کے عنوانات یوں لکھے ہیں۔

ذِکْرُ وُلْدِ فَاطِمَةَ عَلَیْهَا السَّلَامُ ۔

بی بی پاک علیہا السلام کی اولاد کا ذکر خیر۔ (حوالہ ایضاً ص ۵۵)

۳۵- بَابٌ فِیْ ذِکْرِ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ عَلَیْهِ السَّلَامُ ۔

حضرت علی امیر المومنین بن ابی طالب علیہ السلام کے ذکر کا باب۔

(حوالہ ایضاً ص ۵۵)

Marfat.com

۳۶- ذِکْرُ نَسَبِہٖ عَلَیْہِ السَّلَامُ

علی علیہ السلام کے نسب کا ذکر۔ (ذخائر العقبیٰ ص ۵۵)

۳۷- ذِکْرُ اِسْمِہٖ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَ کُنِّیَتِہٖ ۔

''علی'' علیہ السلام کے اسم مبارک اور کنیت کا ذکر۔ (حوالہ ایضاً ص ۵۶)

۳۸- ذِکْرُ صِفَتِہٖ عَلَیْہِ السَّلَامُ ۔

علی علیہ السلام کے اوصافِ حمیدہ کا ذکر۔ (حوالہ ایضاً ۵۷)

۳۹- ذِکْرُ اَنَّہٗ عَلَیْہِ السَّلَامُ اَوَّلُ مَنْ اَسْلَمَ ۔

علی علیہ السلام کے سب سے پہلے اسلام قبول کرنے کے بارے میں۔

(ذخائر العقبیٰ ص ۵۸)

۴۰- ذِکْرُ فَضِیْلَۃِ اِخْتِصَاصِہٖ بِتَزْوِیْجِ فَاطِمَۃَ عَلَیْھَا السَّلَامَ ۔

''علی علیہ السلام'' کے بی بی پاک فاطمہ علیہا السلام کے نکاح خصوصی فضیلت۔ (حوالہ ایضاً ۶۱)

۴۱- ذِکْرُ بَعْضِ اَقْضِیَتِہٖ عَلَیْہِ السَّلَامُ ۔

علی علیہ السلام کے بعض فیصلوں کا ذکر۔ (ایضاً ۸۴)

۴۲- عَنْ عَلِیٍّ عَلَیْہِ السَّلَامُ ۔

علی علیہ السلام سے روایت ہے۔ (ایضاً ص ۹۰)

۴۳- عَنْ عَلِیٍّ عَلَیْہِ السَّلَامُ ۔

علی علیہ السلام سے روایت ہے۔

۴۴ ——— ایضاً ص ۱۰۵

۴۵ ——— ایضاً ص ۱۰۶

Marfat.com

۴۶ ——————————— ایضاً ص ۱۰۹

۴۷ ——————————— ایضاً ص ۱۱۵

۴۸- حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے امام حسین علیہ السلام کی قبر انور کی زیارت کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا کہ مجھے میرے والد گرامی حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے بتایا:

مَنْ زَارَ قَبْرَ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَارِفًا بِحَقِّهٖ كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ فِيْ عِلِّيِّيْنَ، وَقَالَ: اِنَّ حَوْلَ الْقَبْرِ الْحُسَيْنِ سَبْعِيْنَ اَلْفَ مَلَكٍ شَعْثًا غَبَرًا سَكُوْنَ عَلَيْهِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ ۔

کہ جو شخص حق کو پہچان کر امام حسین علیہ السلام کی قبر انور کی زیارت کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کو مقام علیین میں لکھ دے گا اور فرمایا کہ امام حسین علیہ السلام کی قبر انور کے اردگرد ستر ہزار فرشتے قیامت تک غبار آلود بالوں کے ساتھ روتے رہیں گے۔ (شعثاً، بکھرے ہوئے بال) ——— غبر اً ——— دھول سے اٹے ہوئے بال) (ذخائر العقبیٰ ص ۱۵۱ مطبوعہ مصر، نسخہ خزانہ تیموریہ)

مذکورہ حدیث شریف میں بھی ''علیہ السلام'' کا لفظ استعمال ہوا ہے اور پھر یہ بھی کہ جو امام حسین علیہ السلام کی قبر شریف کی زیارت کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کے اس فعل کو علیین کے اعلیٰ مقام پر لکھ دے گا۔ یاد رہے کہ ''عِلِّيِّيْنَ'' وہ مقام ہے جو جنتیوں میں سے اعلیٰ جنتی کو عطا فرمایا جائے گا اور قبر حسین علیہ السلام کا مقام ملاحظہ فرمائیں کہ ستر ہزار فرشتے جن کے بال بکھرے ہوئے اور غبار آلود ہوں۔ ان فرشتوں کی ایک ہی ڈیوٹی ہوگی کہ وہ امام حسین علیہ السلام کی قبر شریف کے اردگرد کھڑے ہو کر قیامت تک روتے رہیں۔ یہی ان

Marfat.com

کی اطاعت وعبادت ہے۔

میں اس یزید کے طرف دار مولوی سے پوچھتا ہوں کہ حسین کریم کے مصائب وآلام پر رونا ثواب ہے یا نہیں۔ اگر بات ہے تو کبھی کبھی یاد حسین اور غم سیّدہ زینب علیہا السلام پر رولیا کر۔ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تجھ پر ضرور نظرِ رحمت فرمائیں گے۔ لیکن مجھے یقین ہے کہ یہ کام تجھ سے نہیں ہوگا۔ وہ اس لیے کہ یہ کام دردناک اور رقت انگیز ہے۔ اور یہ بھی کہ اس کا تعلق عقیدت ومَوَدّت سے ہے۔ اور دونوں چیزیں آپ کے مرشد گرامی رحمۃ اللہ علیہ نے تجھ سے واپس لے لی ہیں۔ وہ اس لیے کہ گندی اور پھٹی ہوئی زنبیلوں میں لعل وجواہرات نہیں رکھے جاتے۔

۴۹- اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی .

مولوی صاحب! آپ کیا یاد کریں گے۔ آپ نے کچھ حوالوں سے بغض اہلِ بیت میں ایک بات کہی ہے کہ صلوٰۃ وسلام بالاستقلال مکروہ ہے۔ سجدہ میں امام حسین علیہ السلام کی گردن پر نیزہ مارنے والے کی آنکھوں سے مشابہت رکھتی ہوئی چشمان کو پوری طرح وا کر کے دیکھیں مجھے یہ خوف ہے کہ آپ کی نگاہ حسرت آلود کہیں خیرہ نہ ہو جائے۔ اور آپ رقیب روسیاہ کی طرح تلپٹ نہ ہو جائیں۔ ہمسائیگی کا لحاظ کرتے ہوئے چھوڑ رہا ہوں ورنہ —— ویسے آپ سے متعلق مشہور یہ ہے۔

ہے بہت مشہور تیر خبث باطن، اس لیے
لوگ کہتے ہیں تیری ہمسائیگی اچھی نہیں

حضرت مالک بن یخامر رضی اللہ عنہ نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حدیث شریف بیان کی ہے کہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دو جہاں نے فرمایا:

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی اَبِیْ بَکْرٍ فَاِنَّہٗ یُحِبُّ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ ۔

اے اللہ! درود بھیج ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر، بے شک وہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کرتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی عُمَرَ فَاِنَّہٗ یُحِبُّ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ ۔

اے اللہ! درود بھیج عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر کیونکہ وہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کرتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی عُثْمَانَ فَاِنَّہٗ یُحِبُّ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ ۔

اے اللہ! درود بھیج عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر بے شک یہ محبت کرتا ہے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی عَلِیٍّ فَاِنَّہٗ یُحِبُّ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ ۔

اے اللہ! درود بھیج علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر اس لیے کہ وہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کرتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی اَبِیْ عُبَیْدَۃَ فَاِنَّہٗ یُحِبُّ اللّٰہُ وَرَسُوْلَہٗ ۔

اے اللہ! درود بھیج ابوعبیدہ پر بے شک یہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کرتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ فَاِنَّہٗ یُحِبُّ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ ۔

اے اللہ! درود بھیج عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر کہ یہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کرتا ہے۔

جلاء الافھام فی اصلاۃ و السلام علی خیر الانام (علامہ شمس الدین محمد بن ابی بکر المعروف ابن قیم خوریہ متوفی ۷۵۱ھ) ص ۲۸۳ مطبوعہ المکتبۃ الرضویۃ بالجامع بغدادی گل برگ فیصل آباد۔

Marfat.com

مولوی جی! اب کیا بنے گا۔ یہاں تو درود بھیجا جا رہا ہے اور وہ بھی فرداً فرداً بالاستقلال۔ ہوسکتا ہے یہ تمام حوالہ جات آپ کے علم میں ہوں اور بغض اہلِ بیت کی تپش سے مجبور ہو کر آپ ''علیہ السلام'' کے لفظ سے سیخ پا ہو کر طاغوت سے انعام حاصل فرماتے ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ پر رحم فرمائے۔ ایک اور ارشاد بھی سن لیں مزا آجائے گا۔

۵۰- دروازہ خیبر

حضرت علامہ نظام الدین حسن بن محمد حسین نیشا پوری رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر میں (تفسیر غرائب القرآن ورغائب الفرقان) میں حدیث مولا علی بیان فرماتے ہیں۔

يَقُوْلُ عَلِيُّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَاللّٰهِ مَا قَلَعْتُ بَابَ خَيْبَرٍ بِقُوَّةٍ جَسَدَانِيَّةٍ ۔ وَلٰكِنْ بِقُوَّةٍ رَبَّانِيَّةٍ ۔

حضرت علی صلوات اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ خدا کی قسم میں نے دروازہ خیبر کو جسمانی قوت سے نہیں بلکہ ربانی قوت سے اکھاڑا ہے۔

(تفسیر غرائب القرآن ورغائب الفرقان (تفسیر نیشاپوری) علیٰ ھامش تفسیر ابن جریر ج ۱۵، ص ۱۲۸ مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت بن اشاعت ۱۹۸۷ء)

اس مقام پر بھی لفظ صلوٰۃ استعمال ہوا ہے۔ علامہ نیشاپوری پر فتویٰ لگانے کے لیے اپنے خنجر اور سنان وکماں تیز کر لیں تا کہ آئمہ اہلِ سنت سے کوئی بھی آپ سے بچ کر نہ جائے۔ جبھی تو طاغوتی قوتیں خیرات سے نوازیں گی۔ ہم بھی جھولی پھیلاتے ہیں۔ بوسیلہ رسول بارگاہِ خداوندی میں ـــــ شمس رضی اللہ تعالیٰ عنہ مرتضیٰ ـــــ اور قمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ علمدار کربلا کی جناب میں ـــــ ہم ان کے فقیر ہیں جو فقر کی کائنات کے مالک ہیں ہم ان ہستیوں کے بھکاری ہیں اور ہم آپ کی طرح مردود طریقت نہیں۔ ہم وفا ومحبت کے جہان میں رہنے والے اللہ کریم کے عاجز بندے ہیں۔

Marfat.com

دلوں کو دی ہے محبت کی روشنی ہم نے
رہ وفا میں گزاری ہے زندگی ہم نے
ہزار بار ہیں گرداب کرب سے گزرے
وقار جہد میں آنے نہ دی کمی ہم نے
بنام خضر ہمیں بادشاہی ملتی تھی
مگر نہ فقر کے بدلے قبول کی ہم نے

۵۱-حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔فرماتے ہیں کہ ایک عورت نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جناب میں عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم !مجھ پراور میرے شوہر پر درود بھیجیں۔

فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ وَعَلٰى زَوْجِكِ .

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تجھ پراور تیرے خاوند پر درود نازل فرمائے۔

مسند ابی یعلیٰ ج ۶،ص ۲۹۵ مطبوعہ دار الکتب العلمیۃ بیروت لبنان سن اشاعت ۱۹۹۸ء

کیوں حضرت! آنکھیں پوری کھلی ہیں یا پھر کربلا معلیٰ میں مخدرات حرم کے خیموں میں لوٹ مار کرنے والے اور سیّدہ اُمّ کلثوم علیہا السلام ''بنت علی علیہ السلام'' کے پازیب اتارنے والے کی لنجی (چندھی) آنکھوں کی طرح ابھی تک پہلی سی شکل وصورت میں ہیں۔

۵۲-علامہ ابن قیم نے ''جلاء الافھام''میں یہ حدیث بیان فرمائی ہے۔

فَاِذَا كَانَتِ الْمَلَائِكَةُ تَقُوْلُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ ''صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ'' جَازَ ذٰلِكَ اَيْضًا لِلْمُؤْمِنِيْنَ بَعْضَهُمْ لِبَعْضٍ .

Marfat.com

جب فرشتے مومنون کو ''صلی اللہ علیہ'' کہہ سکتے ہیں تو آپس میں مؤمنوں کا ایک دوسرے کو یہ کہنا بھی جائز ہے۔ (جلاء الافہام (ابن قیم) ص ۲۸۲ مطبوعہ مکتبہ رضویہ)

۵۳-حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے:

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلَآئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی الْمُتَسَحِّرِیْنَ ۔

کہ بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے سحری کھانے والوں پر درود بھیجتے رہتے ہیں۔ (نزھۃ المجالس ج اول ص ۱۷۲ مطبوعہ مکتبہ مصطفےٰ بابی، حلبی مصر سن اشاعت ۱۹۶۷ء)

۵۴-اہلِ بیت پر سلام

علامہ صفوری رحمۃ اللہ علیہ نے ''روض الافکار'' کے حوالے سے لکھا ہے کہ حضرت جبریل علیہ السلام اور حضرت ملک الموت علیہ السلام اور ایک فرشتہ جس کا نام اسمٰعیل علیہ السلام ہے ستر ہزار فرشتوں کے ساتھ اترے اور حضرت عزرائیل علیہ السلام دروازہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کھڑے ہوئے اور عرض کرنے لگے۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَھْلَ بَیْتَ النُّبُوَّۃ أَاَدْخَلَ وَلَابد من الدخول ۔

اے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھر والو! تم پر سلام ہو، مجھے گھر میں داخل ہونے کی اجازت ہے؟ کیوں کہ اندر آنا ضروری ہے۔

(یہ سن کر) رسول اللہ علیہ السلام نے فرمایا: یہ جماعتوں میں تفریق ڈالنے والا ہے (یعنی یہ موت کا فرشتہ ہے) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عزرائیل کو اندر آنے کی اجازت مرحمت فرمائی۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عزرائیل علیہ السلام سے دریافت فرمایا۔

این ترکت اخی جبرویل ۔

Marfat.com

(اے عزرائیل!) میرے بھائی جبریل علیہ السلام کو کہاں چھوڑا ہے؟
عزرائیل علیہ السلام نے عرض کیا۔ ''یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم!''

ترکته فی سماء الدنیا و الملائکة یعزونه فیك .

میں انہیں آسمان دنیا میں چھوڑ آیا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے متعلق فرشتے ان سے تعزیت کر رہے ہیں۔

تھوڑی دیر گزری تھی کہ حضرت جبریل علیہ السلام حاضر خدمت ہوئے اور عرض کیا۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ .

''اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ پر سلام ہو۔''

سلسلہ کلام کو جاری رکھتے ہوئے علامہ صفوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

یَا جِبْرِیْلُ بَشِّرْنِیْ .

اے جبریل! مجھے کوئی خوشخبری سناؤ۔

حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کیا۔

اَبْشِرْ فَاِنَّ الْجَنَّةَ قَدْ حُرِّمَتْ عَلٰی جَمِیْعِ الْاُمَمِ حَتّٰی تَدْخُلَهَا اَنْتَ وَاُمَّتِكَ .

آپ کے لیے خوشخبری یہ ہے کہ جب تک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت جنت میں داخل نہ ہو گی جنت تمام امتوں پر حرام ہے۔ (نزھۃ المجالس ج ۲، ص ۱۷۳ مطبوعہ مکتبہ مصطفیٰ البابی الحلبی مصر)

اوپر درج روایات و احادیث میں ''صلوٰۃ'' کا لفظ بھی ہے اور ''سلام'' کا لفظ بھی

Marfat.com

استعمال ہوا ہے۔ اور یہ دونوں مستقلاً برائے راست استعمال ہوئے ہیں۔ جس سے یہ امر واضح ہو گیا کہ اہلِ بیت اطہار کے ساتھ علیہ السلام کہنا مکروہ ہرگز نہیں۔ علماء کا اختلاف لفظ صلوٰۃ میں ہے سلام میں نہیں۔ وگرنہ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ جیسی شدت مآب شخصیت جو منکرین شانِ رسالت پر شدت کرنے کو عبادت کا درجہ دیتے تھے۔ منکر احمد پر شدت کیجئے۔ وہ اہلِ بیت اطہار پر سلام ہرگز نہ بھیجتے اور جو شخص یہ کہے کہ فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا ''سلام'' بالاستقلال نہیں وہ آدمی علم عروض سے ناواقف اور شعر مزاج سے نا آشنا ہے۔ غزل کا ہر شعر اپنے وزر و قافیہ کے دائرہ میں مستقل ہے۔ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ مصرع ثانی مصرع اولی کے تابع نہیں ہوتا۔ دنیائے شاعری میں استعاروں اور تشبیہات سے کام چلتا ہے اور شعر اپنے اندر ایک اپنی الگ دنیا رکھتا ہے۔ ایک بات یاد رہے جہاں مشبہ مذکورہ ہو اور مشبہ بہ متروک ہو تو اسے استعارہ بالکنایہ کہا جاتا ہے۔ مثلاً مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ کے ایک شعر کا مصرع ہے۔

آتش، ابراهیم رادنداں نه زد ۔

نمرود کی آگ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر دانت نہیں چلائے۔

''دنداں نہ زد'' کے لفظ سے ظاہر ہے کہ آگ کو درندہ سے تشبیہ دی گئی ہے۔ ساری دنیا جانتی ہے کہ آگ کے دانت نہیں ہوتے اور اس مقام پر مشبہ کا ذکر ہے۔ مشبہ بہ کا ذکر نہیں ہے۔ یہ بات چمڑتوں قسم کے مولوی کیا جانیں۔ ایک اسی قسم کے مولوی صاحب نے اپنے پیر و مرشد سے سفر میں جانے کی اجازت چاہی۔ انہوں نے فرمایا اس سفر میں مجھے رستہ میں کیچڑ نظر آ رہا ہے۔ اس مولوی نے اس بات کو نہ سمجھتے ہوئے کہا۔ میں نے پیدل نہیں ہوائی جہاز میں سفر کرنا ہے۔ وہاں کیچڑ کہاں! میں اس مولوی کو ذاتی طور پر جانتا

Marfat.com

ہوں۔ وہ آج تک دلدل میں پھنسا ہوا ہے جس کیچڑ میں وہ پھنسا ہوا ہے وہ خاندان نبوت کے ساتھ بغض وعناد کی دلدل ہے۔ جس سے نکلنا تقریباً ناممکن نظر آتا ہے۔

۵۵-عَلَیْہِ السَّلَامُ ـــــ اور شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ محدث دہلوی

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں تحفہ اثنا عشریہ میں کسی جگہ صلوٰۃ بالاستقلال غیر انبیاء کے حق میں نہیں لکھا گیا البتہ لفظ ''علیہ السلام'' حضرت امیر المومنین وحضرت سیّدۃ النساء وجناب حسنین ودیگر آئمہ کے حق میں مذکور ہے اور اہلسنّت کا یہی مذہب ہے کہ صلوٰۃ بالاستقلال غیر انبیاء کے حق میں درست نہیں اور لفظ سلام کو غیر انبیاء کی شان میں کہہ سکتے ہیں۔

(فتویٰ عزیزی ص ۲۶۰ مطبوعہ ایچ ایم سعید کمپنی کراچی)

۵۶-اِمَامُ زَیْنِ الْعَابِدِیْنَ عَلَیْہِ السَّلَامُ

دوسرے صاحبزادے علی اوسط امام زین العابدین علیہ السلام تھے، آپ اس وقت بیمار تھے۔ (ایضاً ص ۲۶۲)

۵۷-عَلِیٌّ عَلَیْہِ السَّلَامُ ـــــ امام ابوالمؤید مکی حنفی

''امام علامہ ابوالمؤید موفق بن احمد بن محمد مکی حنفی، خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۵۶۷ھ نے اپنی کتاب میں ایک حدیث شریف نقل فرمائی ہے۔

خَلَقَ اللّٰہُ مِنْ نُوْرِ وَجْہِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ عَلَیْہِ السَّلَامُ سَبْعِیْنَ اَلْفَ مَلَکٍ یَسْتَغْفِرُوْنَ لَہٗ وَلِمَحَبَّتِہٖ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ ۔

اللہ تعالیٰ نے علی بن ابی طالب علیہ السلام کے چہرے کے نور سے ستر ہزار فرشتوں کو پیدا فرمایا ہے جو علی اور آپ کے ساتھ محبت کرنے والوں کے

Marfat.com

لیے قیامت تک استغفار کرتے رہیں گے۔

(مقتل الحسین للخوارزمی ج اول، ص ۷۸ مطبوعہ دارانوار الھدیٰ قم)

۵۸-فتاویٰ عزیزی میں

کہ امام زین العابدین بن حسین علیھا السلام و علی آباۂ الکرام

(فتاویٰ عزیزی ص ۲۹۸ مطبوعہ سعید کمپنی کراچی)

۵۹- عَنْ اَبِیْ فَاخِتَةَ ۔ عَنْ عَلِیٍّ عَلَیْهِ السَّلَامُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ (وَآلِهٖ) وَسَلَّمَ، لِفَاطِمَةَ عَلَیْهَا السَّلَامُ اِنِّیْ وَاِیَّاكَ وَهٰذَا یَعْنِیْ، عَلِیٍّ وَّ هٰذَیْنِ ۔ لَعْنِیْ، اَلْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ ۔ یَوْمَ الْقِیَامَةِ فِیْ مَكَانٍ وَّاحِدٍ ۔

جناب ابوفاختہ حضرت علی علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سیّدہ فاطمہ علیہا السلام سے فرمایا۔ بے شک میں اور تم اور یہ علی علیہ السلام اور یہ دونوں یعنی حسن و حسین قیامت کے دن ایک مکان میں ہوں گے۔ (مقتل الحسین للخوارزمی ج اول، ص ۹۶ مطبوعہ قم)

۶۰-الفصول المھمة

امام علامہ فھامہ علی بن محمد بن احمد مالکی مکی المعروف ابن صباغ مالکی متوفی ۸۵۵ھ نے اپنی عظیم کتاب ''المعصول المھمه فی معرفة احوالآئمة علیھم السلام'' میں حدیث نقل فرمائی ہے جس کے راوی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما ہیں۔ فرماتے ہیں کہ رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے

نظر الیٰ علی بن ابی طالب علیه السلام ۔ فقال له انت سیّد فی الدنیا و سیّد فی الاٰخرة ۔

Marfat.com

حضرت علی بن ابی طالب علیہ السلام کی طرف دیکھا اور ان سے فرمایا۔ تم دنیا میں بھی سیّد ہو اور آخرت میں بھی سیّد ہو۔

(المفصول المھمۃ فی معرفۃ احوال الآئمۃ ۱۲۸ مطبوعہ مطبعۃ العدل فی النجف سن اشاعت ۱۳۷۵ھ)

۶۱۔ قدوۃ العارفین حضرت امیر سیّد علی بن شہاب ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب "مودۃ القربیٰ" میں لکھتے ہیں۔

عَنِ الْاِمَامِ جَعْفَرَ الصَّادِقِ عَنْ اٰبَائِہٖ عَلَیْھِمُ السَّلَامُ ۔

حضرت امام جعفر صادق نے اپنے آبا علیہم السلام سے روایت کیا۔

(مودۃ القربیٰ ص ۵ مطبوعہ مؤسسۃ الاعلمی بیروت)

۶۲۔ فِیْ فَضَائِلِ اَھْلِ الْبَیْتِ عَلَیْھِمُ السَّلَامُ

فضائل اہلِ بیت علیہم السلام میں۔ (حوالہ ایضاً ص ۱)

۶۳۔ اَلْمُوَدَّۃُ الثَّانِیَۃُ فِیْ فَضَائِلِ اَھْلِ الْبَیْتِ جُمْلِہٖ عَلَیْھِمُ السَّلَامُ

مودّت ثانیہ جملہ اہلِ بیت علیہم السلام کے فضائل میں۔ (حوالہ ایضاً ص ۳)

۶۴۔ حضرت سیّد امیر علی ھمدانی قدس سرہ العزیز لکھتے ہیں:

وَعَنِ الْاِمَامِ الْبَاقِرِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ (امام زین العابدین) عَنْ اٰبَائِہٖ عَلَیْھِمُ السَّلَامُ ۔ (مودۃ القربیٰ ص ۶ مطبوعہ مؤسسۃ الاعلمی للمطبوعات بیروت، لبنان)

۶۵۔ قاضی پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر میں حدیث نقل فرماتے ہیں۔

عَنْ عَلِیٍّ عَلَیْہِ السَّلَامُ قَالَ وَھَبَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ (وَآلِہٖ) وَسَلَّمَ غُلَامَیْنِ اَخَوَیْنِ فَبِعْتُ اِحْدَھُمَا ۔ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ (وَآلِہٖ) وَسَلَّمَ یَا عَلِیُّ مَا فَعَلَ غُلَامُكَ فَاَخْبَرْتُہٗ، قَالَ: رَدُّہٗ رَدُّہٗ ۔

Marfat.com

حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دو غلام عطا فرمائے جو آپس میں دونوں بھائی تھے میں نے ان میں سے ایک کو بیچ دیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تیرے غلام کا کیا ہوا؟ علی فرماتے ہیں۔ میں نے اس کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مطلع کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے حکم فرمایا اسے ضرور واپس لوٹا لو۔ (تفسیر مظہری ج ۷، ص ۳۳۰ مطبوعہ دار احیاء التراث بیروت لبنان)

۶۷- مفسر قرآن علامہ حسین کاشفی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب روضۃ الشہداء میں جگہ جگہ علیہ السلام لکھتے ہیں۔

۶۸- دربعضے از احوال سیّدۃ النساء فاطمہ زہرا علیہا السلام ۔ (روضۃ الشہداء ص ۱۱۷ مطبوعہ خیابان بوذر تہران)

۶۹- در بیان فضائل امام حسن علیہ السلام (ایضاً ۱۷۴)

۷۰- اخلاق ستودہ واوصاف پسندیدہ امام حسین علیہ السلام (ایضاً ص ۱۹۶)

۷۱- و ابن بابویہ در کتاب آل از حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام (حوالہ ایضاً ص ۱۲۲)

ہوسکتا ہے کہ ''میزان الکتب'' کے مصنف کی طرح کوئی بغض اہلِ بیت کا مارا ہوا حضرت علامہ حسین کاشفی علیہ الرحمہ کو شیعہ کہہ دے لیکن ہم سیالویوں کی طبیعت میں کسی قسم کا تکدر نہیں آئے گا کیوں کہ ہم سیالویوں کے اعلیٰ حضرت حضور شمس العارفین پیر سیال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے علامہ حسین کاشفی کی تفسیر حسینی کے مرأۃ العاشقین میں کئی حوالہ جات بیان فرماتے ہیں لہٰذا ہم ان کی تحریروں پر اعتماد کرتے ہیں۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ ہم شمس

Marfat.com

العارفین پیر سیال سے زیادہ عالم کسی کو نہیں جانتے۔

۷۲- حضرت علامہ یوسف بن اسمٰعیل نبھانی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب "الشرف المؤبد لآل محمد" میں ایک روایت بیان فرماتے ہیں جس کا درمیانی حصہ نقل کیے دیتا ہوں۔

فَقَامَ مَالِكُ بْنُ عَجْلَانَ وَاَوْ مَا اِلَى الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلَامِ قَالَ: هَا هُوَذَا اَبُوْهُ عَلِيُّ بْنُ اَبِىْ طَالِبٍ ۔ وَاُمُّهٗ فَاطِمَةُ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ (وَآلِهٖ) وَسَلَّمَ ۔ وَجَدَّتُهٗ خَدِيْجَةُ بِنْتِ خُوَيْلَدٍ ۔ وَجَدُّهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ (وَآلِهٖ) وَسَلَّمَ ۔ وَعَمُّهٗ جَعْفَرُ الطَّيَّارُ فِى الْجَنَّةِ، وَ عَمَّتُهٗ اُمُّ هَانِىْ بِنْتِ اَبِىْ طَالِبٍ ۔ وَاَخْوَالُهٗ وَخَالَاتُهٗ اَوْلَادُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ (وَآلِهٖ) وَسَلَّمَ ۔

(ایک سوال کے جواب میں) حضرت مالک بن عجلان رضی اللہ عنہ نے اٹھ کر امام حسن علیہ السلام کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا (امام حسن وہ ہستی معظم ہیں کہ) جن کے والد گرامی حضرت مولا علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ الکریم ہیں۔ ان کی والدہ مکرمہ سیّدہ فاطمۃ الزہراء رسول خدا کی بیٹی ہیں۔ ان کی نانی خدیجۃ الکبریٰ طاہرہ بنت خویلد سلام اللہ علیہا ہیں۔ ان کے نانا جان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔ ان کے چچا حضرت جعفر طیار جنت میں اڑنے والے ہیں۔ ان کی پھوپھی حضرت اُمّ ہانی بنت ابی طالب ہیں۔ ان کے ماموں اور ان کی خالائیں رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد ہیں۔ (الشرف المؤبد لآل محمد ص ۸۸ مطبوعہ مکتبہ مصطفیٰ بابی مصر)

بہتر ۷۲- کے عدد پر حوالہ جات کا سلسلہ ختم کرتے ہیں اور پوچھ لیتے ہیں کسی مفتی

Marfat.com

بے بضاعت اور ارتداد طریقت کا ارتکاب کرنے والے سے کہ ان تمام حوالوں کی موجودگی میں اور آئمہ تفسیر وحدیث میں سے کس کس پر فتویٰ صادر فرماؤ گے۔ کس کس کو مکروہات کا مرتکب کہو گے۔ جن آئمہ کے حوالے پیش کیے گئے وہ علوم وفنون کے جہان میں یدطولیٰ رکھتے ہیں۔ آپ جس باغ کی مولی ہیں وہ سب پر عیاں ہے۔ میرے خیال میں اس باغ کی آب یاری مروانیوں کی کارستانی لگتی ہے۔ اگر یہ سچ ہے تو پھر اہلِ بیت کے ساتھ بغض رکھنا آپ کا حق وراثت ہے۔ دنیائے دوں کی کوئی عدالت بھی آپ کے اس ورثہ کے خلاف فیصلہ نہیں سنا سکتی۔

صحابہ کرام کا ایک انوکھا عمل

یہاں ایک ایسی روایت بیان کرنے چلا ہوں ـــــ عشق ومحبت ـــــ تعظیم ومؤدّت کی ایک ایسی نوری داستان ہے ـــــ جو اہلِ ایمان کے لیے طمانیت قلبی اور منافقوں کے لیے سوہان روح کا باعث ہوگی۔ وہ یوں ہے کہ علامہ صفوری (عبدالرحمٰن بن عبدالسلام شافعی) رحمۃ اللہ علیہ نے ''الزھرالفائح'' کے حوالے سے نقل فرمایا ہے:

اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہِ عَلَیْہِ (وَآلِہٖ) وَسَلَّمَ ۔ اَمَرَ اَصْحَابَہٗ یَوْمَ خَیْبَرَ اَنْ یَّمْتَحِنُوْا اَوْلَادَھُمْ بِحُبِّ ابْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ ۔ فَاِنَّہٗ لَا یَدْعُوْا اِلٰی ضَلَالَۃٍ وَلَا یَبْعُدُ عَنْ ھُدًی فَمَنْ اَحَبَّہٗ فَھُوَ مِنْکُمْ وَمَنْ اَبْغَضَہٗ فَلَیْسَ مِنْکُمْ ۔ قَالَ اَنَسٌ فَکَانَ الرَّجُلُ بَعْدَ ذٰلِکَ یَقِفُ عَلٰی طَرِیْقِ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ ۔ وَیَقُوْلُ یَا بُنَیَّ اَتُحِبُّ ھٰذَا؟ فَاِنْ قَالَ نَعَمْ قَبِلَہٗ وَاِنْ قَالَ لَا طَلَّقَ اُمَّہٗ وَ تَرَکَہٗ مَعَھَا ۔

کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خیبر کے دن اپنے اصحاب سے ارشاد

Marfat.com

فرمایا تھا کہ تم اپنی اپنی اولاد کا ''(علی)'' ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے بارے میں امتحان لو! کیونکہ وہ گمراہی کی طرف کسی کو نہیں بلاتے۔ اور نہ وہ ہدایت سے دور ہوں گے۔ جو ان سے محبت کرے گا وہ تم میں سے ہے۔ اور جو ان سے دشمنی کرے گا وہ تم میں سے نہیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ اس کے بعد آدمی علی کرم اللہ وجہہ کے راستہ پر کھڑے رہتے تھے اور اپنے لڑکوں سے (علی کی طرف اشارہ کر کے) پوچھتے تھے کہ اے بیٹا! تجھے اس سے محبت ہے؟ اگر اس نے ''ہاں'' کہہ دیا تو اس کو قبول کر لیتے اور اگر اس نے ''نہیں'' کہہ دیا تو اس کی ماں کو طلاق دے دی اور لڑکے کے ساتھ اس کی ماں کو بھی چھوڑ دیا۔ (نزھۃ المجالس ج ۲، ص ۲۲۰ مطبوعہ مصطفٰے البابی الحلبی مصر)

قارئین عظام! آپ اس حدیثِ مبارکہ کے مفہوم و معانی کو ذہن میں رکھ کر سوچیں کہ صحابہ و تابعین رضی اللہ عنہم ایسا کیوں کرتے تھے۔ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے فرمایا کہ اپنی اولاد کو علی علیہ السلام کی محبت سے متعلق آزماؤ۔ تو صحابہ و تابعین نے یہ طریقہ استعمال کیا تاکہ پتہ چل جائے کہ یہ اولاد حلالی ہے یا حرامی۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے ''نہیں'' کہنے پر ان کی ماں کو طلاق دے کر بچوں کو چھوڑ دیتے۔ اس سے معلوم ہوا حلال زادے علی سے محبت کرتے ہیں اور حرامی علی کے ساتھ بغض رکھتے ہیں اور صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین منافقین کو علی کی وجہ سے پہچان جاتے تھے۔ جو علی کا ذکر سن کر خوشی کا اظہار کرتا وہ مومن اور جو ذکر علی سن کر بیزاری کا اظہار کرتا وہ منافق۔

علی کریم پر سلام بھیجنے سے منع کرنے والا خود فیصلہ کرے کہ وہ کس زمرہ میں آتا ہے۔ حلالی ہے یا حرامی۔ مومن ہے یا منافق۔ سوچنے کی بات یہ ہے کہ رسول معظم صلی اللہ علیہ

Marfat.com

وآلہ وسلم کے فرمان کے مطابق مسلمان جب قبرستان کے پاس سے گزرتا ہے تو کہتا ہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَهْلَ الْقُبُوْرِ ۔

اے قبروں والو! تم پر سلام ہو۔

قبروں والوں پر سلام بھیجتے وقت رگ ملائیت نہیں پھڑکتی تو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھر والوں پر سلام بھیجنے سے یہ افراس ناہنجار سیخ پا کیوں ہو جاتے ہیں۔ان کی حقیقت سے پوری طرح واقفیت حاصل کرنے کے لیے ایک اور حدیث دیکھیں کہ یہ لوگ اپنے اندر کیسی کیسی صفات رکھتے ہیں۔آپ اس حدیث کو دیکھ کر حیرت زدہ ہو جائیں گے۔

امام جعفر صادق علیہا السلام کی حدیث

امام مجد الدین ابی السعادت المبارک بن محمد جزری رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب ''النهاية فی غريب الحديث و الاثر'' میں ایک روایت نقل فرماتے ہیں سنیں اور کانوں کو ہاتھ لگائیں۔

وَفِیْ حَدِيْثِ جَعْفَرِ الصَّادِقِ: لَا يُحِبُّنَا ذُوْ رَحِمٍ مَنْكُوْسَةٍ ۔ قِيْلَ: هُوَ الْمَأْبُوْنَ لِاَنْقِلَابِ شَهْوَتِهٖ اِلٰى دُبُرِهٖ ۔

امام جعفر صادق علیہ السلام کی حدیث میں ہے کہ ہم سے (یعنی خاندان نبوت سے) وہ شخص محبت نہیں رکھے گا جو اوندھا پڑا کرتا ہے (یعنی مفعول، علت انبہ کا عادی، خلاف فطرت کام کرنے والا) یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہ اغلام بازی (یعنی خلاف فطرت کا مرتکب) جو اپنی شہوت کو ذکر و فرج سے دبر (جائے پاخانہ) کی طرف منتقل کر دے۔

---

۱ النهاية فی غريب الحديث و الاثر ج ۲، ص ۹۴ ۷ مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت، لبنان سن اشاعت ۲۰۱۱ء

۲ ذكره ابوموسیٰ فی ''المجموع المغيث'' ج ۳، ص ۳۵۱ وذكره ابن الاثير فی ''منال الطالب'' ص ۳۶۵

Marfat.com

ایضاً علامہ وحیدالزماں

غیر مقلدین کے امام وپیشواء جناب علامہ وحیدالزماں اپنی عظیم کتاب ''لغات الحدیث'' میں ارقام فرماتے ہیں۔امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

لَا یُحِبُّنَا ذُوْ رَحِمٍ مَنْکُوْسَۃٍ ۔

ہم سے وہ شخص محبت نہیں رکھے گا جو اوندھا پڑا کرتا ہے۔

منکوسۃ: یہ لفظ اسی طرح لغات حدیث مطبوعہ میر محمد کتب خانہ کراچی میں بھی اسی طرح ہے۔صرف نعمانی کتب خانہ لاہور میں ''منکوسۃ'' کی بجائے ''منکومۃ'' لکھا ہے اور ممکن ہے یہ کتابت کی غلطی ہو اور یہ بھی ممکن ہے کہ یہ لفظ جان بوجھ کر لکھ دیا ہو۔اگر ایسا ہے تو یہ حدیث کے ساتھ بہت بڑی بددیانتی ہے۔اس کو ٹھیک کر کے لکھیں!

(لغات الحدیث ج ۴،ص ۴۱۲ مطبوعہ نعمانی کتب خانہ لاہور سن اشاعت ۲۰۰۵ء'لغات الحدیث ج ۴،ص ۱۴۴ مطبوعہ میر محمد کتب خانہ آرام باغ کراچی)

مندرجہ بالا دونوں روایتوں اور حوالوں پر تبصرہ کرنا اسلامی اقدار اور مزاج چشتیت کے مطابق نہیں سمجھا تا اور صفحہ قرطاس پر گندگی کے چھینٹے نہیں پڑنے دیتا اور یہ بات کہ منافق علی علیہ السلام سے کبھی بھی محبت نہیں کرسکتا اور مومن علی کرم اللہ وجہہ سے بغض نہیں رکھ سکتا۔یہ روز روشن کی طرح واضح ہے۔دشمنان اہلِ بیت اپنے سطحی نظریات پر نظر ثانی کریں۔خاندان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وفا کریں اور بے وفائی نہ کریں۔وہ اس لیے کہ

ظلم بھی ظلمات بھی ہیں بے وفا
اندھی کالی رات بھی ہیں بے وفا

بے وفائی زہر بھی ہے قہر بھی — حاصل آفات بھی ہیں بے وفا
بے وفائی موت ہے ایمان کی — کفر کے اثرات بھی ہیں بے وفا
بے وفائی اہلِ کوفہ کی ادا — شام کی سوغات بھی ہیں بے وفا

Marfat.com

نیچ دیتے ہیں شہیدوں کا لہو دشمنوں کی گھات بھی ہیں بے وفا
ہے غلامی بے وفائی کا ثمر قاتل سادات بھی ہیں بے وفا

بے وفا ہیں دور خضر راہ سے
رہزنوں کے ساتھ بھی ہیں بے وفا

شاعری کی زبان میں

ان معاندین اہلِ بیت اطہار ـــــ خوارج اور نواصب ـــــ اور راسبی قسم کے مولویوں سے تو ایک پنجابی زبان کے مشہور شاعر حضرت دائم اقبال دائر علیہ الرحمہ بازی لے گئے۔ اہلِ بیتِ رسول کے ناموں کے ساتھ ''علیہ السلام'' کی مخالفت کرنے والے اور اس امر کو مکروہ قرار دینے والے اور بغض وعناد کے مارے ہوئے مولویوں کے پھولے ہوئے رخساروں پر شاعری کا ہلکا سا ایک تھپڑ رسید فرما گئے ہیں۔ مرحوم بھی اپنے گردونواح کے مولویوں کی فتویٰ بازی کا شکار رہے ہیں۔ ان کی یہ مندرجہ ذیل رباعی لطیف بھی ہے اور لطیفہ بھی۔ ان کی رباعی دیکھیں! اور پھر ان خطیبوں کے منہ بھی دیکھیں تو کافی محظوظ ہوں گے۔ حضرت دائم لکھتے ہیں۔

رباعی

حضرت عشق علیہ السلام دے سر، سجیا تاج دو جگ دی شاہی دا اے
ازلی حسن نورؐ علیٰ نور صدقے، بنیا ڈھو، آہ صبحگاہی دا اے
تختی دل دی تے سطراں لکھنے آں، علم، حلم سب وصل آگاہی دا اے
رہسی روشن بس دائم اقبال دائم عذر ککھ نہ ظلمت سیاہی دا اے

(نام کتاب۔ شاہ پری ص ۲۸۹)

Marfat.com

آخر میں

اس بحث کا مقصد آج کل کے معانعین حضرات کی تسلی کے لیے آئمہ تفسیر وحدیث کے حوالہ جات پیش کررہے ہیں۔ اہلسنّت کا موقف یہ ہے کہ اہلِ بیت اطہار کے ناموں کے ساتھ ''علیہ السلام'' بھی کہنا جائز ہے۔ ''رضی اللہ عنہ'' بھی کہنا جائز ہے۔ کیونکہ یہ دونوں نص قرآنی سے ثابت ہیں۔ جن مفسرین ومحدثین نے اہلِ سنت ان پاک ناموں کے ساتھ ''علیہ السلام'' لکھا ہے۔ انہوں نے ان ناموں کے ساتھ ''رضی اللہ عنہ'' بھی لکھا اور جولوگ اس امر میں شور مچاتے ہوئے سختی کے ساتھ اس کو منع کرتے ہیں وہ غلطی پر ہیں۔ جب اس مسئلہ سے متعلق گفتگو فرماتے ہیں تو ان کے منہ سے بغض اہلِ بیت کی بدبو آتی ہے۔ جو معطر ماحول کو پراگندہ کردیتی ہے۔ اس لیے مانعین حضرات سے گزارش ہی کرسکتا ہوں کہ اگر دامن میں کچھ نیکیاں ہیں تو ان کو ضائع نہ کرو۔ رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھر والوں کے ساتھ کوفیوں والا سلوک نہ کرو۔ وہ آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تلواروں اور نیزوں سے گھائل کرتے تھے اور تم لوگ اپنے قلم سے ایسا کررہے ہو۔ اپنی زبانوں کو قابو میں رکھو۔ خاتون قیامت کی نوری بارگاہ نہایت نازک بارگاہ ہے۔ اگر یوں ہی بے باکیاں کرتے رہے تو مارے جاؤ گے۔ روز محشر سر پر ہے ہوش سے کام لو! ایسی باتوں سے پرہیز کرو جن کو سن کر لوگ باتیں بناتے رہیں۔ اگر اجازت ہو تو شاعری کی زبان میں دو تین باتیں میں بھی کرلوں۔ تو سنو!

Marfat.com

سدا رہتی ہیں بلبل کی زباں پر
گل رعنا کی رعنائی کی باتیں
سر منبر بھی کر جاتا ہے واعظ
بسا اوقات رسوائی کی باتیں
پکار اٹھتے ہیں اہلِ عقل و دانش
ہیں کچھ کچھ ٹھیک سودائی کی باتیں
قفس کی ہر طرف تاریکیاں ہیں
نہ پوچھو قید تنہائی کی باتیں
عجب ہے، کس زباں سے کہہ رہا ہے
میرا قاتل مسیحائی کی باتیں
خضر یہ نفسانفسی کا ہے عالم
سنے گا کون؟ شیدائی کی باتیں

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سیّدنا ومولانا امیر المومنین
علی المرتضٰی کرم اللہ وجھہ

سیّد الاَولیاء، زوجِ خیر النساء — گوہرِ کبریا، مولا مشکل کشاء
جس کی تلوار نے ٹکڑے مرحب کیا — اس کی تیغِ جلالت کی کیا بات ہے

(خضر)

نام

شہنشاہِ ولایت ـــ سرتاپا شجاعت ـــ بحرِ سخاوت ـــ پرتَو دستِ قدرت ـــ صاحبِ کرامات ـــ پیکرِ کمالات ـــ مولائے کائنات ـــ قاتلِ کفار ـــ صاحبِ ذُوالفقار ـــ کرم اللہ وجہہ کے اسمائے گرامی یہ ہیں ـــ :

اَسَدُ ـــ حَیْدَر ـــ عَلِیّ ـــ زَیْد ـــ اسد اور حیدر ـــ عَرَبی زبان میں شیر کو کہتے ہیں ـــ جناب ابنِ عَرَبی کا قول ہے کہ حضرت علی المرتضٰی کرم اللہ وجہہ کا قول ہے کہ حضرت علی المرتضٰی کی ولادت کے وقت حضرت ابوطالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ گھر پر موجود نہیں تھے ـــ اور جب آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پیدا ہوئے تو آپ کی والدہ ماجدہ فاطمہ بنتِ اَسد نے اپنے والد کے نام پر اپنے بیٹے کا نام اَسَد رکھا تا کہ اُن کے والد کا نام ـــ آپ کے ذریعے سے زندہ رہے۔

فَلَمَّا قَدِمَ اَبُوْہُ سَمَّاہُ عَلِیًّا ۔

Marfat.com

جب حضرت ابوطالب تشریف لائے تو آپ نے ان کا نامی علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ رکھا۔ (الیواقیت لابی عمر الزاہدی بحوالہ ارجح المطالب ص ۱۹)

☆ —— جناب عطا فرماتے ہیں —— کہ حضرت علی علیہ السلام کی والدہ ماجدہ سلام اللہ علیہا نے آپ کا نام —— حَیْدَرْ —— رکھا تھا —— اور اس کی دلیل یہ دیتے ہیں —— کہ غزوۂ خیبر کے روز آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مرحب کے جواب میں اپنے رجز میں یہ فرمایا تھا ——

اِنَّ الَّذِیْ سَمَّتْنِیْ اُمِّیْ حَیْدَرَة ۔

میں وہ ہوں کہ میری ماں نے میرا نام —— حیدر —— (شیر) رکھا ہے۔

(تذکرۃ الخواص الائمہ (سبط ابن جوزی) ص ۱۵)

☆ —— جناب حافظ برہان الدین علی حلبی شافعی اپنی شہرہ آفاق کتاب سیرت حلبیہ میں لکھتے ہیں —— کہ حضرت علی المرتضیٰ نے اپنے رجز اپنے آپ کو —— حیدر —— اس لیے کہا تھا —— کہ آپ کو کشف کے ذریعے معلوم ہو گیا تھا ——

فَاِنَّ مَرْحَبًا کَانَ رَاٰی فِیْ تِلْکَ اللَّیْلَةِ فِی الْمَنَامِ اَنَّ اَسَدًا اِفْتَرَسَهٗ فَذَکَرَهٗ عَلِیٌّ کَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ بِذٰلِکَ لِیُخْفِیَهٗ وَیَضْعِفَ نَفْسَهٗ ۔

(تذکرۃ الخواص الائمہ ص ۱۵ (سبط ابن جوزی ص)

کہ اسی رات مرحب نے خواب میں دیکھا تھا کہ اس کو ایک شیر نے پھاڑ ڈالا ہے، بس حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ نے اس کو خوف دلانے کے لیے اس بات کا ذکر کیا کہ میں وہ شیر ہوں جسے تو نے خواب میں دیکھا ہے۔

پنگوڑھے میں

جناب نجم الدین ابوبکر محمد ستلانی مرندی نے اپنی کتاب ''مناقب الاصحاب'' میں لکھا

Marfat.com

ہے ـــــ حضرت علی المرتضیٰ ابھی دودھ پیتے بچے ہی تھے ـــــ اور ایک دن اپنے گھر میں بالکل تن تنہا تھے ـــــ اور آپ کی والدہ ماجدہ کسی کام کے لیے گھر سے باہر تشریف لے گئیں تھیں ـــــ اور ان کا گھر مکہ میں پہاڑ کے پہلو میں تھا ـــــ ایک سانپ پہاڑ سے اترا، اور اس نے حضرت علی المرتضیٰ کو مارنا چاہا ـــــ حضرت علی المرتضیٰ نے ہاتھ بڑھا کر اس سانپ کو مضبوطی سے پکڑ لیا۔

فَمَا تَتْ فِیْ بِیَدِہٖ ۔

وہ سانپ آپ کے ہاتھ میں ہی مر گیا۔

اتنے میں آپ کی والدہ ماجدہ باہر سے تشریف لائیں ـــــ اور سانپ کو حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے ہاتھ میں مرا ہوا دیکھ کر فرمانے لگیں۔

حَیَّاكِ اللّٰہُ یَا حَیْدَرَۃُ لِذَالِكَ سُمِّیَ حَیْدَرَۃُ ۔

(سیرت حلبیہ ج ۳، ص ۳۸ مطبوعہ المکتبہ الاسلامیہ بیروت لبنان)

''اے میرے شیر! خدا تم کو زندہ رکھے اس لیے آپ کا نام حیدر مشہور ہو گیا۔''

Marfat.com

حیدر

جلالِ حضرتِ جبار حیدر
جمالِ سیّد الابرار حیدر

خدائے پاک کی تلوار حیدر نبی کے دین کی للکار حیدر
امیرِ مومناں، صدیق اکبر سخی، سید، ولی، سردار حیدر
شہید و شاہد و فاروقِ اعظم کمالِ احمدِ مختار حیدر
درِ خیبر سے یہ آواز نکلی ہے تنہا لشکرِ جرار حیدر
جسے کہتی ہے دنیا شیرِ یزداں وہی ہے حیدرِ کرار حیدر
غرورِ مرحبی اور کبرِ عنتر ملایا خاک میں یکبار حیدر
تری ضرب ید اللّٰہی سے اترے فنا کے گھاٹ سب کفار حیدر!
جہاں بھی ہیں سدا ہوتے رہیں گے ترے دشمن ذلیل و خوار حیدر

وہ چھوڑ آتا ہے پیچھے مشکلوں کو
خضر بخشے جسے رفتار حیدر

Marfat.com

علی علیہ السلام

کنزِ خالق کا ہے جو تابندہ گوہر وہ علی
ہے جو سلطانِ جہاں، جانِ پیمبر وہ علی
جو ولایت کی ولایت کا ہے سَروَر وہ علی
جو علوم باطنی کا ہے سمندر وہ علی

(خضؔر)

عَلِیٌّ

اسماءُ الحسنٰی ـــ (اللہ کریم کے پاک ناموں) میں سے ایک نام ہے ـــ جس کا معنٰی ـــ بلندی ـــ شَرافت ـــ رفعت ـــ عِزّت ـــ اور عَظمت کے ہیں ـــ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے پوچھا

جب سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو ولادتِ علی کی خبر پہنچی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اپنے چچا ـــ "ابوطالب" ـــ اور اپنی چچی جناب فاطمہ بنتِ اسد سے فرمایا ـــ اس کا نام کیا رکھا ہے؟ ـــ حضرت ابوطالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا ـــ میں نے اس کا نام ـــ زید ـــ اور اس کی ماں نے ـــ حیدر ـــ رکھا ہے ـــ حضور علیہ الصلوٰۃُ وَالسَّلامُ نے فرمایا ـــ اس کا نام ـــ علی ـــ رکھو جو عالی ہمتی کی خبر دے ـــ مولا علی کی والدہ نے عرض کیا ـــ خدا کی قسم مجھے غیب سے یہ آوازیں آتی تھیں

Marfat.com

کہ فاطمہ! ـــــ اس کا نام ''علی'' رکھو ـــــ مگر میں نے اس کو چھپائے رکھا۔

(اوراق غم (علامہ سیّد ابوالحسنات) روضۃ الشہداء ص ۱۲۷)

یہ بھی خیال رہے کہ علی المرتضٰی کرم اللہ وجہہ کے ـــــ علی ـــــ نام ہونے کی وجہ تسمیہ میں علماء کا اختلاف ہے۔

جناب مجاہد کہتے ہیں:

هُوَ اِسْمٌ سَمَّتْهُ بِهٖ اُمُّهٗ عِنْدَ وَلَادَتِهٖ .

کہ ان کی والدہ ماجدہ نے ان کی ولادت کے وقت ہی ان کا نام رکھا تھا۔

(تذکرۃ الخواص (علامہ ابن جوزی) ص ۱۵)

جناب ابن جوزی

علامہ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں ـــــ کہ جب حضرت علی ـــــ رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃُ وَ التَّسلِیم کے کندھوں پر کعبہ شریف میں نصب بت توڑنے کے لیے سوار ہوئے۔

سُمِّیَ عَلِیًّا مِنَ الْعُلُوِّ وَالرِّفْعَةِ وَ الشَّرْفِ .

''تو اس وقت شرف و رفعت اور بلندیٔ مقام کی وجہ سے آپ کا نام علی پکارا گیا۔''

(تذکرۃ الخواص (علامہ ابن جوزی) ص ۱۵)

گلہ بان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضرت ابوسلیمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ ـــــ جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گلہ بان (بکریاں اور دیگر مویشی چرانے والے) تھے ـــــ آپ روایت بیان فرماتے ہیں ـــــ کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ـــــ کہ شب معراج ربّ جلیل جل جلالہٗ نے ارشاد فرمایا ـــــ

Marfat.com

يَا مُحَمَّدُ مَنْ خَلَّفْتَ فِیْ اُمَّتِكَ قُلْتَ خَيْرُهَا .

یا محمد! (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تم اپنی امت میں اپنے پیچھے اپنی جگہ کسے چھوڑ آئے ہو (حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں) میں نے عرض کیا، ان کے بہتر اور برتر کو ـــــ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ـــــ عَلِیّ بْنِ اَبِیْ طَالِب کو! ـــــ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں ـــــ میں نے عرض کیا: ہاں، یاربّ اسی کو چھوڑ آیا ہوں ـــــ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! ـــــ میں نے زمین والوں کو اچھی طرح دیکھ کر آپ کو برگزیدہ کیا ـــــ اور اپنے ناموں میں سے ایک نام تمہارے لیے مشتق کیا ـــــ پس میں ـــــ محمود ـــــ ہوں ـــــ تو ـــــ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ـــــ ہے۔

پھر میں نے دوبارہ زمین کے لوگوں کو دیکھا ـــــ اور علی ابن ابی طالب کا انتخاب کیا ـــــ اور اس کے لیے ایک نام اپنے ناموں سے مشتق کیا۔

فَاَنَا الْاَعْلٰی، وَهُوَ عَلِیٌّ .

پس میں اعلیٰ ہوں، اور وہ علی ہے۔

پھر فرمایا ـــــ یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میں نے تم کو اور علی کو اپنے اصل نور سے تخلیق کیا ہے ـــــ اور تم دونوں کی ولایت کو آسمان اور زمین والوں کے سامنے پیش کیا۔

فَمَنْ قَبِلَهَا كَانَ عِنْدِیْ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ مَنْ جَحَدَهَا كَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ .

پس جس نے اس کو قبول کیا وہ میرے نزدیک مومن ٹھہرا ـــــ اور جس نے اِنکار کیا، وہ کافروں کے ٹولے میں بن گیا۔ (اخرجہ الخوارزمی) ارجح المطالب ص ۳)

Marfat.com

کاشفی

جناب کمال الدین حسین بن علی واعظ کاشفی رحمۃ اللہ علیہ اپنی مشہور ترین کتاب ''رَوْضَۃُ الشُّہَدَاءِ'' میں لکھتے ہیں ـــــ حضرت علی علیہ السلام کے والد اور والدہ کے درمیان مولا مرتضےٰ کے نام کے بارے میں تکرار ہونے لگی، آخر کار دونوں فیصلے کے لیے حرم شریف میں داخل ہوئے ـــــ جناب فاطمہ بنتِ اسد نے آسمان کی طرف نگاہ اٹھا کر یہ شعر کہا ـــــ

بَیِّنْ لَنَا بِحُکْمِكَ الْمَرْضِیِّ
مَاذَا تَرٰی مِنْ اِسْمِ ذَا الصَّبِیِّ

اے مالک! اس لڑکے کے نام کی نسبت جو کچھ تیری رضا ہو، مجھے اس سے آگاہ فرما۔

اتنے میں غیب سے ندا آئی ـــــ

فَاِسْمُهٗ مِنْ شَامِخٍ عَلِیٌّ
عَلِیٌّ اُشْتَقَّ مِنَ الْعُلٰی

یعنی اس کا نام علی ہے اور علی مشتق ہے العلیٰ سے۔ (روضۃ الشہداء ص ۱۲۷)

☆ ـــــ ''مناقبُ الاصحاب'' میں جناب نجم الدین ابوبکر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ ابوطالب نے کعبہ شریف کا پردہ پکڑ کر یہ شعر پڑھا تھا۔

کنیت

حضرت مولا علی المرتضےٰ کرم اللہ وجہہ کی چھ مشہور کنیتیں ہیں۔ جو درج ذیل ہیں۔

اَبُو الْحَسَنِ ـــــ اَبُو الْحُسَیْنِ

Marfat.com

اَبُوْ مُحَمَّدٍ ——— اَبُو الرَّیْحَانَتَیْنِ

اَبُو السَبْطَیْنِ ——— اَبُوْ تُرَابٍ

اَبُو الحَسَن

حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ کو یہ کنیت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو جہان نے عطا فرمائی تھی۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

لَوْ کَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا وَالْاَشْجَارُ اَقْلَامًا وَالْاِنْسُ کِتَابًا وَ الْجِنُّ حِسَابًا مَا اَحْصُوْا فَضَائِلَكَ یَا اَبَا الْحَسَنِ ۔

اگر تمام دریا سیاہی بن جائیں اور تمام درخت قلمیں بن جائیں، اور تمام انسان کاتب بن جائیں اور تمام جن گنتی اور جانچ پڑتال شروع کر دیں تو اے ابوالحسن! (علی علیہ السلام) تیرے فضائل کو شمار نہ کر سکیں گے۔

(''اخرجہ الدیلمی'' ارجح المطالب ص ۲۳' مطبوعہ حق برادرز انارکلی لاہور)

اَبُو الْحُسَیْنِ

مولا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ——— فرماتے ہیں ——— کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی ظاہری حیاتِ طیبہ میں ——— حسن مجھ کو ——— اَبُو الْحُسَیْن ——— اور حسین مجھ کو ——— اَبُو الْحَسَن ——— کہا کرتے تھے، اور مجھ کو اپنا باپ نہیں سمجھتے تھے بلکہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنا باپ جانتے تھے ——— اور جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ

مناقب خوارزمی موفق بن احمد بن محمد مکی خوارزمی متوفی ۵۸۶ھ ص ۴۰ مطبوعہ موسسۃ النشر الاسلامی قم تاریخ اشاعت ۱۴۲۵ھ (ارجح المطالب ص ۲۴ مطبوعہ حق برادرز انارکلی لاہور)

Marfat.com

وسلم کا وصال ہو گیا ـــــ تو ان دونوں نے مجھے ـــــ ابوالحسن ـــــ اور ابوالحسین ـــــ کہنا چھوڑ دیا۔

اَبُوْ مُحَمَّدٍ

جناب خوارزمی لکھتے ہیں کہ حضرت مولا علی ـــــ ابومحمد ـــــ کنیت سے پکارے جاتے تھے ـــــ کیونکہ ابن حنفیہ کا نام ـــــ محمد ـــــ تھا، جن کے پیدا ہونے کی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت علی کو بشارت دی تھی۔

اَبُو الرَّیْحَانَتَیْنِ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وصال سے تین روز قبل حضرت علی سے ارشاد فرماتے ہوئے سنا تھا۔

سَلَامٌ عَلَیْكَ یَا اَبَا الرَّیْحَانَتَیْنِ اُوْصِیْكَ بِرَیْحَانَتَیَّ فِی الدُّنْیَا فَعَنْ قَلِیْلٍ یَنْهَدُ رُكْنَاكَ وَاللّٰهِ خَلِیْفَتِیْ عَلَیْكَ ۔

سلام ہو تم پر، اے دو پھولوں کے باپ، میں تجھے اپنے دونوں پھولوں (حسن و حسین) کے لیے دنیا میں وصیت کرتا ہوں، عنقریب تیرے رکن جاتے رہیں گے، اللہ تعالیٰ میرے پیچھے تجھ پر نگہبان رہے ـــــ

جب سرکار علیہ الصلوٰۃ والسلام کا وصال ہو گیا۔

قَالَ عَلِیٌّ هٰذَا اَحَدُ الرُّكْنَیْنِ الَّذِیْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ (وَآلِهٖ) وَسَلَّمَ ۔

تو حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے فرمایا ـــــ

Marfat.com

(یعنی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام) یہ ان دونوں رکنوں میں سے پہلا رکن تھے ——
جس کی نسبت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا تھا۔
جب سیّدہ عالم زہراء بتول سلام اللہ علیہا کا انتقال ہو گیا۔

قَالَ هٰذَا الرُّكْنُ الْاٰخِرُ ۔

جناب علی علیہ السلام نے فرمایا: (یعنی فاطمہ رضی اللہ عنہا) یہ دوسرا رکن تھیں۔

(اخرجه احمد و ابوبکر بن مردویه بحوالہ ارجح المطالب ص ۲۴ مطبوعہ لاہور)

رُکن

مندرجہ بالا حدیث میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ فرمانا —— کہ اے علی! عنقریب تیرے دونوں رکن تجھ سے جدا ہو جائیں گے —— اس سے خود سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات اور خاتون قیامت کی ہستی پاک مراد ہے —— رُکن —— عربی کا لفظ ہے —— اس کا معنٰی ہے۔

—— رکن —— عزت —— قوت —— غلبہ ——

بہت بڑا معاملہ —— کے معنوں کو بھی اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہے۔

☆ —— اوپر والی حدیثِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم —— اور اس لفظ رکن کے معنوں پر بھی غور فرمائیں —— اور پھر قاتل مرحب اور ابن عبدود۔

—— اور قیامت کے دن لوائے حمد کو اٹھانے والے —— اسد اللہ الغالب، علی بن طالب کی قوتوں کا جائزہ لیں —— اور سوچیں کہ علی علیہ السلام شیرِ خدا نے قوتیں کہاں کہاں سے حاصل کیں —— تو آپ کے تصور میں دروازۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم —— اور صحن بتول آئے گا —— روحانی اور جسمانی قوتیں مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دروازے سے —— سکون وطمانیت کی قوتیں زہراء بتول علیہا السلام کے کردارِ عظیم سے

Marfat.com

میسر آتی نظر آئیں گی۔

اَبُوْ تُرَابْ

ابوتراب حضرت سیّدنا علی کرم اللہ وجہہ کی وہ کنیت ہے جو آپ علیہ السلام کو بے حد پسند تھی ـــــ اور یہ کنیت بھی آپ کو بارگاہِ رِسالت سے عطا ہوئی، اور بار بار زبانِ نبوت پہ آئی ـــــ

مُسلم شریف اور بُخاری شریف میں ہے ـــــ کہ حضور نبی اکریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ـــــ اپنی بیٹی سیّدہ زَہراء بتول سلامُ اللہ علیہا کے گھر تشریف لے گئے ـــــ تو گھر میں حضرت علی علیہ السلام کو نہ پایا ـــــ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سیّدہ جلیلہ فاطمۃ الزہراء سلام اللہ علیہا سے جناب علی علیہ السلام کے بارے میں دریافت فرمایا ـــــ تو سیّدہ نے عرض کیا: کہ میرے اور ان کے درمیان کچھ باتیں ہوئیں ـــــ تو وہ کچھ کبیدہ خاطر ہو کر کہیں چلے گئے ـــــ اور یہاں نہیں سوئے ـــــ آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایک شخص سے فرمایا کہ دیکھو علی کہاں ہیں۔

وہ شخص واپس آیا اور عرض کیا ـــــ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ مسجد میں سوئے ہوئے ہیں ـــــ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام حضرت علی کے پاس تشریف لے گئے ـــــ وہ لیٹے ہوئے تھے اور چادر ان کے پہلو سے ہٹی ہوئی تھی اور ان کے بدن پر مٹی لگی ہوئی تھی ـــــ آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام وہ مٹی صاف کر رہے تھے ـــــ اور فرما رہے تھے۔

قُمْ یَا اَبَا التُّرَابِ، قُمْ یَا اَبَاالتُّرَابِ ۔

اے ابوتراب اٹھ!، اے ابوتراب اٹھ۔

Marfat.com

امام بخاری کی صحیح بخاری میں یہ الفاظ ہیں:

اِجْلِسْ یَا اَبَا تُرَابٍ، اِجْلِسْ یَا اَبَا تُرَابٍ ۔

''اٹھ کے'' بیٹھ اے ابوتراب، ''اٹھ کے'' بیٹھ اے ابوتراب۔

(صحیح مسلم شریف باب مناقب علی ابن ابی طالب ج ۲، ص ۲۸۰ مطبوعہ سعید کمپنی کراچی، صحیح بخاری ج اول، ص ۵۲۵ قدیمی کتب خانہ کراچی)

آلِ مروان کا ایک گورنر

جناب سَہل بن سَعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے —— کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ آلِ مروان کے ایک آدمی کو مدینہ منورہ میں عامِل وحاکم بنا کر بھیجا گیا —— تو اس مروانی گورنر نے حضرت سہل بن سعد کو بلایا۔

فَاَمَرَہٗ اَنْ یَّشْتِمَ عَلِیًّا ۔

جناب سہل کو حکم دیا گیا کہ علی کو گالیاں دے۔

جناب سہل بن سعد نے گالیاں دینے سے اِنکار کر دیا —— تو مروان کی اولاد میں سے اس گورنر نے جناب سہل کو کہا کہ اگر تو اس سے اِنکار کرتا ہے —— تو صرف اتنا کہہ دے ——

''لَعَنَ اللّٰہُ اَبَا تُرَابٍ'' ۔

(نعوذ باللہ) جناب ابوتراب —— ہو۔

یہ سن کر حضرت سہل نے کہا کہ:

مَا کَانَ لِعَلِیٍّ اِسْمٌ اَحَبَّ اِلَیْہِ مِنْ اَبِیْ تُرَابٍ وَاَنْ کَانَ لَیَفْرَحُ اِذَا دُعِیَ بِہٖ ۔

حضرت علی علیہ السلام کے نزدیک اس نام وکنیت سے کوئی نام زیادہ پیارا نہ

Marfat.com

تھا ـــــ جب اس نام سے آپ کو پکارا جاتا تو آپ بہت زیادہ خوش ہوتے تھے۔

مروانی عامل نے کہا مجھے اس بات کی خبر دے کہ علی کا نام ـــــ ''ابوتراب'' کیوں رکھا گیا ـــــ جناب سہل نے کہا کہ ایک روز جناب رسول مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، سیّدہ سلام اللہ کے گھر تشریف لے گئے ـــــ جناب علی علیہ السلام کو موجود نہ پا کر جناب سیّدہ سے پوچھا:

اَیْنَ اِبْنُ عَمِّكَ ۔

تمہارے چچازاد کہاں ہیں۔

سیّدہ نے عرض کیا:

كَانَ بَيْنِیْ وَ بَيْنَهٗ شَیْءٌ ۔

''میرے اور ان کے درمیان کوئی بات ہوئی۔''

جس کی بنا پر آپ ناراض ہو کر کہیں چلے گئے اور آج گھر میں قیلولہ بھی نہیں فرمایا ـــــ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایک شخص کو حکم دیا کہ جاؤ انہیں تلاش کرو کہ وہ اس وقت کہاں ہیں ـــــ اس شخص نے واپس آ کر عرض کیا کہ آپ مسجد میں سوئے ہوئے ہیں۔

ـــــ سیّدِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد میں تشریف لے گئے اور جناب علی علیہ السلام کو پہلو کے بل لیٹے ہوئے پایا، اس حال میں کہ آپ کے پہلو سے چادر مبارک اتری ہوئی تھی اور پہلو پر مٹی لگی ہوئی تھی ـــــ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بدن پر لگی ہوئی مٹی کو صاف فرماتے ـــــ اور ساتھ ساتھ یہ بھی فرما رہے تھے۔

قُمْ اَبَا تُرَابٍ، قُمْ اَبَا تُرَابٍ ۔

Marfat.com

''اے ابوتراب اٹھ، اٹھ اے ابوتراب۔''

(مناقب خوارزمی ص ۳۸-موفق بن احمد بن محمد مکی، حنفی)

مندرجہ بالا روایت میں اولادِ مروان میں سے ایک حاکم نے حضرت سہل بن سلا رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا کہ علی علیہ السلام کو گالیاں دو،—— آپ نے اِنکار کر دیا—— پھر اس بدبخت نے کہا کہ ابوتراب کا نام لے کر لعن طعن کرو—— آپ نے فرمایا—— ابوتراب وہ کنیت ہے جو مولا علی کو بہت زیادہ پسند تھی، اس لیے کہ یہ کنیت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہِ قدس پناہ سے عطا ہوئی۔

قارئین کرام:—— دیکھا آپ نے اہلِ بیتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اہلِ ہوس نے کیسے کیسے ستم ڈھائے—— ایک ایسا وقت بھی آیا کہ عافیت صرف اس کے لیے تھی، جو رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دو جہاں کے گھر والوں پر سبّ وشتم کرے—— اور محبانِ اہلِ بیت کو اذیتوں کے پورے جہان سے گزرنا پڑا تھا اور آلِ پیغمبر کو چن چن کر شہید کیا جاتا تھا۔

—— اس دور پرفتن میں بھی ناصبیوں اور خارجیوں کی کوئی کمی نہیں—— آج بھی مروانی لوگ!—— مولا مرتضیٰ سے عقیدت رکھنے والوں کو برسرِ منبر ننگی گالیاں دیتے ہیں—— دعا ہے کہ اللہ کریم ان لوگوں کو ہدایت کے نور سے نوازے—— آمین

ابوتراب ہونے کے قابل

حضرت عبداللہ ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے—— فرماتے ہیں—— کہ جب رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے اپنے اصحاب—— مہاجرین وانصار کے درمیان رشتۂ اخوت قائم فرمایا تو حضرت علی کو کسی کا بھائی نہ بنایا۔—— تو آپ اس بات پر آزردہ خاطر ہو کر وہاں سے نکلے اور ایک مقام پر جا کر زمین پر لیٹ گئے اور اپنے بازوئے شمشیر

Marfat.com

زن کا تکیہ بنا کر سوئے ہوئے تھے اور ہوا نے گرد اڑا کر آپ کے بدن کو گرد آلود کر دیا تھا۔

سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کو تلاش کرتے ہوئے وہاں جہاں آپ سو رہے تھے ـــــ آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام جناب علی علیہ السلام کو اپنے پاؤں مبارک سے ''ہلکی سی پیار بھری'' ٹھوکر مار کر جگایا ـــــ اور فرمایا:

قُمْ، فَمَا صَلَحْتَ اِلَّا اَنْ تَكُوْنَ اَبَا تُرَابٍ .

''اٹھ! فقط تو ہی ابوتراب ہونے کے قابل ہے۔''

(اے علی) تم مجھ پر اس وقت رنجیدہ ہوئے جب میں نے مہاجرین اور انصار کے درمیان مواخات (بھائی چارہ) قائم کی تھی ـــــ لیکن تمہارے اور کسی کے درمیان مواخات نہیں کی ـــــ ''یعنی تجھے کسی کا بھائی نہیں بنایا۔''

اَمَا تَرْضٰى اَنْ تَكُوْنَ مِنِّىْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُّوْسٰى اِلَّا اِنَّهٗ لَيْسَ بَعْدِىْ نَبِىٌّ .

کیا تو اس بات پر راضی نہیں ہے، کہ تو میرے لیے اس درجے میں ہے کہ جس میں ہارون علیہ السلام موسیٰ علیہ السلام ہیں۔ لیکن میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

اس کے بعد سرکار علیہ السلام نے ایک حقیقت کو آشکار کرتے ہوئے فرمایا۔

اَلَا مَنْ اَحَبَّكَ خَفَّ بِالْاَمْنِ وَالْاِيْمَانِ وَمَنْ اَبْغَضَكَ اَمَاتَهُ اللّٰهِ مَيْتَةً جَاهِلِيَّةً وَحُوْسِبَ بِعَمَلِهٖ فِى الْاِسْلَامِ .

''خبردار! جس شخص نے تجھ سے محبت کی اس نے امن اور ایمان کو محفوظ کر لیا اور جو شخص تم سے بغض رکھے گا، اللہ اس کو جاہلیت کی مار مارے گا، اور اسلام

Marfat.com

میں اس کے اعمال کا حساب لیا جائے گا۔"

(مناقب خوارزمی ص ۳۹ مطبوعہ موسسۃ النشر الاسلام قم، سن اشاعت ۱۴۲۵ھ (موفق بن احمد بن محمد مکی حنفی) متوفی ۵۶۸ء)

مولا مرتضٰی کی محبت امن وامان —— اور ایمان کی روشنی کا نام ہے —— اس کا ایمان محفوظ رہے گا جو امام ابوتراب سے محبت وعقیدت رکھے گا —— اور جو شخص حیدر کرار سے بغض وعناد رکھے گا وہ یقیناً جاہلیت کی موت مرے گا۔

بد بخت ترین کون؟

حضرت عمار ابن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے۔

—— فرماتے ہیں کہ حضرت مولا علی علیہ السلام اور میں غزوۂ ذی عشیرہ میں باہم رفیق تھے —— جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام وہاں تشریف فرما ہوئے، تو ہم نے بنو مدج کے چند آدمیوں کو نخلستان میں ایک چشمہ پر کام کرتے ہوئے دیکھا —— مولا علی نے مجھ سے فرمایا —— اے ابوالیقضان (جناب عمار کی کنیت) —— اگر تم چاہو تو ہم چل کر دیکھیں کہ یہ لوگ کیا کر رہے ہیں —— حضرت عمار فرماتے ہیں —— کہ جناب علی علیہ السلام اور میں دونوں ان لوگوں کے قریب گئے، اور ایک ساعت تک ان کے کام کو دیکھتے رہے —— پھر ہم پر نیند نے غلبہ کیا اور ہم نخلستان میں جا کر زمین پر سو گئے —— فرماتے ہیں —— خدا کی قسم! ہمیں کسی نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سوا بیدار نہ کیا —— حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں اپنے پاؤں مبارک سے ہلا کر جگایا —— اور ہم گرد وغبار میں مکمل طور پر اٹے ہوئے تھے۔

فَيَوْمَئِذٍ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اَبَا تُرَابٍ مَا رَاٰى عَلَيْهِ مِنَ التُّرَابِ ۔

تو اس روز حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جناب علی کو مٹی میں اٹے ہوئے

Marfat.com

دیکھ کر ابوتراب کا لقب عطا فرمایا۔

اور ساتھ ہی ارشاد فرمایا —— کہ کیا میں تم کو دو بدترین بدبختوں کے بارے میں نہ بتاؤں؟ —— ہم نے عرض کیا، کیوں نہیں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! ضرور ارشاد فرمایئے —— آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا —— ایک تو احیمر (فرا بن سالف) جو قوم ثمود میں سے ہے۔

اَلَّذِیْ عَقَرَ النَّاقَةَ ۔

جس نے حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی کی کونچیں کاٹی تھیں۔

وَالَّذِیْ یَضْرِبُكَ فِیْ هٰذَا یَعْنِیْ قَرْنَهٗ حَتّٰی یَبُلَّ مِنْهُ یَعْنِیْ لِحْیَتَهٗ ۔

اور دوسرا وہ شخص ہے جو تجھے اس جگہ پر یعنی سر پر ضرب لگائے گا —— یہاں تک کہ تمہاری ریش تر ہو جائے گی۔

(اخرجہ احمد فی المناقب والنسائی فی الخصائص ارجح المطالب ص ۲۷/ ۲۸ مطبوعہ حق برادرز، لاہور)

خیال رہے، کہ جناب سہل بن سعد —— عبداللہ بن عباس —— جناب عمار بن یاسر کی ان مختلف روایات سے یہ امر واضح ہو گیا —— کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مختلف مقامات پر مولائے کائنات علی کرم اللہ وجہہ کو نہایت محبت آگیں انداز میں لقب ابوتراب عطا فرمایا —— جو حضور کو خود بھی بہت زیادہ پسند تھا —— اور یہ بات بھی کسی قسم کے شک و شبہ سے پاک ہے —— کہ سرکار علیہ السلام کی پسند —— خدائے عظیم کی پسند ہے ——

اَبُو السِّبْطَیْنِ

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما روایت کرتے ہیں —— کہ ایک روز رسولِ دو جہاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منبر پر چڑھ کر خطبہ ارشاد فرمایا —— اور اللہ تعالیٰ کی حمد و

Marfat.com

ثناء کے بعد واعظ فرمایا—— اور لوگوں کو آخرت کا خوف دلایا—— اور وعید الٰہی سے ڈرایا—— پھر رونے لگے—— تھوڑی دیر بعد فرمایا——

اَیْنَ عَلِیُّ ابْنُ اَبِیْ طَالِبٍ ۔

علی ابن ابی طالب کہاں ہیں؟

یہ سن کر حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فوراً کھڑے ہو گئے——

اور عرض کیا حاضر ہوں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم!—— حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو اپنے سینے سے لگا لیا اور پیشانی پر بوسہ دیا—— اور پھر رونے لگے، یہاں تک کہ آپ کے رخساروں پر آنسو بہنے لگے—— پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بلند آواز کے ساتھ فرمایا۔

یَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِیْنَ ھٰذَا عَلِیُّ ابْنُ اَبِیْ طَالِبٍ ۔

اے گروہ اہلِ اسلام یہ علی ابن ابی طالب ہے۔

ھٰذَا شَیْخُ الْمُھَاجِرِیْنَ وَالْاَنْصَارِ ۔

یہ مہاجرین اور انصار کا شیخ ہے۔

ھٰذَا اَخِیْ وَ ابْنُ عَمِّیْ وَ خَتَنِیْ وَ لَحْمِیْ وَ دَمِیْ ۔

یہ میرا بھائی، میرے چچا کا بیٹا، میرا داماد اور گوشت اور میرا خون ہے۔

ھٰذَا اَبُوالسِّبْطَیْنِ ھُمَا الْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ سَیِّدَا شَبَابِ اَھْلِ الْجَنَّةِ ۔

یہ ابوالسبطین امام حسن و حسین کا باپ ہے جو اہلِ جنت کے جوانوں کے سردار ہیں۔

Marfat.com

هٰذَا مُفَرِّحُ الْکَرَبِ عَنِّیْ ۔

یہ مجھ سے تکلیف وکرب کودور کرنے والا ہے۔

هٰذَا اَسَدُ اللّٰہِ فِیْ اَرْضِہٖ ۔

یہ خدا کی زمین پر خدا کا شیر ہے۔

وَسَیْفُہُ الْمَسْلُوْلُ عَلٰی اَعْدَائِہٖ ۔

اوراس کے دشمنوں کے لیے اُس کی برہنہ تلوار ہے۔

——اورساتھ ہی یہ بھی فرمایا—— کہ اس کے دشمنوں پر خدا کی اور فرشتوں کی لعنت اللہ تعالیٰ ان سے بے زار ہے اور میں ان سے بے زار ہوں—— اور اگر کوئی خدا کی اور میری بے زاری چاہتا ہے، تو وہ اس سے بے زاری اختیار کرے—— اے حاضرین محفل یہ میرا اعلان وارشاد ان لوگوں تک پہنچادو جو یہاں موجود نہیں۔

(اخرجہ ابوسعد بن ابی عثمان کوشی فی شرف النبوۃ) بحوالہ ارجح المطالب ص ۲۳ تا ۲۴)

کَرَّمَ اللّٰہُ وَجْہَہٗ

علامہ محمد بن ابی صبان رحمۃ اللہ علیہ ابن سعد کے حوالے سے رقمطراز ہیں کہ حضرت حسن بن زید بن حسن (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) نے فرمایا:

لَمْ یَعْبُدْ عَلِیُّ نِ الْاَوْثَانِ قَطُّ ۔

حضرت علی نے کبھی بھی بتوں کی پوجا نہیں کی۔

اسی وجہ سے آپ کو کہا جاتا ہے۔

کَرَّمَ اللّٰہُ وَجْہَہٗ ۔

اللہ تعالیٰ ان کے چہرے کو عزت دے۔

(اسعاف الراغبین علی ہامش نورالابصار ص ۱۴۹ الصواعق المحرقۃ ص ۱۲۰)

Marfat.com

القاب مولا علی کرم اللہ وجھہ

۱ – اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ	مؤمنوں کے امیر
۲ – اِمَامُ الْمُتَّقِیْنَ	پرہیزگاروں کے امام
۳ – وَلِیُّ الْمُتَّقِیْنَ	پرہیزگاروں کے مددگار
۴ – سَیِّدُ الصَّادِقِیْنَ	سچوں کے سردار
۵ – سَیِّدُ الْمُسْلِمِیْنَ	مسلمانوں کے سردار
۶ – سَیِّدُ الْمُؤْمِنِیْنَ	ایمان والوں کے سردار
۷ – سَیِّدُ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ	عرب وعجم کے سردار
۸ – سَیِّدٌ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِیْرَۃِ	دنیا وآخرت کے سردار
۹ – قَائِدُ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ	انکے پیشواء جن کے ہاتھ پاؤں نورانی ہیں
۱۰ – یَعْسُوْبُ الْمُؤْمِنِیْنَ	مؤمنوں کے بادشاہ
۱۱ – اَلْفَارُوْقُ الْاَعْظَمُ	حق وباطل میں فرق کرنے والے عظیم رہنما
۱۲ – اِمَامُ الْبَرَرَۃْ	نیکوں کے امام
۱۳ – صَاحِبُ الرَّایَۃِ	قیامت کو جھنڈا اٹھانے والا
۱۴ – قَاتِلُ الْفَجَرَۃِ	فاجروں کو قتل کرنے والا
۱۵ – مُقِیْمُ الْحُجَّۃِ	حجت کو قائم کرنے والا
۱۶ – اَسَدُ اللّٰہِ	اللہ کا شیر
۱۷ – حُجَّۃُ اللّٰہِ	اللہ تعالیٰ کی دلیل

Marfat.com

۱۸- وَلِیُّ اللّٰہِ — اللہ کریم کے ولی

۱۹- صَفْوَۃُ اللّٰہِ — اللہ کے برگزیدہ

۲۰- شَیْخُ الْمُھَاجِرِیْنَ وَالْاَنْصَارِ مہاجرین وانصار میں عظیم مرتبے والا

۲۱- قَسِیْمُ النَّارِ وَ الْجَنَّۃِ — جنت ودوزخ کو تقسیم کرنے والا

۲۲- اِمَامُ الْاَوْلِیَاءِ — اللہ کے ولیوں کا امام

۲۳- اَلْھَادِیْ — ہدایت کی راہ دکھانے والا

۲۴- صَاحِبُ اللِّوَآءِ — حمد کا جھنڈا اٹھانے والا

۲۵- نَاصِرُ رَسُوْلِ اللّٰہِ — اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مددگار

۲۶- مَوْلَی الْمُؤْمِنِیْنَ — مؤمنوں کا مولا

۲۷- اَلْمُرْتَضٰی — پسندیدہ ترین ہستی

۲۸- اَلشَّاھِدُ — (صداقت کی) گواہی دینے والا

۲۹- اَلشَّھِیْدُ — مرتبہ شہادت پر فائز ہونے والا

۳۰- اَلرَّاکِعُ — رکوع کرنے والا

۳۱- بَابُ حِطَّۃٍ — مغفرت کا دروازہ

۳۲- اَلسَّاجِدُ — سجدہ کرنے والا

۳۳- ذُوالْاُذُنِ الْوَاعِیْ — ہر بات کو یاد رکھنے والے کان کا مالک

۳۴- قَاضِیْ دِیْنِ رَسُوْلِ اللّٰہِ — رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین کو پورا کرنے والا

۳۵- وَزِیْرُ رَسُوْلِ اللّٰہِ — رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دو جہان کا وزیر

Marfat.com

۳۶-ذُوالْقَرْنَیْنِ	جنت کی دونوں طرفوں کا مالک
۳۷-خَاصِفُ النَّعْلِ	حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نعلین مبارک سینے والا
۳۸-اَلطَّاهِرُ	پاکیزہ خصلتوں والا
۳۹-کَاسِرُ الْاَصْنَامِ	پاکیزہ خصلتوں والا
۴۰-اَلْحَبِیْبُ	دوست
۴۱-بَیْضَةُ الْبَلَدِ	شہر کا سربراہ
۴۲-اَلْمَهْدِیُ	ہادی ورہنما (ہدایت دینے والا)
۴۳-دَآبَةُ الْجَنَّةِ	جنت میں خراماں خراماں چلنے والا
۴۴-اَمِیْرُ النَّحْلِ	شہد کی مکھیوں کا سردار
۴۵-نَفْسُ الرَّسُوْلِ	جان رسول
۴۶-زَوْجُ الْبَتُوْلِ	شوہر بتول
۴۷-سَیْفُ اللّٰهِ الْمَسْلُوْلِ	اللہ کی بے نیام تلوار
۴۸-یَعْسُوْبُ الدِّیْنِ وَالْمُسْلِمِیْنَ	دین مبین اور تمام مسلمانوں کا سردار
۴۹-مُبِیْرُ الشِّرْكِ وَ الْمُشْرِكِیْنَ	شرک اور مشرکوں کو ہلاک کرنے والا
۵۰-قَاتِلُ النَّاكِثِیْنَ	باغیوں اور حق کے ساتھ لڑنے
وَالْقَاسِطِیْنَ وَ	والوں اور دین سے نکل جانے والوں
الْمَارِقِیْنَ وَالْكَافِرِیْنَ	اور کافروں کو قتل کرنے والا
۵۱-كَاشِفُ الْكُرَبِ	دکھوں اور پریشانوں کو دور کرنے والا
۵۲-اَلصِّدِّیْقُ الْاَكْبَرُ	صدیق اکبر

Marfat.com

۵۳–اَلْکَرَّارُ غَیْرُ الْفَرَّارِ	حملے پر حملہ کرنے اور میدان سے نہ بھاگنے والا
۵۴–شَبِیْہُ ھَارُوْنَ	ہارون علیہ السلام کی شبیہ
۵۵–بَابُ الْمَدِیْنَۃِ	''مدینہ علم'' کا دروازہ
۵۶–ھَازِمُ الْاَحْزَابِ	فوجوں کو بھگانے والا
۵۷–قَاسِمُ الْاَسْبَابِ	مالِ غنیمت تقسیم کرنے والا
۵۸–جَزَّازُ الرِّقَابِ	گردنیں کاٹنے والا
۵۹–بَایِنُ الْقِرَابِ	نیام کو ظاہر کرنے والا
۶۰–مَعْسُوْلُ الْخِطَابِ	شیریں بیان
۶۱–شَفِیْقُ الْخَیْرِ	بھلائی کا ساتھی
۶۲–رَفِیْقُ الطَّیْرِ	ستارے کا ساتھی
۶۳–قَتَالُ الْاُلُوْفِ	ہزاروں کو قتل کرنے والا
۶۴–اَلْمُحْرِقُ الصَّفُوْفُ	''کفر کی'' صفوں کو جلا دینے والا
۶۵–ضَرَّابُ الْقِلَلِ	بلندیوں پر مار کرنے والا
۶۶–اَخْطَبُ الْخُطَبَاءِ	خطیبوں کا خطیب
۶۷–قُدْوَۃُ اَھْلِ الْکِسَاءِ	پیشوائے اہلِ کساء
۶۸–اِمَامُ الْاَئِمَّۃِ الْاَتْقِیَاءِ	اہلِ تقویٰ کے اماموں کا امام
۶۹–اَشْھَرُ اَھْلِ الْبَطْحَاءِ	بطحا والوں میں مشہور ترین
۷۰–مُذِلُّ الْاَعْدَآءِ	دشمنوں کو ذلتوں سے ہمکنار کرنے والا
۷۱–مُعِزُّ الْاَوْلِیَاءِ	دوستوں کو عزتیں بخشنے والا

Marfat.com

۷۲-کَاتِبُ جَوَازِ اَهْلِ الْجَنَّةِ جنتیوں کوسند جواز لکھ کر دینے والا

۷۳-مُمِیْتُ الْبِدْعَةِ بدعت کوختم کرنے والا

(ماخوذ از مناقب خوارزمی۔ارجح المطالب)

قارئین کرام!——مندرجہ بالا تمام القاب حدیث وسیر کی کتابوں میں موجود ہیں——ان میں سے کچھ کی تفصیل آگے آئے گی——ان میں سے زیادہ تر القاب، مولا علی کو بارگاہِ نبوت سے عطاء ہوئے۔

ولادت باسعادت

آپ کی ولادت با سعادت——۱۳——رجب المرجب—— بروز جمعۃ المبارک——عام الفیل کے تیس سال بعد مکہ معظّمہ میں ہوئی۔

مفسرِ قرآن حضرت علامہ سیّد ابوالحسنات محمد احمد قادری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب ——اوراق غم——میں صاحب ''بشائر المصطفٰے'' کے حوالے سے اس طرح بیان فرمایا ہے——کہ حضرت عباس بن عبدالمطلب (عمِّ رسولِ اللہ) قبیلہ بنی عبدالعزٰی، کے چند لوگوں کے ساتھ مسجد بیت الحرام میں تشریف فرما تھے، کہ مولا علی کرم اللہ وجہہ کی والدہ فاطمہ بنتِ اسد مسجد میں آئیں——جب وہ مشغول طواف ہوئیں تو شوط اربعہ (چوتھے چکر) میں چلنے کی قوت نہ رہی——''دردِ زہ نے شدت اختیار کر لی''——تو آپ پکاریں——اے ربّ کعبہ!——اس ولادت کو مجھ پر——آسان فرما——

یک لخت دیوار کعبہ شق ہوئی——اور فاطمہ بنتِ اسد سلام اللہ علیہا کعبہ کے اندر تشریف لے گئیں اور ہماری نظر سے غائب ہو گئیں——فرماتے ہیں——ہم نے اندرون کعبہ آپ کو تلاش کیا مگر آپ نہ ملیں اور چوتھے روز آپ اسی کعبہ سے باہر تشریف

Marfat.com

لائیں ـــــ اور حضرت علی کو گود میں لیے ہوئے تھیں ـــــ

(اوراق غم ---- علامہ سیّد ابوالحسنات)

کسے را میسر نہ شد ایں سعادت
بکعبہ ولادت بمسجد شہادت

(سعدی)

کعبہ میں ولادت

امام حاکم (امام المحدثین ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ) نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

فَقَدْ تَوَاتَرَتِ الْاَخْبَارُ اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتِ اَسَدٍ وَلَدَتْ اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيَّ ابْنَ اَبِيْ طَالِبٍ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ فِيْ جَوْفِ الْكَعْبَةِ ۔

بے گمان یہ اخبار، تواتر کی حد تک پہنچ چکی ہیں کہ حضرت فاطمہ بنتِ اسد نے امیر المومنین علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ کو کعبہ شریف میں جنم دیا۔

(المستدرک علی الصحیحین فی الحدیث ج ۳، ص ۴۴۳)

دیگر معتبر کتابوں میں مولائے کائنات علیہ السلام کی کعبہ میں ولادت کا تذکرہ موجود ہے ـــــ امام حاکم کا حوالہ اس لیے پیش کیا ہے، کہ ہاتھی کے پاؤں میں سب کا پاؤں ـــــ اتنے بڑے مُحَدِّث نے اس روایت کو تواتر کے درجے میں رکھا ہے ـــــ لیکن بعض لوگوں نے حضرت علی علیہ السلام کی کعبہ میں ولادت کے بارے میں، اہلِ دین کو ورغلانے کی بہت کوشش کی مگر اس میں وہ کامیاب نہ ہو سکے ـــــ اور بعض نے بغض علی علیہ السلام تپ

Marfat.com

محرقہ میں مبتلا ہوکر درجن سے اوپر لوگوں کی کعبہ میں پیدائش کا ذکر کیا —— اور یہ سب کچھ بیان کرنے کا مطلب صرف یہ لیا کہ اس میں علی علیہ السلام کی کیا فضیلت ہے۔

خیال رہے کہ مولا مرتضٰی کا کعبہ میں پیدا ہونا —— کعبہ اور علی علیہ السلام دونوں کے لیے اعزاز ہے —— کعبہ بیت اللہ ہے —— علی علیہ السلام اسد اللہ ہے —— کعبہ مؤمنوں کی جائے پناہ ہے —— علی مؤمنوں کا بادشاہ ہے —— کعبے کی طرف دیکھنا عبادت ہے —— علی علیہ السلام کے چہرے کو دیکھنا عبادت ہے —— کعبہ بڑی فضیلت کا مالک ہے —— علی علیہ السلام کعبے سے بھی افضل واعلیٰ ہے۔

ارشاد رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِہٖ لَحُرْمَةُ الْمُؤْمِنِ اَعْظَمُ عِنْدَ اللّٰہِ حُرْمَةً مِّنْكَ .

(اے کعبہ) قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جان ہے اللہ کے نزدیک مومن کی حرمت تجھ سے زیادہ ہے۔

(سنن ابن ماجہ ابواب الفتن باب حرمت دم مؤمن ص ۲۹۰)

سیّدنا علی علیہ السلام از روئے قرآن

☆ —— علامہ محمد بن علی صبان رحمۃ اللہ علیہ نے ابن عَسَاکر کے حوالے سے —— حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا قول نقل فرمایا ہے —— جناب ابنِ عباس فرماتے ہیں۔

مَا نَزَلَ فِیْ اَحَدٍ مِّنْ کِتَابِ اللّٰہِ تَعَالٰی مَا نَزَلَ فِیْ عَلِیٍّ .

جتنی آیات اللہ تعالیٰ کی کتاب میں جناب علی کے بارے میں نازل ہوئیں،

Marfat.com

اتنی کسی اور (امتی) کے بارے میں نازل نہیں ہوئیں۔

☆ ـــــ فرماتے ہیں

نَزَلَ فِیْ عَلِیٍّ ثَلاَ ثُمأئَۃُ آیَۃً ۔

مولا علی کی شان میں تین سو آیات نازل ہوئیں۔

☆ ـــــ علامہ صبان امام طبرانی کے حوالے سے رقم طراز ہیں کہ ابنِ عباس فرماتے ہیں۔

کَانَتْ لِعَلِیٍّ ثَمَانَ عَشَرَ مَا کَانَتْ لِاَحَدٍ مِّنْ ھٰذِہِ الْاُمَّۃِ ۔

کہ مولا علی علیہ السلام کے اٹھارہ مناقب ''ایسے ہیں'' جو امت میں کسی اور کے لیے نہیں ہیں۔

اسعاف الراغبین (علامہ صبان) علی ہامش نورالابصار ص ۱۷۶

☆ ـــــ علامہ مومن شبلنجی شامی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ ابنِ عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا:

لَیْسَ اٰیَۃٌ مِّنْ کِتَابِ اللّٰہِ تَعَالٰی یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اِلَّا عَلِیٌّ اَوَّلُھَا وَاَمِیْرُھَا وَ شَرِیْفُھَا ۔

قرآن مجید میں جو بھی آیت اس طرح مذکور ہے۔

''یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا''

(اے ایمان والو!) علی علیہ السلام اس کے اول امیر اور شرافت والے ہیں۔

نورالابصار فی مناقب اہلِ بیت النبی المختار ص ۱۸۷ مطبوعہ دارالمعرفۃ بیروت لبنان سن اشاعت ۲۰۰۵ء

سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچازاد بھائی ـــــ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے مذکورہ بالا ارشادات سے ـــــ حضرت شیرِ خدا کی عظمتوں کا پتہ چلتا

Marfat.com

ہے—— کہ آپ کس قدر بلند و بالا شان وشوکت کے مالِک ہیں—— لیکن ابلیسی شکنجوں میں جکڑے ہوئے ذہن ان تمام امور کو تسلیم کرنے کے لیے تیار نہیں—— ظاہر ہے جن سینوں میں آتش بغض وعناد شعلہ زن ہو، وہاں حق وصداقت کی روشنی پھیلنے کے امکانات بہت کم ہوتے ہیں۔

آیتِ نمبر ا

ارشاد خداوندی ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ط وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ط وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ط اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ○ (پارہ ۶ سورہ مائدہ آیت نمبر ۶۷)

اے رسول! پہنچا دیجئے جو اتارا گیا ہے آپ کی طرف آپ کے پَرْوَرْدِگار کی جانب سے اور آپ نے ایسا نہ کیا تو نہیں پہنچایا آپ نے اللہ تعالیٰ کا پیغام، اور اللہ تعالیٰ بچائے گا، آپ کو لوگوں (کے شر) سے، یقیناً اللہ تعالیٰ ہدایت نہیں دیتا کافروں کی قوم کو——

☆—— امام فخرُ الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تفسیر میں—— حضرت ابنِ عباس—— براء بن عازب—— اور محمد بن علی—— کے حوالے سے لکھا ہے کہ یہ آیتِ مبارکہ مولا علی کرم اللہ وجہہ کے حق میں نازل ہوئی ہے—— اور جب یہ آیت نازل ہوئی تو سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جناب مولائے کائنات علی کا ہاتھ پکڑا اور ارشاد فرمایا:

مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَّوْلَاهُ، اَللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ ۔

Marfat.com

جس کا میں مولا ہوں، اس کا علی بھی مولا ہے، اے اللہ! تو اس شخص کو دوست رکھ، جو علی کو دوست رکھے، جو علی کو دوست رکھتا ہے، اور اس شخص کو دشمن رکھ جو علی سے دشمنی رکھے۔

☆ —— حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ —— اس اعلان کے بعد حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ سے ملے —— اور ان الفاظ کے ساتھ مولا علی کو مبارکباد پیش کی —— کہ اے ابن ابی طالب! ——

اَصْبَحْتَ مَوْلَایَ وَ مَوْلٰی کُلِّ مُؤْمِنٍ وَّ مُؤْمِنَةً ۔

آپ میرے اور تمام مؤمنوں اور تمام مومنات کے مولا ہیں ——

(تفسیر کبیر (امام رازی) ج ۱۲، ص ۵۰/۴۹)

آیت نمبر ۲

اللہ تعالیٰ کا ارشاد پاک ہے:

اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَ اَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَ رَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا ؕ

(پارہ ۶ سورۂ مائدہ آیت نمبر ۳)

آج میں نے مکمل کر دیا ہے تمہارے لیے، تمہارا دین اور پوری کر دی ہے تم پر اپنی نعمت اور میں نے پسند کر لیا ہے تمہارے لیے اسلام کو بطور دین ——

☆ —— جناب علامہ حافظ ابوبکر احمد بن علی، خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۴۶۳ھ) اپنی مشہور ترین کتاب ''تاریخ بغداد'' میں رقمطراز ہیں —— کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے —— کہ جو شخص اٹھارہ ذوالحجہ کو روزہ رکھے گا، اسے ساٹھ مہینوں کے روزوں کا ثواب ملے گا —— اور اٹھارہ ذوالحجہ کو یوم غدیرِ خُم ہے —— جب سیّد

Marfat.com

عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت مولا علی کا ہاتھ پکڑ کر ارشاد فرمایا تھا۔

اَلَسْتُ وَلِیَّ الْمُؤْمِنِیْنَ؟ قَالُوْا بَلٰی یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ .

"کیا کہ میں تمام مؤمنوں کا ولی نہیں ہوں؟ —— (سب صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم) نے عرض کیا: کیوں نہیں یارسول اللہ! آپ ہمارے ولی ہیں۔"

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا —— (پھر سن لو!)

"مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَعَلِیٌّ مَوْلَاہُ"

جس کا میں مولا ہوں اس کا علی بھی مولا ہے۔

"یہ ارشادِ عالی سن کر" —— حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

بَخٍ بَخٍ لَکَ یَا اِبْنَ اَبِیْ طَالِبٍ

اَصْبَحْتُ مَوْلَایَ وَ مَوْلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ

"اے ابن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ! آپ کو مبارک ہو، کہ آپ میرے اور تمام مسلمانوں کے مولا ہوئے۔

اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے یہ آیتِ مبارکہ نازل فرمائی۔

اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ —— الآیۃ

(تاریخ بغداد ج ۸، ص ۲۹۰ مطبوعہ مصر سن اشاعت ۱۹۳۱ء)

☆ —— امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ بحوالہ ابن مردویہ اور ابن عساکر بروایتِ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ یوں بیان فرماتے ہیں۔

لَمَّا نَصَبَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ عَلِیًّا یَوْمَ غَدِیْرِ خُمٍّ فَنَادٰی لَہٗ بِالْوَلَایَۃِ ھَبَطَ جِبْرِیْلُ عَلَیْہِ السَّلَامِ بِھٰذَا الْاٰیَۃِ اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ (الآیۃ)

Marfat.com

جب رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غدیرِ خُم کے دن حضرت علی کو کھڑا کیا، اور ان کی ولایت کا اعلان فرمایا، تو اس وقت جبریل علیہ السلام، یہ آیت لے کر اترے۔

(اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ (الآیۃ) (تفسیر درمنثور ج ۲، ص ۲۵۹ مطبوعہ بیروت لبنان)

برادران اسلام! —— آئمہ تفسیر وحدیث کے اقوال آپ کے سامنے ہیں اس پر بار بار غور فرمائیں —— کہ کون سا ایسا پیغام تھا جسے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (جو ساری مخلوق خداوندی سے زیادہ امین ہیں) نے نہ پہنچایا ہو —— سورۂ مائدہ کی آیت نمبر ۳ اور آیت نمبر ۶۷ —— کو ملا کر دیکھیں تو آپ پر یہ باطنی امر آشکار ہو جائے گا، جس کی طرف مفسرین نے اشارہ کیا ہے —— اور انہوں نے اسے ولایت علی کے اعلان سے تعبیر کیا ہے —— ابنِ مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول بھی اس امر کی طرف غمازی کرتا ہے۔

اَخْرَجَ ابْنُ مَرْدَوِیہ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ کُنَّا تَقْرَأُ عَلٰی عَھْدِ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ —— یٰٓاَیُّھَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَا اُنْزِلَ اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ —— اِنَّ عَلِیًّا مَوْلَی الْمُؤْمِنِیْنَ —— وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَہٗ وَاللّٰہُ یَعْصِمُکَ مِنَ النَّاسِ ۔

(ابنِ مردویہ رحمۃ اللہ علیہ) نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے —— فرماتے ہیں —— کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں یوں قرأت کیا کرتے تھے —— اے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! پہنچا دیجئے جو اتارا گیا ہے آپ کی طرف، آپ کے پروردگار کی جانب سے —— بے شک علی مؤمنوں کے مولا ہیں —— اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایسا نہ کیا تو نہیں پہنچایا آپ نے اللہ تعالیٰ کا پیغام، اور اللہ تعالیٰ

Marfat.com

بچائے گا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کولوگوں (کے شر) سے۔

حاشیہ: التفسیر المظہری ج ۳، ص ۱۴۳ مطبوعہ بلوچستان بک ڈپو، مسجد روڈ کوئٹہ پاکستان

قرآن مجید کی ایک اور آیت بھی اس امر کی طرف اشارہ فرما رہی ہے۔

آیت نمبر ۳

خالق ارضین وسماوات کا ارشاد ہے:

سَأَلَ سَائِلٌ بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ ۔

مطالبہ کیا ہے ایک سائل نے ایسے عذاب کا جو ہو کر رہے۔

شانِ نزول

اس آیت کی شانِ نزول ـــــ حضرت امام ابو اسحاق احمد ثعلبی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تفسیر میں، اس طرح بیان فرمائی ہے ـــــ

ـــــ کہ اُمّ سفیان بن عیینہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس آیتِ مبارکہ سے متعلق دریافت کیا گیا ـــــ کہ یہ آیتِ مبارکہ کن لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی ـــــ تو آپ نے سائل سے فرمایا۔ تم نے مجھ سے وہ سوال پوچھا ہے، جو مجھ سے کسی نے نہیں پوچھا، فرماتے ہیں ـــــ میرے باپ نے حضرت امام جعفر صادق بن امام محمد باقر علیہما السلام سے ـــــ اور انہوں نے اپنے آباء واجداد سے روایت کی کہ جناب رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ـــــ جب کہ آپ ''غدیر خم'' میں تشریف فرما تھے، لوگوں کو آواز دی، اور وہ سب کے سب اکٹھے ہو گئے ـــــ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا۔

مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَعَلِیٌّ مَّوْلَاہُ ۔

جس کا میں مولا ہوں علی بھی اس کا مولا ہے۔

Marfat.com

فرماتے ہیں ـــــ یہ کلام بہت مشہور ہوا، اور دور، دور تک پہنچ گیا ـــــ حارث بن نعمان فہری کو جب یہ کلام پہنچا تو وہ اپنی اونٹنی پر سوار ہو کر رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی خدمت میں آیا ـــــ اونٹنی کو بٹھایا اور اتر کر کہنے لگا یا محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) آپ نے ہمیں اللہ کی طرف حکم فرمایا ہے ـــــ کہ ہم اللہ کی وحدانیت اور آپ کو اللہ کا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مانیں، ہم نے یہ قبول کیا ـــــ آپ نے ہمیں حکم دیا کہ ہم پانچ نمازیں پڑھیں ـــــ زکوٰۃ ادا کریں اور رمضان کے روزے رکھیں، ہم نے یہ قبول کیا، ـــــ آپ نے ہمیں حکم دیا کہ ہم بیت اللہ کا حج کریں، ہم نے یہ بھی قبول کیا۔

پھر آپ اس پر راضی نہ ہوئے ـــــ حتیٰ کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے چچا زاد بھائی کے بازو اٹھائے ـــــ اور اس کو ہم پر فضیلت دیتے ہوئے فرماتے ہیں۔

مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَعَلِیٌّ مَّوْلَاہُ ۔

آپ بتائیں کہ آپ نے یہ اپنی طرف سے فرمایا ہے ـــــ یا یہ بھی اللہ کا حکم ہے ـــــ

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

وَالَّذِیْ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ اِنَّ ھٰذَا مِنَ اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ ۔

قسم ہے اس ذات کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں ''مجھے'' یہ ـــــ ''حکم'' ـــــ اللہ ہی کی طرف سے ہے۔

حارث بن نعمان فہری واپس اپنی سواری کی طرف آیا ـــــ اور کہنے لگا ـــــ اے اللہ! ـــــ اگر یہ سچ ہے، جو کہ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے کہا ـــــ تو ـــــ

فَاَمْطِرْ عَلَیْنَا حِجَارَۃً مِّنَ السَّمَآءِ اَوِ ئْتِنَا بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ ۔

پھر ہم پر آسمان سے پتھروں کی بارش برسا یا ہم کو دردناک عذاب میں مبتلا

Marfat.com

کر۔

ابھی وہ سواری تک پہنچنے نہ پایا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے اس کی کھوپڑی پر پتھر مارا جو اس کی دبر سے نکل گیا ـــــ اور اس بد بخت گستاخ کو ہلاک کر دیا ـــــ پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔

(نور الابصار فی مناقب آلِ بیت النبی المختار ص ۱۸۷، مطبوعہ دار المعرفۃ، بیروت، لبنان)

ان تمام روایات سے یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچ چکی ہے ـــــ وہ اس طرح ہے کہ ـــــ خالق ارض وسماء نے اپنے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ولایت علی کے اعلان کا حکم فرمایا ـــــ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حارث بن نعمان کو اسی طرح کا جواب فرمایا ـــــ کہ یہ اَمر مِنَ اللہِ ہے ـــــ میں نے اپنی مرضی سے نہیں، بلکہ خدا کی مرضی سے اعلان کیا ہے ـــــ ''کہ جس کا میں مولا ہوں، علی بھی اس کا مولا ہے۔''

آیت نمبر ۴

اللہ ربّ العزت کا فرمان عالی شان ہے۔

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ ○

(پارہ ۱۱، سورۂ توبہ، آیت نمبر ۱۱۹)

اے ایمان والو! ڈرتے رہا کرو۔ اللہ تعالیٰ سے، اور ہو جاؤ سچے لوگوں کے ساتھ۔

☆ ـــــ امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ ـــــ اس آیت کے تحت رقمطراز ہیں ـــــ حضرت ابن مردویہ نے حضرت ابنِ عباس سے ـــــ اور ابن عساکر ابو جعفر سے بیان کیا ہے ـــــ مَعَ الصّٰدِقِیْنَ ـــــ میں کنایہ ہے ـــــ مَعَ عَلِیِّ ابْنِ اَبِیْ طَالِبٍ ـــــ کہ علی ابن ابی طالب کے ساتھ رہو ـــــ

Marfat.com

اس آیتِ مبارکہ میں صادقین کے ساتھ رہنے کا حکم فرمایا گیا ہے —— اور حضرت امیر المؤمنین، حیدر کرار کرم اللہ وجہہ صادقین و کاملین کے پیشوا اور امام ہیں —— اور اس میں بعض مفسرین نے —— مولائے کائنات، علی اور ان کے اصحاب کی معیت اختیار کرنے کی طرف اشارہ فرمایا ہے۔

آیت نمبر ۵

رب ذوالجلال کا پاک ارشاد ہے:

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَیَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ○

(پارہ ۱۶ سورۂ مریم آیت نمبر ۹۶)

بلاشبہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کیے، پیدا فرما دے گا، خدائے مہربان ان کے لیے (دلوں میں) محبت ——

☆ —— مندرجہ بالا آیت کی تفسیر میں —— حضرت عبداللہ ابنِ عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں —— هُوَ عَلِیُّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ —— کہ ''وہ علی ابن ابی طالب ہیں —— (جن کی محبت ہر مومن کے دل میں ہے) —— (مناقب خوارزمی ص ۲۷۸)

☆ —— امام سیوطی رضی اللہ عنہ لکھتے ہیں —— کہ ابن مردویہ (شیخ حافظ ابوبکر احمد بن موسیٰ بن مردیہ بن فورک اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ) —— اور امام دیلمی نے حضرت براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت بیان کی —— کہ حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی المرتضیٰ کو ارشاد فرمایا —— کہ ''اے علی''! تم اس طرح دعا مانگا کرو۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِّیْ عِنْدَكَ عَهْدًا وَّاجْعَلْ لِّیْ فِیْ صُدُوْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ مُوَدَّةً ۔

اے اللہ تو مجھے اپنے ہاں عہد نبھانے اور محبت کرنے والا بنا، اور میرے لیے

Marfat.com

مؤمنوں کے سینوں میں محبت پیدا فرما۔ (تفسیر درمنثور ج ۴، ص ۲۸۷)

☆ ـــــ حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی مذکورہ آیت کے ضمن میں طبرانی کے حوالے سے رقمطراز ہیں ـــــ کہ حضرت ابنِ عباس سے روایت ہے کہ یہ آیت حضرت علی ابن ابی طالب کے حق میں نازل ہوئی ـــــ

یَعْنِیْ ـــــ یَجْعَلُ اللّٰہُ تَعَالٰی مُحَبَّتَہٗ فِیْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ سَائِرِ الْخَلَائِقِ غَیْرِ الْکَافِرِیْنَ ۔

یعنی ـــــ (اے علی) اللہ تعالیٰ تمہاری محبت سوائے کافروں کے تمام مؤمنوں اور ساری مخلوق کے دلوں میں ڈال دے گا۔ (تفسیر مظہری ج ۶، ص ۱۲۲)

☆ ـــــ علامہ حافظ ابوالموید، موفق احمد بن محمد، بکری، مکی، حنفی المعروف اخطب خوارزم متوفی ۵۶۸ھ ـــــ مندرجہ بالا آیت کی شانِ نزول میں ارقام فرماتے ہیں ـــــ کہ حضرت زید بن علی ''زین العابدین'' نے اپنے آباواجداد (علیہم السلام) سے ـــــ اور انہوں نے علی کرم اللہ وجہہ سے بیان کیا ہے، آپ فرماتے ہیں ـــــ کہ مجھے ایک شخص ملا، اور اس نے کہا اے ابوالحسن خدا کی قسم، میں محض اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے آپ سے محبت کرتا ہوں۔

حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں ـــــ کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہِ بے کس پناہ میں حاضر ہو کر اس شخص کی بات کا ذکر کیا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ و السلام نے فرمایا ـــــ اے علی! ـــــ تو نے اس کے ساتھ کوئی بھلائی کی ہو گی ـــــ حضرت فرماتے ہیں ـــــ میں نے بارگاہِ مصطفوی میں عرض کیا ـــــ خدا کی قسم میں نے اس پر کوئی احسان نہیں کیا ـــــ سرکار علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ـــــ

Marfat.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ جَعَلَ قُلُوْبَ الْمُؤْمِنِیْنَ تَتُوْقُ اِلَیْكَ بِالْمُوَدَّۃَ ۔

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جس نے مؤمنوں کے دلوں کو تیری محبت کی طرف مائل کر دیا ——

(مناقب خوارزمی ص ۲۷۹ مطبوعہ موسسۃ النشر الاسلامی قم سن اشاعت ۱۴۲۵ھ)

اس وقت یہ آیت نازل ہوئی۔

آیت کی تفسیر سے یہ امر روز روشن کی طرح واضح ہو گیا —— کہ علی شیرِ خدا کی محبت ہر مومن کے دل میں موجود ہے —— بلکہ یوں کہنا چاہئے کہ صرف مؤمن ہی کے دل میں محبتِ علی پیدا ہو سکتی ہے —— اور جن لوگوں کے دلوں میں بغض علی ہے، وہ منافقوں کا ٹولہ ہے، کہ وہ اللہ کریم سے محبتِ علی کی دعا مانگے ——

مرے چمن میں الٰہی وہ انقلاب آئے
کہ پھول پھول سے خوشبوئے بوتراب آئے

آیت نمبر ۶

ارشاد باری تعالیٰ ہے ——

وَقِفُوْھُمْ اِنَّھُمْ مَّسْئُوْلُوْنَ ۔(پارہ ۲۳ سورۃ الصٰفٰت آیت نمبر ۲۴)

''انہیں کھڑا کرو، ان سے پوچھا جائے گا۔''

☆ —— امام دیلمی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت بیان کی ہے —— کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ——

وَقِفُوْھُمْ اِنَّھُمْ مَّسْئُوْلُوْنَ عَنْ وِلَایَۃِ عَلِیٍّ ۔

کہ انہیں کھڑا کر دو —— ان سے ولایت علی کے بارے پوچھا جائے گا۔

☆ —— وَقِفُوْھُمْ اِنَّھُمْ مَّسْئُوْلُوْنَ

Marfat.com

—— ''انہیں کھڑا کرو، ان سے پوچھا جائے گا'' —— کے متعلق مروی ہے۔

اَیْ عَنْ وَلَایَةِ عَلِیٍّ وَّاَهْلِ بَیْتِ .

''کہ وہ علی اور اہلِ بیت کی ولایت کے متعلق پوچھے جائیں گے۔''

کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کو حکم دیا ہے —— کہ وہ لوگوں کو فرما دیں —— کہ وہ تبلیغ رسالت پر اقرباء کی محبت کے سوا کوئی اجر طلب فرمائیں۔

اور پوچھے جانے کا مطلب یہ ہے —— کہ کیا؟ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وصیت کے مطابق حق موالات ادا کیا ہے یا اسے ضائع کر دیا ہے —— اور اسے ایک بے کار چیز سمجھا ہے۔

فَتَکُوْنَ عَلَیْهِمُ الْمُطَالَبَةُ وَالتَّبَعَةُ .

بہر حال ان چیزوں کا اہلِ محشر سے مطالبہ ہوگا اور سزا ملے گی۔

(الصواعق المحرقۃ ص ۱۴۹، تفسیر نور العرفان)

اس آیت کی تفسیر سے معلوم ہوتا ہے —— کہ کل قیامت کے دن لوگوں سے ولایت علی کے بارے —— اور اہلِ بیت کی محبت سے متعلق سوال کیا جائے گا، کہ تم نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وصیت کو یاد رکھا، یا اسے بھلا دیا —— اگر جواب صحیح ہوا تو انعام میں جنت ملے گی —— اور دوسری صورت میں سزا ملے گی۔

علماء کے نزدیک ہر وہ چیز ضروریات دین میں سے ہے —— جس کے بارے میں قبر اور میدان محشر میں سوال ہوگا —— فرائض اور واجبات بھی ضروریات دین میں سے ہیں —— اہلِ بیت کی مودّت اور علی المرتضیٰ کی محبت قرآن میں اللہ کریم نے امت پر فرض کی ہے —— جس سے معلوم ہوتا ہے کہ علی اور دیگر اہلِ بیت کی محبت اور ان کے ساتھ

Marfat.com

عقیدت ضروریات دین میں سے ہے—— جو اِن اُمور سے بے نیاز ہوگا—— تو وہ یاد رکھے کہ خدا تعالیٰ سب سے بڑا بے نیاز ہے۔

آیت نمبر ۷

ارشاد خداوندی ہے۔

وَتَعِيَهَا اُذُنٌ وَّاعِيَةٌ ۔(پارہ نمبر ۲۹ سورہ الحاقة آیت نمبر ۱۲)

''اور محفوظ رکھیں اسے یاد رکھنے والے کان۔''

☆—— ابن جریر—— ابن ابی حاتم—— واحدی—— ابنِ مردویہ—— ابنِ عساکر—— رحمۃ اللہ علیہم—— نے حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بیان کیا ہے—— کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام سے فرمایا۔

اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَنِیْ اَنْ اُدْنِيَكَ وَلَا اَقْصِيَكَ وَاَنْ اُعَلِّمَكَ وَاَنْ تَعِيَ وَحَقٌّ لَكَ اَنْ تَعِيَ ۔

بے شک اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ (اے علی!) میں تجھے اپنے قریب رکھوں اور دور نہ ہونے دوں اور میں تجھے علم سکھاؤں، کیونکہ تم علم کو غور سے سن کر سمجھ کر، محفوظ کر لیتے ہو۔''

(تفسیر درمنثور (امام سیوطی) ج ۶، ص ۲۶۰)

☆—— امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ—— مندرجہ بالا آیت شریفہ کے تحت لکھتے ہیں—— کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے—— اس آیت شریفہ کے نزول کے وقت—— حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے فرمایا۔

سَاَلْتُ اللّٰهَ اَنْ يَّجْعَلَهَا اُذُنَكَ يَا عَلِيُّ!

Marfat.com

اے علی! میں نے اللہ تعالیٰ کی جناب میں سوال کیا ہے کہ وہ اس (اذن و اعیة) کو تیرا کان بنائے۔

حضرت مولا علی فرماتے ہیں۔

فَمَا نَسِيْتُ شَيْئًا بَعْدَ ذٰلِكَ وَمَا كَانَ لِيْ اَنْ اَنْسٰى ۔

''پس اس کے بعد، میں کوئی چیز بھی نہیں بھولا، اور نہ ہی میرے لیے ہے کہ میں ''کوئی چیز'' بھولوں۔'' (تفسیر کبیر (امام رازی) ج ۳، ص ۱۰۷)

اس سے معلوم ہوا کہ مذکورہ آیتِ مبارکہ ـــــ حضرت مولائے کائنات علی المرتضیٰ کے بارے میں نازل ہوئی ـــــ اور یہ بھی کہ علی ''مَدِيْنَةُ الْعِلْمِ'' سے جو علم سیکھتے اسے یاد رکھتے ہیں ـــــ فرمانِ رسول ـــــ کہ ''میں علم کا شہر ہوں علی اس کا دروازہ ہے'' بھی اسی امر کا مظہر ہے ـــــ علی پاک خود فرما رہے ہیں کہ دنیا والو! ـــــ یہ بات میرے لیے نہیں ہے کہ میں کسی چیز کو بھولوں ـــــ

عارض شرع رسول پاک کا غازہ علی
علم و حکمت کے مدینے کا ہے دروازہ علی
کون ہے دنیا میں، میرے مولا حیدر کے سوا
جس نے ہو دعویٰ ''سلونی'' برسر منبر کیا

(خضر)

آیت نمبر ۸

خالقِ ارضین وسماوات کا ارشاد پاک ہے:

اَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا ؕ لَا يَسْتَوٗنَ ○

(پارہ ۲۱ سورۂ سجدہ آیت نمبر ۱۸)

Marfat.com

تو کیا جو شخص ایمان دار ہو وہ اس کی مانند ہو سکتا ہے، جو فاسق ہو؟ (ہرگز) یہ برابر نہیں۔

شانِ نزول

ابن جریر ـــ سیوطی ـــ واحدی ـــ خطیب ـــ بغدادی ـــ ابن مردویہ ـــ قاضی پانی پتی ـــ خازن ـــ محبّ ـــ طبری ـــ اور دیگر مفسرین و محدثین ـــ رحمۃ اللہ علیہم ـــ کے نزدیک یہ آیتِ مبارکہ ـــ حضرت مولا علی ـــ اور ـــ ولید بن عقبہ کے متعلق نازل ہوئی۔

بات کچھ اس طرح ہے کہ حضرت علی ـــ اور ولید بن عقبہ کے درمیان کسی بات پر جھگڑا ہوا ـــ تو ولید نے غصہ میں آ کر حضرت علی المرتضٰی سے کہا ـــ خاموش ہو جا تو ابھی بچہ ہے اور میں عمر رسیدہ اور جہاں دیدہ ہوں ـــ میری زبان تجھ سے زیادہ فصیح و سبیط ہے ـــ اور میرا نیزہ تمہارے نیزے سے زیادہ تیز ہے ـــ اور جسم کے اعتبار سے میں تجھ سے زیادہ بھرا ہوا بہادر ہوں ـــ اس کی یہ لاف و گزاف سن کر، اللہ کے شیر نے فرمایا:

اُسْكُتْ فَاِنَّكَ فَاسِقٌ ۔

خاموش رہ کہ تو فاسق و فاجر ہے۔

☆ ـــ "الریاض النضرۃ" میں محبّ طبری لکھتے ہیں، کہ آپ نے اسے یوں فرمایا:

اَنْتَ فَاسِقٌ تَقُوْلُ الْكِذْبَ ۔

"تو فاسق ہے اور جھوٹ بولتا ہے۔"

تو اس پر یہ آیتِ مقدسہ اللہ کریم نے مولا علی علیہ السلام کی تائید میں نازل فرمائی۔

تفسیر خازن ج ۲، ص ۴۸۷ ـ تفسیر در منثور ج ۵، ص ۱۸۷

Marfat.com

اس آیت کی تفسیر سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت مولا علی کے مقابلے میں لاف زنی کرنا فاسقوں کا کام ہے —— اور قہر خداوندی کو دعوت دینے کے مترادف ہے —— اور ان لوگوں کا کیا حال ہوگا۔ جو اللہ تعالیٰ کے آخری رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنی مثل تصور کرتے ہیں —— اور افعالِ نبوت کو اپنے سطحی افعال پر قیاس کرتے ہیں —— اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ مومن اور فاسق برابر نہیں —— انسان کا شرف مرتبہ ایمان وتقویٰ میں جلوہ گر ہے۔

خیال رہے کہ مولا مرتضیٰ نے —— ولید بن عقبہ کی بے ہودہ سرائی کے جواب میں فقط اتنا فرمایا —— کہ تو فاسق اور جھوٹا ہے —— کہ نہ تیرا جسم میرے جسم سے طاقت ور ہے اور نہ تو میری طرح بہادر ہے —— اور نہ ہی تیری زبان میری زبان سے زیادہ فصیح ہے —— اور نہ ہی تیرا نیزہ میرے نیزے سے زیادہ تیز ہے —— اور نہ ہی میں ابھی بچہ ہوں —— کیونکہ میں اور میرا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دونوں ایک ہی نور سے ہیں —— اور ہمارے نور کی تخلیق ساری مخلوق سے پہلے معرض وجود میں آئی۔

یہ امر بھی یاد رہے کہ مولویوں کی ایک خاص قسم ہے جن کے سینے بغض علی سے بھرے ہوئے ہیں —— ان کے نزدیک علی کریم کا ہر دشمن اسلام کا بہت بڑا ہیرو ہے —— وہ لاکھ کوشش کے باوجود بغض علی کو چھپانے میں ناکام رہتے ہیں —— ان کی بے لگام زبان علی شیرِ خدا پر وار کرنے سے باز نہیں رہ سکتی —— اس لیے کہ وہ منافقین کے زمرہ میں آتے ہیں۔

آیت نمبر ۹

فرمان خداوندی ہے:

Marfat.com

فَالْيَوْمَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُوْنَ ○ عَلَى الْاَرَآئِكِ يَنْظُرُوْنَ ○ هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ○

(پارہ ۳۰ سورۃ مطففین آیت ۳۴-۳۵-۳۶)

پس آج (قیامت کے دن) مؤمنین، کفار پر ہنس رہے ہیں، کیوں، کچھ بدلا ملا کافروں کو (اپنے کرتوتوں کا) جو وہ کیا کرتے تھے۔

☆ ـــ حافظ ابوالمؤید موفق بن احمد بن محمد بکرمی، مکی، حنفی، المعروف اخطب خوارزم متوفی ۵۶۸ھ ـــ اس آیت کے ضمن میں ارقام فرماتے ہیں کہ مولا علی علیہ السلام مسلمانوں کے ایک گروہ کے ساتھ ـــ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہِ عالی وقار کی طرف آرہے تھے۔

فَسَخِرَ بِهِ الْمُنَافِقُوْنَ وَتَضَاحَكُوْا وَ تَغَامَزُوْا ۔

(کہ رستے میں) منافقین نے حضرت علی المرتضےٰ اور آپ کے ساتھیوں کا مذاق اڑایا اور ان پر ہنسے اور آنکھوں سے ایک دوسرے کی طرف اشارے کیے۔ (المناقب للخوارزمی ص ۲۷۵ مطبوعہ موسسۃ النشر الاسلامی قم ایران)

تو اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی ـــ جس میں فرمایا گیا ہے کہ قیامت کو مومنین اپنے عروس پلنگوں پر بیٹھ کر کفار کی خستہ حالی پر ہنسیں گے۔

اس سے معلوم ہوا کہ مولائے کائنات علی شیرِ خدا کا تمسخر اڑانا اور آپ کی طرف دیکھ کر ـــ یا آپ کا نام مبارک سن کر حقارت سے مسکرانا، منافقوں کا کام ہے ـــ کیونکہ اہلِ اسلام کے نزدیک تو محبتِ علی علیہ السلام ایمان کی جان ہے۔

آیت نمبر ۱۰

رب ذوالجلال والاکرام کا ارشاد گرامی ہے:

Marfat.com

لَقَدْ رَضِیَ اللّٰہُ عَنِ الْمُؤْمِنِیْنَ اِذْ یُبَایِعُوْنَکَ تَحْتَ الشَّجَرَۃِ فَعَلِمَ مَافِیْ قُلُوْبِھِمْ فَاَنْزَلَ السَّکِیْنَۃَ عَلَیْھِمْ وَ اَثَابَھُمْ فَتْحًا قَرِیْبًا ○

(پارہ ۲۶ سورۂ فتح آیت نمبر ۱۸)

یقیناً راضی ہو گیا اللہ تعالیٰ ان مؤمنوں سے، جب وہ بیعت کر رہے تھے آپ کی اس درخت کے نیچے، پس جان لیا اس نے جو کچھ ان کے دلوں میں تھا، پس اتارا اس نے اطمینان کو ان کو بطور انعام، انہیں یہ قریبی فتح بخشی گئی۔

☆ ـــــ خطیب خوارزم موفق بن احمد مکی خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ اس آیت کے ضمن میں لکھتے ہیں ـــــ کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے ـــــ کہ مذکورہ بالا آیت، اہلِ حدیبیہ کے بارے میں نازل ہوئی ـــــ اس روز ـــــ ان کی تعداد چودہ سو افراد پر مشتمل تھی ـــــ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے اصحاب سے فرمایا۔

اَنْتُمُ الْیَوْمَ خِیَارُ اَھْلِ الْاَرْضِ ۔

آج تم تمام اہلِ زمین سے بہتر ہو۔

راوی فرماتے ہیں ـــــ کہ ہم سب نے درخت کے نیچے اس بات پر بیعت کی کہ ہم جان کی بازی لگا دیں گے، لیکن منہ نہ موڑیں گے ـــــ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔

وَاَوْلَی النَّاسِ بِھٰذِہِ الْاٰیَۃِ عَلِیُّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ ۔

کہ اس آیت کے سب سے زیادہ حق دار علی ابن ابی طالب ہیں۔

کیونکہ اللہ کریم کا فرمان ہے۔

وَاَثَابَھُمْ فَتْحًا قَرِیْبًا ۔

Marfat.com

اور بطور انعام انہیں قریب کی فتح سے نوازا۔

فرماتے ہیں ـــــ اور وہ قریب کی فتح ـــــ فتح خیبر تھی ـــــ اور خیبر حضرت مولا علی کے دست حق پرست پر فتح ہوا۔ (مناقب خوارزمی ص ۲۷۶ مطبوعہ مؤسسۃ النشر الاسلامی قم ایران)

پرتو دست قدرت پہ لاکھوں سلام

آیت نمبر ۱۱

اللہ تعالیٰ کا ارشاد پاک ہے:

هُوَ مَوْلٰـهُ وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ○ (پارہ ۲۸ سورۂ تحریم آیت نمبر ۴)

(خوب جان لو!) کہ اللہ تعالیٰ آپ کا مددگار ہے جبریل اور نیک بخت مومنین بھی آپ کے مددگار ہیں اور اس کے علاوہ سارے فرشتے بھی مدد کرنے والے ہیں۔

☆ ـــــ ابن ابی حاتم رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ ـــــ اور ابن مردویہ رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے بیان کیا ہے ـــــ کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ـــــ صَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ ـــــ سے مراد حضرت علی ابن ابی طالب ہیں۔ (تفسیر درمنثور ج ۶، ص ۲۴۴)

بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗٓ ۙ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۡ يُجَاهِدُوْنَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَآئِمٍ ۭ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ○ (پارہ ۶ سورۂ مائدہ آیت نمبر ۵۴)

اے ایمان والو! جو پھر گیا تم میں سے اپنے دین سے (تو اس کی بدنصیبی) کہ

Marfat.com

عنقریب لے آئے گا اللہ تعالیٰ ایک ایسی قوم، محبت کرتا ہے اللہ تعالیٰ ان سے، اور وہ محبت کرتے ہیں اس سے، جو نرم ہوں ایمان داروں کے لیے، بہت سخت ہوں گے کافروں پر، جہاد کریں گے، اللہ تعالیٰ کی راہ میں، اور نہ ڈریں گے کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے، یہ (محض) اللہ تعالیٰ کا فضل ہے، نوازتا ہے اسے جسے چاہتا ہے اللہ تعالیٰ بڑی کشادہ رحمت والا سب کچھ جاننے والا ہے۔

☆ —— امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ، اس آیت کے تحت

آیت نمبر ۱۲

فرمان خداوندی ہے۔

فَسْئَلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ○ (پارہ ۱۴ سورۂ نحل آیت نمبر ۴۳)

''پس سوال کرو، اہلِ ذکر سے اگر تم خود نہیں جانتے۔''

☆ —— امام ابن جریر طبری رحمۃ اللہ علیہ نے —— حضرت جابر جعفی سے بیان کیا ہے —— کہ جب مذکورہ آیتِ مقدسہ نازل ہوئی —— تو مولا علی نے فرمایا ——

نَحْنُ اَهْلُ الذِّكْرِ ۔

کہ ہم اہلِ ذکر ہیں۔ (تفسیر ابن جریر)

آیت نمبر ۱۳

خداوند عالم کا ارشاد ہے:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَسَوْفَ يَاْتِى اللّٰهُ

لکھتے ہیں، کہ یہ آیت جناب علی علیہ السلام کی شان میں نازل ہوئی —— جب نبیِ

Marfat.com

کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ـــــ حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کو خیبر کے دن جھنڈا عطا فرمایا ـــــ اور ـــــ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا کہ میں کل جھنڈا اس کو دوں گا ـــــ

یُحِبُّ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ، وَ یُحِبُّہُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ ۔

جسے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم محبوب رکھتے ہیں، اور وہ شخص بھی اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو محبوب رکھتا ہے۔

امام رازی فرماتے ہیں۔

ھٰذَا ھُوَ الصِّفَۃُ الْمَذْکُوْرَۃُ فِی الْاٰیَۃِ ۔

کہ یہی وہ صفت ہے جسے آیت کے اندر بیان کیا گیا ہے۔

(تفسیر کبیر ج ۱۲، ص ۲۰ مطبوعہ ایران)

آیت نمبر ۱۴

قرآن مجید میں ارشاد ہے۔

وَالَّذِیْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِہٖٓ اُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُتَّقُوْنَ○

(پارہ ۲۴ سورۂ زمر آیت نمبر ۳۳)

اور وہ ہستی ہے جو سچ لے کر آئی، اور جنہوں نے اس سچائی کی تصدیق کی، یہی لوگ ہیں ـــــ جو پرہیز گار ہیں۔

☆ ـــــ امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر میں اس آیت کے تحت ـــــ حضرت ابن مردویہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے ـــــ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت نقل فرماتے ہیں ـــــ

وَالَّذِیْ جَآءَ بِالصِّدْقِ ـــــ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

Marfat.com

(وَآلِہٖ) وَسَلَّمَ وَصَدَّقَ بِہٖ ـــــ قَالَ ـــــ عَلِیِّ ابْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ ۔

اور وہ ہستی جو سچ لے کر آئی ـــــ (سے مراد) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں ـــــ اور جنہوں نے اس سچائی کی تصدیق ـــــ (سے مراد) حضرت علی ابن ابی طالب ہیں ـــــ (تفسیر درمنثور ج ۵، ص ۳۲۸)

یعنی سچائی لے کر آنے والے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں ـــــ اور سچائی کی تصدیق کرنے والے مولائے کائنات علی علیہ السلام ہیں۔

خیال رہے کہ جس جس نے سچ کو سچ سمجھ کر سچائی کی تصدیق کی وہ سب کے سب لوگ اس امر میں شامل ہیں۔

آیت نمبر ۱۵

ارشاد خدائے لم یزل ہے۔

اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰہُ صَدْرَہٗ لِلْاِسْلَامِ فَھُوَ عَلٰی نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّہٖ ط فَوَیْلٌ لِّلْقٰسِیَۃِ قُلُوْبُھُمْ مِّنْ ذِکْرِ اللّٰہِ ط اُولٰٓئِکَ فِیْ ضَلَالٍ مُّبِیْنٍ ○

(پارہ ۲۳ سورۂ زمر آیت نمبر ۲۲)

بھلا وہ (سعادت مند) کشادہ فرما دیا ہو اللہ تعالیٰ نے جس کا سینہ اسلام کے لیے، تو وہ اپنے ربّ کی طرف سے دیئے ہوئے نور پر ہے، پس ہلاکت ہے ان سخت دلوں کے لیے، جو ذکر خدا سے متاثر نہیں ہوتے یہی لوگ کھلی گمراہی میں ہیں۔

☆ ـــــ حافظ الحدیث امام محبّ الدین احمد طبری رحمۃ اللہ علیہ رقمطراز ہیں، کہ یہ آیتِ مقدسہ، حضرت علی ـــــ اور حضرت حمزہ علیہما السلام ـــــ ابولہب ـــــ اور اس کی

Marfat.com

اولاد ـــــ کے بارے میں نازل ہوئی ـــــ فرماتے ہیں۔

فَعَلِیٌّ وَّ حَمْزَۃُ شَرَحَ اللّٰہُ صَدْرَھُمَا لِلْاِسْلَامِ وَ اَبُوْ لَھَبٍ وَّاَوْلَادُہٗ قَسَتْ قُلُوْبُھُمْ ۔

علی اور حمزہ، دونوں کے سینوں کو اللہ تعالیٰ نے اسلام کے لیے کشادہ فرما دیا ـــــ اور ابولہب اور اس کی اولاد کے دل سخت ہو گئے ـــــ

(الریاض النضرۃ ج ۲ ص ۱۷۹)

آیت نمبر ۱۶

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَالَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَیْرِ مَا اکْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُھْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِیْنًا ○ (پارہ ۲۲ سورۂ احزاب آیت نمبر ۵۸)

اور جو لوگ دل دکھاتے ہیں ایمان والے مردوں اور عورتوں کا بغیر اس کے کہ انہوں نے کوئی (معیوب) کام کیا ہو، تو انہوں نے اٹھا لیا (اپنے سر پر) بہتان باندھنے اور کھلے گناہ کا بوجھ ـــــ

ـــــ یہ آیت ان منافقوں کے بارے میں نازل ہوئی ـــــ جو حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ایذاء دیتے تھے ـــــ اور ان کے حق میں بدگوئی کرتے تھے ـــــ

حضرت فضیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ـــــ کہ کتے اور سور کو بھی ناحق ایذا دینا حلال نہیں، تو مؤمنوں اور مومنات کو ایذاء دینا کس قدر بدترین جرم ہے ـــــ

(تفسیر خزائن العرفان ص ۶۱۷ مطبوعہ تاج کمپنی)

اس سے معلوم ہوا کہ مولائے کائنات کو اذیت دینے والا بہت بڑا گناہگار ہے ـــــ اور پرلے درجے کا کذاب ہے ـــــ اور کھلا ہوا منافق ہے ـــــ اس آیت کی تفسیر سے

Marfat.com

مذہب کے ٹھیکیدار منافقوں کو سبق حاصل کرنا چاہئے۔

آیت نمبر ۱۷

اللہ پاک کا ارشاد پاک ہے:

قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَ بِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ؕ

(پارہ ۱۱، سورۂ یونس آیت نمبر ۵۸)

(اے محبوب) فرما دیجئے کہ اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی رحمت ہے، چاہئے کہ اس (کے ملنے پر) خوشی کریں۔

☆ —— علامہ محبّ اللہ نوری صاحب اپنی کتاب ''باب مدینۃ العلم'' کے صفحہ نمبر ۷۵ پر —— ابن عساکر (جلد ۱۸ صفحہ نمبر ۱۱) کے حوالے سے لکھتے ہیں —— کہ اس آیت میں —— فضل اللہ —— سے مراد حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں —— اور —— رحمتہ —— سے مراد مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم شیرِ خدا مراد ہیں۔

اس سے معلوم ہوا کہ فضلِ خداوندی —— مصطفےٰ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی ذات اقدس ہے —— اور علی المرتضیٰ، رحمتِ باری تعالیٰ ہیں —— اور جو اللہ تعالیٰ کے فضل اور اس کی رحمت کا طلبگار ہے —— وہ دربار رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم —— اور دیار حیدر کرار سے واسطہ رکھے ——

آیت نمبر ۱۸

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ وَ يَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ

تو کیا، وہ شخص (اِنکار کر سکتا ہے) جس کے پاس روشن دلیل ہو اپنے رب کی طرف سے، اور اس کے پیچھے ایک سچا گواہ بھی آ گیا ہو اللہ تعالیٰ کی طرف

Marfat.com

سے ——

☆ —— قاضی ثناء اللہ پانی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر میں —— اوپر والی آیت کے تحت لکھتے ہیں۔

مَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ —— (جس کے پاس روشن دلیل ہو) سے حضور علیہ الصلوٰۃ و السلام کی ذات اقدس مراد ہے۔

اَلشَّاهِدُ هُوَ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ ۔

گواہ سے مراد علی ابن ابی طالب ہیں۔

صاحبِ تفسیرِ مظہری —— (قاضی پانی پتی) امام بغوی کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا:

مَا مِنْ رَجُلٍ مِّنْ قُرَيْشٍ اِلَّا وَقَدْ نَزَلَتْ فِيْهِ اٰيَةٌ مِّنَ الْقُرْاٰنِ ۔

قریش میں سے کوئی ایک بھی ایسا آدمی نہیں، جس کے متعلق قرآن پاک کی کوئی نہ کوئی آیت نازل نہ ہوئی ہو۔

وَاَنْتَ اَيُّ شَيْءٍ نَزَلَ فِيْكَ، قَالَ يَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ ۔

کہ آپ کے بارے میں کیا چیز نازل ہوئی، آپ نے فرمایا —— يَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ —— یہ آیت میرے متعلق نازل ہوئی ——

☆ —— مولا علی کو شاہد اس لیے کہا گیا ہے —— کہ سب سے پہلے آپ ہی ایمان لائے

فَهُوَ اَوَّلُ مِنْ شَهِدَ بِصِدْقِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ (وَآلِهٖ) وَسَلَّمَ ۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صداقت کی سب سے پہلے گواہی دینے والے آپ

Marfat.com

ہیں۔

جناب قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ، سلسلہ کلام کو جاری رکھتے ہوئے لکھتے ہیں ـــــ کہ میرے نزدیک آپ کو شاہد کہنے کی قوی ترین دلیل یہ ہے۔

اِنَّ عَلِیًّا رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ کَانَ قُطْبَ کَمَالَاتِ الْوَلَایَاتِ وَ سَائِرَ الْاَوْلِیَآءِ حَتّٰی الصَّحَابَۃِ رِضْوَانُ اللّٰہِ عَلَیْہِمْ اَتْبَاعٌ لَّہٗ فِیْ مَقَامِ الْوَلَایَۃِ ۔

بلاشبہ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تمام کمالات ولایت کے مرکزی نکتہ اور قطب ولایت تھے تمام اولیائے کرام، بلکہ تمام صحابہ کرام بھی مقام ولایت میں آپ کے تابع ہیں۔ (التفسیر المظہری ج ۵، ص ۷۶)

عقاید ونظریات کے نام پر اندھیری وادیوں میں دھکے کھانے والے نام نہاد محققین! ـــــ خطاب کے نام پر ـــــ پرخار۔ اور خطرناک بادلوں میں آوارہ گردی کرنے والے جوشیلے، ادراک سے خالی واعظین! ـــــ اگر مندرجہ بالا عبارت پر غصہ آجائے ـــــ اس چشتی فقیر پر نہیں ـــــ بلکہ نقشبندیوں کے اس عظیم مفسر پر غصہ اتار لینا، جنہوں نے اپنا عقیدہ بتائے ہوئے عقیدتوں کے پھول سینہ قرطاس پر بکھیرے ہیں۔

آیت نمبر ۱۹

•خدائے لایزال کا ارشاد پاک ہے۔

وَاِذَا لَقُوا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ وَاِذَا خَلَوْا اِلٰی شَیٰطِیْنِہِمْ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مَعَکُمْ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَہْزِءُوْنَ ○ (پارہ اول سورۂ بقرہ آیت نمبر ۱۴)

اور جب ایمان لانے والوں سے ملتے ہیں، تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے،

Marfat.com

اور جب اپنے کے پاس جاتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم تمہارے ساتھ ہیں، ہم تو ان لوگوں سے مذاق کرتے ہیں۔

شانِ نزول

مروی ہے کہ ایک دن منافقوں کا سردار عبداللہ بن اُبی اور اس کے ساتھی منافقین شہر سے باہر نکلے ـــــ ادھر صحابہ کرام بھی تشریف لا رہے تھے ـــــ عبداللہ بن اُبی اپنے ساتھیوں سے کہنے لگا ـــــ ذرا دیکھئے کہ میں ان سفہا کو تم سے کیسے ہٹاتا ہوں ـــــ جب قریب ہوئے ـــــ تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہاتھ کو پکڑ کر خوشامد کے انداز میں کہنے لگا، مرحبا! آپ صدیق ہیں ـــــ اور قبیلہ بنی تمیم کے سردار ـــــ شیخ الاسلام ـــــ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یار غار ـــــ اپنی جان ـــــ اور اپنا مال رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نثار کرنے والے۔

ـــــ پھر حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ہاتھ پکڑ کر بعینہ اسی طرح خوشامدانہ انداز میں تعریفیں کرنے لگا ـــــ پھر حضرت مولا کرم اللہ وجہہ کا ہاتھ پکڑ کر کہنے لگا۔

مَرْحَبًا بِابْنِ عَمِّ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَ خَتَنِهٖ وَ سَيِّدِ بَنِیْ هَاشِمٍ مَا خَلَا رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔

مرحبا! (اے علی!) آپ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچازاد بھائی اور ان کے داماد، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سوا تمام بنو ہاشم کے سردار ہیں۔

مولا علی مرتضیٰ نے اس کی یہ بات سن کر ـــــ اسے فرمایا ـــــ

يَا عَبْدَ اللّٰهِ اِتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تُنَافِقْ فَاِنَّ الْمُنَافِقِيْنَ شَرُّ خَلْقِ اللّٰهِ ۔

Marfat.com

اے عبداللہ! اللہ تعالیٰ سے ڈر، اور منافقت چھوڑ دے، کیونکہ منافقین تمام مخلوق سے بدترین ہیں۔

عبداللہ بن ابی نے اپنے خبث باطن کو طشت از بام ہوتے دیکھا تو کہا ——

مَهْلاً يَا اَبَا الْحَسَنِ اَنّٰى تَقُوْلُ هٰذَا وَاللّٰهِ اِنَّ اِيْمَانَنَا كَاِيْمَانِكُمْ وَتَصْدِيْقَنَا كَتَصْدِيْقِكُمْ .

اے ابوالحسن! چھوڑیئے، بات کو آگے نہ بڑھایئے —— خدا کی قسم، ہم لوگ بھی آپ لوگوں کی طرح ایمان دار ہیں، اور آپ لوگوں کی طرح اسلام اور بانی اسلام کی تصدیق کرتے ہیں۔

(تفسیر روح البیان ج اول، ص ۶۲ ---- خزائن العرفان ص ۶)

جب وہ بدبخت اپنے دوستوں سے ملا تو کہنے لگا —— دیکھا تم نے، کہ میں نے ان کے ساتھ کیسا سلوک کیا —— تم بھی جب ان سے ملو تو ایسا ہی کرو! —— اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

جناب سیّدنا علی المرتضےٰ کرم اللہ وجہہ نے رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی کی منافقت کو عیاں کر دیا —— اور ابن اُبی اپنے اصل عقیدے کو چھپانے میں ناکام رہا —— اللہ تعالیٰ نے منافقوں کے اس بدترین رویے کو بیان کرتے ہوئے —— یہ آیت نازل فرمائی —— اور بتا دیا کہ ایسا طریقہ کرنے والوں کو اہلِ ایمان اپنی نگاہوں میں رکھیں تا کہ وہ ایمان والوں کو نقصان نہ پہنچا سکیں۔

اے ایمان والو! —— میں قسم اٹھا کر کہتا ہوں کہ منافقوں کا گروہ مولائے کائنات علی المرتضٰی کرم اللہ وجہہ کو کسی صورت میں تسلیم کرنے کے لیے تیار نہیں —— اور یہ سلسلہ

Marfat.com

قیامت تک کے لیے ہے—— قیامت سے ایک دن پہلے کا منافق بھی ابن ملجم لعین کی طرح دشمن علی ہوگا—— علی کے دشمنوں کو ہر وہ مسلمان جانتا ہے، جس کے دل میں نور ایمان چمک رہا ہے۔

لفظ شیطان

اللہ ربّ العزت نے منافقوں کو شیاطین کہا ہے—— اور لفظ شیطان—— شطن —— سے بنا ہے—— جس کا معنٰی ہے—— دور ہوا—— چونکہ شیطان شر میں بہت زیادہ بڑھا ہوا ہے—— اور خیر سے بہت دور جا چکا ہے—— اس لیے اس کا نام شیطان رکھا ہے۔

——یا لفظ شیطان—— شاط—— سے مشتق ہے—— جس کے معنی ہے—— باطل ہوا—— اور شیطان کا ایک نام باطل بھی ہے۔ (تفسیر مظہری)

شیطان کسے کہتے ہیں؟

امام ابن جریر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

وَالشَّيَاطِيْنُ كُلُّ شَيْءٍ مَرَدَتُهٗ وَيَكُوْنُ الشَّيْطَانُ مِنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ .

کہ ہر بہکانے اور سرکشی کرنے والے کو شیطان کہتے ہیں، وہ جنوں میں سے ہو یا انسانوں میں سے ہو۔ (تفسیر ابن کثیر جلد اول ص ۵۱)

قرآن کی گواہی

قرآن مجید میں بھی انسانی شیطانوں کے بارے میں آیا ہے۔

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ يُوْحِيْ

Marfat.com

بَعْضُهُمْ اِلٰی بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا ط (پارہ۸ سورۂ انعام آیت نمبر۱۱۲)

اوراسی طرح بنادیئے ہم نے ہر نبی کے لیے دشمن آدمیوں اور جنوں میں سے شیطان جو چپکے چپکے سکھاتے تھے ایک دوسرے کو خوش نما باتیں (لوگوں کو) دھوکہ دینے کے لیے۔

حدیث کی گواہی

حدیث شریف میں بھی انسانی شیطانوں کے بارے میں آیا ہے —— حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں —— کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شَیَاطِیْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ ۔

''ہم جنوں اور انسانوں کے شیطانوں سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔''

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا —— یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! کیا انسانوں کے شیطان بھی ہیں؟ —— سرکار علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہاں —— اور پھر سورۂ بقرہ کی آیت نمبر۱۴ تلاوت فرمائی۔

—— ''کہ جب یہ منافق مسلمانوں سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں —— جیسے تم ایمان لائے، ویسے ہی ہم بھی ایمان لائے۔''

قارئین کرام! —— اس ساری بحث کا مطلب یہ ہے —— کہ منافقین نوع انسانی کے شیطان ہیں —— اور ان شیطانوں نے خدا کی زمین پر ایسے ایسے فسادات برپا کیے کہ شیطان رجیم بھی پناہ مانگے —— ظلم وجور منافقین کا محبوب ترین مشغلہ حیات ہے۔

—— ان کی ظاہری شکل وصورت پر نہ جائیں —— ان کے باطن میں جھانک کر دیکھیں تو آپ کو نہایت خطرناک بھیڑیئے نظر آئیں گے۔

Marfat.com

—— ان کے گندے نظریات کی بدبو سے ایک مدت تک آپ کا دماغ متاثر رہے گا۔

بات ہو رہی ہے انسانی شیطانوں کی —— جسے قرآن مجید نے واضح طور پر بیان فرمایا ہے —— کہ منافقین دنیائے آدمیت کے شیطان ہیں —— اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشاد کے مطابق بغض علی صرف منافق کے سینے میں شعلہ زن رہتا ہے۔ —— اور مومن کے سینے میں، محبتِ علی علیہ السلام جلوہ گر رہتی ہے —— میرے نزدیک ہر وہ آدمی، منافق ہے جو حضرت علی علیہ السلام کا ذکر ان کی شان و مرتبت کے مطابق نہیں کرتا —— اور ذکر علی علیہ السلام روکنے کے لیے اپنی تمام توانائیاں صرف کر دیتا ہے —— خواہ وہ مولوی ہو —— یا —— خطیب —— علامہ ہو —— یا —— فہامہ —— اہلِ ایمان کے نزدیک وہ منافق ہے —— اور منافق کا جہنمی ہونا یقینی امر ہے۔

آیت نمبر ۲۰

پروردگارِ عالم جل جلالہٗ کا ارشاد پاک ہے:

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصِّدِّيْقُوْنَ وَالشُّهَدَآءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ لَهُمْ اَجْرُهُمْ وَنُوْرُهُمْ ؕ (پارہ ۲۷ سورۂ حدید آیت نمبر ۱۹)

''اور جو لوگ ایمان لائے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولوں پر۔ وہی (خوش نصیب) اللہ تعالیٰ کی جناب میں صدیق اور شہید ہیں —— ان کے لیے (خصوصی) اجر اور ان کا (مخصوص) نور ہے۔''

☆ —— ارجح المطالب کے صفحہ نمبر ۶۴ پر مسند امام احمد بن حنبل —— اور تفسیر ثعلبی —— اور مناقب مغازلی کے حوالے سے مرقوم ہے۔

Marfat.com

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ـــــ قَالَ: ـــــ اِنَّهَا نَزَلَتْ فِیْ عَلِیٍّ ۔

حضرت ابنِ عباس سے مروی ہے کہ یہ آیت حضرت علی کی شان میں نازل ہوئی۔

مسند امام احمد ـــــ مفسر قرآن امام ثعلبی ـــــ اور مغازلی ـــــ رحمۃ اللہ علیہم ـــــ کے مطابق اوپر والی آیت حضرت مولا علی علیہ السلام کے حق میں نازل ہوئی ہے ـــــ جس سے معلوم ہوا کہ صدیقیت وشہادت کے ارفع واعلیٰ مقام پر فائز ہونے والوں، میں جو ہستی سرفہرست ہے وہ مولائے مومناں علی کرم اللہ وجہہ ہیں اور ان کے لیے خصوصی اجر وثواب ہے ـــــ اور آپ خصوصی نور وانوار کے حامل ہیں۔

آیات نمبر ۲۱-۲۲-۲۳-۲۴

خالق ارضین وسماوات کا ارشاد گرامی ہے:

هٰذٰنِ خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوْا فِیْ رَبِّهِمْ فَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِیَابٌ مِّنْ نَّارٍ ؕ یُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ الْحَمِیْمُ ○ یُصْهَرُ بِهٖ مَا فِیْ بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ ○ وَلَهُمْ مَّقَامِعُ مِنْ حَدِیْدٍ ○ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ یَّخْرُجُوْا مِنْهَا مِنْ غَمٍّ اُعِیْدُوْا فِیْهَا وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِیْقِ ○

(پارہ نمبر ۱۷ سورۂ حج آیت نمبر ۱۹ ـــــ ۲۰ ـــــ ۲۱ ـــــ ۲۲)

یہ دو فریق ہیں جو جھگڑ رہے ہیں اپنے ربّ کے بارے میں، تو وہ لوگ جنہوں نے کفر اختیار کیا تیار کر دیئے گئے ہیں ان کے لیے کپڑے آتش (جہنم) سے۔ انڈیلا جائے گا ان کے سروں پر کھولتا ہوا پانی، گل جائے گا اس کھولتے پانی سے جو کچھ ان کے شکموں میں ہے اور چمڑیاں بھی گل

Marfat.com

جائیں گی اور ان (کو مارنے) کے لیے گرز ہوں گے لوہے کے، جب بھی ارادہ کریں گے اس سے نکلنے کا فرط رنج والم کے باعث تو انہیں لوٹا دیا جائے گا اس میں اور (کہا جائے گا) کہ چکھو جلتی ہوئی آگ کا عذاب ——

شانِ نزول

ان دو گروہوں سے کون لوگ مراد ہیں؟ —— اس سے متعلق امام مسلم قشیری صاحب صحیح مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے سیّدنا ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ حدیث روایت کی ہے —— اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اسی حدیث پر اپنی جلیل القدر کتاب کو ختم کیا —— یعنی یہ صحیح مسلم شریف کی آخری حدیث شریف ہے۔"

حضرت قیس بن عبادہ کہتے ہیں۔

سَمِعْتُ اَبَا ذَرٍّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ یُقْسِمُ قَسَمًا اِنَّ ھٰذَانِ خَصْمَانِ اخْتَصَمُوْا فِیْ رَبِّھِمْ، اِنَّھَا نَزَلَتْ فِی الَّذِیْنَ بَرَزُوْا یَوْمَ بَدْرٍ، حَمْزَۃُ وَ عَلِیٌّ وَ عُبَیْدَۃُ ابْنُ الْحَارِثِ، وَ عُتْبَۃُ وَ شَیْبَۃُ ابْنَیْ رَبِیْعَۃَ وَالْوَلِیْدُ بْنُ عُتْبَۃَ ۔

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ اس بات پر قسم اٹھاتے تھے (کہ یہ آیت ھٰذٰنِ خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوْا فِیْ رَبِّھِمْ) ان کے بارے میں نازل ہوئی جنہوں نے بدر کے دن ایک دوسرے کو مبارزت کی دعوت دی (اسلام کی طرف سے) حمزہ وعلی اور عبیدہ بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہم تھے (اور کفر کی طرف سے) ربیعہ کے دونوں بیٹے عتبہ وشیبہ اور عتبہ کا بیٹا ولید۔ (مسلم شریف کی آخری حدیث ج ۲، ص ۴۲۲ مطبوعہ سعید کمپنی کراچی)

Marfat.com

——اس واقعہ کی تفصیل یہ ہے—— کہ بدر کے دن عتبہ، اپنے بھائی شیبہ اور اپنے بیٹے ولید کو لے کر میدان جنگ میں نکلا، اور مسلمانوں کو للکارا—— انصار کے تین نوجوان مقابلے کے لیے نکلے، عتبہ نے پوچھا—— تم کون ہو؟—— انہوں نے اپنا نام ونسب بتایا تو عتبہ نے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام لے کر کہا——

اَخْرِجْ اِلَیْنَا اَکْفَاءَ نَا مِنْ قَوْمِنَا ۔

ہمارے مقابلے میں ان کو بھیجو جو نسب اور قوت میں ہمارے ہم پلہ ہوں۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

قُمْ یَا عُبَیْدَۃَ بْنَ الْحَارِثِ یَا حَمْزَۃُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ یَا عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ ۔

اے عبیدہ بن حارث کھڑے ہو جاؤ! اے حمزہ بن عبدالمطلب، "تلوار سونت لو!—— اے علی ابن ابی طالب میدان میں نکلو!——

تعمیل حکم میں تینوں بجلی کی سرعت کے ساتھ میدان میں جا کر کھڑے ہوئے—— حضرت عبیدہ نے عتبہ کو—— حضرت حمزہ نے شیبہ کو—— اور سیّدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ولید کو للکارا—— حضرت حمزہ اور حضرت علی نے اپنے اپنے حریفوں کو چشم زدن میں ڈھیر کر دیا—— لیکن حضرت عبیدہ اور عتبہ کے درمیان جنگ جاری رہی۔ دونوں ایک دوسرے کے وار سے زخمی ہو گئے—— حضرت حمزہ اور سیّدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی خارہ شگاف تلواروں کو لہراتے ہوئے عتبہ پر ٹوٹ پڑے—— اور اسے موت کے گھاٹ اتار دیا—— حضرت عبیدہ کی ٹانگ کٹ کر الگ ہو گئی تھی اور اس کا گودہ باہر بہہ رہا تھا۔

——اسی حالت میں انہیں اٹھا کر بارگاہِ محبوب ربّ العالمین میں لے آئے——

Marfat.com

آپ نے اپنے آقا و مولا کو دیکھ کر عرض کیا ——

اَلَسْتُ شَهِيْدًا

کیا میں نعمت شہادت سے سرفراز نہیں ہوں۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا —— بلٰی —— ہاں بے شک تجھے شہادت کی سعادت ارزانی ہوئی —— زندگی کے آخری لمحوں میں جوش عشق کا یہ عالم ہے کہ کسی بات کو یاد نہ کیا —— صرف یہ کہا —— کہ اگر آج ''حضرت'' ابوطالب زندہ ہوتے تو انہیں معلوم ہو جاتا کہ ان کے شعروں کا مصداق میں ہوں۔

كَذَّبْتُمْ وَ بَيْتِ اللّٰهِ يُئْذِىٰ مُحَمَّدُ وَلَمَّا نُطَاعِنْ دُوْنَهٗ وَ نُنَاضِلُ
وَنُسَلِّمُهٗ حَتّٰى نُصَرِّعَ حَوْلَهٗ وَ نَذْهَلُ عَنْ اَبْنَاءِ وَالْخَلَائِلِ ۔

اللہ تعالیٰ کے گھر کی قسم! اے مشرکین تم جھوٹ کہتے ہو کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یونہی مغلوب کر لیا جائے گا اور ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے تمہارے ساتھ جنگ نہیں کریں گے۔ ہم اس وقت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تمہارے حوالے کر سکتے ہیں جبکہ ہماری لاشیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اردگرد پڑی ہوں اور ہم اپنے فرزند و زن سے غافل ہو گئے ہوں۔ (تفسیر ضیاء القرآن ج ۳، ص ۲۰۷)

سیّدنا ابوطالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اشعار میں ایک خاص قسم کا اشارہ پایا جاتا جو اہلِ یقین کی نظروں سے پوشیدہ نہیں —— جناب ابوطالب سے متعلق بات کرنے سے پہلے اہلِ اسلام کو احتیاط کا دامن مضبوطی سے تھامے رہنا چاہئے —— فتوے بازوں کی شدت پسندی نے گلشن اسلام کو تاراج کرنے میں نامناسب کردار ادا کیا ہے۔ یہی وجہ ہے

Marfat.com

کہ آج طاغوتی قوتیں اہلِ اسلام کو غلامی کی زنجیروں میں کسنے کے لیے ہمہ وقت سرگرم عمل ہیں ـــــ علماء کو اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرنا چاہئے ـــــ

آیت نمبر ۲۵-۲۶

اللہ ذوالجلال والاکرام ارشاد فرماتے ہیں:

اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ وَ رَسُوْلُہٗ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوا الَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ وَیُؤْتُوْنَ الزَّکٰوۃَ وَھُمْ رٰکِعُوْنَ ○ وَمَن یَتَوَلَّ اللّٰہَ وَرَسُولَہٗ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰہِ ھُمُ الْغٰلِبُوْنَ ○ (پارہ نمبر ۶ سورۂ مائدہ آیت نمبر ۵۵-۵۶)

تمہارا مددگار تو صرف اللہ تعالیٰ ہے، اور اس کا رسول (پاک) ہے، اور ایمان والے ہیں جو صحیح صحیح نماز ادا کرتے ہیں اور زکوٰۃ دیا کرتے ہیں۔ اور (ہر حال میں) وہ بارگاہِ الٰہی میں جھکنے والے ہیں، اور (یاد رکھو) جس نے مددگار بنایا اللہ تعالیٰ کو اور اس کے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اور ایمان والوں کو، تو بے شک اللہ تعالیٰ ہی کا گروہ غالب ہے۔

☆ ـــــ علامہ امام محمود آلوسی رحمۃ اللہ علیہ ـــــ اس آیت کے ضمن میں یوں رقمطراز ہیں کہ ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، مسجد کی طرف تشریف لائے ـــــ اس حال میں کہ لوگ رکوع وسجود میں تھے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک سائل کو دیکھا ـــــ تو فرمایا کہ کسی نے تجھے کوئی چیز دی ہے؟ ـــــ اس نے عرض کیا: ہاں! ـــــ یہ چاندی کی انگوٹھی ـــــ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کس نے دی ہے؟ ـــــ اس سائل نے کہا، ـــــ وہ کھڑا ہونے والا ہے ـــــ اور جناب علی کی طرف اشارہ کیا ـــــ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ـــــ کہ کس حالت میں اس نے تجھے انگوٹھی

Marfat.com

دی۔

——اس نے عرض کیا——ھو راکع——وہ رکوع میں تھا۔

فَکَبَّرَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ثُمَّ تَلَا ھٰذِہِ الْاٰیَۃِ ۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نعرہ بلند کیا پھر یہ (اوپر والی) آیت تلاوت فرمائی۔ (روح المعانی ج۶،ص۱۶۷)

☆——جناب قاضی ثناءاللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تفسیر مظہری میں اسی آیت کے تحت طبرانی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے بروایت حضرت عمار بن یاسر تحریر فرمایا ہے——کہ حضرت علی ابن ابی طالب کے پاس ایک سائل آیا——حالانکہ آپ نفلی نماز میں رکوع کی حالت میں تھے——

وَ نَزَعَ خَاتَمَہٗ وَاَعْطَاءُ السَّائِلَ——فَنَزَلَتْ اِنَّمَا وَ لِیُّکُمُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ——اَلْاٰیَۃ——

اور (حضرت علی) نے اپنی انگوٹھی اتاردی اور سائل کو عطا فرمادی——اور اس پر یہ آیت (اِنَّمَا وَ لِیُّکُمُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ—— الاٰیۃ) نازل ہوئی——

(التفسیر المظہری ج۳،ص۱۳۲)

☆——سلسلہ کلام کو جاری رکھتے ہوئے قاضی پانی پتی فرماتے ہیں——(کہ یہ آیت مولا علی کے حق میں نازل ہوئی) اس کے کئی شواہد موجود ہیں——عبدالرزاق بن عبدالوہاب بن مجاہد نے اپنے باپ سے، اور انہوں نے حضرت عبداللہ بن عباس (رضی اللہ عنہم) سے اس آیتِ مبارکہ کے بارے میں ذکر کیا ہے——کہ آپ نے فرمایا یہ آیت مولا علی کے بارے میں نازل ہوئی——ابن مردویہ نے ایک اور سند سے حضرت ابنِ عباس، سے اسی طرح کی روایت بیان کی ہے اور مولا علی سے بھی اس کی مثل روایت نقل کی

Marfat.com

ہے—— ابن جریر نے مجاہد اور ابن ابی حاتم، سلمہ بن کہیل سے اسی کی مثل روایت نقل کی ہے—— ثعلبی نے حضرت ابوذر سے—— اور حاکم نے ''علام الحدیث'' نے حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے نقل کیا ہے۔ (التفسیر المظھری ج ۳، ص ۱۶۲)

☆—— صاحبِ مظہری فرماتے ہیں—— یہ وہ شواہد ہیں جو ایک دوسرے کی تائید کر رہے ہیں—— فرماتے ہیں—— اس قصہ سے ثابت ہوتا ہے کہ نماز میں عمل قلیل کرنے سے نماز فاسد نہیں ہوتی—— اس پر علماء کا اجماع ہے—— اور اس واقعہ سے یہ بھی معلوم ہوا۔

—— کہ صدقہ نافلہ کو زکوٰۃ کہنا درست ہے۔ (تفسیر مظہری جلد ۳، ص ۲۶۲)

☆—— صدر الافاضل سیّد نعیم الدین مراد آبادی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر میں ارقام فرماتے ہیں—— کہ یہ آیت حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شان میں ہے کہ آپ نے نماز میں سائل کو انگشتری صدقہ دی تھی، وہ انگشتری، انگشت مبارک میں ڈھیلی تھی، بے عمل کثیر کے نقل کی گئی——

تفسیر خزائن العرفان ص ۱۷۱ مطبوعہ تاج کمپنی لاہور سن اشاعت اکتوبر ۲۰۰۰ء

اس انگوٹھی کی قیمت

میں نے ایک تفسیر میں اسی آیت کے ضمن میں ایک مختصر سی تحریر دیکھی ہے—— لکھا ہے—— نیز یہ امر بھی قابل غور ہے—— کہ وہ انگوٹھی سونے کی تو ہرگز نہ تھی—— کیونکہ سونا مردوں پر حرام ہے—— یقیناً چاندی کی ہوگی—— زیادہ سے زیادہ اس کا وزن ایک تولہ ہو گا، جس کی قیمت ایک روپیہ سے کم تھی۔

☆—— اب دیکھتے ہیں، کہ وہ انگوٹھی کیسی تھی—— کس کی تھی؟—— اور اس کی

Marfat.com

قیمت کیا تھی ـــــ علامہ محمد صالح ترمذی، حنفی نے اپنی کتاب ـــــ ''کوب دری'' ـــــ میں لکھا ہے ـــــ کہ رکوع حالت میں جو انگوٹھی سائل کو عطا کی گئی، اس کا وزن چار مثقال تھا ـــــ اور اس کا نگینہ جو سرخ یاقوت کا تھا پانچ مثقال تھا ـــــ اور اس کی قیمت مملکت شام کے خراج کی مثل قیمتی تھی، وہ انگوٹھی طوق بن حران کی تھی ـــــ شیرِ خدا نے دوران جنگ اسے قتل کیا ـــــ اور اس کی قیمتی انگوٹھی رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں پیش کی ـــــ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہ انگوٹھی حضرت مولا علی علیہ السلام کو عطا فرمائی ـــــ

یہ کوئی عام انگوٹھی نہ تھی ـــــ اس پر حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ـــــ شعر کہے ـــــ منجملہ ان میں سے ایک یہ ہے ـــــ

وَ اَنْتَ الَّذِیْ اَعْطَیْتَ وَ کُنْتَ رَاکِعًا فَذَالِكَ نَفْسُ الْقَوْمِ یَا خَیْرَ رَاکِعٍ ۔

پس وہ شخص ہے جس نے رکوع کی حالت میں بخشش وسخاوت کی ـــــ اے بہترین رکوع کرنے والے! یہ بات قوم کی جان وروح ہے۔

(کوکب دری ص ۱۴۶/۱۴۵ مطبوعہ امامیہ کتب خانہ، لاہور)

خیال رہے کہ تفسیر روح المعانی میں مندرجہ بالا شعر کا مصرع ثانی اس طرح ہے۔

زَکَاةً فَدَتْكَ النَّفْسُ یَا خَیْرَ رَاکِعٍ ۔

''اے بہترین رکوع کرنے والے تیری طرز بخشش پر جان فدا ہو۔''

صاحب روح المعانی علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ نے ـــــ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دیگر اشعار بھی نقل فرمائے ہیں۔

Marfat.com

۱ ـــــ اَبَا حَسَنٍ تَفْدِيْكَ نَفْسِیْ وَ مَهْجَتِیْ
وَكُلُّ بَطَیٍّ فِی الْهُدٰی وَمَسَارِعِ

۲ ـــــ اَيَذْهَبُ مَدْحِيْكَ الْمُخْبَرُ ضَائِعًا
وَمَا الْمَدْحُ فِیْ جَنْبِ الْاِلٰهِ بِضَائِعِ

۳ ـــــ فَاَنْزَلَ فِيْكَ اللّٰهُ خَيْرَ وَلَايَةٍ
وَاَثْبَتَهَا اَثْنَا كِتَابِ الشَّرَائِعِ

اے ابوالحسن (علی) آپ پر میری جان اور میرا تعریف کرنا قربان ہو، اور حیطہ ہدایت میں جلدی اور دیر سے آنے والے تجھ پر قربان ہوں ـــــ کیا آپ کی سیاہی سے لکھی ہوئی تعریف ضائع ہو جائے گی؟ ـــــ اور اللہ تعالیٰ کے ہاں جو تعریف ہے وہ ضائع ہونے والی نہیں ہے۔
پس اللہ تعالیٰ نے آپ کے لیے بہترین ولایت نازل فرمائی ہے، اور اس کو ثابت رکھا ہے شریعتوں والی کتاب میں۔

(تفسیر روح المعانی جلد ۶، ص ۱۶۷ مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان)

امام خازن فرماتے ہیں

☆ ـــــ عظیم مفسر امام خازن (علاؤ الدین علی بن محمد بن ابراہیم بغدادی رحمۃ اللہ علیہ) اپنی تفسیر (لباب التاویل فی معانی التنزیل) میں مذکورہ آیت کی تفسیر میں یوں رقمطراز ہیں ـــــ کہ جناب سدی فرماتے ہیں ـــــ

مَرَّ بِعَلِیٍّ سَائِلٌ وَهُوَ رَاكِعٌ فِی الْمَسْجِدِ فَاَعْطَاهُ خَاتِمَهٗ

ایک سائل مولا علی کے پاس سے آیا اور آپ اس وقت حالت رکوع میں

Marfat.com

تھے،تو آپ نے اسے اپنی انگوٹھی عطا فرمائی۔

نیز فرماتے ہیں۔

نَزَلَتْ فِیْ شَخْصٍ مُعَیَّنٍ وَھُوَ عَلِیُّ ابْنُ اَبِیْ طَالِبٍ ۔

یہ آیت مخصوص شخصیت کے بارے میں نازل ہوئی ہے اور وہ علی ابن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہما ہیں۔

تفسیر الخازن ج ۲،ص ۵۶ مطبوعہ دارالکتب العمیۃ بیروت لبنان سن اشاعت ۲۰۰۶

امام نسفی رحمۃ اللہ علیہ

امام جلیل ابوالبرکات عبداللہ بن احمد بن محمود نسفی رحمۃ اللہ علیہ اپنی مشہور تفسیر (مدارك التنزیل و حقائق التاویل) میں مذکورہ آیت کے ضمن میں ارقام فرماتے ہیں۔

اِنَّھَا نَزَلَتْ فِیْ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ حِیْنَ سَأَلَہٗ سَائِلٌ وَھُوَ رَاکِعٌ فِیْ صَلَاتِہٖ فَطَرَحَ لَہٗ خَاتَمَہٗ کَانَّہٗ مَرِجًا فِیْ خِنْصَرِہٖ فَلَمْ یَتَکَلَّفْ لِخَلْعِہٖ کَثْرُ عَمَلٍ یُفْسِدُ صَلَاتَہٗ ۔

بے شک یہ آیت مولا علی کرم اللہ وجہہ کے بارے میں نازل ہوئی آپ سے ایک سائل نے سوال کیا، جب کہ آپ نماز میں رکوع کی حالت میں تھے تو آپ نے اس کی طرف اپنی انگوٹھی پھینکی، گویا کہ وہ انگوٹھی آپ کی چھنگلی انگلی میں ڈھیلی تھی، تو آپ کو اس کے اتارنے میں ایسے عمل کا تکلف نہیں کرنا پڑا جو آپ کی نماز کو فاسد کردے۔

(تفسیر مدارک علیٰ ہامش تفسیر الخازن جلد اول ص ۵۰۶ مطبوعہ دارالکتب العربیۃ الکبریٰ مصر)

☆ —— صاحبِ مدارک فرماتے ہیں —— کہ اس مقام پر جمع کا لفظ لایا گیا ——

Marfat.com

اگر چہ سبب ایک ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ اہلِ اسلام ان کی اتباع کریں ـــــ تا کہ ان ہی کی طرح ثواب حاصل کریں ـــــ فرماتے ہیں ـــــ کہ اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ نماز کی حالت میں صدقہ وخیرات درست ہے اور فعل قلیل نماز کو فاسد نہیں کرتا۔

امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ

امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تفسیر میں امام طبرانی ـــــ ابن مردویہ اور امام ابونعیم رحمۃ اللہ علیہم نے ـــــ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کی ہے، کہ میں رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا ـــــ جبکہ آپ آرام فرما رہے تھے اور آپ پر وحی نازل ہو رہی تھی ـــــ گھر میں ایک طرف سانپ موجود تھا ـــــ میں نے (از پئے ادب) یہ امر پسند نہ کیا کہ میں یہاں رات گزاروں ـــــ اور یہ بات بھی میں نے (خلاف ادب تصور کی) کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بیدار کروں ـــــ اور یہ بھی خوف تھا کہ کہیں آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام پر وحی نہ نازل ہو رہی ہو ـــــ تو میں سانپ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے درمیان سو گیا ـــــ تا کہ ـــــ

لَئِنْ كَانَ مِنْهَا سُوْءٌ كَانَ فِيَّ دُوْنَهٗ ۔

سانپ کی طرف سے کوئی تکلیف پہنچے تو مجھے پہنچے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تکلیف نہ پہنچے۔

چند لمحوں کے بعد ہی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیدار ہو گئے ـــــ اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ آیت تلاوت فرما رہے تھے ـــــ اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ الاٰية ـــــ اور اس آیت کی تلاوت کے بعد آپ کی زبان پر یہ الفاظ تھے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَتَمَّ لِعَلِيٍّ نِعْمَهٗ، وَهَيَّا لِعَلِيٍّ بِفَضْلِ اللّٰهِ اِيَّاهُ ۔

Marfat.com

تمام تر حمد و ثناء اس اللہ تعالیٰ کے لیے ہے۔ جس نے علی علیہ السلام کے لیے نعمتوں کو مکمل کیا، اور علی کے لیے فضل تیار کیا۔

(الدر المنثور التفسیر الماثور (امام سیوطی) ج ۲ ص ۵۶۰ طبع دار الکتب العلمیہ بیروت، لبنان سن اشاعت ۲۰۰۳ء)

☆ —— امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک اور روایت اس طرح نقل فرمائی ہے —— فرماتے ہیں —— امام طبرانی نے المعجم الاوسط میں —— اور امام ابن مردویہ نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت نقل کی ہے —— کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے پاس ایک سائل آ کر کھڑا ہو گیا —— جبکہ آپ نفلی نماز پڑھ رہے تھے، مولا علی نے انگوٹھی اتار دی اور سائل کو دے دی —— وہ سائل حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا —— اور سارا واقعہ بیان کیا تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر یہ آیت نازل ہوئی ——

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ آیت اپنے صحابہ کرام کے سامنے تلاوت فرمائی ——

—— پھر ارشاد فرمایا ——

مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ اللّٰهم وَالِ مَنْ وَّالَاهُ، وَ عَادَ مَنْ عَادَاهُ ۔

جس کا میں مولا ہوں علی بھی اس کا مولا ہے، اے اللہ کریم! تو اس کو دوست رکھ جو علی کو دوست رکھے اور جو علی سے دشمنی رکھے، تو بھی اس سے دشمنی رکھ۔ (درمنثور ج ۲، ص ۵۱۹ (ایضاً)

امام طبرانی

جناب امام طبرانی (حافظ الحدیث امام المحدثین ابوالقاسم، سلیمان بن احمد بن ایوب

Marfat.com

طبرانی) رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی عظیم تفسیر (التفسیر الکبیر) میں اسی آیتِ مبارکہ (سورۂ مائدہ آیت نمبر ۵۵) کے تحت ـــــ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت نقل فرماتے ہیں ـــــ کہ حضرت ابنِ عباس چشمہ زم زم کے کنارے پر بیٹھے ہوئے تھے ـــــ سیّد عالم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی احادیث بیان فرما رہے تھے ـــــ اسی اثناء میں ایک عمامہ پوش "اس بزم نور میں" آنکلا ـــــ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے حدیث شریف کے بیان کرنے میں توقف فرمایا ـــــ اور وہ شخص حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حدیث شریف بیان کرنے لگا ـــــ حضرت عبداللہ بن عباس نے فرمایا ـــــ

سَأَلْتُكَ بِاللّٰهِ مَنْ أَنْتَ؟

"اے شخص"! میں تجھے خدا تعالیٰ کی قسم دے کر پوچھتا ہوں، کہ تو کون ہے۔

اس شخص نے، اپنے عمامہ سے ڈھانپا ہوا اپنا چہرہ کھول دیا ـــــ اور فرمایا ـــــ

أَيُّهَا النَّاسُ مَنْ عَرَفَنِيْ فَقَدْ عَرَفَنِيْ وَمَنْ لَّمْ يَعْرِفْنِيْ، فَأَنَا جُنْدُبُ بْنُ جُنَادَةَ الْبَدْرِيُّ، أَنَا أَبُوْ ذَرِّ الْغِفَارِيُّ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ (وَآلِهٖ) وَسَلَّمَ، بِهَاتَيْنِ وَإِلَّا فَصُمَّتَا وَرَأَيْتُهُ بِهَاتَيْنِ وَإِلَّا فَعَمِيَتَا.

اے لوگو! جو مجھے پہچانتا ہے، وہ مجھے پہچانتا ہے ـــــ جو مجھے نہیں پہچانتا وہ پہچان لے، میرا نام جندب بن جنادہ بدری ہے ـــــ میں ابوذر غفاری ہوں ـــــ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے ان دونوں کانوں کے ساتھ سنا ہے، ورنہ یہ میرے دونوں کان بہرے ہو جائیں اور ان

لہ تفسیر طبرانی میں کمپوزر کی غلطی سے تھوڑی سی عبارت میں ردوبدل ہو گیا ہے، یا پھر اس نے جان بوجھ کر ردوبدل سے کام لیا ہے۔ امام ابواسحاق ثعلبی میں عبارت صحیح ہے۔

Marfat.com

دونوں آنکھوں سے دیکھا ورنہ یہ دونوں آنکھیں اندھی ہوجائیں۔

حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت علی علیہ السلام کے متعلق فرماتے تھے ـــــ وہ نیکوکاروں کا پیشواء اور بدکرداروں اور کافروں کا قاتل ہے۔

مَنْصُوْرٌ مَنْ نَصَرَهٗ مَخْذُوْلٌ مَنْ خَذَلَهٗ ۔

وہ شخص فتح مندی سے ہم کنار ہوا، جس نے علی علیہ السلام کی مدد کی ـــــ اور چھوڑ دیا گیا وہ شخص جس نے علی علیہ السلام کو چھوڑا۔

حضرت ابوذر غفاری فرماتے ہیں ـــــ میں ایک روز جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مسجد میں ظہر کی نماز ادا کر رہا تھا ـــــ اسی اثناء میں ایک سائل آیا ـــــ اور اس نے آکر سوال کیا ـــــ کسی نے اسے کچھ نہ دیا ـــــ

فَرَفَعَ السَّائِلُ رَاْسَهٗ اِلَی السَّمَآءِ، وَقَالَ: اَللّٰهُمَّ اشْهَدْ اَنِّیْ سَأَلْتُ فِیْ مَسْجِدِ رَسُوْلِكَ صَلَّی اللهِ عَلَیْهِ (وَآلِهٖ) وَسَلَّمَ یَوْمًا مِّنَ الْاَیَّامِ فَلَمْ یَعْطِنِیْ اَحَدٌ ۔

سائل نے آسمان کی طرف سر اٹھا کر عرض کیا، اے اللہ! تو گواہ رہنا کہ میں نے ایک دن تیرے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مسجد میں سوال کیا، لیکن مجھے کسی نے کچھ نہیں دیا۔

وَكَانَ عَلِیٌّ رَاكِعًا فَاَوْ مَا اِلَیْهِ نَحْوَهٗ بِخِنْصَرِهِ الْیُمْنٰی وَكَانَ فِیْهَا خَاتَمُ، فَاَخَذَ السَّائِلُ الْخَاتَمَ مِنْ خِنْصَرِهٖ وَ ذٰلِكَ بِحَضْرَةِ النَّبِیِّ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهٖ ۔

اور ''اس وقت'' مولا علی رکوع کی حالت میں تھے تو آپ نے اپنے دائیں

Marfat.com

ہاتھ کی چھنگلی انگلی سے اشارہ کیا، اس انگلی میں انگوٹھی تھی، تو سائل نے آپ کی اس انگلی سے انگوٹھی اتار لی، اور یہ معاملہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں پیش ہوا، جب آپ نماز سے فارغ ہوئے۔

تو سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا سر اقدس آسمان کی طرف بلند کیا اور بارگاہِ خداوندی میں عرض کی —— اے میرے اللہ! میرے بھائی موسیٰ علیہ السلام نے تیری جناب میں دست دعا دراز کرتے ہوئے عرض کیا تھا۔

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ○ وَ یَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ ○ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ ○ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ○ وَاجْعَلْ لِّیْ وَزِیْرًا مِّنْ اَهْلِیْ ○ هٰرُوْنَ اَخِیْ ○ اشْدُدْ بِهٖٓ اَزْرِیْ ○ وَاَشْرِكْهُ فِیْٓ اَمْرِیْ ○

(پارہ ۱۶ آیات نمبر ۲۵ —— ۲۶ —— ۲۷ —— ۲۸ —— ۲۹ —— ۳۰ —— ۳۱)

اے میرے پالنے والے! میرے لیے میرے سینے کو کھول دے —— اور میرے لیے میرا کام آسان کر دے —— اور کھول دے میری زبان کی گرہ —— کہ وہ لوگ میری بات کی حقیقت تک پہنچ سکیں —— اور میرے گھر والوں میں سے میرے لیے کام کا بوجھ اٹھانے والا مقرر فرما —— ہارون میرا بھائی —— اس کے ساتھ میری کمر مضبوط فرما اور اسے میرے کام میں شریک کر ——

قرآن مجید میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کی استدعا کو قبول فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا:

سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِاَخِیْكَ وَنَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطٰنًا فَلَا یَصِلُوْنَ

Marfat.com

اِلَیۡکُمَا ۚ بِاٰیٰتِنَاۤ ۚ(پارہ نمبر ۲۰ سورۂ قصص آیت نمبر ۳۵)

ہم مضبوط کریں گے تیرے بازو کو تیرے بھائی کے ذریعے سے، اور ہم تم دونوں کو غلبہ عطاء کریں گے تو وہ تم دونوں کا کچھ نقصان نہ کر سکیں گے ہماری نشانیوں کے سبب۔

''پھر سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اپنے لیے ان الفاظ کے ساتھ دعا کی۔''

اَللّٰھُمَّ وَاَنَا مُحَمَّدٌ نَبِیُّکَ وَصَفِیُّکَ اَللّٰھُمَّ فَاشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَیَسِّرْلِیْ اَمْرِیْ، وَاجْعَلْ لِّیْ وَزِیْرًا مِّنْ اَھْلِیْ عَلِیًّا اَشْدُدْ بِہٖ ظَھْرِیْ .

اے اللہ کریم! میں محمد ہوں، تیرا نبی ہوں، تیرا چنا ہوا برگزیدہ دوست ہوں، اے اللہ پاک میرے کام کو میرے لیے آسان فرما، اور میرے گھر والوں میں سے علی کو میرا وزیر بنا اور اس کے ذریعے سے میری پشت کو مضبوط فرما۔

''حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں —— کہ رسول معظم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا یہ کلامِ دعا ابھی ختم بھی نہ ہوا تھا —— یہاں تک کہ حضرت جبریل امین علیہ السلام یہ آیتِ مقدسہ لے کر نازل ہوئے۔''

اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ وَ رَسُوْلُہٗ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوا الَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ وَیُؤْتُوْنَ الزَّکٰوۃَ وَھُمْ رٰکِعُوْنَ○

تمہارا مددگار صرف اللہ تعالیٰ ہے اور اس کا (پاک) رسول ہے اور ایمان والے ہیں جو نماز قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اس حالت میں کہ وہ

التفسیر الکبیر (امام طبرانی) ج ۲، ص ۴۱۵، مطبوعہ دار الکتاب الثقافی، اردن سن اشاعت ۲۰۰۸ء ارجح المطالب ص ۱۳۷/ ۱۳۸ مطبوعہ حق برادران انارکلی لاہور، پاکستان

Marfat.com

رکوع کرنے والے ہوتے ہیں۔

سورۂ مائدہ کی آیت نمبر پچپن کی تفسیر میں مفسرین ومحدثین نے جو احادیث وروایات بیان فرمائیں —— ان سے یہ بات کھل کر سامنے آ گئی، کہ یہ آیتِ مبارکہ مولا علی کے بارے میں نازل ہوئی ہے اور اس سے مراد دیگر صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم بھی ہیں —— لیکن اس سے مراد اول مولا مرتضےٰ کی ذات اقدس ہے۔

امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس آیت کے تحت جو حدیثِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیان کی —— اے ربّ اکبر جس طرح جو نے موسیٰ علیہ السلام کے اہلِ بیت میں حضرت ہارون علیہ السلام کو جناب موسیٰ کا مددگار بنایا تھا —— اسی طرح میرے لیے میرے اہلِ بیت میں سے علی کو میرا مددگار بنا —— اور علی کے ذریعے میرے بازوؤں کو مضبوط فرما —— اور علی کے باعث میری پشت کو قوی فرما ——

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں —— کہ حضور علیہ الصلوٰۃ و السلام کی دعا ابھی ختم نہیں ہوئی تھی —— کہ جناب جبریل علیہ السلام یہ آیتِ مبارکہ لے کر نازل ہوئے —— جس سے یہ امر واضح ہو گیا کہ سرکار علیہ السلام کی دعا کا ایک ایک لفظ بارگاہِ خداوندی میں قبول ہوا —— اور اللہ کریم جَلَّ جَلَالُہٗ نے دینِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو علی کریم کی مدد سے مضبوط تر فرمایا۔

خوارج کی دہشت گردی —— نواصب کی قتل و غارت گری —— اور منافقین کی موشگافیاں —— اہلِ ایمان کے سینوں میں مولا مرتضےٰ کی محبتوں کے گلستانوں کو تاراج نہ کر سکیں گی۔

Marfat.com

امام آلوسی بغدادی

سیّد المفسرین —— امام سیّد محمود آلوسی بغدادی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے —— اپنی تفسیر روح المعانی میں اس آیت کے تحت طویل بحث کی ہے —— جس کا خلاصہ کچھ اس طرح ہے —— لکھتے ہیں ——

محدثین کبار کے نزدیک یہ آیت حضرت علی المرتضےٰ کے بارے میں نازل ہوئی —— امامیہ اس آیت سے آپ کرم اللہ وجہہ کی خلافت بلافصل کا استدلال کرتے ہیں —— آپ ہماری طرف سے ان کا رد اور جواب جانتے ہیں۔ صوفیائے عظام قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کی کثیر تعداد نے آپ کرم اللہ وجہہ کی —— رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد خلافت بلافصل کی طرف اشارہ فرمایا ہے۔

اِلَّا اِنْ تِلْكَ الْخِلَافَةَ عِنْدَهُمْ هِيَ الْخَلَافَةُ الْبَاطِنَةِ الَّتِيْ هِيَ الْخَلَافَةُ الْاِرْشَادِ وَالتَّرْبِيَّةِ وَالْاِمْدَادِ وَالتَّصَرُّفِ الرُّوْحَانِيْ ۔

مگر ان کے نزدیک یہ خلافت، باطنی خلافت ہے، جو ہدایت اور اخلاقی تربیت، اِمداد ہے، اعانت اور روحانی تصرف سے عبارت ہے۔

یہ خلافت صوری نہیں —— جس کا مطلب —— حدود قائم کرنا —— اور لشکر تیار کرنا —— اسلام کی حفاظت کی غرض سے، اس کے دشمنوں کے ساتھ تلوار اور نیزہ سے جنگ کرنا ہے۔

صوفیا کے ہاں اسی ترتیب کی خلافت ہے جو ابھی بیان ہوئی۔

—— جس طرح کہ اہلِ سنتِ و جماعت کا مذہب ہے ——

صوفیا کے نزدیک دو ۲ خلافتیں ہیں —— صرف صرف اتنا ہے ——

Marfat.com

كَالْفَرْقِ بَيْنَ الْقَشْرِ وَ اللُّبِّ فَالْخِلَافَةُ الْبَاطِنِيَّةُ ـــــ لُبُّ الْخِلَافَةُ الظَّاهِرَةِ وَبِهَا يَذُبُّ عَنْ حَقِيْقَةِ الْاِسْلَامِ ۔

جتنا فرق چھلکے اور گودے کے درمیان ہوتا ہے، باطنی خلافت ـــــ ظاہری خلافت کا مغز اور اصل ہے، اور اسی کے ذریعے سے اسلام کی حقیقت تک پہنچا جا سکتا ہے۔

علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ سلسلہ کلام کو جاری رکھتے ہوئے ـــــ آگے چل کر لکھتے ہیں ـــــ کہ ظاہری خلافت کے ذریعے اسلام کی ظاہری حفاظت مقصود ہوتی ہے ـــــ فرماتے ہیں ـــــ کہ کبھی خلافت روحانی ـــــ اور خلافت ظاہری دونوں جمع ہو جاتی ہیں ـــــ جس طرح حضرت مولا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی حکومت کا زمانہ پاک تھا۔

ـــــ اور جس طرح یہ دونوں خلافتیں امام مہدی علیہ السلام کے زمانہ ظہور میں جمع ہوں گی ـــــ

امام آلوسی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ـــــ کہ نبوت اور باطنی خلافت دونوں ایک ہی مرکز کا حصہ ہیں ـــــ اور اسی طرف اشارہ ہے ـــــ

حضور علیہ السلام کے اس فرمان مقدس کا ـــــ حضور سرورِ عالمیان فرماتے ہیں ـــــ

خُلِقْتُ اَنَا وَ عَلِیٌّ مِّنْ نُوْرٍ وَّاحِدٍ وَ كَانَتْ هٰذِهِ الْخَلَافَةُ كَرَّمَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَجْهَهٗ عَلَى الْوَحْهِ الْاَتِمَّ ۔

میری اور علی کی تخلیق ایک ہی نور سے ہوئی ہے خلافت (باطنی) علی المرتضیٰ میں بدرجہ اتم پائی جاتی ہے۔

(تفسیر روح المعانی ج ۶، ص ۱۸۶ تا ۱۸۷ مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان)

Marfat.com

☆ —— امام آلوسی فرماتے ہیں —— کہ اسی وجہ سے اللہ والوں کے تمام سلسلوں کا اختتام آپ کرم اللہ وجہہ کی ذات گرامی پر ہوتا ہے۔

اَحادیث کے درمیان تطبیق

امام محمود آلوسی سلسلہ کلام کو جاری رکھتے ہوئے آگے چل کر لکھتے ہیں —— کہ خلافت کو ان دو قسموں میں تقسیم کے ساتھ ساتھ بعض صوفیا اور عارفین نے —— ان احادیث کو جو حضرات خلفائے ثلاثہ رضی اللہ عنہم کی ظاہری ترتیب خلافت کے بارے میں وارد ہوتی ہیں —— اور ان احادیث کو —— جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی خلافت بلافصل کے بارے میں منقول ہیں —— کے درمیان تطبیق قائم کی ہے —— لکھتے ہیں:

وَ بَیْنَ الْاَحَادِیْثِ الْمُشْعِرَةِ اَوِ الْمُصَرَّحَةِ بِخَلَافَةِ الْاَمِیْرِ کَرَّمَ اللّٰہُ وَجْھَہٗ بَعْدَہٗ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ بِلَا فَصْلٍ فَحَمَلَ الْاَحَادِیْثَ الْوَارِدَةِ فِیْ خَلَافَةِ الْخُلَفَآءِ الثَّلَاثَةِ عَلَی الْخَلَافَةِ الظَّاھِرَةِ وَالْاَحَادِیْثُ الْوَارِدَةِ خِلَافَةِ الْاَمِیْرِ کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہٗ عَلَی الْخَلَافَةِ الْبَاطِنِیَّةِ ۔

اور ان احادیث کے درمیان جو جناب علی امیر کرم اللہ وجہہ کی خلافت بلافصل کے بارے میں وارد ہوئیں (ان میں یوں تطبیق قائم کی ہے کہ) جن احادیث کو خلفائے ثلاثہ کی خلافت ظاہری پر محمول کیا ہے —— اور جو احادیث امیر علی المرتضےٰ کی خلافت بلافصل کے بارے میں مروی ہیں، ان کو خلافت باطنیہ کا نام دیا گیا ہے ——

تفسیر روح المعانی (امام آلوسی) ج ۶، ص ۱۸۶/ ۱۸۷ مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان

Marfat.com

☆ ـــ خیال رہے ـــ کہ امام آلوسی بغدادی رحمۃ اللہ علیہ حنفیوں کی جماعت کے امام و مفسرین ـــ اور انہوں نے نظریہ احناف کی ترجمانی کرتے ہوئے ـــ ان لوگوں کا رد کیا ہے، جو اس آیت سے ظاہری خلافت بلافصل کا استدلال کرتے ہیں ـــ اور انہوں نے صوفیاء کے حوالوں سے سیّدنا امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی باطنی خلافت بلافصل کے روحانی نظریہ کی حمایت کی ہے ـــ اور جناب علی کرم اللہ وجہہ کو منبع ولایت قرار دیا ہے۔

جو ولایت کی ولایت کا ہے سرور وہ علی
جو علوم باطنی کا ہے سمندر ـــ وہ علی
عارض شرع رسولِ پاک کا غازہ علی
علم و حکمت کے مدینے کا دروازہ علی
ہر ولی، ہر غوث، ہر قطب جلی کے سر کا تاج
کشور فقر و غنا پر حشر تک جس کا ہے راج
کون ہے دنیا میں میرے مولا حیدر کے سوا؟
جس نے ہو دعویٰ ''سلونی'' برسر منبر کیا

علامہ زمخشری

ـــ امام النجوم ـــ مفسر، علامہ ابوالقاسم محمود بن عمر زمخشری (متوفی ۵۲۸ھ) اپنی تفسیر ''الکشاف'' ـــ میں ارقام فرماتے ہیں، کہ اگر تو ''بغرض اعتراض'' یہ کہے کہ یہ امر علی المرتضیٰ کے لیے کیسے صحیح ہوسکتا ہے؟ جب کہ اس آیت میں جمع کا لفظ استعمال ہوا ہے جو پوری جماعت کے لیے ہے ـــ لکھتے ہیں ـــ میں کہتا ہوں اگر چہ اس میں سبب فرد واحد

Marfat.com

(علی) ہے، جمع کا لفظ اس لیے استعمال ہوا۔

لَیَرْغَبِ النَّاسُ فِیْ مِثْلِ فِعْلِهٖ فَیَنَالُوْا مِثْلَ ثَوَابِهٖ ۔

تا کہ لوگ آپ کرم اللہ وجہہ کے اس فعل سخاوت جیسا فعل کرنے کی طرف راغب ہوں، اور آپ جیسا ثواب حاصل کرلیں۔

فرماتے ہیں —— کہ مؤمنوں کی عادت نیکی اور احسان کرنے کی حرص میں اسی انتہائی درجے کی ہونی ضروری ہے —— کہیں ایسا نہ ہو کہ مانگنے والے مایوسی کے اندھیروں میں گم نہ ہو جائیں۔

اِنَّ لَـزَّهُمْ اَمْرٌ لَا یَقْبَلُ التَّاخِیْرُ وَهُمْ فِی الصَّلٰوةِ، لَمْ یُؤَخِّرُوْهُ اِلَی الْفِرَاغِ مِنْهَا ۔

اگر انہیں کوئی اس قسم کا معاملہ درپیش ہو تو وہ دوران نماز بھی تاخیر قبول نہیں کرتے، کہ وہ ''اس عطا کو'' نماز سے فراغت تک بھی مؤخر نہیں کرتے (یعنی پڑھنے کے دوران ہی عطا کر دیتے ہیں)

(تفسیر الکشاف ج اول، ص ۴۹۹ مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت لبنان سن اشاعت ۲۰۰۶ء (علامہ ابو القاسم محمود بن عمر زمخشری)

خیال رہے کہ کشاف کے پرانے نسخوں میں —— اِنْ اَلْـزَمَهُمْ —— ہے —— اور دار الکتاب العربی کے مطبوعہ نسخے میں —— لَـزَّهُـمْ —— ہے —— جو لغوی اعتبار سے مترادف ہیں ——

☆ —— علامہ زمخشری نے اپنی تفسیر میں یہ امر واضح کیا ہے —— کہ یہ آیتِ مبارکہ مولا علی کے حق میں نازل ہوئی —— اور اس پر یہ اعتراض وارد ہو سکتا ہے کہ آیت میں جمع کا لفظ ہے جو پوری جماعت کے لیے ہے —— آپ نے اس کے جواب میں لکھا ہے —— کہ اس کا مصداق فرد واحد علی علیہ السلام ہیں —— اور جمع کا لفظ اس لیے مستعمل

Marfat.com

ہوا ـــــ تا کہ لوگ آپ جیسا ثواب حاصل کرنے کے اشتیاق میں سرگرداں رہیں اور اگر کوئی سائل آ کر سوال کرے تو نماز سے فارغ ہونے کا انتظار نہ کریں ـــــ ادھر صدائے بھیک بلند ہو ـــــ ادھر دست سخا حرکت میں آ جائے ـــــ اور یہ انوکھا انداز سخاوت، آفتاب رسالت کی روشنی میں مولائے کائنات علی المرتضےٰ کرم اللہ وجہہ نے کر کے دکھایا ـــــ جس پر سورۂ مائدہ کی آیت نمبر ۵۵ ـــــ نازل ہوئی ـــــ

آیت نمبر ۲۷

اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا۔

قُل لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّیْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّیْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ○ (پارہ نمبر ۱۶ سورۂ کہف آیت نمبر ۱۰۹)

(اے حبیب!) آپ فرمائیے، اگر ہو جائے سمندر روشنائی میرے ربّ کے کلمات (لکھنے کے لیے) تو ختم ہو جائے گا سمندر، اس سے پہلے کہ ختم ہوں میرے ربّ کے کلمات، اور اگر ہم لے آئیں اتنی اور روشنائی اس کی مدد کو۔

آسان لفظوں میں اس کا مطلب یوں سمجھیں کہ تمام سمندروں کے پانیوں کا خاتمہ ممکن ہے ـــــ لیکن کلماتِ خداوندی کا خاتمہ ممکن نہیں ـــــ سمندروں کے پانی کو سیاہی بنا کر ـــــ اگر کلمات ربی کو لکھنا شروع کیا جائے تو سمندروں کے قطرات ختم ہو جائیں ـــــ یہاں تک کہ اس کے بعد ایک قطرہ بھی باقی نہ ہوگا، جس سے کچھ لکھا جا سکے ـــــ اس لیے سمندروں کے قطرات متناہی (انتہا کو پہنچنے والے) ہیں ـــــ اور معلومات باری تعالیٰ ـــــ غیر متناہی (انتہا کو نہ پہنچنے والے) ہیں ـــــ اس لیے وہ ختم نہ ہوں گے ـــــ

اسی سلسلے کی ایک اور آیتِ مقدسہ دیکھیں ـــــ اور اس کے معنٰی و تفسیر کے بعد ایک

Marfat.com

حدیثِ مبارک دیکھیں —— پھر اس پر غور فرمائیں اور مولا علی کے علم و حلم —— شان و عظمت —— فضائل و مناقب کا ناپ تول اور پیمائش کرنے والوں کے نازیبا چہروں کی طرف دیکھیں تو نفاق کا پورا مجسمہ آپ کی آنکھوں کے سامنے ہوگا ——

آیت نمبر ۲۸

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَلَوْ اَنَّ مَا فِی الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ یَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ○

(پارہ نمبر ۲۱ سورۂ لقمان آیت نمبر ۲۷)

اور اگر زمین میں جتنے درخت ہیں، قلمیں بن جائیں اور سمندر سیاہی بن جائے، اور اس کے علاوہ سات سمندر اُسے (مزید) سیاہی مہیا کریں تو پھر بھی ختم نہیں ہوں گے، اللہ تعالیٰ کے کلمات، بے شک اللہ تعالیٰ سب پر غالب ہے اور بڑا حکمت والا ہے۔

شَجَرَةٌ

شجرہ: —— اس درخت کو کہا جاتا ہے، جس کا تنا ہو —— اور اس کا منفرد ہونا، اس لیے ہے کہ ہر ایک درخت سے علیٰحدہ علیٰحدہ قلمیں تیار کی جائیں —— اور دنیا کا کوئی درخت ایسا نہ ہو جسے قلم نہ بنایا جائے (یعنی تمام روئے زمین کے درختوں کی شاخوں کو قلمیں بنا دیا جائے —— اور تمام سمندروں کے پانی سیاہی بن جائیں تو پھر بھی کلماتِ خداوندی لکھنے سے قاصر ہیں۔

قَلَمٌ

—— قَلَمٌ —— کا معنی ہے کسی سخت چیز کو توڑنا —— جیسے ناخن وغیرہ —— لیکن

Marfat.com

اب صرف اس چیز سے مخصوص ہو گیا ہے۔

جس سے لکھا جائے ——

☆ —— علامہ حقی کشف الاسرار کے حوالے سے لکھتے ہیں۔

سُمِّیَ قَلَمًا لِاَنَّہٗ قَطٌّ رَأْسُہٗ ۔

قلم —— اس نام سے اس لیے موسوم کیا گیا ہے کہ اس کا سر کاٹ دیا جاتا ہے۔ (روح البیان ج ۷، ص ۹۴ مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ کوئٹہ)

اِقْلِیْم

اقلیم کا لفظ بھی اسی سے ہے، بمعنٰی زمین کا ایک حصہ سات براعظموں میں سے ایک براعظم ——

☆ —— ناخن کاٹنے کو —— تَقْلِیْمُ الْاَظْفَارِ —— سے تعبیر کیا گیا ہے —— اب اس کا معنٰی یہ ہوا —— کہ اگر ثابت ہو جائے کہ درخت قلمیں ہیں —— اور تمام قلمیں گھس کر رہ جائیں گی —— لیکن علمِ الٰہی کا ایک قلیل ترین حصہ بھی رقم نہ ہو سکے گا ——

وَالْبَحْرِ

بحر سمندر کو کہتے ہیں —— آیت میں بحر سے —— بحرِ محیط مراد ہے —— اور بحرِ محیط —— وہ بحرِ اعظم ہے جو تمام روئے زمین پر سمندروں اور دریاؤں کا سرچشمہ ہے —— اور بحرِ اعظم کا کنارہ کسی کو معلوم نہیں —— اور نہ ہی اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی اس کی گہرائی کو جانتا ہے —— اس بحرِ محیط جیسے سات اور سمندر بھی مل کر سیاہی بن جائیں تو کلماتِ خداوندی کو حیطہ تحریر میں نہیں لا سکتے ——

☆ —— علامہ حقی فرماتے ہیں —— کہ اس آیت میں اشارہ ہے —— کہ حکمائے

Marfat.com

الٰہیہ —— یعنی اولیاء اللہ کے کلمات اور ان کے علوم غیر منقطع ہیں —— اس لیے کہ ان کے علوم اور حکمتیں حق تعالیٰ کے چشمہ حکمت سے حاصل شدہ ہیں ——

جب چشمہ غیر منقطع ہے —— تو اس کا پانی بھی لازماً منقطع نہیں ہوگا (ختم نہیں ہو سکتا) —— لکھتے ہیں:

وَكَيْفَ يَنْقَطِعُ وَ حِكْمَةُ الْحَكِيْمِ تَلْقِيْنٌ مِّنْ رَّبِّ الْعَالَمِيْنَ وَفَيْضٌ مِّنْ خَزَائِنُهٗ لَا تَنْفَدُ كَمَا دَلَّتْ عَلَيْهِ الْاٰيَةُ ۔

''اولیاء اللہ کے'' علم و حکمت کا انقطاع کیسے ہو سکتا ہے، جب کہ انہیں علم و حکمت کی تلقین اور فیضِ پروردگار عالم اور اس کے خزانوں سے نصیب ہوتا ہے، اور اللہ تعالیٰ کے خزانے غیر منقطع ہیں —— جیسا کہ اس آیت سے ثابت ہے۔ (تفسیر روح البیان ج ۷، ص ۹۵ مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ کوئٹہ پاکستان)

قارئین کرام! —— مذکورہ دونوں آیتوں کی تفسیر، مفسرینِ کرام نے جس انداز سے کی ہے —— ہم اس کو تسلیم کرتے ہیں —— اور ان کی شانِ نزول پر بھی اتفاق ہے —— کلماتُ اللہ سے جو مفسرین نے علم و حکمت مراد لیا ہے، ہم اس کو صدق دل سے مانتے ہیں —— یہاں کلماتِ خداوندی کی دو مشہور قسمیں بیان کرنے جا رہا ہوں، جس پر خاص قسم کی توجہ کی ضرورت ہے ——

کلمات کی دو قسمیں

آیت میں لفظ کلمات استعمال ہوا —— اور کلمات کی —— دو قسمیں ہیں —— کلمات لفظی اور کلمات حقیقی —— اور ان کلمات حقیقی —— اور کلمات وجودی سے مراد —— وہ قدسیہ ہیں —— جن کو پنج تن پاک کے نام سے یاد کیا جاتا ہے —— اور یہ وہ حقیقت

Marfat.com

ہے، جس کے سامنے اہلِ ایمان کا سرِ تسلیم خم ہے۔

کلمات وجودی کا معنٰی یوں سمجھیں —— کہ اللہ کریم نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو —— کلمۃ اللہ —— فرمایا ہے —— جو وجود کے ساتھ موجود ہیں —— اور کلمات حضرت آدم علیہ السلام کو دعا کی صورت میں سکھائے گئے وہ یہ ہیں ——

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّ عَلِیٍّ وَّ فَاطِمَةَ وَابْنَیْھُمَا ۔

اے اللہ کریم! میں سوال کرتا ہوں محمد و علی، فاطمہ اور حسنین (علیہم السلام) کے وسیلہ سے۔

مفسرین کرام —— نے ان ہستیوں کو حقیقی اور وجودی کلمات قرار دیا ہے —— ایمان والوں نے، یہ بات اپنے سینوں میں عقیدت کی پوری کائنات بسا کے مان لی —— امام حقی رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان بھی مان لیا —— کہ اللہ تعالیٰ کے دوستوں کے کلمات —— اور ان کے علوم غیر منقطع ہیں۔

لیکن بندہ ناچیز ایک حدیث شریف بیان کرنے جا رہا ہے —— جو محبت والوں کے لیے یقین کی پختگی اور سرور و انبساط کا باعث بنے گی —— اور منافقوں اور اہلِ عداوت کے خرمن پر بجلی بن کر گرے گی —— جگر کو تھام لیں —— کہ میں نام نہاد علماء کی موشگافیوں اور نکتہ چینیوں کی پرواہ نہ کرتے —— بلا خوف و خطر حضرت سیّدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی حدیث بیان کرنے والا ہوں —— دماغوں کے دریچے وا کر لیں —— اور دلوں میں محبت کے گلشن کھلا کر اس امر پر غور فرمائیں تو انشاء اللہ العزیز —— اطمینان قلبی کی دولت نصیب ہوگی ——

Marfat.com

فرمانِ ابنِ عباس
اگر تمام درخت قلمیں بن جائیں

علامہ سبط ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ —— اپنی مشہور زمانہ کتاب ''تذکرۃ الخواص میں رقمطراز ہیں ——

وَقَدْ رَوٰی مُجَاهِدٌ قَالَ سَئَالِ رَجُلٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، فَقَالَ مَا اَكْثَرَ فَضَائِلُ عَلِيّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ وَاِنِّیْ لَاُظَنُّهَا ثَلَاثَةَ اٰلَافٍ —— فَقَالَ لَهٗ اِبْنِ عَبَّاسٍ هِیَ اِلَی الثَّلَاثَيْنَ اَلْفًا اَقْرَبُ مِنْ ثَلَاثَةِ اٰلَافٍ ثُمَّ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ ۔ لَوْ اَنَّ الشَّجَرَ اَقْلَامٌ وَالْبَحُوْرُ مِدَادٌ وَالْاِنْسُ وَالْجِنُّ مَا اُحْصُوْ فَضَائِلَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيّ ۔

حضرت مجاہد نے روایت بیان کی ہے کہ ایک شخص نے حضرت ابنِ عباس سے پوچھا، کہ حضرت علی کے فضائل کس کثرت کے ساتھ ہوں گے؟ —— میں سمجھتا ہوں کہ ''مولا علی'' کے تین ہزار فضائل ہوں گے۔ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما نے اسے جواباً ارشاد فرمایا —— تیس ہزار کے قریب —— پھر حضرت عبداللہ بن عباس نے فرمایا —— اگر تمام درخت قلمیں بن جائیں —— اور سارے سمندر سیاہی بن جائیں، اور تمام انسان اور جن ان کو لکھنا شروع کر دیں، تب بھی علی (علیہ السلام) کے فضائل کو شمار میں نہیں لا سکتے ——

تذکرۃ الخواص (امام سبط ابن جوزی) ص ۲۳ مطبوعہ موسسۃ اہلِ بیت بیرون، لبنان سن اشاعت ۱۹۸۱ء

اے ملت اسلامیہ کے ذیشان علمائے کرام! —— جان کی امان پاؤں تو کچھ عرض کروں —— وہ اس لیے کہ آپ کے فتوے کی تیغ دو۲ دم سے اپنی گردن بچانا اس دور کا

Marfat.com

سب سے زیادہ مشکل امر ہے۔

ارے صاحب! —— ہماری مجال کہ دم ماریں۔ صرف دو شعر پیش خدمت ہیں۔

پھول ہیں سارے باغ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حسیں، پر علی مولا مشکل
کشا اور ہے

یوں تو اوروں کو بھی ہے فضیلت ملی، پر علی شوکت ہل اتی اور ہے

علم ہے سروری علم ہے روشنی، علم والوں سے ہے بزم عالم سجی
پر ہو منبر پہ جس نے ''سلونی'' کہا، کون مولا علی کے سوا اور ہے

آیت نمبر ۲۹

اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نَاجَيْتُمُ الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَىْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقَةً ؕ ذٰلِكَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَ اَطْهَرُ ؕ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ (پارہ ۲۸ سورۂ مجادلہ آیت نمبر ۱۲)

اے ایمان والو! جب تم کوئی بات کرنا چاہو، رسول مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تنہائی میں تو اپنی عرض سے پہلے صدقہ دیا کرو۔ یہ بات تمہارے لیے بہتر ہے، اور (دلوں کو) پاک کرنے والی ہے، اور اگر تم (اس کی سکت) نہ پاؤ، تو بے شک اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے۔

اس آیت پر صرف مولا علی نے عمل کیا

حضرت صدر الافاضل مراد آبادی رحمۃ اللہ علیہ اس آیت کی شانِ نزول بیان فرماتے ہیں —— رقم طراز ہیں —— کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہ میں جب اغنیاء

Marfat.com

نے عرض ومعروض کا سلسلہ دراز کیا اور نوبت یہاں تک پہنچ گئی —— کہ فقراء کو اپنی عرض پیش کرنے کا موقع کم ملنے لگا، تو عرض پیش کرنے والوں کو عرض پیش کرنے سے پہلے صدقہ دینے کا حکم دیا گیا —— اور اس حکم پر ''صرف'' حضرت علی مرتضٰی نے عمل کیا —— کہ ایک دینار دے کر دس مسائل دریافت کیے ——

وہ دس مسائل یہ ہیں: ——

مولائے کائنات حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا ارشاد گرامی ہے —— فرماتے ہیں ——

هٰذِهِ الْاٰيَةُ مِنْ كِتَابِ اللهِ، مَا عَمِلَ بِهَا اَحَدٌ قَبْلِیْ، وَلَا عَمِلَ بِهَا اَحَدٌ بَعْدِیْ ۔

یہ اللہ تعالیٰ کی کتاب (قرآن مجید) کی وہ آیت ہے، جس پر مجھ سے پہلے کسی نے عمل نہیں کیا، اور نہ ہی میرے بعد کوئی اس پر عمل کرے گا۔

فرماتے ہیں میرے پاس ایک دینار تھا —— اور وہ میں نے صدقہ کر دیا۔

فَكُنْتُ اِذَا نَاجَيْتُهٗ تَصَدَّقْتُ بِدِرْهَمٍ ۔

پھر جب بھی میں کوئی سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کوئی راز کی بات کرتا تو ایک درہم صدقہ کر دیتا ——

میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دس مسائل دریافت کیے —— تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے ان کے جوابات مرحمت فرمائے۔

۱ —— میں نے عرض کیا —— یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! —— وفا کیا ہے؟

—— آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا —— توحید اور لَآ اِلٰـــــهَ اِلَّا اللّٰهُ کی شہادت۔

Marfat.com

۲ــــ عرض کیا ــــ فساد کیا ہے؟ ــــ فرمایا ــــ

کفر اور شرک۔

۳ــــ میں نے عرض کیا ــــ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! ــــ حق کیا ہے؟

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ــــ

اَلْاِسْلَامُ وَالْقُرْاٰنُ وَالْوِلَایَۃُ اِذَا اِنْتَھَتْ اِلَیْکَ ۔

اسلام، قرآن اور ولایت جب اس کی انتہا تم پر آ کر ختم ہو۔

۴ــــ عرض کیا ''حیلہ'' (یعنی تدبر) کیا ہے؟ ــــ فرمایا۔

ترک حیلہ۔

۵ــــ عرض کیا ــــ مجھ پر کیا لازم ہے؟ ــــ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

طَاعَۃُ اللّٰہِ وَطَاعَۃُ رَسُوْلِہٖ ۔

اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت۔

۶ــــ علی المرتضٰی نے عرض کیا ــــ اللہ کریم سے کیسے دعا مانگوں ــــ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ــــ

بِالصِّدْقِ وَالْیَقِیْنِ ۔

صدق اور یقین کے ساتھ۔

۷ــــ عرض کیا ــــ اللہ کریم سے کیا مانگوں ــــ فرمایا۔

عافیت ــــ

۸ــــ عرض کیا اپنی نجات کے لیے کیا کروں؟ ــــ فرمایا۔

Marfat.com

حلال کھاؤ اور سچ بولو۔

۹ ـــــ عرض کیا، سرور کیا ہے؟ ـــــ فرمایا ـــــ جنت۔

۱۰ ـــــ عرض کیا راحت کیا ہے؟ ـــــ فرمایا ـــــ اللہ تعالیٰ کا دیدار۔

فَلَمَّا فَرَغْتُ مِنْهَا نَزَلَ نَسْخُهَا ۔

''علی فرماتے ہیں'' جب میں ان سوالوں سے فارغ ہوا ـــــ تو یہ حکم منسوخ ہو گیا ـــــ (تفسیر مدارک التنزیل (امام نسفی رحمۃ اللہ علیہ) ج ۳، ص ۴۹۴ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان)

اوپر درج آیت نجوٰی ـــــ یعنی سورۂ کی آیت نمبر ۱۲ پر سوائے مولائے کائنات حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے کسی کو اس پر عمل کرنے کا وقت نہیں ملا ـــــ یہ سعادت صرف حسنین وعباس کے بابا کے حصہ میں آئی ـــــ پہلے حکم نازل ہوا ـــــ پھر مندرجہ ذیل آیت کی صورت میں رخصت نازل ہوئی۔

آیت نمبر ۳۰

ارشاد خداوندی ہے:

ءَاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَىْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقٰتٍ ؕ فَاِذْ لَمْ تَفْعَلُوْا وَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ وَ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ ؕ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ (پارہ ۲۸ سورۂ مجادلہ آیت نمبر ۱۳)

''کیا تم (اس حکم سے) ڈر گئے کہ تمہیں سرگوشی سے پہلے صدقہ دینا چاہئے۔ پس جب تم ایسا نہیں کر سکے تو اللہ نے تم پر نظرِ کرم فرمائی۔ پس (اب) تم صحیح صحیح نماز ادا کیا کرو، اور زکوٰۃ دیا کرو، اور تابع فرمانی کرو اللہ اور اس کے رسول کی، اور اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔''

Marfat.com

☆ ـــ سیّدنا مولا علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے ـــ فرماتے ہیں ـــ کہ جب یہ آیت (آیت نجوٰی) نازل ہوئی ـــ تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مجھے بلا کر ارشاد فرمایا ـــ کہ تمہاری کیا رائے ہے، اس معاملہ میں کہ جب کوئی مجھ سے راز کی بات سرگوشی کے انداز میں کرے ـــ تو اس کے عوض ایک دینار صدقہ کرے ـــ

ـــ فرماتے ہیں ـــ میں نے عرض کیا: حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم زیادہ ہے ـــ

حضور علیہ الصلوٰۃ نے فرمایا ـــ نصف دینار ٹھیک ہے ـــ

میں نے عرض کیا: زیادہ ہے ـــ یہ لوگ نصف دینار کی بھی طاقت نہیں رکھتے ـــ

سرکار علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ـــ پھر تم یہ بتاؤ کہ کتنا ہونا چاہئے ـــ میں نے عرض کیا ـــ حَبَّۃٌ اَوْ شَعِیْرَۃٌ ـــ گندم اور جو کا ایک دانہ ـــ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا ـــ

(ای مقدارھا من ذھب ـــ یعنی اس سے مراد سونے کی مقدار ہے۔)

اِنَّكَ لَزَھِیْدٌ ـــ تم بڑے کفایت شعار ہو ـــ

صاحب روح البیان نے ـــ زَھِیْدٌ ـــ کا معنٰے اس طرح کیا ہے۔

رَجُلٌ قَلِیْلُ الْمَالِ لِزُھْدِكَ .

''ایسا شخص جو مال کی طرف رغبت نہ ہونے کی وجہ سے قلیل المال ہو۔''

فرماتے ہیں ـــ لیکن یہ تمہاری قدرت و طاقت کے مطابق ہے ـــ تمہیں مؤمنوں پر شفقت سے کیا؟ ـــ

Marfat.com

☆ ـــ نسائی ـــ ثعلبی ـــ اور واحدی رحمۃ اللہ علیہم نے مولا علی کا قول نقل فرمایا ہے ـــ مولا علی فرماتے ہیں ـــ

وَکَانَ یَقُوْلُ بِیْ خُفِّفَ عَنْ ھٰذِہِ الْاُمَّۃِ ۔

کہ میری وجہ سے اس امت پر تخفیف ہوئی۔

تفسیر روح البیان ج ۹، ص ۴۰۳ مطبوعہ دار الکتب العلمیۃ بیروت لبنان سن اشاعت ۲۰۰۳ء ارجح المطالب ص ۱۴۲، مطبوعہ حق برادرز، انار کلی لاہور

☆ ـــ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں ـــ کہ حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کو تین ایسی فضیلتیں حاصل ہیں ـــ اگر ان میں سے مجھے ایک بھی میسر ہوتی تو وہ میرے لیے بہترین نعمتوں سے محبوب تر تھی۔

تَزْوِیْجُہٗ فَاطِمَۃُ وَاِعْطَاؤُہُ الرَّأْیَۃَ یَوْمَ خَیْبَرَ وَاٰیَۃُ النَّجْوٰی ۔

تزوج فاطمۃ الزہراء غزوہ خیبر میں انہیں جھنڈا عطا کیا جانا ''آیت نجوٰی پر عمل کرنا۔'' (تفسیر روح البیان ج ۹، ص ۴۰۳ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان)

علماء و محققین کے نزدیک تین سو کے لگ بھگ قرآن مجید میں ایسی آیات موجود ہیں جو مولا علی کے حق میں نازل ہوئیں ـــ آیت نجوٰی پر اس باب کو بند کرتے ہوئے بارگاہِ خداوندی میں دعا ہے کہ اللہ کریم اس تحریر کو قبول فرمائے ـــ آمین بحرمت سیّد المرسلین ـــ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ ۔

Marfat.com

مولا علی از روئے حدیث شریف

ادائے احمد مرسل، ادائے مولا علی علیہ السلام

عطائے سرورِ عالم، عطائے مولا علی علیہ السلام

امام العارفین ـــــ امیر المومنین ـــــ مولائے کائنات ـــــ حضرت سیّدنا ومرشدنا علی المرتضےٰ کرم اللہ وجہہ کے متعلق کثیر تعداد میں احادیث رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم موجود ہیں ـــــ اتنی احادیث کسی اور صحابی رسول کے متعلق دیکھنے میں نہیں آئیں ـــــ اس کی چند وجوہات ہیں ـــــ اور ان میں سے ایک ظاہری وجہ یہ ہے کہ حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ظاہری زمانۂ حیات میں منافقین کا ایک منظّم گروہ اسلام کے خلاف برسر پیکار تھا۔

ان کی علامات قرآن وحدیث میں موجود ہیں ـــــ ارشاد نبوی کے مطابق منافقوں کی علامتوں میں سے ایک واضح ترین علامت یہ ہے ـــــ کہ ہر منافق کے سینے میں بغض علی کی آتش ہر وقت شعلہ بار رہتی ہے ـــــ سیّدنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب، منافقوں کو بغض حیدر کرار کی وجہ سے پہچان جاتے تھے۔

ـــــ آج بھی منافقوں کی پہچان یہی ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے شیر کے ساتھ دشمنی رکھتے ہیں ـــــ اور اس قسم کے منافق ہمارے ملک میں بھی کافی تعداد میں پائے جاتے ہیں ـــــ ایمان کو تباہ وبرباد کر دینے والی بیماری کے بچاؤ کے سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Marfat.com

نے بڑے بڑے اجتماعات میں ـــــ مولا علی کے اوصافِ حمیدہ اور مناقب عالیہ، اور رفعت شان وفضائل کو بیان فرمایا۔

اور آپ کی نسبت قرابت اور عظمت و ولایت کا جابجا تذکرہ فرمایا ـــــ تاکہ اہلِ ایمان بغضِ علی کی آگ سے محفوظ رہیں۔

ـــــ آیئے! ـــــ حدیث شریف کے بحرِ زخار سے وہ موتی تلاش کریں، جن پر علی علیہ السلام کا نام کندہ ہے ـــــ اور جن کی چمک سے تاریکیاں، روشنیوں میں تبدیل ہو جاتی ہیں ـــــ

حدیث نمبر ا

فضائلِ حضرت علی علیہ السلام

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں ـــــ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

مَا اکْتَسَبَ مُکْتَسِبٌ مِّثْلَ فَضْلِ عَلِیٍّ یَھْدِیْ صَاحِبَهٗ اِلَی الْھُدٰی وَ یَرُدُّهٗ عَنِ الرَّدٰی ۔

کسی بھی نیکی کمانے والے نے علی کی فضیلت کی مثل نہیں فرمایا، وہ اپنے ساتھی کو ہدایت کاملہ تک پہنچاتے ہیں اور ہلاکت کے راستے سے ہٹاتے ہیں۔ (الریاض النضرہ ج ۲، ص ۱۸۹)

حسن روایات

الاستیعاب میں امام احمد بن حنبل اور اسماعیل بن اسحاق قاضی کے حوالے سے مرقوم ہیں ـــــ فرماتے ہیں۔

Marfat.com

لَمْ يُرْوَ فِیْ فَضَائِلِ اَحَدٍ مِّنَ الصَّحَابَةِ بِالْاَسَانِيْدِ الْحِسَانِ مَا رُوِیَ فِیْ فَضَائِلِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ ۔

صحابہ کرام میں جتنی حسن روایات حضرت علی بن ابی طالب کے حق میں مروی ہیں ـــــ اتنی کسی اور کے بارے میں نہیں۔

☆ ـــــ حضرت امام احمد بن حنبل قدس سرہ العزیز فرماتے ہیں۔

مَا جَآءَ لِاَحَدٍ مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ماجآء لعَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رضی اللّٰه عنه ۔

اصحابِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں سے جتنے فضائل حضرت علی ابن ابی طالب کو نصیب ہوئے اتنے کسی اور کے حصے میں نہیں آئے۔

(مستدرک حاکم ج ۳، ص ۱۰۷)

حدیث نمبر ۲

نورِ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وعلی علیہ السلام ـــــ چودہ ہزار سال پہلے

حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں ـــــ کہ میں نے رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کو فرماتے ہوئے سنا ـــــ

كُنْتُ اَنَا وَ عَلِیٌّ نُوْرًا بَيْنَ يَدَیِ اللّٰهِ تَعَالٰى قَبْلَ اَنْ يُّخْلَقَ اٰدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِاَرْبَعَةَ عَشَرَ اَلْفَ عَامٍ فَلَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ اٰدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَسَّمَ ذٰلِكَ النُّوْرَ جُزْءَيْنِ ۔ فَجُزْءٌ اَنَا وَجُزْءٌ عَلِیٌّ ۔

میں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور علی علیہ السلام آدم علیہ السلام کی تخلیق سے چودہ ہزار سال پہلے اللہ تعالیٰ کے ہاں نور تھے، جب اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام

Marfat.com

کو پیدا فرمایا تو اس نور کے دو ۲ حصے کر دیئے، پس ایک حصہ میں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہوں —— اور ایک علی علیہ السلام ——

(الریاض النضرہ ج ۲، ص ۱۲۰)

اگر عدل و انصاف اور علم و دانش کی دنیا ابھی تک آباد ہو —— اور اگر بصیرت و فراست کے گلستان سرسبز و شاداب ہوں —— اور دانائی و آگہی کے انوار پورے جوبن پر ہوں —— تو علمِ کلام کے ماہرین کی خدمت میں دعوتِ فکر پیش کرنے کی جسارت کرتا ہوں —— تا کہ امت مسلمہ فرقہ وارانہ عفریت کے چنگل سے آزاد ہونے کی جدوجہد کر سکے ——

حدیث نمبر ۳

ایک طینت سے

خطیب بغدادی (ابوبکر احمد بن علی بغدادی متوفی ۴۶۳ھ رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ) تاریخِ بغداد میں لکھتے ہیں —— کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ——

خُلِقْتُ اَنَا، هَارُوْنَ بْنُ عِمْرَانَ وَ يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا، وَ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ مِنْ وَّاحِدَةٍ .

میں، اور ہارون بن عمران، یحییٰ بن زکریا، اور علی ابن ابی طالب (علیہم السلام) ایک ہی طینت سے پیدا کئے گئے ہیں۔ (تاریخ بغداد ج ۲، ص ۵۹)

حدیث نمبر ۴

جو جنت میں رہنا چاہتا ہے

امام ابونعیم اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ ارقام فرماتے ہیں —— کہ حضرت عبداللہ بن عباس

Marfat.com

رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں ـــــ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ـــــ جو شخص یہ چاہتا ہے کہ میری طرح حیات و انتقال پائے ـــــ اور اس جنت عدن میں رہے ـــــ جس کو میرے پروردگار نے تخلیق فرمایا ہے۔

فَلْيُوَالِ عَلِيًّا مِّنْ بَعْدِىْ وَالْيُوَالِ وَلِيَّهٗ .

تو اس کو چاہئے کہ وہ میرے بعد علی کو والی بنائے اور اس کے ولی و وارث کو والی بنائے۔

وَالْيَقْتَدِ بِالْاَئِمَّةِ مِنْ بَعْدِىْ فَاِنَّهُمْ عِتْرَاتِىْ خُلِقُوْا مِنْ طِيْنَتِىْ ـــــ وَرُزِقُوْا فَهْمًا وَّ عِلْمًا ـــــ وَ وَيْلٌ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ بِفَضْلِهِمْ مِّنْ اُمَّتِىْ ـــــ لِلْقَاطِعِيْنَ فِيْهِمْ صِلَتِىْ ـــــ لَا اَنَا لَهُمُ اللّٰهُ شَفَاعَتِىْ ـــــ

اور میرے بعد اماموں کی اقتداء و پیروی کرے، کیونکہ وہ میری اولاد و عترت ہیں، اور وہ میری طینت سے پیدا کیے گئے ہیں ـــــ اور جو لوگ میری امت میں سے ان کی فضیلت کو جھٹلانے والے ہیں ـــــ اور میرا ان سے رشتہ توڑنے والے ہیں ـــــ اللہ تعالیٰ ان (بدبختوں کو) میری شفاعت نصیب نہ فرمائے ـــــ

(حلیۃ الاولیاء (امام ابونعیم) ج اول، ص ۸۶)

حدیث نمبر ۵

جو جنتی قصبہ یا قوتی پانا چاہے

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں ـــــ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ

Marfat.com

وسلم نے ارشاد فرمایا —— جو اس دنیا میں میری طرح جینا چاہے —— اور عالم برزخ میں میری طرح رہنا چاہے تو —— فَلْيَتَوَلَّ عَلِيَّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ مِنْ بَعْدِیْ ۔

اسے چاہئے کہ وہ علی ابن ابی طالب کو میرے بعد امیر بنائے۔

(حلیۃ الاولیاء ج اول، ص ۸۶)

حدیث نمبر ۶

حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم سے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے پوچھا

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔

—— فرماتے ہیں —— کہ صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے بارگاہِ رسالت میں سوال کیا —— اے اللہ تعالیٰ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ——

اَ، لَا تَسْتَخْلِفُ عَلِيًّا؟ قَالَ: اِنْ تَوَلَّوْا عَلِيًّا تَجِدُوْهُ هَادِيًا مَّهْدِيًّا يَسْلُكُ —— بِكُمُ الطَّرِيْقُ الْمُسْتَقِيْمَ ——

کیا آپ علی کو خلیفہ نہیں بنائیں گے؟ —— آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا —— اگر تم خلافت علی کے سپرد کرو گے، ہادی و مہدی پاؤ گے، اور وہ تمہیں سیدھے راستے پر چلائیں گے۔

حلیۃ الاولیاء ج اول، ص ۶۴ مطبوعہ دار الکتاب العربیہ، بیروت، لبنان سن اشاعت ۱۹۸۰ء

حدیث نمبر ۷

اگر تم ان کو خلیفہ بناؤ

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے ارشاد فرمایا:

Marfat.com

اِنْ تَسْتَخْلِفُوْا عَلِیًّا ـــــ وَمَا اَرَاکُمْ فَاعِلِیْنَ ـــــ تَجِدُوْهُ هَادِیًا مَّهْدِیًّا یَحْمِلُکُمْ عَلَی الْمَحْجَةِ الْبَیْضَاءِ ۔

اگر تم علی کو خلیفہ بناؤ گے ـــــ اور میں نہیں دیکھتا کہ تم ایسا کرو گے (اگر تم ایسا کرو) تو پھر ان کو ہادی و مہدی پاؤ گے اور وہ تم کو شریعتِ بیضاء پر چلائیں گے۔

حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء ج اول، ص ۶۴ (حافظ الحدیث ابونعیم احمد بن عبداللہ اصفہانی متوفی ۴۳۰ھ مطبوعہ بیروت لبنان

حدیث نمبر ۸

سات چیزوں میں برتری

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں ـــــ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے فرمایا۔

یَا عَلِیُّ اُخْصِمُکَ بِالنُّبُوَّةِ وَلَانُبُوَّةَ بَعْدِیْ وَ تُخْصِمُ النَّاسَ بِسَبْعٍ وَّلَا یُحَابُکَ فِیْهَا اَحَدٌ مِّنْ قُرَیْشٍ ـــــ اَنْتَ اَوَّلُهُمْ اِیْمَانًا بِاللّٰهِ وَاَوْفَاهُمْ بِعَهْدِ اللّٰهِ ـــــ وَاَقْوَمُهُمْ بِاَمْرِ اللّٰهِ ـــــ وَاَقْسَمُهُمْ بِالسَّوِیَّةِ وَاَعْدَلَهُمْ فِی الرَّعِیَّةِ ـــــ وَاَبْصَرُهُمْ بِالْقَضِیَّةِ ـــــ وَاَعْظَمُهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ مَزِیَّةً ۔

اے علی! ـــــ میں نبوت کی وجہ سے تم پر غالب ہوں ـــــ اور میرے بعد نبوت نہیں ـــــ (اے علی!) تم سات چیزوں میں لوگوں پر غالب ہو ـــــ اور قریش میں سے کوئی بھی تمہارے مدِ مقابل نہیں ـــــ تم ان سب سے پہلے اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے والے پہلے مومن ہو ـــــ اور سب سے پہلے

Marfat.com

اللہ کریم کے عہد کو پورا کرنے والے ہو—— اور سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ کے حکم کو بجالانے والے ہو—— اور انصاف کے ساتھ ان سب سے زیادہ تقسیم کرنے والے ہو—— اور فیصلے کے بارے میں سب سے زیادہ عدل کرنے والے ہو—— اور فیصلہ کرنے میں ان سب سے زیادہ (صاحب بصیرت اور) دور اندیش ہو—— اور اللہ کریم کے نزدیک فضیلت میں ان سب سے افضل ہو——

(حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء ج اول ص ۶۵/۶۶ مطبوعہ دار الکتاب العربیہ (ابونعیم اصفہانی)

حدیث نمبر ۹

سب سے زیادہ مرتبے والا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے—— فرماتے ہیں—— کہ رسول دو جہاں علیہ الصلوٰۃ والسلام نے—— حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے کندھے پر تھپکی دیتے ہوئے ارشاد فرمایا:

يَا عَلِيُّ! لَكَ سَبْعُ خِصَالٍ، لَايُحَاجُّكَ فِيْهِنَّ اَحَدٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ —— اَنْتَ اَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ بِاللّٰهِ اِيْمَانًا —— وَاَوْفَاهُمْ بِعَهْدِ اللّٰهِ —— وَاَقْوَمُهُمْ بِاَمْرِ اللّٰهِ —— وَاَرْاَفَهُمْ بِالرَّعِيَّةِ —— وَاَقْسَمُهُمْ بِالسَّوِيَّةِ —— وَاَعْلَمُهُمْ بِالْقَضِيَّةِ —— وَاَعْظَمُهُمْ مَزِيَّةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۔

اے علی! تجھے سات ایسی فضیلتیں حاصل ہیں، جن میں تجھ سے قیامت کے دن کوئی مقابلہ نہیں کرسکتا —— اللہ تعالیٰ کی ذات پر ایمان لانے میں سب

Marfat.com

مؤمنوں سے پہلے—— اللہ کے عہد کو سب سے زیادہ پورا کرنے والے—— اور امرِ الٰہی کو سب سے زیادہ قائم کرنے والے—— اور سب سے زیادہ برابری اور انصاف کے ساتھ تقسیم کرنے والے—— اور رعایا میں سب سے زیادہ عدل و انصاف اور مساوات قائم کرنے والے، اور فیصلہ کرنے میں سب سے زیادہ صاحب بصیرت—— اور قیامت کے دن، اللہ تعالیٰ کے ہاں سب سے زیادہ فضیلت والے۔

(حلیۃ الاولیاء ج اول، ص ۶۶)

حدیث نمبر ۱۰

علی پرچم ہدایت

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے—— فرماتے ہیں—— کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا—— کہ اللہ تعالیٰ نے علی کے بارے میں مجھ سے عہد لیا—— حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں، میں نے بارگاہِ خداوندی میں عرض کیا—— اے میرے رب! میرے لیے بیان فرمائیے کہ وہ عہد کیا ہے—— اللہ کریم نے فرمایا سنو!—— فرماتے ہیں میں نے عرض کیا: میں ہمہ تن گوش ہوں—— اللہ تعالیٰ نے فرمایا——

اِنَّ عَلِیًّا رَایَةُ الْهُدٰی —— وَاِمَامُ اَوْلِیَائِیْ —— وَ نُوْرٌ مَّنْ اَطَاعَنِیْ وَهُوَ كَلِمَةُ الَّتِیْ اَلْزَمْتُهَا الْمُتَّقِیْنَ —— مَنْ اَحَبَّهٗ اَحَبَّنِیْ —— وَمَنْ اَبْغَضَهٗ اَبْغَضَنِیْ —— فَبَشِّرْهُ بِذٰلِكَ —— فَجَاءَ عَلِیٌّ فَبَشَّرْتَهٗ ——

Marfat.com

بے شک علی ہدایت کا پرچم ہے —— میرے ولیوں کا امام ہے —— اور میرے فرمانبرداروں کا نور ہے —— یہ وہی کلمہ ہے، جس کو میں نے پرہیز گاروں کے لیے لازم کر دیا ہے —— جس نے علی سے محبت کی اس نے مجھ سے محبت کی —— اور جس نے اس سے بغض رکھا اس نے مجھ سے بغض رکھا

"فرمایا" اس بات کی علی کو بشارت دے دو ——

پس علی آئے تو میں نے ان کو بشارت دے دی ——

(حلیۃ الاولیاء ج اول، ص ۶۷، مطبوعہ بیروت، لبنان)

حدیث نمبر ۱۱

رب کی رحمت کے خزانوں کی کنجی

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے —— فرماتے ہیں —— حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے میرے ذریعے جناب ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ کو پیغام بھیجا —— اور فرمایا —— اے ابو برزہ اسلمی! —— اللہ تعالیٰ نے علی کے بارے میں مجھ سے عہد لیا ہے ——

اِنَّـهٗ رَایَةُ الْهُدٰی —— وَمَـنَـارُ الْاِیْـمَـانِ —— وَاِمَـامُ اَوْلِیَائِیْ —— وَنُـوْرُ جَمِیْعِ مَنْ اَطَاعَنِیْ —— یَـا اَبَا بَرْزَةَ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ اَمِیْنِیْ غَدًا فِی الْقِیَامَةِ —— وَصَاحِبُ رَایَتِیْ فِی الْقِیَامَةِ —— عَلِیٌّ مَفَاتِیْحُ خَزَائِنِ رَحْمَةِ رَبِّیْ .

علی ہدایت کا جھنڈا ہے —— ایمان کا مینار ہے —— اور میرے ولیوں کا امام ہے —— اور ان تمام لوگوں کا نور ہے —— جنہوں نے میری اطاعت

Marfat.com

وفرمانبرداری کی ـــــ اے ابو برزہ علی ابن ابی طالب کل قیامت کے دن میرا امین ہوگا ـــــ اور قیامت میں میرا علمدار ہوگا ـــــ اور علی میرے ربّ کی رحمت کے خزانوں کی چابی ہے ـــــ

(حلیۃ الاولیاء ج اول، ص ۶۶ (امام ابونعیم)

حدیث نمبر ۱۲

بغیر حساب جنت میں

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں ـــــ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ـــــ

اِذَا کَانَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ یُنَادُوْنَ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ بِسَبْعَةِ اَسْمَآءَ ـــــ

یَا صِدِّیْقُ ـــــ یَا دَالُ ـــــ

یَا عَابِدُ ـــــ یَا هَادِیُ ـــــ

یَا مَهْدِیُّ ـــــ یَا فَتٰی ـــــ

یَا عَلِیُّ ـــــ مَرُّوْا اَنْتَ وَ شِیْعَتُكَ ـــــ

اِلَی الْجَنَّةِ بِغَیْرِ حِسَابٍ ـــــ

جب قیامت کا دن ہوگا ـــــ تو علی ابن ابی طالب سات ناموں کے ساتھ پکارے جائیں گے ـــــ اے صدیق! ـــــ اے رہنمائی کرنے والے! ـــــ اے عبادت کرنے والے ـــــ اے ہادی! ـــــ اے مہدی! ـــــ اے جوان! ـــــ اے علی! ـــــ تم اور تمہارے پیروکار بغیر

Marfat.com

حساب کے جنت میں داخل ہو جاؤ ——

شِیْعَتُكَ

حدیث شریف میں —— شِیْعَتُكَ —— لفظ استعمال ہوا ہے —— لفظ شیعہ کا معنٰی گروہ —— اور پیروکار کے ہیں —— یہاں پر کوئی خاص قسم کا فرقہ مراد نہیں —— شیعانِ علی سے وہ لوگ مراد ہیں جن کی علامات محدثین نے بیان فرمائی ہیں ——

☆ —— سیّدنا امام الائمہ امام زین العابدین (علی اوسط) علیہ السلام کا فرمان ہے۔

شِیْعَتُنَا الذِّبْلُ الشَّفَاهُ، وَالْاِمَامُ مِنَّا مَنْ دُعَا اِلٰی طَاعَةِ اللّٰهِ ——

اور ہمارے امام اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی طرف دعوت دینے والے ہیں ——

☆ —— جناب مجاہد فرماتے ہیں:

شِیْعَةَ عَلِیٍّ، اَلْحُلَمَآءُ الْعُلَمَاءُ الذِّبْلُ الشَّفَاهُ الْاَخْیَارُ الَّذِیْنَ یَعْرِفُوْنَ بِالرُّهْبَانِیَّةِ مِنْ اَثَرِ الْعِبَادَةِ .

مولا علی کے شیعہ وہ لوگ ہیں جو حلم والے علماء ہیں (روزے کی وجہ سے) خشک ہونٹوں والے وہ بہترین لوگ تھے —— جو اپنی عبادت کی وجہ سے راہب دکھائی دیتے تھے۔

☆ —— امام ابونعیم نے محبان عترت طاہرہ کی علامات بیان فرمائی ہیں —— اُس کا خلاصہ کچھ اس طرح ہے —— فرماتے ہیں —— عترت طیبہ، اولاد رسول سے عقیدت رکھنے والے —— خشک ہونٹوں والے (روزہ دار) ہیں —— جو اپنی جبینوں کو خدا کے حضور بچھائے رکھتے ہیں —— دنیا کو ترجیح دینے والے سرکشوں سے کنارہ کرتے ہیں —— یہ وہی

Marfat.com

لوگ ہیں جنہوں نے دنیا کی راحت وشہوات اور مختلف قسموں کے کھانے اور مشروبات کو ترک کیا۔ اولیاء اور صدیقین کی راہ پر گامزن ہو گئے —— مٹ جانے والی دنیا کو چھوڑ کر، باقی رہنے والی آخرت کو پانے کے لیے مشغول ہو گئے۔ (حلیۃ الاولیاء جلد اول، ص ۸۶)

اس سے معلوم ہوا کہ اولیائے عظام —— علمائے حق اور صوفیائے کرام —— روزہ دار —— دنیا سے قطع تعلق کرنے والے —— عبادت گزار —— شب زندہ دار مولا علی کی جماعت ہے۔

☆ —— کہنے کو تو فرقہ اہلِ حدیث کے جید علماء بھی خود کو شیعانِ علی کہتے ہیں —— اور اہلِ بیت کی محبت کا دم بھرتے ہیں ——

علامہ وحید الزماں جو اہلِ حدیث کے امام و پیشواء ہیں لکھتے ہیں:

اَهْلُ الْحَدِيْثِ هُمْ شِيْعَةُ عَلِيٍّ يُحِبُّوْنَ اَهْلَ بَيْتِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

اہلِ حدیث شیعانِ علی ہیں —— اہلِ بیتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کرتے ہیں۔ (ہدیۃ المہدی جلد اول، صفحہ ۱۰۰ مطبوعہ اسلامی کتب خانہ سیالکوٹ)

حدیث نمبر ۱۳

دشمنِ علی علیہ السلام کا زمین پر چلنا حرام ہے

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں —— کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے —— حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو فرمایا ——

اِنَّ اللهَ زَوَّجَكَ فَاطِمَةَ وَجَعَلَ صَدَاقَهَا الْاَرْضَ، فَمَنْ مَشٰى عَلَيْهَا مُبْغِضًا لَّكَ مَشٰى حَرَامًا .

Marfat.com

بے شک اللہ تعالیٰ نے فاطمۃ الزہراء (سلام اللہ علیہا) کو تیری زوجیت میں دیا، اور اس کا حق مہر ساری زمین کو بنایا ہے —— تو جو شخص تجھ سے بغض رکھ کر زمین پر چلے گا، اس کا چلنا حرام ہے۔

(المناقب خوارزمی ص ۳۲۸ سن اشاعت ۱۴۲۵ھ)

حدیث نمبر ۱۴

فرشتے چہرہ علی علیہ السلام کے نور سے بنے

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں —— کہ امیر المومنین حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ——

اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی خَلَقَ مَلَائِکَۃً مِّنْ نُّوْرِ وَجْہِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ .

بے شک اللہ تعالیٰ نے تمام فرشتوں کو علی ابن ابی طالب علیہ السلام کے چہرہ انور کے نور سے پیدا فرمایا۔ (المناقب (موفق بن احمد بن مکی خوارزمی) ص ۳۲۸)

حدیث نمبر ۱۵

مُسلِمِ اوّل شہِ مرداں علی علیہ السلام

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں۔

اِنَّ اَوَّلَ مَنْ اَسْلَمَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ .

بے شک سب سے پہلے جو شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لایا، وہ علی ابن ابی طالب ہے۔

المستدرک علی الصحیحین فی الحدیث (امام المحدثین ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ المعروف حاکم) ج ۳، ص ۱۳۶
خصائص نسائی امام نسائی (احمد بن علی بن شعیب متوفی ۳۰۳ھ ابوعبدالرحمٰن) ص ۲

Marfat.com

حدیث نمبر ۱۶

سب سے پہلے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ نماز

جناب زید بن ارقم فرماتے ہیں۔

اَوَّلُ مَنْ صَلّٰی مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلِیّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ .

سب سے پہلے جس شخص نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نماز ادا کی وہ علی ابن ابی طالب ہے۔

السنن الکبریٰ بیہقی (امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی متوفی ۴۵۸ھ) جلد ۶، صفحہ ۲۰۶

حدیث نمبر ۱۷

سب سے پہلے ایمان لانے والا

وَکَانَ اَوَّلُ مَنْ اٰمَنَ بِہٖ عَلِیٌّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ .

جو سب سے پہلے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لائے وہ علی ابن ابی طالب تھے۔ (السنن الکبریٰ بیہقی ج ۶، ص ۲۰۷)

حدیث نمبر ۱۸

پہلے ملیکہ عرب —— پھر سیّد العرب

یہ روایت بھی حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ سے ہے۔

اَوَّلُ مَنْ اَسْلَمَ عَلِیٌّ بَعْدَ خَدِیْجَۃَ .

سیّدہ خدیجہ سلام اللہ علیہا کے بعد جو سب سے پہلے ایمان لائے وہ علی تھے۔

(السنن الکبریٰ امام بیہقی ج ۶، ص ۲۰۷)

Marfat.com

حدیث نمبر ۱۹

ام المؤمنین خدیجہ علیہا السلام کے بعد

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں۔

وَ کَانَ عَلِیٌّ اَوَّلُ مَنْ اَسْلَمَ بَعْدَ خَدِیْجَةَ ۔

ام المؤمنین حضرت خدیجہ سلام اللہ علیہا کے بعد جو سب سے پہلے ایمان لائے وہ علی علیہ السلام تھے۔ (الریاض النضرہ ج ۲، ص ۱۱۰-محب الدین احمد طبری)

☆ —— امام ابوعیسیٰ ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے —— کہ عمرو بن مرہ کہتے ہیں —— میں نے ابراہیم نخعی سے اس کا ذکر کیا تو انہوں نے اس سے اختلاف کرتے ہوئے کہا۔

اَوَّلُ مَنْ اَسْلَمَ اَبُوْبَکْرِ نِ الصِّدِّیْقُ ۔

کہ سب سے پہلے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ صدیق نے اسلام قبول کیا۔

☆ —— امام ترمذی فرماتے ہیں۔

قَالَ بَعْضُ اَھْلِ الْعِلْمِ اَوَّلُ مَنْ اَسْلَمَ مِنَ الرِّجَالِ اَبُوْبَکْرِ نِ الصِّدِّیْقِ —— فَاَسْلَمَ عَلِیٌّ وَّھُوَ غُلَامُ ابْنُ ثَمَانِ سَنِیْنَ —— وَاَوَّلُ مَنْ اَسْلَمَ مِنَ النِّسَآءِ خَدِیْجَةُ ۔

بعض اہلِ علم نے کہا ہے کہ مردوں میں سب سے پہلے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسلام قبول کیا، حضرت علی اسلام لاتے وقت آٹھ سال کے تھے —— اور عورتوں میں سب سے پہلے خدیجۃ الکبریٰ علیہا السلام ایمان لائیں۔

(جامع ترمذی شریف ج ۲ ص ۲۱۴ مطبوعہ کراچی سعید کمپنی) (سنن ترمذی ص ۱۴۲۲ مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت لبنان)

Marfat.com

حدیث نمبر ۲۰

میں صدیق اکبر ہوں

حضرت معاذہ عدویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں —— کہ میں نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو بصرہ کے منبر پر کھڑے ہو کر فرماتے ہوئے سنا —— کہ ——

اَنَا الصِّدِّیْقُ الْاَکْبَرُ اٰمَنْتُ قَبْلَ اَنْ یُّؤْمِنَ اَبُوْبَکْرٍ وَّاَسْلَمْتُ قَبْلَ اَنْ یُّسْلِمَ اَبُوْ بَکْرٍ ۔

میں صدیق اکبر ہوں —— اور ابوبکر سے پہلے ایمان لایا ہوں —— اور ان سے پہلے اسلام قبول کیا ——

الریاض النضرۃ فی مناقب العشرۃ (امام الحدیث ابوجعفر محب الدین احمد طبری متوفی ۶۹۴ھ شافعی) ج ۲، ص ۱۱۰ مطبوعہ دارالکتب العلمیۃ بیروت، لبنان

حدیث نمبر ۲۱

پہلے تصدیق کرنے والے

حضر ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں —— کہ میں نے رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو —— حضرت علی سے فرماتے ہوئے سنا —— (اے علی) ——

اَنْتَ اَوَّلُ مَنْ اٰمَنَ بِیْ وَ صَدَّقَ ۔

تم سب سے پہلے مجھ پر ایمان لائے اور میری تصدیق کی ——

(الریاض النضرۃ ج ۲، ص ۱۱۰ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت لبنان)

حدیث نمبر ۲۲

سب سے پہلے حوض کوثر پر

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے ''مستدرک'' میں حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے ——

Marfat.com

اور محبّ طبری نے الریاض النضرہ میں روایت فرمائی ہے —— کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ——

اَوَّلُکُمْ وُرُوْدًا عَلَی الْحَوْضِ ——اَوَّلُکُمْ اِسْلَامًا عَلِیُّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ ۔

تم میں سے، سب سے پہلے حوض کوثر پر علی ابن ابی طالب وارد ہوں گے —— جو تم میں سب سے پہلے ایمان لائے ——

(مستدرک حاکم ج ۳، ص ۱۳۶، الریاض النضرہ ج ۲، ص ۱۱۰)

حدیث نمبر ۲۳

سب سے پہلے حوض کوثر پر

ایک اور روایت مرفوعاً ان الفاظ کے ساتھ ہے۔

اَوَّلُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ وُرُوْدًا عَلَی الْحَوْضِ ۔

اس امت میں سے حوض کوثر سب سے پہلے وارد ہونے والے ہیں۔

(ریاض النضرہ ج ۲، ص ۱۱۰)

حدیث نمبر ۲۴

بارگاہِ نبوت میں سب سے پہلے

حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے —— کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَوَّلُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ وُرُوْدًا عَلٰی نَبِیِّنَا اَوَّلُهَا اِسْلَامًا عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ ۔

Marfat.com

اس امت میں سب سے پہلے بارگاہِ نبوت میں حاضر ہونے والے اور سب سے پہلے اسلام قبول کرنے والے علی ابن ابی طالب ہیں۔

(الریاض النضرہ فی مناقب العشرہ ج ۲، ص ۱۱۰)

حدیث نمبر ۲۵

اوّلُ المؤمنین

امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں ـــــ میں ـــــ ابوعبیدہ ـــــ ابوبکر ـــــ اور اصحابِ رسول میں سے ایک جماعت موجود تھی، جب کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی کے کندھے پر تھپکی دیتے ہوئے فرمایا۔

یَا عَلِیُّ اَنْتَ اَوَّلُ الْمُؤْمِنِیْنَ اِیْمَانًا وَ اَوَّلُ الْمُسْلِمِیْنَ اِسْلَامًا وَّاَنْتَ مِنِّیْ مَنْزِلَةُ هَارُوْنَ مِنْ مُّوْسٰی ۔

اے علی! ـــــ تو ایمان لانے میں، سب سے پہلا مومن ہے ـــــ اور اسلام قبول کرنے میں، سب سے پہلا مسلمان ہے ـــــ اور میرے نزدیک تیرا وہ مقام ہے، جو ہارون علیہ السلام اور موسیٰ علیہ السلام کے ہاں تھا۔

(الریاض النضرۃ ج ۲، ص ۱۰۹-۱۱۰)

حدیث نمبر ۲۶

پہلا نمازی

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں ـــــ کہ ـــــ

اَوَّلُ مَنْ صَلّٰی عَلِیٌّ ۔

Marfat.com

سب سے پہلے جس نے نماز پڑھی وہ علی ہے۔ (جامع ترمذی ج ۲، ص ۲۱۴)

حدیث نمبر ۲۷

میں پہلا شخص ہوں

جناب حبہ عربی سے روایت ہے ـــــ کہتے ہیں کہ میں نے ـــــ حضرت علی المرتضیٰ کو فرماتے ہوئے سنا ـــــ آپ نے فرمایا ـــــ کہ ـــــ

اَنَا اَوَّلُ رَجُلٌ صَلّٰی مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ۔

میں پہلا شخص ہوں جس نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی۔ (الریاض النضرہ ج ۲، ص ۱۱۲)

حدیث نمبر ۲۸

پہلی نماز منگل کے دن پڑھی

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے:

اُسْتُنْبِیَٔ النَّبِیُّ یَوْمَ الْاَثْنَیْنِ وَصَلّٰی عَلِیٌّ یَوْمَ الثَّلَاثِ ۔

پیر کے دن سرکار علیہ الصلوٰۃ والسلام کو نبوت عطا ہوئی اور منگل کے دن جناب علی کرم اللہ وجہہ نے نماز پڑھی۔ (ریاض النضرۃ ج ۲، ص ۱۱۱)

حدیث نمبر ۲۹

اُمُّ المؤمنین اور اَمیرُ المؤمنین

حضرت حکم بن عیینہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں،

خَدِیْجَۃُ اَوَّلُ مَنْ صَدَّقَ ـــــ وَعَلِیٌّ اَوَّلُ مَنْ صَلّٰی اِلَی

Marfat.com

الْقِبْلَةِ ——

ام المومنین خدیجہ وہ ہیں جو (حضور کی) سب سے پہلے تصدیق کرنے والی ہیں —— اور علی وہ ہیں، جو سب سے پہلے قبلہ کی طرف نماز پڑھنے والے ہیں۔ (الریاض النضرۃ ج ۲، ص ۱۱۲)

قارئین کرام! —— مندرجہ بالا احادیث —— مذہب حق اہلِ سنت و جماعت کی معتبر ترین کتب احادیث سے لی گئی ہیں۔ ان تمام احادیث سے مقام حیدر کرار علیہ السلام کا پتہ چلتا ہے۔ ان روایات کی روشنی میں بات کھل کر سامنے آ گئی —— کہ جب علیہ الصلوٰۃ و السلام نے اعلانِ نبوت فرمایا —— تو سب سے پہلے اُمّ المؤمنین سیّدہ طاہرہ خدیجہ الکبریٰ، ملیکۃ العرب سلام اللہ علیہا نے —— آپ کی نبوت و رسالت پر ایمان لا کر، آپ کی تصدیق فرمائی —— اور سیّدہ خدیجہ طاہرہ کے بعد جس ہستی معظم نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کی تصدیق کی وہ مولائے کائنات —— سیّد العرب حیدرِ کرار —— کرم اللہ وجہہ کی ذاتِ گرامی تھی ——

اس امر کی ایک خاص وجہ یہ بھی ہے —— کہ جب سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تاجِ نبوت سے سرفراز فرمایا گیا —— تو آپ نے سب سے پہلے تبلیغ اسلام کا کام اپنے ہی گھر سے شروع کیا —— اور فرمانِ خداوندی بھی یہی تھا —— سیّدہ خدیجہ —— علی المرتضیٰ —— سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھر کے افراد تھے، —— جب ان دونوں ہستیوں پر اس امر کا انکشاف ہوا، تو سب سے پہلے —— اُمّ المؤمنین علیہا السلام —— اور ان کے فوراً بعد —— امیر المؤمنین علی شیرِ خدا علیہ السلام نے —— بغیر کسی قسم کی پس و پیش کے —— اٰمَنَّا وَ صَدَّقْنَا —— کہہ دیا ——

Marfat.com

خیال رہے —— کہ علمائے اہلِ سنت کے نزدیک زیادہ محتاط قول یہ ہے —— کہ مردوں میں سے سب سے پہلے اسلام قبول کرنے والے ابوبکر صدیق ہیں —— نوعمروں میں علی المرتضٰی —— عورتوں میں خدیجۃ الکبریٰ —— موالی میں حضرت زید —— غلاموں میں حضرت بلال —— رضی اللہ تعالیٰ عنہم —— ہیں ——

لیکن اس بات پر خارجیوں کو حضرت کے نام سے بے حد تکلیف ہوتی ہے —— اور ان کے خرافات کی فہرست انتہائی طویل ہے —— ان میں سے ایک یہ کہ علی تو اس وقت ایمان لائے، جب کہ ان کی عمر دس سال سے بھی کم تھی —— اور وہ تمیز ہی نہیں کر سکتے تھے —— کہ اسلام درحقیقت کیا چیز ہے —— نیز یہ کہ —— علی نے اگر اسلام قبول کر بھی لیا، تو وہ اس عمر میں اسلام کی کونسی خدمت انجام دے سکتے تھے —— کہ اور اسلام کو ان سے کیا فائدہ پہنچ سکتا تھا۔

برادرانِ اسلام! —— یہ بات یاد رہے —— کہ خارجیوں کے ان شیطانی خیالات اور عقائد و نظریات نے ملت اسلامیہ کو مختلف فرقوں اور چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں تقسیم کر دیا ہے —— غالباً ان کا یہ منشاء اور یہی مقصد ہے —— جس میں یہ ناہنجار ٹولہ کافی حد تک کامیاب دکھائی دیتا ہے۔

ہمارے پیارے ملک پاکستان —— بلکہ پورے برصغیر میں رہنے والے خارجیوں کا رنگ ڈھنگ پرانے زمانے کے خارجیوں سے ذرا مختلف ہے —— وہ لوگ —— رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم —— آلِ رسول —— اور نفسِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے خلاف جو باتیں اپنی کتابوں میں لکھ گئے ہیں، وہ بے حد غلیظ اور اسلامی مزاج کے خلاف ہیں —— لیکن وہ بعض عنوانات اور مسائل کے ضمن میں اس قسم کی گندی اور گھٹیا باتیں لکھتے

Marfat.com

رہے ہیں——

لیکن یہاں کے خارجیوں نے پوری زندگی—— اہلِ بیتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آلِ رسول، عترتِ پیغمبر کے خلاف لکھنے کیلئے وقف کردی ہے—— اور ہزاروں صفحات سیاہ کر چکے ہیں—— جس سے ان کے دل دوات کی سیاہی سے زیادہ سیاہ ہو چکے ہیں——

ہم ان بغض کے مارے ناصبیوں کو صرف اتنا مشورہ دے سکتے ہیں—— کہ اپنی علمی صلاحیتوں کو اپنے ہی ایمان کا بیڑا غرق کرنے پر صرف نہ کریں—— قیامت بالکل قریب ہے—— کون سا منہ لے کر جاؤ گے—— حسنین کریمین علیہما السلام کے نانا جان کے سامنے——

حضرات اہلِ سنت!—— بڑے افسوس کے ساتھ اور نہایت افسردگی کے عالم میں یہ کہنا پڑ رہا ہے—— کہ میری جماعت کے اندر بھی کافی تعداد میں ناسنجیدہ لوگ پیدا ہو گئے ہیں—— جو چند سکوں کی خاطر یا چندہ بازی کے جنوں میں اپنے ضمیر کا سودا کر کے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھر والوں پر زبان دراز کر رہے ہیں—— سینے میں بغضِ علی—— منہ سے اڑتی ہوئی جھاگ—— منبر پر اچھل کود—— بے ہنگم جملہ بازی—— غیر موزوں الفاظ کا تکرار—— نوٹوں کی برسات میں ناہموار تقریروں کا تماشہ متعدد بار دیکھنے میں آیا، کیا ہو گیا ہے خانۂ رسول کے پہرے داروں کو——

سیّدۂ کائنات—— زہراء بتول—— مخدومۂ ملائکہ سلام اللہ علیہا کے دروازہ سخا پر صدائے بھیک بلند کرنے والوں کی غیرت کو کس نے اڑا دیا ہے—— کہ آج وہ غیروں کے سامنے دامن بچھائے بیٹھے ہیں—— اور سلطان سلاطین اقالیم ولایت—— مولائے مومناں کے سخی دربار سے منہ موڑ کر کنگال لوگوں کے سامنے کیوں جبیں سائی کر رہے

Marfat.com

ہیں ـــــ حسنین کریمین علیہما السلام پر تنقید کرنے سے پہلے وہ حیامندی سے مرکیوں نہیں گئے۔

اے خطیبانِ آتش فشاں! ـــــ تم نے داتا علی ـــــ سلطان الہند ـــــ حسن غریب نواز اجمیری ـــــ شاہِ بغداد، ـــــ تاجدارِ کشور ولایت غوث عبدالقادر جیلانی ـــــ شاہ نقشبند شہر یار بخارا بہاؤ الدین ـــــ سرہند کی ولایت کا تاجور مجدد ـــــ شیخ المشائخ شہاب الدین سہروردی سخی ـــــ اور ابوالحسن شاذلی ''رضی اللہ تعالیٰ عنہم'' کی عطاؤں کو ٹھکرا کر ـــــ دنیائے بے ثبات کی سیاہی سے ـــــ کیوں اپنے مقدر کو سیاہ کر رہے ہو ـــــ علی کریم کی ہجو کر کے خارجیوں کے بچھائے ہوئے دستر خوانوں کے ریزہ چینو نو! اپنے ایمان و یقین کا بیڑا غرق نہ کرو! ـــــ اور اپنی جماعت کو بے آبرو نہ کرو ـــــ اپنی اس واہیات طرز زندگی کو نظریہ ضرورت کا نام دینا اہلِ سنت کے شیوخ کے افکار ـــــ اور جماعت کے وقار کے خلاف ہے ـــــ

☆ ـــــ بات ہو رہی تھی ـــــ مُسلِم اوّل کی ـــــ گزشتہ صفحات میں کافی تعداد میں احادیث و روایات بیان ہوئیں ـــــ صحابہ کرام اور اہلِ بیتِ اطہار کے ایمانی اور اسلامی پرچوں اور پرچموں پر نمبر لگانے والے ممتحنین کی تسلی و تشفی کے لیے چند اور احادیث و روایات کے حسین ترین پھول سینہ قرطاس پر چننے کو ہوں ـــــ تاکہ قبر و قیامت میں شفاعت رسول و بتول کے امیدواروں میں نام آجائے ـــــ

حدیث نمبر ۳۰

میں صدیق اکبر ہوں ـــــ پہلا نمازی

مولائے کائنات، حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہٗ نے فرمایا ـــــ:

اَنَا عَبْدُاللّٰہِ وَاَخُوْ رَسُوْلِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ـــــ اَنَا

Marfat.com

الصِّدِّيْقُ الْاَكْبَرُ لَايَقُوْلُهَا بَعْدِیْ اِلَّا كَذَّابٌ صَلَّيْتَ قَبْلَ النَّاسِ بِسَبْعِ سِنِيْنَ ۔

کہ میں اللہ تعالیٰ کا بندہ ہوں —— اور اس کے رسول کا بھائی ہوں اور میں ہی صدیق اکبر ہوں اور اس خطاب کا دعویٰ میرے بعد کوئی کذاب ہی کرے گا —— میں نے لوگوں کے سات سال پہلے نماز پڑھی ہے۔

(سنن ابن ماجہ ص ۱۲ مطبوعہ میر محمد کتب خانہ کراچی، سنن ابن ماجہ ص ۸۹ حدیث نمبر ۱۲۰ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان سن اشاعت ۱۹۹۶ء امام ابوعبداللہ محمد ابن یزید قزوینی ابن ماجہ متوفی ۲۷۳ھ)

☆ —— مذکورہ بالا حدیث شریف کی شرح میں —— جناب علامہ عبدالغنی مجددی، دہلوی —— انجاح الحاجہ —— میں یوں رقم طراز ہیں ——

لَا يَقُوْلُهَا —— اى —— جُمْلَةُ —— اَنَا الصِّدِّيْقُ الْاَكْبَرُ بَعْدِیْ اِلَّا كَذَّابٌ —— اَلظَّاهِرُ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ اَنَّهٗ اِسْتِثْنٰى بِقَوْلِهٖ بَعْدِیْ اَبَابَكْرِ نِ الصِّدِّيْقِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ لِاَنَّ صَدِيْقِيَّةَ الْكُبْرٰى حَصَلَتْ لَهُمَا لِاَنَّهُمَا اٰمَنَّا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِمُجَرَّدِ نَزُوْلِ الْوَحْيِ لَكِنَّ الصِّدِّيْقِ كَانَ عَاقِلًا بَالِغًا وَّعَلِیٌّ كَانَ صَبِيًّا ۔

(ابن ماجہ کی حدیث میں جو یہ جملہ آیا ہے کہ) ''میں صدیق اکبر ہوں —— میرے بعد اس خطاب کا دعویٰ کوئی کذاب ہی کرے گا'' —— باطن کے راز اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے —— جملہ کے ظاہر مفہوم میں حضرت علی نے —— ''بعدی'' کے الفاظ استعمال فرما کر ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مستثنیٰ کر دیا ہے کیونکہ آپ کا زمانہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے پہلے ہے

Marfat.com

—— مستثنیٰ اس لیے کیا ہے، کیونکہ صدیقیت کبریٰ دونوں (ابوبکر وعلی) کو حاصل ہوئی ہے، کیونکہ دونوں نے مطلق نزول وحی سے دینِ رسول قبول کیا —— اور کوئی نئی دلیل طلب نہیں کی —— لیکن حضرت ابوبکر اس وقت عاقل بالغ تھے۔ جب کہ مولا علی اس وقت بچے تھے۔

(حاشیہ ابن ماجہ ص ۱۲ مطبوعہ میر محمد کتب خانہ کراچی)

حدیث نمبر ۳۱

محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم —— خدیجہ علیہا السلام —— علی علیہ السلام

حضرت عفیف کندی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں —— کہ ایک تاجر آدمی تھا —— میں حج کے لیے آیا، تو حضرت عباس بن عبدالمطلب کے پاس سے کچھ مال خریدنے کے لیے آیا —— کیونکہ وہ بھی ایک تاجر تھے —— وہ قسم اٹھا کر کہتے ہیں، کہ میں مقام منیٰ میں ان کے پاس تھا کہ ایک آدمی قریب ہی نظر آیا —— اس نے آسمان کی طرف دیکھا —— پھر میں نے دیکھا کہ وہ کھڑے ہو کر نماز پڑھ رہے ہیں —— پھر اسی جانب سے ایک عورت نکلی اور وہ بھی اس کے پیچھے کھڑی ہو گئی، اور نماز پڑھی، —— پھر ایک نوجوان آیا —— اور ان کے پیچھے کھڑا ہو گیا اور نماز پڑھی ——

''عفیف'' کہتے ہیں کہ میں نے عباس سے پوچھا —— اے عباس! —— یہ کیا ہے؟ تو انہوں نے کہا —— کہ یہ محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب میرے بھائی کے بیٹے ہیں —— فرماتے ہیں —— میں نے پوچھا یہ عورت کون ہے؟ —— تو انہوں نے فرمایا —— یہ اس کی بیوی خدیجہ بنت خویلد ہیں —— پھر میں نے پوچھا —— یہ نوجوان کون ہے؟ —— تو انہوں نے جواب دیا یہ اس کے چچا کا بیٹا علی ابن ابی طالب ہے —— میں نے کہا وہ کیا کر رہے ہیں —— تو انہوں نے فرمایا —— نماز پڑھ رہے ہیں —— اور

Marfat.com

ان کا گمان ہے کہ وہ نبی ہیں۔

وَلَمْ يَتَّبِعْهُ اَحَدٌ عَلٰى امرِهٖ اِلَّا امْرَأَتُهٗ وَابْنُ عَمِّهٖ هٰذَا الْفَتٰى وَهُوَ يَزْعَمُ اَنَّهٗ سَيُفْتَحَ عَلَيْهِ كُنُوْزُ كِسْرٰى وَ قَيْصَر ۔

اور ان کی پیروی سوائے ان کی بیوی اور ان کے چچا زاد نوجوان کے، کسی نے نہیں کی، اور وہ گمان کرتے ہیں، کہ عنقریب ان پر قیصر و کسریٰ کے دروازے کھول دیئے جائیں گے۔ (الریاض النضرۃ ج ۲، ص ۱۱۲)

حدیث نمبر ۳۲

ان تینوں کے سوا

امام احمد رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے حدیثِ عفیف کندی کو ـــــ ابن عدی ـــــ ابن عساکر کے حوالے سے یوں نقل فرمایا ہے ـــــ کہ حضرت عفیف کندی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ـــــ زمانہ جاہلیت میں مکہ معظّمہ آئے ـــــ کعبہ کے سامنے بیٹھے تھے ـــــ دن خوب چڑھا ہوا تھا ـــــ کہ ایک جوان تشریف لائے ـــــ اور آسمان کو دیکھ کر روبکعبہ کھڑے ہو گئے ـــــ ذرا سی دیر میں ایک لڑکے تشریف لائے وہ ان کے دائیں ہاتھ پر قائم ہوئے ـــــ تھوڑی دیر میں ایک بی بی تشریف لائیں ـــــ وہ پیچھے کھڑی ہوئیں ـــــ پھر اس جوان نے رکوع فرمایا ـــــ تو یہ دونوں رکوع میں گئے ـــــ انہوں نے (عفیف کندی نے) حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حال پوچھا ''تو انہوں نے'' کہا یہ نوجوان میرے بھتیجے محمد بن عبداللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں ـــــ اور یہ لڑکے میرے بھتیجے علی ـــــ اور یہ بی بی خدیجۃ الکبریٰ ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہا ـــــ یہ میرے بھتیجے کہتے ہیں کہ آسمان و زمین کے مالک نے انہیں اس دین کا حکم دیا ہے۔

Marfat.com

وَلَمْ يُسْلِمْ مَعَهٗ غَيْرُ هٰؤُلَآءِ الثَّلٰثَةِ ۔

ان تینوں کے سوا کسی نے اسلام قبول نہیں کیا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۱۸۳-۱۸۴)

—— حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے —— کہ نماز شروع روز بعثت شریفہ سے مقرر اور مشروع ہے —— حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اول بار جس وقت وحی اتری —— اور نبوت کریمہ ظاہر ہوئی —— اس وقت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بہ تعلیم جبریل امین علیہ السلام نماز پڑھی —— اور اسی دن بہ تعلیم اقدس حضرت اُمّ المومنین خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے نماز پڑھی —— دوسرے دن امیر المومنین علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الاسنیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۱۷۹-۱۸۰)

حدیث نمبر ۳۳

نو سال پہلے

حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم فرماتے ہیں:

مَا اَعْرِفُ احد امّن هٰذَ الْاُمَّةِ عَبْدَاللّٰهِ بَعْدَ نَبِيِّنَا غَيْرِىْ عَبْدَتُّ اللّٰهَ قَبْلَ اَنْ يَّعْبُدَهٗ اَحَدٌ مِّنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ تِسْعَ سِنِيْنَ ۔

کہ میں نہیں جانتا اس امت میں سے کسی ایک فرد کو ہمارے نبی علیہ السلام کے بعد میرے سوا جس نے اللہ تعالیٰ کی عبادت کی ہو —— میں نے اس امت کے ہر فرد کی عبادت سے نو سال پہلے اللہ تعالیٰ کی عبادت کی ہے۔

(خصائص امام نسائی ص ۱۳۱ انوار علی)

Marfat.com

حدیث نمبر ۳۴

پیر کے دن

حضرت ابورافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں۔

صَلَّی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَوْمَ الْاَثْنَیْنِ وَصَلَّتْ خَدِیْجَۃُ اٰخِرَ یَوْمِ الْاَثْنَیْنِ وَ صَلّٰی عَلِیٌّ یَوْمَ الثَّلَاثِ ۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پیر کے دن نماز پڑھی ـــــ اور حضرت خدیجۃ الکبریٰ طاہرہ نے اسی دن (یعنی پیر کے دن) کے آخری حصہ میں نماز پڑھی ـــــ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے منگل کے دن نماز پڑھی۔ (الریاض النضرہ ج ۲، ص ۱۱ ـــــ ذخائر العقبیٰ ص ۵۹)

حدیث نمبر ۳۵

سات سال پہلے

حضرت مولا علی مرتضیٰ علیہ السلام کا ارشاد ہے ـــــ

صَلَّیْتُ قَبْلَ اَنْ یُّصَلِّیَ النَّاسُ سَبْعِ سِنِیْنَ ۔

میں نے لوگوں کے نماز پڑھنے سے سات سال پہلے نماز پڑھی (یعنی امت پر نماز فرض ہونے سے پہلے) (ذخائر العقبیٰ ص ۶۰ عن نسخۃ دار لکتب المصریہ)

مندرجہ بالا احادیث کی روشنی میں ـــــ سرکار علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کا سیدہ اُمّ المؤمنین خدیجۃ الکبریٰ کے بعد سب سے پہلے نماز پڑھنا اس بات پر دلالت کرتا ہے ـــــ کہ آپ علیہ السلام ہی وہ عظیم المرتبت شخصیت ہیں جنہوں نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اعلانِ نبوت پر اُمّ المؤمنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ طاہرہ کے بعد سب سے

Marfat.com

پہلے ـــــ اٰمَنَّا وَ صَدَّقْنَا ـــــ کی صدا بلند فرمائی ـــــ اور آگے چل کر اسلام کی خاطر ایسے کارہائے نمایاں انجام دیئے جو رہتی دنیا تک تاریخ کے آسمان پر کواکب کی طرح چمکتے رہیں گے ـــــ اور ساری دنیا کے خوارج ونواصب مل کر بھی میرے مولا مرتضٰی کی شان و عظمت کو نہیں مٹا سکیں گے ـــــ وہ خود مٹ جائیں گے ـــــ نام علی نہیں مٹے گا ـــــ

حدیث نمبر ۳۶

پہلا مومن

حضرت ابوبکر بن حسین بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی سند سے حضرت حسن بصری سے روایت بیان کی ہے ـــــ

وَكَانَ اَوَّلُ مَنْ اٰمَنَ بِهٖ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ وَهُوَ ابْنُ خَمْسَ عَشَرَةَ، اَوْ سِتَّ عَشَرَةَ ۔

کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو سب سے پہلے ایمان لائے، وہ علی ابن ابی طالب تھے۔ جب کہ آپ کی اس وقت عمر پندرہ ـــــ یا ـــــ سولہ ـــــ سال تھی۔ (السنن الکبریٰ ج ۶، ص ۲۰۶ مطبوعہ نشر السنۃ بیرون بوہڑ گیٹ ملتان پاکستان)

اوپر درج حدیث اور اس کی مثل دیگر احادیث سے یہ امر واضح ہو گیا ـــــ کہ مولائے کائنات کرم اللہ وجہہ کے پہلے مومن ہونے کی گواہی ـــــ خود سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دی ہے ـــــ اور ان کی خوبیوں کو بیان فرمایا ہے ـــــ ان تمام شواہد کے باوجود بعض لوگ مولا مرتضٰی کی عظمتوں کا اِنکار کئے جا رہے ہیں۔

پہلے زمانے کے خارجیوں کی خرمستیاں اہلِ اسلام کی سمجھ میں آنے والی باتیں نہیں ـــــ اہلِ بیت اور مولا علی کے خلاف لکھی گئی کتابوں میں ابن تیمیہ اور بلاذری کی

Marfat.com

کتابوں کے حوالے ملتے ہیں —— یہ وہ لوگ ہیں جنھوں نے علم کلام میں جا بجا ٹھوکریں کھا کر اپنی محرومیوں کا اظہار کیا —— جہاں پر انہوں نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اہلِ بیتِ رسول کی توہین کی —— وہاں مولا مرتضٰی کے ایمان پر کلام کر کے اپنی بدبختی کا ثبوت بھی مہیا کیا ہے —— آج کے خارجیوں نے تو اپنے ان مذہبی پیشواؤں سے بھی آگے نکلنے کی کوشش کی ہے —— اور اس سے بھی شدید رویہ اختیار کرتے ہوئے —— ابن ملجم خارجی کو جنتی قرار دے دیا —— جیسے جنت کی ٹھیکیداری ان ہی لوگوں کے پاس ہو ——

جس ابن ملجم کو رسول دو جہاں نے سب سے بڑا بد بخت کہا ہے اس ابن ملجم کو موجودہ دور کے خارجی اپنا ہیرو تصور کرتے ہیں ——

—— ان خارجیوں کی محبوب ترین شخصیات میں سے ایک نام شمر ذالجوشن ہے —— شبیر عالم علیہ السلام کے لیے ان کی لغت میں اگر کوئی لفظ ہے —— تو وہ —— باغی —— کا لفظ ہے ——

حضرت سیّدنا علی کے بارے میں ان کے نہایت ہی حاسدانہ رویے سے اللہ تعالیٰ ایمان والوں کی عقیدتوں اور پاکیزہ نظریات کو محفوظ فرمائے ——

آمین بجاہ طٰہٰ ویٰسین

حدیث نمبر ۳۷

حجۃ اللہ

سرکار علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ——

اَنَا وَ عَلِیٌّ حُجَّۃُ اللّٰہِ عَلٰی عِبَادِہٖ ۔

میں اور علی، اللہ تعالیٰ کے بندوں پر، اللہ تعالیٰ کی حجت و برہان اور دلیل

Marfat.com

ہیں۔

کنوز الحقائق علی ہامش الجامع الصغیر (سیوطی) ج اول، ص ۸۰ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، لبنان امام عبد الرؤف مناوی

حدیث نمبر ۳۸

دلیل خدا

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت مولا علی علیہ السلام کی طرف اشارہ فرماتے ہوئے فرمایا۔

اَنَا وَھٰذَا حُجَّۃ اللّٰہِ عَلٰی خَلْقِہٖ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ ۔

میں اور یہ (علی) قیامت کے دن (بھی) خدا کی ساری مخلوق پر خدا کی دلیل اور برہان ہوں گے۔

کنوز الحقائق علی ہامش الجامع الصغیر (سیوطی) ج اول، ص ۸۰ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، لبنان امام عبد الرؤف مناوی

حدیث نمبر ۳۹

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خاتم انبیاء ـــــ علی علیہ السلام خاتم اوصیاء

آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام کا فرمان عالی شان ہے:

اَنَا خَاتَمُ الْاَنْبِیَآءِ وَاَنْتَ یَا عَلِیُّ خَاتِمُ الْاَوْصِیَاءِ ۔

میرے بعد کوئی نبی نہیں، اور اے علی تیرے بعد کوئی وصی نہیں۔

کنوز الحقائق علی ہامش الجامع الصغیر ج اول، ص ۸۰ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ (امام مناوی)

حدیث نمبر ۴۰

سیّد العرب

حضرت اُمّ المومنین عائشہ صدیقہ سلام اللہ علیہا ـــــ اور حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــــ دونوں ہستیاں فرماتی ہیں کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

Marfat.com

فرمایا——

اُدْعُوْا لِیْ سَیِّدَ الْعَرَبِ

سیّدالعرب کو میرے پاس بلاؤ۔

حضرت اُمّ المومنین عائشہ صدیقہ سلام اللہ علیہا نے بارگاہِ نبوی میں عرض کیا۔

اَلَسْتَ سَیِّدَ الْعَرَبِ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ۔

یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! کیا آپ سیّدالعرب نہیں ہیں؟

سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَنَا سَیِّدُ وُلْدِ اٰدَمَ وَ عَلِیٌّ سَیِّدُ الْعَرَبِ ۔

میں تمام اولاد آدم علیہ السلام کا سردار ہوں، اور علی عرب والوں کا سردار ہے۔

المستدرک علی الصحیحین فی الحدیث ج اول، ص ۱۲۴- (امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ المعروف حاکم نیشاپوری متوفی ۴۰۵ھ

حدیث نمبر ۴۱

ساق عرش پر

حضرت ابوبکر احمد بن علی —— المعروف، خطیب بغدادی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنی تاریخ میں —— اور امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تفسیر میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت بیان کی ہے —— کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

لَمَّا عُرِجَ بِیْ رَأَیْتُ عَلٰی سَاقِ الْعَرْشِ مَکْتُوْبًا لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَیَّدْتُّہٗ بِعَلِیٍّ وَنَصَرْتَہٗ بِعَلِیٍّ ۔

جب مجھے (معراج کی رات) اوپر لے جایا گیا تو میں نے ساق عرش

Marfat.com

(پنڈلی مراد ہے پایہ عرش) پر لکھا ہوا دیکھا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں، محمد اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں —— اور میں نے ان کی (رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی) علی کے ساتھ تائید اور نصرت فرمائی۔

(تاریخ بغداد ج ۱۱، ص ۱۷۳-تفسیر در منثور ج ۴، ص ۱۵۳)

حدیث نمبر ۴۲

تائید ونصرت

امام ابونعیم اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی سند سے حدیثِ مبارکہ نقل فرمائی ہے —— کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کہ میں نے معراج کی رات ساق عرش پر لکھا ہوا دیکھا ——

اِنّیْ اَنَا اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ غَیْرِیْ، خَلَقْتُ جَنَّۃَ عَدْنٍ بِیَدِیْ، مُحَمَّدٌ صَفْوَتِیْ مِنْ خَلْقِیْ، اَیَّدْتُّہٗ بِعَلِیٍّ وَ نَصَرْتُہٗ بِعَلِیٍّ ۔

بے شک میں ہی اللہ ہوں، میرے سوا کوئی معبود نہیں —— میں نے جنت عدن کو اپنے دونوں ہاتھوں سے بنایا، اور محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) میری مخلوق میں سے، میرے چنے ہوئے پسندیدہ محبوب ہیں۔ میں نے علی سے ان کی تائید و اِمداد فرمائی۔

(حلیۃ الاولیاء (امام ابونعیم) ج ۳، ص ۲۷ مطبوعہ دار الکتاب العربیہ بیروت، لبنان سن اشاعت ۱۹۸۰ء)

قارئین عظام! —— اوپر مندرجہ دونوں حدیثوں پر غور فرمائیں —— اور پھر خارجیت کے بغض وعناد کا جائزہ لیں —— تو حقیقتیں نکھر کر آپ کے سامنے آجائیں گی —— اور خدا تعالیٰ کی اس زمین پر ظلم وستم کی آندھیاں برپا کرنے والوں کی اصلیت ظاہر ہو جائے گی۔

Marfat.com

لوائے حمد

حدیث نمبر ۴۳

اے علی! تجھے بشارت ہو

حضور سیّد الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا —— اے علی! —— کیا تم نہیں جانتے؟ —— کہ قیامت کے دن سب سے پہلے جسے بلایا جائے گا —— وہ میں ہی ہوں —— میں عرش کی دائیں جانب، اس کے سایہ میں کھڑا ہوں گا —— اور جنتی حلوں میں سے ایک سبز حلہ مجھے پہنایا جائے گا —— پھر انبیاء کو بلایا جائے گا —— وہ ایک دوسرے کے پیچھے آئیں گے —— وہ عرش کی دائیں جانب دو قطاروں میں کھڑے ہوں گے —— اور انہیں بھی جنتی حلوں میں سے سبز حلے پہنائے جائیں گے —— ''خبردار'' —— اے علی! میں تجھے خبر دیتا ہوں کہ تمام امتوں سے پہلے میری امت کا ہی حساب لیا جائے گا ——

ثُمَّ اَبْشِرْ اَوَّلُ مَنْ يُّدْعٰى بِكَ بِقَرَابَتِكَ مِنِّىْ فَاُدْفِعَ اِلَيْكَ لِوَاءِىْ وَهُوَ لِوَاءُ الْحَمْدِ تُسِيْرُ بِهٖ بَيْنَ السَّمَاطَيْنَ اٰدَمُ وَ جَمِيْعُ خَلْقِ اللّٰهِ تَعَالٰى يَسْتَظِلُّوْنَ بِظِلِّ لِوَاءِىْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۔

''تجھے بشارت ہو کہ پھر تجھے سب سے پہلے میری قرابت کی وجہ سے بلایا جائے گا —— پھر میرا جھنڈا، جسے لوائے حمد کہتے ہیں —— مجھے دیا جائے گا —— اور تو اُسے لے کر دونوں صفوں کے درمیان چلے گا —— آدم علیہ

Marfat.com

السلام اور تمام خلقِ خدا قیامت کے دن میرے ہی جھنڈے کے سائے میں ہوگی'' ——

پرچم حمد

امام محبّ طبری سلسلہ کلام جاری رکھتے ہوئے لکھتے ہیں کہ لوائے حمد کی لمبائی ایک ہزار سال کی مسافت کے برابر ہوگی —— اور اس کی چوٹی سرخ یاقوت کی ہوگی —— اور اس کا قبضہ سفید چاندی کا ہوگا —— اُس کا نچلا دستہ سبز موتی کا ہوگا —— اس پر نور کی تین تختیاں ہوں گی —— ایک تختی مشرق میں اور دوسری مغرب میں ہوگی —— اور تیسری دنیا کے درمیان ہوگی —— اس پر تین سطریں تحریر ہوں گی —— پہلی سطر پر —— بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ —— لکھی ہوگی —— اور دوسری سطر پر —— اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ —— لکھا ہوگا —— اور تیسری سطر پر لکھا ہوگا۔

—— لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ——

ہر سطر کی لمبائی ایک ہزار سال کی مسافت ہوگی —— اور اس کی چوڑائی ہزار سال کی مسافت کے برابر ہوگی —— (حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے علی!) تم لوائے حمد کے ساتھ چلو گے ——

وَالْحَسَنُ عَنْ يَّمِيْنِكَ، وَالْحُسَيْنُ عَنْ يَسَارِكَ حَتّٰى تَقِفَ بَيْنِىْ وَبَيْنَ اِبْرَاهِيْمَ فِىْ ظِلِّ الْعَرْشِ ۔

اور حسن علیہ السلام تمہاری دائیں جانب اور حسین علیہ السلام تمہاری بائیں طرف ہوں گے یہاں تک کہ تم میرے اور ابراہیم علیہما السلام کے سامنے عرش کے سائے میں کھڑے ہو گے —— پھر آپ کو جنتی حلہ پہنایا جائے گا —— پھر ندا دینے والا عرش کے

Marfat.com

نیچے سے ندا دے گا (یہ آواز رسول دو جہاں کے لیے ہوگی)

نِعْمَ الْاَبُ اَبُوْكَ اِبْرَاهِيْمُ، وَ نِعْمَ الْاَخُ اَخُوْكَ عَلِيٌّ ۔

کتنا اچھا باپ ہے —— آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا باپ ابراہیم علیہ السلام اور کتنا اچھا بھائی، آپ کا بھائی علی۔

(الریاض النضرۃ ج ۲، ص ۱۷۱-۱۷۲)

حدیث نمبر ۴۴

علی کا صبر —— حسن —— زور

امام ابوجعفر محبّ الدین احمد طبری نور اللہ مرقدہ نے —— الریاض النضرۃ فی مناقب عشرۃ میں ایک اور روایت بیان فرمائی ہے —— (کہ اتنا بڑا احمد کا جھنڈا جس کی لمبائی، چوڑائی اور ایک ایک سطر ہزار، ہزار سال کی مسافت کے برابر ہے وہ کیسے اٹھایا جاسکتا ہے) —— چنانچہ —— حضور سیّد دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا گیا —— یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! —— علی لوائے حمد کیسے اٹھا سکیں گے —— سرکار علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ——

وَ كَيْفَ لَا يَسْتَطِيْعُ ذٰلِكَ وَقَدْ اُعْطِيَ خِصَالاً شَتّٰى —— صَبْرًا كَصَبْرِيْ —— وَحُسْنًا كَحُسْنِ يُوْسُفَ —— وَقُوَّةً كَقُوَّةِ جِبْرِيْلَ ۔

وہ کیسے نہیں اٹھا سکیں گے —— حالانکہ انہیں مختلف خصائل عطا فرمائے گئے ہیں —— کہ میرے صبر جیسا صبر —— حسن یوسف علیہ السلام جیسا حسن —— اور جبریل کی قوت جیسی قوت۔

(الریاض النضرۃ فی مناقب عشرہ ج اول، ص ۱۷۲)

Marfat.com

حدیث نمبر ۴۵

لوائے حمد علی کے ہاتھ میں ہوگا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں ـــــ کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ قیامت کے دن لوگوں پر ایسا وقت بھی آئے گا ـــــ جس میں سوائے ہم چار کے کوئی سواری پر نہیں ہوگا ـــــ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا عباس بن عبدالمطلب نے عرض کیا ـــــ میرے ماں، باپ آپ پر قربان ہوں ـــــ وہ چار شخصیات کون ہیں؟

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ـــــ کہ میں براق پر سوار ہوں گا ـــــ اور میرے بھائی صالح علیہ السلام، اللہ کی اونٹنی پر سوار ہوں گے ـــــ جس کی کونچیں ان کی قوم نے کاٹ دی تھیں ـــــ اور میرا بھائی علی جنتی اونٹنیوں میں سے ایک اونٹنی ـــــ جو دونوں اطراف سے ریشم سے سجائی گئی ہوگی ـــــ اس پر سوار ہوگا۔

ان پر رحمان کے حلوں میں سے دو سبز رنگ کے حلے ہوں گے ـــــ ان کے سر پر نور کا تاج ہوگا ـــــ اس تاج کے ستر ہزار رکن ہوں گے ـــــ ہر رکن پر ایک سرخ یاقوت ہو گا ـــــ جس کی روشنی سواری پر سفر کرنے والے کے تین دن کے سفر کے برابر ہوگی۔

وَ بِیَدِہٖ لِوَاءُ الْحَمْدِ ۔

ان کے ہاتھ میں حمد کا پرچم ہوگا۔

ـــــ اور ندا دیں گے ـــــ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ـــــ میدان محشر میں جمع اللہ تعالیٰ کی مخلوق کہے گی ـــــ کیا یہ کوئی مقرب فرشتہ ہے؟ ـــــ یا کوئی نبی، مرسل ـــــ یا کوئی حامل عرش (عرش کو اٹھانے والا) ہے ـــــ عرش کے دو ۲ حصوں کے

Marfat.com

درمیان سے ایک منادی ندا دے گا —— یہ نہ تو کوئی فرشتہ ہے، نہ کوئی نبی، مرسل —— اور نہ کوئی حامل عرش ہے —— بلکہ ——

هٰذا عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ، وَصِیُّ رَسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ، اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ، وَ قَائِدِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ فِیْ جَنّٰتِ النَّعِیْمِ .

یہ علی ابن ابی طالب ہے —— یہ ربّ العالمین کے رسول کا وصی ہے —— جنت نعیم میں چمکتے چہروں والوں کا قائد ہے ——

المناقب للخوارزمی (امام موفق بن احمد بن محمد مکی، خوارزمی ص ۳۵۹ - تا - ۳۶۰ مطبوعہ موسسۃ النشر الاسلامی، قم

حدیث نمبر ۴۶

وہ علی کی طرف دیکھ لے

حضرت ابوالحمراء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں —— کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ——:

مَنْ اَرَادَ اَنْ یَّنْظُرَ اِلٰی اٰدَمَ فِیْ عِلْمِهٖ وَاِلٰی نُوْحٍ فِیْ فَهْمِهٖ —— وَاِلٰی اِبْرَاهِیْمَ فِیْ حِلْمِهٖ —— وَاِلٰی یَحْیَی ابْنِ زَکَرِیَّا فِیْ زَهْدِهٖ —— وَاِلٰی مُوْسَی ابْنِ عِمْرَانَ فِیْ بَطْشِهٖ —— فَلْیَنْظُرْ اِلٰی عَلِیِّ ابْنِ اَبِیْ طَالِبٍ .

جس نے یہ ارادہ کیا ہے، کہ وہ حضرت آدم علیہ السلام کو ان کے علم میں دیکھے —— اور نوح علیہ السلام کو ان کی دانائی میں دیکھے —— اور ابراہیم علیہ السلام کو ان کی بُردباری میں دیکھے —— اور یحییٰ بن زکریا کو ان کے زہد وتقویٰ میں دیکھے —— اور موسیٰ بن عمران کو ان کی گرفت اور پکڑ میں

Marfat.com

دیکھے ـــــ تو وہ شخص (اکیلے) علی ابن ابی طالب کی طرف دیکھ لے۔

(الریاض النضرۃ ج ۲، ص ۱۹۶)

حدیث نمبر ۴۷

جمال علی کو دیکھ لے

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے ـــــ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ـــــ

مَنْ اَرَادَ ۔ اَنْ یَّنْظُرَ اِلٰی اِبْرَاھِیْمَ فِیْ حِلْمِہٖ ـــــ وَاِلٰی نُوْحٍ فِیْ حِکْمِہٖ ـــــ وَاِلٰی یُوْسُفَ فِیْ جَمَالِہٖ ـــــ فَلْیَنْظُرْ اِلٰی عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ ـــــ

جو شخص ابراہیم علیہ السلام کو ان کی بُرد باری میں ـــــ اور نوح علیہ السلام کو ان کی فراست ـــــ اور یوسف علیہ السلام کو ان کے حسن و جمال میں دیکھنا چاہئے ـــــ تو وہ علی ابن ابی طالب کی طرف دیکھ لے ـــــ

(الریاض النضرۃ جلد ۲، ص ۱۹۶)

مندرجہ بالا دونوں حدیثوں پر غور کرنے سے جو امور سامنے آتے ہیں وہ ایمان کی بالیدگی اور انوارِ عقیدت کے حصول کا باعث بنتے ہیں ـــــ کہ جو آدم علیہ السلام کو ان کے علم کی کائنات کے ساتھ دیکھنا چاہتا ہے ـــــ اور نوح علیہ السلام کو آپ کے فہم و فراست اور دانائی کی چمکتی ہوئی کہکشاں کا نظارہ کرنا چاہتا ہو ـــــ اور ابراہیم علیہ السلام کو آپ علیہ السلام کے حلم و بردباری اور متحمل مزاجی کے بحرِ زخار کے تموج کو اپنی آنکھوں سے دیکھنے کا شوق رکھتا ہو ـــــ اور جناب یحییٰ علیہ السلام کے زہد و تقویٰ اور للّٰہیت و خلوص کا خوشبوئیں

Marfat.com

بکھیرتا چمنستان دیکھنا چاہئے —— اور جناب موسیٰ علیہ السلام کی مضبوط ترین گرفت اور دست جلالت مآب کی نگاہوں کو خیرہ کر دینے والی تابشوں کو تصور کی نگاہوں سے دیکھنا چاہیے —— اور حضرت یوسف علیہ السلام ان کے حسن و جمال کی پوری تابانیوں کے ساتھ دیکھنا چاہتا ہے —— وہ ایک مولا مرتضیٰ علی بن ابی طالب کو دیکھ لے ——

خیال رہے —— کہ جمال علی کا تذکرہ اس پاک زبان سے بیان ہوا، جس زبان سے قرآن مجید کا لفظ لفظ بیان ہوا —— یہ وہ زبان ہے جو منشائے خداوندی کی ترجمان ہے —— اور جو شخص اس بات کا اِنکار کرے وہ خارج از امکان ہے ——

مگر افسوس کہ آج کے خوارج ونواصب اپنے مرے ہوئے پیشواؤں کے نقش قدم پر چلتے ہوئے —— آپ کرم اللہ وجہہ کی جھلکی تصویر منیر کو جس انداز سے بیان کرتے ہیں —— ہم اس کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے —— یہ کہنے میں حق بجانب ہیں کہ لعنت ہو اس شخص پر جس کے سینہ بے نور میں بغضِ علی کی نار شعلہ زن ہے ——

ایمان والو! —— آؤ ان خارجی مولوی یاوہ گوئی —— بک بک اور چخ چخ کو صرف نظر کرتے ہوئے —— محبت والوں سے مولا علی کے حسن جہاں آرا کے بارے میں پوچھتے ہیں —— امام محبّ طبری رحمۃ اللہ علیہ رقم طراز ہیں —— کہ آپ کا قد مبارک نہ زیادہ لمبا تھا اور نہ ہی زیادہ چھوٹا تھا —— بلکہ آپ میانہ قامت تھے۔

اَدْعَجُ الْعَنَنَیْنِ عَظِیْمُهُمَا —— حَسَنُ الْوَجْهُ كَاَنَّهٗ قَمَرُ لَیْلَةِ الْبَدْرِ .

آپ کی آنکھیں بڑی بڑی —— اور چہرۂ مبارک انتہائی خوبصورت تھا —— جیسے چودھویں رات کا چاند ہو۔

(الریاض النضرۃ ج ۲، ص ۱۰۷)

Marfat.com

زلفِ دوتا

حضرت قیس بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حصول علم کی خاطر مدینہ منورہ میں حاضر ہوا ـــــ تو میں نے ایک شخصیت کو دیکھا جو دو چادروں میں ملبوس تھے۔

وَلَهٗ صَفِيْرَتَانِ، وَقَدْ وَضَعَ يَدَهٗ عَلٰى عَاتِقِ عُمَرَ .

اور ان کے کندھوں کی دونوں جانب زلفیں تھیں اور انہوں نے اپنا ہاتھ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کندھے پر رکھا ہوا تھا۔

فرماتے ہیں ـــــ میں نے لوگوں سے پوچھا ـــــ یہ کون ہیں؟ ـــــ تو انہوں نے کہا ـــــ یہ علی (علیہ السلام) ہیں ـــــ (الریاض النضرۃ ج ۲، ص ۱۰۷)

صراحی نما گردن

حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ کے دونوں کندھوں کے درمیان فاصلہ تھا ـــــ اور آپ کے کندھے کی ہڈی نرم اور لچکدار تھی ـــــ جیسے شکار کرنے والے جنگلی جانور کی ہوتی ہے ـــــ اور آپ کی کلائی سے آپ کا بازو ظاہر نہ ہوتا تھا، ''یہ بازو کی مضبوطی کی علامت ہے۔''

قَدْ اَدْمَجَ اِدْمَاجًا ـــــ شِثْنَ الْكَفَّيْنِ ـــــ عَظِمُ الْكَرَادِيْسِ ـــــ اَغْيَذُ: ـــــ كَاَنَّ عُنُقَهٗ اِبْرِيْقُ فِضَّةٍ .

آپ کی آنکھیں سیاہ تھیں ـــــ بھاری ہتھیلیوں والے، بڑے کندھوں والے تھے ـــــ آپ کی نزاکت کا یہ عالم تھا کہ گویا آپ کی گردن مبارک چاندی کی صراحی تھی۔ (الریاض النضرۃ جلد ۲، ص ۱۰۷)

ـــــ مندرجہ بالا سطور سے یہ امر واضح ہو گیا ـــــ کہ آپ نہایت حسین اور اعلیٰ

Marfat.com

درجے کے خوبصورت تھے ـــــ ان کی خوبصورتی کا تذکرہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان الفاظ کے ساتھ فرمایا ہے ـــــ

حُسْنًا کَحُسْنِ یُوْسُفَ ـــــ کہ آپ کا حسن ـــــ حسن یوسف کی طرح تھا ـــــ اگر کوئی خارجی مولوی منبر پر کھڑے ہو کر بے ہودہ گوئی کرے تو میرے مولا علی کی جلالت حسن میں کوئی فرق نہیں پڑتا ـــــ

حدیث نمبر ۴۸

فاروقِ اعظم

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں ـــــ کہ میں نے رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم سے سنا ـــــ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ـــــ جناب علی کرم اللہ وجہہ سے فرما رہے تھے۔

اَنْتَ الصِّدِّیْقُ الْاَکْبَرُ ـــــ وَاَنْتَ الْفَارُوْقُ الْاَعْظَمُ الَّذِیْ تُفَرِّقُ بَیْنَ الْحَقِّ وَالْبَاطِلُ ۔

(اے علی علیہ السلام) تم صدیق اکبر ہو ـــــ اور تم فاروقِ اعظم ـــــ ہو کہ تم حق اور باطل میں فرق کرو گے ـــــ (ارجح المطالب ص ۳۲)

کتابت کی غلطی ـــــ بھول ـــــ یا بددیانتی

خیال رہے کہ مندرجہ بالا حدیث شریف ـــــ صاحب ''ارجح المطالب'' نے ـــــ ''الریاض النضرۃ'' ـــــ کے حوالے سے نقل کیا ہے ـــــ لیکن ارقم کے پاس ''ریاض نضرہ'' کے نسخہ میں لفظ اعظم نہیں ہے شاید کتابت کمپوزنگ کی غلطی ہے ـــــ یا کمپوزنگ کرنے والے نے ایسا کیا ہے ـــــ یا عمداً بطور عناد ایسا کیا گیا ہے ـــــ بندہ کے

Marfat.com

پاس نسخہ ''دارالکتب العلمیہ'' بیروت، لبنان کا ہے اور دارالکتب العلمیہ کے مالک و منتظمین ـــــ یا تو نہایت غیر ذمہ دار ہیں ـــــ یا پھر خوارج ونواصب کے زیر اثر ہیں ـــــ یا پھر منکرین شان نبوت کے گروہ سے متعلق ہیں ـــــ اس ادارے کی چھپی ہوئی کتابوں میں لکھی ہوئی احادیث وروایات میں کافی مقامات پر قطع وبرید کی کارستانیاں دیکھنے میں آئی ہیں ـــــ اگر یہ سب کچھ جان بوجھ کر ہو رہا ہے تو اس ادارے کے ارباب بست وکشاد کی انتہائی درجے کی بددیانتی ہے ـــــ اور دینِ اسلام کے ساتھ ظلمِ عظیم ہے ـــــ یہ ایسے ہی ہے جیسے بنی اسرائیل کے بدکماشوں نے ـــــ باب حطہ سے گزرتے ہوئے ـــــ حِطَّةٌ ـــــ کہنے کی بجائے ـــــ حَبَّةٌ فِیْ شَعْرَةٍ ـــــ کہنا شروع کر دیا ـــــ جس کی وجہ سے ایسا کرنے والوں پر عذاب الٰہی نازل ہوا اور ان کے چہرے بندروں اور سوروں کی شکل میں مسخ ہو گئے۔

حدیث نمبر ۴۹

وزیر رسول

حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہما فرماتی ہیں ـــــ کہ میں نے ـــــ حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ـــــ کہ میں وہ بات کہتا ہوں ـــــ جو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے بھائی حضرت ہارون علیہ السلام کے لیے کہی تھی۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِّیْ وَزِیْرًا مِّنْ اَھْلِیْ اَخِیْ عَلِیًّا اُشْدُدْ بِہٖ اَزْرِیْ وَاَشْرِکْہُ فِیْ اَمْرِیْ کَیْ نُسَبِّحَكَ کَثِیْرًا وَنَذْکُرَكَ کَثِیْرًا اِنَّكَ کُنْتَ بِنَا بَصِیْرًا ۔

اے اللہ! میرا وزیر بنا میرے خاندان سے، علی کو جو میرا بھائی ہے ـــــ اور

Marfat.com

مضبوط فرمادے، اس سے میری کمر —— اور شریک (حصہ دار) بنادے، اسے میری اس مہم میں —— تاکہ ہم دونوں کثرت سے تیری تسبیح اور بہت زیادہ تیرا ذکر کریں، بے شک تو ہمارے ظاہر اور باطن کو خوب دیکھنے والا ہے۔ (الریاض النضرۃ ج ۲، ص ۱۱۸)

وزیر کسے کہتے ہیں؟

وزیر عربی کا لفظ ہے —— جو مددگار —— معاون —— مدار الھام —— یعنی جملہ مہمات کو سر کرنے میں مدد دینے والا —— المنجد —— میں ہے —— اَلْوَزِیْرُ —— مَنْ یُّعَیِّنُهُ الْمَلِكُ —— اَوْ صَاحِبُ السُّلْطَةِ الْعُلْیَا فِی الْبَلَادِ لِیَتَوَلّٰی شُؤُوْنَ الدَّوْلَةِ فَیَسْتَعِیْنُ بِرَاْیِهٖ وَ تَدْبِیْرِهٖ —— وزیر، وہ شخص ہوتا ہے جسے بادشاہ —— یا پھر اقتدار عظمیٰ کا مالک ''مختلف'' شہروں میں تعینات کرے —— تاکہ وہ ملکی معاملات کو سرانجام دینے میں مددگار ثابت ہو —— پس پھر بادشاہ اس کی رائے اور تدبر سے مدد حاصل کرتا ہے ——

(المنجد ص ۸۹۸ مطبوعہ منشورات دار المشرق بیروت لبنان سن اشاعت ۱۹۷۳ء)

بوجھ اٹھانے والا

صاحبِ روح البیان امام اسماعیل حقی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے —— قاموس —— کے حوالے میں لکھا ہے۔

اَلْوَزِیْرُ، حِبَاءَ الْمَلِكَ اَیْ: جَلِیْسُهٗ وَ خَاصَّتُهُ الَّذِیْ یَحْمِلُ ثِقْلَهٗ وَ یُعِیْنُهٗ بِرَاْیِهٖ ۔

وزیر، بادشاہ کے اس خاص ہمنشین اور ساتھی کو کہا جاتا ہے، جو اس کے بوجھ کو اٹھائے اور بادشاہ اس رائے کی تائید کرے۔

Marfat.com

وَزِیر ـــ اَلْوِزْرُ ـــ سے مشتق ہے ـــ اور اس کا معنٰی بوجھ ہے ـــ چونکہ وزیر بادشاہ کے بوجھ اٹھاتا ہے ـــ اس لیے اسے اس نام سے پکارا جاتا ہے ـــ یا وزیر ـــ اَلْوَزْرُ ـــ سے مشتق ہے ـــ جس کا معنٰی ہے ـــ اَلْمَلْجَاءُ الْمُعْتَصِمُ ـــ یعنی جائے پناہ ـــ چونکہ وزیر کی رائے سے حمایت حاصل کی جاتی ہے ـــ اور امور سلطنت میں اس سے پناہ لی جاتی ہے ـــ اس بے لفظ وزیر کو اس نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ (تفسیر روح البیان ج ص ۳۸۴ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت)

ان تمام معانی کو سامنے رکھتے ہوئے ـــ مندرجہ بالا حدیث کے الفاظ پر غور فرمائیں ـــ کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بارگاہِ خداوندی میں دعا فرمائی ـــ اے اللہ! ـــ مجھے میرا بھائی علی علیہ السلام چاہئے جو میرے گھر کا آدمی ہے ـــ اور اس کے ذریعہ سے میری مدد فرما ـــ اور میری کمر مضبوط کر ـــ تاکہ یہ میرے جملہ امور کا بوجھ اٹھائے اور میری معاونت کرے ـــ اور مشکل مہمات میں میرا مددگار بنے ـــ تاکہ میرے لیے آسانیاں پیدا ہوں ـــ اور تیری توحید کا پرچار کرنے میں دونوں مل کر کوشش کریں ـــ اور کثرت سے تیری تحمید و تقدیس اور تسلیم و رضا کی ادب آگیں صدائیں بلند کریں ـــ اور ہر حال میں تیری تسبیح و تحلیل بیان کریں ـــ تیرے جمال و جلال اور ایسی صفات کمال جو تیری شان کے لائق ہیں کو دنیا کے سامنے ظاہر کریں۔

☆ ـــ اس حدیث پاک سے معلوم ہوا کہ نیک نفس اور پاک طینت لوگوں کی اِمداد و معاونت طلب کرنا نبیوں کی سنت ہے۔ اللہ والوں کی معاونت ایسی عظیم دولت ہے جو ہر ایک کو نصیب نہیں ہوتی ـــ یہ نعمت ایمان والوں کے مقدر میں لکھی جاتی ہے۔

☆ ـــ بات چل رہی تھی وزارت کی ـــ کہ رسول دو جہاں علیہ الصلوٰۃ والسلام

Marfat.com

نے بارگاہِ خداوندی میں دعا کی ـــــ اے اللہ کریم! ـــــ میری علی المرتضٰی کے ذریعے مدد فرما ـــــ اور یہ امر امت کے لیے سنت کی صورت اختیار کر گیا ـــــ یہی وجہ ہے کہ امام احمد رضا بریلوی قدس العزیز غم آگیں انداز میں، اسد اللہ کی بارگاہ میں فغان جان غمگین یوں بیان کرتے ہیں۔

مرتضٰی، شیرِ خدا، مرحب کشا، خیبر کشا
سرورا، لشکر کشا، مشکل کشا اِمداد کن
یا یداللہ، یاقوی، یازور بازوئے نبی
من زپا افتادم اے دستِ خدا اِمداد کن
اے شب ہجرت بجائے مصطفٰی بر رخت خواب
اے دم شدت خدائے مصطفٰی اِمداد کن

(حدائق بخشش حصہ دوم، ص ۶۰ مطبوعہ شبیر برادرز لاہور)

حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے خیبر کشا کی جناب میں سولہ اشعار کہے ہیں بطور نمونہ یہاں پر صرف تین اشعار نقل کیے ہیں ـــــ جن میں التجا کی گئی ہے ـــــ اے مرتضٰی ـــــ اے شیرِ خدا ـــــ اے قاتل مرحب ـــــ اے فاتح خیبر ـــــ اے شاہِ سرور ـــــ اے مضبوط و مستحکم ـــــ اے لشکر باطل کی صفوں کو چیرنے والے ـــــ اے مشکلات کی زنجیروں کو کاٹنے والے مدد فرما ـــــ

اے پرتو دستِ خدا ـــــ اے زور بازوئے رسول ـــــ میں تیرے قدموں میں پڑا ہوں ـــــ میری اِمداد کر ـــــ اے ہجرت کی رات رسولِ کریم صلی

Marfat.com

اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بستر راحت پر استراحت فرمانے والے ـــــ اے شدت اور مشکل ترین حالات میں مصطفےٰ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر فدا ہونے والے ـــــ میری امداد فرما ـــــ

نالہ خنجر کچھ اس طرح ہے۔

میرے دل کو بھی کرو آباد یا مولا علی
مستقل ہو دل میں تیری یاد یا مولا علی
اے وزیر مصطفےٰ، اے سرورِ ہر انس و جاں
خوش رہے تیری سدا اولاد یا مولا علی
ہو کرم مجھ پر غلامدار حسینی کے لیے
سن مری دردوں بھری فریاد یا مولا علی
کرتے ہو، کرتے رہے ہو، کرتے رہنا حشر تک
اپنے منگتے خنجر کی امداد یا مولا علی علیہ السلام

قرآن کی گواہی

قارئین کرام! ـــــ آپ کی سماعتوں سے اس قسم کی مہیب ترین آوازیں ٹکرائی ہوں گی ـــــ کہ اللہ والوں سے مدد حاصل کرنا کفر و شرک ہے وغیرہ وغیرہ ـــــ اس قسم کی آگ اگلتی زبانوں پر کان دھرنے کی ضرورت نہیں ـــــ کیونکہ یہ تمام آوازیں قرآن و حدیث کے خلاف ہیں ـــــ قرآن مجید میں ہے۔

هُوَ الَّذِیْٓ اَیَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَ بِالْمُؤْمِنِیْنَ ۝

وہی (ذات بار) ہے جس نے آپ کی تائید کی اپنی اور اہلِ ایمان کی مدد

Marfat.com

سے۔ (پارہ ۱۰ سورۂ انفال آیت نمبر ۶۲)

☆ ـــــ امام حقی رحمۃ اللہ علیہ اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں ـــــ کہ اس آیت شریفہ میں

فنصر اللّٰہ سماوی و نصر المؤمنین ارضی و بالکل یحصل الامداد مطلقاً۔

نصر اللہ سے آسمانی ـــــ اور ـــــ نصر المومنین سے زمینی اِمداد مراد ہے ـــــ اور ان تمام وزیروں سے علی الاطلاق ہر طرح سے مدد ملتی ہے۔ (وہ ابوبکر و عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہوں یا جبریل و اسرافیل علیہ السلام ہوں ـــــ یا علی ہوں (علیہم السلام) (تفسیر روح البیان ج ۵، ص ۳۸۵ مطبوعہ بیروت لبنان)

حدیث شریف کی گواہی

ہوسکتا ہے اہلِ ایمان کو فریب دینے کے لیے یہ کہا جائے ـــــ کہ جی یہ تو اس دنیا میں (ظاہری) حیات کی بات ہے۔ قبر میں جانے کے بعد ـــــ تو بس قصہ ختم ـــــ اس کے لیے حدیث پاک کی گواہی ہے ـــــ

☆ ـــــ امام اسماعیل حقی بنی مصطفیٰ حنفی رحمۃ اللہ علیہ نے ـــــ حضرت کاشفی کے "الرسالۃ العلیہ" ـــــ اور جناب ابن الکمال کی ـــــ شرح الاربعین کے حوالے سے یہ حدیث بیان کی ہے۔

اِذَا تَحَیَّرْتُمْ فِی الْاُمُوْرِ فَاسْتَعِیْنُوْا مِنْ اَھْلِ الْقُبُوْرِ ۔

جب تم دنیاوی معاملات میں پریشان ہو جاؤ تو تم قبروں والوں (کے وسیلہ) سے مدد حاصل کرو۔ (تفسیر روح البیان ج ۵، ص ۳۸۵ - مطبوعہ بیروت لبنان)

Marfat.com

☆ ـــــ امام حقی سلسلہ کلام کو جاری رکھتے ہوئے رقمطراز ہیں۔

وَالْمُرَادُ مِنْ اَهْلِ الْقُبُوْرِ اَلرُّوْحَانِيُّوْنَ سَوَاءٌ كَانُوْا فِى الْاَجْسَادِ الْكَثِيْفَةِ اَوِ اللَّطِيْفَةِ ۔

اہلِ قبور سے روحانی لوگ مراد ہیں، خواہ وہ کثیف جسموں میں ہوں یا لطیف جسموں میں۔ (تفسیر روح البیان ج ۵، ص ۳۸۵ - مطبوعہ بیروت لبنان)

وزیرِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ـــــ اور ـــــ وزیرِ سلیمان علیہ السلام

بات چل رہی تھی سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وزیر مولائے کائنات حضرت علی المرتضٰی کرم اللہ وجہہ کی ـــــ قرآن مجید میں ـــــ حضرت سلیمان علیہ السلام کے وزیر آصف بن برخیا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تذکرہ موجود ہے ـــــ

آصف سلیمان علیہ السلام کے وزیر ـــــ علی علیہ السلام سیّد العالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وزیر ـــــ آصف شاگرد پیغمبر ـــــ علی علیہ السلام نفسِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ـــــ آصف صدیق امت سلیمان علیہ السلام ـــــ علی علیہ السلام بفرمانِ رسول صدیقوں کے سردار ـــــ آصف اللہ کا ولی ہے ـــــ علی مملکت ولایت کا تاجدار۔

رسول معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام انبیاء ورسل سے افضل ـــــ آپ کی امت تمام انبیاء کی امتوں سے افضل ـــــ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کے اولیاء ـــــ تمام پیغمبروں کے اولیاء سے افضل ـــــ علی منبعِ ولایت، ولی الاولیاء ہیں ـــــ یعسوب المؤمنین ہیں ـــــ آصف جناب سلیمان علیہ السلام کے خالہ زاد ہیں ـــــ علی نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا زاد ہیں ـــــ حضرت آصف بن برخیا کے قرآن مجید کے مطابق ـــــ کتاب کا کچھ علم تھا ـــــ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتَابِ ـــــ قرآن مجید کی کوئی

Marfat.com

ایسی آیت نہیں جس کا علم علی کو نہ ہو ـــــ آصف سلیمان علیہ السلام کے کاتب ـــــ اور ـــــ علی والی دو جہاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کاتب! ـــــ

☆ ـــــ روح البیان میں ہے ـــــ و مودبہ فی حال صغیرہ[۱] ـــــ اور بچپن میں حضرت سلیمان علیہ السلام کی تربیت بھی ان کے سپرد تھی ـــــ علی علیہ السلام وہ ہیں جن کی تربیتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سپرد تھی۔

(روح البیان ج ۶، ص ۳۷۳ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ، بیروت، لبنان)

☆ ـــــ آصف بن برخیا کو ـــــ وَقَدْ خَلَقَ اللّٰہُ لِنُصْرَۃِ سُلَیْمَانَ[۱] ـــــ اللہ تعالیٰ نے حضرت سلیمان علیہ السلام کی مدد کے لیے پیدا فرمایا تھا ـــــ اور علی ابن ابی طالب کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نور سے پیدا فرما کر ـــــ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدد و نصرت کے لیے مقرر فرمایا ـــــ قرآن پاک میں آصف بن برخیا کی ایک کرامت ـــــ قوت اور تیزی کا ذکر ہے ـــــ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

اَنَا اٰتِیْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ یَّرْتَدَّ اِلَیْكَ طَرْفُكَ[ط]

''میں اسے (تخت بلقیس کو) آپ کی خدمت میں حاضر کر دوں گا اس سے پہلے کہ آپ کی آنکھ جھپکے۔'' (پارہ نمبر ۱۹ سورۂ نمل آیت نمبر ۴۰)

(روح البیان ج ۶، ص ۳۷۳ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان)

خیال رہے کہ آنکھ جھپکنا انسان کے لیے تیز رفتاری کی آخری قوت ہے۔ اس سے بڑھ کر انسان کے لیے کوئی اور چیز تیز رفتار نہیں کیونکہ آنکھ جھپکنے میں کوئی دیر نہیں لگتی۔

☆ ـــــ حضرت آصف بن برخیا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اللہ تعالیٰ کے فضل و عطاء ـــــ اور پیغمبر کی صحبت و معیت کے فیضان سے یہ کمال حاصل ہے ـــــ تو مولا مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کا روحانی مرتبہ و مقام کیا ہوگا ـــــ

Marfat.com

وفات کے بعد اِمداد

یہاں پر معاندین اہلِ سنت کی طرف سے ـــــ اہلِ اسلام کو فریب دینے کے لیے یہ کہا جاتا ہے ـــــ کہ یہ تمام باتیں حیات دینوی سے متعلق ہیں ـــــ عالم برزخ میں جانے کے بعد کوئی کچھ نہیں کر سکتا ـــــ وہ عقل کے اندھے نہ دنیاوی حیات کے اسرار کو سمجھ سکے ہیں ـــــ اور نہ ہی برزخی زندگی کے رموز سے واقف ہیں ـــــ اور نہ ہی ان کا قدرت خداوندی کے کرشمہ وکمال پر ایمان ہے ـــــ ایسے معلوم ہوتا ہے ـــــ کہ نفاق کی آگ نے ان کا سب کچھ بھسم کر دیا ہے ـــــ دلائل صرف ان کے لیے کارگر ثابت ہوتے ہیں جو سچے جذبوں کے ساتھ سچ کی تلاش میں ہوں۔

سچائیوں کے آسمان کا زینہ تلاش کرنے والوں کے لیے حضرت علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ کی تفسیر سے قاضی صاحب کا عقیدہ اور ان کا اس سلسلے میں نظریہ پیش خدمت ہے ـــــ غور فرمائیں کہ علمائے احناف کا اس معاملے میں مسلک کیا ہے ـــــ

قاضی پانی پتی ـــــ سورۂ بقرہ کی آیت نمبر ۱۵۴ کی تفسیر کرتے ہوئے شہداء کی برزخی زندگی اور تصرف کے بارے میں لکھتے ہیں۔

اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی یُعْطِیْ لِاَرْوَاحِھِمْ قُوَّۃَ الْاَجْسَادِ، فَیُذْھِبُوْنَ مِنَ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ وَالْجَنَّتِ حَیْثُ یَشَاءُوْنَ وَ یَنْصُرُوْنَ اَوْلِیَاءُھُمْ وَ یُدَمِّرُوْنَ اَعْدَاءَ ھُمْ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ تَعَالٰی ۔

بے شک اللہ تعالیٰ ان (شہیدوں) کی روحوں کو جسموں کی قوت عطا فرماتا ہے، وہ زمین میں، آسمان اور جنت میں جہاں چاہیں جاتے ہیں اور وہ (شہداء) اپنے دوستوں کی اِمداد کرتے ہیں اور دشمنوں کو ہلاک کرتے ہیں

Marfat.com

انشاءاللہ تعالیٰ۔ (التفسیر المظہری جلداول، ص۱۵۲ مطبوعہ کوئٹہ)

امام آلوسی کا عقیدہ

حضرت علامہ سیّد محمود آلوسی بغدادی رحمۃ اللہ علیہ شہداء کی زندگی کے بارے میں فرماتے ہیں۔

اِنَّهَا حَقِيْقَةٌ بِالرُّوْحُ وَالْجَسَدِ .

''کہ شہیدوں کی زندگی'' روحانی اور جسمانی دونوں طرح کی ہے۔

(تفسیر روح المعانی ج ۲، ص ۲۰ مکتبہ امدادیہ ملتان)

☆ —— شہیدوں کی زندگی روحانی اور جسمانی دونوں طرح کی ہوتی ہے —— یہ شہداء جب چاہیں —— جہاں چاہیں —— آتے، جاتے ہیں —— اپنے دوستوں اور ماننے والوں کی مدد فرماتے ہیں —— اور دشمنان دین واسلام کو ہلاک کرتے ہیں —— اللہ کریم کی عطا کردہ قوتوں اور اس کے اِذن سے —— اور مولا علی کرم اللہ وجہہ —— ہر دور کے خارجیوں کے بابا اور پسندیدہ اور محبوب ترین پیشوا —— لیڈر —— اور ہیرو —— ابن ملجم بدبخت لعنتی کے ہاتھوں شہید ہوئے —— ان کی شہادت کا اِنکار کافروں اور منافقوں کے سوا کوئی نہیں کرتا —— اور ——

اہلِ ایمان کا عقیدہ ہے —— کہ اِذنِ خداوندی سے مولا علی ہماری اِمداد فرما سکتے ہیں —— روحانی طور پر بھی اور جسمانی طور پر بھی۔

☆ —— منکرینِ شانِ رسالت —— ترنگ کے عالم میں کبھی کبھی یہاں تک کہہ جاتے ہیں —— کہ شہداء کی زندگی اور اِمداد تو ثابت ہے —— لیکن طبعی طور پر انتقال کر جانے والے مٹی میں مل کر مٹی ہو جاتے ہیں وغیرہ وغیرہ۔

Marfat.com

ہم انہیں بار بار کہہ چکے ہیں ـــــ تمہارے منہ میں خاک ـــــ اگر تمہارے مقدر کا ستارہ حسد وعناد کی تاریکیوں میں ڈوب چکا ہے تو اس پر افسوس ہی کیا جا سکتا ہے ـــــ رہی دلائل کی بات تو وہ ہمارے عقیدے کے آسمان پر کہکشاں کی صورت میں درخشاں وتاباں ہیں۔

ـــــ محبت والوں کے ذوق جاوداں کی تسکین اور طمانیت قلبی کی خاطر ایک ایسا واقعہ بیان کر رہا ہوں، ـــــ جو اپنی نوعیت کا منفرد واقعہ ہے۔

امام سیوطی کا عقیدہ

امام جلال الدین، عبدالرحمٰن سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت شیخ ابوعلی روباری علیہ الرحمۃ سے روایت کیا ہے۔

لکھتے ہیں ـــــ کہ حضرت ابوعلی نے ایک ''کامل'' فقیر کو دفن کیا ـــــ اور اس کے سر سے کفن ہٹایا ـــــ اور اس کے سر پر مٹی رکھی ـــــ تاکہ اللہ تعالیٰ اس کی غربت پر رحم فرمائے ـــــ حضرت ابوعلی فرماتے ہیں ـــــ اس فقیر نے آنکھیں کھول کر میری طرف دیکھا ـــــ اور فرمایا ـــــ اے ابوعلی! ـــــ مجھے اس کے سامنے ذلیل نہ کر ـــــ جس نے مجھے راہ دکھلائی ہے ـــــ

''ابوعلی فرماتے ہیں'' ـــــ میں نے اسے کہا۔

يَا سَيِّدِىْ اَحْيَاةٌ بَعْدَ الْمَوْتِ .

اے میرے سردار! کیا موت کے بعد زندگی ہے؟

تو اس فقیر نے فرمایا ـــــ میں زندہ ہوں ـــــ اور ـــــ

وَكُلَّ مُحِبِّ اللهِ حَيٌّ لَا نُصَرَنَّكَ بِجَاهِىْ غَدًا .

Marfat.com

اور ہر اللہ تعالیٰ سے محبت کرنے والا زندہ ہے اور کل میں تمہاری اِمداد کروں گا۔ (شرح الصدور (امام سیوطی ص ۹۱)

اس سے معلوم ہوا ـــــ کہ علی کریم ـــــ اور دیگر اللہ تعالیٰ کے پاک بندے ـــــ عالمِ برزخ میں ـــــ دنیاوی زندگی سے لاکھ درجے بہتر، نورانی زندگی گزار رہے ہیں ـــــ اور دنیا والوں کی بِاذن اللہ اِمداد فرماتے ہیں ـــــ

علی علیہ السلام وزیر

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بارگاہِ خداوندی میں دعا کرتے ہوئے عرض کیا ـــــ کہ اے میرے کریم اللہ! علی کو میرا وزیر بنا۔ اور اس کے ذریعے میری کمر مضبوط کر ـــــ جناب علی المرتضیٰ میں وہ تمام صلاحیتوں موجود ہیں ـــــ کہ آپ سلطان دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بطور وزیر نیابت کر سکیں ـــــ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وزارت کے لیے ـــــ جناب علی کا انتخاب موجودہ دور کے حکمرانوں کے لیے مشعلِ راہ ہے ـــــ جو اپنی منفعت کے لیے نااہل لوگوں کو وزارتوں کا قلمدان سونپ دیتے ہیں ـــــ ایسے حکمرانوں کے بارے میں ایک حدیث شریف دیکھیں ـــــ

فرمانِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حدیثِ مبارکہ ہے ـــــ سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں ـــــ

مَنْ قَلَّدَ اِنْسَانًا عَمَلًا وَّفِیْ رَعِیَّتِهٖ مَنْ هُوَ اَوْلٰی مِنْهُ فَقَدْ خَانَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَ جَمَاعَةَ الْمُؤْمِنِیْنَ ۔

جس ''حکمران'' نے کسی شخص کو عامل و وزیر بنایا جبکہ اس کی رعیت میں، اس شخص سے بہتر صلاحیتوں کے مالک افراد موجود ہیں ـــــ تو اس حکمران

Marfat.com

نے خدا تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور تمام مؤمنوں سے خیانت کی۔ (تفسیر روح البیان ج ۵، ص ۳۸۶ مطبوعہ بیروت)

صالح وزیر

فرمانِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے —— سرکارِ دو جہاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں:

اِذَا اَرَادَ اللّٰہُ بِمَلِكٍ خَیْرًا قَیَّضَ لَهٗ وَزِیْرًا صَالِحًا اِنْ نَسِیَ ذِكْرَهٗ وَاِنْ نَوٰی خَیْرًا اَعَانَهٗ وَاِنْ نَوٰی شَرًّا كَفَّهٗ ۔

جب اللہ تعالیٰ کسی بادشاہ کی بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے تو اسے نیک وزیر عطا فرماتا ہے —— کہ اگر وہ اللہ کے ذکر سے غافل ہو جائے ''تو نیک وزیر اسے یاد دہانی کراتا ہے'' اگر نیکی کی نیت کرے تو اس کی مدد کرتا ہے —— اور اگر برائی کی نیت کرے تو اُسے روک دیتا ہے ——

(تفسیر روح البیان ج ۵، ص ۳۸۵ مطبوعہ بیروت لبنان)

امام مہدی علیہ السلام کے وزراء

امام اسماعیل حقی حنفی رحمۃ اللہ علیہ ارقام فرماتے ہیں —— کہ بادشاہ زمین پر اللہ کا سایہ ہوتا ہے —— جو اللہ تعالیٰ کی صفات کی جامع حقیقت کا مظہر بن کر ظاہر ہوتا ہے —— اور وہ ایسا قطب ہوتا ہے، جس پر عالم کا مدار ہے —— جیسے اس قطب کے لیے امین علمائے کرام وزیر ہوتے ہیں، اسی طرح اسے ظلِ الٰہی کے لیے بھی ایسے ہی وزراء ہوتے ہیں —— جو صاحبان عدل وادب ہوں۔

امام حقی فرماتے ہیں:

Marfat.com

وَهٰذِهِ الْوُزَارَ ةُ مُمْتَدَّ ةَ اِلٰی زَمَنِ الْمَهْدِیِّ وَ وُزَرَاءَ هٗ سَبْعَةٌ هُمْ اَصْحٰبُ الْکَهْفِ یُحْیِیْهُمُ اللّٰهُ فِیْ اٰخِرِ الزَّمَانِ یَخْتِمُ بِهِمْ رُتْبَةُ الْوُزَرَاءِ الْمَهْدِیَّةِ ۔

ایسی وزارت امام مہدی علیہ السلام تک جاری رہے گی اور اس وقت ان کے سات وزراء ہوں گے اور وہ اصحاب کہف ہیں —— خدا تعالیٰ انہیں زمانہ امام مہدی میں زندہ (بیدار) فرمائے گا۔ وہ سب وزارتِ مہدیہ کے خاتم ہوں گے۔

(تفسیر روح البیان ج ۵، ص ۳۸۵ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ سن اشاعت ۲۰۰۳ء امام اسماعیل حقی حنفی متوفی ۱۱۴۷ء)

☆ —— قارئین کرام! آپ نے وزراء کے بارے میں بحث دیکھی اور یہ بھی آقا علیہ السلام بارگاہِ ربِّ جہاں سے حضرت علی المرتضیٰ کو بطور وزیر مانگا —— یقیناً خدائے بزرگ و برتر نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا کو شرف قبولیت بخشا —— اور حضرت سلیمان علیہ السلام کے وزیر جناب آصف بن برخیا کا مختصر تذکرہ بھی ہوا —— اس پر جناب مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ نے بہت خوب شعر کہے ہیں —— فرماتے ہیں۔

شاد آں شاہے کہ اورا دستگیر
باشد اندر کار چوں آصف وزیر
چوں سلیمان علیہ السلام شاہ و چوں آصف وزیر
نور برنور ست و عنبر بر عبیر
شاہ فرعون و چوں ہامانش وزیر
ہر دورا نبودز بدبختی گزیر

Marfat.com

☆ ـــــ وہ بادشاہ مبارک باد کا مستحق ہے۔ ''شاداں رہے گا۔'' جس کا مددگار آصف جیسا وزیر ہو۔

☆ ـــــ بادشاہ سلیمان ہو اور وزیر آصف ہو ـــــ تو یہ ایسا ہے۔ جیسے نور پر نور اور عنبر پر عبیر (کستوری، گلاب اور صندل سے بنا ہوا خوشبودار سفوف)

☆ ـــــ بادشاہ فرعون ہو اور ہامان جیسا وزیر ہو تو پھر دونوں کے لیے بدبختی لازمی امر ہے۔

برادران اسلام! ـــــ اسلامی دنیا کے بادشاہوں، حکمرانوں کو دیکھیں اور ان کے ناہنجار وزیروں پر نظر ڈالیں تو آپ کو ہر طرف شیطنت کی تباہ کاریاں اور خباثت کی چنگاریاں نظر آئیں گی۔

حدیث نمبر ۵۰

علی علیہ السلام کو سینے سے لگا لیا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں ـــــ کہ رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم منبر پر تشریف فرما ہوئے اور بہت باتیں ارشاد فرمائیں ـــــ اور پھر فرمایا ـــــ

اَیْنَ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ ۔

علی ابن ابی طالب کہاں ہیں؟

حضرت علی المرتضیٰ یہ ارشاد سن کر آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں تیزی کے ساتھ حاضر ہو ـــــ اور عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میں حاضر ہوں۔

فَضَمَّهٗ اِلٰی صَدْرِهٖ وَقَبَّلَ بَیْنَ عَیْنَیْهِ وَ قَالَ: بَا عَلٰی صَوْتِهٖ ـــــ

Marfat.com

مَعَاشِرَ الْمُسْلِمِيْنَ هٰذَا اَخِیْ ـــــ وَابْنُ عَمِّیْ، وَ خَتَنِیْ هٰذَا لَحْمِیْ وَ دَمِّیْ وَ شَعْرِیْ، هٰذَا اَبُوالسِّبْطَيْنِ اَلْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ سَيِّدِیْ شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ، هٰذَا مُفَرِّجُ الْكُرُوْبِ عَنِّیْ، هٰذَا اَسَدُ اللّٰهِ وَ سَيْفُهٗ فِیْ اَرْضِهٖ عَلٰی اَعْدَائِهٖ عَلٰی مُبْغِضِهٖ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَ لَعْنَةَ اللَّاعِنِيْنَ وَاللّٰهُ مِنْهُ بَرِیْءٌ، وَاَنَا مِنْهُ بَرِیْءٌ فَمَنْ اَحَبَّ اَنْ يَبْرَأَ مِنَ اللّٰهِ وَ مِنِّیْ فَلْيَبْرَأْ مِنْ عَلٰی وَلْيُبَلِّغُ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ .

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو (علی المرتضٰی) کو سینے سے لگا لیا ـــــ اور آپ کی آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا ـــــ اور بلند آواز سے فرمایا ـــــ اے مسلمانو! یہ (علی) میرا بھائی ہے ـــــ اور میرے چچا کا بیٹا ہے ـــــ اور میرا داماد ہے ـــــ یہ (علی) میرا گوشت ہے ـــــ اور میرا خون ہے ـــــ اور میرے (سر کے) بال ہے ـــــ یہ (علی) سبطین، یعنی حسن و حسین کا باپ ہے "جو" جنتی جوانوں کے سردار ہیں ـــــ یہ مجھ کو مصیبتوں سے دور کرنے والا ـــــ یہ اللہ تعالیٰ کا شیر ہے ـــــ اور اس کے دشمنوں کے لیے اس کی زمین پر اس (اللہ تعالیٰ) کی تلوار ہے ـــــ اس (علی) سے بغض رکھنے والے پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو ـــــ اور لعنت کرنے والوں کی لعنت ہو ـــــ اور اللہ اس کے دشمن سے بری ہے ـــــ اور میں بھی اس سے بری ہوں ـــــ اور جو یہ پسند کرتا ہے، کہ اللہ تعالیٰ اور مجھ سے بے تعلق ہو جائے، بس وہ علی سے بے تعلق ہو جائے۔ اور جو یہاں موجود ہے۔ وہ اس کو یہ بتا دے، جو یہاں موجود نہیں ہے ـــــ

Marfat.com

ثُمَّ قَالَ اِجْلِسْ یَا عَلِیَّ عَرَّفَ اللّٰہُ لَکَ بِذٰلِکَ ـــــ

پھر ارشاد فرمایا ـــــ اے علی بیٹھ جاؤ ـــــ یہ وہ تعارف ہے جو اللہ تعالیٰ نے خاص تیرے لیے کروایا ہے۔ (ذخائر العقبیٰ ص ۹۲ نسخہ دار الکتب المصریہ)

اس حدیثِ مبارکہ سے یہ بات کھل کر سامنے آ گئی ـــــ کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ـــــ حضرت علی علیہ السلام سے بے تحاشہ محبت فرماتے ـــــ اور آپ کے دشمنوں سے بیزاری کا اظہار فرماتے تھے ـــــ اور آخر میں علی سے تعلق نہ رکھنے والوں کی بدبختی کا اعلان فرمایا ـــــ اور یہ بھی فرمایا کہ اس شخص کا اللہ تعالیٰ ـــــ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ـــــ جس کا علی کے ساتھ تعلق نہ ہو ـــــ

مذکورہ حدیث شریف میں محبت وشفقت کا ایک پورا جہان آباد ہے ـــــ آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام کا دورانِ خطاب اچانک یہ پوچھنا کہ علی ابن ابی طالب کہاں ہیں؟ ـــــ اور ان کو قریب کر کے سینے سے لگانا ـــــ ماتھا چومنا ـــــ اور پھر لوگوں کو متوجہ ہو کر فرمایا۔ ـــــ اے مسلمانو! یہ علی ہے ـــــ یہ میرا بھائی ہے ـــــ میرا چچا زاد ہے ـــــ میرا داماد ہے ـــــ میرا گوشت، میرا خون، میرے ''سر کے بال'' ہے ـــــ یہ میرے نواسوں کا باپ ہے اور میرے دونوں نواسے جنتی جوانوں کے سردار ہیں ـــــ اور مجھ سے مصائب وآلام کو دور کرنے والا ہے ـــــ یہ اللہ کا شیر ـــــ اللہ کی تلوار اور اللہ کے دشمنوں کو تباہی کے گھاٹ اتارنے والا ہے ـــــ اس کا دشمن لعنتی ہے ـــــ میرا اور میرے ربّ کا اس سے کوئی تعلق نہیں جس کا علی سے تعلق نہ ہو ـــــ

اہلِ نظر کو دعوتِ فکر ہے ـــــ کہ سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس فرمان میں چھپے ہوئے ان امور پر غور فرمائیں ـــــ کہ نبوت کی نظر نے آنے والے حالات کا مشاہدہ فرمایا

Marfat.com

ہوگا ـــــ اور علی کریم پر چلنے والے بادصرصر کے آوارہ تھپیڑوں کو نگاہِ رسالت سے دیکھا ہو گا ـــــ جبھی تو یہ خطبہ ارشاد فرمایا ـــــ کہ لوگو! یادرکھنا علی کا میرے ساتھ کیا رشتہ ہے۔

اس دہشت گردی کے پرفتن دور میں ٹکے ٹکے پر بکنے والے مولوی نما غارت گروں اور قزاقوں نے مولا مرتضٰی کی دشمنی میں آخری حدود بھی پھلانگ دی ہیں ـــــ یہی وجہ ہے کہ ہدایت کا راستہ ان کے مقدر میں نہیں ہے ـــــ کیونکہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے اپنا تعلق توڑ لیا ہے ـــــ اور رحمت خداوندی نے اپنا منہ موڑ لیا ہے ـــــ ملک و ملت سے غداری اس امر کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

حدیث نمبر ۵۱

نفس رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

حضرت ابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــــ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ـــــ بنو ربیعہ کو انتباہ کرتے ہوئے فرمایا ـــــ

اَوَلَا بُعَثَنَّ عَلَيْهِمْ رَجُلًا كَنَفْسِيْ يَنْفُذُ فِيْهِمْ اَمْرِيْ فَيَقْتُلُ الْمُقَاتِلَةَ وَيَسْبِيْ الذُّرِّيَّةَ ۔

کہ میں ان پر ایک ایسے شخص کو مقرر کروں گا، جو میری جان کی طرح ہے، اور میرا حکم نافذ کرے گا، اور ان کی اولاد کو قیدی بنائے گا۔

حضرت ابی فرماتے ہیں کہ میں اسی تعجب میں ہی تھا کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ میرے حجرے میں تشریف لائے ـــــ اور میں نے ان سے کہا ـــــ اس سے مراد آپ کا ساتھی ہے ـــــ انہوں نے پوچھا کون؟ ـــــ میں نے کہا ـــــ وہ جوتا مرمت کرنے والا ـــــ انہوں نے کہا ـــــ

Marfat.com

وَعَلِیٌّ یَخْصِفُ النَّعْلَ ۔

جوتے تو علی مرمت کر رہا ہے۔

خصائص النسائی ص ۸۰ مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت لبنان مطبوعہ مصر ص ۱۹

اس حدیثِ مقدسہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ـــــ حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ کو اپنی جان کی طرح فرمایا ہے ـــــ جس سے سرکار علی پاک کرم اللہ وجہہ الکریم کی شان وعظمت کا پتہ چلتا ـــــ اور اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اپنی پاپوش کی مرمت کرنا عار کی بات نہیں اور ایسا کام کرنے والے کو حقارت کی نظر سے دیکھنا بہت بری بات ہے۔

اور اس بات کا خیال رکھنا بھی ضروری ہے ـــــ کہ سرکار علیہ الصلوٰۃ والسلام نے علی علیہ السلام کو اپنی جان کہا ہے ـــــ اور جو شخص اللہ تعالیٰ کے آخری رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی جان پر تلوار سے ـــــ یا قلم سے ـــــ یا زبان سے وار کرے ـــــ وہ اپنا انجام خود ہی سوچ لے۔

حدیث نمبر ۵۲

ابوبکر و علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے وصال پاک کے چھ دن بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ـــــ اور حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے مزارِ اقدس کی زیارت کے لیے حاضر ہوئے ـــــ تو حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے، جناب ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا۔

تَقَدَّمْ یَا خَلِیْفَۃَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ (وَآلِہٖ) وَسَلَّمَ

اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے خلیفہ آگے آیئے۔

Marfat.com

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا۔

مَا كُنْتُ لِاَ تَقَدَّمَ رَجُلاً سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ (وَآلِهٖ) وَسَلَّمَ يَقُوْلُ عَلِيٌّ مِّنِّیْ بِمَنْزِلَتِیْ مِنْ رَّبِّیْ ۔

یہ امر میرے لیے روا نہیں کہ میں ایسی شخصیت سے آگے بڑھوں —— جس سے متعلق میں نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے —— کہ علی علیہ السلام کا مقام میرے نزدیک وہی ہے —— جو میرا مقام اپنے ربّ کے ہاں ہے۔

الریاض النضرۃ فی مناقب العشرۃ ج ۲، ص ۱۱۸ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان۔

حدیث نمبر ۵۳

حدیث ولایت

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِیٌّ مَّوْلَاهُ

جس کا میں مولا ہوں، اس کا علی علیہ السلام بھی مولا ہے۔

۱۔ تفسیر کبیر (امام رازی) جلد ۲، ص ۵۹/۶۰ مطبوعہ ایران۔

۲۔ تفسیر الدر المنثور فی التفسیر بالماثور (امام سیوطی) مطبوعہ بیروت۔

۳۔ تفسیر روح المعانی (امام آلوسی) ج ۶، ص ۱۹۴ مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان۔

۴۔ الجامع الترمذی ج ۲، ص ۲۱۲ مطبوعہ سعید کمپنی کراچی پاکستان۔

۵۔ سنن ابن ماجہ ص ۱۲ مطبوعہ میر محمد کراچی۔

۶۔ مسند امام احمد بن حنبل ج ۴، ص ۳۷۲ مطبوعہ دار صادر بیروت لبنان۔

۷۔ خصائص نسائی مطبوعہ مصر۔

۸۔ مستدرک حاکم ج ۳، ص ۱۱۰ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان۔

Marfat.com

۹-تاریخ بغداد (ج ۸، ص ۲۹۰) مطبوعہ مکتبۃ الحالجی قاہرہ مصر۔

۱۰-حلیۃ الاولیاء (امام ابونعیم اصفہانی) ج ۵، ص ۲۷ مطبوعہ دارالکتب العربی بیروت۔

۱۱-مشکوٰۃ شریف باب مناقب علی۔

۱۲-کتاب فضائل صحابۃ (امام احمد بن حنبل) ج ۲، ص ۵۶۹ مطبوعہ جامعہ اُمّ القریٰ مکہ مکرمہ۔

۱۳-المعجم الصغیر (امام طبرانی) ج اول، ص ۷۱ مطبوعہ دارالفکر بیروت۔

۱۴-المعجم الاوسط (طبرانی) ج ۳، ص ۶۹ مطبوعہ مکتبہ المعارف الریاض۔

۱۵-کنزالعمال ج اول، ص ۱۸۷-۱۸۹

۱۶-مجمع الزوائید ومنبع الفوائد (امام حافظ نورالدین علی بن ابوبکر الہیثمی ج ۹، ص ۱۰۸-۱۰۹-۱۱۰ مطبوعہ موسسۃ المعارف بیروت۔

۱۷-الاصابہ فی تمیز الصحابۃ (امام ابن حجر عسقلانی) ج اول، ص ۳۰۵ ـــــ الاصابہ ج ۲، ص ۴۰۸ مطبوعہ نسخہ دارالفکر بیروت لبنان۔

۱۸-مناقب خوارزمی ص ۷۹ مطبوعہ نینوی تہران، ایران۔

۱۹-الریاض النضرۃ فی مناقب عشرۃ جلد ۲، ص ۱۲۶ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت لبنان۔

۲۰-ذخائر عقبیٰ ص ۶۷ مطبوعہ (نسخہ) دارالکتب المصریہ۔

۲۱-تاریخ الخلفاء (امام سیوطی) ص ۱۶۹ مطبوعہ میر محمد کتب خانہ کراچی۔

۲۲-الصواعق المحرقۃ ص ۴۲ مطبوعہ مکتبہ مجیدیہ ملتان پاکستان۔

۲۳-فیض القدیر ج ۶، ص ۲۱۷ مطبوعہ دارالفکر۔

۲۴-الشرف المؤبد لآلِ محمد ص ۱۱۱ مطبوعہ مصر۔

۲۵-نورالابصار فی مناقب آلِ بیت النبی المختار ص ۷۸ مطبوعہ مصر۔

مذکورہ حوالوں کے علاوہ بھی یہ حدیث ولایت متعدد کتب تفاسیر واحادیث ـــــ اور کتب تواریخ وسیر میں قوی سندوں کے ساتھ موجود ہے ـــــ لیکن ایک دہشت گرد گروہ نے اس حدیثِ مقدسہ کو، ضعیف ـــــ اور چند بے قرار افراد نے اس کو ''موضوع'' یعنی ''من گھڑت'' قرار دیا ہے ـــــ ان لوگوں کا ایسا کہنا کسی اصولی تحقیق کے تحت نہیں ـــــ بلکہ بغضِ علی کی وجہ سے ہے، جو اس قسم کے ناصبیوں اور خارجیوں کے سینوں میں آگ کی

Marfat.com

صورت بن کر ہر وقت شعلہ بار رہتی ہے۔

آیئے!—— دیکھتے ہیں کہ اس حدیث ولایت کا پسِ منظر کیا ہے؟

حدیث ولایت کا پسِ منظر

سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے —— غدیرِ خُم کے مقام پر —— جو مکہ اور مدینہ کے درمیان ہے —— ایک خطبہ ارشاد فرمایا —— جس میں اہلِ بیت کے ساتھ عقیدت و محبت کی تاکید فرمائی —— اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے بارے میں فرمایا۔

مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَعَلِیٌّ مَّوْلَاہُ

کہ جس کا میں مولا ہوں اس کا علی بھی مولا ہے۔

اس ارشاد سے سرکار علیہ الصلوٰۃ والسلام کا مقصد، اس امر کو آشکارا کرنا تھا کہ علی اللہ تعالیٰ کے محبوب و مقرب ہیں، ان سے اور میرے دیگر تمام اہلِ بیت سے محبت رکھنا تقاضائے ایمان ہے —— اور ان سے عداوت و نفرت اور کدورت نفاق کی علامت ہے۔

☆ —— حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے —— کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے —— حضرت مولا علی علیہ السلام کو حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس بھیجا —— کہ ان سے مالِ غنیمت کا خمس لے آئیں —— ''حضرت علی'' نے خمس میں سے ایک کنیز لے لی —— جناب بریدہ کو یہ گمان گزرا کہ جناب علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے غنیمت میں خیانت کی ہے —— اس وجہ سے آپ کو برا سمجھا —— حالانکہ یہ خیانت نہ تھی —— کیونکہ مالِ غنیمت میں اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حصہ تھا —— اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ اس کے بڑے حق دار تھے —— اور دوسرا یہ کہ امام کے لیے یہ امر جائز ہے کہ مالِ غنیمت اس کے مستحقین میں تقسیم کرے —— اور وہ خود بھی ان کے ساتھ

Marfat.com

شریک ہوتا ہے —— اور اسی طرح جو امام کا قائم مقام ہو —— اس کو بھی یہ حق حاصل ہوتا ہے ——

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جب میں آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں حاضر ہوا تو میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور اس بات کی شکایت کی —— تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ——

يَا بُرَيْدَةُ اَتَبغِضُ عَلِيًّا؟ قُلْتُ نَعَمْ ۔

اے بریدہ کیا تو علی علیہ السلام کے ساتھ بغض رکھتا ہے؟

میں نے عرض کیا: جی ہاں۔

آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

لَا تُبْغِضْهُ فَاِنَّ لَهٗ فِی الْخُمْسِ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ ۔

کہ علی سے بغض و کدورت نہ رکھو —— کیونکہ ان کا خمس میں حصہ اس سے زیادہ ہے۔ (صحیح بخاری شریف ج ۲، ص ۶۲۳ مطبوعہ اصح المطابع کراچی)

علماء فرماتے ہیں —— کہ اسی واقعہ سے متاثر ہو کر سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خطبہ غدیرِ خُم ارشاد فرمایا ——

دوسرا سبب

یا پھر اس کا یہ سبب ہے کہ حضرت اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے کہا۔

لَسْتَ مَوْلَایَ اِنَّمَا مَوْلَایَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔

اے علی آپ میرے مولا نہیں —— میرے مولا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ

Marfat.com

وسلم ہیں——

(تو اس پر) حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا——

مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَعَلِیٌّ مَّوْلَاہُ

جس کا میں مولا ہوں اس کا علی بھی مولا ہے۔

ایک شقی نے عذاب طلب کیا

اس کی تیسری وجہ یہ بھی ہے—— ارشاد خداوندی ہے:

سَاَلَ سَائِلٌ بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ ۔

مطالبہ کیا ہے ایک سائل نے، ایسے عذاب کا جو ہو کر رہے۔

(پارہ ۲۹ سورۂ المعارج آیت نمبر ۱)

اس آیت کے بارے میں، حضرت امام ابو اسحاق احمد ثعلبی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنی تفسیر میں بیان کیا ہے—— کہ امام سفیان بن عیینہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس آیتِ مبارکہ سے متعلق دریافت کیا گیا—— کہ یہ آیت کن لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی—— تو انہوں نے سوال کرنے والے سے فرمایا—— کہ تم نے مجھ سے وہ سوال پوچھا ہے، جو مجھ سے کسی نے نہیں پوچھا۔

فرماتے ہیں کہ میرے باپ نے امام جعفر صادق بن امام محمد باقر علیہ السلام سے اور انہوں نے اپنے آباؤ اجداد سے روایت بیان کی ہے کہ جناب رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ و السلام نے جب کہ آپ غدیرِ خُم کے مقام پر تشریف فرما تھے—— لوگوں کو آواز دی اور وہ سب اکٹھے ہو گئے—— پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا——

Marfat.com

مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَعَلِیٌّ مَّوْلَاہُ

جس کا میں مولا ہوں علی بھی اس کا مولی ہے۔

امام ابواسحاق فرماتے ہیں ـــــ کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ فرمان وکلام بہت مشہور ہوا، اور دور دور تک پہنچ گیا ـــــ حارث بن نعمان فہری کو جب یہ کلام پہنچا تو وہ اونٹنی پر سوار ہو کر رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا ـــــ اونٹنی کو بٹھایا ـــــ اور اس سے اتر کر ـــــ کہنے لگا ـــــ

یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ! (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) آپ نے ہمیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم فرمایا ہے ـــــ کہ ہم اللہ تعالیٰ کی وحدانیت ـــــ اور آپ کو اس کا رسول مانیں ہم نے یہ قبول کیا ـــــ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں حکم دیا، کہ ہم پانچ نمازیں پڑھیں اور زکوٰۃ ادا کریں، اور رمضان کے روزے رکھیں ہم نے یہ بھی قبول کیا، ـــــ اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں حکم دیا کہ ہم بیت اللہ کا حج کریں، ہم نے یہ بھی قبول کیا ـــــ پھر آپ اس پر راضی نہ ہوئے یہاں تک کہ آپ نے اپنے چچازاد بھائی کے بازو اٹھائے، اور اس کو ہم پر فضیلت دیتے ہوئے فرمایا۔

مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَعَلِیٌّ مَّوْلَاہُ

''حارث بن نعمان کہنے لگا'' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو فرمایا ہے ـــــ اپنی طرف سے فرمایا ہے ـــــ یا یہ بھی اللہ کا حکم ہے ـــــ حضور علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے فرمایا:

وَالَّذِیْ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ اِنَّ ھٰذَا مِنَ اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ .

قسم ہے اس ذات کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں، یہ (جو میں نے فرمایا ہے) اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔

Marfat.com

حارث بن نعمان فہری واپس اپنی سواری کی طرف آیا ـــــ اور کہنے لگا ـــــ اے اللہ! ـــــ اگر یہ سچ ہے جو محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے فرمایا ہے۔

فَاَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَآءِ اَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۔

تو پھر ہم پر آسمان سے پتھر برسایا ہمیں دردناک عذاب میں مبتلا کر۔

ابھی وہ (حارث بن نعمان) اپنی سواری تک پہنچنے نہ پایا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے اس کی کھوپڑی پر پتھر مارا ـــــ جو اس کے نیچے سے نکل گیا ـــــ اور اس بد بخت گستاخ کو ہلاک کر گیا، جس پر یہ آیت اللہ تعالیٰ نے نازل فرمائی۔

نورالابصار فی مناقب آلِ بیت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم المختار ص ۸۷ مطبوعہ دارالفکر ---- نورالابصار فی مناقب آلِ بیت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم المختار ص ۱۸۷ مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت۔

ان واقعات سے یہ چیز واضح ہوتی ہے ـــــ کہ حدیث ولایت کے پسِ منظر میں کچھ امور کارفرما ضرور تھے ـــــ لیکن اس میں خلافت بلافصل کا کہیں بھی اشارہ نہیں ملتا ـــــ جو لوگ اس حدیث کے ضمن میں اصحاب ثلاثہ کو غاصب تصور کرتے ہیں، وہ غلطی پر ہیں ـــــ اور نہ ہی اس سے یہ مطلب اخذ کیا جا سکتا ہے ـــــ کہ آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی خلافت کی طرف کسی قسم کا اشارہ فرمایا ہے ـــــ

اگر حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، غیر مبہم انداز میں خلافت مولا علی کا اعلان فرماتے تو کون تھا؟ ـــــ جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس اعلان سے روکتا ـــــ کتاب وسنت کے مطالعہ سے جو چیز سامنے آتی ہے وہ یہی ہے ـــــ کہ آقا علیہ الصلوٰۃ و السلام نے امیر کا انتخاب امت پر چھوڑا ہے۔

ملوکیت کا چہرہ تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال کے تیس سال بعد سامنے آیا، جس کی وجہ سے امت افتراق کا شکار ہو گئی اور نفرتوں نے محبتوں کی جگہ لے لی ـــــ اور

Marfat.com

ایسے ایسے سنگین واقعات رونما ہوئے، جن سے روح اسلام تڑپ اٹھی۔

حارث فہری ـــــ لفظ مولا کا منکر

حارث بن نعمان فہری نے یہ سن کر رسول مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کو مولا کا لقب عطا فرماتے ہوئے ـــــ کہا اے لوگو! ''جس کا میں مولا ہوں اس کا علی بھی مولا ہے'' ـــــ یہ لفظ مولا اس منافق کو برداشت نہ ہوسکا، اور پھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمان پر بھی یقین نہ آیا ـــــ اور اٹھتے ہوئے کہنے لگا کہ اگر یہ بات سچ ہے تو اے اللہ ہم پر آسمان سے پتھر برسا ـــــ اور پھر پتھر اس کی کھوپڑی پر پڑا جو اس کا کام تمام کر گیا۔

قارئین کرام! ـــــ آج اس دور پرآشوب میں بھی کچھ لوگ ہیں، بلکہ کافی تعداد میں ہیں جو علی کو مولا ماننے کے لیے کسی صورت تیار نہیں ـــــ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دو جہاں کی پاک زبان سے نکلے ہوئے اس لفظ سے ان کو بیحد چڑ ہے ـــــ اور اس ناگواری کا سبب نفاق کے سوا کچھ نہیں ـــــ منافق کسی صورت میں بھی حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو مولا کہنے کے لیے تیار نہیں ـــــ

یہ لوگ خود کو مولانا کہلوا کر بہت خوش ہوتے ہیں ـــــ لیکن علی کو مولا کہنے سے ان کی فتویٰ ساز طبیعت میں بھونچال آجاتا ہے ـــــ

سوچنے کی بات ہے کہ ہر ایرے غیرے کو مولانا کہنے سے کسی کی رگ توحید نہیں پھڑکتی، صرف علی کو مولا کہنے سے مزاج میں حدت کیوں؟۔

خیال رہے کہ یہ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھی مولا نہیں مانتے ـــــ اس کی دلیل یہ ہے کہ اگر یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مولا مانتے ہوتے تو علی کرم اللہ

Marfat.com

وجہہ کو بھی مولا مانتے —— کیونکہ جس جس کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مولا ہیں، اس اس کے علی علیہ السلام مولا ہیں ——

حدیث نمبر ۵۴

ابن ماجہ کی روایت

حضرت براء بن عازب سے روایت ہے، فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ —— حجۃ الوداع —— کے موقع پر موجود تھے —— آپ نے رستے میں اتر کر لوگوں کو جمع کرنے کا حکم فرمایا —— اور علی کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا۔

اَلَسْتُ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ؟ قَالُوْا: بَلٰی —— قَالَ: اَلَسْتُ اَوْلٰی بِکُلِّ مُؤْمِنٍ مِّنْ نَّفْسِهٖ؟ قَالُوْا: بَلٰی —— قَالَ: —— فَهٰذَا وَلِیُّ مَنْ اَنَا مَوْلَاهُ، اَللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ، اَللّٰهُمَّ عَادَ مَنْ عَادَاهُ ۔

کیا میں مؤمنوں کی جانوں سے زیادہ مالک نہیں ہوں؟ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے عرض کیا —— کیوں نہیں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم —— آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا میں ہر مومن کا اس کی جان سے زیادہ مالک نہیں ہوں؟ —— صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے عرض کیا —— کیوں نہیں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم —— (آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہماری جان سے زیادہ مالک ومختار ہیں) —— آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا —— یہ (علی) ولی ہیں، اس شخص کے، جس کا میں مولا ہوں —— اے اللہ! دوست رکھ اسے، جو اسے دوست رکھے، اور دشمنی رکھ اس سے جو اس سے دشمنی رکھے۔

(سنن ابن ماجہ ص ۱۲ مطبوعہ میر محمد کتب خانہ کراچی پاکستان۔ سنن ابن ماجہ ج اول، ص ۸۸ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان)

Marfat.com

حدیث نمبر ۵۵

ابن ماجہ کی دوسری روایت

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــــ کہ حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حج کے لیے تشریف لائے ـــــ جناب سعد ان کے پاس تشریف لے گئے ـــــ وہاں حضرت مولائے کائنات کا توہین آمیز الفاظ اور بے ادبی کے ساتھ ذکر ہوا ـــــ جسے سن کر جناب سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ غضب ناک ہو گئے ـــــ

وَقَالَ: ـــــ تَقُوْلُ هٰذَا الرَّجُلٍ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ (وَآلِهٖ) وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: ـــــ مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ ـــــ وَسَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ: اَنْتَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُّوْسٰى اِلَّا اِنَّهٗ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ ـــــ وَ سَمِعْتُهٗ، يَقُوْلُ: ـــــ لَاَعْطِيَنَّ الرَّايَةَ الْيَوْمَ رَجُلاً يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ .

اور فرمایا: ـــــ تم لوگ اس شخص کے بارے میں ایسی گفتگو کر رہے ہو ـــــ جس کے بارے میں ـــــ میں نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے ـــــ کہ جس کا میں مولا ہوں اس کا علی بھی مولا ہے ـــــ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ بھی سنا ـــــ کہ (اے علی) تم میری جگہ اس طرح ہو، جس طرح ہارون، موسیٰ کی جگہ تھے مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں ـــــ اور یہ بھی فرمایا میں آج اس شخص کو جھنڈا عطا کروں گا جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو محبوب رکھتا ہے۔

سنن ابن ماجہ ص ۱۲ مطبوعہ میر محمد کتب خانہ کراچی پاکستان۔ سنن ابن ماجہ ج اول ص ۹۰ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ حدیث نمبر ۱۲۱

Marfat.com

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مولا علی پر سب وشتم سن کر غضب ناک ہونا ایک فطری امر تھا —— ان کی ایمانی غیرت نے یہ گوارا نہ کیا کہ میری موجودگی میں کوئی علی کریم کو گالیاں دے —— انہوں نے ان لوگوں کو رعب بھرے انداز میں کہا کہ تم لوگ اس شخصیت کو برا بھلا کہہ رہے ہو، جس کے بارے میں رسولِ دو جہاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا —— جس کا میں مولا ہوں اس کا علی بھی مولا ہے —— اور تم اس عالی مرتبت کے بارے میں گالی گلوچ پر اتر آئے ہو —— جو اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بے پناہ محبت کرتا ہے۔

یہ بات ذہن میں رہے —— کہ علی کریم کو گالیوں کی بھرمار کرنے والے حج کرنے والے یا حج کر چکے تھے —— اور یہ بات چمکتے ہوئے سورج کی طرح واضح ہے کہ مولائے کائنات کے ساتھ بغض رکھنے والے کی کوئی نیکی بارگاہِ خداوندی میں قبول نہیں۔

مندرجہ بالا حدیث شریف میں —— فَنَالَ مِنْهُ —— کا لفظ استعمال ہوا ہے —— اور —— نال —— کا معنٰی منجد یا قاموس اٹھا کر دیکھ لیں۔

حدیث نمبر ۵۶

نسائی کی روایت

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، کہ جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم —— حجۃ الوداع —— سے واپس تشریف لائے تو غدیرِ خُم کے مقام پر نزول اجلال فرمایا —— اور لوگوں کو قیام کا حکم فرمایا —— اور پھر فرمایا —— کہ یوں معلوم ہوتا ہے کہ مجھے اللہ تعالیٰ کی طرف سے بلاوا آ گیا ہے (یعنی وقت وصال قریب آ گیا ہے) —— اور میں نے اس امر کو قبول کر لیا ہے —— اور میں تم میں دو چیزیں چھوڑ رہا ہوں —— جو ان

Marfat.com

میں ایک دوسری سے بڑی ہے—— اور وہ ہے——

كِتَابُ اللهِ وَ عِتْرَتِیْ اَهْلِ بَيْتِیْ .

اللہ کی کتاب (قرآن مجید) اور میری عترت، اہلِ بیت۔

اب دیکھنا یہ ہے کہ تم میرے بعد ان کے ساتھ کیا سلوک کرتے ہو۔

فَاِنَّمَا لَنْ يَفْتَرِقَا حَتّٰى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضِ .

بے شک یہ دونوں ایک دوسرے سے الگ نہیں ہوں گے، یہاں تک کہ یہ دونوں حوض کوثر پر مجھے آملیں گے۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سلسلہ کلام کو جاری رکھتے ہوئے ارشاد فرمایا:

اِنَّ اللهَ مَوْلَایَ وَاَنَا وَلِیُّ كُلِّ مُؤْمِنٍ .

بے شک اللہ تعالیٰ میرا مولا ہے—— اور میں تمام مؤمنوں کا مولیٰ ہوں۔

پھر مولائے کائنات حضرت علی المرتضیٰ کا ہاتھ پکڑ کر ارشاد فرمایا:

مَنْ كُنْتُ وَلِيُّهٗ فَهٰذَا وَلِيُّهٗ —— اَللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ —— وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ .

جس کا میں ولی ہوں، اس کا یہ (علی) بھی ولی ہے—— الٰہی! جو اس سے دوستی و محبت رکھے تو اس شخص سے دوستی و محبت رکھ—— اور جو شخص اس سے عداوت رکھے، تو بھی اس سے عداوت رکھ——

خصائص امیر المومنین علی ابن ابی طالب ص ۸۵ مطبوعہ دار الکتب العربی بیروت لبنان----

مطبوعہ مصر ص ۳۳

Marfat.com

حدیث نمبر ۵۷

نسائی کی دوسری روایت

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں ـــــ کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی معیت میں، یمن کی طرف بھیجا تو، میں نے ان کی سختی دیکھی ـــــ تو واپس آ کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں اس امر کی شکایت کی ـــــ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا سر مبارک اٹھا کر میری طرف دیکھا، اور فرمایا ـــــ

یَا بُرَیْدَۃَ ! مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَعَلِیٌّ مَّوْلَاہُ ۔

اے بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ! جس کا میں مولا ہوں اس کا علی بھی مولا ہے۔

(خصائص امیر المومنین علی بن ابی طالب (خصائص نسائی) ص ۸۶ مطبوعہ دار الکتاب العربی، بیروت، لبنان)

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مولا علی کرم اللہ وجہہ کی قیادت میں یمن کی طرف ایک لشکر بھیجا تھا، جس میں بریدہ بھی شامل تھے ـــــ اور یہاں سختی سے مراد، فوجی احکام منوانے میں سختی کرنا ہے ـــــ کیونکہ حضرت علی فوجی نظم وضبط قائم رکھنے میں بڑے سخت تھے ـــــ جس کی حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے شکایت کی، ـــــ تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ـــــ اے بریدہ! ـــــ جس کا میں مولا ہوں، علی بھی اس کے مولا ہیں ـــــ لہٰذا ان کی اطاعت وفرمانبرداری ضروری ہے ـــــ

حدیث نمبر ۵۸

نسائی کی تیسری روایت

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں ـــــ کہ

Marfat.com

حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کھڑے ہوئے —— اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان فرمائی —— پھر فرمایا ——

اَلَسْتُمْ تَعْلَمُوْنَ اَنِّیْ اَوْلٰی بِکُلِّ مُؤْمِنٍ مِّنْ نَّفْسِہٖ؟ —— قَالُوْا بَلٰی نَشْھَدُ لَاَنْتَ اَوْلٰی بِکُلِّ مُؤْمِنٍ مِّنْ نَّفْسِہٖ —— قَالَ —— فَاِنِّیْ مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ (فَھٰذَا مَوْلَاہُ)مَّوْلَاہُ، وَاَخَذَ بِیَدِ عَلِیٍّ ——

کیا تم جانتے ہو؟ —— کہ میں ہر مؤمن کا ان کی جان سے زیادہ مالک ہوں —— صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے عرض کیا، کیوں نہیں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ! یقیناً آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہماری جان سے زیادہ مالک ہیں۔ ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ ہر مومن کی جان سے زیادہ مالک وقریب ہیں —— تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا —— پس یقیناً جسکا میں مولا ہوں۔ اس کا یہ بھی مولا ہے —— اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا ہاتھ پکڑا، ''اور بلند کر کے دکھایا۔''

حدیث نمبر ۵۹

نسائی کی چوتھی روایت

حضرت زید بن یثیع سے روایت ہے —— کہ میں نے حضرت علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ کو کوفہ کی جامع مسجد کے منبر پر یہ فرماتے ہوئے سنا، کہ میں تمہیں اللہ تعالیٰ کی قسم دے کر پوچھتا ہوں —— اور اس سلسلہ میں سوائے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اصحاب کے کوئی گواہی نہ دے —— کہ یومِ غدیرِ خُم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے

Marfat.com

فرمایا تھا۔

مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَّوْلَاهُ ـــــ اَللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ وَ عَادِ مَنْ عَادَاهُ ۔

کہ جس کا میں مولا ہوں، علی بھی اس کا مولا ہے ـــــ اے اللہ! جو اس کو دوست رکھے، تو بھی اس کو دوست رکھ ـــــ جو اس سے دشمنی رکھے تو بھی اس سے دشمنی رکھ ـــــ

مولائے کائنات علی کرم اللہ وجہہ کے اس فرمان پر منبر کی جانب سے چھ آدمی اٹھے ـــــ اور ـــــ

فَشَهِدُوْا اَنَّهُمْ سَمِعُوْا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ (وَآلِهٖ) وَسَلَّمَ يَقُوْلُ ذٰلِكَ ۔

اور انہوں نے گواہی دی کہ بے شک ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے۔ (خصائص علی ص ۹۱ مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت، لبنان)

حدیث نمبر ۶۰

نسائی کی پانچویں روایت

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔ کہ رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے ایک لشکر ترتیب فرمایا ـــــ اور علی کرم اللہ وجہہ کو اس لشکر پر امیر مقرر فرمایا ـــــ جب اسلامی لشکر فتح سے ہمکنار ہوا تو مالِ غنیمت میں سے ایک باندی مولا علی کے حصہ میں آئی جسے آپ نے شرف بخشا ـــــ تو یہ امر لوگوں کو ناگوار گزرا ـــــ اور ان میں سے چار اصحاب نے آپس میں عہد کیا کہ مدینہ منورہ پہنچ کر بارگاہِ رسالت میں اس امر

Marfat.com

کی شکایت کریں گے۔

اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ معمول تھا کہ جب وہ سفر سے واپس آتے تو سب سے پہلے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوکر سرکار علیہ الصلوٰۃ و السلام کو سلام پیش کرتے، پھر اپنے اپنے گھروں کی طرف چلے جاتے —— لشکر اسلام جب واپس آیا تو سب لوگ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے —— اوران چار شخصوں نے اپنے طے شدہ پروگرام کے مطابق عمل کرنا تھا —— ان میں سے ایک شخص نے کھڑے ہوکر عرض کیا۔

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! —— اَلَمْ تَرَ اَنَّ عَلِيًّا ابْنَ اَبِىْ طَالِبٍ صَنَعَ كَذَا كَذَا —— فَاَعْرَضَ عَنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ ——

یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! —— کیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علی ابن ابی طالب کو نہیں دیکھتے کہ انہوں نے ایسے ایسے کیا؟ (اس کی یہ بات سن کر) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس شخص کی طرف سے اپنا چہرہ مبارک پھیر لیا۔

پھر دوسرا آدمی اٹھا —— اوراس نے بھی وہی بات دہرائی، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کی طرف سے بھی اپنا رخ انور پھیر لیا —— پھر تیسرے نے بھی وہی بات کی —— پھر چوتھے صاحب نے بھی وہی بات کی —— جو پہلے تین کر چکے تھے ——

وَالْغَضَبُ يُبْصَرُ فِىْ وَجْهِهٖ —— فَقَالَ: —— مَا تُرِيْدُوْنَ مِنْ عَلِيٍّ؟ اِنَّ عَلِيًّا مِّنِّىْ وَاَنَا مِنْهُ —— وَهُوَ وَلِىُّ كُلِّ مُؤْمِنٍ مِنْ بَعْدِىْ!

Marfat.com

تو آپ غضبناک ہو گئے، اور اس کے چہرے پر نظریں گاڑتے ہوئے فرمایا—— کہ کیا تم نہیں جانتے؟ کہ علی مجھ سے ہے اور میں علی سے ہوں—— اور میرے بعد ہر مومن کا ولی و مددگار ہے۔

(خصائص نسائی ص ۹۲ مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت)

حدیث نمبر ۶۱

نسائی کی چھٹی روایت

حضرت ابن بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والد "حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ" سے روایت ارشاد کرتے ہیں—— کہ انہوں نے فرمایا—— کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں بھیجا اور ہمارا امیرِ لشکر مولا علی کرم اللہ وجہہ کو مقرر فرمایا—— جب ہم واپس لوٹے—— تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہم سے دریافت فرمایا۔

كَيْفَ رَأَيْتُمْ صَاحِبَكُمْ؟

تمہارا امیرِ لشکر تمہارے ساتھ کیسا رہا؟

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اس سوال پر—— میں نے یا کسی اور شخص نے شکایت کی، اور میں سر جھکا کر بات کرنے والا شخص تھا—— جب میں نے سر اٹھا کر دیکھا تو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چہرۂ اقدس سرخ ہو رہا تھا—— آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا——

مَنْ كُنْتُ وَلِيُّهُ فَعَلِيٌّ وَلِيُّهُ .

جس کا میں ولی ہوں علی بھی اس کا ولی ہے۔

خصائص امیر المومنین علی ابن ابی طالب (امام احمد بن شعیب نسائی) ص ۸۶ مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت لبنان) سن اشاعت ۱۹۹۶ء

Marfat.com

حدیث نمبر۶۲

نسائی کی ساتویں روایت

حضرت عبداللہ بن بریدہ —— اپنے والد بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں —— کہ رسول دوسرا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قیادت میں ملک یمن کی طرف بھیجا —— اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو ایک اور لشکر پر امیر مقرر فرما کر بھیجا —— اور حکم فرمایا کہ اگر دونوں لشکر اکٹھے ہو جائیں تو تمام لوگوں کے قائد و امیر علی کرم اللہ وجہہ ہوں گے —— اور اگر اکٹھے نہ ہوں تو ان میں سے ہر ایک اپنے اپنے لشکر کا امیر ہوگا —— جناب عبداللہ بن بریدہ فرماتے ہیں —— ملک یمن کے علاقہ بنو زُبید کے مقام پر ہم سب جمع ہو گئے ہم نے خوب جہاد کیا —— مسلمانوں کو مشرکین پر غلبہ حاصل ہوا —— اور ہم نے دشمنوں کو قیدی بھی بنایا تھا —— اور ان قیدیوں میں سے مولا علی علیہ السلام نے اپنے لیے ایک باندی رکھ لی —— جناب خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ معاملہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف ایک خط لکھا —— اور مجھے حکم دیا کہ میں وہ خط سرکار علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہِ بے کس پناہ میں پہنچاؤں۔

جناب بریدہ فرماتے ہیں —— کہ میں نے وہ خط حضور علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی جناب میں پیش کیا —— اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی شکایت کی۔

فَتَغَيَّرَ وَجْهُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ "وَاٰلِهٖ" وَسَلَّمَ ۔

تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرہ اقدس پر غضب کے آثار نمودار ہوئے۔

تو میں نے کہا یہ پناہ مانگنے کا مقام ہے —— "عرض کیا آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔"

Marfat.com

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے ایک شخص کے ساتھ بھیجا —— اور اس کی فرماں برداری کا حکم صادر فرمایا —— میں نے تو خط آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جناب میں پہنچایا ہے —— جس کا مجھے امیرِ لشکر نے حکم دیا۔ اس پر رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے ارشاد فرمایا:

لَا تَبْغَضَنَّ یَا بُرَیْدَۃَ عَلِیًّا، فَاِنَّ عَلِیًّا مِّنِّیْ وَاَنَا مِنْہُ وَھُوَ وَلِیُّکُمْ بَعْدِیْ ۔

اے بریدہ! علی علیہ السلام سے بغض مت رکھو، بیشک علی مجھ سے ہے اور میں اس سے اور وہ میرے بعد تمہارا ولی ہے۔

خصائص امیر المومنین علی ابن ابی طالب ص ۹۳ مطبوعہ دار الکتب العربی۔ بیروت، لبنان

حدیث نمبر ۶۳

مسند امام احمد بن حنبل کی روایت

حضرت امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ نے مسند میں جناب حضرت ابو عبداللہ میمون سے روایت بیان کی ہے —— وہ فرماتے ہیں، کہ میں نے حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا —— کہ ہم رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ایک وادی میں اترے جس کو خُم کے نام سے یاد کیا جاتا ہے —— وہاں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز کا حکم دیا —— ایک بڑے تالاب کے کنارے نہایت عمدگی کے ساتھ نماز ادا کی —— اور کیکر کے درخت پر کپڑا ڈال کر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لیے سایہ بنایا گیا —— اور سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان الفاظ کے ساتھ خطبہ ارشاد فرمایا:

اَلَسْتُمْ تَعْلَمُوْنَ —— اَوْ —— اَلَسْتُمْ تَشْھَدُوْنَ اَنِّیْ اَوْلٰی بِکُلِّ

Marfat.com

مُـؤْمِـنٍ مِنْ اَنْفُسِهٖ ـــــ قَـالُـوْا: بَلٰی ـــــ قَالَ: ـــــ فَمَنْ كُـنْتُ مَوْلَاهُ فَاِنَّ عَلِيًّا مَوْلَاهُ ـــــ اَللّٰهُمَّ عَادَ مَنْ عَادَاهُ وَ وَالِ مَنْ وَالَاهُ ۔

کیا تمہیں معلوم نہیں؟ کیا تم اس امر کی گواہی نہیں دیتے؟ ـــــ کہ میں ہر بندۂ مؤمن کی جان سے زیادہ مالک ہوں ـــــ سب نے عرض کیا، ہاں ہاں ''ہم اس امر کی گواہی دیتے ہیں'' ـــــ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ـــــ یاد رکھو ـــــ جس کا میں مولا ہوں، بے شک علی بھی اس کا مولیٰ ہے۔ اے اللہ! جو اس سے دشمنی رکھے، تو بھی اس سے دشمنی رکھ ـــــ اور جو اس سے دوستی رکھے تو بھی اس سے دوستی رکھ۔

(مسند امام احمد بن حنبل ج ۴، ص ۳۷۲ مطبوعہ دار صادر، بیروت، لبنان)

حدیث نمبر ۶۴

مسند امام احمد کی دوسری روایت

حضرت امام بن حنبل قُدِّس سرّہ العزیز نے جناب عطیہ عوفی سے روایت بیان کی ہے ـــــ وہ کہتے ہیں، کہ میں نے حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے دریافت کرتے ہوئے، عرض کیا کہ میرے داماد نے آپ سے مروی ایک حدیث بیان کی ہے ـــــ اور وہ یومِ غدیر سے متعلق ہے۔

اور وہ حدیث میں آپ سے سننا چاہتا ہوں۔

عطیہ فرماتے ہیں ـــــ کہ جناب زید بن ارقم نے فرمایا:

اِنَّكُمْ مَعْشَرُ اَهْلِ الْعِرَاقِ فِيْكُمْ مَا فِيْكُمْ ۔

اے اہلِ عراق! تم میں وہ کچھ پایا جاتا ہے، جو تم میں ہے (یعنی تم میں

Marfat.com

ناپسندیدہ باتیں پائی جاتی ہیں)

جناب عطیہ فرماتے ہیں —— کہ جناب زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں عرض کیا۔

لَیْسَ عَلَیْكَ مِنِّیْ بَأْسٌ ۔

آپ میری طرف سے بے فکر رہیں۔

حضرت زید بن ارقم نے فرمایا —— ہاں —— ہم جحفہ میں تھے کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، ظہر کے وقت حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا بازو پکڑے ہوئے ہماری طرف تشریف لائے —— اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ——

یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ اَلَسْتُمْ تَعْلَمُوْنَ اَنِّیْ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ قَالُوْا بَلٰی، قَالَ: فَمَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِیٌّ مَّوْلَاهُ ۔

اے لوگو! کیا تمہیں معلوم نہیں؟ کہ میں مؤمنوں کی جانوں سے بھی زیادہ ان کا مالک ہوں، سب نے عرض کیا: کیوں نہیں —— آپ نے فرمایا —— پس جس کا میں مولا ہوں، علی (علیہ السلام) بھی اس کا مولا ہے۔

(مسند امام احمد بن حنبل ج ۴، ص ۳۶۸ مطبوعہ دار صادر بیروت، لبنان)

حدیث نمبر ۶۵

مسند امام احمد کی تیسری روایت

جناب امام احمد بن حنبل قدس سرہ العزیز نے —— جناب عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے بیان کیا ہے —— انہوں نے فرمایا —— کہ میں نے حضرت مولا علی کو مقام رحبہ میں دیکھا کہ آپ لوگوں سے پوچھ رہے تھے کہ —— میں اس شخص سے اللہ تعالیٰ کا واسطہ دے کر

Marfat.com

پوچھتا ہوں ـــــ کہ جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو غدیرِ خُم کے دن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے۔

اَلَسْتُ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِھِمْ وَ اَزْوَاجِیْ اُمَّھَاتُھُمْ ـــــ قُلْنَا بَلٰی رَسُوْلَ اللّٰہِ، قَالَ: ـــــ فَمَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَعَلِیٌّ مَّوْلَاہُ فَعَلِیٌّ مَّوْلَاہُ اَللّٰھُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاہُ وَ عَادِ مَنْ عَادَاہُ ۔

کیا میں مؤمنوں کا ان کی جانوں سے زیادہ مالک نہیں ہوں؟ اور کیا میری بیویاں ان کی مائیں نہیں ہیں؟ ہم نے عرض کیا، ـــــ کیوں نہیں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! ''آپ ہماری جانوں کے ہم سے زیادہ مالک ہیں اور آپ کی ازواج مطہرات ہماری مائیں ہیں۔'' ـــــ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا پس جس کا میں مولا ہوں، اس کا علی علیہ السلام بھی مولا ہے۔ اے اللہ! اس کے دوست کو اپنا دوست رکھ اور اس کے دشمن کو اپنا دشمن رکھ ـــــ (مسند امام احمد بن حنبل ج اول، ص ۱۱۹ مطبوعہ دار صادر بیروت، لبنان)

حدیث نمبر ٦٦

مستدرک حاکم کی روایت

امام حاکم نیشاپوری (امام المحدثین ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ متوفی ۴۰۵ھ) نے ''المستدرک علی الصحیحین فی الحدیث'' میں حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت بیان کی ہے ـــــ کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حجۃ الوداع سے واپس لوٹے ـــــ اور غدیرِ خُم کے مقام پر اترے ـــــ اور سایہ کرنے کا حکم فرمایا ـــــ تو سایہ کر دیا گیا ـــــ اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ـــــ

کَاَنِّیْ دُعِیْتُ فَاَجَبْتُ ـــــ اِنِّیْ قَدْ تَرَکْتُ فِیْکُمُ الثَّقَلَیْنِ اَحَدَ

Marfat.com

هُمَا اَکْبَرُ مِنَ الْاٰخَرِ کِتَابُ اللّٰہِ تَعَالٰی وَ عِتْرَتِیْ فَانْظُرُوْا کَیْفَ تُخْلِفُوْنِیْ فِیْھَا فَاِنَّھُمَالَنْ یَفْتَرِقَا حَتّٰی یَرِدَ عَلَیَّ الْحَوْضِ اِنَّ اللّٰہَ عَزَّوَجَلَّ مَوْلَایَ وَاَنَا مَوْلٰی کُلِّ مُؤْمِنٍ ثُمَّ اَخَذَ بِیَدِ عَلِیٍّ، مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَھٰذَا وَلِیُّہٗ —— اَللّٰھُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاہُ وَ عَادِ مَنْ عَادَاہُ ۔

مجھے دعوت دی گئی ہے، جو میں نے قبول کر لی ہے ''یعنی میرے وصال کا وقت قریب آ گیا ہے'' بے شک میں تم میں دو چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں، جن میں ایک دوسری سے بڑی ہے ایک اللہ کی کتاب (قرآن مجید) اور ایک میری اولاد ہے —— کہ میرے بعد تم ان دونوں کے ساتھ کیا سلوک کرتے ہو، بے شک وہ دونوں جدا نہیں ہوں گی —— یہاں تک کہ حوضِ کوثر پر میرے پاس پہنچ جائیں گی۔ فرمایا —— بے شک اللہ تعالیٰ میرا مولا ہے اور میں ہر مومن کا مولا ہوں —— پھر حضرت علی کا ہاتھ پکڑ کر ''فرمایا'' جس کا میں مولا ہوں یہ ''علی'' بھی اس کا مولا ہے —— اے اللہ! دوست رکھ اسے جو اس کو دوست رکھے۔

حدیث نمبر ۶۷

مستدرک کی دوسری روایت

جناب خثیمہ بن عبدالرحمٰن فرماتے ہیں —— کہ میں نے سعد بن مالک سے سنا —— کہ ان سے ایک آدمی نے کہا —— کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ آپ کے بارے میں کہتے ہیں کہ آپ اس سے پیچھے رہ گئے ہیں —— تو جناب سعد نے فرمایا —— خدا کی قسم میری

Marfat.com

ایک رائے تھی، جس کو اس بات نے غلط کر دیا ہے —— کہ علی ابن ابی طالب کو تین ایسی چیزیں عنایت فرمائی گئی ہیں، کہ ان میں سے ایک بھی میرے لیے "دنیا و مافیھا" سے پیاری ہے —— ان میں سے ایک یہ ہے —— کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے —— غدیر خم کے دن اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کے بعد ارشاد فرمایا.

۱ – هَلْ تَعْلَمُوْنَ اَنِّیْ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ قُلْنَا نَعَمْ، قال: اَللّٰهُمَّ مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِیٌّ مَّوْلَاهُ،وَالِ مَنْ وَالَاهُ وَ عَادِ مَنْ عَادَاهُ

کیا تم جانتے ہو، کہ میں تمام مؤمنوں کا مالک ہوں؟ "فرماتے ہیں" ہم نے عرض کیا —— ہاں —— آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا —— اے اللہ! جس کا میں مولا ہوں، پس علی بھی اس کا مولیٰ ہے اس کے دوستوں سے دوستی رکھ —— اور اس کے دشمنوں سے دشمنی رکھ۔

۲ – اور دوسری بات یہ ہے کہ —— جب علی علیہ السلام کو خیبر کے دن لایا گیا، جب کہ آپ کی آنکھیں دکھتی تھیں —— حضرت علی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میری آنکھیں دکھتی ہیں —— حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان کی آنکھوں میں اپنا لعاب دہن ڈالا —— اور دعا فرمائی۔

فَلَمْ یَرْمَدْ حَتّٰی قَتَلَ وَ فُتِحَ عَلَیْهِ خَیْبَرُ۔

پھر آنکھوں کی بیماری ختم ہوگئی —— یہاں تک کہ آپ نے جنگ لڑی اور خیبر آپ کے ہاتھ پر فتح ہوا۔

۳ – اور تیسری بات یہ ہے —— کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے چچا سیدنا عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ —— اور دوسرے لوگوں کو مسجد سے نکالا —— تو جناب عباس رضی

Marfat.com

اللہ عنہ نے آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں عرض کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیں نکالتے ہیں —— حالانکہ ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عصبہ اور چچے ہیں —— اور علی کو ٹھہراتے ہیں —— آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

مَا اَنَا اَخْرَجْتُکُمْ وَاَسْکَنَہٗ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ اَخْرَجَکُمْ وَاَسْکَنَہٗ

کہ میں نے نہ تمہیں نکالا ہے اور اسے (علی کو) ٹھہرایا ہے۔ بلکہ اللہ نے تمہیں نکالا ہے اور اسے (علی کو) ٹھہرایا ہے۔

(مستدرک حاکم ج ۳ ص ۱۱۶، دارالکتب العلمیہ بیروت)

خیال رہے کہ مذکورہ بالا حدیثِ مقدسہ میں مسجد سے نکالنے کا مطلب یہ ہرگز نہیں —— کہ حضرت عباس اور دوسروں کو مسجد نبوی سے نکل جانے کا حکم دیا —— بلکہ یہاں راوی کا اس بات کی طرف اشارہ ہے —— جو نسائی اور دیگر محدثین نے بیان کیا ہے —— کہ سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسجد کے صحن کی طرف کھلنے والے حجروں کے دروازوں کو بند کر دینے کا حکم فرمایا تھا —— اور حضرت عباس کے عرض کرنے پر، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو کچھ میں نے حکم دیا ہے —— یہ اپنی طرف سے ہرگز نہیں، بلکہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے ایسا کیا ہے۔

حدیث نمبر ۶۸

اللہ —— رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اور علی علیہ السلام

علامہ ابن عسقلانی نے —— "الاصابۃ فی تمیز الصحابۃ" —— میں عبدالرحمٰن بن عبدرب سے بیان کیا ہے —— کہ رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے فرمایا:

اِنَّ اللّٰہَ وَلِیِّیْ وَاَنَا وَلِیُّ الْمُؤْمِنِیْنَ مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَعَلِیٌّ مَوْلَاہُ ۔

Marfat.com

بے شک اللہ تعالیٰ میرا ولی ہے اور میں مؤمنوں کا ولی ہوں، اور جس کا میں مولا ہوں علی بھی اس کا مولیٰ ہے۔ (الاصابہ ج ۲، ص ۴۰۸)

حدیث نمبر ۶۹

خطبۂ غدیرِ خُم

علامہ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی مشہور ترین کتاب ـــــ ''الصواعق المحرقہ'' ـــــ میں خطبہ غدیرِ خُم کا کچھ حصہ نقل فرمایا ہے جس میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے اہلِ بیت خصوصاً مولا مرتضیٰ کے بارے میں ترغیب دلاتے ہوئے نورانی خطاب فرمایا۔

ابن حجر فرماتے ہیں کہ اس حدیث کی سند ـــــ طبرانی اور دوسرے محدثین کے نزدیک صحیح ہے ـــــ اور حدیث شریف میں اس طرح ہے ـــــ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غدیرِ خُم کے مقام پر درختوں کے نیچے خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا:

اَیُّھَا النَّاسُ اَنَّہٗ نَبَّانِی اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ اَنَّہٗ لَمْ یُعَمَّرْ نَبِیٌّ اِلَّا نِصْفَ عُمَرِ الَّذِیْ یَلِیْہِ مَنْ قَبْلَہٗ ـــــ وَاِنِّیْ لَاَظُنُّ اِنِّیْ یُوْشَکُ اَنْ اُدْعٰی فَاُجِیْبُ ـــــ وَاِنِّیْ مَسْئُوْلٌ وَاَنَّکُمْ مَسْئُوْلُوْنَ ـــــ فَمَاذَا اَنْتُمْ قَائِلُوْنَ ـــــ قَالُوْا نَشْھَدُ اَنَّکَ قَدْ بَلَغْتَ وَجَھَدْتَ ـــــ وَنَصَحْتَ فَجَزَاکَ اللّٰہُ خَیْرَ ـــــ فَقَالَ اَلَیْسَ تَشْھَدُوْنَ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ ـــــ وَاَنَّ جَنَّتَہٗ حَقٌّ وَاَنَّ نَارَہٗ حَقٌّ ـــــ وَاَنَّ الْمَوْتَ حَقٌّ ـــــ وَاَنَّ الْبَعْثَ حَقٌّ بَعْدَ الْمَوْتِ ـــــ وَاَنَّ السَّاعَۃَ اٰتِیَۃٌ لَّا رَیْبَ فِیْھَا وَاَنَّ اللّٰہَ یَبْعَثُ مَنْ فِی الْقُبُوْرِ ـــــ قَالُوْا بَلٰی نَشْھَدُ بِذٰلِکَ۔

Marfat.com

قَالَ اللّٰهُمَّ اَشْهَدُ ـــــ ثُمَّ قَالَ: يٰـاَيُّهَا النَّاسُ مَوْلَایَ ـــــ وَاَنَا مَـوْلَـی الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَنَا اَوْلٰی بِهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ ـــــ فَمَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ ـــــ يَعْنِیْ عَلِيًّا ـــــ اَللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ ـــــ وَعَادِ مَنْ عَـادَاهُ ثُـمَّ قَـالَ: يٰـاَيُّهَـا الـنَّـاسُ اِنِّیْ فَرَطُكُمْ وَارِدُوْنَ عَلَی الْحَوْضِ ـــــ حَـوْضَ مِـمَّـا بَيْنَ بَصْرِیْ اِلٰی صَنْعَاءَ فِيْهِ عَدَدُ النُّجُوْمِ قَدْحَانَ مِنْ فِضَّةٍ ـــــ وَاِنِّیْ سَائِلُكُمْ حِيْنَ تُرَدُّوْنَ عَلَیَّ عَنِ الثَّقَلَيْنِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ تُخَلِّفُوْنِیْ فِيْهِمَا ـــــ اَلثَّقَلُ الْاَكْبَرُ كِتَابُ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ سَبَبٌ وَطَرْفِهٖ بِيَدِاللّٰهِ ـــــ وَطَرْفِهٖ بِاَيْدِيْكُمْ فَاسْتَمْسِكُوْابِهٖ، لَا تَضِلُّوْا وَلَا تُبَدِّلُوْا ـــــ وَعِتْرَاتِیْ اَهْلِ بَيْتِیْ فَاِنَّهٗ نَبَّانِیَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ اَنَّهُمَا لَنْ يَّنْقَضِيَا حَتّٰی يَرِدَا عَلَی الْحَوْضِ .

اے لوگو! مجھے اللہ لطیف وخبیر نے خبر دی ہے کہ ہر نبی علیہ السلام نے اپنے سے پہلے آنے والے نبی علیہ السلام کی عمر سے نصف عمر پائی ہے ـــــ اور مجھے پورا یقین ہے کہ عنقریب مجھے اس کا جواب دینا ہوگا ـــــ اور بے شک میں مسؤل (سوال کیا گیا) ہوں اور تم بھی، بتاؤ تم اس کے بارے میں کیا کہتے ہو ـــــ سب صحابہ کرام نے عرض کیا: ہم اس بات کی شہادت دیتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کا پیغام حتی المقدور ہم تک پہنچا دیا ہے ـــــ اور ہمیں ہر طرح کی نصیحت سے نوازا ہے، اللہ تعالیٰ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس کی جزائے خیر عطاء فرمائے۔

Marfat.com

—— پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تم اس بات کی گواہی نہیں دیتے کہ اللہ ربّ العزت کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، اللہ تعالیٰ کے بندے اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں —— اور اس کی جنت اور دوزخ حق ہے —— اور موت حق ہے —— اور موت کے بعد قیامت کے دن اٹھنا حق ہے —— اور بلاشبہ قیامت آنے والی ہے، اور اللہ تعالیٰ قبروں والوں کو اٹھائے گا —— صحابہ کرام نے عرض کیا —— ہم اس امر کی گواہی دیتے ہیں کہ ایسا ہی ہوگا —— آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا —— اے اللہ! —— تو بھی گواہ رہ —— پھر فرمایا: اے لوگو! —— اللہ تعالیٰ میرا مولا ہے —— اور میں مؤمنوں کا مولا ہوں —— اور میں ان کی جانوں کا زیادہ مالک ہوں۔ پس جس کا میں مولا ہوں، یہ بھی اس کا مولا ہے یعنی علی المرتضیٰ بھی اس کا مولا ہے۔'' —— اے اللہ! جو اس سے محبت کرے، تو بھی اس سے محبت کر —— اور جو اس سے دشمنی رکھے تو بھی اس سے دشمنی رکھ —— پھر فرمایا —— اے لوگو! میں تمہارا فرط ہوں —— اور تم حضو کوثر پر وارد ہونے والے ہو —— وہ حوض کوثر میری نگاہ میں (علاقہ) صنعاء تک ہے، جس میں متعدد ستارے اور چاندی کے دو پیالے ہیں --- جب تم میرے پاس آؤ گے تو میں تم سب سے دو چیزوں کے بارے میں پوچھوں گا، پس دیکھنا تم دو چیزوں میں میری نیابت کس طرح کرتے ہو (یعنی میرے بعد اس سے کیا سلوک کرتے ہو) ——

—— ان میں ایک بڑی اللہ کی کتاب (قرآن) ہے، جس کا ایک سرا اللہ

Marfat.com

تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے—— اور دوسرا سرا تمہارے ہاتھ میں ہے اسے مضبوطی کے ساتھ تھامے رکھنا—— نہ تم گمراہ ہو گے—— اور نہ تم تبدیل ہو گے——

——اور دوسری چیز—— ''میری اولاد'' —— میرے گھر والے ہیں—— یہ بات خدائے لطیف وخبیر نے مجھے بتائی ہے۔ یہ دونوں (قرآن و عترت) حوض کوثر پر وارد ہونے تک الگ نہ ہوں گے۔

ے فرط: کے معنی۔ کثرت۔ نہایت غلبہ۔ اور کسی چیز کے آگے بھیجنے کے ہیں۔

الصواعق المحرقہ ص ۴۳-۴۴، مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان پاکستان—— الصواعق المحرقہ مطبوعہ دار العلمیہ ص ۶۵-۶۶، بیروت، لبنان

حدیث نمبر ۷۰

سیّدنا عمر فاروق کا اظہار مسرت

امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر میں سورۂ مائدہ کی آیت نمبر ۶۷ کے تحت لکھتے ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَا اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۔

اے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ! پہنچا دیجئے جو اتارا گیا ہے، آپ کی طرف، آپ کے پروردگار کی طرف سے۔

فرماتے ہیں کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ فرمان

مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَّوْلَاهُ ۔

جس کا میں مولا ہوں، اس کا علی بھی مولا ہے۔

جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سنا تو حضرت مولا علی سے ملے اور

Marfat.com

فرمانے لگے:

هَنِيْئًا لَّكَ يَا ابْنَ اَبِیْ طَالِبٍ اَصْبَحْتُ مَوْلَایَ وَ مَوْلٰی كُلِّ مُؤْمِنٍ وَّمُؤْمِنَةٍ ۔

اے ابن ابی طالب! آپ کو مبارک ہو، کہ آپ میرے اور ہر اک مومن مرد اور ہر ایک مومنہ عورت کے مولا بن گئے ہیں۔

تفسیر کبیر ج ۱۲، ص ۵۰ مطبوعہ ایران۔ مسند امام احمد بن حنبل ج ۴، ص ۲۸۱

حدیث نمبر ۷

ہے آفرین تیرے لیے

علامہ حافظ خبیب بغدادی (امام ابوبکر احمد بن علی رحمۃ اللہ علیہ) اپنی تاریخ میں ـــــ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت بیان فرماتے ہیں ـــــ کہ غدیرِ خُم کے دن حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ـــــ حضرت مولا علی کا ہاتھ پکڑ کر ارشاد فرمایا:

اَلَسْتُ وَلِیُّ الْمُؤْمِنِیْنَ ـــــ قَالُوْا بَلٰی یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ۔

کیا میں مؤمنوں کا ولی نہیں ہوں؟ ـــــ سب نے عرض کیا، کیوں نہیں ـــــ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام مؤمنوں کے والی ہیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَعَلِیٌّ مَّوْلَاہُ ۔

جس کا میں مولا ہوں، علی بھی اس کا مولا ہے۔

Marfat.com

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ سن کر ـــــ یوں فرمایا:

بَخْ بَخْ لَكَ يَا بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ اَصْبَحْتُ مَوْلَایَ وَ مَوْلٰی كُلِّ مُسْلِمٍ .

آفرین ہے آپ کے لیے، اے ابن ابی طالب آپ میرے اور ہر مسلمان کے مولا ہوئے ۔ (تاریخ بغداد ج ۸، ص ۲۰۹ مطبوعہ المکتبۃ العربیہ بغداد، عراق)

حدیث نمبر ۲۷

وہ مومن نہیں جس کا علی مولا نہیں

علامہ حافظ محبّ الدین احمد طبری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ـــــ ''ذخائر العقبیٰ'' ـــــ میں ـــــ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت بیان کی ہے ـــــ کہ دو اعرابی آپس میں جھگڑتے ہوئے آپ کے پاس آئے ـــــ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ـــــ مولا علی کرم اللہ وجہہ سے کہا ـــــ اے ابوالحسن ان کے درمیان فیصلہ فرما دیجئے ـــــ حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ نے ان کے درمیان فیصلہ فرمایا ـــــ ان میں سے ایک نے کہا ـــــ ہمارے درمیان یہ فیصلہ! ـــــ

''اس نے فیصلہ نہ مانتے ہوئے ایسا کہا'' ـــــ حضرت سیّدنا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے (غصہ میں آکر) جلدی سے اس کا گریبان پکڑ لیا ـــــ اور فرمایا ـــــ

وَيْحَكَ مَا تَدْرِیْ مَنْ هٰذَا؟ هٰذا مَوْلَایَ وَ مَوْلٰی كُلِّ مُؤْمِنٍ وَّمَنْ لَمْ يَكُنْ مَوْلَاهُ فَلَيْسَ بِمُؤْمِنٍ .

اوئے! تیرا بیڑا غرق، تو نہیں جانتا یہ کون ہے؟ یہ میرا اور ہر مومن کا مولیٰ ہے اور وہ مومن ہی نہیں جس کا یہ مولا نہیں ۔ (ذخائر العقبیٰ ص ۹۸)

Marfat.com

اس حدیث سے یہ امر واضح ہوا —— کہ جو علی کے فیصلے پر اعتراض کرے یا اسے نہ مانے —— وہ شدید ترین مذمت کا مستحق ہے، اور کسی قسم کی رعایت کا حقدار نہیں —— اگر اس دور پرآشوب میں حضرت عمر فاروق ہوں —— تو آپ کا ہاتھ، موجودہ دور کے خارجیوں کے گریبان تک ضرور پہنچتا —— حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عقیدے کے مطابق وہ مومن نہیں ہے جو علی کو مولا نہیں مانتا —— یعنی وہ شخص ایمان کی دولت سے محروم ہے —— اور اسلام سے خارج ہے، جو علی کریم کو اپنا مولا تسلیم نہ کرے۔

حدیث نمبر ۳۷

زمین پر دے مارا

امام ابوجعفر محبّ الدین احمد طبری رحمۃ اللہ علیہ اپنی عظیم کتاب —— ''الریاض النضرۃ فی مناقب العشرۃ'' —— میں جناب سیّدنا حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت بیان کرتے ہیں —— کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا (جناب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا) کسی مسئلہ میں ایک آدمی سے جھگڑا ہو گیا۔

بَیْنِیْ وَ بَیْنَكَ هٰذَا الْجَالِسُ وَاَشَارَ اِلٰی عَلِیِّ ابْنِ اَبِیْ طَالِبٍ —— فَقَالَ الرَّجُلُ هٰذَا الْاَبْطَنُ —— فَنَهَضَ عُمَرُ عَنْ مَجْلِسِهٖ وَاَخَذَ بِتَلْبِیْبِهٖ حَتّٰی شَالَهٗ مِنَ الْاَرْضِ اَتَدْرِیْ مَنْ صَغَّرَتْ؟ —— مَوْلَایَ وَ مَوْلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ۔

''حضرت عمر فاروق نے اس آدمی سے''

علی علیہ السلام کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا۔ یہ میرے اور تیرے درمیان فیصلہ فرمائیں گے (یعنی ہم دونوں ان کو ثالث مانتے ہیں) اس

Marfat.com

آدمی نے (بطور طنز) کہا یہ بڑے پیٹ والا! —— (اس شخص کی یہ بات سن کر) حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جلال میں آکر اٹھے اور اسے گریبان سے پکڑ لیا اور زمین پر دے مارا (اور فرمایا) کیا تو نہیں جانتا؟ کہ تو نے کس ہستی پر طنز کیا ہے —— یہ میرے اور تمام مسلمانوں کے مولا ہیں۔

(الریاض النضرۃ ج ۲، ص ۱۲۹)

حدیث نمبر ۷۴

ہر مومن کا ولی

حضرت عمران بن حصین سے مروی ہے —— کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ——

اِنَّ عَلِیًّا مِّنِّیْ وَاَنَا مِنْهُ وَهُوَ وَلِیُّ کُلِّ مُؤْمِنٍ بَعْدِیْ ۔

بے شک علی مجھ سے ہے اور میں علی سے ہوں اور وہ میرے بعد ہر مومن کا ولی ہے۔ (الریاض النضرۃ ج ۲، ص ۱۲۹)

حدیث نمبر ۷۵

علی ولی

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے —— کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

مَنْ کُنْتُ وَلِیُّهٗ فَعَلِیٌّ وَّلِیُّهٗ ۔

جس کا میں ولی و وارث ہوں، علی بھی اس کا ولی و وارث ہے۔

(الریاض النضرۃ ج ۲، ص ۱۳۰)

Marfat.com

حدیث نمبر ۷۶

تمہارا ولی

حضرت بریدہ ہی سے ایک اور روایت ہے جو ان الفاظ کے ساتھ مرقوم ہے ـــــ کہ حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

لَا تَقَعْ فِیْ عَلِیٍّ فَاِنَّهٗ مِنِّیْ وَاَنَا مِنْهُ وَهُوَ وَلِیُّکُمْ بَعْدِیْ ۔

علی کے بارے میں بحث وتمحیث اور جھگڑے میں نہ پڑو! کیونکہ وہ مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں اور میرے بعد وہ تمہارا ولی ہے۔

(الریاض النضرۃ ج ۲، ص ۱۳۰)

حدیث نمبر ۷۷

ولایت علی

سیّدنا ومرشدنا ومولانا علی المرتضٰی کرم اللہ وجہہ الکریم سے مروی ہے ـــــ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اِذَا جَمَعَ اللّٰهُ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ ـــــ وَنَصَبَ الصِّرَاطَ عَلٰی جَسْرِ جَهَنَّمَ مَا زَاهَا اَحَدٌ حَتّٰی کَانَتْ مَعَهٗ بَرَاءَةٌ بِوَلَایَةِ عَلِیِّ ابْنِ اَبِیْ طَالِبٍ ۔

جب اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اولین اور آخرین کو جمع فرمائے گا ـــــ اور جہنم کے اوپر پل صراط لگائے گا ـــــ تو اس کو کوئی بھی پار نہ کر سکے گا ـــــ جب تک علی ابن ابی طالب کی سند نہ ملے۔ (الریاض النضرۃ ج ۲، ص ۱۳۰)

علامہ محبّ طبری مذکورہ بالا حدیث کے آخر میں فرماتے ہیں:

Marfat.com

وَالْمُرَادُ بِالْوَلَايَةِ ۔ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ الْمَوَالَاۃُ وَالنُّصْرَۃُ وَالْمُحَبَّۃُ ۔

ولایت سے مراد ـــــ موالات ـــــ نصرت اور محبت و دوستی ہے ـــــ واللہ اعلم

حدیث نمبر ۷۸

میرا ولی

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا ـــــ کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا۔

ھٰذَا وَلِیِّیْ وَاَنَا وَلِیُّہٗ وَاَلَیْتُ مَنْ وَالَاہُ وَعَادَیْتُ مَنْ عَادَاہُ ـــــ

یہ میرا ولی ہے ـــــ اور میں اس کا ولی ہوں ـــــ میں نے اس کو دوست بنا لیا ـــــ جس نے اس کو دوست بنایا اور میں نے اس کے دشمن کو اپنا دشمن بنا لیا۔ (الریاض النضرۃ ج ۲، ص ۱۳۰)

حدیث نمبر ۷۹

حق علی

حضرت عمّار بن یاسر اور حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں کہ ـــــ رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے فرمایا ـــــ

حَقُّ عَلِیِّ عَلَی الْمُسْلِمِیْنَ حَقُّ الْوَالِدِ عَلَی الْوَلَدِ ۔

علی کا مسلمانوں پر ایسا ہی حق ہے، جیسا باپ کا بیٹے پر۔

الریاض النضرۃ فی مناقب العشرۃ ج ۲، ص ۱۳۰، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ، بیروت لبنان۔

Marfat.com

حدیث نمبر ۸۰

امت کے باپ

امام راغب اصفہانی (حسین بن محمد بن مفضل بن محمد متوفی ۵۰۲ھ) "معجم المفردات الفاظ القرآن" ـــــ میں ایک حدیثِ مقدسہ نقل فرماتے ہیں ـــــ کہ رسولِ دو جہاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی المرتضٰی کو مخاطب کر کے فرمایا ـــــ

اَنَا وَاَنْتَ اَبَوَا هٰذِهِ الْاُمَّةِ .

کہ میں اور تو اس امت کے باپ ہیں۔

مفردات امام راغب اصفہانی ص ۳ مطبوعہ المکتبہ المرتضویہ ---- مفردات امام راغب اصفہانی ص ۱۶ مطبوعہ قدیمی کتب خانہ آرام باغ کراچی

حدیث نمبر ۸۱

ابنِ عباس کا عقیدہ

حضرت ابو مقدم صالح سے روایت ہے ـــــ انہوں نے کہا کہ ـــــ جب عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا آخری وقت آیا ـــــ تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اللہ تعالیٰ کی جناب میں ان الفاظ کے ساتھ دعا کی ـــــ

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَتَقَرَّبُ اِلَیْكَ بِوَلَایَةِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ .

اے اللہ! میں علی ابن ابی طالب کی ولایت کے وسیلہ کے ساتھ تیرے قریب ہو رہا ہوں۔ (الریاض النضرۃ ج ۲، ص ۱۳۰)

ولایت علی کے سلسلے میں جتنی احادیث پچھلے صفحات پر گزری ہیں وہ معنی و مفہوم کے اعتبار سے اپنے اندر ایک خاص مقام رکھتی ہیں ـــــ جس سے یہ امر یقینی صورت اختیار کر

Marfat.com

گیا ہے، کہ سرکار علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی دوستی، آپ علیہ السلام کے ساتھ محبت وعقیدت کو اہلِ ایمان کے لیے لازمی امر قرار دیا ہے —— اور جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے محبت ہے، اور ایک منفرد اور خاص تعلق ہے، اس کا اظہار بھی الفت بھرے انداز، اور نفیس ترین پیرایہ میں بیان فرمایا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اہلِ یقین کے دلوں میں، سیّدنا ابوتراب کرم اللہ وجہہ کی عقیدت ومحبت کے کئی سمندر موجزن ہیں۔

راہ سلوک کے مسافر ہوں —— یا طریقت کی وادیوں میں گھومنے والے درویش —— میخانہ توحید کے بادہ خوار ہوں —— یا میدان ریاضت کے شہسوار —— علم و حکمت اور بصیرت کی کائنات میں بسیرا کرنے والے علمائے ذی مرتبت ہوں —— یا معرفت کے نوری جہاں میں بسنے والے مردان خدا ہوں —— وہ علی کریم کا دامن تھامے بغیر گوہر مقصود تک رسائی حاصل نہیں کر سکتے —— یہ وہ حقیقت ہے، جس کا اِنکار اُمتِ رسولِ عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے ناممکن ہے۔

اوپر درج روایات کو مختلف طرق سے بیان کرنے کی ایک خاص وجہ یہ ہے —— کہ جو لوگ حدیثِ ولایت کو ضعیف —— اور چند لوگ موضوع قرار دیتے ہیں، ان کو پتہ چل جائے کہ وہ محدثین کی ایک پوری جماعت پر بہتان تراشی کر رہے ہیں —— اور یہ بات ذہن میں بٹھا لیں کہ —— حدیث ولایت —— وہ حدیث ہے، جو یقیناً معنوی تواتر کا درجہ رکھتی ہے ——

قارئین کرام! خیال رہے کہ اوپر درج احادیث رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم —— خارجیوں —— ناصبیوں کی تمام اقسام کے لیے سوہانِ رُوح بنی ہوئی ہیں —— اور ان عناد

Marfat.com

کے ماروں کو کسی کروٹ بھی سکون میسر نہیں ہے،—— جوان کی اندرونی بیماری کا منہ بولتا ثبوت ہے—— وہ ناہنجار اپنی تمام تر صلاحیتوں کو اسی تگ وتاز میں برباد کر رہے ہیں—— ریسرچ—— اور تخریج و تحقیق کے پرکشش ناموں پر ان حدیثوں کے بارے میں مسلمانوں کو یقین کے پرسکون اور راحت آگیں—— ماحول—— اور محبتوں کے مہکتے ہوئے چمنستان سے نکال کر شکوک وشبہات کی دلدل میں دھکیلنا چاہتے ہیں۔

لیکن جن مسلمانوں کا اپنے پیارے رسولِ مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ذرہ بھر بھی قلبی تعلق ہے—— تو وہ اِن انصاف کے قاتلوں کے دامِ فریب میں ہرگز نہ پھنسیں گے—— اور ان کے گندے خیالات سے اپنا دامن بچا کے رکھیں گے، اور محبتِ رسول—— عقیدتِ علی—— اور مودّتِ اہلِ بیتِ رسول کو اپنے ایمان کی جان سمجھیں گے۔

ایک اور گروہ—— جو اس حدیث کی غلط تاویلات کے سہارے مولائے کائنات علی المرتضٰی علیہ السلام کی ظاہری خلافت کو پہلے نمبر پر رکھ کر، اور اس کو خلافت بلافصل کا نام دے کر—— شیخین وذوالنورین کی خلافت کا اِنکار کرتا ہے—— وہ کسی غلط فہمی کا شکار ہے۔

راقم نے زیرِ نظر کتاب—— ''آلِ رسول''—— اور اپنی دوسری کتاب—— ''خلفائے رسول''—— میں فضیلت علی کے باب میں، حدیثِ ولایت کا پسِ منظر بیان کر دیا ہے—— آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسی خاص وجہ کی بنا پر اعلان فرمایا—— اس وجہ کو صرف آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں۔

لفظ مولا کے معانی

لفظ مولا کے معانی—— مددگار—— دوست—— محبوب—— کے ہیں——

لفظ مولا کے مشہور معانی جو علماء نے بیان کیے ہیں—— وہ ذیل میں درج کیے

Marfat.com

جاتے ہیں۔

اَلْمَالِكُ _____ مالک ـــــ حکمرانی کرنے والا

اَلسَّيِّدُ _____ سردار

اَلْمُنْعِمُ _____ انعام کرنے والا

اَلْمُنْعِمُ عَلَيْهِ _____ انعام یافتہ

اَلْمُعْتِقُ _____ آزاد کرنے والا

اَلنَّاصِرُ _____ مددگار

اَلْمُحِبُّ _____ محبت کرنے والا

اَلتَّابِعُ _____ اتباع کرنے والا

اَلْجَارُ _____ پڑوسی

اِبْنُ الْعَمِّ _____ چچازاد بھائی

اَلْحَلِيْفُ _____ وہ دوست جو اپنے دوست کے ساتھ وفا کرنے والا ہو، اور جو آڑے وقت میں ساتھ دینے کی قسم اٹھائے۔

اَلْعَقِيْدُ _____ سپہ سالار، رئیس قوم، ضامن

اَلصِّهْرُ _____ داماد

اَلْعَبْدُ _____ غلام

حاشیہ سنن ابن ماجہ ص ۱۲ ---- حاشیہ مشکوٰۃ ص ۵۵۶ ---- مرقات ج ۱۱، ص ۳۴۱

☆ ـــ علامہ ابن حجر مکی علیہ الرحمۃ ـــ ولی ـــ کے معانی یوں بیان فرماتے ہیں ـــ

مَعْنَاهُ النَّاصِرُ لِاَنَّهٗ مُشْتَرَكٌ بَيْنَ مَعَانٍ كَالْمُعْتَقِ وَالْعَتِيْقِ ـــ اس کے معنیٰ

Marfat.com

مددگار کے ہیں کیونکہ ''لفظ ولی'' (معتق) آزاد کرنے والا۔

وَالْعَتِیْقِ ——— اور آزاد

وَالْمُتَصَرِّفِ فِی الْاَمْرِ ——— اور متصرف فی الامر، خود مختار، با اختیار

وَالنَّاصِرِ ——— اور مددگار

وَالْمَحْبُوْبِ ——— اور محبوب، پیارا

کے معنوں میں مشترک ہے۔

وَھُوَ حَقِیْقَۃٌ فِیْ کُلِّ مِنْھَا .

(یعنی مولا) حقیقت ہے ہر معنٰی میں۔

یعنی لفظ مولا کے یہ تمام معانی حقیقی ہیں۔ (الصواعق المحرقۃ ص ۴۳)

☆ ——— جناب سیّد علی بن سلیمان مالکی رحمۃ اللہ علیہ نے ''قوت المقتدی علی جامع الترمذی'' میں حدیث ولایت کے تحت لکھا ہے۔ کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس سے مراد لیا ہے۔

مَوْلَی الْاِسْلَامِ .

اسلام کا مددگار۔

جیسا کہ آیتِ مبارکہ میں ہے۔

ذٰلِکَ بِاَنَّ اللّٰہَ مَوْلَی الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَاَنَّ الْکَافِرِیْنَ لَا مَوْلٰی لَھُمْ .

یہ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ اہلِ ایمان کا مددگار ہے۔ اور کافروں کا کوئی مددگار نہیں۔

مفسرین نے اس آیت کے ضمن میں لکھا ہے ——— کہ غزوۂ احد کے دن ابوسفیان

Marfat.com

نے پکارا تھا۔

لَنَا الْعُزّٰی وَلَا عُزّٰی لَکُمْ ۔

کہ ہمارے لیے عزیٰ ہے اور تمہارے لیے نہیں ہے۔

ابوسفیان کی اس کافرانہ للکار کو سن کر ـــــ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ـــــ اپنے غلاموں کو حکم دیا ـــــ کہ تم یوں پکارو!

وَاللّٰہُ مَوْلَانَا وَلَا مَوْلٰی لَکُمْ ۔

اور اللہ تعالیٰ ہمارا مددگار ہے، تمہارا کوئی مددگار نہیں۔

مذکورہ بالا تمام معنٰی مولائے کائنات پر صادق آتے ہیں۔

اور آپ کے اعلیٰ مرتبہ ـــــ ارفع مقام ـــــ اور رفعت شان کا پتہ دیتے ہیں ـــــ لیکن ظاہری خلافت بلافصل کی نشاندہی نہیں کرتے۔

ہے مولا اس کا علی علیہ السلام ـــــ جس کا ہے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مولا

قارئین کرام! ـــــ آپ نے ـــــ لفظ مولا کے بارے میں احادیث کا ایک پاکیزہ ترین گلستان اپنی آنکھوں سے دیکھا ـــــ اور لفظ ''مولا'' کے معانی بھی دیکھے اور یہ بھی کہ تمام کے تمام معانی مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم پر صادق آتے ہیں ـــــ پیچھے ایک حدیث گزری ہے ـــــ جس کے راوی جناب عبدالرحمٰن بن عبدرب ہیں ـــــ کہ اللہ کریم میرا ولی ہے ـــــ اور میں مؤمنوں کا ولی ہوں ـــــ اور جس کا میں مولا ہوں علی بھی اس کا مولا ہے ـــــ اس فرمانِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ظاہری اور باطنی معانی کے اعتبار سے ایک پورا جہاں آباد ہے ـــــ اس کی ترتیب لفظی پر غور کرنے والوں کو اسرار و رموز کی ایک تاباں کہکشاں نظر آئے گی۔

Marfat.com

منکرینِ ولایتِ علی کے سامنے لاکھوں اوصافِ حمیدہ بیان کیے جائیں —— اور دلائل کی پوری کہکشاں ان ناصبیوں کی آنکھوں کے سامنے بچھا دی جائے، تو پھر بھی یہ لوگ ولایت علی کی بلندیوں کو تسلیم کرنے کے لیے کبھی تیار نہیں ہوں گے —— اس کی وجہ اس کے سوا کچھ نہیں کہ ان کے بختوں کے ستارے بغضِ اہلِ بیت کی اندھیری وادیوں میں ڈوب چکے ہیں —— یہی وجہ ہے، کہ اہلِ سنت کے بزرگوں نے بغض اہلِ بیت کو —— رسول دشمنی کا نام دیا ہے —— اور اس امر میں شک وشبہ کی ذرا بھر بھی گنجائش نہیں کہ خوارج کی تمام اقسام —— علی علیہ السلام —— بتول علیہا السلام —— اور اولاد رسول کے بغض کی لاعلاج بیماری میں مبتلا ہیں —— اور اس بیماری کا دوسرا نام نفاق ہے —— کیونکہ بغیر منافق کے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد سے کوئی بغض نہیں رکھتا —— صرف چند گروہ ایسے ہیں جو مختلف شکلوں اور مختلف ناموں سے اللہ کریم کی زمین پر آپ کو چلتے پھرتے نظر آئیں گے —— کس قدر بدنصیب ہیں یہ لوگ کہ اسی زمین پر بسیرا کیے ہوئے ہیں —— اور اس سے پیدا ہونے والا اناج کھاتے ہیں —— جس زمین کو خالق ارضین وسماوات نے بوقت نکاح سیّدۂ کائنات سلام اللہ علیہا کے مہر میں دی تھی —— اسی کو کہتے ہیں نمک حرامی۔

قارئین ذی مرتبت! —— نہایت افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑ رہا ہے کہ ناصبیت! وبائی بیماری کی صورت اختیار کرتی جا رہی ہے اور اس کے جراثیم، میری جماعت کے کچھ لوگوں کے دلوں کے اندر —— اور دماغ کے خفیف ترین خانوں میں سرایت کرتے جا رہے ہیں —— جو اہلِ ایمان کے لیے خطرناک بات ہے۔

—— میری مذہبی دنیا میں یہ لوگ آٹے میں نمک کے برابر ہیں —— اور وہ بھی

Marfat.com

خطیبان بے مہار قسم کے لوگ ہیں—— جو سنی سنائی تقریروں کے علامۃ الدھر ہوتے ہیں—— چند پڑھے لکھے افراد بھی میری نظر میں ہیں—— سوچا کہ ان کی رگوں میں دوڑنے والا خون تو صاف وشفاف ہے، پھر ایسا کیوں؟—— بعد میں پتہ چلا کہ انسانی فطرت میں سب سے زیادہ بری بلا لالچ ہے—— اور یہ لوگ چند ٹکوں کی خاطر ایسا کر رہے ہیں، اور یزیدی جبلتوں کے حامل لوگوں کی قارونی جیبوں سے نکلے ہوئے نوٹوں کی بارش تلے رقص وسرود میں مصروف رہے ہیں۔

چند جعلی قسم کے غیر معروف پیر بھی میری نظر میں ہیں، جو سادات بنو زہراء علیہا السلام کی دشمنی میں اتنے آگے جا چکے ہیں—— کہ دیکھنے والے انہیں شمر و یزید کے سجادہ نشین گمان کرتے ہیں—— وہ نہ پیر ہیں نہ ولی، انہوں نے ولایت اور پیری کا روپ دھار رکھا ہے—— وہ بھیس بدل کر ایمان خانوں میں نقب زنی کرنے والے بہروپیئے ہیں—— وہ اپنا نسب تبدیل کر کے سادہ لوح مسلمانوں کو لوٹ رہے ہیں—— اور وہ خود کو ''سید'' کہلوا کر اپنے یزیدی مزاج کو تسلیاں دینے کی ناکام کوششوں میں مصروف رہتے ہیں—— ان کے دولت کدوں میں ہر چیز موجود ہو سکتی ہے سوائے ولایت کے—— کیونکہ ولایت کا مولائے کائنات علی کرم اللہ وجہہ کے وسیلہ و وساطت کے بغیر ملنا روحانی ضابطوں اور آئین ولایت سے متصادم ہے۔

سلسلہ نقشبندیہ کے شیخ ومفسر حضرت علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر میں رقم طراز ہیں:

وَكَانَ قُطْبَ الْاِرْشَادِ كَمَالَاتَ الْوَلَايَةِ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ مَا بَلَغَ اَحَدٌ مِّنَ الْاُمَمِ السَّابِقَةِ دَرَجَةَ الْاَوْلِيَاءِ اِلَّا بِتَسْطِ رُوْحِهٖ ۔

Marfat.com

حضرت علی علیہ السلام کمالاتِ ولایت کے قطبِ ارشاد ہیں، سابقہ امتوں میں سے کوئی بھی آپ کرم اللہ وجہہ کے وسیلہ و وساطت کے بغیر درجہ ولایت کو نہیں پہنچا۔

—— التفسیر المظہری ج ۲، ص ۱۲۰ مطبوعہ بلوچستان بک ڈپو —— کوئٹہ پاکستان —— تفسیر المظہری ج ۲، ص ۱۲۲ مطبوعہ —— دار الاحیاء التراث العربی، بیروت لبنان ——

☆ —— شیخ المشائخ شیخ احمد سرہندی جو مجدد الف ثانی کے لقب سے مشہور ہیں اور سلسلہ نقشبندیہ کے ماہِ منور قدّس سرّہ العزیز اپنے مکتوبات شریف میں مکتوب ۱۲۳ میں فرماتے ہیں۔

حضرت امیر المومنین اپنے جسد عنصری میں آنے سے قبل بھی اس مقام پر فائز تھے۔

(بحوالہ خصائص علی (از علامہ ظہور احمد فیضی) ص ۴۸۹)

ولایت کے سرچشمہ علی سے بے نیاز ہو کر پیری، فقیر کے چکر میں پڑنے والو! —— اپنے بغض پر مبنی نظریات پر نظر ثانی کرو —— اور دروازہ علی علیہ السلام کے سامنے گردن جھکا کر صدائے لبیک دو، ہو سکتا ہے تمہاری عمر کی لغزشوں کو معاف کرتے ہوئے، علی کریم تجھے سلوک کی منزلوں کی طرف رہنمائی فرمائیں۔

☆ —— انتہائی افسوس کی بات یہ ہے —— کہ بغضِ ساداتِ کرام، خاتونِ جنت کی اولاد ہونے کا دعویٰ کرنے والے بھی —— اس موذی مرض میں مبتلا ہیں —— میرے شیخ کریم نے اپنے مریدین کو احترام سادات کا حکم ارشاد کیا ہے —— اس لیے ان کے احوال پر تبصرہ نہیں کروں گا —— صرف اتنا عرض کروں گا —— کہ لوگوں کے مال کی میل کچیل سے پرہیز کریں —— اور ان مولویوں سے دور رہیں جو اہلِ بیت علیہم السلام کی دشمنی کا درس دیتے ہیں۔

Marfat.com

—— اے سادات عالی مرتبت! تمہاری ماں —— سیّدۃ نساء العالمین ہے۔۔۔۔ تمہارا باپ علی سیّد الاولیاء ہے —— اس کی عظمت وشان اور فضیلتوں کی بلندیاں انسانی تصور سے بالاتر ہیں —— مسلمان تمہاری تعظیم اس لیے کرتے ہیں کہ تم، زہراء علیہا السلام و علی علیہ السلام کی اولاد ہو —— کیا وجہ ہے کہ تم اپنے باپ کے ذکر کو روکنے میں پیش پیشِ نظر آتے ہو —— تمہارا بابا علی سلطانِ سلاطینِ اقالیمِ ولایت ہے —— ارے تمہارے باپ علی علیہ السلام پر ہر طرح کی شوکت وحشمت اور صولت وسطوت ناز کرتی ہے، اپنی محفلوں میں ذکر علی کیوں نہیں کرنے دیتے؟ —— منقبت علی پڑھنے والے مدحت سرائے علی کو کیوں اور کس لیے روک دیتے ہو؟ ——

آفرین ہے، اہلِ بیتِ رسول اور اصحاب رسول کے اس مدحت سرا پر، دنیا جس کو بریلی کا تاجور کہتی ہے —— سلام ہو —— اس کے انداز سلام کو —— وہ علی کریم علیہ السلام کے تخت وتاج ولایت کو سلامی پیش کرتے ہوئے یوں ارقام فرماتا ہے۔

شیرِ شمشیرِ زن، شاہِ خیبر شکن!
پرتوِ دست قدرت پہ لاکھوں سلام
اصلِ نسلِ صفا، وجہہ وصلِ خدا
بابِ فصلِ ولایت پہ لاکھوں سلام

حدیث نمبر ۸۲

جبریل علیہ السلام نے عرض کیا

حضرت ابورافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے —— کہ جب حضرت علی علیہ السلام نے احد کی جنگ کے دن کفار کے بڑے بڑے جنگ جو، تجربہ کاروں کو واصلِ جہنم

Marfat.com

کیا ـــــ تو حضرتِ جبریل علیہ السلام نے عرض کیا ـــــ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! یہ بہت بڑی مدد ہے۔ سرکارِ دو جہاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

وَاِنَّهٗ مِنِّیْ وَاَنَا مِنْهُ .

بے شک وہ (علی) مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں۔

حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کیا۔

وَاَنَامِنْکُمَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ .

یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میں آپ دونوں سے ہوں۔

''یعنی مجھے ایسی کریمانہ اپنائیت سے محروم نہ فرمایئے ـــــ میں بھی آپ دونوں سے ہوں۔'' (الریاض النضرۃ ج ۲، ص ۱۳۱)

حدیث نمبر ۸۳

علی علیہ السلام ـــــ اللہ کی مدد سے

حضرت ابوحمراء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ـــــ کہ معراج کی رات میں نے ساقِ عرش کی طرف نظر اٹھا کر دیکھا ـــــ تو وہاں یہ لکھا ہوا دیکھا۔

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَیَّدْتُّهٗ بِعَلِیٍّ وَنَصَرْتُهٗ بِهٖ .

محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں ـــــ میں نے علی علیہ السلام کے ذریعے ان کی تائید اور مدد فرمائی ہے۔ (الریاض النضرۃ ج ۲، ص ۱۳۱)

اس سے معلوم ہوا کہ اللہ کریم نے اپنے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ـــــ اپنے شیر، علی علیہ السلام کے ذریعے سے تائید وحمایت اور مدد فرمائی ـــــ اور

Marfat.com

اپنے حبیب کی رعایت ونگہبانی اور تقویت ونصرت کے لیے مولا مرتضٰی کا انتخاب فرمایا یہ اللہ جل جلالہٗ کی اپنی مرضی ہے وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے —— اور اس کی ذات لاشریک ہے —— اس کی قدرت کے امور میں کوئی مداخلت نہیں کرسکتا —— لہٰذا علمائے نواصب اپنی زبانوں کو لگام دے کر رکھیں۔

حدیث نمبر ۸۴

امام البررۃ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

عَلِیٌّ اِمَامُ الْبَرَرَۃِ —— قَاتِلُ الْفَجَرَۃِ مَنْصُوْرٌ مَّنْ نَّصَرَہٗ —— فَخْذُوْلٌ مَّنْ خَذَلَہٗ۔

علی نیکیوں کا امام ہے —— اور برے لوگوں کو قتل کرنے والا ہے —— جس نے علی کی مدد کی وہ کامیاب اور فتح یاب ہوا —— اور وہ بے یار و مددگار رہوا، جس نے علی علیہ السلام کی مدد نہ کی۔

(الجامع الصغیر (سیوطی رحمۃ اللہ علیہ) ج ۲، ص ۷۷ امطبوعہ دار الفکر بیروت لبنان)

حدیث نمبر ۸۳ میں یہ تھا کہ ساقِ عرش پر لکھا ہوا پایا گیا، کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حضرت علی المرتضٰے کے ذریعے سے تائید ونصرت فرمائی گئی —— مندرجہ بالا حدیث میں ہے کہ علی علیہ السلام نیکوکاروں کا امام —— قاتلِ کفار ہے —— جس نے اس کی حمایت کی وہ کامیاب وکامران ہے —— اور وہ شخص بے یار و مددگار رہے گا —— جس نے علی کی حمایت نہیں کی —— خیال رہے کہ دونوں جہانوں کی ذلتیں اس کا مقدر ہیں ——

Marfat.com

جوعلی کریم کا دشمن ہے —— اور جوعلی کریم علیہ السلام کا حمایتی ہو —— وہ ہر صورت ہر جہاں میں دستار عزت سے نوازا جاتا ہے۔

حدیث نمبر ۸۵

باب حطہ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

عَلِیٌّ بَابُ حِطَّةٍ مَنْ دَخَلَ مِنْهُ كَانَ مُؤْمِنًا —— وَمَنْ خَرَجَ مِنْهُ كَانَ كَافِرًا .

علی باب حطہ کی طرح ہے، جو شخص اس میں داخل ہوا وہ مومن ہے —— اور جو اس سے باہر نکلا وہ کافر ہے۔ (الجامع الصغیر (امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ) ج ۲، ص ۱۷۷)

خیال رہے کہ بابِ حِطّہ بنی اسرائیل کے لیے بمنزلہ کعبہ کے تھا —— جو بیت المقدس —— یا اس کے قریب —— اَرِیحا —— نامی بستی کے سات دروازوں میں سے ایک تھا —— اور اس میں داخل ہونا —— اور اس کی طرف سجدہ کرنا، گناہوں کے کفارہ کا ذریعہ قرار دیا گیا۔

حدیث نمبر ۸۶

عدل میں

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

كَفِّیْ وَكَفُّ عَلِیٍّ فِی الْعَدْلِ سَوَاءٌ .

Marfat.com

میرا اور علی کا ہاتھ عدل میں برابر ہے۔ (الجامع الصغیر ج ۲، ص ۱۷۷)

حدیث نمبر ۸۷

علی میری اصل ہے

حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ و السلام نے فرمایا:

عَلِیٌّ اَصْلِیْ ـــــ وَ جَعْفَرٌ فَرْعِیْ .

علی میری اصل ہے ـــــ اور جعفر "طیار" میری فرع ہے۔

(الجامع الصغیر ج ۲، ص ۱۷۷)

لفظ اصل: ـــــ جڑ ـــــ بنیاد ـــــ نسب ـــــ عالی نسبی ـــــ اور اصل مسودۂ کتاب ـــــ شریف الاصل ہونا ـــــ مصدر ـــــ منبع ـــــ کسی کی رائے کا عمدہ ہونا، وغیرہ کے معنوں میں آتا ـــــ اور یہ لفظ فرع کے مقابل ہے، ـــــ ان تمام معانی میں سے اپنے اپنے ذوق و مزاج کے مطابق معنٰی میں سے اپنے اپنے ذوق و مزاج کے مطابق معنٰی مراد لے لیں۔

حدیث نمبر ۸۸

علی علیہ السلام کا تعلق

حضرت براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں ـــــ کہ رسول معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

عَلِیٌّ مِّنِّیْ بِمَنْزِلَةِ رَأْسِیْ مِنْ بَدَنِیْ .

علی کا تعلق میرے ساتھ ایسا ہے ـــــ جیسا میرے سر کا میرے بدن سے۔

Marfat.com

(الجامع الصغیر (امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ) ج ۲، ص ۱۷۷)

حدیث نمبر ۸۹

علی علیہ السلام کی جنت میں چمک

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے —— کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

عَلِیٌّ یَّزْهَرُ فِی الْجَنَّةِ کَکَوَاکِبِ الصُّبْحِ لِاَهْلِ الدُّنْیَا ۔

علی جنت میں اس طرح چمکے گا۔ جس طرح دنیا والوں کے لیے صبح کے ستارے چمکتے ہیں۔ (کنوز الحقائق ج ۲، ص ۱۹۲ مطبوعہ دار الفکر بیروت)

حدیث نمبر ۹۰

موت وحیات میں

حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

یَا عَلِیُّ اَبْشِرْ حَیَاتَكَ وَ مَوْتَكَ مَعِیْ ۔

اے علی علیہ السلام! بشارت وخوشخبری ہے تیرے لیے کہ تو موت وحیات میں میرے ساتھ ہے۔

(کنوز الحقائق (امام مناوی رحمۃ اللہ علیہ) علیٰ ہامش الجامع الصغیر ج ۲، ص ۱۹۲)

حدیث نمبر ۹۱

واضح کروگے

سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

یَا عَلِیُّ اَنْتَ تُبَیِّنُ لِاُمَّتِیْ مَا اخْتَلَفُوْا فِیْهِ مِنْ بَعْدِیْ ۔

Marfat.com

اے علی! تم میری امت کے لیے اس امر کو واضح کرو گے ـــــ جس میں انہوں نے میرے بعد اختلاف کیا۔

حدیث نمبر ۹۲

میری سنت پر

سیّد الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

یَا عَلِیُّ اَنْتَ تُقْتَلُ عَلٰی سُنَّتِیْ ۔

اے علی علیہ السلام! تمہیں میری سنت پر قتل کیا جائے گا۔ (کنوز الحقائق ج ۲، ص ۱۹۲)

حدیث نمبر ۹۳

جب شیر کو دیکھو

سیّد الکونین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا فرمان عالی شان ہے۔

یَا عَلِیُّ اِذَا رَأَیْتَ الْاَسَدَ فَکَبِّرْ ۔

اے علی علیہ السلام! جب شیر کو دیکھو، تو تکبیر بلند کرو۔ (کنوز الحقائق ج ۲، ص ۱۹۲)

حدیث نمبر ۹۴

جب شیر کو دیکھو

امام دیلمی رحمۃ اللہ علیہ (ابو شجاع شَیْرَوَیْہ بن شہردار بن شَیْرَوَیْہ الدیلمی الہمدانی متوفی ۵۰۹ھ) الفردوس بماثور الخطاب میں مندرجہ بالا حدیث شریف کو ان الفاظ میں بیان فرماتے ہیں۔ کہ علی ابن ابی طالب سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں کہ مجھے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

Marfat.com

يَا عَلِيُّ اِذَا رَاَيْتَ الْاَسَدَ فَكَبِّرْ ثَلَاثَ تَكْبِيْرَاتٍ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، عَزَّوَجَلَّ، اَعَزُّ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ وَاَكْبَرُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّ مَا اَخَافَ وَاَحْذَرُ تَكْفِيْ شَرَّهٗ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ .

اے علی! جب تم شیر کو دیکھو تو تین مرتبہ تکبیر بلند کرو، اللہ اکبر، اللہ اکبر، اللہ اکبر، اللہ عزوجل ہر چیز سے زیادہ طاقتور اور سب سے بڑا ہے۔ میں اللہ تعالیٰ سے ہر چیز کے شر سے پناہ مانگتا ہوں، جس کا مجھے خوف وخطر لاحق ہو، اگر اللہ تعالیٰ چاہے، تو اس کا شیر (لپیٹ لینے میں) کافی ہے۔

الفردوس بماثور الخطاب ج ۵، ص ۳۲۶ حدیث نمبر ۸۳۲۹ (امام شیرویہ دیلمی رحمۃ اللہ علیہ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت لبنان، سن اشاعت ۱۹۸۶ء

حدیث نمبر ۹۵

میرے بعد

جدالحسن والحسین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد پاک ہے:

يَا عَلِيُّ اَنْتَ وَلِيُّ كُلِّ مُؤْمِنٍ مِنْ بَعْدِيْ .

اے علی علیہ السلام! ــــ تم میرے بعد ہر مؤمن کے والی ہو۔

(کنوز الحقائق ج ۲، ص ۱۹۲)

حدیث نمبر ۹۶

مؤمن خلیفہ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں:

يَا عَلِيُّ اِنَّكَ مُؤْمِنٌ مُسْتَخْلِفٌ وَاِنَّكَ مَقْتُوْلٌ .

Marfat.com

اے علی علیہ السلام! ـــــ بے شک تم مؤمن خلیفہ ہو ـــــ اور بے شک تم قتل کیے جاؤ گے ـــــ (کنوز الحقائق ج ۲، ص ۱۹۲)

حدیث نمبر ۹۷

خوشخبری

فرمانِ رسول دو جہاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

يَا عَلِيُّ طُوْبٰى وَلِمَنْ اَحَبَّكَ وَصَدَّقَ فِيْكَ .

اے علی علیہ السلام! تمہارے لیے خوشخبری ہے۔ اور اس کے لیے جو تجھ سے محبت رکھتا ہے۔ اور سچ کہتا ہے، اس چیز کے بارے میں جو تجھ میں ہے۔

(کنوز الحقائق ج ۲، ص ۱۹۲)

حدیث نمبر ۹۸

غیور سخی

امام الاولین والآخرین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے:

يَا عَلِيُّ! كُنْ غَيُّوْرًا وَكُنْ سَخِيًّا .

اے علی! تم غیور و سخی بن کر رہو۔

کنوز الحقائق فی حدیث خیر الخلائق (امام عبدالرؤف مناوی) ج ۲ ص ۱۹۲ علیٰ ہامش الجامع الصغیر فی احادیث البشیر النذیر (امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۹۱۱ھ) مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، لبنان

حدیث نمبر ۹۹

بہادر بن کر جیو

امام دیلمی رحمۃ اللہ علیہ ـــــ "الفردوس" ـــــ میں مندرجہ بالا حدیث کو ان الفاظ

Marfat.com

میں ارقام فرماتے ہیں ـــــ حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ ـــــ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا۔

یَا عَلِیُّ! کُنْ غَیُوْرًا فَاِنَّ اللّٰہَ عَزَّوَجَلَّ یُحِبُّ الْغَیُّوْرَ ـــــ وَکُنْ سَخِیًّا فَاِنَّ اللّٰہَ عَزَّوَجَلَّ یُحِبُّ السَّخَاءَ ـــــ وَکُنْ شُجَاعًا فَاِنَّ اللّٰہَ عَزَّوَجَلَّ یُحِبُّ الشُّجَاعَةِ ـــــ وَاِنْ اِمْرَؤٌ سَاَلَكَ حَاجَةً فَاقْضِهَا لَهٗ فَاِنْ لَّمْ یَکُنْ لَّهَا اَهْلًا کُنْتَ لَهَا اَهْلاً ۔

اے علی! غیور بن کر رہو ـــــ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ غیرت کو پسند فرماتا ہے ـــــ اور تم سخی بن کر رہو، اس لیے کہ اللہ تعالیٰ سخاوت کو پسند فرماتا ہے ـــــ اور تم بہادر بن کر جیو، اس لیے کہ اللہ تعالیٰ بہادری کو محبوب رکھتا ہے ـــــ اور اگر کوئی آدمی تجھ سے اپنی حاجت کا سوال کرے تو اس کی حاجت روائی کرو ـــــ اگر وہ اس کا اہل نہیں ہے تم تو اس کے اہل ہو (یعنی اس کی اہلیت نہ دیکھو) اپنی عطاؤں کی لاج رکھو۔

(فردوس دیلمی ج ۵، ص ۳۲۵، حدیث نمبر ۸۳۲۷)

حدیث نمبر ۱۰۰

محبِّ علی علیہ السلام

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں ـــــ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

یَا عَلِیُّ مُحِبُّكَ مُحِبِّیْ، وَمَبْغِضُكَ مُبْغِضِیْ ۔

اے علی علیہ السلام! ـــــ تمہارے ساتھ محبت رکھنے والا، میرا محبّ ہے، اور

Marfat.com

تمہارے ساتھ بغض رکھنے والا (اصل میں) میرے ساتھ بغض رکھنے والا ہے۔ (الفردوس ج ۵، ص ۳۱۶، حدیث نمبر ۸۳۰۴)

حدیث نمبر ۱۰۱

حبِ علی علیہ السلام

امام مناوی ''کنوز الحقائق'' میں ان الفاظ کے ساتھ حدیثِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نقل فرماتے ہیں ـــــ کہ آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

یَا عَلِیُّ لَایُحِبُّكَ اِلَّا مُؤْمِنٌ وَّلَا یُبْغِضُكَ اِلَّا مُنَافِقٌ ۔

اے علی! تمہارے ساتھ صرف مومن ہی محبت رکھتا ہے ـــــ اور تمہارے ساتھ صرف منافق ہی بغض رکھتا ہے۔

حدیث نمبر ۱۰۲

مخالفِ علی کی اصلیت

حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے ـــــ کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

یَا عَلِیُّ لَا یُبْغِضُكَ مِنَ الرِّجَالِ اِلَّا مُنَافِقٌ وَمَنْ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ وَهِیَ حَائِضٌ وَلَا یُبْغِضُكَ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا السَّلَقْلَقُ ۔

اے علی! مردوں میں سوائے منافق اور ولد الحیض کے تم سے کوئی بغض نہیں رکھے اور عورتوں میں سے کوئی تم سے بغض نہیں رکھے گی سوائے سلقلق عورت کے۔ (فردوس دیلمی رحمۃ اللہ علیہ ج ۵، ص ۳۱۹/۳۲۰ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ)

Marfat.com

سَلَقْلَقْ: ——مندرجہ حدیث میں سے ہے کہ اے علی علیہ السلام! کوئی عورت تیرے ساتھ بغض نہیں رکھے گی سوائے سَلَقْلَقْ عورت کے—— چونکہ یہ لفظ بہت کم استعمال ہوا ہے، لہٰذا اس کا معنٰی بیان کرنا ضروری ہے۔

سَلَقْلَقْ —— کا معنٰی ہے۔

وَهِيَ الَّتِيْ تَحِيْضُ مِنْ دُبُرِهَا .

(سَلَقْلَقْ) وہ عورت جس کو پاخانے کے راستہ سے حیض آئے۔

حدیث نمبر ۱۰۳

ایک عورت کا واقعہ

اسی سلسلے کی ایک اور حدیث دیکھیں جسے جناب سعید زغلول نے ''زہرالفردوس'' جلد نمبر ۴ اور صفحہ نمبر ۳۰۸ کے حوالے سے —— حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی روایت بیان کی —— کہ ایک عورت حضرت مولا علی مرتضٰی کرم اللہ وجہہ کے پاس آئی —— اور آ کر کہنے لگی۔

اِنِّیْ اُبْغِضُكَ .

''بے شک میں تم سے بغض رکھتی ہوں''

آپ کرم اللہ وجہہ نے فرمایا:

فَاَنْتَ اِذًا سَلَقْلَقْ .

پھر تو تم ''سَلَقْلَقْ'' ہو۔

اس عورت نے کہا —— سَلَقْلَقْ —— کسے کہتے ہیں۔

مولا علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا —— کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو

Marfat.com

فرماتے ہوئے سنا ـــــ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا ـــــ اے علی! ـــــ

وَلَا يُبْغِضُكَ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا سَلَقْلَقٌ .

اور عورتوں میں سے کوئی عورت تم سے بغض نہیں رکھے گی سوائے سَلَقْلَقٌ عورت کے۔

جناب مولا علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں ـــــ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا ـــــ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ـــــ سَلَقْلَقٌ کیا ہے؟ ـــــ تو آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ـــــ

اَلَّتِیْ تُحِیْضُ مِنْ دُبُرِهَا .

وہ عورت جس کو پاخانہ کے راستے سے حیض آئے۔

اس عورت نے کہا۔

صَدَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ (وَآلِهٖ) وَسَلَّمَ اَنَا وَاللّٰهِ اَحِيْضُ مِنْ دُبُرِیْ وَمَا عَلِمَ اَبَوَایَ .

سچ فرمایا رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خدا کی قسم مجھے پاخانہ کے راستہ سے حیض آتا ہے اور اس کا علم میرے والدین کو بھی نہیں۔

(زہر الفردوس علی ہامش الفردوس ج ۵، ص ۳۲۰)

وَلَدُ الْحَيْض: ـــــ وہ شخص ہے ـــــ کہ اس کی ماں حیض کی حالت میں تھی، جب اس کا حمل رحم مادر میں ٹھہرا۔

ـــــ حدیث نمبر ۱۰۲ میں یہ الفاظ آئے ہیں ـــــ وَمَنْ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ وَهِیَ حَائِضٌ ـــــ جن کا ایک معنٰی یہ بھی ہوسکتا ہے ـــــ کہ اس کی ماں کا حیض بھی جاری رہا اور

Marfat.com

حمل بھی ٹھہرا رہا ـــــ کسی بیماری کی وجہ سے ـــــ اور جو شخص اس قسم کی غلاظتوں سے گزر کر آیا ہو ـــــ وہ علی کریم کا محبّ و مرید کیسے بن سکتا ہے ـــــ علی علیہ السلام وہ امیر المومنین ہے جس کو جنابت سمیت کوئی چیز ناپاک نہیں کر سکتی ـــــ اور اس پر قرآن و حدیث شاہد ہیں ـــــ اور یہ امر اہلِ علم کی نگاہوں سے مخفی نہیں۔

مُـنَـافِـقٌ: ـــــ کا لفظ نفاق سے بنا ہے ـــــ جس کے معنٰی علیحدہ ہونے کے ہیں ـــــ چونکہ اس کا دل اور اس کی زبان علیحدہ علیحدہ ہیں ـــــ اس لیے اسے منافق کہا جاتا ہے ـــــ نفاق ـــــ کے قبیل کا ایک لفظ ـــــ نَـفَـقٌ ـــــ بھی ہے ـــــ نَـفَـقٌ ـــــ کہتے ہیں زمین یا پہاڑ کی دورخی سرنگ کو ـــــ اور منافق بھی دورخا ہوتا ہے ـــــ دل میں کفر چھپانے اور زبان سے ایمان ظاہر کرنے والا ـــــ دشمنی چھپا کر دوستی جتانے والے کو منافق کہا جاتا ہے ـــــ نَـافِـقَاء ـــــ جنگلی چوہے کے سوراخوں میں سے ایک ـــــ جنگلی چوہا ایک سوراخ کو چھپاتا ہے اور دوسرے کو ظاہر کرتا ہے ـــــ یہی حال منافق کا ہوتا ہے ـــــ آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جناب علی علیہ السلام سے فرمایا کہ منافق کے سوا تجھ سے کوئی دشمنی نہیں رکھے گا ـــــ

منافقین

خدائے حمید نے قرآنِ مجید میں منافقین کی سخت ترین الفاظ میں مذمت فرمائی ہے ـــــ خدا کی زمین پر فساد برپا کرنے والے ـــــ دھوکے باز ـــــ اور بے وقوف قرار دیا ـــــ

مفسرین کے نزدیک منافقین، کفار سے بھی زیادہ بدترین مخلوق ہیں ـــــ قتل و غارت گری ان کا محبوب ترین مشغلہ حیات ہے ـــــ ان کے ظاہر اور باطن میں زمین و

Marfat.com

آسمان کا فرق ہے—— منافقوں کی ظاہری صورتوں کو دیکھنے والے انہیں فرشتے تصور کرتے ہیں—— اوران کا باطن باؤلے کتے، بھیڑیوں سے بھی زیادہ خطرناک ہے—— اہلِ ایمان کوان سے بچ کر رہنا چاہئے—— دنیا میں تمام فسادات کی جڑ، یہی لوگ ہیں یہ وہی لوگ ہیں جواپنے جھوٹ کوحکمت عملی کا نام دیتے ہیں——

حدیث نمبر۱۰۴

فرشتوں کا حج

سیّدنا علی المرتضٰی سے روایت ہے—— کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

يَا عَلِيُّ تَعَلَّمِ الْقُرْاٰنِ—— وَعَلِّمْهُ النَّاسَ فَاِنْ مُتَّ حَجَّتِ الْمَلٰئِكَةُ اِلٰى قَبْرِكَ كَمَا تَحُجَّ النَّاسَ اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ——

اے علی! قرآن سیکھو اور اسے لوگوں کو سکھاؤ، پس اگر (اسی حالت پر) تمہاری وفات ہوئی—— تو فرشتے تیری قبر کی طرف حج کرنے کے لیے آئیں گے۔ جس طرح لوگ بیت عتیق (کعبہ شریف) کا حج کرنے کے لیے آتے ہیں۔

الفردوس بماثور الخاطب ج ۵، ص ۳۲۰، حدیث نمبر ۸۳۱۴ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ، منجانب دارالباز عباس احمد الباز مکۃ المکرمۃ سن اشاعت ۱۹۸۶ء

خیال رہے—— کہ حج کے معنی ارادہ—— نیت—— اور قصد کرنے کے ہیں—— مطلب یہ ہوا—— کہ اے علی!—— فرشتے ارادہ باندھ کر تیری قبر کی زیارت کے لیے آئیں گے—— اس سے معلوم ہوا کہ اللہ والوں کے مزارات پر نیت جما کر حاضری کے

Marfat.com

لیے جانا ـــــ فرمانِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی ہے اور فرشتوں کی سنت بھی ـــــ اس لیے ضروری ہے ـــــ کہ فتویٰ باز ـــــ شرک و بدعت کے فتوے لگانے سے باز رہیں۔

حدیث نمبر ۱۰۵

کعبہ

امام مناوی نے ''کنوز الحقائق'' میں ارقام فرمایا ہے کہ حضور سرورِ عالم، سرکار مدینہ، سرور سینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد پاک ہے:

يَا عَلِيُّ اَنْتَ بِمَنْزِلَةِ الْكَعْبَةِ ۔

اے علی! تم بمنزلہ کعبہ کے ہو۔ (کنوز الحقائق علیٰ ہامش الجامع الصغیر ج ۲، ص ۱۹۲)

حدیث نمبر ۱۰۶

روزی کے لحاظ سے ـــــ کعبہ

امام دیلمی رحمۃ اللہ علیہ نے ''الفردوس'' میں مندرجہ بالا حدیث ان الفاظ کے ساتھ نقل فرمائی ہے ـــــ کہ مولا علی سے روایت فرماتے ہیں کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

يَا عَلِيُّ اِنَّمَا اَنْتَ بِمَنْزِلَةِ الْكَعْبَةِ، قُوْتًا وَّلَا يَاْتِيْ فَاِنْ اَتَاكَ هٰؤُلَآءِ الْقَوْمُ فَسَلِّمُوْا لَكَ هٰذَا الْاَمْرَ فَاقْبِلْهُ مِنْهُمْ وَاِنْ لَّمْ يَأْتُوْكَ فَلَا تَاْتِهِمْ ۔

اے علی! یقیناً تم روزی کے لحاظ سے کعبہ کی مانند ہو، اور ''روزی'' خود بخود

Marfat.com

نہیں آتی اس کو اللہ کریم کی ذات ہی بھیجتی ہے —— پس اگر یہ قوم تمہارے پاس آئے —— اور یہ امر تمہارے سپرد کرے تو اس کو قبول کر لینا —— اور اگر یہ قوم تمہارے پاس نہ آئے، تو تم بھی اس کے پاس نہ جانا ——

(الفردوس (امام دیلمی رحمۃ اللہ علیہ) ج ۵، ص ۳۱۵)

حدیث نمبر ۱۰۷

خلافت کے لحاظ سے کعبہ

علامہ ابن اثیر (ابوالحسن علی بن ابی کرم محمد بن محمد بن عبدالکریم بن عبدالواحد شیبانی) نے ''اسد اللہ الغابہ فی معرفۃ الصحابۃ'' میں اس حدیثِ مقدسہ کو اس انداز میں نقل فرمایا ہے —— علی المرتضیٰ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَنْتَ بِمَنْزِلَةِ الْكَعْبَةِ تُؤْتٰى وَلَا تَأْتِىْ فَاِنْ اَتَاكَ هٰؤُلَآءِ الْقَوْمِ فَسَلِّمُوْهَا اِلَيْكَ يَعْنِى الْخَلَافَةِ فَاقْبِلْ مِنْهُمْ وَاِنْ لَّمْ يَأْتُوْكَ فَلَا تَأْتِهِمْ حَتّٰى يَأْتُوْكَ .

(اے علی) تم کعبہ شریف کی مانند ہو —— (کہ مخلوق خدا) اس کے پاس جاتی ہے وہ کسی کے پاس نہیں جاتا —— اگر یہ قوم تمہارے پاس آئے —— اور اس معاملے کو تمہارے سپرد کرے یعنی خلافت کو —— تو تم ان کی طرف سے ''اس امر کو'' قبول کر لینا۔ اور اگر قوم تمہارے پاس نہ آئے تو تم بھی اس کے پاس نہ جانا —— یہاں تک کہ وہ تمہارے پاس آئے۔

اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابۃ (ابن اثیر) ج ۴، ص ۳۱ مطبوعہ دار احیا التراث العربی، بیروت، لبنان

اوپر درج تینوں احادیث میں رسول مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے —— مولا علی کو

Marfat.com

بمنزلہ کعبہ قرار دیا ہے ـــــ اور کعبہ کسی کے پاس چل کر نہیں جاتا ـــــ لوگ کعبہ کے پاس حاضری کے لیے آتے ہیں ـــــ اسی طرح روزی کا سلسلہ ہے ـــــ وہ بغیر سبب کے کسی کے پاس چل کر نہیں آتی۔

سیّد عالم نبی کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جناب حضرت علی علیہ السلام کو فرمایا ـــــ اے علی! ـــــ تو کعبہ اللہ کی مانند ہے ـــــ تم کسی کے پاس چل کر نہ جانا ـــــ لوگ تیرے پاس چل کر آئیں گے ـــــ تمہارے دربار گوہر بار میں دریوزہ گری کیلئے حاضر ہوں گے ـــــ اور تجھ سے ہر طرح کا فیض حاصل کریں گے اور علم کی دولت پائیں گے ـــــ روحانیت کے مدارج پر فائز ہوں گے ـــــ جو تیرے پاس آئیں گے خالی نہ جائیں ـــــ اور اپنے آستان فیض بار کو ہمیشہ وا رکھنا۔

امر خلافت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا ـــــ کہ اگر قوم دستار خلافت تمہارے سر پر سجانے کے لیے آئے تو اسے قبول کر لینا ـــــ اگر قوم ایسا نہ کرے تو حصولِ خلافت کے لیے قوم کے پاس جانے کی ضرورت نہیں ہے ـــــ یہاں تک قوم تمہارے پاس خود بخود آئے اور امورِ خلافت کو انجام دینے کی استدعا کرے۔

خیال رہے کہ مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم کسی صورت میں بھی فرمانِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نظر انداز نہیں کر سکتے ـــــ ایک طرف حکمِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے ـــــ اور دوسری جانب جہلا کی موشگافیاں ـــــ ہم ان تمام من گھڑت باتوں کو مسترد کرتے ہیں ـــــ جس میں رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ـــــ علی علیہ السلام فہیم ـــــ اور خاتون قیامت کی بے ادبی کا پہلو نکلتا ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام کو کعبہ فرمایا ہے ـــــ اور کعبہ خدائے برتر کے انوار کا مہبط ہے ـــــ قوم ہوش کے

Marfat.com

ناخن لے ـــ سیّدۃُ نساءِ العٰلمین کی بارگاہ ـــ اس جہاں کی نازک ترین بارگاہ ہے ـــ آپ علیہ السلام کی بارگاہِ اقدس میں عامیانہ اور ہلکے الفاظ استعمال کرنے والے اس کائنات ارضی کے سب سے زیادہ بد بخت لوگ ہیں۔

اور یہ بات بھی ذہن نشین رہے ـــ جولوگ خاتونِ جنت اور آپ کی اولاد سے بغض رکھتے ہیں ـــ ان کی کسی قسم کی کوئی نیکی بارگاہِ خداوندی میں قبول نہیں ـــ نماز ـــ روزہ ـــ حج ـــ زکوٰۃ ـــ سخاوت وعبادت ہرگز ہرگز قبول نہیں ـــ اور یہ بات میں ڈنکے کی چوٹ پر کہہ رہا ہوں ـــ اور اس پر حلف دینے کے لیے تیار ہوں ـــ اس لیے کہ ملکہ ملک ولایت کا گستاخ ومنکر دنیائے کفر کا بدترین کافر ہے ـــ اور کافروں کی نیکیاں قبول نہیں ہوا کرتیں۔

حدیث نمبر ۱۰۸

لوگوں کا سردار

امام عبدالرؤف مناوی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب ـــ کنوز الحقائق ـــ میں رقم طراز ہیں ـــ کہ حسنین کریمین علیہما السلام کے نانا جانا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں:

یَا عَلِیُّ اَنْتَ عَبْقَرِیُّھُمْ ۔

اے علی علیہ السلام! تم لوگوں کے سردار ہو۔ (کنوز الحقائق ج ۲، ص ۱۹۲)

حدیث نمبر ۱۰۹

محبِّ علی علیہ السلام

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــ کہ رسول اللہ صلی اللہ

Marfat.com

علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

یَا عَلِیُّ مُحِبُّکَ مُحِبِّیْ وَ مُبْغِضُکَ مُبْغِضِیْ ۔

اے علی علیہ السلام! تمہارے ساتھ محبت کرنے والا، میرا محبّ ہے —— اور تیرے ساتھ بغض رکھنے والا، میرے ساتھ بغض رکھنے والا ہے۔

(فردوس دیلمی رحمۃ اللہ علیہ ج ۵، ص ۳۱۶)

حدیث نمبر ۱۱۰

دشمن علی علیہ السلام

معاویہ بن حیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

یَا عَلِیُّ مَا کُنْتُ اُبَالِیْ مَنْ مَّاتَ مِنْ اُمَّتِیْ وَھُوَ یُبْغِضُکَ مَاتَ یَھُوْدِیًّا اَوْ نَصْرَانِیًّا ۔

اے علی! میں اس شخص کی پرواہ نہیں کرتا جو میری امت میں سے ہو اور اس حال میں فوت ہو کہ تجھ سے بغض رکھتا ہو، کہ وہ یہودی ہو کر مرے یا عیسائی ہو کر مرے۔ (فردوس دیلمی رحمۃ اللہ علیہ ج ۵، ص ۳۱۶)

مندرجہ بالا حدیثِ مبارکہ کی جلالت پر غور فرمائیں کہ رحمتِ کائنات کا فرمان کس امر کی طرف اشارہ کر رہا ہے —— اے علی! جو شخص تیرا بغض سینے کے نہاں خانوں میں رکھ کر مر جائے، مجھے اس بد بخت کی کوئی پرواہ نہیں —— وہ یہودی ہو کر مر جائے یا نصرانی ہو کر مر جائے —— میرا اس سے کسی قسم کا کوئی تعلق نہیں —— اور نہ ہی وہ ملت اسلامیہ کا فرد کہلانے کا حقدار ہے۔

Marfat.com

حدیث نمبر ۱۱۱

یَعْسُوْبُ الْمُؤْمِنِیْنَ

مولا مرتضٰی حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے روایت ہے —— کہ سرکار علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

عَلِیٌّ یَعْسُوْبُ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمَالُ یَعْسُوْبُ الْمُنَافِقِیْنَ ۔

علی مؤمنوں کا بادشاہ ہے —— اور مال منافقوں کا بادشاہ ہے۔

الجامع الصغیر ج ۲، ص ۱۸۸ —— الصواعق المحرقہ ص ۱۹۳ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان سن اشاعت ۱۹۸۵ء

حدیث نمبر ۱۱۲

میرا قرض ادا کرنے والا

فرمانِ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے:

عَلِیٌّ یَقْضِیْ دِیْنِیْ ۔

علی، میرے قرضوں کو ادا کرے گا۔ (الجامع الصغیر ج ۲، ص ۱۸۸)

حدیث نمبر ۱۱۳

خدا تعالیٰ فخر فرماتا ہے

حدیثِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے:

اِنَّ اللّٰہَ یُبَاھِیْ بِعَلِیٍّ کُلَّ یَوْمٍ وَّلَیْلَۃِ الْمَلٰئِکَۃِ ۔

اللہ تعالیٰ ہر دن اور ہر رات فرشتوں میں علی کے ساتھ فخر فرماتا ہے۔

(کنوز الحقائق ج اول، ص ۹۵ علی ہامش الجامع الصغیر)

Marfat.com

حدیث نمبر ۱۱۴

بہترین بھائی

سیّدالثقلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث ہے:

خَیْرُ اَخْوَانِیْ عَلِیٌّ وَّ خَیْرُ اَعْمَامِیْ حَمْزَۃُ .

میرا بہترین بھائی علی ہے —— اور میرا بہترین چچا حمزہ ہے۔

(الجامع الصغیر (امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ) ج اول، ص ۲۶۵)

حدیث نمبر ۱۱۵

ذکر علی علیہ السلام

حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے —— فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

ذِکْرُ عَلِیٍّ عِبَادَۃٌ .

علی کا ذکر عبادت ہے۔

کنز العمال ج ۱۱، ص ۶۰۷ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، لبنان سن اشاعت ۱۹۹۸ء

حدیث نمبر ۱۱۶

سیّدُ العرب

سلطانِ سلاطینِ اقالیمِ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں:

سَیِّدُ الْعَرَبِ عَلِیٌّ .

علی عرب کا سردار ہے۔ (کنوز الحقائق (امام مناوی) جلد اول، ص ۱۴۵)

Marfat.com

حدیث نمبر ۱۱۷

جو علی کی عزت کرے

امام مناوی (عبدالرؤف) نے کنوز الحقائق فی حدیث خیر الخلائق میں حدیث شریف نقل فرمائی ہے ـــــ کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

اَللّٰھُمَّ اَکْرِمْ مَنْ اَکْرَمَ عَلِیًّا ۔

''اے اللہ کریم! اس کو عزت عطا فرما۔ جو علی کی عزت کرتا ہے۔''

حدیث نمبر ۱۱۸

محبتِ علی گناہوں کو کھا جاتی ہے

امام دیلمی اور امام مناوی رحمۃ اللہ علیہما نے ایک ایسی حدیث نقل فرمائی جو اہلِ محبت کے لیے امیدوں کا ایک نوری سہارا بھی ہے اور اپنے اندر بشارتوں کی ایک پوری کائنات لپیٹے ہوئے ہے ـــــ ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

حُبُّ عَلِیٍّ یَأْکُلُ الذُّنُوْبَ ـــــ کَمَا یَأْکُلُ النَّارُ الْحُطَبَ ۔

علی کی محبت گناہوں کو اس طرح کھا جاتی ہے جس طرح آگ لکڑی کو۔

(فردوس دیلمی ج ۲، ص ۱۴۲ ـــــ کنوز الحقائق ج ۲، ص ۱۱۷)

حدیث نمبر ۱۱۹

علی علیہ السلام کی محبت

امام دیلمی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک اور حدیث فرمائی ہے ـــــ جس کے راوی جناب

Marfat.com

امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں ـــــ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

حَبُّ عَلِیٍّ بَرَأَۃٌ مِّنَ النَّارِ ۔

علی کی محبت دوزخ سے نجات ہے۔

(فردوس دیلمی ج ۲، ص ۱۴۲ ـــــ کنوز الحقائق ج ۲، ص ۱۱۶)

حدیث نمبر ۱۲۰

محبتِ علی وہ نیکی ہے

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

حَبُّ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ حَسَنَۃٌ لَا یَضُرُّ مَعَھَا سَیِّئَۃٌ ـــــ وَبُغْضُہٗ سَیِّئَۃٌ لَا تَنْفَعُ مَعَھَا حَسَنَۃٌ ۔

علی ابن ابی طالب کی محبت وہ نیکی ہے، جس کے ہوتے ہوئے کوئی بدی ضرر ونقصان نہیں پہنچا سکتی ـــــ اور علی کے ساتھ بغض رکھنا وہ بدی ہے ـــــ جس کے ہوتے ہوئے کوئی نیکی نفع نہیں پہنچا سکتی۔

الفردوس بماثور الخطاب (امام شیرویہ دیلمی) ج ۲، ص ۱۴۲ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان حدیث نمبر ۲۷۲۵ سن اشاعت ۱۹۸۶ء

حدیث نمبر ۱۲۱

یا علی

امام مناوی رحمۃ اللہ علیہ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث شریف ـــــ ان الفاظ کے ساتھ نقل فرمائی ہے ـــــ کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا ہے:

Marfat.com

يَا عَلِيُّ اَنْتَ تَغْسِلُ جُثَّتِیْ وَتُؤَدِّیُ دِیْنِیْ ۔

اے علی! تم میرے جسم کو غسل دو گے اور میرے قرض اور دیون کو ادا کرو گے۔ (کنوز الحقائق ج ۲، ص ۱۹۳)

حدیث نمبر ۱۲۲

وعدہ پورا کرے گا

موت وحیات کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد پاک ہے:

عَلِیٌّ یُّنْجِزُ عِدَاتِیْ وَ یَقْضِیْ دِیْنِیْ ۔

علی میرے کئے ہوئے وعدے پورے کرے گا اور میرے قرض کو ادا کرے گا۔

(کنوز الحقائق ج ۲ ص ۱۶)

حدیث نمبر ۱۲۳

ایک ہی شجرہ سے

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا

اَنَا وَ عَلِیٌّ مِّنْ شَجَرَةٍ وَّاحِدَةٍ

میں اور علی ایک ہی درخت کی شاخیں ہیں۔ (کنوز الحقائق جلد ۲ ص ۸۰)

حدیث نمبر ۱۲۴

خیر البشر

امام مناوی رحمۃ اللہ علیہ نے کنوز الحقائق میں ـــــ مسند امام ابو یعلی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۳۰۷) کے حوالے سے حدیث نقل فرمائی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

Marfat.com

عَلِیٌّ خَیْرُ الْبَشَرِ مَنْ شَکَّ فِیْهِ کَفَرَ

علی تمام انسانوں سے بہتر ہے —— جو اس میں شک کرے وہ کافر ہے۔

(کنوز الحقائق علی ہامش الجامع الصغیرہ ج ۲ ص ۱۶)

حدیث نمبر ۱۲۵

جو اِنکار کرے وہ کافر ہے

امام مناوی رحمۃ اللہ علیہ (عبدالروٴف) کنوز الحقائق میں —— امام ابوبکر احمد بن علی خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۴۶۳ھ کے حوالے سے حدیثِ رسول نقل فرماتے ہیں —— کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔

عَلِیٌّ خَیْرُ الْبَشَرِ فَمَنْ اَبٰی فَقَدْ کَفَرَ

علی تمام انسانوں سے بہتر ہے —— جو اِنکار کرے وہ کافر ہے۔

(کنوز الحقائق فی حدیث خیر الخلائق علی ہامش الجامع الصغیر فی احادیث البشیر النذیر (امام سیوطی) ج ۲ ص ۱۷)

(مطبوعہ دار الکتب العلمیۃ۔ توزیع دار لباز مکہ مکرمہ)

خیال رہے کہ اس سلسلے کی مختلف احادیث —— مختلف شخصیات کے بارے میں آئی ہیں —— مثلاً یہ حدیث

اَبُوْبَکْرٍ خَیْرُ النَّاسِ اِلَّا اَنْ یَّکُوْنَ نَبِیٌّ

ابوبکر تمام نبیوں کے علاوہ تمام انسانوں سے بہتر ہیں۔ (الصواعق المحرقہ ص ۹۹)

اس قسم کی روایت سے مقصود فضائل کا اظہار ہوتا ہے —— اور ایک شخص کی فضیلت سے دوسرے شخص کی فضیلت کی نفی نہیں ہوتی —— لہٰذا روایات میں کوئی تعارض نہیں —— خوارج و نواصب اور روافض —— اپنے اپنے جامہ میں رہ کر —— اور اپنی اپنی حیثیت کو سامنے رکھ کر بات کیا کریں۔

Marfat.com

ادھم مچا کر، خدا کی زمین پر فساد بپا کرنا ـــــ عظمت انسانیت کے خلاف ہے۔

حدیث نمبر ۱۲۶

کوثر کا مالک

امام مناوی رحمۃ اللہ علیہ نے ـــــ طبرانی کے حوالے سے لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

عَلِیٌّ صَاحِبُ حَوْضِیْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ

علی قیامت کے دن میرے حوض کوثر کا مالک ہوگا۔ (کنوز الحقائق ج ۲ ص ۱۷)

حدیث نمبر ۱۲۷

عنوان نامۂ اعمال

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے ارشاد فرمایا:

عُنْوَانُ صَحِیْفَةِ الْمُؤْمِنِ حُبُّ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ

مومن کے نامۂ اعمال کا عنوان علی ابن ابی طالب کی محبت ہے۔

(الجامع الصغیر ج ۲ ص ۱۸۲ حدیث نمبر ۶۳۳۳ مطبوعہ دار الفکر بیروت لبنان، سن اشاعت ۱۹۸۱ء، الصواعق المحرقہ ص ۱۹۳)

اپنے سینوں میں محبت مولا علی کے گلشن سجانے والو! ـــــ تمہیں مبارک ہو ـــــ کہ تمہارے نامۂ اعمال کا عنوان حبّ علی کرم اللہ وجہہ ہے ـــــ

Marfat.com

حدیث نمبر ۱۲۸

ہڈیوں تک ایمان

امام مناوی رحمۃ اللہ علیہ نے امام ابونعیم کے حوالے سے حدیث نقل فرمائی ہے ـــــ کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

عَلِیٌّ مُّلِئَ اِیْمَانًا اِلٰی مَشَاشَۃٍ

علی کی ہڈیوں تک میں ایمان بھرا ہوا ہے۔ (کنوز الحقائق جلد ۲ ص ۱۷)

حدیث نمبر ۱۲۹

جو علی کو دوست رکھے

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں ـــــ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

قُلْ لِّمَنْ اَحَبَّ عَلِیًّا تَھَیَّاءً لِدَخُوْلِ الْجَنَّۃِ

جو شخص علی کو دوست رکھے اس سے کہہ دو کہ وہ جنت میں جانے کے لئے تیار ہو جائے۔

(کنوز الحقائق ج ۲ ص ۳۳ ـــــ ارجح المطالب ص ۴۹۵، مطبوعہ حق برادرز انارکلی لاہور (اخرجہ الدیلمی) سن اشاعت ۱۹۹۴ء)

حدیث نمبر ۱۳۰

عبادت

حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں ـــــ کہ

Marfat.com

رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَلنَّظْرُ اِلٰی وَجْہِ عَلِیٍّ عِبَادَۃٌ

علی کے چہرے کی طرف دیکھنا عبادت ہے۔

(المستدرک علی الصحیحین فی الحدیث (امام حاکم) ج ۳ ص ۱۴۲)

حدیث نمبر ۱۳۱

علی کی طرف دیکھنا

حضرت ابوسعید خدری اور عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَلنَّظْرُ اِلٰی عَلِیٍّ عِبَادَۃٌ

علی کی طرف دیکھنا عبادت ہے۔ (مستدرک حاکم ج ۳ ص ۱۴۱)

قارئین کرام! ـــــ حدیث نمبر ۱۱۵ ـــــ ذکر علی ـــــ کے عنوان کے تحت پیچھے لکھی جا چکی ہے ـــــ ذِکْرُ عَلِیٍّ عِبَادَۃٌ ـــــ کہ علی کا ذکر عبادت ہے ـــــ اوپر درج تینوں حدیثیں ـــــ علی کی طرف دیکھنا ـــــ علی کے چہرے کی طرف دیکھنا عبادت ہے ـــــ علی کا ذکر عبادت ہے ـــــ نے بعض لوگوں کی نیندیں اڑا دی ہیں ـــــ اُچھل اُچھل کر ان لوگوں نے آسمان سر پر اٹھا رکھا ہے ـــــ اور ان ضعیف الایمان لوگوں نے ـــــ ضعیف ضعیف کا ایسا شور مچا رکھا ہے کہ کچھ سنائی نہیں دیتا ـــــ گزشتہ حدیث شریف کا مختصر پسِ منظر بیان کرنے کے بعد ـــــ کچھ اسی قسم کی چند احادیث بیان کی جائیں گی ـــــ جس سے آپ کے دل و دماغ معطر ہو جائیں گے۔

Marfat.com

حدیث نمبر۱۳۲

اُمّ المومنین فرماتی ہیں

امّ المومنین سیّد عائشہ صدیقہ سلام اللہ علیہا فرماتی ہیں ـــــ کہ میرے والد خلیفۃ الرسول حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ ـــــ کی طرف ٹکٹکی باندھ کر دیکھا کرتے تھے ـــــ تو آپ سے اس بارے میں پوچھا گیا ـــــ تو آپ رضی اللہ عنہ نے جواباً فرمایا ـــــ کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔

اَلنَّظْرُ اِلٰی عَلِیٍّ عِبَادَۃٌ

کہ علی کی طرف دیکھنا عبادت ہے۔ (المناقب للخوارزمی حنفی ص۳۶۲)

حدیث نمبر۱۳۳

صدیقۂ عالم فرماتی ہیں

صدیقہ عالم اُمّ المومنین حضرت عائشہ سلام اللہ علیہا فرماتی ہیں کہ میں نے اپنے باپ جناب ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیکھا کہ آپ کثرت سے حضرت علی علیہ السلام کے چہرے کو دیکھا کرتے تھے۔

فَقُلْتُ: یَا اَبَتِ رَاَیْتُكَ تُكْثِرُ النَّظْرَ اِلٰی وَجْهِ عَلِیٍّ

''میں نے پوچھا بابا جان! میں نے آپ کو دیکھا ہے کہ آپ کثرت سے علی کا چہرہ دیکھتے رہتے ہیں۔''

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ـــــ کہ میں نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Marfat.com

کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے۔

اَلنَّظْرُ اِلٰی وَجْہِ عَلِیٍّ عِبَادَۃٌ

کہ علی کے چہرے کی طرف دیکھنا عبادت ہے۔ (ذخائر العقبیٰ ص ۹۵ دار الکتب المصریہ)

مندرجہ بالا احادیث پر چنگھاڑنے سے پہلے منکرین شانِ علی رضی اللہ عنہ مندرجہ ذیل احادیث پر ایک نظر ضرور ڈال لیں ـــــ تا کہ بعد میں شرمندگی نہ اُٹھانا پڑے۔

حدیث نمبر ۱۳۴

اُمّ المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں۔

اَلنَّظْرُ اِلَی الْکَعْبَۃِ عِبَادَۃٌ ـــــ وَالنَّظْرُ اِلٰی وَجْہِ الْوَالِدَیْنِ عِبَادَۃٌ ـــــ وَالنَّظْرُ فِیْ کِتَابُ اللّٰہِ عِبَادَۃٌ

کعبہ شریف کی طرف دیکھنا عبادت ہے ـــــ اور والدین کے چہرے کو دیکھنا عبادت ہے اللہ کی کتاب (قرآن مجید) میں دیکھنا عبادت ہے ـــــ

(فردوس دیلمی ج ۴ ص ۳۹۳ حدیث نمبر ۶۸۶۴)

حدیث نمبر ۱۳۵

انس بن مالک فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَلنَّظْرُ اِلٰی وَجْہِ الْعَالِمِ عِبَادَۃٌ ـــــ وَالْجُلُوْسُ مَعَہٗ عِبَادَۃٌ ـــــ وَالْکَلَامُ مَعَہٗ عِبَادَۃٌ

عالم دین کے چہرے کی طرف دیکھنا عبادت ہے ـــــ اور اس کے ساتھ بیٹھنا عبادت ہے ـــــ اور اس سے ہم کلام ہونا عبادت ہے۔

(فردوس دیلمی ج ۴ ص ۲۹۴ حدیث نمبر ۶۸۶۷)

Marfat.com

حدیث نمبر ۱۳۶

ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

اَلنَّظْرُ اِلٰی وَجْہِ الْاَخْوَانِ عَلَی الشَّوْقِ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ اَلْفِ رَکْعَۃٍ تَطَوُّعٍ

اپنے بھائیوں کے چہرے کو شوق کی نگاہ سے دیکھنا میرے لئے ہزار رکعت سے زیادہ محبوب ہے۔ (فردوس دیلمی رحمۃ اللہ علیہ ج ۴ ص ۲۹۵ حدیث نمبر ۶۸۶۸)

حدیث نمبر ۱۳۷

جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

اَلنَّظْرُ اِلَی الْوَجْہِ الْحَسَنِ یَجْلُوا الْبَصَرَ —— وَالنَّظْرُ اِلَی الْخَضْرَۃِ یَجْلُوا الْبَصَرَ

خوبصورت چہرے کو دیکھنا بینائی میں اضافہ کرتا ہے —— اور سبزے کو دیکھنا بصارت میں اضافہ کرتا ہے۔ (فردوس دیلمی ج ۴ ص ۲۹۵ حدیث نمبر ۶۸۶۹)

حدیث نمبر ۱۳۸

حضرت اُمّ المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ سرکار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا

اَلنَّظْرُ اِلَی الْوَجْہِ الْحَسَنِ —— وَ اِلَی الْخُضْرَۃِ وَالْمَاءِ ھُوَ مِمَّا یُحْیِی الْقَلْبَ —— وَ یُجَلِّیْ عَنِ الْبَصَرِ الْغِشَاوَۃَ

Marfat.com

خوبصورت چہرے کو دیکھنا —— اور سبزے اور پانی کو دیکھنا یہ ان چیزوں میں سے ہیں، جو دل کو زندہ کرتی ہیں اور بصارت سے پردے ہٹاتی ہیں۔

حدیث نمبر ۱۳۹

ابنِ عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

مَنْ نَظَرَ اِلٰی اَخِیْهِ نَظْرَةَ وُدٍّ غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ

جس شخص نے اپنے بھائی کو محبت کی نظر سے دیکھا اللہ تعالیٰ اس شخص کی بخشش فرمادے گا۔ (الجامع الصغیر ج ۲ ص ۶۵۰ حدیث ۹۰۶۳)

حدیث نمبر ۱۴۰

مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم فرماتے ہیں کہ رسولِ دو جہاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَلنَّظْرُ اِلٰی وَجْهِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ وَاجِبٌ لِکُلِّ نَبِیٍّ وَّ صِدِّیْقٍ وَشَهِیْدٍ

چہرۂ خداوندی (کے انوار و جمال) کو دیکھنا ہر نبی —— ہر صدیق اور ہر شہید کے لئے واجب ہے —— (فردوس دیلمی ج ۴ ص ۲۹۳ حدیث ۶۸۶۳)

حدیث نمبر ۱۴۱

اُمّ المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَلنَّظْرُ فِیْ ثَلَاثَةَ اَشْیَاءَ عِبَادَةٌ، اَلنَّظْرُ فِیْ وَجْهِ الْاَبْوَیْنِ —— وَفِی الْمُصْحَفِ —— وَ فِی الْبَحْرِ

Marfat.com

کہ تین چیزوں کو دیکھنا عبادت ہے

والدین کا چہرہ ـــــ قرآن مجید ـــــ اور سمندر میں دیکھنا۔

(فردوس دیلمی رحمۃ اللہ علیہ ج ۴ ص ۲۹۷ حدیث نمبر ۶۸۷۳)

کیوں جناب؟ کیا فرماتے ہیں مفتیانِ خوارج ونواصب بیچ اس مسئلہ کے ـــــ کہ کعبۃ اللہ ـــــ والدین ـــــ علمائے کرام ـــــ قرآنِ حکیم ـــــ سمندر ـــــ علماء کے ساتھ بیٹھنا ـــــ ان سے ہم کلام ہونا ـــــ عبادت ہے ـــــ تو پھر علی کو دیکھنا کیوں عبادت نہیں؟ ـــــ علی کریم کا ذکر اور آپ کے ذکر کی محفلیں سجانا کیوں عبادت نہیں؟ ـــــ والدین کے چہروں کی زیارت عبادت ٹھہری ـــــ تو پھر علی کریم کی زیارت کیوں عبادت نہیں؟ ـــــ سنو!! ـــــ بفرمانِ رسولِ خدا ـــــ نبی اور علی اُمت کے لئے باپ کی حیثیت رکھتے ہیں اپنی جانوں پر ظلم نہ کرو! ـــــ منافقت کے زنا توڑ کر، علی کریم رضی اللہ عنہ کے حلقہ ارادت میں شامل ہو جاؤ ـــــ بگڑی بن جائے گی ـــــ مقدر سنور جائیں گے ـــــ ذلت کے گھٹا ٹوپ اندھیرے چھٹ جائیں گے ـــــ تم پر خدا اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خوش ہوں گے ـــــ اللہ کریم تمہاری نمازیں ـــــ روزے اور حج و زکوٰۃ قبول فرمالے گا ـــــ تمہارے قیام وسجود اور دُعائیں ـــــ اجابت کی قبائیں پہن لیں گی ـــــ قیامت کے دن حساب وکتاب اور میزان وصراط سے امان پاؤ گے ـــــ جنت کی بہاریں لوٹو گے ـــــ

حضرت عبداللہ ابنِ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی ایک حدیث بیان کرنے جا رہا ہوں ـــــ اگر نفاق نے دُھوئیں نے آئینہ دل سیاہ نہ کر دیا ہو تو اس حدیثِ مقدسہ کے ایک ایک لفظ کے عکس انوار سے جگمگا اُٹھے گا ـــــ اور حسد وعناد کا بخار اُتر جائے گا۔ بغض کی تباہ کاریوں سے محفوظ رہو گے ـــــ کذب وفریب کے تپ دق سے چھٹکارہ مل جائے گا ـــــ

Marfat.com

حدیث نمبر ۱۴۲

جو علی سے محبت رکھے

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے فرمایا۔

مَنْ اَحَبَّ عَلِیًّا قَبِلَ اللّٰہُ مِنْہُ صَلَاتَہٗ وَ صِیَامَہٗ وَ قِیَامَہٗ ——— وَاسْتَجَابَ دُعَاءَ ہٗ، اَلَآ وَمَنْ اَحَبَّ عَلِیًّا اَعْطَاہُ اللّٰہُ بِکُلِّ عِرْقٍ فِیْ بَدَنِہٖ مَدِیْنَۃً فِی الْجَنَّۃِ وَ مَنْ اَحَبَّ اٰلَ مُحَمَّدٍ اَمِنَ مِنَ الْحِسَابِ وَالْمِیْزَانِ وَالصِّرَاطِ، اَلَآ وَمَنْ مَّاتَ عَلٰی حُبِّ اٰلِ مُحَمَّدٍ فَاَنَا کَفِیْلُہٗ بِالْجَنَّۃِ مَعَ الْاَنْبِیَاءِ، اَلَآ وَمَنْ اَبْغَضَ اٰلَ مُحَمَّدٍ جَآءَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ مَکْتُوْبًا بَیْنَ عَیْنَیْہِ : آیِسٌ مِّنْ رَّحْمَۃِ اللّٰہِ

جس شخص نے علی سے محبت کی ——— اللہ کریم اس کی طرف سے اس کا قیام ونماز اور اس کے روزے ——— اور اس کی دعا قبول فرمائے گا ——— خبردار! ——— جس نے علی سے محبت کی اللہ تعالیٰ اس شخص کو اس کے بدن کی ہر رگ کے بدلے جنت میں ایک شہر عطا فرمائے گا ——— اور جس نے آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے محبت کی، اسے حساب وکتاب اور میزان وصراط سے امان مل گئی ——— خبردار! جو شخص آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی محبت میں فوت ہوا، میں جنت اس کے لئے تمام نبیوں کے ساتھ اس کا کفیل ——— (ضامن وذمہ دار) ہوں گا ——— خبردار! جس نے آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ

Marfat.com

وسلم سے بغض رکھا، وہ قیامت کے دن اس طرح آئے گا کہ آنکھوں کے درمیان لکھا ہوا ہوگا۔ یہ اللہ کی رحمت سے مایوس ہے۔

(المناقب للخوارزمی (موفق بن احمد بن محمد مکی، خوارزمی، متوفی ۵۶۸ ص ۷۲/۳۷ مطبوعہ موسیسۃ النشر الاسلامی قم)

حدیث نمبر ۱۴۳

آسمان والوں نے

حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسولِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَوَّلُ مَنِ اتَّخَذَ عَلِیَّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ مِّنَ اَهْلِ السَّمَآءِ، اِسْرَافِیْلُ، ثُمَّ مِیْکَائِیْلُ، ثُمَّ جِبْرَائِیْلُ ——— وَاَوَّلُ مَنْ اَحَبَّهٗ مِنْ اَهْلِ السَّمَآءِ حَمَلَةُ الْعَرْشِ، ثُمَّ رِضْوَانُ، خَازِنُ الْجَنَانِ، ثُمَّ مَلَكُ الْمَوْتِ، وَاِنَّ مَلَكَ الْمَوْتِ، یَتَرَحَّمُ عَلٰی مُحِبِّیْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ، کَمَا یَتَرَحَّمُ عَلَی الْاَنْبِیَاءِ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ.

آسمان والوں میں سب سے پہلے، جس نے علی ابن ابی طالب کو بھائی بنایا وہ جناب اسرافیل علیہ السلام ہیں، پھر میکائیل علیہ السلام ہیں، پھر جبریل علیہ السلام ہیں اور آسمان والوں میں سے، جس نے سب سے پہلے علی کرم اللہ وجہہ سے محبت کی وہ حاملین عرش ہیں، پھر رضوان جو خازنِ جنت ہیں، پھر موت کا فرشتہ اور ملک الموت یعنی موت کا فرشتہ علی ابن ابی طالب سے محبت کرنے والوں سے اس طرح نرمی سے پیش آتے ہیں جس طرح نبیوں سے پیش آتے ہیں۔ (مناقب خوارزمی ص ۷۲ حدیث نمبر ۴۹)

Marfat.com

حدیث نمبر ۱۴۴

باغِ جنت

حضرت مولا علی فرماتے ہیں ـــــ کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لئے ہوئے تھے ـــــ اور ہم لوگ مدینہ منورہ کے رستوں پر چل رہے تھے، کہ ہمارا گزر ایک باغ کی طرف ہوا، میں نے عرض کیا ـــــ یارسول اللہ! ـــــ یہ کتنا اچھا باغ ہے۔ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

لَكَ فِي الْجَنَّةِ اَحْسَنُ مِنْهَا ـــــ

(اے علی!) تمہارے لئے جنت میں اس سے بہت اچھا باغ ہے۔

(مستدرکِ حاکم ج ۳ ص ۱۳۹)

حدیث نمبر ۱۴۵

جو تجھ سے جدا ہوا

حضرتِ ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

يَا عَلِيُّ مَنْ فَارَقَنِيْ فَقَدْ فَارَقَ اللّٰهُ وَمَنْ فَارَقَكَ يَا عَلِيُّ فَقَدْ فَارَقَنِيْ

اے علی! جو مجھ سے جدا ہوا وہ اللہ تعالیٰ سے جدا ہوا، اور جس نے تم سے جدائی اختیار کی وہ مجھ سے جدا ہوا۔

(مستدرک حاکم ج ۳ ص ۱۲۴)

Marfat.com

حدیث نمبر ۱۴۶

علی پر فرشتوں کا درود

امام مناوی رحمۃ اللہ علیہ نے ـــــ امام دیلمی رحمۃ اللہ علیہ کی فردوس کے حوالے سے حدیث شریف نقل فرمائی ہے ـــــ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشادِ گرامی ہے۔

لَقَدْ صَلَّتِ الْمَلَائِكَةُ عَلَيَّ وَعَلِيٍّ سَبْعَ سَنِيْنِ

مجھ پر اور علی پر فرشتوں نے سات برس تک درود شریف بھیجا۔

(کنوز الحقائق جلد ۲ ص ۶۷)

حدیث نمبر ۱۴۷

اگر علی علیہ السلام پیدا نہ ہوتے

''کنوز الحقائق'' میں ـــــ ''فردوس دیلمی'' کے حوالے سے حدیث مرقوم ہے ـــــ کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

لَوْ لَمْ يُخْلَقْ عَلِيٌّ مَا كَانَ لِفَاطِمَةَ كُفُوٌ

اگر علی پیدا نہ ہوتے تو سیدہ فاطمہ کا کوئی کفو نہ ہوتا۔

(کنوز الحقائق علی ہامش الجامع الصغیر ج ۲ ص ۷۵)

حدیث نمبر ۱۴۸

علی کب سے امیر المومنین ہیں

حضرت حذیفہ بن یامان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

Marfat.com

لَوْ عَلِمَ النَّاسُ مَتٰی سُمِّیَ عَلِیٌّ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ، مَا اَنْکَرُوْا فَضْلَهٗ

سُمِّیَ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ، وَاٰدَمَ بَیْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ

اگر لوگوں کو یہ معلوم ہو جائے کہ علی کا نام ـــــ امیر المومنین ـــــ کب سے رکھا گیا ہے ـــــ تو وہ علی کی فضیلت کا اِنکار نہ کریں ـــــ علی کا نام امیر المومنین ـــــ اس وقت رکھا گیا ـــــ جب آدم علیہ السلام رُوح اور جسم کے درمیان تھے۔

اللہ رب العزت نے فرمایا:

وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْۢ بَنِیْۤ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّیَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰۤی اَنْفُسِهِمْ ۚ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ؕ

اور یاد کرو جب آپ کے ربّ نے اولادِ آدم سے ان کی پیٹھوں میں سے ان کی ذریت کو نکالا اور ان کے بارے میں انہیں خود گواہ بنایا ـــــ کیا میں تمہارا ربّ نہیں ہوں؟ ـــــ (پارہ ۹ سورۂ اعراف آیت ۱۷۲)

اس کے جواب میں فرشتوں نے عرض کیا ـــــ کیوں نہیں یقیناً تو ہمارا ربّ ہے۔

قَالَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی ـــــ اَنَا رَبُّكُمْ ـــــ وَمُحَمَّدٌ نَبِیُّكُمْ ـــــ وَعَلِیٌّ اَمِیْرُكُمْ

اللہ کریم نے فرمایا ـــــ کہ میں تمہارا ربّ ہوں اور محمد تمہارا نبی ہے ـــــ اور علی تمہارا امیر ہے۔ (فردوس دیلمی رحمۃ اللہ علیہ ج ۳ ص ۳۵۴ حدیث ۵۰۶۶)

Marfat.com

حدیث نمبر ۱۴۹

پل صراط

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں ـــــ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اِذْ کَانَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ، اَقَامَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ ـــــ جِبْرَائِیْلَ وَمُحَمَّدًا عَلَی الصِّرَاطِ فَلَا یَجُوْزُہٗ اَحَدٌ اِلَّا مَنْ کَانَ مَعَہٗ بَرَأَۃٌ مِنْ عَلِیِّ ابْنِ اَبِیْ طَالِبٍ

جب قیامت کا دن ہوگا تو اللہ تعالیٰ جبریل اور مصطفیٰ کریم علیہما السلام کو پل صراط پر کھڑا کر دیں گے ـــــ تو پل صراط پر سے وہی گزرے گا، جس کے پاس علی ابن ابی طالب کا اجازت نامہ ہوگا ـــــ (المناقب (خوارزمی) ص ۳۲۰)

حدیث نمبر ۱۵۰

حوضِ کوثر پر

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

یَا عَلِیُّ مَعَکَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ عَصًا مِنْ عَصَا الْجَنَّۃِ تَذُوْدُبِھَا الْمُنَافِقِیْنَ عَلٰی حَوْضِیْ

اے علی! قیامت کے دن تمہارے پاس جنتی لاٹھیوں میں سے ایک لاٹھی ہو گی ـــــ اس کے ذریعے تم منافقوں کو میرے حوض سے ہٹاؤ گے۔

(فردوس دیلمی ج ۵ ص ۳۱۷ حدیث نمبر ۸۳۰۵)

Marfat.com

حدیث نمبر ۱۵۱

تیرا حبیب، حبیب خدا ہے

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے —— کہ رسولِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے حضرت علی ابن ابی طالب کی طرف دیکھا اور فرمایا۔

اَنْتَ سَیِّدٌ فِی الدُّنْیَا وَسَیِّدٌ فِی الْاٰخِرَةِ مَنْ اَحَبَّكَ، فَقَدْ اَحَبَّنِیْ، وَحَبِیْبُكَ حَبِیْبُ اللّٰهِ، وَمَنْ اَبْغَضَكَ، فَقَدْ اَبْغَضَنِیْ، وَبَغِیْضُكَ بَغِیْضُ اللّٰهِ، وَالْوَیْلُ لِمَنْ اَبْغَضَكَ بَعْدِیْ ——

(اے علی!) تم دنیا اور آخرت میں سردار ہو۔ جس نے تجھ سے محبت کی، گویا اس نے مجھ سے محبت کی —— تیرا حبیب اللہ کا حبیب ہے —— جس نے تجھ سے بغض رکھا، اس نے مجھ سے بغض رکھا۔ تیرا دُشمن اللہ کا دُشمن ہے۔ اس کے لئے تباہی ہے، جس نے میرے بعد تجھ سے بغض رکھا۔

(المناقب خوارزمی ص ۳۲۷ —— تاریخ بغداد ج ۴ فضائل صحابہ ج ۲؛ مام مستدرک حاکم ج ۳ —— مناقب مغازلی)

حدیث نمبر ۱۵۲

تیرا دُشمن —— میرا دُشمن

امام حاکم (ابوعبداللہ بن محمد بن عبداللہ نیشاپوری) رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے —— ''المستدرک'' —— میں حدیثِ مبارکہ ان الفاظ کے ساتھ نقل فرمائی ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسولِ دو جہاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی طرف نگاہ اٹھائی اور فرمایا۔

یَا عَلِیُّ اَنْتَ سَیِّدٌ فِی الدُّنْیَا وَسَیِّدٌ فِی الْاٰخِرَةِ حَبِیْبُكَ، حَبِیْبِیْ،

Marfat.com

وَحَبِیْبِیْ حَبِیْبُ اللّٰہِ، وَعَدَوُّکَ عَدُوِّیْ، وَعَدُوِّیْ عَدُوُّ اللّٰہِ
وَالْوَیْلُ لِمَنْ اَبْغَضَکَ بَعْدِیْ

اے علی! تم دُنیا اور آخرت میں سردار ہو۔ تمہارا دوست میرا دوست ہے۔ اور میرا دوست خدا تعالیٰ کا دوست ہے، اور تمہارا دشمن، میرا دُشمن ہے، اور میرا دُشمن خدا تعالیٰ کا دشمن ہے۔ دوزخ کا عذاب ہے۔ اس کے لئے جو میرے بعد تم سے دُشمنی رکھے۔

(المستدرک علی الصحیحین فی الحدیث (امام حاکم) ج ۳ ص ۱۲۸ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، لبنان)

حدیث نمبر ۱۵۳

مولا علی سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ مجھے رسولِ کریم نے فرمایا

لَا یُحِبُّکَ اِلَّا مُؤْمِنٌ تَقِیٌّ، وَلَا یُبْغِضُکَ اِلَّا فَاجِرٌ رَدِّیٌّ

(اے علی!) تجھ سے صرف مومن متقی ہی محبت کرے گا اور تجھ سے صرف دُھتکارا ہوا منافق ہی بغض رکھے گا —— (مناقب خوارزمی ص ۳۲۶)

حدیث نمبر ۱۵۴

علی سے متعلق وحی

حضرت اسد بن زرارہ نے اپنے باپ سے روایت کیا ہے کہ رسولِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اُوْحِیَ اِلَیَّ فِیْ عَلِیٍّ ثَلَاثٌ اَنَّہٗ سَیِّدُ الْمُسْلِمِیْنَ وَاِمَامُ الْمُتَّقِیْنَ —— وَقَائِدُ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ ——

علی کے متعلق مجھے تین باتوں کی وحی کی گئی ہے۔ ایک یہ کہ وہ تمام مسلمانوں

Marfat.com

کے سردار ہیں اور تمام متقین (یعنی اولیائے کاملین) کے امام ہیں —— اور روشن پیشانی اور روشن قدم والوں کے پیشوا ہیں۔

(المستدرک (امام حاکم) جلد۳ ص ۱۳۸)

حدیث نمبر ۱۵۵

افضل ترین عمل

حضرت سفیان ثوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بہز سے اور انہوں نے اپنے باپ اور انہوں نے اپنے دادا سے روایت بیان کی ہے —— کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ حضرت علی علیہ السلام کا غزوۂ خندق کے دن عمرو ابن عبدود سے جنگ کرنا اور اُسے واصل جہنم کرنا۔

اَفْضَلُ مِنَ الْاَعْمَالِ اُمَّتِیْ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ

قیامت تک میری تمام اُمت کے تمام اعمال سے ''یہ عمل'' افضل ہے۔

(المستدرک ج ۳ ص ۳۲ (امام حاکم) المناقب (امام خوارزمی) ص ۷۰)

حدیث نمبر ۱۵۶

اطاعت علی علیہ السلام

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

مَنْ اَطَاعَنِیْ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ——وَمَنْ عَصَانِیْ فَقَدْ عَصَی اللّٰهَ

——وَمَنْ اَطَاعَكَ فَقَدْ اَطَاعَنِیْ وَمَنْ عَصَاكَ فَقَدْ عَصَانِیْ

جس نے میری اطاعت کی، اس نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی اور جس نے

Marfat.com

میری نافرمانی کی اس نے خدا تعالیٰ کی نافرمانی کی ـــــ اور جس نے تیری اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی ـــــ اور جس نے تیری نافرمانی کی (اے علی) اس نے میری نافرمانی کی۔ (مستدرک حاکم ج ۳ ص ۱۲۸)

حدیث نمبر ۱۵۷

جس نے تیرے ساتھ محبت کی

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــــ کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

يَا عَلِيُّ طُوْبٰى لِمَنْ اَحَبَّكَ وَصَدَّقَ فِيْكَ وَوَيْلٌ لِّمَنْ اَبْغَضَكَ وَكَذَّبَ فِيْكَ

اے علی! خوشخبری ہے اس شخص کے لئے، جس نے تیرے ساتھ محبت کی، اور تیری تصدیق کی، اور ہلاکت (یعنی عذاب جہنم) ہے اس شخص کے لئے جس نے تیرے ساتھ بغض رکھا ـــــ اور تمہارے بارے میں جھوٹ بولا۔

(مستدرک حاکم ج ۳ ص ۱۳۵)

حدیث نمبر ۱۵۸

جو علی علیہ السلام سے دُشمنی رکھے

حضرت رافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــــ کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ـــــ

عَادَى اللّٰهُ مَنْ عَادٰى عَلِيًّا

Marfat.com

اللہ تعالیٰ اس کو دُشمن رکھے جو علی کو دُشمن رکھے۔

(منتخب کنز العمال علی ہامش مسند امام احمد بن حنبل ج ۵ ص ۳۰)

حدیث نمبر ۱۵۹

علی فنا فی اللہ ہے

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

لَا تَسُبُّوْا عَلِیًّا فَاِنَّهٗ مَمْسُوْسٌ فِیْ ذَاتِ اللّٰهِ

علی کو برا نہ کہو! علی کو برا نہ کہو، علی فنا فی اللہ کے مقام پر فائز ہیں۔

(منتخب کنز العمال علی ہامش مسند امام احمد بن حنبل ج ۵ ص ۳۴ مطبوعہ دار صابر بیروت)

حدیث نمبر ۱۶۰

رفیق جنت

مولائے کائنات علی کریم فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا۔

یَا عَلِیُّ اَنْتَ اَخِیْ وَصَاحِبِیْ وَرَفِیْقِیْ فِی الْجَنَّةِ

اے علی! تم میرے بھائی، میرے ساتھی اور جنت میں میرے رفیق ہو۔

(منتخب کنز العمال علی ہامش مسند امام احمد ج ۵ ص ۴۶)

حدیث نمبر ۱۶۱

یَا عَلِیُّ اَنْتَ فِی الْجَنَّةِ

حضرت عبداللہ ابنِ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ

Marfat.com

وآلہ وسلم نے فرمایا:

يَا عَلِيُّ اَنْتَ فِي الْجَنَّةِ يَا عَلِيُّ اَنْتَ فِي الْجَنَّةِ

اے علی! تو جنتی ہے۔ اے علی! تو جنتی ہے۔ (منتخب کنزالعمال علی ہامش مسند احمد ج ۵ ص ۳۹)

حدیث نمبر ۱۶۲

رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بھائی

حضرت ابو یحییٰ فرماتے ہیں کہ میں نے علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کو فرماتے ہوئے سنا۔ آپ فرما رہے تھے۔

اَنَا عَبْدُ اللهِ وَاَخُوْا رَسُوْلِهٖ لَا يَقُوْلُهَا اَحَدٌ بَعْدِیْ اِلَّا كَاذِبٌ فَقَالَ رَجُلٌ فَاَصَابَتْهُ جُنَّةٌ

میں اللہ کا بندہ ہوں —— اور اس کے رسول کا بھائی ہوں —— میرے سوا جو شخص ایسا دعویٰ کرے گا وہ جھوٹا ہے۔ چنانچہ ایک شخص نے یہی دعویٰ کیا تو اسے جنون ہو گیا (یعنی وہ پاگل ہو گیا)

(منتخب کنزالعمال علی ہامش مسند احمد ج ۵ ص ۴۶)

حدیث نمبر ۱۶۳

ایسا تعلق

حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَبُوْبَكْرٍ وَّعُمَرُ مِنِّیْ كَعَيْنِیْ فِیْ رَأْسِیْ —— وَعُثْمَانُ بْنُ عُفَّانٍ

Marfat.com

مِنِّیْ کَلِسَانِیْ فَمِّیْ ——وَعَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ مِنِّیْ کَرُوْحِیْ فِیْ جَسَدِیْ

ابوبکر وعمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو مجھ سے ایسا تعلق ہے جیسے میری آنکھ کو میرے سر سے —— اور عثمان ابن عفان رضی اللہ عنہ کو مجھ سے ایسا تعلق ہے جیسے میری زبان کو میرے منہ سے —— اور علی ابن ابی طالب کو مجھ سے ایسا تعلق ہے، جیسے میری رُوح کو میرے جسم سے۔

(منتخب کنز العمال علی ہامش مسند امام احمد ج ۵ ص ۶۳)

حدیث نمبر ۱۶۴

بہتر فیصلے کرنے والا

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

اَرْحَمُ اُمَّتِیْ اَبُوْبَکْرٍ وَّاَشَدُّ هُمْ فِی اللّٰهِ عُمَرُ ——وَاَکْرَمُهُمْ حَیَاءً عُثْمَانُ ابْنُ عَفَّانَ ——وَاَقْضَاهُمْ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ

میری اُمت میں سب سے زیادہ رحم دل ابوبکر صدیق —— اور اللہ تعالیٰ کے احکام میں سب سے زیادہ سخت عمر رضی اللہ عنہ —— اور حیا کے اعتبار سے سب سے زیادہ مکرم عثمان بن عفان —— اور میری اُمت میں سب سے زیادہ بہتر فیصلہ کرنے والے علی ابن ابی طالب ہیں۔

(منتخب کنز العمال علی ہامش مسند امام احمد ج ۵ ص ۶۳)

Marfat.com

حدیث نمبر ۱۶۵

وہ علی کو دیکھ لے

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے —— کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

مَنْ اَحَبَّ اَنْ یَّنْظُرَ اِلٰی اِبْرَاھِیْمَ فِیْ خُلَّتِہٖ فَلْیَنْظُرْ اِلٰی اَبِیْ بَکْرٍ فِیْ سَمَاحَتِہٖ ——وَمَنْ اَحَبَّ اَنْ یَّنْظُرَ اِلٰی نُوْحٍ فِیْ شِدَّتِہٖ فَلْیَنْظُرْ اِلٰی عُمَرَ فِیْ شُجَاعَتِہٖ ——وَمَنْ اَحَبَّ اَنْ یَنْظُرَ اِلٰی اِدْرِیْسَ فِیْ رِفْعَتِہٖ فَلْیَنْظُرْ اِلٰی عُثْمَانَ فِیْ رَحْمَتِہٖ ——وَمَنْ اَحَبَّ اَنْ یَّنْظُرَ اِلٰی یَحْیٰی بْنِ زَکَرِیَّا فِیْ جَھَادَتِہٖ فَلْیَنْظُرْ اِلٰی عَلِیٍّ فِیْ طَھَارَتِہٖ

جو شخص جناب ابراہیم علیہ السلام کی دوستی کو دیکھنا چاہتا ہے وہ ابوبکر رضی اللہ عنہ کی سخاوت وفیاضی کو دیکھ لے —— جو شخص جناب نوح علیہ السلام کی شدت کو دیکھنا چاہتا ہے —— وہ عمر کی شجاعت کو دیکھ لے —— جو شخص جناب ادریس علیہ السلام کی رفعت اور بلندی کو دیکھنا چاہتا ہے، وہ عثمان کی رحمت ومہربانی کو دیکھ لے —— اور جو شخص جنابِ یحییٰ بن زکریا علیہما کی جدوجہد کو دیکھنا چاہتا ہے وہ علی کی پاکیزگی وطہارت کو دیکھ لے۔

(منتخب کنز العمال علی ہامش مسند امام احمد بن حنبل ج ۵ ص ۶۳ مطبوعہ دار صادر، بیروت لبنان)

Marfat.com

حدیث نمبر ۱۶۶

قیامت کے دن

مولا علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے —— کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

يَا عَلِيُّ اِذَا كَانَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَتَيْتَ اَنْتَ وَوَلَدُكَ عَلٰى خَيْلٍ بُلْقٍ بِالدُّرِّ وَالْيَاقُوْتِ فَيَامُرُ اللّٰهُ بِكُمْ اِلَى الْجَنَّةِ وَالنَّاسُ يَنْظُرُوْنَ

اے علی! قیامت کے دن تم اور تمہاری اولاد موتی اور یاقوت رنگ برنگ (چمکیلے) گھوڑوں پر سوار ہو کر آؤ گے۔ خدا تعالیٰ تمہیں جنت میں جانے کا حکم فرمائے گا اور لوگ (یہ نظارہ) دیکھ رہے ہوں گے۔

(منتخب کنز العمال علی ہامش مسند امام احمد ج ۵ ص ۵۱/۵۲)

حدیث نمبر ۱۶۷

حب مولا علی

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

حُبُّ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ حَسَنَةٌ لَا يَضُرُّ مَعَهٗ سَيِّئَةٌ —— وَبُغْضُهٗ سَيِّئَةٌ لَا يَنْفَعُ مَعَهٗ حَسَنَةٌ

علی ابن ابی طالب کی محبت ایسی نیکی ہے جس کی موجودگی میں کوئی بدی نقصان نہیں پہنچا سکتی اور علی کا بغض ایسی برائی ہے جس کے ہوتے ہوئے کوئی نیکی فائدہ نہیں پہنچا سکتی۔ (مناقب خوارزمی ص ۷۶)

Marfat.com

حدیث نمبر ۱۶۸

وہ مومن نہیں

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسولِ معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔

مَنْ زَعَمَ اَنَّهٗ آمَنَ بِیْ وَبِمَا جِئْتُ بِهٖ ـــــ وَهُوَ یُبْغِضُ عَلِیًّا عَلَیْهِ السَّلَامِ فَهُوَ كَاذِبٌ لَیْسَ بِمُؤْمِنٍ

کہ جو شخص یہ گمان کرے، کہ وہ مجھ پر، اور جو میں لے کر آیا ہوں (قرآنِ کریم) اس پر ایمان رکھتا ہے ـــــ اور وہ علی سے بغض رکھتا ہے، تو وہ جھوٹا ہے ـــــ اور مومن نہیں ہے۔ (مناقب خوارزمی ص ۷۶)

حدیث نمبر ۱۶۹

جنت عدن کی سرخ ٹہنی

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

مَنْ اَحَبَّ اَنْ یَّسْتَمْسِكَ بِالْقَضِیْبِ الْاَحْمَرِ الَّذِیْ غَرَسَهُ اللّٰهُ فِیْ جَنَّةِ عَدْنٍ بِیَمِیْنِهٖ فَلْیَسْتَمْسِكْ بِحُبِّ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی جنت عدن میں پیدا کی ہوئی سرخ ٹہنی کو اپنے دائیں ہاتھ سے تھام لے ـــــ تو اس کو چاہئے کہ وہ علی ابن ابی

Marfat.com

طالب کی محبت کا دامن تھام لے——

(فضائل صحابہ (امام احمد بن حنبل) ج ۲ ص ۶۶۴، مطبوعہ احیاء التراث الاسلامی، جامعۃ اُم القریٰ مکۃ المکرمہ مناقب خوارزمی ص ۷۶)

حدیث نمبر ۱۷۰

سعید و شقی

سیّدۃ نساء العٰلمین زہراء بتول سلام اللہ علیہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم —— ''یوم عرفہ کی شام ہمارے پاس تشریف لائے'' (اور مجھے) فرمایا —— کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں مبارک باد دی ہے —— تمہارے لئے عمومی اور علی کے لئے خصوصی بخشش ہے —— بے شک میں تمہاری طرف اللہ کا رسول ہوں —— اور اس امر میں اپنی قوم سے کسی قسم کا کوئی خوف نہیں ہے —— اور نہ ہی میں نے اس امر میں اقربا پروری کی ہے (اور نہ ہی یہ میں اپنی طرف سے کہہ رہا ہوں) —— بلکہ

هٰذَا جِبْرَئِيْلُ، يُخْبِرُنِىْ: اِنَّ السَّعِيْدَ كُلُّ السَّعِيْدِ، مَنْ اَحَبَّ عَلِيًّا عَلَيْهِ السَّلَامِ فِىْ حَيَاتِهٖ وَبَعْدَ مَوْتِهٖ —— وَاِنَّ الشَّقِىَّ كُلُّ الشَّقِيِّ مَنْ اَبْغَضَ عَلِيًّا فِىْ حَيَاتِهٖ وَبَعْدَ مَوْتِهٖ

یہ جبرئیل ہیں جو مجھے اس بات کی خبر دے رہے ہیں —— کہ یقیناً وہی سعادت مند ہے جو علی کے ساتھ، ان کی ''ظاہری'' زندگی میں اور ان کی وفات کے بعد ان سے محبت کرے —— اور یقیناً وہی شقی و بد بخت ہے جو علی کے ساتھ ان کی زندگی اور موت کے بعد ان کے ساتھ بغض رکھے۔

(المناقب للخوارزمی ص ۷۹ —— فضائل صحابہ (امام احمد بن حنبل) ج ۲ ص ۶۵۸)

Marfat.com

حدیث نمبر ۱۷۱

نورِ نبی و علی

امام موفق بن احمد بن محمد مکی خوارزمی حنفی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ، اپنی کتاب ''المناقب'' میں ـــــ امام احمد بن حنبل نے اپنی کتاب ''فضائل صحابہ'' میں ـــــ امام محبّ الدین احمد طبری نے اپنی کتاب ''ریاض النضرۃ'' میں حدیث پاک نقل فرمائی ـــــ جس کے راوی حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں، حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں ـــــ کہ میں نے اپنے محبوب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔

كُنْتُ اَنَا وَعَلِيٌّ نُوْرًا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ مُطْبِقًا، يُسَبِّحُ اللّٰهَ ذَالِكَ النُّوْرُ وَيُقَدِّسُهٗ قَبْلَ اَنْ يُّخْلَقَ اٰدَمُ بِاَرْبَعَةَ عَشَرَ اَلْفَ عَامٍ، فَلَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ تَعَالٰى آدَمَ رُكِّبَ ذٰلِكَ النُّوْرُ صُلْبِهٖ فَلَمْ نَزَلَ فِيْ شَيْءٍ وَّاحِدٍ، حَتّٰى اِفْتَرَقْنَا فِيْ صُلْبِ عَبْدِ الْمُطّلِبِ فَجُزْءٌ اَنَا وَجُزْءٌ عَلِيٌّ ۔

(حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں) میں اور علی اللہ کریم کی بارگاہ میں ایک ملے ہوئے نور کی حیثیت سے تھے۔ وہ نور آدم علیہ السلام کی تخلیق سے چودہ ہزار سال پہلے اللہ کریم کی تسبیح وتقدیس میں مشغول تھا ـــــ تو جب اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا تو اس نور کو ان کی صلب میں رکھ دیا گیا ـــــ تو ہم دونوں ایک ہی چیز میں موجود رہے ـــــ یہاں تک کہ ہم

Marfat.com

عبدالمطلب کی صلب میں جدا ہوئے پس ایک جز میں ہوں —— اور دوسرا جز علی ہیں ——

(۱) المناقب للخوارزمی ص ۱۴۵ مطبوعہ النشر الاسلامی قم ایران

(۲) فضائل صحابہ (امام احمد بن حنبل) ج ۲ ص ۶۶۳ حدیث نمبر ۱۱۳۰

(۳) الریاض النضرہ فی مناقب العشرۃ ج ۲ ص ۱۲۰

(۴) تفسیر ضیاء القرآن ج ۳ ص ۵۸ مطبوعہ ضیاء القرآن پبلی کیشنز گنج بخش روڈ لاہور۔

حدیث نمبر ۱۷۲

عبداللہ میں —— ابوطالب میں

مولا علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

كُنْتُ وَاَنَا عَلِيٌّ نُوْرٌ بَيْنَ يَدَيِ اللهِ تَعَالٰى مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّخْلَقَ اٰدَمُ بِاَرْبَعَةَ عَشَرَ اَلْفَ عَامٍ، فَلَمَّا خَلَقَ اللهُ تَعَالٰى اٰدَمَ، سَلَكَ ذٰلِكَ النُّوْرَ فِيْ صُلْبِهٖ فَلَمْ يَزَلِ اللهُ تَعَالٰى يَنْقُلُهٗ مِنْ صُلْبٍ اِلٰى صُلْبٍ حَتّٰى اَقَرَّهٗ فِيْ صُلْبِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، فَقَسَّمَهٗ قِسْمَيْنِ: قِسْمًا فِيْ صُلْبِ عَبْدِاللهِ، وَقِسْمًا فِيْ صُلْبِ اَبِيْ طَالِبٍ —— فَعَلِيٌّ مِنِّيْ وَاَنَا مِنْهُ —— لَحْمَهٗ لَحْمِيْ —— وَدَمُهٗ دَمِيْ —— فَمَنْ اَحَبَّهٗ فَبِحُبِّيْ اَحِبُّهٗ ——وَمَنْ اَبْغَضَهٗ فَبِغْضِيْ اُبْغِضُهٗ ——

میں اور علی آدم کی تخلیق سے چودہ ہزار سال پہلے اللہ تعالیٰ کے حضور ایک نور کی حیثیت سے موجود تھے —— تو جب اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا —— تو اس نور کو ان کی پشت میں رکھا —— اور اللہ تعالیٰ اس نور کو ایک

Marfat.com

صلب سے دوسری صلب میں منتقل کرتا رہا —— یہاں تک کہ اس نور کو عبدالمطلب کی پشت میں رکھا —— اور اسے دو حصوں میں تقسیم کر دیا —— ایک حصہ عبداللہ کی پشت میں اور دوسرا حصہ ابوطالب کی پشت میں رکھا —— تو علی مجھ سے ہے اور میں علی سے ہوں —— اس کا گوشت میرا گوشت ہے —— اس کا خون میرا خون ہے —— میں اس سے محبت کرتا ہوں —— جو علی سے محبت رکھتا ہے —— اور میں اس سے بغض رکھتا ہوں جو علی سے بغض رکھتا ہے۔

(مناقب خوارزمی (امام مُوفق بن احمد بن محمد مکی خوارزمی حنفی) ص ۱۴۵/ ۱۴۶ مطبوعہ قم، ایران)

حدیث نمبر ۱۷۳

دروازہ جنت پر لکھا ہے

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے —— فرماتے ہیں کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے۔

مَکْتُوْبٌ عَلٰی بَابِ الْجَنَّةِ —— لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ —— مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، رَسُوْلُ اللّٰهِ —— عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ اَخُوْ رَسُوْلِ اللّٰهِ —— قَبْلَ اَنْ یَّخْلُقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِاَلْفَیْ عَامٍ —

اللہ تعالیٰ کے آسمان اور زمین کو پیدا کرنے سے —— دو ہزار سال پہلے، جنت کے دروازے پر یہ لکھا ہوا تھا —— اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں —— محمد بن عبداللہ —— اللہ کریم کے رسول ہیں —— اور علی بن ابی طالب —— رسولِ کریم کے بھائی ہیں۔ (مناقب خوارزمی ص ۱۴۴)

Marfat.com

حدیث نمبر ۱۷۵

جبریل کے پروں پر کیا لکھا ہے

مولائے کائنات حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَتَانِیْ جِبْرَئِیْلُ وَقَدْ نَشَرَ جَنَاحَیْهِ فَاِذَا فِیْ اَحَدِهِمَا مَکْتُوْبٌ ـــــ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ ـــــ مُحَمَّدٌ النَّبِیُّ ـــــ وَمَکْتُوْبٌ عَلَی الْاٰخِرِ ـــــ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ ـــــ عَلِیٌّ وَصِیُّ ـــــ

جبریل میرے پاس حاضر ہوئے ـــــ اور انہوں نے اپنے دو پر کھولے ـــــ تو ان میں سے ایک پر لکھا ہوا تھا ـــــ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ـــــ محمد مصطفیٰ نبی ہیں ـــــ اور دوسرے پر لکھا ہوا تھا ـــــ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ـــــ اور علی وصی ہیں ـــــ

(المناقب۔ (امام خوارزمی حنفی مکی متوفی ۵۶۸ھ) ص ۱۴۸ مطبوعہ النشر الاسلامی قم ایران)

حدیث نمبر ۱۷۶

دائیں جبرئیل علیہ السلام بائیں علی علیہ السلام

اُمّ المومنین حضرت اُمّ سلمہ سلام اللہ علیہا سے روایت ہے کو ازواجِ رسول میں سب سے زیادہ نرم مزاج ـــــ اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سب سے زیادہ محبت کرنے والی تھیں ـــــ روای (علی بن محمد بن منکدِر) فرماتے ہیں ـــــ کہ اُمّ المومنین کا ایک سرپرست تھا، جنہوں نے ان کی پرورش کی تھی ـــــ اور وہ جب بھی نماز پڑھتا تو اس میں

Marfat.com

علی کو برا بھلا کہتا اور سب وشتم کرتا تھا۔

اُمّ المومنین نے اس سے پوچھا کہ اے میرے باپ! تمہیں کون سی بات علی کریم کو گالیاں دینے پر آمادہ کرتی ہے؟ تو اس نے جواباً کہا، کہ یہ اس لئے کرتا ہوں ـــــ کہ علی علیہ السلام نے حضرت عثمان کو قتل کیا ہے ـــــ اور اس کے خون میں شریک ہے ـــــ اس کی یہ بات سن کر اُمّ المومنین سلام اللہ علیہا نے فرمایا ـــــ اگر تم میرے کفیل نہ ہوتے اور میری پرورش نہ کی ہوتی ـــــ اور تم میرے والد کی جگہ نہ ہوتے ـــــ تو میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا راز تمہیں کبھی نہ بتاتی ـــــ لیکن اب بیٹھ جاؤ ـــــ میں تمہیں علی کے بارے میں وہ بتاؤں جو میں نے دیکھا ہے ـــــ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے حجرہ میں تشریف لائے اور وہ میری باری کا دن تھا ـــــ اور میرے حصے میں نو دن کے بعد ایک دن آتا تھا ـــــ مائی صاحبہ فرماتی ہیں جب رسول اللہ میرے گھر میں داخل ہوئے، تو منظر کچھ اس طرح تھا۔

وَهُوَ مُحَلِّلٌ اَصَابِعَهٗ فِیْ اَصَابِعِ عَلِیٍّ وَاضِعًایَدَهٗ عَلَیْهِ

''کہ رسولِ کریم'' علی کی انگلیوں میں انگلیاں ڈالے ہوئے اپنا ہاتھ ان کے اوپر رکھے ہوئے تشریف لائے۔

اور مجھے ارشاد فرمایا

یَا اُمَّ سَلْمَةَ اُخْرُجِیْ مِنَ الْبَیْتِ وَاَخَلِّیْهِ لَنَا

اے اُمّ سلمہ! گھر سے باہر چلی جاؤ اور ہمیں اکیلا چھوڑ دو۔

ـــــ فرماتی ہیں ـــــ کہ میں باہر چلی اور وہ دونوں (نبی اکرم اور علی کریم) سرگوشی کرنے لگے ـــــ میں نے گفتگو سنی، لیکن مجھے ان کی باتوں کی سمجھ نہ آئی ـــــ یہاں تک کہ

Marfat.com

میں نے سوچا، کہ آدھا دن گزر چکا ہے —— تو میں آئی، اور عرض کیا، السلام علیکم۔ میں اندر آ جاؤں؟ تو نبی کریم نے فرمایا۔ نہیں۔ اپنی جگہ واپس چلی جاؤ پھر وہ دونوں راز و نیاز کی باتیں کرتے رہے۔

یہاں تک کہ دوپہر کا وقت آ گیا —— میں نے سوچا میری باری تھی میرا دن گزر گیا —— اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علی کے ساتھ محو گفتگو ہیں۔ فرماتی ہیں میں چلتی ہوئی آئی اور دروازے پر کھڑی ہو گئی اور عرض کیا۔ السلام علیکم —— میں اندر آ جاؤں؟ —— تو آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا —— نہیں —— اپنی جگہ پر واپس چلی جاؤ تو میں واپس جا کر بیٹھ گئی —— یہاں تک کہ میں نے سوچا کہ اب تو زوال کا وقت گزر گیا ہے —— آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز کے لئے تشریف لے جائیں گے —— اور میرا دن گزر جائے گا —— میں نے اس سے طویل گفتگو کبھی نہیں دیکھی —— میں چلتی ہوئی آئی اور دروازے پر کھڑے ہو کر عرض کیا —— السلام علیکم —— میں اندر آ جاؤں؟ —— آقا کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہاں آ جاؤ —— جب میں اندر داخل ہوئی تو دیکھا ——

وَعَلِیٌّ وَّاضِعٌ یَدَہٗ عَلٰی رَکَبَتِیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ

کہ علی نے اپنے ہاتھوں کو رسول اللہ کے گھٹنوں پر رکھا ہوا تھا۔

اور اپنا منہ نبی پاک کے کان کے قریب کیا ہوا تھا —— اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا منہ علی کے کانوں پر تھا —— اور دونوں راز و نیاز کی باتیں کر رہے تھے۔ —— اور علی عرض کر رہے تھے ''اجازت'' میں جاؤں اور وہ کر دوں؟ —— اور رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا —— ہاں —— فرماتی ہیں —— میں اندر آئی اور علی نے اپنا رُخِ انور دوسری طرف کیا اور باہر تشریف لے گئے —— پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے

Marfat.com

اپنے پاس بٹھایا اور شفقت سے نوازا ـــــ اور اضطرابی کیفیت کو طمانیت بخشی ـــــ پھر آپ نے مجھے فرمایا ـــــ اے اُمّ سلمہ مجھ سے رنجید خاطر نہ ہو ـــــ

فَاِنَّ جِبْرَائِیْلَ اَتَانِیْ مِنَ اللّٰہِ تَعَالٰی یَأْمُرُ اَنْ اُوْصِیَ بِہٖ عَلِیًّا مِّنْ بَعْدِیْ ـــــ وَکُنْتُ بَیْنَ جِبْرَائِیْلَ وَعَلِیٍّ ـــــ وَجِبْرَائِیْلُ عَنْ یَّمِیْنِیْ وَعَلِیٌّ عَنْ شِمَالِیْ، فَاَمَرَنِیْ جِبْرَائِیْلُ اَنْ اٰمُرَ عَلِیًّا بِمَا ھُوَ کَائِنٌ بَعْدِیْ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ

اس لئے کہ جبرئیل اللہ تعالیٰ کی طرف سے میرے پاس آئے تھے ـــــ کہ اللہ تعالیٰ نے یہ حکم ارشاد فرمایا ہے ـــــ کہ میں علی کو اپنے بعد وصی بناؤں ـــــ میں جبرئیل اور علی کے درمیان تھا ـــــ جبریل میری دائیں جانب اور علی میری بائیں جانب تھے ـــــ جبرائیل نے مجھے کہا کہ میں علی کو قیامت تک ہونے والے حالات کا علم عطا کروں ـــــ

لہٰذا میری طرف سے معذرت کہ تم (رنجیدہ خاطر نہ ہو)

اِنَّ اللّٰہَ عَزَّوَجَلَّ اِخْتَارَ مِنْ کُلِّ اُمَّۃٍ نَبِیًّا وَّاَخْتَارَ لِکُلِّ نَبِیٍّ وَّصِیًّا ـــــ فَاَنَا نَبِیُّ ھٰذِہِ الْاُمَّۃِ وَعَلِیٌّ وَصِیِّیْ فِیْ عِتْرَتِیْ وَاَھْلِ بَیْتِیْ وَاُمَّتِیْ مِنْ بَعْدِیْ

بے شک اللہ تعالیٰ نے ہر اُمت میں سے ایک نبی چنتا ہے ـــــ اور ہر نبی کے لئے ایک وصی پسند فرمایا ہے ـــــ تو میں اس اُمت کا نبی ہوں اور علی میری عترت، میرے اہلِ بیت اور میری اُمت میں میرے بعد میرے وصی ہیں۔ اُم المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا ـــــ تو یہ ہے، جو میں نے علی

Marfat.com

کے بارے میں دیکھا ـــــ مائی صاحبہ نے اپنے اس بچپن کے کفیل سے فرمایا ـــــ اے میرے بزرگوار! ـــــ تم علی کو برا بھلا کہو ـــــ یا انہیں چھوڑ دو ـــــ (یہ تمہاری مرضی)۔

مائی صاحبہ فرماتی ہیں ـــــ کہ وہ میرے بچپن کے کفیل نے اس حال میں زندگی بسر کی ـــــ کہ رات دن سرگوشی کے انداز میں ایک ہی التجا کرتے تھے۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ مَا جَھِلْتُ مِنْ اَمْرِ عَلِیٍّ فَاِنَّ وَلِیِّ، وَلِیُّ عَلِیٍّ ـــــ وَعَدُوِّیْ عَدُوٌّ عَلِیٍّ

اے میرے اللہ! ـــــ علی کے بارے میں لاعلمی میں مجھ سے جو کچھ سرزد ہوا، اسے معاف کر دے ـــــ علی کے دوست میرے دوست ہیں ـــــ علی کے دُشمن میرے دُشمن ہیں ـــــ

راوی کے فرمان کے مطابق، اس بزرگ کی بقیہ زندگی اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں بخشش اور مغفرت کی التجا و دُعا کرتے ہوئے گزر گئی ـــــ

(مناقب خوارزمی ص ۱۴۶.....۱۶۷)

حدیث نمبر ۱۷۷

علی سے حسد کرنا کفر ہے

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

مَنْ حَسَدَ عَلِیًّا فَقَدْ حَسَدَنِیْ وَحَسَدَنِیْ فَقَدْ کَفَرَ

جس نے علی سے حسد کیا، اس نے مجھ سے حسد کیا اور جس نے مجھ سے حسد

Marfat.com

کیا، وہ کافر ہے۔ (منتخب کنزالعمال علی ہامش مسند امام احمد بن حنبل ج ۵ ص ۳۵)

حدیث نمبر ۱۷۸

خَیْرُ النَّاسِ

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے فرمایا۔

مَنْ لَّمْ یَقُلْ عَلِیٌّ خَیْرُ النَّاسِ فَقَدْ کَفَرَ

جو شخص علی کو خیر الناس نہیں کہتا وہ کافر ہے۔ (منتخب کنزالعمال علی ہامش مسند احمد ج ۵ ص ۳۵)

حدیث نمبر ۱۷۹

معراج کی رات

حضرت عبداللہ بن زرارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسولِ ارض وسماء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ——

لَیْلَۃَ اُسْرِیَ بِیْ اَتَیْتُ عَلٰی رَبِّیْ عَزَّوَجَلَّ فَاَوْحٰی اِلَیَّ فِیْ عَلِیٍّ بِثَلَاثٍ اَنَّہٗ سَیِّدُ الْمُسْلِمِیْنَ —— وَوَلِیُّ الْمُتَّقِیْنَ —— وَقَائِدُ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ

معراج کی رات میں اپنے ربّ کے حضور حاضر ہوا، تو اللہ تعالیٰ نے علی کے بارے میں تین باتوں کی میری طرف وحی فرمائی کہ وہ —— سیّد المسلمین اور ولی المتقین اور روشن چہروں کے قائد ہیں۔

(منتخب کنزالعمال علی ہامش مسند امام احمد بن حنبل ج ۵ ص ۳۴)

Marfat.com

صدیق الاکبر

حدیث نمبر ۱۸۰

صدیق اکبر

حضرت مولا علی سے روایت ہے کہ رسولِ معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا —— اے علی! قیامت کے دن ہم چاروں کے سوا کوئی سوار نہ ہوگا —— انصار میں سے ایک شخص نے کھڑے ہو کر بارگاہِ نبوت میں عرض کیا —— میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں —— یارسول اللہ! —— وہ چار شخصیات کون ہیں؟

آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا —— میں براق پر سوار ہوں گا —— اور میرے بھائی صالح علیہ السلام اپنی اُونٹنی پر سوار ہوں گے جس کی کونچیں کاٹ دی گئیں —— اور میرے چچا حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ میری اونٹنی عضبا پر سوار ہوں گے اور میرے بھائی علی کرم اللہ وجہہ جنتی ناقوں میں سے ایک ناقہ پر سوار ہوں گے۔

بِیَدِہٖ لِوَاءُ الْحَمْدِ —— یُنَادِیْ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

ان کے ہاتھ میں حمد کا جھنڈا ہوگا —— اور اعلان کرتے جائیں گے۔

"لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ!"

اولادِ آدم علیہ السلام کہے گی —— یہ کوئی مقرب فرشتہ ہے یا کوئی نبی مرسل —— یا کوئی حامل عرش ہے —— تو عرشِ مجید کے پردوں سے ایک فرشتہ انہیں جواب دے گا۔

Marfat.com

يَا مَعْشَرَ الْاٰدِمِيِّيْنَ لَيْسَ هٰذَا مَلَكًا مُقَرَّبًا وَّلَا نَبِيًّا مُّرْسَلًا وَّلَا حَامِلَ عَرْشٍ هٰذَا الصِّدِّيْقُ الْاَكْبَرُ عَلِيّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ ۔

اے اولادِ آدم! یہ تو نہ کوئی مقرب فرشتہ ہے اور نہ کوئی نبی مرسل ہے —— اور نہ کوحامل عرش ہے بلکہ یہ صدیق اکبر علی ابن ابی طالب ہے۔

(منتخب کنز العمال علی ہامش مسند امام احمد بن حنبل ج ۵ ص ۵۱ مطبوعہ دارِ صادر بیروت، لبنان)

حدیث نمبر ۱۸۱

میں صدیق اکبر ہوں

حضرت عمر بن عباد بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا:

اَنَا عَبْدُاللّٰهِ وَاَخُوْ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَاَنَا صِدِّيْقُ نِ الْاَكْبَرُ لَايَقُوْلُهَا بَعْدِیْ اِلَّا كَاذِبٌ —— اٰمَنْتُ قَبْلَ النَّاسِ سَبْعَ سِنِيْنَ

میں اللہ کا بندہ —— اور اللہ کے رسول کا بھائی ہوں —— اور میں صدیق اکبر ہوں —— اس امر کا میرے بعد سوائے جھوٹے کے کوئی دعویٰ نہیں کرے گا —— میں لوگوں سے سات سال پہلے ایمان لایا ہوں۔

(خصائص امیر المومنین علی بن ابی طالب (امام نسائی) ص ۲۹ مطبوعہ دار الکتب العربی بیروت لبنان)

حدیث نمبر ۱۸۲

تو صدیق اکبر ہے

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا کہ آپ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے فرما رہے تھے۔

اَنْتَ الصِّدِّيْقُ الْاَكْبَرُ ——وَاَنْتَ الْفَارُوْقُ الَّذِیْ تُفَرِّقُ بَيْنَ

Marfat.com

الْحَقِّ وَالْبَاطِلِ ۔

(اے علی!) تو صدیق اکبر ہے —— اور تو وہ فاروق ہے، جو فرق کرتا ہے حق اور باطل کے درمیان۔

(الریاض النضرۃ فی مناقب العشرۃ ج ۲ ص ۱۰۶ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، لبنان)

حدیث نمبر ۱۸۳

یہ "علی" صدیق اکبر ہے

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں —— کہ رسولِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے جناب علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کا ہاتھ پکڑا، اور فرمایا۔

اِنَّ هٰذَا اَوَّلُ مَنْ اٰمَنَ بِیْ ——وَهٰذَا اَوَّلُ مَنْ یُصَافِحُنِیْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ ——وَهٰذَا الصِّدِّیْقُ الْاَکْبَرُ ——وَهٰذَا فَارُوْقُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ یُفَرِّقُ بَیْنَ الْحَقِّ وَالْبَاطِلِ ——وَهٰذَا یَعْسُوْبُ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمَالُ یَعْسُوْبُ الظَّالِمِیْنَ ۔

بے شک یہ (علی) وہ پہلا شخص ہے جو میرے ساتھ ایمان لایا —— اور یہ وہ شخص ہے —— جو قیامت کے دن میرے ساتھ مصافحہ کرے گا۔ اور یہ صدیق اکبر ہے —— اور یہ اس اُمت کا فاروق ہے —— حق و باطل کے درمیان فرق کرتا ہے، —— اور یہ مؤمنوں کا سردار ہے۔ مال ظالموں کا سردار۔

(مجمع الزوائد (امام نور الدین ہیثمی) ج ۹ ص ۱۰۵ مطبوعہ الریاض النضرۃ (امام محب طبری) ج ۲ ص ۱۱۰ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ)

Marfat.com

حدیث نمبر۱۸۴

علی فرماتے ہیں ـــــ میں صدیق اکبر ہوں

حضرت معاذہ عدویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، فرماتی ہیں ـــــ کہ میں نے سنا حضرت علی کرم اللہ وجہہ جامع مسجد بصرہ کے منبر پر کھڑے ہو کر فرما رہے تھے۔

اَنَا الصِّدِّیْقُ الْاَکْبَرُ اٰمَنْتُ قَبْلَ اَنْ یُّؤْمِنَ اَبُوْبَکْرٍ وَّاَسْلَمْتُ قَبْلَ اَنْ یُّسْلِمَ اَبُوْبَکْرٍ

میں صدیق اکبر ہوں ـــــ میں ابوبکر صدیق کے ایمان لانے سے پہلے ایمان لایا ـــــ اور ان کے اسلام لانے سے پہلے اسلام لایا۔

(الریاض النضرۃ (امام محب الدین/احمد طبری) ج۲ص۱۱۰ ذخائر العقبیٰ ص۵۸)

حدیث نمبر۱۸۵

صدیق اکبر اور فاروق

حضرت ابولیلیٰ غفاری سے روایت ہے، فرماتے ہیں ـــــ کہ میں نے رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم سے سنا ـــــ آپ فرما رہے تھے۔

سَتَکُوْنُ بَعْدِیْ فِتْنَةٌ فَاِذَا کَانَ ذَالِكَ فَالْزَمُوْا عَلِیَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ فَاِنَّهٗ، اَوَّلُ مَنْ یَّرَانِیْ وَاَوَّلُ مَنْ یُّصَافِحُنِیْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ وَهُوَ الصِّدِّیْقُ الْاَکْبَرُ ـــــ وَهُوَ الْفَارُوْقُ هٰذِا الْاُمَّةِ یُفَرِّقُ بَیْنَ الْحَقِّ وَالْبَاطِلِ ـــــ وَهُوَ یَعْسُوْبُ الْمُؤْمِنِیْنَ۔

عنقریب میرے بعد ایک فتنہ پیدا ہوگا ـــــ پس یہ فتنہ ظاہر ہو ـــــ تو علی علیہ السلام کا دامن تھام لو! کیونکہ یقیناً وہ پہلے شخص ہیں ـــــ جو قیامت کے

Marfat.com

دن مجھے دیکھیں گے —— اور میرے ساتھ مصافحہ کریں گے —— اور وہ صدیق اکبر ہیں، اور وہ اس امت کے فاروق ہیں جو حق و باطل کے درمیان فرق کرتے ہیں —— اور وہ تمام مؤمنوں کے سردار ہیں۔

(اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ (امام ابن اثیر) ج ۵ ص ۲۸۷، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت)

حدیث نمبر ۱۸۶

تین صدیق

حضرت ابو یعلیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَلصِّدِّیْقُوْنَ ثَلَاثَۃ —— حَبِیْبُ النَّجَّارِ مُؤْمِنُ اٰلِ یٰسِیْنَ الَّذِیْ، قَالَ! یٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِیْنَ" —— وَحِزْقِیْلَ مُؤْمِنُ آلِ فِرْعَوْنَ الَّذِیْ قَالَ: "اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ یَّقُوْلَ رَبِّیَ اللّٰہُ —— وَعَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ وَھُوَ اَفْضَلُھُمْ۔

کہ صدیق تین ہیں —— حبیب نجار —— جو مومن آلِ یاسین ہے —— جس نے کہا تھا —— کہ اے میری قوم کے لوگو! رسولوں کی پیروی کرو —— اور حزقیل، جو مومن آلِ فرعون ہے —— جس نے کہا تھا کہ (اے میری قوم کے لوگو!) کیا تم ایسے شخص کو قتل کرتے ہو؟ —— جو یہ کہتا ہے کہ میرا پروردگار اللہ تعالیٰ ہے —— اور تیسرا صدیق علی بن ابی طالب ہے جو ان سب سے افضل ہے۔

(تفسیر الدر المنثور ج ۵ ص ۲۶۲ مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت تفسیر الدر المنثور ج ۵ ص ۴۹۲ دار الکتب العلمیہ بیروت سن اشاعت

Marfat.com

۲۰۰۴ھ امام سیوطی متوفی ۹۱۱ھ)' (ذخائر العقبیٰ ص ۵۶ مطبوعہ مصر ـــــ الجامع الصغیر ج ۲ ص ۱۱۵ ـــــ مطبوعہ بیروت، لبنان ـــــ)

ـــــ○ـــــ

امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے ابن عساکر کے حوالے سے اور صدقہ قرشی کی سند سے ایک حدیث شریف نقل فرمائی ہے ـــــ کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَبُوْ بَکْرِ نِ الصِّدِّیْقُ خَیْرُ اَھْلِ الْاِرْض اِلَّا اَنْ یَّکُوْنُ نَبِیٌّ وَاِلَّا مُؤْمِنُ آلِ یٰسِیْنَ ـــــ وَاِلَّا مُؤْمِنُ اٰلِ فِرْعَوْنَ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ تمام روئے زمین کے لوگوں سے افضل ہیں۔ سوائے اس کے کہ وہ نبی ہو' آلِ یاسین کا مومن ہو' اور آلِ فرعون کا مومن ہو ـــــ

(در منثور ج ۵ ص ۴۹۲ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان)

○ ـــــ امام فخر الدین رازی نے اپنی تفسیر میں ـــــ

سورۂ مومن آیت نمبر ۲۸ کے تحت ـــــ امام جعفر صادق بن امام محمد باقر علیہما السلام سے روایت نقل فرمائی ہے۔ فرماتے ہیں۔

کَانَ اَبُوْبَکْرٍ خَیْرًا مِّنْ مُّؤْمِنِ اٰلِ فِرْعَوْنَ لِاَنَّہٗ کَانَ یَکْتُمُ اِیْمَانَہٗ ـــــ وَقَالَ اَبُوْبَکْرٍ جَھَارًا ـــــ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ بہتر ہیں مومن آلِ فرعون (جناب حزقیل) سے ـــــ کیونکہ وہ ''حزقیل'' اپنے ایمان کو چھپاتے تھے جنابِ ابوبکر اپنے ایمان کو ظاہر کرتے تھے۔

(تفسیر کبیر (امام فخر الدین رازی) ج ۲۷ ص ۵۷ مطبوعہ ایران)

Marfat.com

حدیث نمبر ۱۸۷

تین ہستیاں ایسی بھی ہیں

امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے ابن عدی اور ابن عساکر کے حوالے سے بیان فرمایا ہے۔

ثَلَاثَةٌ مَا كَفَرُوْا بِاللّٰهِ قَطُّ: مُؤْمِنُ اٰلِ يَاسِيْنَ وَعَلِيّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ ——وَآسِيَةُ امْرَأَةُ فِرْعَوْنَ .

تین ہستیاں ایسی ہیں جنہوں نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ کبھی کفر نہیں کیا —— ایک آلِ یٰسین کا مومن (حبیب نجار) اور دوسرا علی بن ابی طالب تیسری ہستی جنابِ آسیہ بنت مزاہم ہیں۔ (تفسیر درِ منثور ج ۵ ص ۲۹۲ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ)

حدیث نمبر ۱۸۸

تین سبقت لے جانے والے

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسولِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَلسَّبَقُ ثَلَاثَةٌ —— فَالسَّابِقُ اِلٰى مُوْسٰى يُوْشِعُ بْنُ نُوْنٍ —— وَالسَّابِقُ اِلٰى عِيْسٰى صَاحِبُ يٰسِيْن ——وَالسَّابِقُ اِلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ (وَآلِهٖ) وَسَلَّمْ عَلِيّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ .

سبقت لے جانے والے تین حضرات ہیں، ایک یوشع بن نون جو موسیٰ علیہ السلام کی طرف سبقت لے جانے والے تھے —— دوسرے صاحب

Marfat.com

یاسین (حزقیل) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف سے سبقت لے جانے والے تھے —— اور تیسرے علی بن ابی طالب ہیں، جو مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سبقت لے جانے والے تھے۔

(تفسیر درمنثور ج ۵ ص ۴۹۲ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت)

حدیث نمبر ۱۸۹

مردوں سے علی بہتر ہیں

جنابِ علقمہ نے حضرت عبداللہ سے روایت بیان کی ہے کہ رسولِ دوسرا، حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

خَيْرُ رِجَالِكُمْ عَلِيّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ ——وَخَيْرُ شَبَابِكُمُ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ ——وَخَيْرُ نِسَائِكُمْ فَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

تمہارے مردوں سے علی بن ابی طالب بہتر ہیں —— اور تمہارے جوانوں سے حسن اور حسین بہتر ہیں —— اور تمہاری عورتوں سے سیدہ فاطمہ بنت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بہتر ہیں۔

(تاریخ بغداد (امام ابوبکر احمد بن علی خطیب بغدادی متوفی ۴۳۰ھ، ج ۴ ص ۳۹۱)

خَيْرُ رِجَالِكُمْ —— کے مفہوم کو بیان کرتے ہوئے خواجہ حافظ شمس الدین محمد (حافظ شیرازی) نے اپنے دیوان میں ایک طویل قصیدہ لکھا ہے —— جس کے کچھ اشعار اہلِ ذوق کی بصیرتوں کی نذر کرتا ہوں۔

Marfat.com

(۱)

نوشتہ بردرِ فردوس کا تبانِ قضا
بنی رسول، ولی عہد حیدرِ کرار

(۱) قضا کے کاتبوں نے جنت فردوس کے دروازے پر لکھا ہے نبی اکرم رسول ہیں اوران کے (روحانی) ولی عہد حیدرِ کرار ہیں۔

(۲)

امام جنی وانسی علی بود کہ علی
زکل خلق فزون ست از صغار وکبار

(۲) جنوں اور انسانوں کے علی امام ہیں —— کیونکہ علی چھوٹے بڑے لوگوں سے بڑھ کر ہیں۔

(۳)

علی امام وعلی ایمن وعلی ایمان
علی امین وعلی سرور وعلی سردار

(۳) —— علی امام ہیں، امن دیئے ہوئے، علی ایمان ہیں —— علی امین ہیں، علی سرور ہیں اور علی سردار ہیں۔

(۴)

علی علیم وعلی عالم وعلی اعلم
علی حکیم وعلی حاکم وعکی گفتار

(۴) —— علی صاحب علم ہیں، علی عالم ہیں، علی سب سے بڑھ کر علم والے ہیں —— علی حکیم ہیں، علی حاکم ہیں، علی گفتار وکلام ہیں۔

Marfat.com

(۵)

علی نصیر وعلی ناصر وعلی منصور
علی مظفر وغالب، علی سرو سردار

(۵)——علی مدد کرنے والے،علی معاون،علی فتح مند——علی فاتح،علی غالب،علی صاحب سردار ہیں——

(۶)

علی عزیز وعلی عزت وعلی افضل
علی لطیف وعلی انور وعلی انوار

(۶)——علی عزت والے،علی (اسلام) کی عزت ہیں،علی علیہ السلام افضل ہیں، علی پاکیزہ،علی نہایت نورانی،علی (صداقت کی) روشنی ہیں۔

(۷)

علی سلیم وعلی سالم وعلی مسلم
علی قسیم قصور وعلی ست قاسم نار

(۷)——علی سلیم وسالم،علی مسلم ہیں——علی جنت کے محلوں کو تقسیم کرنے والے ہیں اور علی دوزخ کو تقسیم کرنے والے ہیں۔

(۸)

علی صفی وعلی صافی وعلی صوفی
علی وفی وعلی صفدر وعلی سردار

(۸)——علی برگزیدہ ہیں،علی پاک وصاف،علی صوفی ہیں——علی جنگ کی صفیں

Marfat.com

چیرنے والے اور علی سردار ہیں۔

(۹)

علی نعیم وعلی ناعم علی منعم
علی بود اسد اللہ قاتل کفار

(۹) ـــــ علی نعمت ہیں، علی ناز ونعمت میں پلے ہوئے ہیں، علی نعمت دینے والے ہیں ـــــ علی شیرِ خدا ہیں اور کافروں کو قتل کرنے والے ہیں۔

(۱۰)

علی زبعد محمد زہرچہ ہست بہ ست
اگر تو مومن پاکی نظر دریغ مدار

(۱۰) ـــــ محمد کریم (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے بعد جو کچھ بھی ہے، علی سب سے بہتر ہے ـــــ اگر تو پاک مومن ہے تو اطاعت سے گریز نہ کر۔

(۱۱)

بحق دین محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ، نجونِ پاک حسین
بحق مردمِ نیک مہاجر وانصار

(۱۱) دین محمد کی قسم، اور حسین کے پاک خون کی قسم ـــــ مہاجر اور انصار (صحابہ رضی اللہ عنہ) نیک مردوں کی قسم۔

(۱۲)

کہ نیست دین ہدیٰ را بقولِ پاک رسول
امام غیر علی بعد احمد مختار

Marfat.com

(۱۲)——دین ہدایت (اسلام) کے لئے، حضور کے فرمان کے مطابق——احمد مختار (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) کے بعد کوئی امام نہیں۔

(۱۳)

حرام زادۂ بعد فعل وشوم وبے بنیاد
بر مدح شاہِ جہاں کے کجا کند اقرار

(۱۳)——حرامی، بدکار، بے اصل بدذات کب اور کہاں——جہان کے بادشاہ کی تعریف کا اقرار کرتا ہے؟

حدیث نمبر ۱۹۰

اگر میں چاہتا

جناب ابومریم فرماتے ہیں——کہ حضرت مولا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے فرماتے ہیں۔

كَانَ عَلَى الْكَعْبَةِ اَصْنَامٌ فَذَهَبْتُ لِاَحْمِلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلِّمْ اِلَيْهَا فَلَمْ اَسْتَطِعْ فَحَمَلَنِيْ فَجَعَلْتُ اَقْطَعُهَا وَلَوْ شِئْتُ لَنِلْتَ السَّمَآءِ .

کہ کعبہ (کی دیواروں) پر بت (نصب) تھے پس میں گیا (اور چاہا کہ) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کاندھوں پر اُٹھاؤں (تا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بتوں کو توڑیں) تو مجھ سے یہ کام نہ ہو سکا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے اپنے کاندھوں پر اُٹھایا تو میں نے بتوں کو توڑنا شروع کر دیا، اور اس وقت میں اپنے آپ کو اتنا بلند دیکھ رہا ہے کہ اگر میں چاہتا تو آسمان کو

Marfat.com

چھولیتا۔ (مسند امام احمد بن حنبل ج ۱ ص ۵۱ مطبوعہ دار صادر بیروت)

حدیث نمبر ۱۹۱

دو شخصوں کا انتخاب

سیّدۃ نساء العٰلمین، فاطمۃ الزہراء، بتول عذرا سلام اللہ علیہا نے بارگاہِ رسالت میں عرض کیا ـــــ یارسول اللہ! صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی بن ابی طالب سے میری شادی کی جو صاحب فقر ہیں ـــــ سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جواباً ارشاد فرمایا:

یَا فَاطِمَۃُ اَمَا تَرْضِیْنَ اِنَّ اللّٰہَ عَزَّوَجَلَّ اَطْلَعَ اِلٰی اَھْلِ فَاخْتَارَ رَجُلَیْنِ اَحَدُھُمَا اَبُوْكِ وَالْاٰخَرُ بَعْلُكَ

اے فاطمہ رضی اللہ عنہ! تم اس پر راضی نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اہلِ زمین پر نظر ڈالی تو تمام لوگوں میں سے دو شخصوں کا انتخاب فرمایا ـــــ ایک تمہارا باپ ہے ـــــ اور ایک تمہارا شوہر ہے۔

(المستدرک علی الصحیحین فی الحدیث (امام حاکم) ج ۳ ص ۱۲۹ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت)

حدیث نمبر ۱۹۲

اُمّ المومنین نے فرمایا

حضرت اُمّ المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ سلام اللہ علیہا فرماتی ہیں کہ میں نے اپنے والد گرامی ـــــ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیکھا ـــــ کہ آپ اکثر حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے چہرۂ انور کی طرف (بڑے انہماک ومحویت کے ساتھ) دیکھا کرتے تھے ـــــ فرماتی ہیں میں نے عرض کیا ـــــ

Marfat.com

يَا اَبَتِ رَاَيْتُكَ تَكْثُرُ النَّظْرَ اِلٰى وَجْهِ عَلِيٍّ

اے ابا جان! میں نے آپ کو دیکھا ہے کہ آپ اکثر علی کے چہرے کی طرف دیکھتے ہو۔

تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا —— کہ میں نے رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کو فرماتے ہوئے سنا ہے۔

اَلنَّظْرُ اِلٰى وَجْهِ عَلِيٍّ عِبَادَةٌ

کہ جناب علی کے چہرے کی طرف دیکھنا عبادت ہے۔ (ذخائر العقبیٰ ص ۹۵)

حدیث نمبر ۱۹۳

سب لوگوں سے زیادہ محبوب

حضرت معاذہ غفاریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں، کہ مجھے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بے حد اُنس اور بے پناہ عقیدت تھی —— اور میں سرکار کے ساتھ سفر میں بھی جایا کرتی تھی —— مریضوں کی تیمارداری —— اور زخمیوں کی مرہم پٹی کرتی تھی —— فرماتی ہیں —— میں ایک دن جناب اُمّ المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہ کے در دولت پر حاضر ہوئی —— اور اس وقت حضرت علی ان کے گھر سے نکل رہے تھے —— تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا۔

يَا عَائِشَةُ اِنَّ هٰذَا اَحَبُّ الرِّجَالِ اِلَيَّ وَاَكْرَمُهُمْ عَلَيَّ فَاعْرِفِيْ حَقَّهٗ وَاَكْرِمِيْ مَثْوَاهُ

اے عائشہ! بے شک یہ شخص (علی کریم) مجھے سب لوگوں سے زیادہ محبوب ہے اور میرے نزدیک معزز ترین ہے —— پس تم اس کے لئے اس کا حق

Marfat.com

پہچانو! اور اسے اس کی عزت دو۔

حضرت معاذہ فرماتی ہیں ـــــ کہ حضرت علی اور جنابِ عائشہ کے درمیان بصرہ میں جو واقعہ پیش آیا (یعنی جنگ جمل) ـــــ اور پھر جناب عائشہ صدیقہ، مدینہ منورہ واپس تشریف لائیں ـــــ تو میں ان کی خدمت میں حاضر ہوئی، اور عرض کیا ـــــ اے امّ المومنین رضی اللہ عنہا! آپ کے دل کی کیفیت کیا ہے؟ ـــــ اس امر کے بعد، کہ رسول اللہ کی زبانِ اقدس سے آپ کو فرماتے ہوئے سنا۔

''اے عائشہ! بے شک علی مجھے سب لوگوں سے زیادہ پیارا ہے۔''

حضرت عائشہ صدیقہ اُمّ المومنین نے فرمایا ـــــ اے معاذہ! ـــــ ایسے شخص کے بارے میں، میرے دل کی کیفیت کیسے بدل سکتی ہے (یعنی ایسے شخص سے میں کیسے ناراض ہو سکتی ہوں ـــــ یا میں دل میں کیسے کدورت رکھ سکتی ہوں؟) ـــــ کہ جب وہ شخصیت میرے ابا جان کی موجودگی میں میرے گھر میں آتی ـــــ تو میرے ابا جان، ان کی طرف دیکھتے دیکھتے نہ تھکتے ـــــ نہ اکتاتے تھے ـــــ میں نے اپنے ابا جان سے دریافت کیا ـــــ اے ابا جان! ـــــ آپ علی کی طرف دیکھتے رہتے ہیں، تو میرے والد گرامی (حضرت ابوبکر صدیق) نے فرمایا۔

يَا بُنَيَّةُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ (وَآلِهٖ) وَسَلَّمَ يَقُوْلُ النَّظْرُ اِلٰى وَجْهِ عَلِيٍّ عِبَادَةٌ ۔

اے میری بیٹی! میں نے رسول اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا ہے کہ علی کے چہرے کی طرف دیکھنا عبادت ہے۔ (الریاض النضرۃ ج ۲ ص ۱۹۷)

Marfat.com

حدیث نمبر ۱۹۴

عمران بن حصین

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے

فرماتے ہیں کہ رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے فرمایا:

عُدْ عِمْرَانَ الْحُصَیْنَ فَاِنَّهٗ مَرِیْضٌ

کہ عمران بن حصین بیمار ہیں۔ ان کی بیمار پرسی کرو۔

اور جب حضرت علی ان کے پاس تشریف لے گئے —— تو وہاں حضرت معاذ اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما بھی موجود تھے اور حضرت عمران بن حصین، جناب مولا علی کی طرف نظر جما کر دیکھتے رہے —— اور ساتھ ہی فرمایا —— کہ میں نے رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے۔

اَلنَّظْرُ اِلٰی عَلِیٍّ عِبَادَةٌ

کہ علی کی طرف دیکھنا عبادت ہے۔

حضرت عمران کی یہ بات سن کر وہاں موجود حضرتِ معاذ اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا —— کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ کو یہ فرماتے ہوئے ہم نے بھی سنا ہے۔ (الریاض النظرہ ج ۲ ص ۱۹۷)

حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہ حدیثِ مبارکہ

"علی علیہ السلام کے چہرے کی طرف دیکھنا عبادت ہے" —— پچھلے صفحات میں مستدرک حاکم اور دیگر کتب احادیث کے حوالے سے بیان ہو چکی ہے اور یہاں پر اس ارشاد عالی کے ضمن میں آنے والے واقعات کو اس لئے بیان کیا ہے —— تا کہ اہلِ اسلام

Marfat.com

پر یہ امر واضح ہو جائے ـــــ اور اس کے پسِ منظر کو سامنے رکھتے ہوئے قارئین پر یہ حقیقت واضح ہو جائے ـــــ کہ رسولِ مکرم کے نزدیک علی المرتضٰی کا مقام و مرتبہ کس قدر بلند و بالا ہے۔

اور دوسری وجہ یہ ہے کہ اس دور کے خارجیوں اور ناصبیوں کی بے ہودہ تحریریں اور بے ڈھنگی تقریریں سادہ مزاج مسلمانوں کے دلوں کو پراگندہ اور ذہنوں کو منتشر نہ کر سکیں ـــــ اور یہ بھی ضروری ہے کہ آج کے ان منکرین شانِ علی علیہ السلام سے اپنے دامن کو بچایا جا سکے۔

حدیث نمبر ۱۹۵

مشتاقانِ علی علیہ السلام

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں، کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

مَرَرْتُ بِسَمَاءٍ اِلَّا یَشْتَاقُوْنَ اِلٰی عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ ـــــ وَمَا فِی الْجَنَّةِ نَبِیٌّ اِلَّا وَهُوَ یَشْتَاقُ اِلٰی عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ

میں ''شب معراج'' جس آسمان سے بھی گزرا وہاں کے رہنے والے اور جنت میں کوئی بھی نبی علیہ السلام ایسا نہیں جو علی بن ابی طالب کا مشتاق نہ ہو۔ (الریاض النضرۃ ج ۲ ص ۱۹۸)

اس سے معلوم ہوا کہ آسمانوں کی تمام مخلوق اور جنت میں تمام انبیاء و مرسلین علیہم السلام، علی المرتضٰی کو چاہنے والے ہیں ـــــ اور آپ سے بے پناہ محبت کرنے والے ہیں ـــــ بغضِ علی صرف منافقوں کے سینوں میں شعلہ بار رہتا ہے ـــــ اور ہمیشہ رہے گا

Marfat.com

—— اور جہاں حب علی کا نور جلوہ گر ہو، وہاں صرف محبت کے ہی چشمے پھوٹتے ہیں ——

مولا علی کا علمی مقام

علم ہے سروری، علم ہے روشنی، علم والوں سے ہے بزم عالم سجی
پر ہو منبر پہ جس نے سلونی کہا کون مولا علی کے سوا اور ہے

خالق ارضین وسماوات جل جلالہ نے رسولِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جو علم عطا فرمایا —— قرآنِ مجید اس پر گواہ ہے —— مفسرین کرام نے اس علم کو، علم ما کان وما یکون سے تعبیر کیا ہے —— اور جملہ انبیاء ومرسلین —— اور تمام جن وانس اور ملائکہ کے تمام علوم مل کر بھی سیّد عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے علم کے سامنے ایسے ہیں —— جیسے سمندر کے سامنے ایک قطرہ، —— آیئے دیکھتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے —— علم علی کی نسبت کیا ارشاد فرمایا ہے۔

حدیث نمبر ۱۹۶

باب العلم

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَنَا مَدِیْنَۃُ الْعِلْمَ وَعَلِیٌّ بَابُھَا فَمَنْ اَرَادَ الْمَدِیْنَۃَ فَلْیَاْتِ الْبَابَ

میں علم کا شہر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے پس جو شہر میں داخل ہونے کا ارادہ رکھتا ہو اسے چاہئے کہ وہ دروازے کے راستے سے آئے۔

(مستدرک حاکم جلد ۳ ص ۱۲۶)

Marfat.com

حدیثِ نمبر ۱۹۷

دروازے کے راستے سے آؤ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے —— فرماتے ہیں کہ میں نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا

اَنَا مَدِیْنَۃُ الْعِلْمَ وَعَلِیٌّ بَابُھَا فَمَنْ اَرَادَ الْعِلْمَ فَلْیَاْتِ الْبَابَ

میں علم کا شہر ہوں علی اس کا دروازہ ہے۔ پس جو علم حاصل کرنے کا ارادہ رکھتا ہو اس کو چاہئے کہ وہ دروازے کے راستے سے علم حاصل کرنے آئے۔

(مستدرک حاکم ج ۳ ص ۱۲۷)

خیال رہے کہ قرآنِ مجید کا حکم بھی یہی ہے —— وَأْتُوا الْبُیُوْتَ مِنْ اَبْوَابِھَا —— (کہ گھروں میں دروازوں سے داخل ہوں) —— اور مندرجہ بالا حدیث سے امر روزِ روشن کی طرح واضح ہو گیا —— کہ رسول اللہ نے اپنی ذاتِ مقدسہ کو علم کا شہر اور علی کریم کو اس کا دروازہ فرمایا ہے —— جس سے یہ حقیقت نکھر کر سامنے آ گئی کہ علی المرتضیٰ کے وسیلہ کے بغیر علومِ رسول سے بہرہ یاب ہونا ممکن ہے —— اس لئے کہ شہر یا مکان میں داخل ہونے کا راستہ اس کا دروازہ ہوا کرتا ہے —— مکان یا شہر سے جو چیز بھی حاصل کرنی ہو —— اس کے دروازے کا محتاج ہونا ایک لازمی امر ہے —— حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حصولِ علم کو مولا مرتضیٰ کی ذات پر موقوف کیا۔

لہٰذا علی مرتضیٰ سے قطع تعلق کرنے والا —— اور قلبی طور پر دور رہنے والا انسان علم و حکمت —— اور دینِ اسلام کی معرفت سے ہمیشہ کے لئے بے بہرہ رہے گا —— اہلِ حقیقت کے نزدیک ظاہری نقوش —— اور لسانیات پر عبور حاصل کرنے کا نام علم نہیں

Marfat.com

—— بلکہ اشیاء کی حقیقتوں تک رسائی اور پہچان کا نام علم وحکمت اور دانائی ہے —— قرآن مجید کا ارشاد ہے۔

وَمَنْ يُّؤْتِ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا

اور جسے عطا کی گئی دانائی تو اسے یقیناً بہت بھلائی عطا کی گئی۔

(سورۂ بقرہ آیت نمبر ۱۶۹)

یہاں حکمت ودانائی سے مراد وہ صحیح علم ہے —— جو اتنا پختہ اور طاقت ور ہو کہ وہ انسانی ارادوں کو حکماً عمل خیر کی طرف متوجہ کرے ——●

حدیث نمبر ۱۹۸

دارِ حکمت

حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَنَا دَارُ الْحِكْمَةِ وَعَلِيٌّ بَابُهَا

میں حکمت کا گھر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے۔

(الجامع الترمذی ص ۱۴۱۹ حدیث نمبر ۳۷۲۳ مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت لبنان)

حکمت کے معانی

حکمت —— عدل وانصاف —— فلسفہ ودانائی —— اور علم ودانش کا نام ہے۔

امام خازن (علاؤ الدین بغدادی) رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر میں حکمت کے معانی بیان کرتے ہوئے یوں رقم طراز ہیں:

هِيَ الْاَصَابَةُ فِي الْقَوْلِ وَالْعَمَلِ ——

Marfat.com

گفتار و کردار کی درستگی کو (حکمت) کہا جاتا ہے۔

فرماتے ہیں——

هِیَ الَّتِیْ تَرُدُّ عَنِ الْجَهْلِ وَالْخَطَاءِ الْحِکْمَةُ مَعْرِفَةُ الْاَشْیَاءِ بِحَقَائِقِهَا

جو جہالت اور خطا سے دور کرے (اس کو حکمت کہتے ہیں) چیزوں کی حقیقتوں کے جاننے کا نام حکمت ہے۔ (تفسیر خازن ج اوّل ص ۹۴)

حضرت امام محمود آلوسی بغدادی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ اپنی تفسیر رُوح المعانی میں حکمت کے معانی یوں بیان فرماتے ہیں۔

وَضْعُ الْاَشْیَاءِ مَوَاضِعَهَا —— مَا یُزِیْلُ مِنَ الْقُلُوْبِ وَهْجَ حُبِّ الدُّنْیَا

ہر چیز کو اپنے محل اور موقع پر رکھنا (حکمت کہلاتا ہے) جو چیز دُنیا کی آتش محبت کو دل سے نکال دے (اسے) حکمت کہا جاتا ہے۔
(تفسیر زوح المعانی ج اوّل ص ۳۸۷)

لفظ حکمت کی لغوی تحقیق کے بعد مندرجہ بالا حدیث (کہ میں حکمت کا گھر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے) پر غور کرنے سے جو چیز سامنے آتی ہے—— وہ یہ ہے—— کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی —— قولی —— فعلی —— اور تقریری —— سنن کی رُو سے قرآنِ حکیم کی جتنی تفسیر بیان کی ہے، اس تک رسائی حاصل کرنا ہو تو سیدنا مولا مرتضیٰ کا وسیلہ ضروری ہوگا —— اگر کوئی شخص قلبی اور ذہنی طور پر جنابِ علی سے اپنے آپ کو دُور رکھے گا —— تو پھر وہ فلسفہ و دانائی علم و حلم —— معرفت —— ذہنی فقاہت اور حقائق سے ہمیشہ کے لئے دُور رہے گا —— اور اُسے آتش حب دنیا جلا کر راکھ بنا دے گی —— بغض

Marfat.com

وعناد ـــــ اور جہالت کی دلدل میں دھنستا چلا جائے گا۔

مرے چمن میں الٰہی! وہ انقلاب آئے
کہ پھول پھول سے خوشبوئے بو تراب آئے

حدیث نمبر ۱۹۹

علم کی زنبیل

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے

فرماتے ہیں ـــــ کہ رسولِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

عَلِیٌّ عَیْبَۃُ عِلْمِیْ

علی میرے علم کی زنبیل ہے۔

(الجامع الصغیر جلد ۲ ص ۱۷۷ حدیث نمبر ۵۹۹۳، مطبوعہ دار الفکر بیروت لبنان، سن اشاعت ۱۹۸۱ء)

زنبیل کسے کہتے ہیں

پرانے زمانے میں گداگر جب برائے بھیک جب پھیری پر نکلتے تو ان کے پاس کپڑے کا ایک تھیلا ہوتا تھا ـــــ جس کے اندر مختلف خانے بنے ہوئے ہوتے تھے ـــــ کسی میں آٹا ـــــ کسی میں گندم کے دانے ـــــ اور کسی میں کچھ، کسی میں کچھ ـــــ اور گدھے ـــــ خچر ـــــ یا ٹٹو پر باندھنے والی خرجی کو زنبیل کہا جاتا ہے جس میں مختلف اقسام کا سامان رکھ کر لے جایا جاتا تھا ـــــ اور آج کل مختلف چمڑے وغیرہ کے بیگ جس میں کافی خانے ہوتے ہیں اس کو بھی زنبیل کا نام دیا جا سکتا ہے ـــــ اس لئے بندہ نے ـــــ عَیْبَہٗ ـــــ کا معنی زنبیل کیا ہے۔

Marfat.com

عیبہ کسے کہتے ہیں؟

عَیْبَہٗ ـــــ جمع ـــــ عِیَابٌ ـــــ عَیْبٌ ـــــ

(۱)

وِعَاءٍ ادم یَکُوْنُ فِیْھَا الْمَتَاعُ

چمڑے کا وہ تھیلا جس میں سامان ہوتا ہے اسے عیبہ کہتے ہیں۔

(۲)

زَنْبِیْلٌ مَنْ اٰدَمٍ یَنْقَلُ فِیْہِ الزَّرْعُ الْمَحْصُوْدُ اِلَی الْبَحْرَیْنِ

چمڑے کا وہ بڑا بورا جس میں کاٹی ہوئی کھیتی کھلواڑے کی طرف منتقل کی جائے۔ (اسے عیبہ کہتے ہیں)

(۳)

اہلِ ہمدان کی لغت میں عیبہ اسے کہا جاتا ہے۔

مَا یُجْعَلُ فِیْہِ الثِّیَابُ

جس میں کپڑے رکھے جاتے ہیں۔

(۴)

حدیث کی رُو سے صلح حدیبیہ صلح حدیبیہ کی دستاویز کو بھی عیبہ کہا گیا ہے۔

(۵)

وَالْعَرَبُ تَکْنِیْ عَنِ الصُّدُوْرِ وَالْقُلُوْبِ الَّتِیْ تَحْتَوِیْ عَلَی الضَّمَائِرِ الْمَخْفَاۃِ بِالْعِیَابِ

اہلِ عرب ان دلوں اور سینوں کو بھی عیاب (عیبہ کی جمع) کے ساتھ تعبیر

Marfat.com

کرتے جو پوشیدہ تصورات اور خیالات پر حاوی ہوتے ہیں۔ (یعنی راز کو راز رکھنے کی صورت رکھتے ہوں)

(لسان العرب)

(۶)

عیبہ: ـــــ عیبہ اہل کو بھی کہا جاتا ہے ـــــ جیسا کہ اُم المومنین عائشہ صدیقہ سلام اللہ علیہا سے ثابت ہے ـــــ وہ اس طرح کہ ـــــ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسی وجہ سے اپنی ازواج مطہرات سے ناراض ہو کر علیحدگی اختیار فرمائی ـــــ تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی بیٹی ـــــ جناب حفصہ ـــــ ام المومنین ـــــ اور حضرت عائشہ صدیقہ اُمّ المومنین کو اس بات پر ملامت فرمائی تو حضرت عائشہ صدیقہ سلام اللہ علیہا نے جناب عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا:

يَا ابْنُ الْخَطَّابِ عَلَيْكَ بِعَيْبَتِكَ

اے خطاب کے بیٹے! اپنے اہل کو لازم پکڑو (یعنی اس قسم کی جھڑکیاں اپنی بیٹی حفصہ رضی اللہ عنہا کو دو)

(لسان العرب ابن منظور)

(۷)

عیبہ ـــــ برتن ـــــ خزانہ ـــــ کان (سرچشمہ) ـــــ چمڑے کا وہ صندوق جس میں کپڑے ـــــ اور اپنا خاص قیمتی سامان رکھا جاتا ہے ـــــ عیبہ کا لفظ ـــــ اسرار و رموز کے معنوں میں بھی استعمال ہوتا ہے ـــــ درج کی گئی لغوی تحقیق کی روشنی میں بھی ـــــ

Marfat.com

اس حدیث ـــ عَلِیٌّ عَیْبَۃُ عِلْمِیْ (علی میرے علم کا برتن ہے) پر غور کرنے سے جو چیز معلوم ہوئی وہ یہ ہے ـــ کہ علی المرتضٰی ـــ حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علم کا بہت بڑا خزانہ ہے ـــ جس طرح زنبیل کے مختلف خانوں میں مختلف اشیاء ہوتی ہیں ـــ اسی طرح علی کریم کے سینے میں مختلف قسم کے علوم موجود ہیں ـــ ہر ہر شخص ـــ ہر ہر زمانے میں ـــ جس جس علم کا طالب ہوگا، اسے علی کریم کی چوکھٹ پر آنا پڑے گا ـــ اور یہ بات بھی اعتقادی مزاج کے خلاف ہے ـــ کہ علی کریم کے دُشمن کو عالم کہا جائے ـــ اور ایسا کہنا علم نبوت کی توہین تصور کیا جائے گا۔

حدیث نمبر ۲۰۰

رازدان

امام مناوی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کی کنوز الحقائق میں حدیث موجود ہے ـــ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔

صَاحِبُ سِرِّیْ عَلِیّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ

علی میرے رازوں والا ہے (یعنی میرے رازوں کا امین ہے)

(کنوز الحقائق علی ہامش الجامع الصغیر ج ۲ ص ۱۵۱)

سر کا معنی

ـــ اَلسِّرُّ ـــ مِنَ الْاَسْرَارِ الَّتِیْ تَکْتَمُ

یعنی سر، اسرار سے ہے ـــ جو چھپایا جائے

وَ سِرٌّ ـــ مَا اَخْفَیْتَ وَاَسْرَرْتُہٗ اَعْلَنْتُہٗ ، وَمِنَ الْاَظْھَارِ ـــ

Marfat.com

قَوْلُهٗ تَعَالٰی ـــــ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ـــــ اَیْ اَظْهَرُوْهَا

اور سر ـــــ جو تو چھپائے ـــــ میں نے اس کا اعلان کیا ـــــ اور سر ـــــ اظہار سے بھی ہے ـــــ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ـــــ چپکے چپکے پشیمان ہوئے، جب خدا کا عذاب دیکھا ـــــ یعنی ـــــ ظاہر کیا اس ندامت کو۔

(لسان العرب)

سرکار سیّد عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ـــــ اللہ تعالیٰ کے ظاہری اور باطنی اوصاف وکمالات کی کامل معلومات رکھتے ہیں ـــــ اور ان اسرار کی وجوہات سے بھی واقف ہیں ـــــ کہ کن علوم کو ظاہر کرنا ـــــ اور کون سے علوم کو پوشیدہ رکھنا ضروری ہے ـــــ یہی وہ باطنی علوم ورموز اور امور ہیں ـــــ جن کی بنا پر سرکار علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت علی المرتضیٰ کو ـــــ صاحب سری ـــــ فرمایا ہے۔

علم باطن

علوم کی اقسام میں سے ایک قسم ـــــ علم باطن ہے، جس کو اہلِ تصوف، طریقت وحقیقت ـــــ اور معرفت کے ناموں سے تعبیر کرتے ہیں ـــــ اور اس علم کی طرف اشارہ فرماتے ہوئے ـــــ سیّد عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا جس کے راوی مولا علی ہیں۔

عِلْمُ الْبَاطِنِ سِرٌّ مِّنْ اَسْرَارِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ وَحُكْمٌ مِّنْ حُكْمِ اللّٰهِ يَقْذِفُهٗ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ

Marfat.com

باطنی علم اللہ تعالیٰ کے رازوں میں سے ایک راز ہے، اور اللہ تعالیٰ کے احکام میں سے ایک حکم ہے —— وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے —— اسے (یہ علم) القا فرماتا ہے۔

(الجامع الصغیر ج ۲ ص ۱۶۰ مطبوعہ دار الفکر بیروت لبنان، سن اشاعت ۱۹۸۱ء)

لیکن یہ امر بھی حقیقت پر مبنی ہے کہ باطنی علوم کا حصول بغیر وسیلہ رسول کے ناممکن ہے —— کیونکہ پیغمبر منشائے خداوندی کا ترجمان اور خالق و مخلوق کے درمیان ایک مضبوط وسیلہ ہوتا ہے جس کو بغیر خدا تک رسائی محال ہے۔

ہیں نظر لیتے سبھی منظور و ناظر آپ سے
نصرتیں پاتا ہے، ہر منصور و ناصر آپ سے
ربّ عالم سے کسی نے مانگنا ہو تو اسے
رابطہ کرنا ہی پڑتا ہے بالآخر آپ سے

خضر

مسلمانوں پر کفر و شرک اور بدعت کے صادر فرمانے والے آتش مزاج لوگ، اس امر پر غور فرمائیں —— کہ وہ اہلِ اسلام کو اپنے نبی سے لاتعلق کر کر کس نظریہ کی حمایت کر رہے ہیں —— اس قسم کے نظریات تو صرف اس ناری کے ہیں —— جس نے حضرت آدم علیہ السلام کی طرف رُخ کر کے اللہ تعالیٰ کو سجدہ کرنے سے اِنکار کر دیا تھا۔

حدیث نمبر ۲۰۱

علم کے ہزار دروازے

امام فخر الدین رازی رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی تفسیر میں —— سورۂ آلِ عمران کی آیت

Marfat.com

نمبر۳۳ —— کے تحت مولا علی کی ایک حدیث نقل فرمائی ہے —— کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں ——

عَلَّمَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْفَ بَابٍ مِنَ الْعِلْمِ وَاسْتَنْبَطْتُّ مِنْ بَابٍ اَلْفَ بَابٍ

کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے علم کے ہزار باب تعلیم فرمائے —— اور میں نے ہر باب سے ہزار باب استنباط کیے۔

جب معلم نبی رحمت ہوں —— اور متعلم مولا علی مرتضیٰ ہوں، تو پھر ان کی علمی حدود کا تعین کرنا مشکل ہو جاتا ہے —— یہ اسی تعلیم کا اعجاز تھا کہ حضرت علی نے اعلانیہ ارشاد فرمایا —— وہ بقول ابوالبختری اس طرح ہے ——

حدیث نمبر۲۰۲

سلونی

جناب ابوالبختری فرماتے ہیں —— کہ حضرتِ علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کوفہ کے منبر پر تشریف فرما ہوئے —— اس حال میں کہ آپ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زرہ پہنے ہوئے تھے —— اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تلوار حمائل کیے ہوئے تھے اور سر پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی کا عمامہ باندھے ہوئے تھے —— اور انگلی مبارک میں آقا علیہ السلام کی انگوٹھی پہنے ہوئے تھے —— اور آپ کرم اللہ وجہہ نے بطن سے زرہ کو ہٹایا اور فرمایا۔

سَلُوْنِیْ قَبْلَ اَنْ تَفْقِدُوْنِیْ —— فَاِنَّمَا بَیْنَ الْجَوَانِحِ مِنِّیْ عِلْمٌ جَمٌّ ھٰذَا سَفْطُ الْعِلْمِ —— ھٰذَا لُعَابُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ

Marfat.com

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ـــــ ھٰذَا مَا زَقَّنِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ (وَآلِہٖ) وَسَلَّمَ زَقًّا

کہ مجھ سے پوچھو! اس سے پہلے کہ مجھے گم پاؤ۔ بے شک میرے پہلوؤں کے درمیان (یعنی سینے میں) بہت زیادہ علم ہے ـــــ یہ علم کا ظرف ہے ـــــ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا لعاب مبارک جو آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے میرے منہ میں ڈالا ـــــ

(المناقب للخوارزمی (موفق بن احمد بن محمد مکی حنفی خوارزمی ص ۹۱، مطبوعہ مؤسسۃ النشر الاسلامی قم ایران)

زقا کا معنی

زَقَّ ـــــ زَقًّا ـــــ فَرَخَہٗ ـــــ اَطْعَمَہٗ ـــــ بِمِنْقَارِہٖ ـــــ اس کا معنی بنتا ہے ـــــ چونچ سے چوزے کو چوگا دینا ـــــ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دیکھا ہوگا ـــــ کہ پرندے اپنے بچوں کو اپنی چونچ سے چوگا دیتے ہیں ـــــ پرندے دُور دراز سے دانہ دُنکا اپنی چونچ میں لا کر اسے نرم کر کے پرورش کے لئے اپنی چونچ کے ذریعے اپنے بچوں کے پیٹ میں اتارتے ہیں۔

اس طرح مولا علی نے ـــــ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا لعاب دہن چوسا ـــــ یعنی سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے، علی المرتضٰی کے اندر اس طرح علم منتقل فرمایا، جیسے چوزے کو چونچ سے چوگا دیا جاتا ہے ـــــ اور یہ سرکار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے لعابِ دہن کی برکت تھی ـــــ جس سے آپ علم کی بے پناہ دولت سے مالا مال ہو گئے ـــــ اور یہی وجہ ہے کہ آپ نے برسر منبر اعلان فرمایا ـــــ کہ مجھ سے جو چاہو پوچھو! میں تمہیں ہر سوال کا جواب دوں گا۔

Marfat.com

حدیث نمبر ۲۰۱۳

سلونی عن کتاب اللہ

حضرت ابو طفیل سے روایت ہے، فرماتے ہیں —— کہ مرتضیٰ مولا علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا۔

سَلُّوْنِیْ عَنْ کِتَابِ اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ وَاِنَّہٗ لَیْسَ مِنْ اٰیَۃٍ اِلَّا وَقَدْ عَرَفْتُ اَبِلَیْلٍ اُنْزِلَتْ اَمْ بِنَھَارٍ اَمْ فِیْ سَھْلٍ اَمْ فِیْ جَبَلٍ ——

مجھ سے اللہ تعالیٰ کی کتاب کے بارے میں پوچھو!! بے شک یہ حقیقت ہے

—— کہ قرآن مجید کی کوئی ایک آیت بھی ایسی نہیں جس کو میں نہیں جانتا

—— کہ وہ رات کے وقت نازل ہوئی یا دن کے وقت، میدان میں اتری یا

پہاڑ پر۔

(المناقب للخوارزمی (ابو المؤید) ص ۹۳ —— مطبوعہ قم ایران الصواعق المحرقہ ص ۱۲۹ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ ۔ تذکرۃ الخواص ص ۸۳ مطبوعہ دار الکتب المصریہ)

حدیث نمبر ۲۰۱۴

سوائے علی کے ——

جناب سعید بن مسیب سے روایت ہے —— فرماتے ہیں

مَا کَانَ فِیْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ، اَحَدٌ یَقُوْلُ: —— سَلُوْنِیْ غَیْرَ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ

کہ اصحاب رسول میں سے کوئی ایک بھی ایسا نہیں تھا جو یہ کہتا ہو کہ مجھ سے پوچھو، سوائے علی ابن ابی طالب کے۔ (المناقب للخوارزمی ص ۵۰/۵۱)

Marfat.com

حدیث نمبر ۲۰۵

سوائے علی کے ——

''صواعق محرقہ'' میں علامہ ابن حجر مکی نے —— اس روایت کو ان الفاظ کے ساتھ نقل فرمایا ہے —— کہ حضرت سعید بن مسیّب سے روایت ہے —— فرماتے ہیں —— کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔

لَمْ یَکُنْ اَحَدٌ مِّنَ الصَّحَابَةِ یَقُوْلُ سَلُوْنِیْ اِلَّا عَلِیًّا

کہ صحابہ میں سے کوئی ایک بھی ایسا نہ تھا جو یہ کہتا ہو —— ''کہ مجھ سے پوچھو! ہاں، یہ فقط علی کہا کرتے تھے —— کہ مجھ سے پوچھو! ——''

(الصواعق المحرقہ ص ۱۹۶)

حدیث نمبر ۲۰۶

ایضاً

''ذخائر عقبیٰ'' میں علامہ محبّ الدین احمد طبری یوں رقم طراز ہیں —— کہ جناب سعید بن مسیّب سے روایت ہے —— فرماتے ہیں ——

لَمْ یَکُنْ اَحَدٌ مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: سَلُوْنِیْ اِلَّا عَلِیًّا ——

کہ اصحابِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں سے کسی نے بھی دعوائے —— ''سلونی'' —— نہیں کیا سوائے علی کے۔ (ذخائر العقبیٰ ص ۸۳)

Marfat.com

حدیث نمبر ۲۰۷

ایضاً ـــــ تمام لوگوں سے

شیخ العلماء علامہ ابن اثیر (ابوالحسن بن ابی کرم محمد بن محمد بن عبدالکریم بن عبدالواحد شیبانی) رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے حضرت سعید بن مسیّب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس طرح روایت کیا ہے ـــــ لکھتے ہیں:

مَا كَانَ اَحَدٌ مِّنَ النَّاسِ، يَقُوْلُ: ـــــ سَلُوْنِىْ غَيْرَ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ ـــــ

سوائے علی کے کسی نے بھی سلونی (یعنی جو کچھ پوچھنا چاہو مجھ سے پوچھ لو!) کا دعویٰ نہیں کیا۔

(اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ ج ۴ ص ۲۲ مطبوعہ دارِ احیاء التراث العربی بیروت، لبنان (ابن اثیر متوفی ۶۳۰ھ)

خدا تعالیٰ نے اپنے حبیب کو وہ تمام علوم عطا فرمائے جو نبوت و رسالت اور مقامِ محبوبیت کے لئے ضروری ہوتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ اہلِ ایمان آپ کو ـــــ عالم ما کان و ما یکون ـــــ کہتے ـــــ اور حضور نے وہ تمام علوم مولا علی کو سکھا دیئے جو ولایت و امامت اور خلافت کے لئے ضروری ہوتے ہیں ـــــ اسی لئے آپ فرمایا کرتے تھے ـــــ سلونی ـــــ جو چاہو مجھ سے پوچھ لو!

حدیث نمبر ۲۰۸

جامع القرآن

جنابِ علی بن ریاح رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔ فرماتے ہیں۔

Marfat.com

جَمَعَ الْقُرْاٰنَ عَلٰی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَلِيِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ وَاُبَیُّ بْنِ كَعْبٍ

کہ قرآن کو عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں علی ابن ابی طالب اور اُبی بن کعب نے جمع کیا۔ (مناقب خوارزمی ص ۹۳/۹۴ مطبوعہ قم، ایران)

حدیث نمبر ۲۰۹

پیٹھ پر چادر نہ رکھوں گا ——

جنابِ عبد خیر سے مروی ہے —— حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا —— کہ ——

لَمَّا قُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْسَمْتُ اَوْ حَلَفْتُ اَنْ لَّا اَضَعَ رِدَائِیْ عَلٰی ظَهْرِیْ حَتّٰی اَجْمَعَ مَا بَيْنَ اللَّوْحَيْنِ فَمَا وَضَعْتُ رِدَائِیْ عَلٰی ظَهْرِیْ حَتّٰی جَمَعْتُ الْقُرْاٰنَ

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے، وصال فرمایا، تو میں نے قسم اٹھائی کہ میں اپنی پیٹھ پر چادر نہ رکھوں گا —— یہاں تک کہ جو کچھ لوحین (دو تختیوں کے درمیان ہے، اسے جمع نہ کرلوں) —— پس میں نے اپنی پیٹھ پر چادر نہ رکھی —— یہاں تک کہ میں نے قرآن مجید جمع کرلیا۔

(مناقب خوارزمی ص ۹۴)

حدیث نمبر ۲۱۰

علم کے چھ حصے

حضرت سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے —— فرماتے

Marfat.com

ہیں ـــــ کہ ـــــ

اَلْعِلْمُ سِتَّةُ اَسْدَاسٍ فَعَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ مِنْ خَمْسَةِ اَسْدَاسٍ وَّلِلنَّاسِ سُدَسٌ وَاحِدٌ وَّلَقَدْ شَارَكَنَا فِیْ سُدُسِنَا حَتّٰی هُوَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنَّا

علم کے چھ حصے ہیں ـــــ پانچ علی کے لئے ہیں، اور ایک دیگر تمام لوگوں کے لئے ہے اور بے شک وہ ہمارے (ایک حصہ) میں بھی شریک رہے ـــــ یہاں تک کہ وہ اس (حصہ کو) بھی ہم سے بہتر جانتے ہیں۔

(المناقب للخوارزمی ص ۹۳)

حدیث نمبر ۲۱۱

حکمت کے دس حصے

حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں ـــــ کہ میں سرکار علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہ میں حاضر تھا ـــــ کہ حضرت علی سے متعلق سوال کیا گیا ـــــ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ـــــ کہ ـــــ

قُسِمَتِ الْحِكْمَةُ عَشَرَةَ اَجْزَاءٍ فَاُعْطِیَ عَلِیٌّ تِسْعَةَ اَجْزَاءٍ وَالنَّاسُ جُزْأً وَّاحِدًا وَّعَلِیٌّ اَعْلَمُ بِالْوَاحِدِ مِنْهُمْ

حکمت کو دس حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے حضرت علی کو مکمل نو حصے عطا ہوئے اور اس ایک حصے کے بھی علی دوسرے لوگوں کی بہ نسبت زیادہ عالم ہیں۔

(۱) حلیۃ الاولیاء (امام ابونعیم اصفہانی ج اول ص ۶۵ مطبوعہ دارالکتاب العربیہ بیروت، لبنان

(۲) منتخب کنز العمال علی ہامش مسند امام احمد بن حنبل ج ۵ ص ۳۳ مطبوعہ دار صادر بیروت، لبنان

Marfat.com

حدیث نمبر ۲۱۲

میرے بعد سب سے زیادہ عالم

حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، فرماتے ہیں —— کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَعْلَمُ اُمَّتِیْ مِنْ بَعْدِیْ عَلِیّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ

میری اُمت میں میرے بعد سب سے زیادہ عالم علی بن ابی طالب ہیں۔

(منتخب کنز العمال ج ۵ ص ۳۳)

حدیث نمبر ۲۱۳

علم —— علی کی خوراک ہے

حضرتِ مولا علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے

فرماتے ہیں —— کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں عرض کیا —— یارسول اللہ! —— مجھے کوئی وصیت فرمائیے —— آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

قُلْ رَبِّیَ اللّٰہُ ثُمَّ اسْتَقِمْ

کہو! میرا ربّ اللہ ہے اور پھر اس پر قائم رہو۔

حضرت علی فرماتے ہیں —— کہ میں نے یوں عرض کیا۔

اَللّٰہُ رَبِّیْ وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَاِلَیْہِ اُنِیْبُ

اللہ میرا ربّ ہے اور میری توفیق اللہ ہی کی طرف سے ہے —— میں نے

Marfat.com

اسی پر بھروسہ کیا ـــــ اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں۔

''یہ سن کر'' حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا.....

لِيَنْهِكَ الْعِلْمُ اَبَا الْحَسَنِ لَقَدْ شَرِبْتَ الْعِلْمَ شُرْبًا وَّنَهِلْتَهٗ نَهْلًا

اے ابوالحسن (علی) علم تو تمہاری خوراک ہے، اور تم نے علم کو خوب سیر ہو کر پیا اور اپنی پیاس دُور کی۔

(حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء ج اوّل ص ۶۵ مطبوعہ دار الکتاب العربیہ بیروت)

حدیث نمبر ۲۱۴

تمام قراءتوں کا قاری

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں:

اِنَّ الْقُرْاٰنَ اُنْزِلَ عَلٰى سَبْعَةِ اَحْرُفٍ مَا مِنْهَا حَرْفٌ اِلَّا لَهٗ ظَهْرٌ وَّبَطْنٌ وَّاِنَّ عَلِيًّا بْنَ اَبِىْ طَالِبٍ عِنْدَهٗ عِلْمُ الظَّاهِرِ وَالْبَاطِنِ

بے شک قرآنِ مجید سات قراءتوں میں اترا۔ ہر ایک قرأت کا ظاہر بھی ہے اور باطن بھی، اور بے شک علی ابن ابی طالب کے پاس اس کا ظاہر علم بھی ہے اور باطنی علم بھی ہے۔ (حلیۃ الاولیاء ج اول ص ۶۵)

یعنی ـــــ حضرت مولا مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ ـــــ قرآنِ پاک کے ہر حرف اور ہر قرأت کا ـــــ وہ عالم ہے، جو قرآن کے ہر حرف و قرأت کے ظاہر اور باطن سے پوری طرح واقف ہیں کیوں نہ ہوں ـــــ دنیا والو! ـــــ یہ علی وہ عظیم المرتبت ہستی ہیں ـــــ جو پیغمبر اسلام کے ظاہری اور باطنی علوم کے وارث بھی ہیں اور امین بھی ـــــ اور علم کے شہر کا صدر دروازہ بھی ہیں۔

Marfat.com

حدیث نمبر ۲۱۵

آسمانوں کی راہوں سے واقف

علامہ صفوری رحمۃ اللہ علیہ شافعی (متوفی ۹۰۰ھ) نے دنیائے احناف کے امام و مفسر امام نفسی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے لکھا ہے کہ حضرت مولا علی نے فرمایا۔

سَلُوْنِیْ عَنْ طُرُقِ السَّمٰوٰتِ فَاِنِّیْ اَعْلَمُ بِهَا مِنْ طُرُقِ الْاَرْضِ

مجھ سے آسمانوں کے راستوں سے زیادہ آسمانوں کی راہوں سے واقف ہوں ——

آپ یہ ارشاد فرما رہے تھے —— کہ اسی اثناء میں حضرت جبریل علیہ السلام ایک آدمی کی صورت میں حاضر ہوئے —— اور کہنے لگے۔

اِنْ کُنْتَ صَادِقًا، فَاَخْبِرْنِیْ اَیْنَ جِبْرِیْلُ

اگر آپ اس دعوے میں سچے ہیں، تو بتائیے کہ اس وقت جبریل کہاں ہے؟

—— فَنَظَرَ اِلَی السَّمَآءِ یَمِیْنًا وَّشِمَالًا —— ثُمَّ اِلَی الْاَرْضِ کَذٰلِكَ فَقَالَ مَا وَجَدْتُّهٗ فِی السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ وَلَعَلَّهٗ اَنْتَ

جنابِ علی نے اپنے آسمان کی طرف اور پھر زمین کی طرف دائیں، بائیں دیکھا —— اور فرمایا —— میں نے ''جبریل'' کو زمین اور آسمان میں نہیں پایا، یقیناً تم ہی ''جبریل'' ہو ——

(نزہۃ المجالس ج ۲ ص ۲۲۱ مطبوعہ مصطفیٰ البابی الحلبی مصر ——
نزہۃ المجالس ج ۲ ص ۳۰۰ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ)

Marfat.com

حدیث نمبر ۲۱۶

علم میں برتری

قُلْتُ لِعَطَاءٍ اَکَانَ فِیْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَحَدٌ اَعْلَمُ مِنْ عَلِیٍّ قَالَ لَا وَاللّٰہِ مَا اَعْلَمُہٗ

میں نے جناب عطا سے دریافت کیا، کہ اصحابِ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم، میں، علی سے بڑھ کر بھی کوئی علم والا ہے —— انہوں نے کہا نہیں نہیں، خدا کی قسم میں کسی کو نہیں جانتا جو علی سے بڑھ کر علم والا ہو ——

(اسد الغابہ ج ۴ ص ۲۲)

حضرتِ مولا مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کا علمی مقام ومرتبہ اس قدر بلند وبالا ہے —— کہ آسمانِ علم کے تمام ستارے —— اس ماہِ علم وحکمت سے، علم کا نور حاصل کر کے اپنی اپنی دُنیا میں چمک رہے ہیں۔

پھول ہیں سارے باغِ نبی کے حسیں
پر علی مولا مشکل کشا اور ہے
یوں تو اوروں کو بھی شجاعت ملی
شدتِ ضربِ شیرِ خدا اور ہے
علم ہے سروری، علم ہے روشنی
علم والوں سے بزمِ عالم سجی
پر ہو منبر پر جس نے سلونی کہا
کون؟ مولا علی کے سوا اور ہے

Marfat.com

آئے دنیا میں لاکھوں کروڑوں سخی
ہو رہی ہے جہاں میں سخاوت بڑی
راہِ خالق میں جس نے ہیں بیٹے دیئے
وہ علی شوکت "ہل اتی" اور ہے

حدیث نمبر ۲۱۷

فقہ کا شہر

حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَنَا مَدِیْنَۃُ الْفِقْہِ وَعَلِیٌّ بَابُھَا ۔

میں فقہ کا شہر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے۔

(تذکرۃ الخواص، ص ۵۲- (سبط حسن جوزی متوفی ۶۵۴ھ) مطبوعہ موسسۃ اہلِ بیت بیروت)

فقہ کے معانی

علمی مہارت —— فہم وفراست —— اصولِ دین کا تفصیلی علم —— واقفیت —— احکامِ شریعت کی مکمل معلومات وغیرہ کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

—— قارئین! —— ان تمام معنوں کو ذہن میں رکھ کر —— مندرجہ بالا حدیث شریف پر غور فرمائیں —— کہ علم شریعت ہو، یا علم طریقت —— اعتقادی مسائل ہوں —— یا اُصول دین کی تفصیلات ۔— ان تمام امور کے حصول کے لئے فقاہت کے دروازے پر آنا پڑے گا —— اور وہ دروازہ علی کریم کی ذات ہے —— جس کی چوکھٹ کے

Marfat.com

سامنے کھڑے ہو کر ـــــ فہم وفراست ـــــ علمی مہارت ـــــ ہر قسم کے علوم کی خیرات پانے کے لئے ـــــ صدائے بھیک بلند کرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں ـــــ

عارضِ شرع رسولِ پاک کا غازہ علی
علم وحکمت کے مدینے کا ہے دروازہ علی

حدیث نمبر ۲۱۸

علم کا گھر

حضرت مولا علی سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں ـــــ کہ رسولِ معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَنَا دَارُ الْعِلْمَ وَعَلِیٌّ بَابُهَا

میں علم کا گھر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے۔ (ذخائر العقبیٰ ص ۷۷ مطبوعہ دار الکتب المصریہ)

حدیث نمبر ۲۱۹

سنت کا سب سے بڑا عالم

حضرت اُمّ المومنین عائشہ سلام اللہ علیہا نے ''صحابہ کرام'' سے پوچھا کہ تمہیں عاشورہ کے دن روزہ رکھنے کا فتویٰ کس نے دیا ـــــ انہوں نے عرض کیا ـــــ علی نے ـــــ تو مائی صاحبہ سلام اللہ علیہا نے فرمایا۔

اَمَا اَنَّهٗ اَعْلَمُ النَّاسِ بِالسُّنَّةِ

ہاں بے شک وہ (علی) لوگوں میں سب سے بڑے سنت کے عالم ہیں۔

(ذخائر العقبیٰ ص ۷۸ مطبوعہ دار الکتب مصریہ)

Marfat.com

حدیث نمبر ۲۲۰

سب سے زیادہ صاحب علم

حضرت امام احمد بن حنبل کے صاحبزادے جناب عبداللہ فرماتے ہیں ـــــ کہ میرے والد گرامی (امام احمد بن حنبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کی کتاب میں آپ کے ہاتھ سے لکھی ہوئی یہ حدیث شریف اس طرح ہے ـــــ سیّد عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ـــــ اپنی بیٹی سیدہ عالم خاتونِ جنت سلام اللہ علیہا سے فرمایا۔

اَوْ مَا تَرْضِیْنَ اِنِّیْ زَوَّجْتُكِ اَكْرَمَهُمْ سَلْمًا وَّاَكْثَرَهُمْ عِلْمًا وَّاَعْظَمَهُمْ حِلْمًا ـــــ

کیا آپ اس بات پر راضی نہیں؟ کہ میں نے تمہارا نکاح اس شخصیت سے کیا ہے جو اہلِ اسلام میں سب سے زیادہ معزز ہے اور سب سے زیادہ علم والا ہے ـــــ اور ان سب سے زیادہ بردبار ہے۔ (ذخائر العقبیٰ ص ۷۸)

حدیث نمبر ۲۲۱

علی سے پوچھو

حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ سلام اللہ علیہا سے موزوں پر مسح کرنے کے بارے میں پوچھا گیا۔

قَالَتْ: اِئْتِ عَلِیًّا فَاسْاَلْهُ

آپ نے فرمایا علی کے پاس جاؤ اور ان سے یہ مسئلہ دریافت کرو!

(ذخائر العقبیٰ ص ۷۹)

Marfat.com

قارئین کرام! ـــــ علی کریم کے علم سے متعلق احادیث کے ایک خوبصورت آسمان پر ایک نظر نواز کہکشاں اپنی پوری تابانیوں کے ساتھ موجود ہے ـــــ جسے دیکھ کر ایمان کو تازگی اور دل میں مسرت کے پھول کھلتے ہیں ـــــ عقیدت کی دنیا آباد ہو جاتی ہے ـــــ مودّت ومحبت کے سمندر میں مستی بھرا تموج بپا ہوتا ہے ـــــ ارضِ اسلام میں انبساط کی باد بہاری مشامِ جان کو معطر کر دیتی ہے اور فضاؤں میں نیاز مندی کی خوشبو پھیل جاتی ہے ـــــ یہ سب کچھ اُن دلوں کے لئے ہے جو اہلِ بیت کے ساتھ قرآنی حکم کے مطابق مودّت کرتے ہیں۔

افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے ـــــ کہ آج کے دور پرفتن میں مسلمانوں کی دنیا میں کچھ ایسے لوگ پیدا ہو گئے ہیں ـــــ جو رحمتِ کائنات، ـــــ تمام عالمین کے محسن اعظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے گھر والوں سے عداوت رکھتے ہیں ـــــ بغض وعناد سے اپنے ایمانوں کا بیڑا غرق کر رہے ہیں اور تباہی کے آخری کنارے تک پہنچ چکے ہیں ـــــ ان کا سارا علمی زور صرف خصائص علی المرتضیٰ کے خلاف استعمال ہو رہا ہے ـــــ ان کی تمام علمی صلاحیتیں شہید خنجر جور و جفا ـــــ شہزادۂ گلگوں قبا حضرت امام حسین علیہ السلام کے دینی کردار کو، موجودہ دور کی سیاست کا رنگ دینے میں صرف ہو رہی ہیں ـــــ حسین کریم کے نوری کردار کو متنازع بنانے کے لئے طاغوت کی طرف سے کروڑوں ڈالر روزانہ صرف کئے جا رہے ہیں ـــــ مذہبی ضمیر کی خرید وفروخت کا کاروبار عروج پر ہے ـــــ بعض چالاک لوگوں نے اپنی ذاتی تعمیر کے لئے چھچھورے مقررین کو سستے داموں خرید کر سفلہ پروری کا ثبوت دیا ہے ـــــ اور وہ خوشامد پسند لوگ اتنے گر چکے ہیں کہ ان کی محفلوں میں جب تک مولا علی کے خصائص عالیہ پر، وار نہ کیا جائے تو ان کو تسکین نہیں ملتی علی کریم کے

Marfat.com

خاصۂ علم کا اِنکار کرنے والے کس منہ سے خود کو عالم تصور کرتے ہیں —— علامہ ضیاء القادری بدایونی رحمتہ اللہ علیہ نے کیا خوب کہا ہے۔

علی دروازۂ شہر علوم مصطفائی تھے
علی گنجینۂ اسرارِ شانِ کبریائی تھے
تھی پابوسِ علی، شانِ توکل شوکت شاہی
رگ وپے میں علی کے جذب تھا زورید الٰہی
علی، من کنت مولاہ، کی تفسیر مکمل تھے
علی میدان نصرت کے علمبردار اوّل تھے
علی تھے فرد، زہد وعلم میں، زورِ شجاعت میں
علی تھے اوّل الاصحاب اصحاب نبوت میں
علی کا فضل ظاہر، ماہ سے لے تابہ ماہی تھا
علی، زوجِ بتول پاک ہوں، امر الٰہی تھا
علی ابن ابی طالب کا اے صلی علی رُتبہ
نکاحِ فاطمہ کا خود پڑھا سرکار نے خطبہ

Marfat.com

طہارتِ علی کرم اللہ وجہہ

قارئین کرام! ـــــ اس باب میں مولا علی کریم کرم اللہ وجہہ کی طہارت و پاکیزگی کا تذکرہ ہوگا ـــــ مندرجہ ذیل احادیث سے یہ ثابت ہو جائے گا ـــــ کہ پنج تن پاکؑ کو کوئی امر ناک نہیں کر سکتا ـــــ سورۂ احزاب کی آیت نمبر ۳۳ کے تحت بھی اس امر کے بارے میں بیان ہو چکا ہے ـــــ اب حدیث شریف کی رُو سے ملاحظہ فرمانے کے بعد غور کریں گے تو طمانیت قلبی کی عظیم دولت سے بہرہ یاب ہوں گے ـــــ ان شاء اللہ تعالیٰ ـــــ

حدیث نمبر ۲۲۲

سوائے میرے اور تیرے

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسولِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے فرمایا

يَا عَلِيُّ لَا يَحِلُّ لِاَحَدٍ اَنْ يُّجْنُبَ فِيْ هٰذَا الْمَسْجِدِ غَيْرِيْ وَغَيْرُكَ

اے علی! میرے اور تمہارے سوا کسی کے لئے جائز نہیں کہ اس مسجد میں جنبی (حالت میں) داخل ہو۔

(سنن ترمذی باب مناقب علی ابن ابی طالب ص ۱۴۲۰ مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت لبنان)

Marfat.com

○ ـــ جناب علی بن منذر فرماتے ہیں کہ میں نے ضرار بن صرد سے پوچھا کہ اس حدیث شریف کا مطلب کیا ہے؟ ـــ تو انہوں نے فرمایا (حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس ارشاد کے مطابق (کا مطلب یہ ہے) کہ اے علی!"

لَا یُحِلُّ لِاَحَدٍ یَسْتَطْرِقُهٗ جُنُباً غَیْرِیْ وَغَیْرُكَ

(اے علی!) میرے اور تیرے سوا کسی کے لئے حلال نہیں کہ وہ جنابت کی حالت میں مسجد سے گزرے۔

(سنن ترمذی باب مناقب علی ابن ابی طالب ص ۱۴۲۰ مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت لبنان)

حدیث نمبر ۲۲۳

نبی، علی، ازواجِ رسول، خاتونِ جنت

اُمّ المومنین اُمّ سلمہ سلام اللہ علیہا سے روایت ہے، فرماتی ہیں کہ رسولِ کریم نکلے اور بلند آواز کے ساتھ اعلان فرمایا۔

اَلَا اِنَّ هٰذَا الْمَسْجِدَ لَا یَحِلُّ لِجُنُبٍ وَلَا لِحَائِضٍ اِلَّا لِلنَّبِیِّ وَاَزْوَاجِهٖ ـــــ وَفَاطِمَةَ بِنْتِ مُحَمَّدٍ وَّعَلِیٍّ اَلَا بَیَّنْتُ لَكُمْ اَنْ تَضِلُّوْا

خبردار! بے شک کسی جنبی اور حیض والی کے لئے جائز نہیں ہے کہ وہ اس مسجد میں داخل ہو سوائے نبی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواجِ مطہرات، ـــ اور فاطمۃ الزہراء بنت محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اور علی المرتضیٰ کے، خبردار! یہ میں نے بیان کیا ہے، کہ تم گمراہ نہ ہو جاؤ۔

(۱) المعجم الکبیر (طبرانی) ج ۲۳ ص ۳۷۴ حدیث نمبر ۸۸۳ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان

Marfat.com

(۲) مسند فاطمۃ الزہراء (امام سیوطی) ص ۱۲۲ مطبوعہ دار ابن حزم بیروت، لبنان

حدیث نمبر ۲۲۴

اہلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ـــــ آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اُمّ المومنین حضرت اُمّ سلمہ سلام اللہ علیہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَلَا اِنَّ مَسْجِدِیْ ھٰذَا حَرَامٌ عَلٰی کُلِّ حَائِضٍ مِنَ النِّسَاءِ ـــــ وَکُلِّ جُنُبٍ مِنَ الرِّجَالِ اِلَّا عَلٰی اَھْلِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ـــــ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ ـــــ وَعَلٰی اَھْلِ بَیْتِہٖ، عَلِیٍّ وَّفَاطِمَۃَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ ۔

خبردار! بے شک میری یہ مسجد حرام ہے، ہر حیض والی پر عورتوں میں سے ـــــ اور ہر جنبی پر مردوں میں سے، سوائے اہلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اہلِ بیت مصطفیٰ (یعنی) علی اور سیدہ فاطمۃ الزہراء اور امام حسن اور امام حسین علیہم السلام کے۔

(مسند فاطمۃ الزہراء (امام سیوطی) ص ۱۲۴ مطبوعہ دار ابن حزم بیروت، لبنان)

حدیث نمبر ۲۲۵

سوائے پنج تن پاک کے

اُمّ المومنین حضرت اُمّ سلمہ سلام اللہ علیہا سے روایت ہے کہ آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

اَلَا لَا یَحِلُّ ھٰذَا الْمَسْجِدُ لِجُنُبٍ وَلَا حَائِضٍ اِلَّا لِرَسُوْلِ اللّٰہِ

Marfat.com

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ——وَعَلِیٍّ وَّفَاطِمَۃَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ، اَلَا قَدْ بَیَّنْتُ لَکُمُ الْاَشْیَاءُ اَنْ تَضِلُّوْا

خبردار! یہ مسجد (ہے اس میں داخل ہونا) جائز نہیں ہے، کسی جنبی کے لئے سوائے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور علی، سیدہ فاطمہ، امام حسن اور امام حسین کے —— خبردار! —— بے شک میں نے بیان کر دیا ہے تمہارے لئے ان چیزوں کو کہ تم گمراہ نہ ہو جاؤ۔

(مسند فاطمۃ الزہراء (امام سیوطی) ص ۱۲۴ مطبوعہ دار ابن حزم بیروت لبنان)

حدیث نمبر ۲۲۶

اِلَّا اَنَا وَعَلِیٍّ

سیدہ اُمّ سلمہ سلام اللہ علیہا سے روایت ہے

فرماتی ہیں —— کہ رسول دو جہاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

لَا یَنْبَغِیْ لِاَحَدٍ اَنْ یُّجْنَبَ فِیْ ھٰذَا الْمَسْجِدِ اِلَّا اَنَا وَعَلِیٍّ

کسی ایک لئے بھی جائز نہیں کہ وہ اس مسجد میں جنابت کی حالت میں داخل ہو سوائے میرے اور علی کے۔

(المعجم الکبیر ج ۲۳ ص ۳۷۳ —— (امام طبرانی) مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت، لبنان)

اوپر درج تمام احادیث —— اہلِ بیتِ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی پاکیزگی وطہارت کی گواہی دے رہے ہیں۔ اور یہ بھی دنیا کے تمام جنبی مردوں اور تمام حیض والی عورتوں کا تمام مساجد میں داخلہ ممنوع ہے —— سوائے اہلِ بیتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے —— جن میں سیدہ فاطمۃ الزہراء بتول، —— علی المرتضیٰ —— امامین

Marfat.com

کریمین ـــــ حضرت حسن ـــــ اور حضرت حسین علیہم السلام کے۔

قارئین عظام! ـــــ یہ بات میرے علم میں ہے کہ مندرجہ بالا احادیث بعض لوگوں کو ہضم نہیں ہوں گی ـــــ بغض اہلِ بیت کی بیماری اُن کے دلوں کی دھڑکن کو کمزور کر دے گی ـــــ ان حسد و عناد کے مارے نام نہاد موحدین کی تشفی کے لئے ایک اور حدیث بیان کرنے جا رہا ہوں ـــــ تا کہ ان کا دماغ بخار سے محفوظ رہے، اور نیند کافور نہ ہو ـــــ حدیث شریف یہ ہے ـــــ

حدیث شریف نمبر ۲۲۷

مومن پاک نہیں ہوتا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میری رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے ملاقات ہوئی ـــــ اس وقت میں جنابت کی حالت میں تھا ـــــ سرکار علیہ الصلوٰۃ والسلام نے میرا ہاتھ پکڑا اور ساتھ چلے ـــــ پھر ایک طرف بیٹھ گئے۔ تو میں خاموشی کے ساتھ وہاں سے اُٹھا ـــــ اور غسل کر کے واپس آپ کی خدمت میں حاضر ہوا، تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے دریافت فرمایا ـــــ اے ابو ہریرہ! کہاں گئے تھے؟ تو میں نے ساری بات بتا دی ـــــ اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

سُبْحَانَ اللّٰہِ اَنَّ الْمُؤْمِنَ لَا یَنْجِسُ

سبحان اللہ ـــــ بے شک مومن ناپاک نہیں ہوتا۔

(مشکوٰۃ شریف ص ۴۹ مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان ـــــ باب ـــــ مخالطۃ الجنب وما یباح لہ ـــــ)

برادرانِ اسلام! ـــــ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس فرمان پر غور فرمائیں ـــــ سُبْحَانَ اللّٰہِ ـــــ پاک ہے، اللہ تعالیٰ ـــــ بے شک مومن ناپاک ہے، اللہ تعالیٰ ـــــ

Marfat.com

بے شک مومن ناپاک نہیں ہوتا ـــــ مومن ناپاک نہیں ہوتا ـــــ تو پھر علی ـــــ کس طرح ناپاک ہوگا ـــــ علی کریم ـــــ یَعْسُوْبُ الْمُؤْمِنِیْنَ ـــــ (مؤمنوں کے سردار ہیں) ـــــ علی تمام مؤمنوں کے مولا ہیں ـــــ یہ وہ علی ہیں ـــــ جن کی پاکیزگی کا تذکرہ قرآن مجید میں موجود ہے ـــــ

اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ لِیُذْھِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَھْلَ الْبَیْتِ وَیُطَھِّرَکُمْ تَطْھِیْرًا ○

اللہ تعالیٰ تو یہی چاہتا ہے کہ اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھر والو! وہ تم سے ہر قسم کی ناپاکی کو روک دے اور ایسا پاک رکھے، جیسا کہ پاک کرنے کا حق ہے۔ (پارہ ۲۲ سورۂ احزاب آیت نمبر ۳۳)

ان تمام حقائق کی موجودگی میں اگر کوئی گروہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پاک احادیث کا اِنکار کرتا ہے، تو اس گروہ کو منافقین کے زمرہ میں ہی شمار کیا جا سکتا ہے ـــــ وہ اس لئے ـــــ کہ اہلِ ایمان وایقان اس قسم کی حرکتیں نہیں کرتے۔

جنب کا معنی

جنب ـــــ وہ شخص، جس کو جنابت ہوگئی ہو ـــــ عورت ہو یا مرد ـــــ اس میں واحد اور جمع برابر ہیں ـــــ یعنی اس لفظ کا جمع پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔

جنابت: ـــــ قاموس میں، جنابت کا معنی مادۂ تولید لکھا ہے۔

○ ـــــ حنفیوں کے نزدیک جنابت کا معنی ہے ـــــ مادہ تولید کا شہوت کے ساتھ خارج ہونا۔

○ ـــــ منجد ـــــ میں ـــــ جنابت کا معنی ناپاک ہونا ہے ـــــ صَارَ جُنُبًا ـــــ

Marfat.com

وہ ناپاک ہوگیا۔

تحقیق وتخریج کے پردے میں تخریب کاری

معاندین رسول اور شاتمانِ آلِ رسول —— ایک عرصہ سے امانت ودیانت کا خون کرنے میں مصروف ہیں —— کتب احادیث وتفاسیر میں لکھی ہوئی ہر وہ حدیث جو شانِ مصطفیٰ اور عظمت اہلِ بیت کی گواہی دیتی ہے —— ان کے معیار پر پوری نہیں اُترتی خواہ اس میں معنوی تواتر ہی کیوں نہ پایا جائے۔

دوسری ان کی بددیانتی یہ ہے —— کہ حدیث وتفاسیر کی کتب سے وہ احادیث نکالی جارہی ہیں جو شانِ رسولِ خدا اور اہلِ بیت علیہ السلام کی عظمت میں وارد ہوئی ہیں —— یہ وہ ظلم ہے جو کفر کے مترادف ہے —— اور یہ کام یہود ونصاریٰ کا ہے —— اہلِ ایمان ایسا ہرگز نہیں کرتے —— کہ کتاب سے پوری کی پوری عبارات حذف کردیں —— یہ ان نام نہاد مسلمانوں کا کام ہے جو رسول اللہ کے کھلے دشمن ہیں —— اور غضب یہ ہے کہ وہ ناہنجار اپنے آپ کو مسلمان بھی کہتے ہیں —— حالانکہ اُن کا اسلام سے ذرّہ برابر بھی تعلق نہیں ہے —— یہ وہ لوگ ہیں —— جن کے بارے میں اللہ کریم کے آخری رسول کا فرمان ہے —— کہ یہ اسلام سے اس طرح نکل جائیں گے، جیسے تیر شکار سے نکل جاتا ہے —— یہ وہ بد باطن لوگ ہیں جنہوں نے خالق ارضین وسماوات کی پوری زمین فسادات اور قتل وغارت گری کی آگ بھڑکا رکھی ہے ——

تحقیق وتخریج کے نام پر —— اس دور کے خوارج جو ہاتھ کی صفائی دکھا رہے ہیں اُسے عدل وانصاف کی دنیا میں بہر طور ناروا سمجھا جائے گا دُشمنانِ اہلِ بیت کی بے تکی اور ربط سے عاری تحریر وریسرچ کو دیکھ کر ایسے محسوس ہوتا ہے —— بغض وعناد کے دماغی خلل

Marfat.com

کی وجہ سے یہ لوگ اپنے ہوش وہواس کھو بیٹھے ہیں۔

—— امام طبرانی (ابوالقاسم سلمان بن احمد طبرانی رحمتہ اللہ علیہ متوفی ۳۶۰ھ) کی عظیم اور مشہورِ زمانہ کتاب ''المعجم الکبیر'' مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت —— کی تخریج کرنے والے صاحب کا نام حمدی عبدالمجید سلفی ہے۔

—— ''مسند فاطمۃ الزہراء'' —— امام سیوطی (جلال الدین، عبدالرحمٰن سیوطی متوفی ۹۱۱ھ) مطبوعہ دار ابن حزم —— کی تخریج فواد احمد زمرلی نامی شخص نے کی ہے۔

ان دونوں حضرات نے تحقیق وتخریج کے نام پر ایسے ایسے گل کھلائے ہیں —— کہ دیانت سر پکڑ کے بیٹھ گئی —— ہر وہ حدیث جو خانہ رسول کے افراد کی عظمتوں کی نشاندہی کرتی ہے —— اس حدیث شریف کو من گھڑت ثابت کرنے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگایا ہے —— جس طبرانی رحمۃ اللہ علیہ اور سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کی روحیں تڑپ کر رہ گئی ہوں گی۔

گروہ نواصب کی یہ عادت ہے —— کہ وہ قرآنی آیات جو ان کے سطحی نظریات کا ساتھ نہیں دیتیں، ان آیات کی طبع زاد تاویلات کے سہارے مسلمانوں کے ایمانوں کو متزلزل کرنے میں مصروف رہتے ہیں —— اہلِ ایمان کے لئے ضروری ہے —— کہ وہ ہر قسم کے گستاخانِ رسول سے دُور رہیں —— یہ انسان نہیں بھیڑیئے ہیں —— یہ مسلمان نہیں منافق ہیں۔

ایک گروہ ایسا بھی ہے —— جو آج کل علمی حلقوں میں محدثین کرام کی توہین میں مصروف ہے —— امام جلال الدین سیوطی رحمتہ اللہ علیہ —— جسے بقول انور شاہ صاحب کاشمیری —— حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیداری کی حالت میں ستر سے زیادہ مرتبہ

Marfat.com

زیارت کے اعزاز سے نوازا ہے —— امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کو یہ گروہ حاطب اللیل سے پکارتا ہے —— دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ دینِ اسلام اور اہلِ ایمان کو ان شریروں کے شر سے محفوظ فرمائے۔

حدیث نمبر ۲۲۸

مصطفیٰ اور آلِ مصطفیٰ

حضرت واثلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے —— کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان الفاظ کے ساتھ دُعا مانگی ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ جَعَلْتُ صَلَوَاتِکَ وَرَحْمَتَکَ وَمَغْفِرَتَکَ وَرِضْوَانَکَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ —— اَللّٰھُمَّ اِنَّھُمْ مِنِّیْ وَاَنَا مِنْھُمْ ، فَاجْعَلْ صَلَوَاتِکَ وَرَحْمَتَکَ وَمَغْفِرَتَکَ، وَرِضْوَانَکَ عَلَیَّ وَعَلَیْھِمْ یَعْنِیْ عَلِیًّا وَّفَاطِمَۃَ وَحَسَنًا وَّحُسَیْنًا

اے اللہ! بے شک تو نے کر دیا ہے اپنی صلوات اور اپنی رحمت و مغفرت اور اپنی رضامندی کو ابراہیم اور آلِ ابراہیم پر —— اے اللہ! —— بے شک وہ مجھ سے ہیں اور میں ان سے ہوں، پس کر دے تو اپنی صلوات اور رحمت کو اور اپنی مغفرت اور رضامندی کو مجھ پر اور ان سب پر یعنی علی پر، فاطمۃ الزہراء پر اور حسن اور حسین پر۔

(مسند فاطمۃ الزہراء (امام سیوطی) ص ۱۲۴ مطبوعہ دارِ ابن حزم بیروت۔ لبنان)

رسولِ معظم کی دُعا کے الفاظ پر غور فرمائیں —— کہ اے اللہ! اس میں کوئی شک شبہ کی کوئی گنجائش نہیں ہے کہ تو نے اپنی رحمتیں برکتیں —— اور اپنی صلوات و مغفرت اور رضا

Marfat.com

مندی ابراہیم علیہ السلام اور ان کی آل پر کی اور انعامات سے نوازا ـــــ اسی طرح یہ میرے گھر والے یہ مجھ سے اور میں ان سے ہوں، مجھ پر ـــــ ان سب پر برکتیں نازل فرما ـــــ یعنی علی علیہ السلام ـــــ سیدہ کریمہ علیہ السلام ـــــ اور حسنین علیہ السلام کریمین پر بھی کرم فرما۔

حدیث نمبر ۲۲۹

جبریل کو دیکھا اور اس کی گفتگو سنی

سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے مروی ہے ـــــ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے در دولت پر حاضر ہوا جب کہ آپ کی طبیعت طاہرہ نے علالت کو باریابی کی اجازت بخشی اور آپ کا سر اقدس ـــــ ایک ایسے شخص کی گود میں تھا ـــــ کہ اس سے زیادہ حسین وخوبصورت میں نے مخلوق میں نہیں دیکھا۔ آقا علیہ السلام اس کی گود میں سر رکھ کر استراحت فرما رہے تھے۔ جب میں داخل ہوا ـــــ تو اس شخص نے کہا۔

اُدْنُ اِلٰی اِبْنِ عَمِّكَ فَاَنْتَ اَحَقُّ بِهٖ مِنِّیْ

اپنے چچازاد بھائی کے قریب ہو جاؤ! کیونکہ آپ مجھ سے زیادہ حقدار ہیں۔

حضرت مولا علی فرماتے ہیں ـــــ کہ جب میں قریب ہوا تو وہ شخص چلا گیا ـــــ اور میں اس کی جگہ بیٹھ گیا ـــــ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

فَهَلْ تَدْرِیْ مِنَ الرَّجُل؟

''اے علی'' کیا تم جانتے ہو یہ شخص کون تھا؟

علی علیہ السلام فرماتے ہیں ـــــ میں نے عرض کیا ـــــ

لَا بِاَبِیْ وَ اُمِّیْ

Marfat.com

میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں میں نہیں جانتا۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

ذٰلِكَ جِبْرِيْلُ كَانَ يُحَدِّثُنِيْ حَتّٰى خَفَّ عَنِّيْ وَجْعِيْ وَنُمْتُ وَرَأْسِيْ فِيْ حُجْرِهٖ

وہ جبریل تھا، میرے ساتھ باتیں کر رہا تھا۔ یہاں تک کہ میرا درد کم ہو گیا اور میں اپنا سر اس کی گود میں رکھ کر سو گیا۔ (الریاض النضرۃ ـــــ ج ۲ ص ۱۹۶)۔

حدیث نمبر ۲۳۰

محبتِ علی

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں ـــــ کہ ایک بار حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ ـــــ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے ہمراہ میں بازار میں گیا ـــــ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے خربوزے خریدے، پھر ہم لوگ لوٹ آئے ـــــ حضرت علی نے ایک خربوزہ توڑا، تو وہ تلخ اور بدمزہ نکلا ـــــ آپ نے حضرت بلال کو حکم دیا ـــــ کہ یہ خربوزہ ـــــ خربوزے بیچنے والے کو واپس کر آؤ ـــــ پھر مجھے فرمانے لگے ـــــ کیا میں تمہیں ایک ایسی بات نہ سناؤں، جو مجھے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمائی تھی ـــــ فرماتے ہیں کہ مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

يَا اَبَا الْحَسَنِ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى اَخَذَ حُبَّكَ عَلَى الْبَشَرِ وَالشَّجَرِ فَمَنْ اَجَابَ اِلٰى حُبِّكَ عَذَبَ وَطَابَ وَمَنْ لَّمْ يُجِبْ اِلٰى حُبِّكَ خَبُثَ وَمَرَّ، وَاَظُنَّ هٰذَا الْبَطِيْخَ مِمَّنْ لَا يُحِبُّنِيْ

اے ابوالحسن (علی) خدا تعالیٰ نے ہر بشر اور ہر شجر پر تمہاری محبت پیش فرمائی

Marfat.com

—— جس نے تمہاری محبت کو قبول کرلیا —— وہ میٹھا اور پاکیزہ ہوگیا ——
اور جس نے تمہاری محبت کو منظور نہ کیا وہ خبیث اور کڑوا بن گیا، اور میرا یہ
گمان ہے کہ یہ خربوزہ میرے ساتھ محبت کرنے والوں میں سے نہیں۔

(نزہۃ المجالس ج ۲ ص ۲۱۷ مطبوعہ مصر)

قارئین کرام! —— مندرجہ بالا حدیثِ مبارکہ کو بار بار پڑھیں اور غور فرمائیں
—— کہ وہ ہر پھل دار درخت جس نے سرکار علی المرتضٰی کی محبت قبول کی، اس کا پھل لذیذ
اور خوش ذائقہ ہوگا —— اس درخت کا پھل ترش اور کڑوا ہوگا —— جس نے مولائے
کائنات کی محبت کو قبول کیا ہو۔

اسی طرح ہر وہ بشر جس نے جنابِ علی ابوتراب کی محبت کو اپنے دل میں بسالیا ——
وہ عجز و نیاز کا پیکر —— خلق و خلوص کی تصویر —— شیریں مقال اور خوش گفتار ہوگیا ——
اور جو جو لوگ اپنے سینوں میں بغضِ علی رکھتے —— ان کی ہر ادا ناپسندیدہ —— اخلاقی
اعتبار سے نہایت پست —— ترش زبان کے مالک —— بدمزاج —— اور حسد و عناد کی
دنیا کے بندے نظر آتے ہیں۔

اگر علم الیقین کی حد سے آگے نکل کر —— عین الیقین کی دنیا میں قدم رکھنا چاہتے
ہیں —— تو کسی خارجی —— ناصبی —— اور کسی بھی نجدی کے سامنے حضرت مولا علی کا نام
لے کر دیکھ لیں —— آپ کو خود بخود میری اس بات کا یقین آجائے گا۔

گزشتہ صفحات میں —— یہ حدیث گزر چکی ہے —— جو حضرت ابنِ عباس سے
مروی ہے —— آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ——

حُبِّ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ یَاْکُلُ الذُّنُوْبَ کَمَا تَاْکُلُ النَّارُ
الْحَطَبَ وَلَوْ اِجْتَمَعَ النَّاسُ عَلٰی حُبِّہٖ لَمَا خَلَقَ اللّٰہُ جَھَنَّمَ

Marfat.com

عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ کی محبت گناہوں کو ایسے کھا جاتی ہے جیسے آگ لکڑی کو کھا جاتی ہے۔ اگر تمام لوگ علی کی محبت پر جمع ہو جائیں تو خدا تعالیٰ دوزخ کو پیدا نہ فرماتا۔ (نزہۃ المجالس ج ۲ ص ۲۱۹)

اور یہ بات حق ہے ـــــ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ اقدس سے قلبی تعلق اور مولا علی کرم اللہ وجہہ سے محبت وعقیدت ـــــ اللہ رب العزت کی نعمتوں میں سے ایک عظیم ترین نعمت ہے اور یہ وہ دولت دارین ہے ـــــ جو انسانی اندازوں سے کہیں زیادہ باعث برکت ورحمت ہے۔

حدیث نمبر ۲۳۱

میرا وارث

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں ـــــ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

لِکُلِّ نَبِیٍّ وَّصِیٌّ وَّوَارِثٌ وَاِنَّ عَلِیًّا وَّصِیِّیْ وَوَارِثِیْ

ہر نبی کا ایک وصی اور وارث ہوتا ہے میرا وصی ووارث ''علی'' ہے۔

(الریاض النضرۃ ج ۲ ص ۱۳۸)

حدیث نمبر ۲۳۲

یوشع بن نون اور علی بن ابی طالب

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے ـــــ فرماتے ہیں ـــــ کہ ہم نے سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا ـــــ کہ آپ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کریں کہ آپ کا وصی کون ہے؟ ـــــ حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بارگاہِ نبوت میں عرض

Marfat.com

کیا ——

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ وَصِيُّكَ؟

یارسول اللہ! آپ کا وصی کون ہے؟

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ——

يَا سَلْمَانُ مَنْ كَانَ وَصِيَّ مُوْسٰى؟

اے سلمان بتا کہ موسیٰ علیہ السلام کا وصی کون ہے؟

حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا —— یوشع بن نون (موسیٰ علیہ السلام) کے وصی ہیں —— آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

فَاِنَّ وَصِيِّيْ وَوَارِثِيْ يَقْضِيْ دِيْنِيْ وَيُنْجِزُ مَوْعِدِيْ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ

بے شک میرا وصی و وارث —— میرے قرض کو ادا کرنے —— اور وعدے پورے کرنے والا —— علی بن ابی طالب (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) ہے۔

(الریاض النضرہ ج ۲ ص ۱۳۸)

○ —— علامہ محبّ الدین احمد طبری رحمتہ اللہ علیہ —— مندرجہ بالا دونوں حدیثوں پر کلام کرتے ہوئے آگے چل کر لکھتے ہیں —— کہ وراثت سے مراد، وہی وراثت ہے، جس کا ذکر حدیث مواخات میں آیا ہے —— یعنی کتاب وسنت —— اسی بحث کے ضمن میں مندرجہ ذیل حدیث شریف نقل فرمائی ہے۔

حدیث نمبر ۲۳۳

میرا بھائی، میرا وارث

حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرتِ علی المرتضیٰ سے ارشاد فرمایا ——

Marfat.com

اے علی؟

اَنْتَ اَخِیْ ـــــ وَوَارِثِیْ

تو میرا بھائی ـــــ اور میرا وارث ہے

حضرت علی نے بارگاہِ مصطفوی میں عرض کیا۔

وَمَا اُرِثُ مِنْكَ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ

اے اللہ کے نبی! میں آپ سے ''متعلق'' کس چیز کا وارث ہوں۔''

آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔

مَا وُرِثَ الْاَنْبِیَآءُ مِنْ قَبْلِیْ

جس چیز کے، مجھ سے پہلے، انبیائے کرام کے وارث بنائے گئے۔

مولا علی نے عرض کیا

وَمَا وُرِثَ الْاَنْبِیَآءُ مِنْ قَبْلِكَ

کس چیز کے وارث بنائے گئے ہیں انبیاء کے ـــــ آپ سے پہلے۔

حضور سرورِ کونین نے فرمایا۔

كِتَابُ رَبِّهِمْ وَسُنَّةُ نَبِیِّهِمْ

اپنے ربّ کی کتاب ـــــ اور اپنے نبی کی سنت کے۔ (الریاض النضرہ ج ۲ ص ۱۳۸)

حدیث نمبر ۲۳۴

کتاب وسنت

حدیث معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ ـــــ بھی اسی مضمون پر شاہد ہے ـــــ

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے بارگاہِ رسالت میں عرض کیا۔

Marfat.com

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا اَرِثُ مِنْكَ

اے اللہ کے رسول! میں آپ سے کس چیز کا وارث ہوں۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

مَا يَرِثُ النَّبِيُّوْنَ بَعْضُهُمْ مِنْ بَعْضٍ كِتَابُ اللّٰهِ وَسُنَّةُ نَبِيِّهٖ

جس چیز کے بعض نبیوں سے بعض وارث ہوئے یعنی اللہ رب العزت کی کتاب اور اس کے نبی کی سنت۔ (الریاض النضرۃ ج۲ص۱۳۸)

اور درج احادیث کو دیکھنے کے بعد —— روافق اور خوارج ونواصب آرام سے رہیں —— ان کے لئے کچھ نہیں ہے۔

حدیث نمبر۲۳۵

وصیت

حضرت علی کریم فرماتے ہیں —— کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

يَا عَلِيُّ اُوْصِيْكَ بِالْعَرَبِ خَيْرًا

اے علی! میں تجھے عربوں کے ساتھ بھلائی کی وصیت کرتا ہوں۔

(الریاض النضرۃ ج۲ص۱۳۸)

حدیث نمبر۲۳۶

قربانی کی وصیت

حضرت حبشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے —— کہ میں نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو دو مینڈھے قربانی کرتے ہوئے دیکھا —— اور آپ سے اس کی وجہ پوچھی تو آپ

Marfat.com

کرم اللہ وجہہ نے فرمایا۔

اُوْصَانِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ اَنْ اُضَحِّی عَنْہُ

مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وصیت فرمائی تھی کہ میری طرف سے بھی قربانی کر دینا۔ (الریاض النضرۃ ج ۲ ص ۱۳۸)

حدیث نمبر ۲۳۷

غسل کی وصیت

حضرت امام حسین بن علی علیہما السلام سے روایت ہے فرماتے ہیں ـــــ کہ

اَوْصَی النَّبِیُّ عَلِیًّا اَنْ یُّغْسِلَہٗ

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی پاک کو وصیت فرمائی کہ تم مجھے غسل دینا۔

حضرت علی نے بارگاہِ رسالت مآب میں عرض کیا

یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَخْشٰی اَنْ لَّا اُطِیْقُ ذٰلِکَ

اے اللہ کے رسول! میں ڈرتا ہوں کہ مجھے غسل دینے کی طاقت نہیں ہوگی۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اِنَّکَ سُتَعَانُ عَلَیَّ

یقیناً میرے غسل پر تیری مدد کی جائے گی۔

فَوَاللّٰہِ مَا اَرَدْتُّ اَنْ اُقَلِّبَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ عُضْوًا اِلَّا قُلِّبَ لِیْ

اللہ کریم کی قسم! ـــــ جب میں سرکار علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کسی عضو کو پلٹنے کا ارادہ کرتا تو میرے لئے پلٹ دیا جاتا ہے۔ (الریاض النضرۃ ج ۲ ص ۱۴۰)

Marfat.com

وصی کا معنی

وصی ـــــ وصیت کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے ـــــ

○ ـــــ لسان العرب میں ہے۔

اَلْوَصِیُّ الَّذِیْ یُوْصِیْ ـــــ وَالَّذِیْ یُوْصٰی لَهٗ

وصی وہ ہوتا ہے جو وصیت کرے ـــــ اور وہ جس کے لئے وصیت کی جائے۔

○ ـــــ علامہ ابن منظور ـــــ لسان العرب ـــــ میں وصی کے معانی بیان کرتے ہوئے ـــــ ایک مقام پر لکھتے ہیں۔

وَقِیْلَ لِعَلِیٍّ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَصِیٌّ لِاِتِّصَالِ نَسَبِهٖ وَسَبَبِهٖ وَسَمْتِهٖ بِنَسَبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

جناب علی علیہ السلام کو وصی کہا جاتا ہے۔ اس لئے آپ کا نسب وقرابت اور سمت وطریق، رسولِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے نسب مبارک سے ملتا ہے۔

○ ـــــ لغت کی کتابوں میں وصی وصی ـــــ کے معنی ـــــ اس شخص کے ہیں جس کو وصیت کی گئی ہو ـــــ اور وصیت پر عمل کرنے والا ـــــ سربراہ کار ـــــ منصرم ملنے والا ـــــ جس سے کسی کام کا عہد لیا جائے ـــــ جس کو انتقال کے بعد اپنے مال اور بال بچوں کے بارے میں وصیت کی جائے وغیرہ وغیرہ۔

مندرجہ بالا احادیث ـــــ اور لغوی تحقیق سے جو بات بھی سامنے آتی ہے ـــــ وہ یہ ہے کہ رسولِ کریم نے ـــــ مولا علی کو جن چیزوں سے متعلق اپنا وصی فرمایا ہے ـــــ وہ کتاب وسنت اور شریعت مطاہرہ کی حفاظت ـــــ اور طریقت وسلوک کی راہوں کے باطنی

Marfat.com

اُمور ہیں۔

حدیث نمبر ۲۳۸

نبی کی ہتھیلی اور علی کی ہتھیلی

حضرت حبشی بن جنادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔ فرماتے ہیں ـــــ کہ میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا ـــــ کہ آپ نے فرمایا ـــــ

مَنْ كَانَتْ لَهٗ عِدَّةٌ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ

کون ہے؟ جس کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کوئی وعدہ فرمایا ہو۔

مطلب یہ کہ ـــــ تم میں کوئی ایسا شخص ہے، جس کے ساتھ سرکار علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی ظاہر حیات میں کسی چیز کا وعدہ فرمایا لیکن وہ کسی وجہ سے پورا نہ ہو سکا ہو ـــــ اور یہ تمام باتیں جنابِ صدیق نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال کے بعد فرمائیں۔

ایک آدمی اپنی جگہ سے اُٹھا ـــــ اور اس نے کہا ـــــ

يَا خَلِيْفَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَعَدَنِىْ بِثَلَاثِ حِثْيَاتٍ مِنْ تَمَرٍ

اے خلیفہ رسول آقا علیہ السلام نے میرے ساتھ تین حثیات کھجوریں عطا فرمانے کا وعدہ فرمایا تھا۔

راوی کہتے ہیں کہ جناب ابوبکر صدیق نے ـــــ حضرت علی کو فرمایا اے ابوالحسن ـــــ اس آدمی کا خیال ہے ـــــ کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے تین حثیات کھجوروں کا وعدہ فرمایا تھا ـــــ لہٰذا آپ اس کا وعدہ پورا فرمائیں۔

راوی کہتے ہیں ـــــ کہ جنابِ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ـــــ ان

Marfat.com

کھجوروں (کے حثیات نے علیحدہ علیحدہ گنو ـــــ جب گنا گیا ـــــ تو ہر حثیہ میں ساٹھ ساٹھ کھجوریں تھیں ـــــ نہ ایک کم نہ زیادہ ـــــ اس پر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ـــــ

صَدَقَ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ

اللہ اور اس کے رسول نے سچ فرمایا۔

اور اس کی وضاحت ان الفاظ میں فرمائی ـــــ فرماتے ہیں ـــــ کہ ہجرت کی رات جب ہم غار سے نکل کر مدینہ منورہ کی طرف جا رہے تھے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

یَا اَبَابَکْرٍ کَفِّیْ وَکَفُّ عَلِیٍّ فِی الْعَدَدِ سَوَاءٌ

اے ابوبکر! ـــــ میری ہتھیلی اور علی کی ہتھیلی تعداد کے حساب سے (اندازۂ شمار میں) برابر ہیں۔

(الریاض النضرۃ ج ۲ ص ۱۲۰ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت المناقب للخوارزمی ص ۲۹۶ حدیث نمبر ۲۹۰ مطبوعہ قم)

حثیات کا معنی

حَثَیَات ـــــ جمع ہے ـــــ حَیْثَۃٌ ـــــ کی، اور اس کا معنی ہے ـــــ مَا رَفَعْتَ بِہٖ یَدَیْكَ ـــــ جس چیز کو تو دونوں ہاتھوں سے اُٹھائے (یعنی بک بھر کر)۔

(لسان العرب ابن منظور)

حدیث نمبر ۲۳۹

خدا نے اجازت دی

ربیع الابرار میں مذکور ہے ـــــ کہ ایک بار حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ـــــ مسجد میں

Marfat.com

داخل ہوئے ـــــ تو آپ نے مسجد میں چند آدمیوں کو سوتے ہوئے دیکھا ـــــ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا ـــــ تم مسجد میں نہ سویا کرو! ـــــ وہ لوگ اُٹھ کھڑے ہوئے ـــــ اور حضرت علی کو فرمایا ـــــ

اَمَّا اَنْتَ فَنَمْ فَقَدْ اَذِنَ اللّٰہُ لَکَ

''اے علی!'' تم (مسجد میں) سو سکتے ہو، کیونکہ خدا تعالیٰ نے تمہیں ''مسجد میں سونے'' کی اجازت دی ہے۔ (نزہۃ المجالس ج ۲ ص ۱۲۱ مطبوعہ مصر)

حدیث نمبر ۲۴۰

ہدایت کا نشان ـــــ ایمان کا مینار ـــــ امین ـــــ علمبردار

حضور سیّد عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ـــــ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا ـــــ کہ ربّ العٰلمین نے علی کریم کے بارے میں مجھ سے فرمایا۔

اِنَّہٗ رَایَۃُ الْھُدٰی ـــــ وَمِیْنَارُ الْاِیْمَانِ ـــــ وَنُوْر جَمِیْعِ مَنْ اَطَاعَنِیْ ـــــ اَمِیْنِیْ غَدًا فِی الْقِیَامَۃِ ـــــ عَلِیّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ مَعَہٗ مَفَاتِیْحُ خَزَائِنِ رَحْمَۃِ رَبِّیْ ۔

کہ وہ ہدایت کا نشان ہے ـــــ اور وہ ایمان کا مینار ہے ـــــ اور میرے تمام ـــــ فرماں برداروں کے لئے نور ہے ـــــ ''اے ابو ہریرہ!'' ـــــ علی کل قیامت کے دن میرا امین ہوگا ـــــ اور قیامت کے دن میرا علمبردار ہوگا ـــــ علی ابن ابی طالب کے پاس میرے ربّ کی رحمت کے خزانوں کی کنجیاں ہوں گی۔ (نزہۃ المجالس ج ۲ ص ۲۲۰)

Marfat.com

حدیث نمبر ۲۴۱

زیارتِ خداوندی

مولائے کائنات سیدنا علی المرتضٰی کرم اللہ وجہہ کا ارشاد پاک ہے:

لَمْ اَعْبُدْ رَبًّا لَمْ اَرَاهُ

میں نے اس ربّ کی کبھی عبادت نہیں کی، جس کو میں نے دیکھا نہ ہو۔

(تفسیر رُوح البیان ج ۲ ص ۲۵۳)

حدیث نمبر ۲۴۲

علی کی رُوح

حضرت علامہ سیّد محمد بن عبداللطیف جردانی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۰۷ھ) نے اپنی عظیم کتاب ''مصباح الظلام'' میں حدیث شریف نقل فرمائی ہے، لکھتے ہیں کہ ——

وَرُوِیَ اَنَّ السَّیِّدَةَ فَاطِمَةَ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهَا ، قَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ عَلِیًّا یُنَامُ لَیْلَةَ الْجُمْعَةِ: —— فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ تَصَدَّقَ عَلَیْهِ بِنَوْمِهٖ لَیْلَةَ الْجُمُعَةِ ——وَاِنَّهٗ یَخْلُقُ مِنْ رُّوْحِهٖ طَیْرًا اَخْضَرَ یَسْرَحُ فِیْ طُرُقِ السَّمَآءِ فَمَا فِیْهَا مَوْضِعُ شِبْرٍ اِلَّا وَفِیْهِ لِرُوْحِ عَلِیٍّ رَّکْعَةً اَوْ سَجْدَةً

روایت ہے —— کہ بے شک سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کی خدمت میں عرض کیا، یارسول اللہ! علی ہر جمعہ کی رات کو سو جاتے ہیں۔ وہ فضیلت والی رات ہے —— آقا علیہ السلام نے فرمایا ——

Marfat.com

بے شک اللہ تعالیٰ نے جمعہ کی رات کو سونا علی پر صدقہ کر دیا ہے —— اس میں کوئی شک نہیں کہ اللہ تعالیٰ (اس رات کو) علی کی رُوح سے ایک سبز رنگ کا پرندہ پیدا فرماتے ہیں جو آسمان کے راستوں میں سیر کرتا ہے —— اور آسمان کے راستوں میں ایک بالشت جگہ بھی ایسی نہیں رہتی، جس میں علی کی رُوح رُکوع یا سجدہ نہ کرتی ہو۔

(مصباح الظلام وبہجۃ الانام —— الجزء الثانی ص ۱۳۷ —— مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت لبنان نزہۃ المجالس ج ۲ ص ۲۰۰ مطبوعہ دار الکتاب العلمیہ بیروت لبنان سن اشاعت ۱۹۹۸ء)

اس حدیثِ مبارکہ سے سیدنا علی المرتضیٰ کی عظمتوں کی بلندی کی نشاندہی ہوتی ہے —— سیدۂ کائنات اپنے بابا کے حضور عرض کرتی ہیں —— کہ علی المرتضیٰ جمعہ کی رات کو سوتے ہیں —— حالانکہ یہ رات بڑی فضیلت والی ہوتی ہے —— اس میں عبادت وریاضت کرنا بہت زیادہ حصول ثواب کا موجب ہے —— حضور صلی اللہ علیہ وآلہ نے جواباً ارشاد فرمایا کہ اے بیٹی! —— علی وہ عظمت نشان شخصیت ہے —— جس پر اللہ تعالیٰ نے جمعہ کی رات کو سونا صدقہ کر دیا ہے —— اور اس رات کو علی کی رُوح سے ایک سبز رنگ کا نوری پرندہ پیدا فرماتا ہے —— جو آسمان کے رستوں پر سیر کرتا رہتا ہے اور ایک بالشت کے برابر بھی جگہ خالی نہیں رہتی، جہاں علی کی رُوح، رکوع یا سجدہ نہ کرتی ہو —— رُوح ایک ہے اور لاکھوں مقامات رکوع کی حالت میں ہے یا سجود کی حالت میں۔

حدیث نمبر ۲۴۳

محبوب تر شخصیت

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے

فرماتے ہیں —— کہ ایک دن میں نے بارگاہِ مصطفوی میں کھانا پیش کیا —— آپ

Marfat.com

نے بسم اللہ شریف پڑھ کر ایک لقمہ اٹھایا پھر ان الفاظ میں دُعا مانگی۔

اَللّٰھُمَّ ائْتِنِیْ بِاَحَبِّ الْخَلَقِ اِلَیْكَ وَاِلَیَّ

اے اللہ! جو شخص تجھے اور مجھے ساری مخلوق سے زیادہ محبوب ہے اسے میرے پاس بھیج دے۔

اتنے میں حضرت علی نے دروازے پر دستک دی ـــــ حضرت انس فرماتے ہیں ـــــ میں نے پوچھا کون ہے؟ جواب آیا ـــــ علی ـــــ میں نے کہا۔

رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ مَشْغُوْلٌ

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم مصروف ہیں۔

آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے پھر لقمہ اٹھایا ـــــ اور اسی طرح دعا مانگی ـــــ علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے پھر دروازہ کھٹکھٹایا۔ میں نے دریافت کیا کون ہے؟ ـــــ جنابِ علی کریم نے بلند آواز سے فرمایا ـــــ میں ہوں علی! ـــــ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا ـــــ

اِفْتَحِ الْبَابَ یَا اَنَسُ

اے انس! دروازہ کھول دے

جب دروازہ کھلا تو علی کریم داخل ہوئے ـــــ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے جب علی کو دیکھا تو مسکرائے ـــــ اور فرمایا ـــــ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ فَاِنِّیْ اَدْعُوا اللّٰہَ فِیْ کُلِّ لُقْمَۃٍ اَنْ یَّاْتِنِیْ بِاَحَبِّ الْخَلْقِ اِلَیْكَ وَاِلَیَّ

اے اللہ تعالیٰ! تیرا شکر ہے، میں ہر لقمہ اُٹھاتے وقت اللہ تعالیٰ سے دُعا کرتا

Marfat.com

تھا کہ ''اے اللہ!'' اس شخص کو میرے پاس بھیج دے جو تجھے اور مجھے سب سے زیادہ محبوب ہو۔

مولا علی کرم اللہ وجہہ نے عرض کیا —— ''یارسول اللہ'' اس ذات کی قسم ہے —— جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے —— میں نے تین بار دروازے پر دستک دی ہے اور ہر بار جناب انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ جواب دیتے تھے کہ رسول اللہ مشغول ہیں —— حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا —— اے انس رضی اللہ عنہ! —— تو نے ایسا کیوں کیا —— حضرت فرماتے ہیں —— میں نے بارگاہِ رسالت میں عرض کیا —— یارسول اللہ! میں اس بات کا امیدوار تھا کہ کوئی شخص انصار میں سے آئے ''اور یہ سعادت پائے'' —— آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَوَ فِی الْاَنْصَارِ خَیْرٌ مِّنْ عَلِیٍّ وَاَفْضَلُ

کیا کوئی انصار میں سے ایسا شخص ہے جو علی سے بہتر اور افضل ہو۔

(نزہۃ المجالس ج ۲ ص ۳۰۳/۳۰۴ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت لبنان سن اشاعت ۱۹۹۸ء)

حدیث نمبر ۲۴۴

خارجیوں کے بارے میں ایک خبر

حضرت زید بن وہب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے —— فرماتے ہیں —— کہ میں بھی اس لشکر میں جناب علی المرتضیٰ کے ساتھ تھا —— جو خارجیوں سے جہاد کے لئے نکلا تھا —— حضرت علی نے فرمایا —— اے لوگو! —— بے شک میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے —— حضور نے فرمایا۔

سَیَخْرُجُ قَوْمٌ مِنْ اُمَّتِیْ یَقْرَءُ وْنَ الْقُرْاٰنَ لَیْسَ قِرَاءَ تُکُمْ اِلٰی

Marfat.com

قِرَأَتِهِمْ بِشَیْءٍ ، وَلَا صَلٰوتُکُمْ اِلٰی صَلٰوتِهِمْ بِشَیْءٍ —— وَلَا صِیَامُکُمْ اِلٰی صِیَامِهِمْ بَشَیْءٍ —— یَقْرَءُ وْنَ الْقُرْاٰنَ یَحْسَبُوْنَ اَنَّهٗ لَهُمْ وَهُوَ عَلَیْهِمْ لَایُجَاوِزُ تَرَاقِیْهِمْ —— یَمْرُقُوْنَ مِنَ الْاِسْلَامِ کَمَا یَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِیَّةِ، وَاٰیَةُ ذٰلِكَ اَنَّ فِیْهِمْ رَجُلًا لَّهٗ عَضُدٌ ——وَلَیْسَ لَهٗ ذِرَاعٌ عَلٰی رَأْسِ عُضُدِهٖ مِثْلُ حِلْمَةِ تَدْیِ الْمَرْأَةِ عَلَیْهِ شَعَرَاتٌ بِیْضٌ

عنقریب میری اُمت سے ایک گروہ پیدا ہوگا کہ تمہاری قرأت، ان کی قرأت کے مقابلے کچھ بھی نہ ہوگی —— اور تمہای نمازیں —— ان کی نمازوں کے مقابلے میں کچھ بھی نہ ہوگی —— اور تمہارے روزے، ان کے مقابلے میں —— ہیچ دکھائی دیں گے —— اور وہ قرآن اس خیال سے پڑھیں گے کہ یہ ان کے لئے ثواب ہے —— حالانکہ وہ ان پر وبال ہے —— وہ ان کے گلے سے نیچے نہ اُترے گا —— وہ دینِ اسلام سے اس طرح نکل جائیں گے جس طرح تیر شکار میں گھس کر نکل جاتا ہے —— اور ان کی نشانی یہ ہے —— کہ اُن میں ایک شخص ہے، جس کا بازو ہے، ہاتھ نہیں ہے اس کے بازو کے سرے پر عورت کے پستان جیسا نشان ہوگا اور اس پر سفید بال ہوں گے۔

مولا علی فرماتے ہیں —— کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ بھی فرمایا —— جب تم اہلِ شام کی طرف جاؤ گے اور ان کو چھوڑ دو گے —— وہ تمہارے بال بچوں اور تمہارے اموال پر چڑھ دوڑیں گے —— اور تم کو غارت کریں گے —— خدا کی قسم! میں یہ امید رکھتا

Marfat.com

ہوں، یہ قوم وہی ہے —— کہ انہوں نے ناحق خون بہایا —— اور لوگوں کے جانوروں کو لوٹا ——

فَسِيْرُوْا عَلٰى اِسْمِ اللّٰهِ

پس اللہ کا نام لے کر نکل پڑو!

جنابِ سلمہ کہتے ہیں —— کہ جنابِ زید بن وہب نے ہمیں اس جگہ پر اُتارا —— یہاں تک کہ ہم نے ایک پل عبور کیا —— اس وقت خارجیوں کے لشکر کا امیر عبداللہ بن وہب راسبی تھا۔ اس نے اپنے لشکر کو حکم دیا کہ تیر پھینک دو —— اور اپنی تلواریں، نیاموں سے نکال لو! —— جنابِ علی نے اپنے لشکر کو نیزے تاننے کا حکم دیا —— جب حملہ ہوا تو خارجیوں کو حضرت علی کے لشکر نے برچھیوں پر رکھ دیا —— پھر کیا تھا؟ —— کشتوں کے پشتے لگ گئے —— مولا علی نے حکم فرمایا —— ان کی لاشوں میں سے ناقص ہاتھ والا تلاش کرو! باوجود تلاشِ بسیار کے وہ نہ ملا تو حضرت علی المرتضٰی خود اُٹھے —— اور کچھ لاشوں پر آئے جو ایک دوسرے پر پڑی ہوئی تھیں —— تو اس کو لاش کو سب لاشوں کے نیچے پایا۔

فَكَبَّرَ عَلِيٌّ، ثُمَّ قَالَ صَدَقَ اللّٰهُ وَبَلَّغَ رَسُوْلُهٗ

مولا علی نے تکبیر بلند فرمائی —— اور پھر فرمایا —— اللہ تعالیٰ نے سچ فرمایا اور اس کے رسول نے سچ پہنچایا۔

حضرت عبیدہ سلمانی (یا یمانی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسی مقام پر آپ کی جناب میں کھڑے ہوئے —— اور عرض کیا ——

يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! وَاللّٰهِ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَسَمِعْتُ هٰذَا الْحَدِيْثَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

Marfat.com

اے امیر المومنین! قسم ہے اس ذات کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں کہ یہ حدیث میں نے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنی ہے۔ (یہ تین مرتبہ کہا)

(۱) خصائص امیر المومنین علی ابن ابوطالب (امام نسائی ص ۱۴۷/ ۱۴۸ مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت لبنان

(۲) انوارِ علی، شرح خصائص علی شارح علامہ پیر سیّد محمد امیر گیلانی (محدث سرحد) رحمتہ اللہ علیہ، مطبوعہ شاہ محمد غوث، اکیڈمی یکہ توت پشاور پاکستان

(۳) خصائص علی (شرح خصائص علی۔ علامہ ظہور احمد فیضی) ص ۹۸۵ مطبوعہ مکتبہ باب العلم ـــــ جامع علی المرتضیٰ ـــــ لاہور

مندرجہ بالا حدیثِ مقدسہ سے خوارج کے عقائد کے ساتھ ساتھ ان کے ظالمانہ کردار کا پتہ چلتا ہے ـــــ اور یہ بھی بظاہر وہ بہت ہی زیادہ پرہیز گار اور تقویٰ شعار نظر آتے ہیں ـــــ لیکن اندر سے نہایت خونخوار ہیں ـــــ آج کے دور کے خارجی بھی ـــــ آج سے چودہ سو سال پہلے کے خارجیوں کی پوری عکاسی کرتے ہیں ـــــ دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم کے طفیل ـــــ اہلِ اسلام کو ان ظالموں کے فتنوں سے محفوظ فرمائے۔ (آمین)

حدیث نمبر ۲۴۵

ایک وقت آئے گا جب تجھے بھی ایسا ہی کرنا پڑے گا

حضرت علقمہ بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں ـــــ کہ ـــــ حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے فرمایا ـــــ کہ صلح حدیبیہ کے دن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کاتب تھا (یعنی وہ صلح نامہ میں نے ہی لکھا) ـــــ فرماتے ہیں ـــــ میں نے یہ لکھا ـــــ

مَا صَلَحَ عَلَيْهِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ـــــ قَالُوْا ـــــ لَوْ نَعْلَمُ اَنَّهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ ـــــ مَا قَاتَلْنَاهُ اُمْحَهَا

Marfat.com

وہ چیز جس پر، محمد اللہ کے رسول نے صلح کی ـــــ کفار و مشرکین نے کہا ـــــ اگر ہم یہ مان لیں کہ یہ اللہ کے رسول ہیں ـــــ تو ان سے جنگ کیوں کرتے؟ ـــــ تو اس (لفظ رسول) کو مٹا دو۔

مولا علی المرتضیٰ فرماتے ہیں:

قُلْتُ هُوَ وَاللّٰهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ـــــ وَاِنْ رَغِمَ اَنْفُكَ لَا وَاللّٰهِ ـــــ لَا اَمْحُوْهَا

میں نے کہا اللہ تعالیٰ کی قسم! وہ اللہ کے رسول ہیں ـــــ تیری ناک خاک آلود ہو ـــــ اللہ کی قسم! میں ہرگز اس (لفظ رسول) کو نہ مٹاؤں گا۔

حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا ـــــ

اَرِنِيْهِ ـــــ مجھے دکھاؤ

فرماتے ہیں ـــــ میں نے آپ کو وہ جگہ دکھائی جہاں یہ تحریر تھی۔

فَمَحَاهَا ـــــ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود اس لفظ کو مٹا دیا

اور مجھے فرمایا

اَمَا اِنَّ لَكَ مِثْلَهَا وَسَتَاْتِيْهَا وَاَنْتَ مُضْطَرٌّ

(اے علی!) آگاہ ہو جاؤ ـــــ کہ عنقریب تم پر بھی ایسا ہی وقت آئے گا ـــــ کہ تم بھی مجبوراً ایسا کرو گے۔

(ـــــ خصائص امیر المومنین علی بن ابی طالب ص ۱۵۳/۱۵۲ ـــــ مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت ـــــ)

چنانچہ جنگ صفین کے موقع پر اسی طرح ہوا ـــــ کہ شامیوں نے لفظ امیر المومنین مٹانے کو کہا تھا ـــــ کہ اگر ہم آپ کو امیر المومنین مانتے تو آپ کے ساتھ جنگ کیوں

Marfat.com

کرتے ـــــ تو آپ نے بھی سنت مصطفوی پر عمل کرتے ہوئے ایسا ہی کیا۔

○ ـــــ امام زرقانی (محمد بن عبدالباقی بن یوسف بن احمد بن علوان مصری ازہری مالکی) رحمتہ اللہ علیہ رقم طراز ہیں ـــــ کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو بھی ایسی ہی صورتِ حال پیش آئی تھی ـــــ جب آپ کے کاتب نے تحکیم کے دن لکھا۔

بِهٰذَا مَا صَالَحَ عَلَيْهِ عَلِيٌّ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ

یہ وہ بات ہے جس پر علی امیر المومنین کرم اللہ وجہہ الکریم نے صلح کی۔

اَرْسَلَ مُعَاوِيَةُ ـــــ يَقُوْلُ : لَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ اَنَّهٗ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ ـــــ مَا قُلْتُهٗ ـــــ اُمْحُهَا ، وَاكْتُبْ اِبْنِ اَبِىْ طَالِبٍ ـــــ فَقَالَ: ـــــ عَلِيٌّ اَللّٰهُ اَكْبَرُ، مِثْلٌ بِمِثْلٍ ـــــ اُمْحُهَا

جنابِ معاویہ رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی بھیجا کہ اگر ہم ان کو امیر المومنین مانتے تو یہ نہ کہتے (کہ امیر المومنین کے الفاظ) مٹا دو ـــــ اور لکھو ابن ابی طالب، جنابِ علی علیہ السلام نے کہا، اللہ اکبر! یہ اسی طرح ہے جیسے ''حدیبیہ میں معاملہ پیش آیا تھا'' ـــــ (اے کاتب!) یہ مٹا دو۔

(شرح الزرقانی علی المواہب اللدنیہ ج ۳ ص ۲۰۱ مطبوعہ ـــــ دارالکتب العلمیہ بیروت، لبنان سن اشاعت ۱۹۹۶ء)

راقم کے پاس نسخہ زرقانی میں مندرجہ بالا روایت میں ـــــ مَا قُلْتُهٗ ـــــ کا لفظ لکھا ہے ـــــ ہوسکتا ہے کتابت کی غلطی ہو، ـــــ یا پھر عمداً یہ لفظ لکھ دیا گیا ہو ـــــ مفہوم و معنی کے اعتبار سے ـــــ مَا قُلْتُهٗ ـــــ کی بجائے ـــــ مَا قَاتَلْنَاهُ ہوتا ـــــ تو بات واضح ہو جاتی ـــــ ''کہ اگر ہم آپ کو امیر المومنین مانتے تو جنگ و جدال کیوں کرتے'' ـــــ کیونکہ مولا علی نے یہ بات سن کر فرمایا تھا ـــــ مثل بمثل ـــــ جو حدیبیہ کے مقام پر جو معاملہ پیش

Marfat.com

آیا تھا ـــــ یہ اسی طرح کا معاملہ ہے۔

بہر حال حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیش گوئی لفظ بہ لفظ پوری ہوئی ـــــ اور اس سے یہ بھی معلوم ہوا ـــــ کہ آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام ـــــ مَا یَکُوْنُ ـــــ کا علم رکھتے تھے ـــــ یعنی آئندہ رُونما ہونے والے حالات سے واقف تھے ـــــ جو لوگ یہ کہتے نہیں تھکتے کہ سرکار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو دیوار کے پیچھے کا علم نہیں ـــــ وہ لوگ اپنے نظریات پر نظر ثانی کریں ـــــ اور توہین رسول کے مرتکب نہ ہوں ـــــ

حدیث نمبر ۲۴۶

ہڈیوں تک ایمان بھرا ہوا ہے

علی کریم کے ایمان کے بارے میں سیّد عالم نبی کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا فرمانِ عالی شان ہے۔

عَلِیٌّ مَلَأَ اِیْمَانًا اِلٰی مَشَاشَۃٍ

علی کی ہڈیوں تک میں ایمان بھرا ہوا ہے۔ (کنوز الحقائق ج ۲ ص ۱۷)

حدیث نمبر ۲۴۷

نبی کا جھنڈا اور علی

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں کہ سرکارِ دو جہاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد پاک ہے۔

اَبُوْبَکْرِ نِ الصِّدِّیْقُ وَزِیْرِیْ وَخَلِیْفَتِیْ عَلٰی اُمَّتِیْ مِنْ بَعْدِیْ

ـــــ وَعُمَرُ یَنْطِقُ عَلٰی لِسَانِیْ ـــــ وَعَلِیٌّ ابْنُ عَمِّیْ وَحَامِدُ

Marfat.com

رَاَیْتِیْ ——وَعُثْمَانُ وَاَنَا مِنْ عُثْمَانَ

ابوبکر رضی اللہ عنہ میرا وزیر اور میرے بعد میری اُمت پر خلیفہ ہے—— اور عمر رضی اللہ عنہ میری زبان بولتا ہے——علی رضی اللہ عنہ میرے چچا کا بیٹا ہے اور میرا جھنڈا اٹھانے والا ہے—— اور عثمان رضی اللہ عنہ مجھ سے ہے —— اور میں عثمان رضی اللہ عنہ سے ہوں۔

(منتخب کنز العمال علی ہامش مسند امام احمد بن حنبل ج ۵ ص ۶۳)

حدیث نمبر ۲۴۸

آنکھ—— زبان—— ہاتھ—— رُوح

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے—— کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَبُوْبَکْرٍ کَعَیْنِیْ مِنْ رَّاْسِیْ ——وَعُمَرُ کَلِسَانِیْ ——
وَعُثْمَانُ کَیَدِیْ ——وَعَلِیٌّ کَرُوْحِیْ مِنْ جَسَدِیْ

ابوبکر ایسے ہیں جیسے میرے سر میں میری آنکھ—— اور عمر ایسے ہیں جیسے میری زبان—— عثمان ایسے ہیں جیسے میرا ہاتھ—— اور علی ایسے ہیں جیسے جسم میں میری رُوح رضی اللہ عنہم——

(نزہۃ المجالس ج ۲ ص ۲۲۶ مطبوعہ مکتبہ مصطفیٰ بابی حلبی قاہرہ مصر سن اشاعت ۱۹۶۸ء)

حدیث نمبر ۲۴۹

تکبیر اولیٰ—— قرأت—— رکوع—— سجدہ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے—— رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ

Marfat.com

والتسلیم نے فرمایا——

مُثْلُ اَبِیْ بَکْرٍ فِیْ اُمَّتِیْ کَمِثْلِ التَّکْبِیْرَةِ الْاُوْلٰی مِنَ الصَّلٰوةِ ——وَمِثْلِ عُمَرَ کَمِثْلِ الْقِرَاءَةِ فِی الصَّلٰوةِ ——وَمِثْلِ عُثْمَانِ کَمِثْلِ الرَّکُوْعِ ——وَمِثْلِ عَلِیٍّ کَمِثْلِ السَّجُوْدِ

ابوبکر رضی اللہ عنہ کی مثال میری اُمت میں ایسے ہے جیسے نماز میں تکبیر اولیٰ —— اور عمر رضی اللہ عنہ کی مثال ایسے ہے جیسے نماز میں قرأت —— اور عثمان کی مثال ایسے ہے جیسے نماز میں رکوع —— اور علی کی مثال ایسے ہے جیسے نماز میں سجدہ —— (نزہۃ المجالس ج۲ص۲۲۶-ایضاً)

حدیث نمبر ۲۵۰

مسلمانوں پر حق علی

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔ فرماتے ہیں —— کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

حَقُّ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ عَلٰی هٰذِهِ الْاُمَّةِ کَحَقِّ الْوَالِدِ عَلٰی وَلَدِهٖ

علی کا حق اس اُمت پر اتنا ہے، جتنا باپ کا حق اپنے بیٹے پر ہوتا ہے۔

(ابن عساکر ج۴۵ص۲۳۴ مطبوعہ دار الاحیاء التراث العربی)

حدیث نمبر ۲۵۱

اُمت کے باپ

امام راغب اصفہانی (حسین بن محمد متوفی ۵۰۲ھ) رحمتہ اللہ علیہ نے ''مفردات القرآن'' —— میں حدیث نقل فرمائی ہے —— کہ حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

Marfat.com

حضرت مولا علی کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا۔

اَنَا وَاَنْتَ اَبَوَا هٰذِهِ الْاُمَّةِ

(اے علی!) میں اور تم اس اُمت کے باپ ہیں۔

(المفردات ص ۱۶ مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی)

منافقین ـــــ خوارج ـــــ نواصب ـــــ اور مخالفین علی ـــــ ان احادیث پر غور کریں ـــــ اگر سمجھ آ جائے تو اپنے اعتقادی نظریات پر نظر ثانی کریں ـــــ اور توبہ کریں ـــــ کیونکہ والد کا نام سن کر بوکھلاہٹ اور بدحواسی کا شکار ہونا حلالیوں کا کام نہیں۔

حدیث نمبر ۲۵۲

نعلین رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور علی علیہ السلام

حضرت ربعی بن حراش سے روایت ہے ـــــ حضرت علی نے ہم سے رحبہ کے مقام پر ارشاد فرمایا ـــــ صلح حدیبیہ کے دن مشرکین کے کچھ لوگ جن میں سہیل بن عمرو، اور کئی دوسرے مشرکین رؤساء تھے، ہمارے پاس آئے ـــــ اور کہنے لگے، یارسول اللہ! آپ کے پاس ہماری بیٹیوں، بھائیوں اور غلاموں سے کچھ لوگ آئے ہیں، جنہیں دین کی سمجھ بوجھ نہیں ـــــ وہ تو محض ہمارے مال اور جائیداد سے فرار ہو کر آئے ہیں ـــــ آپ ان کو ہمیں واپس کر دیں ـــــ اگر انہیں دین کی سمجھ نہیں تو ہم انہیں سمجھا دیں گے ـــــ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ لَتَنْتَهُنَّ اَوَلَيَبْعَثَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ مَنْ يَضْرِبُ رِقَابَكُمْ بِالسَّيْفِ عَلَى الدِّيْنِ ـــــ قَدِ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ (قَلْبَهُ) عَلَى الْاِيْمَانِ ۔

Marfat.com

اے گروہِ قریش باز آ جاؤ ـــــ ورنہ اللہ تعالیٰ تم پر ایسے شخص کو بھیجے گا ـــــ جو دین کی خاطر تلوار سے تمہاری گردن اڑا دے گا ـــــ اللہ تعالیٰ ایمان پر ان کے دلوں (اس کے دل) کی آزمائش کر چکا ہے۔

حضرت ابوبکر صدیق ـــــ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور دیگر لوگوں نے عرض کیا ـــــ یارسول اللہ! وہ کون ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

هُوَ خَاصِفُ النَّعْلِ

وہ جوتیوں کو پیوند لگانے والا ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی کو اپنی نعلین مبارک مرمت کے لئے دے دی تھی ـــــ حضرت ربعی بن حراش فرماتے ہیں ـــــ کہ پھر حضرت علی میری طرف متوجہ ہوئے۔ اور فرمایا ـــــ کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا فرمان ہے ـــــ

مَنْ كَذَّبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ ـــــ

جو شخص مجھ پر جھوٹ بولے اسے اپنا ٹھکانا دوزخ میں بنانا چاہئے ـــــ

(الجامع الترمذی ج ۲ ص ۲۱۳ مطبوعہ سعید کمپنی کراچی

سنن الترمذی ص ۱۴۱۷ - حدیث نمبر ۳۷۱۵ مطبوعہ دار المعرفۃ

بیروت لبنان۔ سن اشاعت ۲۰۰۲ھ

ذخائر العقبیٰ ص ۷۶ (علامہ محب الدین احمد (طبری)

حدیث نمبر ۲۵۳

جنت کا عصا

حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں ـــــ کہ رسول اللہ

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

يَا عَلِيُّ مَعَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَصًى مِنْ عَصَى الْجَنَّةِ تَذُوْدُ بِهَا الْمُنَافِقِيْنَ عَنْ حَوْضِيْ

اے علی! جنت کی لاٹھیوں میں سے ایک لاٹھی تیرے پاس ہوگی ـــــ جس سے تم میرے حوض سے منافقوں کو بھگا رہے ہوں گے ـــــ

(الفردوس (دیلمی) ج۵ ص۳۱۷)

حدیث نمبر۲۵۲

فرمانِ علی

حضرت عبداللہ بن اجارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں ـــــ کہ میں نے علی امیر المومنین کرم اللہ وجہہ کو منبر پر کھڑے ہو کر فرماتے ہوئے سنا ـــــ آپ فرما رہے تھے،

اَنَا اَذُوْدُ عَنْ حَوْضِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدَيَّ هَاتَيْنِ الْقَصِيْرَتَيْنِ الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِيْنَ كَمَا تَذُوْدُ السُّقَاةُ غَرِيْبَةَ الْاِبِلِ عَنْ حِيَاضِهِمْ

میں اپنے ان دو چھوٹے ہاتھوں سے رسولِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے حوضِ کوثر سے کافروں اور منافقوں کو بھگاؤں گا۔ جس طرح پانی پلانے والے، اجنبی اونٹوں کو اپنے حوضوں سے بھگاتے ہیں۔

(مجمع الزوائد ومنبع الفوائد (حافظ الحدیث امام نور الدین علی بن بکر ہیثمی متوفی ۸۰۷ھ) ج۹ ص۱۳۸ مطبوعہ موسسۃ المعارف بیروت سن اشاعت ۱۹۸۶ء)

Marfat.com

حدیث نمبر ۲۵۵

جنت کے درخت کا عصا

علامہ عبدالرحمٰن صفوری شافعی رحمتہ اللہ علیہ نے ـــــ اسی طرح کی ایک اور حدیث شریف نقل فرمائی ہے ـــــ جس کے راوی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما ہیں۔

وَیُعْطٰی عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ عَصَا مُوْسٰی مِنَ الشَّجَرَةِ الَّتِیْ غَرَسَهَا اللّٰهُ فِی الْجَنَّةِ فَیُقَالُ لَهٗ ذُدِ النَّاسَ فَیَذُوْدُ بِهَا مَبْغِضِیْ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَنِ الْحَوْضِ ـــــ اَیْ یَمْنَعُهُمْ

مولا علی المرتضٰی کرم اللہ وجہہ کو اس درخت سے جس کو اللہ تعالیٰ نے جنت میں لگایا ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرح کا ایک عصا عطا کیا جائے گا اور آپ سے کہا جائے گا کہ حوضِ کوثر سے ان لوگوں کو بھگائیں ـــــ جو اصحاب رسول کے ساتھ بغض رکھتے ہیں علی المرتضٰی اس عصا کے ذریعے اصحاب کے دُشمنوں کے دُشمنوں کو بھگا دیں گے ـــــ یعنی انہیں حوض کوثر کے قریب نہ آنے دیں گے۔ (نزہۃ المجالس ج ۲ ص ۲۲۷ مطبوعہ مصر)

حدیث نمبر ۲۵۶

علی اور حوضِ کوثر

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں ـــــ کہ رسول

Marfat.com

اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (صحابہ کرام) رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے ارشاد فرمایا۔

اَوَّلُکُمْ وَرُوْدًا عَلَی الْحَوْضِ —— اَوَّلُکُمْ اِسْلَامًا عَلِیّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ

تم میں سب سے پہلے حوض کوثر پر وارد ہونے والے اور تم میں سب سے پہلے مسلمان علی ابن ابی طالب ہیں۔

(تاریخ دمشق الکبیر، امام ابن عساکر (ابو القاسم علی بن حسین شافعی متوفی ۵۷۱ھ) ج ۴۵ ص ۳۱- حدیث نمبر ۹۰۱۶ مطبوعہ داراحیاء التراث العربی، بیروت لبنان سن اشاعت ۲۰۰۱ء)

حدیث نمبر ۲۵۷

اُمت میں سب سے پہلے حوض پر

حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہی روایت ہے —— کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اِنَّ اَوَّلَ هٰذِهِ الْاُمَّةِ وَرُوْدًا عَلٰی نَبِیِّهَا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْحَوْضَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ اَوَّلُهُمْ اِسْلَامًا عَلِیّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ

قیامت کے دن اس اُمت میں سے سب سے پہلے اپنے نبی کے پاس حوضِ کوثر پر پہنچنے والے اور ان میں سب سے پہلے علی ابن ابی طالب ہیں۔

(ابن عساکر ج ۴۵ ص ۳۱- مطبوعہ دار الاحیاء التراث العربی)

حدیث نمبر ۲۵۸

حوضِ کوثر اور عوسج کی لاٹھی

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمارے پاس

Marfat.com

رسول مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے اور ہم مسجد میں لیٹے ہوئے تھے —— اور حضور علیہ الصلوٰۃ کے ہاتھ میں کھجور کی ایک تر شاخ تھی اور اس سے ''ایک ہلکی سی'' ضرب لگائی —— اور فرمایا —— کیا تم مسجد میں سور ہے ہو؟ —— اس میں کوئی نہیں سو سکتا —— '' تو آپ کا یہ حکم سن کر'' ہم تیزی کے ساتھ اُٹھے —— اور ہمارے ساتھ علی ابن ابی طالب بھی اُٹھے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

تَعَالِ يَا عَلِيُّ اِنَّهٗ يُحِلُّ لَكَ فِي الْمَسْجِدِ مَا يُحِلُّ لِيْ —— يَا عَلِيَّ تَرْضٰى اَنْ تَكُوْنُ مِنِّيْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُّوْسٰى اِلَّا النُّبُوَّةَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ اِنَّكَ تَذُوْدَنَّ عَنْ حَوْضِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ رِجَالًا كَمَا يُزَادُ الْبَعِيْرُ الضَّالُّ عَنِ الْمَآءِ بِعَصًا مَعَكَ مِنْ عَوْسَجٍ كَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلٰى مَقَامِكَ مِنْ حَوْضِيْ

اے علی! یہاں میرے پاس آؤ! —— بیشک جو کچھ مسجد میں میرے لئے کرنا جائز ہے، وہ کام تمہارے لئے بھی جائز ہے۔ اے علی! کیا تم اس بات پر راضی نہیں ہو کہ تم میرے لئے سوائے نبوت کے وہی مقام رکھتے ہو، جو ہارون کا موسیٰ کیلئے تھا —— اور قسم ہے اس ذات کی، جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے —— بے شک تم ضرور قیامت کے دن میرے حوض سے لوگوں (منافقوں) کو اپنی عوسج (کانٹوں سے بھرا ہوا پودہ) کی لاٹھی سے، اس طرح بھگاؤ گے جس طرح گم شدہ اونٹ کو پانی کے گھاٹ سے بھگایا جاتا ہے گویا کہ میں اپنے حوض پر تمہارے مقام کو یہاں سے دیکھ رہا ہوں ——

(تاریخ ابن عساکر ج ۴۵ ص ۱۰۷ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت، لبنان سن اشاعت ۲۰۰۱ء)

Marfat.com

حوضِ کوثر سے متعلق ان تمام احادیث پر تعصب کی عینک اُتار کر اور نہایت ٹھنڈے دل سے غور فرمائیں گے ـــــ تو آپ پر یہ امر واضح ہو جائے گا ـــــ کہ قیامت کے دن پیاس سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے ـــــ علی کریم کی محبت کے نور کی شمع اپنے دل کے نہاں خانوں میں روشن کرنی پڑے گی ـــــ اگر سینوں میں بھڑکتی ہوئی بغض علی کی آگ بجھانے کی طاقت نہ ہو تو پھر حوضِ کوثر سے کانٹوں والی لاٹھی کی مار کھا کر بھاگنا پڑے گا۔

حدیث نمبر ۲۵۹

اولیتیں

حضرت سلمان فارسی اور حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے ـــــ دونوں حضرات فرماتے ہیں کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے جنابِ علی کریم کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا۔

اَلَا اِنَّ هٰذَا اَوَّلُ مَنْ اٰمَنَ بِیْ ـــــ وَهٰذَا اَوَّلَ مَنْ یُصَافِحُنِیْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ ـــــ وَهٰذَا الصِّدِّیْقُ الْاَکْبَرُ ـــــ وَهٰذَا الْفَارُوْقُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ یُفَرِّقُ بَیْنَ الْحَقِّ وَالْبَاطِلِ ـــــ وَهٰذَا یَعْسُوْبُ الْمُؤْمِنِیْنَ ـــــ وَالْمَالُ یَعْسُوْبُ الظَّالِمِیْنَ .

خبردار! بے شک یہ وہ شخص ہے جو سب سے پہلے مجھ پر ایمان لایا ـــــ اور یہ وہ شخص ہے جو قیامت کے دن سب سے پہلے مجھ سے مصافحہ کرے گا ـــــ اور یہ صدیق اکبر ہے ـــــ اور یہ اُمت کا فاروق ہے جو حق و باطل کے درمیان فرق کرتا ہے ـــــ اور یہ مؤمنوں کا سردار ہے ـــــ اور مال

Marfat.com

ظالموں کا سردار ہے۔

(ابن عساکر ج ۴۵ ص ۳۲ مطبوعہ دار الاحیاء التراث العربی حدیث نمبر ۹۰۱۷)

حدیث نمبر ۲۶۰

اے علی! تو صدیق اکبر ہے تو فاروق ہے

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَنْتَ اَوَّلُ مَنْ اٰمَنَ بِیْ ـــــ وَاَنْتَ ـــــ اَوَّلُ یُصَافِحُنِیْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ ـــــ وَاَنْتَ صِدِّیْقُ الْاَکْبَرُ ـــــ وَاَنْتَ الْفَارُوْقُ الَّذِیْ یُفَرِّقُ بَیْنَ الْحَقِّ وَالْبَاطِلِ ـــــ وَاَنْتَ یَعْسُوْبُ الْمُؤْمِنِیْنَ ـــــ وَالْمَالُ یَعْسُوْبُ الْکُفَّارِ

(اے علی!) تم وہ شخصیت ہو جو سب سے پہلے مجھ پر ایمان لائے ـــــ اور تم قیامت کے دن سب سے پہلے میرے ساتھ مصافحہ کرو گے ـــــ اور تم صدیق اکبر ہو ـــــ تم وہ فاروق ہو جو حق و باطل کے درمیان فرق کرتے ہو ـــــ اور تم مؤمنوں کے سردار ہو ـــــ اور مال کافروں کا سردار ہے۔

(تاریخ ابن عساکر ج ۴۵ ص ۳۲ مطبوعہ دار الاحیاء التراث العربی بیروت لبنان سن اشاعت ۲۰۰۱ء)

حدیث نمبر ۲۶۱

''علی'' صدیق اکبر اور میرے بعد میرا خلیفہ ہے

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں ـــــ کہ عنقریب ایک فتنہ نمودار ہوگا اور تم میں سے کوئی اُس فتنہ کے وقت موجود ہو ـــــ

Marfat.com

اس پر دو امر لازم ہیں ـــــ ایک کتاب اللہ ـــــ اور دوسرے علی ابن ابی طالب ـــــ اس لئے کہ میں نے رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ کو علی کا ہاتھ پکڑ کر فرماتے ہوئے سنا ـــــ

هٰذَا اَوَّلُ مَنْ اٰمَنَ بِیْ ـــــ وَاَوَّلُ مَنْ یُصَافِحُنِیْ وَهُوَ الْفَارُوْقُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ یُفَرِّقُ بَیْنَ الْحَقِّ وَالْبَاطِلِ ـــــ وَهُوَ یَعْسُوْبُ الْمُؤْمِنِیْنَ، وَالْمَالُ یَعْسُوْبُ الظُّلْمَةِ ـــــ وَهُوَ صِدِّیْقُ الْاَکْبَرُ ۔ وَهُوَ بِبَابِیَ الَّذِیْ اُوْتِیَ مِنْهُ ـــــ وَهُوَ خَلِیْفَتِیْ مِنْ بَعْدِیْ

یہ وہ پہلا شخص ہے جو مجھ پر ایمان لایا اور سب سے پہلے میرے ساتھ مصافحہ کرے گا ـــــ اور یہ اس اُمت کا فاروق ہے ـــــ جو حق اور باطل کے درمیان فرق کرتا ہے ـــــ اور یہ مؤمنوں کا سردار ہے ـــــ اور مال ظلمت کا سردار ہے ـــــ اور یہ صدیق اکبر ہے اور یہ میرا وہ دروازہ ہے، جس سے (مجھ تک پہنچنے کے لئے) داخل ہو جاتا ہے ـــــ اور یہ میرے بعد میرا خلیفہ ہے ـــــ

(ابن عساکر ج ۴۵ ص ۳۳ مطبوعہ دار الاحیاء التراث العربی بیروت لبنان سن اشاعت ۲۰۰۱ء)

حدیث نمبر ۲۶۲

علی کا خون میرے خون سے ہے

ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسولِ کریم نے اُمّ سلمہ سلام اللہ علیہا سے فرمایا ـــــ

یَا اُمَّ سَلْمَةَ اِنَّ عَلِیًّا لَحْمُهٗ مِنْ لَحْمِیْ وَدَمُهٗ مِنْ دَمِیْ ـــــ وَهُوَ

Marfat.com

مِنِّیْ وَھُوَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَةِ ھَارُوْنَ مِنْ مُّوْسٰی غَیْرَ اَنَّهٗ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ

اے امّ سلمہ! بے شک علی وہ ہے جس کا گوشت میرا گوشت ہے —— اور اس کا خون میرا خون ہے اور وہ میرے لئے اس مقام پر ہے —— جس مقام پر ہارون موسیٰ کے لئے تھے سوائے اس کے کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے ——

(تاریخ ابن عساکر ج ۴۵ ص ۳۳ مطبوعہ دار الاحیاء التراث العربی بیروت لبنان سن اشاعت ۲۰۰۱ء)

حدیث نمبر ۲۶۳

سیدالمسلمین

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے —— فرماتے ہیں —— کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کہ اے انس رضی اللہ عنہ! مجھے وضو کراؤ —— پھر آپ کھڑے ہوئے اور دو رکعت نماز ادا فرمائی —— اور پھر فرمایا۔

یَا اَنَسُ! اَوَّلُ مَنْ یَّدْخُلُ عَلَیْكَ مِنْ ھٰذَا الْبَابِ، اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ وَسَیِّدُ الْمُسْلِمِیْنَ —— وَقَائِدُ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ وَخَاتَمُ الْوَصِیِّیْنَ

اے انس! اس دروازے سے جو پہلے داخل ہوگا وہ امیر المومنین ہوگا —— اور سیّدالمسلمین ہوگا —— جن کے چہرے، ہاتھ اور پاؤں چمکدار ہوں گے —— ان کا قائد ہوگا اور اوصیاء کا خاتم ہوگا۔

حضرت انس فرماتے ہیں کہ میں نے دعا کی کہ اے اللہ! اس آدمی کو انصار میں سے ہونا چاہئے —— اور یہ بات میں نے دل کے اندر چھپا رکھی تھی —— کہ ایک آدمی آیا ——

Marfat.com

تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا اے انس! یہ کون آیا ہے —— میں نے عرض کیا —— علی ہیں ——

فَقَامَ مُسْتَبْشِرًا فَاَعْتَنَقَهٗ

تو آپ خوش ہو کر کھڑے ہو گئے اور حضرت علی کو گلے لگا لیا۔

(ابن عساکر ج ۴۵ ص ۲۹۵ حدیث نمبر ۹۷۵۷ مطبوعہ دار الاحیاء التراث العربی، بیروت لبنان)

حدیث نمبر ۲۶۴

علم وحکمت کا نور

مولائے اسلام حضرت علی المرتضٰی کرم اللہ وجہہ الکریم سے روایت ہے —— فرماتے ہیں —— کہ میں بارگاہِ رسالت میں دن رات آتا جاتا رہتا تھا —— میں جب سوال کرتا تو آپ اس کا جواب مرحمت فرماتے —— اگر آپ خاموش رہتے تو پھر سب سے پہلے مجھ سے ابتداء فرماتے۔

جو بھی آیت نازل ہوئی اسے میں نے ہی پڑھا —— اور اس کی تفسیر وتاویل کو میں نے سمجھا —— اور آپ نے میرے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی —— کہ میں کوئی چیز نہ بھولوں جو آپ نے مجھے سکھائی ہے —— "آپ کی دُعا کے بعد" —— مجھے حلال وحرام اور اطاعت ومعصیت —— اور امر ونہی میں سے کچھ بھی نہیں بھولا۔

وَلَقَدْ وَضَعَ يَدَهٗ عَلٰى صَدْرِىْ —— وَقَالَ: اَللّٰهُمَّ اِمْلَاْ قَلْبَهٗ عِلْمًا —— وَفَهْمًا —— وَحِكْمًا وَنُوْرًا —— ثُمَّ قَالَ لِىْ اَخْبَرَنِىْ رَبِّىْ عَزَّوَجَلَّ اَنَّهٗ قَدِ اسْتَجَابَ لِىْ فِيْكَ

اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا ہاتھ میرے سینے پر رکھا اور دُعا فرمائی

Marfat.com

——اے اللہ!——اس کا دل علم وحکمت——فہم وفراست اور نور سے بھر دے پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے میرے ربّ نے خبر دی ہے——کہ اس نے میری دُعا قبول فرمالی ہے۔

(ابن عساکر ج ۴۵ ص ۲۵۹ حدیث نمبر ۹۷۵۷)

حدیث نمبر ۲۶۵

اُمت کے اختلاف حل

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے——کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی المرتضٰی کرم اللہ وجہہ سے فرمایا۔

اَنْتَ تُبَیِّنُ لِاُمَّتِیْ مَا اخْتَلَفُوْا فِیْهِ بَعْدِیْ——

تم وضاحت کرو گے میری امت کے لئے اس بات میں جس میں میرے بعد وہ اختلاف کریں گے۔ (ابن عساکر ج ۴۵ ص ۲۹۶ حدیث نمبر ۹۷۶۲)

حدیث نمبر ۲۶۶

اُمت کے درمیان علامت

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے——فرماتے ہیں——کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مولا علی کرم اللہ وجہہ سے فرمایا۔

جَعَلْتُكَ عَلَمًا فِيْمَا بَيْنِيْ وَبَيْنَ اُمَتِيْ، فَمَنْ لَّمْ يَتَّبِعْكَ فَقَدْ كَفَرَ

میں نے اپنے اور اپنی اُمت کے درمیان تجھے علامت بنایا ہے، پس جس نے تمہاری اتباع نہ کی تو اس نے کفر کیا۔

(تاریخ ابن عساکر ج ۴۵ ص ۲۹۶ حدیث نمبر ۹۷۶۳)

Marfat.com

حدیث نمبر ۲۶۷

اللہ تمہاری زبان کو پختگی دے

حضرت علی سے روایت ہے ـــــ آپ فرماتے ہیں کہ مجھے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے یمن ـــــ یا طائف کی طرف بھیجا ـــــ تو میں نے عرض کیا، یارسول اللہ! میں ابھی کم عمر ہوں! ـــــ حضرت مولائے کائنات فرماتے ہیں ـــــ کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے میرے سینے پر ہاتھ رکھا ـــــ اور فرمایا۔

اِذْهَبْ فَاِنَّ اللّٰهَ سَيُثَبِّتُ لِسَانَكَ وَيَهْدِىْ قَلْبَكَ

جاؤ! اللہ تعالیٰ تمہاری زبان کو پختگی عطا فرمائے اور تیرے دل کو ہدایت سے نوازے۔

حضرت مولا علی فرماتے ہیں ـــــ کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دُعا کے بعد جب بھی فریقین فیصلے کے لئے میرے سامنے آئے ـــــ تو مجھے ان کے فیصلہ کرنے میں کسی قسم کا کوئی، تردد نہیں ہوا۔

(تاریخ دمشق الکبیر (امام ابن عساکر) ج ۴۵ ص ۲۹۶ مطبوعہ داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان)

حدیث نمبر ۲۶۸

علم کا جام پینے والا

حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں کہ میں نے بارگاہِ رسالت میں عرض کیا ـــــ یارسول اللہ! مجھے وصیت فرمائیے ـــــ میرے عرض کرنے پر رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ـــــ

Marfat.com

قُلْ رَبِّیَ اللّٰہُ ثُمَّ اسْتَقِمْ

میرا رب اللہ تعالیٰ ہے پھر اس پر ثابت قدم رہو۔

حضرت علی کریم فرماتے ہیں ـــــ کہ میں نے آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جناب میں یوں عرض کیا ـــــ کہ میرا ربّ اللہ تعالیٰ ہے ـــــ اور میری توفیق اسی کریم کے سبب سے ہے ـــــ یہ سن کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

هَنِيْئًا لَكَ الْعِلْمُ اَبَا حَسَنٍ فَقَدْ شَرِبْتَ الْعِلْمَ شُرْبًا ـــــ وَثَاقَبْتَهٗ ثَقْبًا ـــــ

اے ابوالحسن علم تم پر آسان ہو جائے ـــــ تو نے علم کا جام پی لیا ہے ـــــ اور اسے خوب روشن کیا ہے۔

(ابن عساکر ج ۴۵ ص ۲۹۹ مطبوعہ دار احیاء التراث بیروت لبنان حدیث نمبر ۹۷۷۲)

حدیث نمبر ۲۶۹

دست نبی، سینہ علی پر

حضور مولائے کائنات کرم اللہ وجہہ الکریم فرماتے ہیں ـــــ کہ مجھے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے، یمن کی طرف قاضی بنا کر بھیجا ـــــ تو میں نے عرض کیا کہ حضور آپ مجھے ایک قوم کی طرف بھیج رہے ہے ـــــ جب کہ میں ابھی جوان ہوں ـــــ اور میرے پاس قضا علم بھی نہیں ہے ـــــ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ـــــ میرے سینے پر اپنا ہاتھ مبارک رکھ کر دعا فرمائی۔

ثَبَّتَكَ اللّٰهُ ـــــ وَسَدَّدَكَ ـــــ اِذَا جَاءَكَ الْخَصْمَانِ فَلَا تَقْضِ لِلْاَوَّلِ حَتّٰى تَسْمَعَ مِنَ الْاٰخَرِ، فَاِنَّهٗ اَجْدَرُ اَنْ يُّبَيِّنَ لَكَ

Marfat.com

الْقَضَا ـــــ قَالَ: فَمَا زِلْتُ قَاضِيًا .

(اے علی!) اللہ تعالیٰ تجھے ثابت قدمی عطا فرمائے ـــــ اور تجھے درستگی عطا فرمائے جب دو فریق تمہارے پاس آئیں تو پہلے کے لئے فیصلہ نہ کرنا ـــــ جب تک تم دوسرے کی بات نہ سن لو ـــــ یہ تمہارے لئے انصاف کی بات ہے، کہ تم فیصلہ کرو ـــــ

''حضرت علیؓ'' فرماتے ہیں کہ میں ہمیشہ قاضی رہا۔ (یعنی شریعت اسلامی کے مطابق لوگوں کے مقدمات ومعاملات طے کرتا رہا)

(تاریخ دمشق (امام ابن عساکر) ج ۴۵ ص ۲۹۸ مطبوعہ داراحیاء التراث بیروت، لبنان، حدیث نمبر ۹۷۷۰)

حدیث نمبر ۲۷۰

ستارا علی کے گھر میں گرا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں ـــــ کہ میں بارگاہِ رسالت میں حاضر تھا ـــــ میرے ساتھ بنو ہاشم کا ایک نوجوان بھی تھا ـــــ کہ اچانک ایک ستارہ ٹوٹا ـــــ تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مَنِ انْقَضَّ هٰذَا النَّجْمُ فِیْ مَنْزِلِهٖ فَهُوَ الْوَصِیُّ مِنْ بَعْدِیْ ـــــ

یہ ستارا جس کے گھر میں گرے گا ـــــ وہ میرے بعد میرا وصی ہوگا۔

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ـــــ (حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ارشاد سن کر میرے ساتھ موجود بنو ہاشم کا وہ نوجوان کھڑا ہوا)

فَنَظَرُوْا ـــــ فَاِذَا الْکَوْکَبُ قَدِ انْقَضَّ فِیْ مَنْزِلِ عَلِیٍّ ـــــ

قَالُوْا: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! قَدْ غَوَیْتَ فِیْ حُبِّ عَلِیٍّ؟ ـــــ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ

Marfat.com

تعالٰی ——

تو انہوں نے دیکھا کہ ستارہ مولا علی کے گھر میں گرا، تو (بعض) لوگ کہتے ——یارسول اللہ! کیا آپ علی کی محبت میں حد سے بڑھ گئے ہیں؟ تو اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیات نازل فرمائیں۔

وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى ○ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى ○ وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ○ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى ○ عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى ○ ذُوْ مِرَّةٍ ط فَاسْتَوٰى ○ وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى ○ (پارہ ۲۷ سورہ نجم آیت نمبر ۱ تا ۷)

ترجمہ:

قسم ہے ستارے کی جب ٹوٹ کر گواہی دے (۱) تمہارے آقا نہ تو راہِ راست سے ہٹے اور نہ ہی مقصد کو گم کیا (۲) وہ اپنی خواہش سے کبھی بولتے ہی نہیں (۳) ان کی ہر بات وحی ہوتی ہے، جو ان کی طرف کی جاتی ہے (۴) انہیں بڑی قوت والے نے تعلیم دی ہے (۵) جو حد سے زیادہ قوت اور علم والا ہے، سو وہ متوجہ ہوا (۶) جب کہ وہ سب سے بلند اُفق پر تھا (۷)

(ابن عساکر ج ۴۵ ص ۲۹۹/۳۰۰ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت، لبنان سن اشاعت ۲۰۰۱ء حدیث نمبر ۹۷۷۵)

حدیث نمبر ۲۷۱

حبیب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضرت اُمّ المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ سلام اللہ علیہا سے روایت ہے —— فرماتی ہیں —— کہ رسولِ کریم اس وقت میرے گھر میں تھے —— جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وقت وصال قریب آیا —— تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ——

Marfat.com

اُدْعُوْا لِیْ حَبِیْبِیْ

میرے حبیب کو میرے پاس لاؤ

مائی صاحبہ فرماتی ہیں ـــــ ''کہ آپ کا یہ فرمان سن کر'' میں نے آپ کے لئے حضرت ابوبکر کو بلایا ـــــ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کی طرف دیکھا ـــــ اور پھر سر مبارک نیچے کر لیا ـــــ اور پھر فرمایا ـــــ

اُدْعُوْا لِیْ حَبِیْبِیْ

میرے محبوب کو میرے پاس لاؤ

مائی صاحبہ سلام اللہ علیہا فرماتی ہیں ـــــ کہ لوگ حضرت عمر کو بلا لائے ـــــ تو جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو دیکھا تو اپنا سر نیچے کر لیا ـــــ پھر فرمایا۔

اُدْعُوْا لِیْ حَبِیْبِیْ

میرے حبیب کو میرے پاس لاؤ

اماں جی حضرت عائشہ صدیقہ سلام اللہ علیہا فرماتی ہیں ـــــ میں نے انہیں کہا ـــــ

وَیْلُکُمْ اُدْعُوْا لَهٗ عَلِیَّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ، فَوَاللّٰهِ مَا یُرِیْدُ غَیْرَهٗ ـــــ فَلَمَّا رَآهُ اَفْرَدَ الثَّوْبَ الَّذِیْ کَانَ عَلَیْهِ ثُمَّ اَدْخَلَهٗ فِیْهِ فَلَمْ یَزَلْ یَحْتَضِنُهٗ قُبِضَ وَیَدَهٗ عَلَیْهِ

تم پر آفت نازل ہو ـــــ علی بن ابی طالب کو بلا کر لاؤ ـــــ خدا کی قسم یہ کسی اور کو بلانا نہیں چاہتے (تو پھر حضرت علی کو بلایا گیا) جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں دیکھا ـــــ تو اپنا وہ کپڑا کھولا جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر تھا، پھر آپ نے انہیں اس میں داخل کر لیا۔ اور آپ نے اپنی رُوح قبض ہونے تک اپنی گود میں بٹھائے رکھا ـــــ اور آپ

Marfat.com

کا ہاتھ ان کے اوپر تھا —— (یعنی معانقہ کی صورت —— کلاوے میں لے کر سینے کے ساتھ لگائے رکھا)۔

(تاریخ دمشق الکبیر (امام ابن عساکر) ج ۴۵ حدیث نمبر ۹۷۷۶ مطبوعہ داراحیاء التراث بیروت لبنان)

حدیث نمبر ۲۷۲

ہزار سال کی عبادت ضائع

حضور مولائے کائنات حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے —— فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

لَوْ اَنَّ عَبْدًا عَبَدَاللّٰهِ مِثْلَ مَا قَامَ نُوْحٌ فِیْ قَوْمِهٖ وَكَانَ لَهٗ مِثْلُ اُحُدٍ ذَهَبًا فَاَنْفَقَهٗ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَمُدَّ فِیْ عُمُرِهٖ، حَتّٰی یَحُجَّ اَلْفَ عَامٍ عَلٰی قَدَمَیْهِ ثُمَّ قُتِلَ بَیْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مَظْلُوْمًا وَلَمْ یُوَالِكَ یَا عَلِیُّ لَمْ یَشُمَّ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ وَلَمْ یَدْخُلْهَا

اگر کوئی بندہ اللہ تعالیٰ کی اتنی عبادت کرے کہ جتنا نوح علیہ السلام نے اپنی قوم میں رہ کر وعظ ونصیحت کی، اور اس کے پاس اُحد پہاڑ جتنا سونا ہو اور وہ (سارے کا سارا) اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کر دے، اور اس کی عمر اتنی لمبی کر دی جائے کہ وہ ہزار سال تک حج کرتا رہے —— اور پھر صفا اور مروہ کے درمیان ظلماً قتل کر دیا جائے —— اور اے علی! وہ تجھے مولا نہ مانے تو وہ جنت کی خوشبو تک نہ پا سکے گا اور نہ ہی اس میں داخل ہو سکے گا ——

(الفردوس (امام دیلمی رحمۃ اللہ علیہ) ج ۳ ص ۳۶۴ حدیث نمبر ۵۱۰۳ مطبوعہ دارالباز مکہ معظمہ سن اشاعت ۱۹۸۶ء)

Marfat.com

حدیث نمبر ۲۷۳

مولا علی علیہ السلام کے ایمان کا وزن

امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دورِ خلافت میں دو آدمی آپ سے کنیز کی طلاق کے بارے میں مسئلہ دریافت کرنے کے لئے حاضر ہوئے —— ان کے مسئلہ پوچھنے پر حضرت عُمر رضی اللہ عنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کھڑے ہوئے اور ان دونوں آدمیوں کو ساتھ لیا اور مسجد کی طرف چل پڑے —— یہاں تک کہ آپ مسجد شریف میں پہنچے، تو دیکھا کہ وہاں کافی لوگ ہلکا بنا کر بیٹھے ہیں، اور ان کے درمیان ایک چمکتے ہوئے سر والا ایک شخص جلوہ فرما ہے —— جناب عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کنیز کی طلاق کے بارے میں اس عظیم المرتبت شخصیت سے رائے دریافت کی —— تو آپ نے سر اٹھایا اور اپنے ہاتھ کی دو انگلیاں اٹھا کر اشارہ فرمایا —— حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان دونوں آدمیوں سے فرمایا کہ (کنیز کی دو طلاقیں ہوتی ہیں —— ان دو آدمیوں میں سے ایک نے عرض کیا —— سبحان اللہ! —— ہم آپ کی خدمت میں مسئلہ پوچھنے آئے تھے کہ آپ امیر المومنین ہیں —— اور آپ ہمیں اس شخص کے پاس لے آئے —— اور آپ صرف اس کے ایک اشارے پر راضی ہو گئے —— تو ان کے اس سوال کے بارے میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا —— کہ تم جانتے ہو کہ یہ کون ہے؟ —— ان دونوں نے عرض کیا نہیں —— آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا، یہ علی بن ابی طالب ہیں —— اور فرمایا کہ میں بارگاہِ رسالت میں حاضر تھا —— اور اس بات کی گواہی دیتا ہوں —— کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ——

Marfat.com

لَوْ اَنَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وُضِعْنَ فِیْ کَفَّةِ مِیْزَانٍ وَوُضِعَ اِیْمَانُ عَلِیٍّ فِیْ کَفَّةِ مِیْزَانٍ لَرَجَحَ بِهَا اِیْمَانُ عَلِیٍّ

اگر ساتوں آسمانوں کو ترازو کے ایک پلڑے میں رکھا جائے، اور دوسرے پلڑے میں مولا علی کا ایمان رکھا جائے، تو یقیناً علی کا ایمان اس سے وزنی ہوگا۔

(تاریخ دمشق الکبیر (امام ابن عساکر) ج ۴۵ ص ۲۵۹ حدیث نمبر ۹۶۴۲ ـــــ مسند احمد ج ۵ ص ۳۳ ـــــ لسان المیزان ج ۵ ص ۳۲۸ ـــــ ذخائر العقبیٰ ص ۱۰۰)

حدیث نمبر ۲۷۴

ایمانِ علی کرم اللہ وجہہ

ساتوں زمینوں اور ساتوں آسمانوں سے وزنی

امام ابن عساکر قدس سرہ العزیز نے دوسری سند کے ساتھ اس حدیث کو ان الفاظ کے ساتھ بیان کیا ہے ـــــ حضرت سیدنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ـــــ کہ میں اس امر کی گواہی دیتا ہوں کہ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا:

اِنَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعَ وَالْاَرْضِیْنَ السَّبْعَ لَوْ وُضِعَتَا فِیْ کَفَّةٍ ثُمَّ ثُمَّ وُضِعَ اِیْمَانُ عَلِیٍّ فِیْ کَفَّةِ مِیْزَانٍ لَرَجَحَ اِیْمَانُ عَلِیٍّ

بے شک ساتوں آسمانوں کو اور ساتوں زمینوں کو اگر ترازو کے ایک پلڑے میں رکھ دیا جائے اور دوسرے پلڑے میں علی کا ایمان رکھ دیا جائے تو علی کا ایمان وزنی ہوگا۔

(تاریخ دمشق الکبیر (امام بن عساکر) ج ۴۵ ص ۲۶۰ حدیث نمبر ۹۶۴۳ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان ـــــ الفردوس ج ۳ ص ۳۶۳، حدیث نمبر ۵۱۰۰ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان، سن اشاعت ۱۹۸۶ء)

Marfat.com

ہے سخی لجپال اور خضر ولایت مرتضٰی
روز محشر تک رہے گا جاری فیضانِ علی
اس کے راوی ہیں عمر جو ہے یہ فرمانِ رسول
وزنی ہے چودہ طبق سے نورِ ایمان علی

قارئین کرام! ـــــ خیال رہے کہ بعض ایسے لوگ جن کے دماغ، بغضِ علی کے بخار میں مبتلا ہیں ـــــ وہ مولائے کائنات سے متعلق فرامین رسولِ خدا کو قبول کرنے میں جھجک محسوس کرتے ہیں اور یہ بات بھی ذہن میں رہے کہ مندرجہ بالا حدیثِ مبارکہ ان لوگوں کو ہرگز ہضم نہیں ہوگی جن کی مذہبی اور اخلاقی قوتِ ہاضمہ کمزور ہو چکی ہے۔

ان تمام امور سے بندۂ ناچیز بخوبی واقف ہے ـــــ اس لئے ان لوگوں کی علمی مفلسی کو ڈھارس دینے کے لئے ایک سبق آموز حوالہ پیش کرنے جا رہا ہوں، تاکہ ان کا سلسلہ تنفس ٹوٹنے نہ پائے۔

علامہ صفوری شافعی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ رقمطراز ہیں ـــــ کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے صدیقوں میں سے کسی ایک کے پاس بذریعہ القاء پیغام دیا ـــــ

اِنَّ لِیْ عِبَادًا یُّحِبُّوْنِیْ وَاُحِبُّھُمْ ـــــ وَیَشْتَاقُوْنَ اِلَیَّ ـــــ وَاَشْتَاقُ اِلَیْھِمْ وَیَذْکُرُوْنِیْ وَاَذْکُرُھُمْ

میرے ایسے بندے بھی ہیں، جنہیں مجھ سے محبت ہے ـــــ اور مجھے ان سے محبت ہے وہ میرے مشتاق ہیں، اور میں ان کا مشتاق ہوں وہ میری یاد میں لگے رہتے ہیں اور میں ان کی یاد میں ـــــ

علامہ عبدالرحمٰن صفوری سلسلہ کلام کو جاری رکھتے ہوئے آگے چل کر لکھتے ہیں ـــــ

Marfat.com

(کہ فرمانِ خداوندی ہے) کہ میں انہیں تین چیزیں پہلے عطا کرتا ہوں —— وہ یہ ہیں

—— پہلی چیز ہے ——

اَنْ اَقْذِفُ فِیْ قُلُوْبِھِم نُوْرِیْ

اپنے نور کا کچھ حصہ ان کے دلوں میں ڈال دیتا ہوں۔

دوسری یہ ہے۔

لَوْ کَانَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ فِیْ مَوَازِیْنِھِمْ لَا سْتَقَلَلْتُھَا لَھُمْ

کہ اگر تمام آسمان اور ساری زمین بھی ان کے ترازوئے عمل میں ہوں تو میں ان کی خاطر ''سارے آسمانوں اور تمام زمین'' کو کم جانوں ——

تیسری چیز یہ ہے۔

اُقْبِلُ بِوَجْھِیَ الْکَرِیْمِ

کہ میں اپنے کریم چہرے سے ان پر متوجہ ہوتا ہوں ——

(نزہۃ المجالس ج اول ص ۱۲۳ مطبوعہ مصر نزہۃ المجالس ج اوّل ص ۱۲۹ مطبوعہ دار الکتب العلمیۃ بیروت لبنان)

قارئین! —— حدیث نمبر ۲۷۴ —— کو دیکھنے کے بعد جن حضرات کے سینوں سے بغضِ علی کا دھواں اٹھنا تھا، ان کی تسلی کے لئے چلتے چلتے سامنے آنے والا ایک حوالہ درج کر دیا ہے تا کہ وہ لوگ کہیں آسمان سر پر نہ اٹھالیں —— اور اپنے جامے میں رہیں ——

خیال رہے —— کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے کسی صدیق کو بذریعہ القایہ بتایا کہ میرے بندوں سے کچھ ایسے عظیم المرتبت اولیاء بھی ہیں —— جو مجھ سے محبت کرتے ہیں اور میں ان سے محبت فرماتا ہوں —— وہ میرے مشتاق ہیں اور میں ان کا مشتاق ہوں —— اور اگر ارض وسماوات ان کے میزانِ عمل میں رکھ دیئے جائیں تو میری رحمت کے نزدیک وہ ان کے اعمال سے کم ترین ہیں —— یہ بات ایک صدیق کو القا کی گئی ہے —— تمام نبیوں کی

Marfat.com

تمام اُمتوں کے تمام صدیقوں کا سردار اور پیشوا، اور مولا ـــــ مولا علی ہے جسے رسول مکرم نے صدیق الاکبر فرمایا ہے ـــــ لہٰذا وہ لوگ جو علی کریم کا نام سننا گوارہ نہیں کرتے ان کی بھلائی اسی میں ہے ـــــ کہ وہ دل سے علی المرتضٰی کو اپنا مولا مان کر ـــــ ان کے دامن کرم سے وابستہ رہیں ـــــ کوچہ نجف کو تصورات میں لا کر اپنا کاسۂ گدائی تھام کر صدائے بھیک بلند کرتے رہا کریں ـــــ اور اللہ کریم کی بارگاہ میں ہر وقت دعا کرتے رہا کریں ـــــ کہ دلوں میں علی سخی کی محبت کا اجالا پیدا ہو ـــــ پھر دیکھنا کہ مزاج کے انقباض کی گرہیں خود بخود کھلتی جائیں گی ـــــ منزلیں قریب اور مشکلیں آسان ہوتی جائیں گی ـــــ اِس لئے کہ فقر و ولایت کی سلطنت کا تاجدار علی ہے ـــــ اس کی وساطت کے بغیر دنیائے طریقت میں قدم رکھنے کا تصور کرنا نادانی کی انتہا ہے ـــــ جیسے بغیر وضو کے نماز نہیں ہوتی ـــــ اسی طرح علی کریم سے بے نیاز ہو کر طریقت کے اسرار و رموز کی فضاؤں میں سیاحی ناممکنات میں سے ہے۔

○ ـــــ بعض علماء کے تخیلات میں علمی قوائد کی بنا پر نشیب و فراز آتے رہتے ہین ـــــ اور وہ اپنے ماحول اور مزاج کے مطابق اپنی اپنی تحریر و تقریر میں تشریح و تصریح اور توضیح کے معاملات میں خود مختار نظر آتے ـــــ جس حدیث کو چاہیں موضوع اور ضعیف قرار دے دیں ـــــ ان کی تلون خیزیوں نے احادیث رسول پر اہلِ اسلام کے اعتماد کو ٹھیس پہنچانے میں اہم کردار ادا کیا ہے ـــــ مجھے ان امور میں خارجیت کے تانے بانے اور رافضیت کی مشرکانہ روش دکھائی دیتی ہے۔

○ ـــــ مجھے خارجی فرقوں ـــــ ناصبی ٹولوں ـــــ اور راسبی گروہوں کی مولا مرتضٰی کے ساتھ بدترین دُشمنی پر اتنا افسوس نہیں ہے ـــــ جتنا طریقت و روحانیت کا دم

Marfat.com

بھرنے والے نام نہاد اور خود ساختہ قسم کے پیروں پر ہے —— جو پیری اور مریدی کا دھندا بھی کرتے ہیں اور علی کریم سے دشمنی بھی رکھتے ہیں۔ یہ بہروپئے ہیں تو آٹے میں نمک کے برابر، لیکن اپنا کام دکھا رہے ہیں —— اور ضمیر کے سوداگروں اور کاسہ لیس قسم کے مولویوں کے درمیان بیٹھ کر خود کو ولی سمجھنے کی غلط فہمی میں مبتلا دکھائی دیتے ہیں —— اور ان کے گرد حلقہ بنا کر بیٹھنے والے خوشامد سے آمد کے نظریات کے حامل خرانٹ قسم کے مولوی ان جعلی پیروں کی قصیدہ گوئی میں زمین اور آسمان کے قلابے ملا دیتے ہیں —— اور اپنے ٹوٹے پھوٹے کشکولوں کی طرف دیکھ کر عجیب وغریب صدائیں بلند کرتے ہیں —— کوئی کہتا ہے —— آپ جیسا کوئی نہیں دیکھا —— کوئی صدائے بھیک دیتے ہوئے کہتا ہے —— کہ جناب کے فیض کا جریان قیامت تک کے لئے ہے ——

علی لجپال کی عظمتوں کے منکروں کے جھوٹے برتن چاٹنے والو! اب بھی وقت ہے سنبھل جاؤ —— مذہبی غیرت کو فروخت نہ خاندانِ رسالت سے وابستہ ہو جاؤ —— وہ سخی گھرانہ آپ لوگوں کو کسی قسم کی کمی نہیں آنے دے گا —— کچہریوں کے کٹہرے میں کھڑے ہو کر جھوٹی گواہی دینے کی بجائے منبروں پر کھڑے ہو کر علی کی عظمتوں کی گواہی دو —— قیامت کے دن مولا علی کرم اللہ وجہہ تمہارے ایمان کی گواہی دیں گے۔

حدیث نمبر ۲۷۵

علی کا عمل تمام مخلوق کے اعمال پر بھاری

اسی سلسلے کی ایک اور حدیث شریف دیکھیں —— جسے سلسلہ نقشبندیہ کے شیخ المشائخ علامہ سلیمان قندوزی حنفی، مفتی اعظم قسطنطنیہ نے اپنی کتاب ''ینابیع المودۃ'' امام زین العابدین علیہ السلام کی سند سے نقل فرمایا ہے۔

Marfat.com

امام زین العابدین علی بن حسین علیہما السلام سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ـــــ مولا علی کرم اللہ وجہہ سے ارشاد فرمایا۔

يَا اَبَا الْحَسَنِ لَوْ وُضِعَ اِيْمَانُ الْخَلَائِقِ وَاَعْمَالُهُمْ فِيْ كَفَّةِ مِيْزَانٍ وَوُضِعَ عَمَلُكَ يَوْمَ اُحُدٍ عَلٰى كَفَّةٍ اُخْرٰى لَرَجَحَ عَمَلُكَ عَلٰى جَمِيْعِ مَا عَمِلَ الْخَلَائِقُ، وَاَنَّ اللّٰهَ بَاهٰى بِكَ يَوْمَ اُحُدٍ مَلَائِكَةَ الْمُقَرَّبِيْنَ وَرَفَعَ الْحُجُبَ مِنَ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَاَشْرَفَتْ اِلَيْكَ الْجَنَّةُ وَمَا فِيْهَا وَابْتَهَجَ بِفِعْلِكَ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ـــــ وَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يُعَوِّضُكَ ذَالِكَ الْيَوْمَ مَا يَغْبِطُ كُلَّ نَبِيٍّ وَّرَسُوْلٍ وَّصِدِّيْقٍ وَّشَهِيْدٍ ۔

اے ابوالحسن! (علی) اگر تمام مخلوق کا ایمان اور ان کے اعمال ترازو کے ایک پلڑے میں رکھ دیئے جائیں اور تمہارا صرف جنگ اُحد والے دن کا عمل، ترازو کے دوسرے پلڑے میں رکھ دیا جائے ـــــ تو تمہارا عمل تمام مخلوق کے تمام اعمال سے بھاری ہوگا ـــــ اور بے شک اللہ تعالیٰ نے اُحد والے دن اپنے مقرب فرشتوں پر تمہارے ذریعے فخر کیا اور ساتوں آسمانوں کے پردے اٹھا دیئے، جنت اور اس کے اندر رہنے والی ہر چیز اور ہر نعمت تمہاری طرف بڑھی (یعنی آپ کو دیکھا) اور تمہارے اس فعل پر سارے جہانوں کے رب نے فخر کیا ـــــ اور بے شک اللہ تعالیٰ تمہیں اس دن کے بدلے میں ایسا صلہ عطا فرمائے گا، جس کو دیکھ کر ہر نبی، ہر رسول، ہر صدیق، ہر شہید رشک کرے گا ـــــ

(ینابیع المودۃ ج اوّل ص ۶۳ - مطبوعہ موسسۃ الاعلیٰ للمطبوعات ـــــ بیروت، لبنان)

Marfat.com

حدیث نمبر ۲۷۶

جس نے تجھے قتل کیا اس نے مجھے قتل کیا

امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خطبہ ارشاد کرتے ہوئے فرمایا۔

اے لوگو! تمہارے پاس اللہ تعالیٰ کا مہینہ برکت ورحمت اور مغفرت لے کر آ رہا ہے ـــــ اور آپ نے رمضان المبارک کے فضائل بیان فرمائے ـــــ پھر آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم رونے لگے ـــــ حضرت علی فرماتے ہیں ـــــ میں نے عرض کیا ـــــ اے اللہ کے رسول آپ کیوں روتے ہیں؟ ـــــ آپ نے فرمایا:

يَا عَلِيُّ اَبْكِىْ لِمَا يُسْتَحَلُّ مِنْكَ فِىْ هٰذَا الشَّهْرُ

اے علی! میں اس لئے روتا ہوں کہ اس مہینے میں تمہارے (قتل کو) حلال سمجھا جائے گا (یعنی تجھے اس مہینے میں شہید کیا جائے گا)

گویا کہ میں تمہارے ساتھ ہوں اور یہ دیکھ رہا ہوں ـــــ کہ تم (مسجد کوفہ میں) نماز کا ارادہ کر رہے ہو ـــــ اور اوّلین وآخرین میں سب سے زیادہ بد بخت ترین آدمی حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی کی کونچیں کاٹنے والا (یعنی صالح علیہ السلام کی اونٹنی کی کونچیں کاٹنے والے کی طرح بد بخت ترین ابن ملجم) اُٹھ کر تمہارے سر پر ضرب لگا رہا ہے ـــــ تمہارے سر کے خون سے تمہاری داڑھی رنگین ہوگئی ہے۔

حضرت علی علیہ السلام فرماتے ہیں:

میں نے عرض کیا ـــــ یا رسول اللہ! ـــــ اس وقت میرا دین سلامت ہوگا ـــــ

Marfat.com

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تمہارا دین سلامت ہوگا۔علی علیہ السلام فرماتے ہیں ——میں نے عرض کیا——

هٰذَا مِنْ مَوَاطِنِ الْبُشْرٰی وَالشُّكْرِ

یہ تو خوشخبری اور شکر کا مقام ہے۔

پھر ارشاد فرمایا

يَا عَلِيُّ! مَنْ قَتَلَكَ فَقَدْ قَتَلَنِیْ ۔ وَمَنْ اَبْغَضَكَ فَقَدْ اَبْغَضَنِیْ —— وَمَنْ سَبَّكَ فَقَدْ سَبَّنِیْ —— لِاَنَّكَ مِنِّیْ كَنَفْسِیْ —— رُوْحَكَ مِنْ رُّوْحِیْ —— وَطِيْنَتُكَ مِنْ طِيْنَتِیْ —— وَاِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی خَلَقَنِیْ وَخَلَقَكَ مِنْ نُّوْرِهٖ وَاصْطَفَانِیْ وَاصْطَفَاكَ —— فَاخْتَارَنِیْ لِلنُّبُوَّةِ —— وَاخْتَارَكَ لِلْاِمَامَةِ —— فَمَنْ اَنْكَرَ اِمَامَتَكَ فَقَدْ اَنْكَرَ نُبُوَّتِیْ —— يَا عَلِيُّ اَنْتَ وَصِيِّیْ وَوَارِثِیْ ۔ وَاَبُوْ وَلَدَیَّ —— وَزَوْجُ اِبْنَتِیْ —— اَمْرُكَ اَمْرِیْ —— وَنَهْيُكَ نَهْيِیْ —— اُقْسِمُ بِاللّٰهِ الَّذِیْ بَعَثَنِیْ بَعَثَنِیْ بِالنُّبُوَّةِ —— وَجَعَلَنِیْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ —— اِنَّكَ لَحُجَّةُ اللّٰهِ عَلٰی خَلْقِهٖ —— وَاَمِيْنُهٗ عَلٰی سِرِّهٖ —— وَخَلِيْفَةُ اللّٰهِ عَلٰی عِبَادِهٖ

اے علی! —— جس نے تجھے قتل کیا، اس نے مجھے قتل کیا —— اور جس نے تجھ سے بغض رکھا اس نے مجھ سے بغض رکھا —— اور جس نے تجھے برا بھلا کہا، اس نے مجھے برا بھلا کہا —— اس لئے کہ تم میرے لئے میری جان کی طرح ہو —— تمہاری رُوح میری رُوح سے ہے —— تمہاری مٹی، میری

Marfat.com

مٹی سے پیدا کی گئی ہے —— اور بے شک اللہ تبارک وتعالیٰ نے مجھے اور تجھے اپنے نور سے پیدا کیا ہے —— مجھے اور تجھے چن لیا ہے —— مجھے نبوت کے لئے اور تجھے امامت کے لئے منتخب کیا ہے —— جس نے تمہاری امامت کا اِنکار کیا —— اس نے میری نبوت کا اِنکار کیا —— اے علی! —— تم میرے وصی ہو اور میرے وارث ہو —— اور میرے دو بیٹوں کے باپ ہو —— اور میری بیٹی کے شوہر ہو —— تمہارا حکم دینا میرا حکم دینا ہے —— اور تمہارا روکنا میرا روکنا ہے قسم ہے اس اللہ تعالیٰ کی جس نے مجھے نبوت عطا فرما کے مبعوث فرمایا —— اور مجھے بہترین مخلوق بنایا —— کہ تم اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں اس کی حجت ہو اور اس کے راز کے امین ہو —— اور اللہ تعالیٰ کے بندوں پر اس کے خلیفہ ہو ——

(ینابیع المودّۃ ج اول ص ۵۱ مطبوعہ بیروت لبنان)

حدیث نمبر ۲۷

اللہ کی حجت اس کی ساری مخلوق پر

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے —— فرماتے ہیں —— کہ میں بارگاہِ رسالت میں حاضر تھا —— کہ اچانک حضرت علی بن ابی طالب تشریف لائے —— تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ——

يَا اَنَسُ! اَنَا وَهٰذَا حُجَّةُ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ

اے انس! میں —— اور یہ (علی) اللہ تعالیٰ کی مخلوق پر اس کی حجت ہیں ——

(تاریخ دمشق الکبیر (امام ابن عساکر) ج ۴۵ ص ۲۳۵ حدیث نمبر ۹۵۶۷ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت، لبنان سن اشاعت ۲۰۰۱ء)

Marfat.com

حدیث نمبر ۲۷۸

اُمت پر تا قیامت حجت

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں ـــــ کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی جناب میں حاضر تھا ـــــ کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مولا علی کو آتے دیکھا ـــــ اور فرمایا ـــــ

اَنَا وَھٰذَا حُجَّۃٌ عَلٰی اُمَّتِیْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ

میں اور یہ (ہم دونوں) میری اُمت پر قیامت کے دن حجت ہوں گے۔

(تاریخ دمشق الکبیر (ابن عساکر) ج ۵ ص ۲۳۴ حدیث نمبر ۹۵۷۷ مطبوعہ دارِ احیاء التراث العربی بیروت لبنان سن اشاعت ۲۰۰۱ء)

حدیث نمبر ۲۷۹

علی حجتہ اللہ

حضرت انس بن مالک فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے حضرت علی المرتضیٰ کو دیکھ کر ارشاد فرمایا۔

اَنَا وَھٰذَا حُجَّۃُ اللّٰہِ عَلٰی خَلْقِہٖ

میں اور یہ (ہم دونوں بھائی) اللہ تعالیٰ کی مخلوق پر، اللہ تعالیٰ کی حجت ہیں۔

(تاریخ دمشق الکبیر (امام ابن عساکر) حدیث نمبر ۹۵۷۸ ج ۴۵ ص ۲۳۵، مطبوعہ دارِ احیاء التراث العربی بیروت، لبنان سن اشاعت ۲۰۰۱ء)

Marfat.com

حدیث نمبر ۲۸۰

اللہ کے تمام بندوں پر اللہ کی برہان

حضرت انس بن مالک فرماتے ہیں کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے فرمایا۔

اَنَا وَعَلِیٌّ حُجَّۃُ اللّٰہِ عَلٰی عِبَادِہٖ

میں اور علی اللہ تعالیٰ کی برہان حجت ہیں ان تمام بندوں پر۔

(تاریخ دمشق الکبیر (امام ابن عساکر) ج ۴۵ ص ۲۳۵ حدیث نمبر ۹۵۷۹ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان، سن اشاعت ۲۰۰۱ء)

حجت کے معانی

مندرجہ بالا احادیث میں رسولِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی ذات اقدس کو —— اپنے بھائی مولا مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کو تا قیامت مخلوقِ خداوندی اللہ تعالیٰ کی حجت قرار دیا ہے —— جب تک حجت کے معنوں کو واضح نہ کیا جائے —— اوپر درج احادیث کی اصل مراد تک پہنچنے میں دشواری ہوگی۔

(۱) —— حجت —— کہتے ہیں —— دلیل کو —— اور دلیل ثبوت کے معنوں میں آتی ہے —— یعنی مصطفیٰ اور مرتضیٰ —— اس بات کا ثبوت ہیں کہ اللہ تعالیٰ واجب الوجود ہر جگہ موجود ہے —— اور اس کی ذات اپنے وجود میں کسی کی —— محتاج نہیں۔

(۲) —— حجت —— کا ایک معنی —— برہان بھی ہے —— اور برہان کہتے ہیں واضح ترین دلیل کو، جس میں یقینی اُمور پائے جائیں —— اس سے معلوم ہوا کہ یقین کی دولت، رسول کی چوکھٹ سے ملتی ہے —— یا علی کے کوئے ولایت سے میسر آتی ہے۔

(۳) —— حجت —— قابل وثوق امر کے معنوں میں بھی استعمال ہوتا ہے ——

Marfat.com

اور وثوق، مضبوطی ـــــ پختگی ـــــ بھروسہ ـــــ اعتماد اور اعتبار کے معنوں میں آتا ہے ـــــ احادیث کا مطلب یہ بنتا ہے ـــــ کہ میں اور علی مضبوطی اور پختگی میں یکتا روزگار ہیں ـــــ ہم پر مخلوق خالق بھروسہ کر سکتی ہے ـــــ اعتماد کا نور ہمارے دروازوں سے حاصل کرو ـــــ ہم پر اعتبار نہ کرنے والا خدائے لایزال کا باغی ہے۔

(۴) ـــــ حجت ـــــ علامہ ابن منظور (ابو الفضل جمال الدین محمد بن مکرم بن منظور۔ افریقی۔ مصری) رحمتہ اللہ علیہ ـــــ اپنی شہرۂ آفاق کتاب ـــــ ''لسان العرب'' ـــــ میں حجت کے معنی یوں بیان فرماتے ہیں۔

اَلْحُجَّةُ مَا دُوْفِعَ بِهِ الْخَصَمُ

حجت وہ چیز ہے جس کے ساتھ دشمن کو ہٹایا، بھگایا اور دفع کیا جائے۔

احادیث رسول کا ایک مطلب یہ بھی ہے ـــــ کہ میں اور علی، وہ ہیں جن کے سبب سے دشمنوں کو دور ہٹایا جا سکتا ہے ـــــ چونکہ انسانیت کا سب سے بڑا دشمن شیطان ہے ـــــ اور شیطان کے حملوں سے محفوظ رہنے کے لئے رسولِ کریم ـــــ اور علی فہیم کا دامن مضبوطی سے تھام لو! ـــــ شیطانِ رجیم کی دہشت گردی کو دفع کرنے کے لئے یہ دونوں ہستیاں تم پر اللہ کی حجت ہیں۔

(۵) ـــــ حجت ـــــ امام ابن منظور ـــــ رقم طراز ہیں۔

اَلْحُجَّةُ ـــــ اَلْوَجْهُ الَّذِیْ ـــــ یَکُوْنُ بِهِ الظَّفَرُ عِنْدَ الْخُصُوْمَةِ

حجت ـــــ ایسی وجہ کو کہتے ہیں جس کے ساتھ بوقت جنگ کامیابی حاصل کی جائے۔

Marfat.com

مذکورہ حدیث کو سامنے رکھ کر ـــــ حجت کے اس پانچویں معنی پر غور فرمائیں تو آپ کو حیدرِ کرار کی ہمتوں ـــــ عظمتوں ـــــ بلندیوں اور رسول دو جہاں کے ساتھ قربتوں کا پتہ چلتا جائے گا۔

ایمان والو! ـــــ احادیث پیغمبر ـــــ اشارہ دے رہی ہیں۔ کہ جب کفر و کفار سے ـــــ نفاق و منافقت سے اور مشہور زمانہ منافقین سے ـــــ یا رسولِ معظم کی عظمتوں کے ازلی دُشمنوں سے جنگ چھڑ جائے تو ـــــ رسولِ خدا ـــــ اور علی المرتضٰی ـــــ کو فراموش نہ کرنا۔

(۶) ـــــ یہاں سوال پیدا ہوتا ہے کہ ـــــ حجت کو ـــــ حجت ـــــ کہتے کیوں ہیں؟ ـــــ تو اس کا جواب لسان العرب میں اس طرح مرقوم ہے۔

لِاَنَّهَا تُحَجُّ ـــــ اَیْ ـــــ تَقْصُدُ لِاَنَّ الْقَصْدَ لَهَا وَاِلَیْهَا

کہ حجت کا ایک معنی قصد بھی ہے ـــــ تو چونکہ بوقت ضرورت اس کا قصد کیا جاتا ـــــ اس لئے اس کو حجت کہتے ہیں۔

(۷) ـــــ قصد: ـــــ کسی کام کا ارادہ کر کے کوشش و محنت کرنا قصد کہلاتا ہے۔

برادرانِ اسلام! ـــــ مندرجہ بالا معنوں پر غور فرمائیں ـــــ اگر ـــــ لفظ حجت کے معنی آپ کی سمجھ میں آ گئے ـــــ تو پھر مذکورہ حدیثوں سے علی کریم کی شان و مرتبت کا کچھ نہ کچھ پتہ ضرور چل جائے گا۔

ظاہری طور پر یوں سمجھیں ـــــ کہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ـــــ رب العزت کی دلیل و برہان ہیں ـــــ اور مولا علی ـــــ رسول اللہ کی صداقت کی برہان و دلیل ہیں ـــــ

Marfat.com

حدیث نمبر ۲۸۱

حدیث نور

خیال رہے کہ مولائے کائنات سے متعلق ایک نوری حدیث بیان کرنے سے پہلے ایک حدیث شریف بیان کرنے جارہا ہوں جس کی ضیائے نور سے آپ کے دل جگمگا اُٹھیں گے۔

علامہ قندوزی رحمتہ اللہ علیہ نے حدیث نور ان الفاظ میں بیان فرمائی ہے —— جس کے راوی حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں فرماتے ہیں کہ رسولِ مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَوَّلَ مَا خَلَقَ اللّٰہُ رُوْحِیْ —— وَ

اَوَّلَ مَا خَلَقَ اللّٰہُ نُوْرِیْ —— وَ

اَوَّلَ مَا خَلَقَ اللّٰہُ الْعَقْلُ —— وَ

اَوَّلَ مَا خَلَقَ اللّٰہُ الْقَلَمَ —— وَ

اَوَّلَ مَا خَلَقَ اللّٰہُ نُوْرَ نَبِیِّكَ یَا جَابِرُ

اے جابر! سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے میری رُوح کو تخلیق فرمایا —— اور سب سے پہلے خالق اکبر نے میرے نور کو پیدا فرمایا —— اور سب سے پہلے اللہ کریم نے عقل کو پیدا فرمایا —— اور اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے قلم کو پیدا فرمایا —— اور اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے تیرے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پیدا فرمایا —— (ینابیع المودۃ ج اول ص ۹ مطبوعہ بیروت)

○ —— علامہ شیخ سلیمان نقشبندی حنفی رحمتہ اللہ علیہ اس حدیثِ مبارکہ کو نقل فرمانے

Marfat.com

کے بعد ارقام فرماتے ہیں ـــــ ان سب احادیث سے مراد حقیقت محمدیہ کی یہ خلقت ہے جو تکمیل کے مراحل و درجات طے کر رہی تھی اور یہ ہمارے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رُوح تھی ـــــ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وہ حدیث ـــــ کہ میں اس وقت بھی نبی تھا جب حضرت آدم علیہ السلام پانی اور مٹی کے درمیان تھے۔ یعنی خمیر کئے جا رہے تھے ـــــ یہ تمام باتیں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نور مقدس کے اوّل ہونے پر دلالت کرتی ہیں۔

ـــــ اس حدیث میں عقل و قلم کے پہلے پیدا ہونے کا ذکر ہے ـــــ عقل ـــــ حصولِ علم ـــــ اور ضبط حقائق کے کردار کا نام ہے اور قلم علم کے ظاہر کرنے کا ذریعہ اور سبب ہے یہی وجہ ہے کہ علماء کی ایک پوری جماعت نے عقل و قلم سے ذاتِ اقدس مراد لیا ہے۔

حدیث نمبر ۲۸۲

میں اور علی اللہ کے نور سے ہیں

جنابِ سعید بن جبیر نے ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت بیان کی ہے ـــــ کہ حضرتِ ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا ـــــ کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ـــــ کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم حضرت علی کریم سے فرما رہے تھے۔

اَنَا وَاَنْتَ مِنْ نُّوْرِ اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ

میں اور تم اللہ کے نور سے (پیدا کئے گئے) ہیں۔ (ینابیع الموذہ ج اول ص ۱۰)

Marfat.com

حدیث نمبر ۲۸۳-

چودہ ہزار سال پہلے

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں:

سَمِعْتُ حَبِیْبِیْ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ ——— یَقُوْلُ: کُنْتُ اَنَا وَعَلِیٌّ نُوْرًا بَیْنَ یَدَیِ اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ ——— یُسَبِّحُ اللّٰہَ ذٰلِكَ النُّوْرُ وَیُقَدِّسُہٗ ، قَبْلَ اَنْ یَّخْلُقَ اللّٰہُ اٰدَمَ بِاَرْبَعَۃَ عَشَرَ اَلْفَ عَامٍ ——— فَلَمَّا خَلَقَ اٰدَمَ اَوْ دَعَ ذٰلِكَ النُّوْرَ فِیْ صُلْبِہٖ ——— فَلَمْ یَزَلْ ——— اَنَا وَعَلِیٌّ شَیْءٌ وَاحِدٌ ——— حَتّٰی اِفْتَرَقْنَا فِیْ صُلْبِ عَبْدِ الْمُطَّلَبِ ——— فَفِی النُّبُوَّۃُ وَفِیْ عَلِیٍّ الْاَمَامَۃِ

کہ میں نے اپنے پیارے محمد کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے ——— کہ میں اور علی ——— اللہ تعالیٰ کے ہاں ایک نور کی صورت میں موجود تھے حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق سے چودہ ہزار سال پہلے یہ نور، اللہ تعالیٰ کی تسبیح وتقدیس بیان کرتا تھا ——— جب اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا ——— تو اس نور کو آدم کی پشت میں ''بطورِ امانت'' رکھ دیا، میں اور علی ایک ہی شکل وصورت میں رہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں صلب عبدالمطلب میں دو حصوں میں تقسیم کر دیا ——— مجھے نبوت اور علی کو امامت عطا کی ——— (یہ حدیث دیلمی کی الفردوس میں بھی موجود ہے)

(ینابیع المودۃ ج اوّل ص ۱۰)

Marfat.com

حدیث نمبر ۲۸۴

علی مقیم حجت ہیں

قندوزی نے موفق بن احمد خوارزمی مکی حنفی کے حوالے سے روایت بیان فرمائی ہے ـــــ لکھتے ہیں ـــــ کہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

لَمَّا خَلَقَ اللّٰہُ اٰدَمَ وَنَفَخَ فِیْہِ مِنْ رُّوْحِہٖ عَطَسَ ـــــ فَقَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ـــــ فَاَوْحٰی اِلَیْہِ اَنَّکَ حَمِدْتَنِیْ، وَعِزَّتِیْ وَجَلَالِیْ لَوْلَا الْعَبْدَانِ اِلَّا زَانِ، اُرِیْدُ اَنْ اَخْلُقُھُمَا مَاخَلَقْتُکَ ـــــ قَالَ: ـــــ اِلٰھِیْ اَیَکُوْنَا مِنِّیْ ـــــ قَالَ: نَعَمْ ـــــ قَالَ: یَا اٰدَمُ اِرْفَعْ بَصَرَکَ وَانْظُرْ، فَنَظَرَ فَاِذَا مَکْتُوْبٌ عَلَی الْعَرْشِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ، ھُوَ نَبِیُّ الرَّحْمَۃِ وَعَلِیٌّ مُقِیْمُ الْحُجَّۃِ

کہ جب اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا تو اس میں اپنی رُوح پھونکی تو اس امر پر جنابِ آدم علیہ السلام کو چھینک آ گئی ـــــ حضرت آدم علیہ السلام نے کہا ـــــ الحمدللہ ـــــ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کی طرف سے وحی فرمائی کہ (اے آدم) تو نے میری حمد بیان کی ہے ـــــ مجھے اپنی عزت وجلال کی قسم ـــــ اگر مجھے اپنے دو بندوں کو پیدا نہ کرنا ہوتا ـــــ تو تجھے ہرگز نہ پیدا کرتا ـــــ حضرت آدم علیہ السلام نے عرض کیا ـــــ اے میرے اللہ! وہ دونوں مجھ سے ہوں گے ـــــ اللہ کریم نے فرمایا ـــــ ہاں ـــــ ''وہ دونوں تیری اولاد سے ہوں گے'' ـــــ ذرا اپنی نگاہوں کو بلند

Marfat.com

کر کے اوپر دیکھو ـــــ حضرتِ آدم علیہ السلام نے نظریں اُٹھا کر دیکھا ـــــ تو عرش کے ایک مقام پر یہ لکھا ہوا دیکھا۔

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ، هُوَ نَبِیُّ الرَّحْمَةِ ـــــ وَعَلِیٌّ مُقِیْمُ الْحُجَّةِ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ـــــ محمد اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں اور نبی رحمت ہیں ـــــ اور علی حجت کو قائم کرنے والے ہیں۔

(ینابیع المودۃ ج اول ص ۱۰ مطبوعہ بیروت)

حدیث نمبر ۲۸۵

علی علیہ السلام کا خون میرا خون ہے

مولائے ارض وسماء علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ـــــ اے علی! میں اور تو اللہ کے حضور میں ایک نور کی صورت میں موجود تھے ـــــ جب اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا تو اس نور کو آدم علیہ السلام کی صلب میں رکھا ـــــ اللہ تعالیٰ مسلسل اس نور کو ایک پشت سے دوسری پشت کی طرف منتقل کرتا رہا ـــــ یہاں تک کہ اس نور کو حضرت خواجہ عبدالمطلب کی پشت میں منتقل کیا ـــــ پھر اس کو دو حصوں میں تقسیم کیا ـــــ ایک حصے کو عبداللہ کی پشت میں ـــــ اور دوسرے حصے کو میرے چچا حضرت ابوطالب کی پشت میں منتقل کیا۔

فَعَلِیٌّ مِّنِّیْ وَاَنَا مِنْهُ ـــــ لَحْمُهٗ لَحْمِیْ وَدَمُهٗ دَمِیْ ـــــ فَمَنْ اَحَبَّهٗ فَبِحُبِّیْ اَحَبَّهٗ، وَمَنْ وَمَنْ اَبْغَضَهٗ فَبِبُغْضِیْ اَبْغَضَهٗ

پس علی مجھ سے ہے اور میں علی سے ہوں۔ علی کا گوشت میرا گوشت ہے اور

Marfat.com

علی کا خون میرا خون ہے —— پس جس نے علی سے محبت کی —— تو اس نے میری محبت کی وجہ سے اس سے محبت کی —— اور جس نے علی سے بغض رکھا —— تو اس نے میرے ساتھ بغض کی وجہ سے علی کے ساتھ بغض رکھا۔

(المناقب للخوارزمی ص ۱۴۵/۱۴۶ مطبوعہ قم ایران ینابیع المودۃ ج اول ص ۱۰ مطبوعہ بیروت لبنان)

اس حدیثِ مقدسہ سے یہ امر روزِ روشن کی طرح واضح ہو گیا کہ رسولِ دو جہان سے محبت رکھنے والا ہی —— مولا علی سے محبت رکھتا ہے —— جس کے سینے میں بغض رسول کے شعلے اُٹھ رہے ہوں —— بغضِ علی کے زہریلے دھوئیں سے اپنے چہروں کو سیاہ کرنے والے —— در پردہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ بغض اور دُشمنی رکھنے کی وجہ سے ایسا کرتے ہیں۔

حدیث نمبر ۲۸۶

وہ جھوٹا ہے جو یہ گمان کرے ——

اوپر والی حدیث کے مفہوم کو واضح کرنے والی ایک اور حدیث ملاحظہ فرمائیں —— جسے امام ابن عساکر (ابوالقاسم علی بن حسین شافعی) رحمتہ اللہ علیہ نے تاریخ دمشق الکبیر میں نقل فرمایا ——

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے —— فرماتے ہیں —— کہ رسولِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے جنابِ علی کریم سے فرمایا۔

يَا عَلِيُّ! كَذِبَ مَنْ زَعَمَ اَنَّهٗ يُحِبُّنِىْ، وَيُبْغِضُكَ

اے علی! جس شخص نے گمان کیا کہ وہ مجھ سے محبت کرتا ہے —— اور تجھ سے بغض رکھتا ہے —— وہ جھوٹ بولتا ہے ——

(تاریخ دمشق الکبیر (امام ابن عساکر) ج ۴۵ ص ۲۰۴ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، سن اشاعت ۲۰۰۱ء)

Marfat.com

حدیث نمبر ۲۸۷

ظن باطل

ام المومنین حضرت اُمّ سلمہ سلام اللہ علیہا سے روایت ہے ـــــ فرماتی ہیں ـــــ کہ بارگاہِ رسالت میں علی المرتضٰی حاضر ہوئے تو سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا ـــــ

كَذِبَ مَنْ زَعَمَ اَنَّهٗ يُحِبُّنِىْ، وَيُبْغِضُ هٰذَا

وہ شخص جھوٹا ہے، جو یہ گمان کرے کہ وہ مجھ سے محبت کرتا ہے ـــــ لیکن اس (علی) سے بغض رکھتا ہو۔

(تاریخ دمشق (ابن عساکر) ج ۴۵ ص ۲۰۴، مطبوعہ داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، سن اشاعت ۲۰۰۱ء)

حدیث نمبر ۲۸۸

محبتِ علی دراصل محبت رسول ہے

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔ فرماتے ہیں ـــــ کہ میں نے رسول اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو مولا علی سے یہ فرماتے ہوئے سنا۔

مُحِبُّكَ مُحِبِّىْ ـــــ وَمُبْغِضُكَ مُبْغِضِىْ

(اے علی) تجھ سے محبت کرنے والا (دراصل) مجھ سے محبت کرنے والا ہے ـــــ تجھ سے بغض رکھنے والا، مجھ سے بغض رکھنے والا ہے۔

(ابن عساکر ج ۴۵ ص ۲۰۴ مطبوعہ دارِ احیاء التراث العربی بیروت، لبنان سن اشاعت ۲۰۰۱ء)

Marfat.com

حدیث نمبر ۲۸۹

اے علی! تیرا محبّ، میرا اور اللہ کا محبّ ہے

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں ـــــ کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے علی ابن ابی طالب کی ران اور سینے پر ہاتھ پر ہاتھ مارا اور میں نے آپ کو یہ فرماتے ہوئے سنا۔

مُحِبُكَ مُحِبّیْ ـــــ وَمُحِبّیْ مُحِبُّ اللّٰہِ ـــــ وَمُبْغِضُكَ مُبْغِضِیْ ـــــ وَمُبْغِضِیْ مُبْغِضَ اللّٰہِ ـــــ

(اے علی!) تجھ سے محبت کرنے والا (دراصل) مجھ سے محبت کرنے والا ہے ـــــ اور ـــــ مجھ سے محبت کرنے والا اللہ تعالیٰ سے محبت کرنے والا ہے ـــــ اور تجھ سے بغض رکھنے والا (درحقیقت) مجھ سے بغض رکھنے والا ہے ـــــ اور مجھ سے بغض رکھنے والا (دراصل) اللہ تعالیٰ سے بغض رکھنے والا ہے۔

حدیث نمبر ۲۹۰

اطاعت علی علیہ السلام ـــــ اطاعت رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم

حضرت یعلیٰ بن مرہ ثقفی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں ـــــ کہ میں نے رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کو یہ فرماتے ہوئے سنا۔

مَنْ اَطَاعَ عَلِیًّا فَقَدْ اَطَاعَنِیْ ـــــ وَمَنْ عَصٰی عَلِیًّا فَقَدْ عَصَانِیْ ـــــ وَمَنْ عَصَانِیْ فَقَدْ عَصَی اللّٰہَ ـــــ وَمَنْ اَحَبَّ

Marfat.com

عَـلِيًّا فَقَدْ اَحَبَّنِیْ، وَمَنْ اَحَبَّنِیْ فَقَدْ اَحَبَّ اللّٰہَ ـــــ وَمَنْ اَبْغَضَ عَلِيًّا فَقَدْ اَبْغَضَنِیْ ـــــ وَمَنْ اَبْغَضَنِیْ فَقَدْ اَبْغَضَ اللّٰہَ ـــــ لَا يُحِبُّكَ اِلَّا مُؤْمِنٌ ـــــ وَلَا يُبْغِضُكَ ـــــ اِلَّا كَـافِرٌ اَوْ مُنَافِقٌ

جس شخص نے علی کی اطاعت وفرمانبرداری کی، اس نے میری اطاعت وفرمانبرداری کی ـــــ اور جس نے علی کی نافرمانی کی، اس نے میری نافرمانی کی ـــــ اور جس نے میری نافرمانی کی ـــــ بیشک اس نے خدا تعالیٰ کی نافرمانی کی ـــــ اور جس نے علی سے محبت کی ـــــ بے شک اس نے مجھ سے محبت کی ـــــ اور جس نے مجھ سے محبت کی یقیناً اس نے اللہ تعالیٰ سے محبت کی ـــــ اور جس نے علی کے ساتھ بغض رکھا یقیناً اس نے میرے ساتھ بغض رکھا ـــــ اور جس نے مجھ سے بغض رکھا ـــــ بے شک اس نے اللہ کریم کے ساتھ بغض رکھا ـــــ (اے علی!) سوائے مومن کے تجھ سے کوئی محبت نہیں کرے گا ـــــ اور تجھ سے کافر یا منافق کے سوا کوئی شخص بغض نہیں رکھے گا ـــــ

(تاریخ دمشق الکبیر (ابن عساکر) ج ۴۵ ص ۲۰۴/۲۰۵ مطبوعہ دار حیاء التراث العربی بیروت لبنان سن اشاعت ۲۰۰۱ء)

حدیث نمبر ۲۹۱

وہ جھوٹا ہے ـــــ اور ـــــ مومن نہیں

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔

Marfat.com

مَنْ زَعَمَ اَنَّهٗ اٰمَنَ بِیْ وَمَا جِئْتُ بِهٖ وَهُوَ یُبْغِضُ عَلِیًّا، فَهُوَ کَاذِبٌ لَیْسَ بِمُؤْمِنٍ ۔

جس شخص نے یہ گمان کیا کہ وہ مجھ پر ـــــ اور جو میں لے کر آیا ہوں (قرآن ودینِ اسلام) اس پر ایمان لے آیا ہے۔ حالانکہ، وہ علی سے بغض رکھتا ہے، تو وہ جھوٹا ہے اور وہ مومن نہیں ہے۔

(تاریخ دمشق الکبیر (امام ابن عساکر) ج ۴۵ ص ۲۱۳ حدیث نمبر ۹۵۱۹ - مطبوعہ داراحیاء التراث العربی، بیروت لبنان سن اشاعت ۲۰۰۱ء)

حدیث نمبر ۲۹۲

علی کے بارے میں عہد

حضرت ابو برزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں ـــــ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ـــــ

اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی عَهِدَ اِلَیَّ عَهْدًا فِیْ عَلِیٍّ فَقُلْتُ یَا رَبِّ بَیِّنْهُ لِیْ ـــــ فَقَالَ: اِسْمَعْ ـــــ فَقُلْتُ: سَمِعْتُ ـــــ فَقَالَ: اِنَّ عَلِیًّا رَایَةُ الْهُدٰی ـــــ وَاِمَامُ الْاَوْلِیَائِیْ ـــــ وَنُوْرُ مَنْ اَطَاعَنِیْ ـــــ وَهُوَ الْکَلِمَةُ الَّتِیْ اَلْزَمْتُهَا الْمُتَّقِیْنَ ـــــ مَنْ اَحَبَّهٗ، اَحَبَّنِیْ ـــــ وَمَنْ اَبْغَضَهٗ اَبْغَضَنِیْ ـــــ فَبَشِّرْهُ بِذٰلِكَ ـــــ فَجَاءَ عَلِیٌّ فَبَشَّرْتَهٗ

بے شک اللہ تعالیٰ نے مجھ سے علی کریم کے بارے میں ایک عہد لیا ـــــ میں نے بارگاہِ خداوندی میں عرض کیا ـــــ یارب مجھے اس امر کی وضاحت

Marfat.com

فرمائیں ـــ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا ـــ سنو! میں نے عرض کیا ـــ سن رہا ہوں ـــ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا ـــ بے شک علی ہدایت کا نشان ہے ـــ اور میرے اولیاء کا امام ہے ـــ اور جس نے میری اطاعت کی ـــ اس کا نور ہے ـــ اور وہ ایسا کلمہ ہے جسے میں نے پرہیز گاروں کے لئے لازم کر دیا ہے۔ جس نے اس سے محبت کی، اس نے مجھ سے محبت ـــ اور جس نے اس سے بغض رکھا ـــ اس نے مجھ سے بغض رکھا (اے میرے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علی کو) اس بات کی بشارت دے دو ـــ تو علی آئے اور میں نے انہیں اس بات کی بشارت دے دی۔

(حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء ج اوّل ص ۶۶/ ۶۷ (امام ابونعیم متوفی ۴۳۰ھ) مطبوعہ دارالکتاب العربی بیروت لبنان اشاعت ۱۹۸۰ء)

حدیث نمبر ۲۹۳

منارۂ ایمان

حضرت ابو برزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــ فرماتے ہیں ـــ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ـــ اے ابو برزہ! ـــ بے شک عالمین کے ربّ نے علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ کے بارے میں عہد لیا ہے ـــ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ـــ

اِنَّهٗ رَایَةُ الْهُدٰی ـــ وَمَنَارُ الْاِیْمَانِ ـــ وَاِمَامُ اَوْلِیَائِیْ ـــ وَنُوْرُ جَمِیْعِ مَنْ اَطَاعَنِیْ ـــ یَا اَبَا بَرْزَةَ! عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ اَمِیْنِیْ غَدًا فِی الْقِیَامَةِ ـــ وَصَاحِبُ رَایَتِیْ فِی

Marfat.com

الْقِيَامَةِ، عَلٰى مُفَاتِيْحِ خَزَائِنِ رَحْمَةِ رَبِّىْ

بے شک وہ (علی) ہدایت کی علامت ہے —— اور ایمان کا منارہ ہے —— اور میرے اولیاء کا امام ہے —— اور ان تمام لوگوں کے لئے نور ہے —— جنہوں نے میری اطاعت کی —— اے ابو برزہ! —— علی بن ابی طالب کل قیامت میں میرا امین ہوگا —— اور قیامت میں میرا جھنڈا اٹھانے والا، میر علم دار ہوگا —— میرے رب کی رحمت کے خزانوں کی چابیوں کا امانت دار ہوگا۔ (حلیۃ الاولیاء ج اوّل ص ٦٦)

حدیث نمبر ۲۹۴

اللہ نے محبتِ علی کا وعدہ لیا

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے —— فرماتے ہیں کہ میں نے رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ سے یہ فرماتے ہوئے سنا۔

اِنَّ اللّٰهَ اَخَـذَ مِيْثَاقَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى حُبِّكَ وَاَخَذَ مِيْثَاقَ الْمُنَافِقِيْنَ عَلٰى بُغْضِكَ —— وَلَوْ ضَرَبْتَ خَيْشُوْمَ الْمُؤْمِنِيْنَ مَا اَبْغَضَكَ —— وَلَـوْ نَشَـرْتَ الدُّنَا نِيْرَ عَلَى الْمُنَافِقِ مَا اَحَبَّكَ يَا عَلِىُّ لَا يُحِبُّكَ اِلَّا مُؤْمِنٌ —— وَلَا يُبْغِضُكَ اِلَّا مُنَافِقٌ

بے شک اللہ تعالیٰ نے مؤمنوں سے تمہاری محبت کا وعدہ لیا ہے —— اور منافقوں سے تمہارے بغض کا —— اور اگر تم مومن کی ناک پر بھی ضرب لگاؤ گے تو وہ تم سے بغض نہیں رکھے گا —— اور اگر تم منافق پر دیناروں کی بارش بھی کر دو گے —— تو وہ تم سے محبت نہیں رکھے گا —— اے علی! تم سے

Marfat.com

صرف مومن ہی محبت کرے گا ـــــ اور تم سے صرف منافق ہی بغض رکھے گا۔

(تاریخ دمشق الکبیر (امام ابن عساکر) ج ۴۵ ص ۲۱۰/ ۲۱۱ حدیث نمبر ۹۵۱۲ مطبوعہ دار احیاء التراث، بیروت، لبنان)

حدیث نمبر ۲۹۵

مومن مجھ سے کبھی بغض نہیں رکھے گا

جنابِ ابو طفیل سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں ـــــ ایک مرتبہ مولا علی نے اس جگہ پر میرا ہاتھ پکڑا ـــــ اور فرمایا ـــــ

يَا اَبَا طُفَيْل! ـــــ لَوْ اَنِّىْ ضَرَبْتُ اَنْفَ الْمُؤْمِنُ بِخَشْبَةٍ مَا اَبْغَضَنِىْ اَبَدًا ـــــ وَلَوْ اَنِّىْ اَقَمْتُ الْمُنَافِقَ وَنَشَرْتُ عَلٰى رَأْسِهٖ حَتّٰى اِغْمَرَّهٗ مَا اَحَبَّنِىْ اَبَدًا ـــــ يَا اَبَا طُفَيْلِ! ـــــ اِنَّ اللّٰهَ اَخَذَ مِيْثَاقَ الْمُؤْمِنِيْنَ بِحُبِّىْ ـــــ وَاَخَذَ مِيْثَاقَ الْمُنَافِقِيْنَ بِبُغْضِىْ ـــــ فَلَا يُبْغِضُنِىْ مُؤْمِنٌ اَبَدًا ـــــ وَلَا يُحِبُّنِىْ مُنَافِقٌ اَبَدًا

اے ابو طفیل! ـــــ اگر میں مومن کی ناک پر چھڑی سے ضرب لگاؤں تو وہ کبھی مجھ سے بغض نہیں رکھے گا ـــــ اور اگر میں منافق کو کھڑا کر کے اس پر دیناروں کی بارش کر دوں یہاں تک کہ وہ ان میں ڈوب جائے تو وہ کبھی بھی مجھ سے محبت نہیں کرے گا ـــــ اے ابو طفیل! ـــــ بے شک اللہ تعالیٰ نے مؤمنوں سے میری محبت کا وعدہ لیا ہے ـــــ اور منافقوں سے میرے بغض کا وعدہ لیا ہے تو مومن مجھ سے کبھی بھی بغض نہیں رکھے گا، اور منافق مجھ سے

Marfat.com

کبھی بھی محبت نہیں رکھے گا۔

(تاریخ دمشق الکبیر (ابن عساکر) ج ۴۵ ص ۲۱۱، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، سن اشاعت ۲۰۰۱ء)

حدیث نمبر ۲۹۶

بغضِ علی کی بیماری سے بچو!

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسولِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اِنَّمَا رَفَعَ اللّٰہُ الْقَطْرَ فِیْ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ بِسُوْءِ رَایِھِمْ فِیْ اَنْبِیَائِھِمْ وَاَنَّ اللّٰہَ عَزَّوَجَلَّ، یَرْفَعُ الْقَطْرَ عَنْ ھٰذِالْاُمَّۃِ بِبُغْضِھِمْ عَلِیّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ

بے شک اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل سے بارش صرف ان کے اپنے نبیوں کی ''گستاخی'' اور ان کے متعلق بری رائے قائم کرنے کی وجہ سے بند فرمائی تھی ——— اور اللہ تعالیٰ نے اس اُمت سے بغضِ علی کی وجہ سے بارانِ رحمت کی بندش فرمائی۔

(تاریخ دمشق الکبیر (امام ابن عساکر) ج ۴۵ ص ۲۱۱ حدیث نمبر ۹۵۱۱ مطبوعہ دار احیاء التراث بیروت لبنان، اشاعت ۲۰۰۱ء)

○ ——— قارئین عظام! ——— گزشتہ صفحات میں درج کی گئیں احادیث رسول، جن میں رسولِ خدا نے علی کریم کے ساتھ بغض وعناد اور عداوت رکھنے والوں کی مذمت فرمائی ——— ان احادیث کو بار بار پڑھیں اور غور فرمائیں ——— تو حقیقتیں نکھر کر آپ کے سامنے آجائیں گی ——— آج کے اس پرفتن دور میں عجیب وغریب قسم کی تحریکیں جنم لے رہی ہیں ——— کچھ گروہ ایسے ہیں ——— جو رسولِ مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو چھٹی رساں

Marfat.com

تصور کرتے ہیں ـــــ اس کائنات ارضی پر کچھ ایسے بد بخت لوگ بھی موجود ہیں ـــــ جن کا نظریۂ باطل یہ ہے ـــــ کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعظیم وتکریم ـــــ گاؤں کے چوہدری اور بڑے بھائی کی طرح کرنی چاہئے یہ اس ہستی معظم کے بارے میں کہتے ہیں ـــــ جو باعث تکوین کائنات ہے ـــــ جو اس امت کے لئے باپ کا مقام رکھتے ہیں ـــــ اور کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو مولائے کائنات علی المرتضٰی کرم اللہ وجہہ کی دُشمنی میں ابن ملجم لعین کو بھی پیچھے چھوڑ گئے ہیں ـــــ

○ ـــــ برادرانِ اسلام! ـــــ بغضِ علی ـــــ ایک ایسا زہریلا اور لاعلاج مرض ہے ـــــ جس سے دل کو پرگندگی ـــــ ذہن کو درندگی اور خیالات کو گندگی کے سوا کچھ نہیں ملتا ـــــ یہ بیماری ان لوگوں پر اثرات مرتب کرتی ہے، جن کا خون صاف نہیں ـــــ رحمت خداوندی کی بارش ان لوگوں پر برستی ہے ـــــ جن کے سینوں میں محبتِ علی کا نور موجود ہو۔

○ ـــــ عداوتِ علی علیہ السلام کی بیماری خوارج ونواصب کو جہنم رسید کرتی ہوئی آگے ہی آگے بڑھتی جارہی ہے ـــــ جس کی وجہ سے فضائے اسلام میں آلودگی اور ماحول میں ارتعاش ـــــ اور فرقہ واریت کا ایک نہ تھمنے والا طوفان دکھائی دے رہا ہے ـــــ رسولِ کریم کون ومکان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے گھرانے کے دُشمن طاغوتی طاقتوں قوتوں کی کٹھ پتلیاں ہیں ـــــ جو اُمت مسلمہ کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں اور گروہوں میں تقسیم کر کے صفحہ ہستی سے مٹانے کے لئے نہایت گھناؤنا، ظالمانہ اور بدبودار کردار ادا کر رہے ہیں ـــــ

○ ـــــ صد افسوس کہ نام نہاد قسم کے علماء جن کو کٹھ پتلی ملا کہنا زیادہ مناسب ہوگا، میں بغض حیدرِ کرار کے جراثیم کافی مقدار میں پائے جاتے ہیں، اور ان کے پاس ایک ایسا

Marfat.com

شاطرانہ حربہ وہتھیار ہے ـــــ جس سے بچ نکلنا ہر ایک کے بس میں نہیں ہے۔اس ہتھیار کو نہایت چالاکی سے استعمال کرتے ہوئے ـــــ اپنی ناپاک زبان سے یوں اگ اُگلتے ہیں ـــــ کہ علی کی شان وعظمت کا پرچار کرنے سے رافضیت کو تقویت ملتی ہے ـــــ سیدہ جلیلہ ـــــ علی المرتضٰی اور حسین کریمین کا نام مت لو ـــــ اور ان کے ذکر سے اپنی تقریروں اور تحریروں کو مزین نہ کرو!

○ ـــــ ان نادانوں کو کون بتائے کہ رافضیت کا زور توڑنے کے لئے اگر کوئی موثر ترین امر ہے تو وہ ہے ـــــ علی کریم کے فضائل وخصائص اور علمی کمالات وخصائل کا بیان کرنا ہے ـــــ یہ کر کے دیکھو! ـــــ تو رافضیت کو دم توڑتے ہوئے اپنی آنکھوں سے دیکھ سکو گے ـــــ ایک اور حدیث ملاحظہ فرمائیں! ـــــ شاید ہدایت کا رستہ مل جائے ـــــ

حدیث نمبر ۲۷۹

قیامت کے دن کذابوں کی صف میں

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں ـــــ کہ میں نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ـــــ اے علی! ـــــ اللہ تعالیٰ نے تمہیں اس چیز سے زینت فرمائی ہے ـــــ کہ اس نے بندوں میں سے کسی ایک کو بھی ایسی چیز سے مزین نہیں فرمایا ـــــ جو اسے اس چیز سے زیادہ پسند ہو (جس سے تجھے زینت بخشی) ـــــ جو چیز بارگاہِ خداوندی میں نیک لوگوں کے لئے زینت ہے ـــــ وہ دنیا میں زہد اختیار کرتا ہے ـــــ اللہ تعالیٰ نے تمہیں ایسا بنایا ہے کہ تم دنیا سے کچھ نہیں لیتے ـــــ اور نہ ہی دنیا تجھ پر کسی قسم کا کوئی عیب لگا سکتی ہے ـــــ

وَوَهَبَ لَكَ حُبَّ الْمَسَاكِيْنَ ـــــ فَجَعَلَكَ تَرْضٰى بِهِمْ اَتْبَاعًا

Marfat.com

وَيَرْضُوْنَ بِكَ اِمَامًا فَطُوْبٰى لِمَنْ اَحَبَّكَ وَصَدَّقَ فِيْكَ فَهُمْ جِيْرَانُكَ فِىْ دَارِكَ وَرُفَقَاؤُكَ فِىْ جَنَّتِكَ ـــــ وَاَمَّا مَنْ اَبْغَضَكَ وَكَذِبَ عَلَيْكَ فَحَقَّ عَلَى اللهِ اَنْ يُّوْقِفَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُوْقِفَ الْكَذَّابِيْنَ

اور اللہ تعالیٰ نے تجھے مسکینوں کی محبت عطا فرمائی ہے اور تجھے ایسا بنایا ہے کہ تم ان کی اتباع پر راضی ہو اور وہ تیرے امام ہونے پر راضی ہیں ـــــ پس خوشخبری ہے اس شخص کے لئے جس نے تیرے ساتھ محبت کی ـــــ اور تیرے بارے میں سچ بولا ـــــ تو ایسے لوگ جنت میں تیرے پڑوسی اور تیرے رفیق ہوں گے ـــــ اور جس (بدبخت) نے تجھ سے بغض رکھا اور تیرے بارے میں جھوٹ بولا ـــــ تو اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے کہ وہ ایسے لوگوں کو قیامت کے دن کذابوں (سب سے زیادہ جھوٹوں) کی صف میں کھڑا کرے۔

(تاریخ دمشق الکبیر امام ابن عساکر ج ۴۵ ص ۲۱۴، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی سن اشاعت ۲۰۰۱ء)

حدیث نمبر ۲۹۸

علی خیر الناس

نوٹ: ـــــ مندرجہ ذیل احادیث ـــــ خیر البشر ـــــ کے عنوان کے تحت ـــــ دو حدیثیں گزشتہ صفحات میں ـــــ کنوز الحقائق کے حوالے سے بیان ہو چکی ہیں ـــــ امام مناوی رحمۃ اللہ علیہ نے جس ترتیب سے احادیث بیان فرمائی ہیں، ان میں راویوں کے ساتھ حدیث نہیں رقم فرمائیں، ـــــ یہاں امام ابن عساکر کی تاریخ دمشق الکبیر ـــــ کے

Marfat.com

حوالے سے اور راویوں کے نام کے ساتھ بیان کی جاتی ہے۔

مولا علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے ـــ فرماتے ہیں ـــ کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

مَنْ لَّمْ يَقُلْ عَلِيٌّ خَيْرُ النَّاسِ فَقَدْ كَفَرَ

جو علی کو تمام لوگوں سے بہتر نہیں کہتا بیشک اس نے کفر کیا۔

(تاریخ دمشق الکبیر ج ۴۵ ص ۲۸۴ حدیث نمبر ۹۷۲۸ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان کنز العمال ج ۱۱ ص ۲۸۷ حدیث نمبر ۳۳۰۴۳، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت سن اشاعت ۱۹۹۸ء)

حدیث نمبر ۲۹۹

علی خیر البشر

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ـــ فرماتے ہیں ـــ کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

عَلِيٌّ خَيْرُ الْبَشَرِ مَنْ اَبٰى فَقَدْ كَفَرَ ۔

علی خیر البشر ہیں، جس نے اِنکار کیا اس نے کفر کیا۔

(تاریخ دمشق الکبیر ج ۴۵ ص ۲۸۴ حدیث نمبر ۹۷۲۹ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان سن اشاعت ۲۰۰۱ء)

حدیث نمبر ۳۰۰

علی افضل

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے فرمایا۔

عَلِيٌّ خَيْرُ الْبَشَرِ فَمَنْ شَكَّ فَقَدْ كَفَرَ

Marfat.com

علی بشروں سے افضل ہیں، جس نے شک کیا اس نے کفر کیا۔

(تاریخ دمشق الکبیر ج ۴۵ ص ۲۸۵ حدیث نمبر ۹۷۳۱ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت، لبنان سن اشاعت ۲۰۰۱ء)

حدیث نمبر ۳۰۱

علی خیر البشر ہیں، اس میں کوئی شک نہیں

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے —— فرماتے ہیں —— کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

عَلِیٌّ خَیْرُ الْبَشَرِ، لَا یَشُكُّ فِیْهِ اِلَّا مُنَافِقٌ

علی خیر البشر ہیں، اس میں منافق کے سوا کوئی شک نہیں کرے گا۔

(تاریخ دمشق الکبیر (ابن عساکر) ج ۴۵ ص ۲۸۵ حدیث نمبر مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت، لبنان سن اشاعت ۲۰۰۱ء)

حدیث نمبر ۳۰۲

علی خیر البریۃ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے —— کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مولا علی کے بارے میں سوال کیا گیا —— تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

ذَاكَ خَیْرُ الْبَرِیَّةِ لَا یَبْغِضُهٗ اِلَّا كَافِرٌ

وہ (علی) تمام مخلوق سے بہتر ہیں۔ اس سے سوائے کافر کے کوئی بغض نہیں رکھتا۔

(تاریخ دمشق الکبیر ج ۴۵ ص ۲۵۸ حدیث نمبر مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان سن اشاعت ۲۰۰۱ء)

Marfat.com

حدیث نمبر ۳۰۳

ذاک خیر البشر

حضرت ابوزبیر سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں ـــــ کہ میں نے حضرت جابر کی خدمت میں عرض کیا ـــــ کہ علی کا تمہارے درمیان کیا مقام تھا ـــــ تو انہوں نے جواب دیا۔

ذَاكَ مِنْ خَيْرُ الْبَشَرِ، مَا كُنَّا نَعْرِفُ الْمُنَافِقِيْنَ اِلَّا بِبُغْضِهِمْ عَلِيًّا اِيَّاهُ

وہ تمام بشریت سے بہتر ہیں ـــــ ہم منافقوں کو صرف ان (علی) سے بغض رکھنے کی وجہ سے ہی پہچانتے تھے ـــــ

(فضائل الصحابہ (امام احمد بن حنبل) ج ۲ ص ۲۷۲ مطبوعہ جامعہ ام القریٰ مکۃ المکرمہ سن اشاعت ۱۹۸۳ء)
(تاریخ دمشق الکبیر (امام ابن عساکر) ج ۴۵ ص ۲۸۶ حدیث ۹۷۳۲ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی، بیروت لبنان)

حدیث نمبر ۳۰۴

اُمّ المومنین رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں

حضرت عطاء رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں ـــــ کہ میں نے اُمّ المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ـــــ مولا علی کے بارے میں سوال کیا ـــــ تو مائی صاحبہ اُمّ المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔

ذَاكَ خَيْرُ الْبَشَرِ لَا يَشُكُّ فِيْهِ اِلَّا كَافِرٌ

وہ (علی) تمام بشریت سے بہتر و افضل ہیں اس بات میں سوائے کافر کے

Marfat.com

کوئی شک نہیں کرتا۔

(تاریخ دمشق الکبیر ج ۴۵ ص ۲۸۶ حدیث نمبر ۹۷۳۳ مطبوعہ داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان)

حدیث نمبر ۳۰۵

شریک بن عبداللہ فرماتے ہیں

حضرت شریک بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔

عَلِیٌّ خَیْرُ الْبَشَرِ فَمَنْ اَبٰی فَقَدْ کَفَرَ

علی خیر البشر ہیں ـــــ پس جس نے اس بات سے اِنکار کیا اس نے کفر کیا۔

(تاریخ دمشق الکبیر ج ۴۵ ص ۲۸۴ حدیث نمبر مطبوعہ داراحیاء التراث العربی، بیروت لبنان، کنز العمال ج ۱۱ ص ۶۰۷ حدیث نمبر ۳۳۰۴۲)

خیال رہے: ـــــ کہ اس سلسلے کی مختلف احادیث ـــــ مختلف شخصیات کے بارے میں کتب احادیث شریفہ میں پائی جاتی ہیں ـــــ مثلاً یہ حدیث ـــــ جسے علامہ ابن حجر مکی نے ''الصواعق المحرقۃ'' کے صفحہ نمبر ۶۹ پر لکھی ہے۔

اَبُوْبَکْرٍ خَیْرُ النَّاسِ اِلَّا اَنْ یَّکُوْنَ نَبِیٌّ

کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ انبیاء کے علاوہ تمام انسانوں سے بہتر ہیں۔

اس قسم کی روایات سے مقصود فضائل کا اظہار ہوتا ہے ـــــ اور ایک شخص کی فضیلت سے ـــــ دوسرے شخص کی فضیلت کی نفی نہیں ہوتی ـــــ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جنابِ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ''صدیق'' کہا ـــــ اور جنابِ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ''صدیق'' کہا ـــــ اس میں کسی کی صدیقیت کی نفی نہیں ہوتی ـــــ اس لئے اس میں سیخ پا ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔

Marfat.com

——غوغائے رقیباں سے صرف نظر کرتے ہوئے —— معاندین اہلِ بیتِ رسول کے سینوں سے اُٹھنے والے زہریلے دھوئیں سے چشم آبدیدہ کو بچاتے ہوئے —— اور کوہ خلعلہ سے اٹھنے والی منحوس ومکروہ آوازوں کی پرواہ نہ کرتے ہوئے —— عقیدت کے نوری چمنستان کو تازگی سے ہمکنار کرنے والی ایک حدیث شریف بیان کرنے جارہا ہوں —— جو اہلِ ایمان کے لئے باعث مسرت وشادمانی ہوگی —— اور منافقین کے لئے سوہانِ رُوح اور ناگوار خاطر ہوگی ——

حدیثِ مبارکہ یہ ہے، ملاحظہ فرمائیں۔

حدیث نمبر ۳۰۶

زہرا علیہا السلام —— علی علیہ السلام —— حسن علیہ السلام —— حسین علیہ السلام

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

خَیْرُ رِجَالِکُمْ عَلِیٌّ —— وَخَیْرُ شَبَابِکُمُ الْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ وَخَیْرُ نِسَائِکُمْ فَاطِمَةُ

تم سب مردوں میں سے علی بہتر ہیں —— اور تمہارے جوانوں میں سے حسن وحسین افضل ہیں —— اور تمہاری عورتوں میں سے زہراء وبتول افضل ہیں۔

(کنز العمال ج ۱۲ ص ۴۸ حدیث نمبر ۳۴۱۸۶ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان)

Marfat.com

○ —— اہلِ بیتِ رسول علیہم السلام —— اور صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی شان وعظمت —— درجات وفضائل اور علم وفضل کو اپنی ناقص عقل کے میزان پر تولنے والے خودساختہ محققین —— اور فتویٰ فروش مفتیوں کی آگ برساتی ہوئی توپوں کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے —— اور اندیشہ سود وزیاں کی پروانہ کرتے ہوئے —— ایک حدیث شریف بیان کرنے کی سعادت حاصل کررہا ہوں۔

حدیث نمبر ۳۰۷

علم علی —— نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علم سے ہے

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے —— آپ فرماتے ہیں۔

عِلْمُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ (وَاٰلِہٖ) وَسَلَّمَ مِنْ عِلْمِ اللّٰہِ ——
وَعِلْمُ عَلِیٍّ مِّنْ عِلْمِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ (وَاٰلِہٖ) وَسَلَّمَ ——
وَعِلْمِیْ مِنْ عِلْمِ عَلِیٍّ —— وَمَا عِلْمِیْ وَعِلْمُ الصَّحَابَۃِ فِیْ عِلْمِ عَلِیٍّ اِلَّا کَقَطْرَۃٍ فِیْ سَبْعَۃِ اَبْحُرٍ

کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا علم، اللہ تعالیٰ کے علم سے ہے —— اور علی کا علم، نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے علم سے ہے —— اور میرا علم علی کریم کے علم سے ہے —— میرا اور تمام صحابہ کرام کا علم، مولا علی کے علم کے مقابلے میں ایسے ہے، جیسے سات سمندروں کے سامنے ایک قطرہ ہو۔

(ینابیع المودۃ ج اوّل ص ۶۸ مطبوعہ مؤسسۃ الاعلیٰ للمطبوعات بیروت، لبنان (الطبعۃ الاولیٰ فی استنبول —— الشرف المؤبد لآلِ محمد ص ۸۱ مطبوعہ مصطفیٰ حلبی مصر)

Marfat.com

—— قارئین عظام! —— گزشتہ صفحات میں علم علی المرتضٰی سے متعلق کافی احادیث بیان ہوئیں —— یہاں پر بھی چند احادیث سپرد قلم کرتے ہیں۔

حدیث نمبر ۳۰۸

نقطہ بائے بسم اللہ

شیخ قندوزی رحمتہ اللہ علیہ —— الدر المنظم —— (از ابوطلحہ حلبی شافعی) کے حوالے سے رقم طراز ہیں۔

اِعْلَمْ اَنَّ جَمِیْعَ اَسْرَارِ الْکُتُبِ السَّمَاوِیَّةِ فِی الْقُرْآن —— وَجَمِیْعُ مَا فِی الْقُرْآنِ فِی الْفَاتِحَةِ —— وَجَمِیْعُ مَا فِی الْفَاتِحَةِ فِی الْبَسْمَلَةِ —— وَجَمِیْعُ مَا فِی الْبَسْمَلَةِ فِیْ بَاءِ الْبَسْمَلَةِ —— وَجَمِیْعُ مَا فِیْ بَاءِ الْبَسْمَلَةِ فِی النُّقْطَةِ الَّتِیْ تَحْتَ الْبَاءِ —— قَالَ الْاِمَامُ عَلِیٌّ کَرَّمَ اللّٰہُ وَجْھَہٗ —— اَنَا النُّقْطَةُ الَّتِیْ تَحْتَ الْبَآءِ

تمہیں معلوم ہونا چاہئے کہ تمام آسمانی کتابوں کے راز واسرار قرآن مجید میں موجود ہیں —— اور تمام قرآن کے علوم سورۂ فاتحہ میں موجود ہیں —— اور فاتحہ کے تمام علوم واسرار بسم اللہ شریف میں ہیں —— اور تمام بسم اللہ کے علوم بسم اللہ کی باء میں ہیں —— اور بسم اللہ کی باء کے تمام علوم واسرار بسم اللہ شریف کے نیچے والے نقطہ میں موجود ہیں —— امام علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں —— کہ میں وہ نقطہ ہوں جو بسم اللہ شریف کی باء ''ب'' کے

Marfat.com

نیچے موجود ہے۔

(ینابیع المودۃ ج اوّل باب ۱۴ ص ۴۸ مطبوعہ بیروت، لبنان)

حدیث نمبر ۳۰۹

اسرار بائے بسم اللہ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں۔

اَخَذ بِیَدِی الْاِمَامُ عَلِیٌّ لَیْلَةً مُقْمِرَةً فَخَرَجَ بِیْ اِلَی الْبَقِیْعِ بَعْدَ الْعِشَآءِ ——— وَقَالَ: ——— اِقْرَأْ یَا عَبْدَاللّٰہِ ۔ فَقَرَءْ تُ ——— بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ——— فَتَکَلَّمَ لِیْ فِیْ اِسْرَارِ الْبَاءِ اِلٰی بُزُوْغِ الْفَجْرِ

کہ امام علی، ایک چاندنی رات کو عشاء کے بعد میرا ہاتھ پکڑ کر مجھے جنت البقیع کی طرف لے گئے ——— اور فرمایا ——— اے عبداللہ! پڑھو! ——— فرماتے ہیں میں نے ''بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ'' کی تلاوت کی۔ تو آپ مجھے صبح کے طلوع ہونے تک ——— حرف باء ——— کے اسرار و رموز کے بارے میں بتاتے رہے۔ (ینابیع المودۃ ج اوّل ص ۱۴۸ مطبوعہ بیروت، لبنان)

حدیث نمبر ۳۱۰

وارثِ علوم انبیاء والمرسلین

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ مولا علی علیہ السلام نے فرمایا:

Marfat.com

سَلُوْنِیْ عَنْ اِسْرَارِ الْغُیُوْبِ فَاِنِّیْ وَارِثُ عُلُوْمِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ ۔

کہ مجھ سے غیب کے رازوں کے بارے میں پوچھ لو! —— اس لئے کہ میں نبیوں اور رسولوں کے علوم کا وارث ہوں۔

(ینابیع المودۃ ج اوّل ص ۱۴۸ باب ۱۴ مطبوعہ بیروت لبنان)

حدیث نمبر ۳۱۱

نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے علی کرم اللہ وجہہ کو وہ تمام علوم سکھا دیئے

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے —— فرماتے ہیں —— کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا —— کہ جبریل علیہ السلام جنت کا ایک قالین میرے پاس لائے —— اور میں اس پر بیٹھ گیا ——

فَلَمَّا صِرْتُ بَیْنَ یَدَیْ رَبِّیْ کَلَّمَنِیْ وَنَاجَانِیْ فَمَا عَلَّمْتَ شَیْئًا اِلَّا عَلَّمْتُهٗ عَلِیًّا —— فَهُوَ بَابُ عِلْمِیْ —— ثُمَّ دُعَاءَ اِلَیْهِ —— فَقَالَ —— یَا عَلِیُّ سَلْمَكَ، سَلْمِیْ وَحَرْبُكَ حَرْبِیْ وَاَنْتَ الْعَلَمُ فِیْمَا بَیْنِیْ وَبَیْنَ اُمَّتِیْ

جب میں اپنے پروردگار کی خدمت میں حاضر ہوا —— تو اس نے مجھ سے کلام فرمایا —— اور مجھ سے سرگوشیاں فرمائیں، (یعنی راز کی باتوں سے آگاہ فرمایا) جو بھی علوم مجھے عطا ہوئے —— وہ میں نے علی کو سکھا دیئے ہیں —— تو وہ (علی) میرے علم کا دروازہ ہے —— حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پھر علی کو اپنے پاس بلایا —— اور فرمایا —— اے علی! تیری صلح میری صلح

Marfat.com

ہے —— تیری جنگ میری جنگ ہے —— اور تم میرے اور میری اُمت کے درمیان نشان ہو۔ (ینابیع المودۃ باب ۱۴ص ۶۹ مطبوعہ بیروت لبنان)

حدیث نمبر ۳۱۲

قرآنِ ناطق

شیخ قندوزی نے مناقب کے حوالے سے لکھا ہے —— کہ جنگ صفین کے دن جب اہلِ شام نے قرآن کو حکم بنانے کا ارادہ فرمایا —— تو امام علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ——

"اَنَا الْقُرْآنُ النَّاطِقُ"

میں خود قرآنِ ناطق ہوں۔

(یعنی بولنے والا قرآن ہوں)۔ (ینابیع المودۃ باب ۱۴ ج اول ص ۶۸ مطبوعہ بیروت لبنان)

حدیث نمبر ۳۱۳

گوہ کی بیعت اور علم علی رضی اللہ عنہ

امیر المومنین مولا علی کے کاتب حضرت اصبغ بن نباتہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے —— کہ ہمیں ہمارے مولا نے اپنے ساتھ کوفہ سے مدائن کی طرف جانے کا حکم فرمایا —— ہم اتوار کے دن روانہ ہوئے —— عمر بن حریث سات آدمیوں کے ساتھ پیچھے رہ گیا —— یہ لوگ بھی اتوار کو ہی چلے تھے، یہ لوگ حیرہ کے مکان میں ٹھہر گئے، جس کو —— خورنق —— کہتے ہیں —— ان لوگوں نے کہا کہ ہم یہاں سیر و تفریح کریں گے —— اور یہاں بدھ کے روز چل کر —— جمعہ کی نماز سے پہلے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مل جائیں گے۔

Marfat.com

جب یہ لوگ کھانا کھا رہے تھے ـــــ کہ ایک گوہ نکل آئی جس کو ان لوگوں نے شکار کرلیا ـــــ عمر بن حریث نے گوہ کو پکڑ کر اپنی ہتھیلی پر رکھ لیا ـــــ اور ان حضرات سے کہا۔

يَا يَعُوْا لِهٰذَا، هٰذَا اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ

اس کی بیعت کرو! یہ امیر المومنین ہیں۔

سات آدمیوں نے گوہ کی بیعت کی ـــــ اور عمر بن حریث بیعت کرنے والوں میں آٹھواں آدمی تھا۔

(خیال رہے کہ ـــــ گوہ ـــــ ایک صحرائی جانور ہے، جو چھپکلی کے مشابہ ہوتا ہے)

جب یہ لوگ مدائن میں وارد ہوئے ـــــ حضور مولائے کائنات نے ان لوگوں کی طرف دیکھا ـــــ اور فرمایا ـــــ اے لوگو! رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے ایک ہزار (باطنی) باتوں کی تعلیم دی۔

فِیْ كُلِّ حَدِيْثٍ اَلْفُ بَابٍ ـــــ وَفِیْ كُلِّ بَابٍ اَلْفُ مِفْتَاحٍ ـــــ وَاِنِّیْ اَعْلَمُ بِهٰذَا الْعِلْمِ ـــــ

اور ہر بات میں ایک ہزار دروازے تھے ـــــ اور ہر دروازے کی ایک ہزار کنجیاں تھیں ـــــ بے شک میں اس علم کو جانتا ہوں۔

فرماتے ہیں ـــــ کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ـــــ کہ اللہ تعالیٰ نے قران مجید میں فرمایا ہے۔

يَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍ بِاِمَامِهِمْ

جس دن (قیامت کے دن) ہم انسانوں کے ہر طبقہ کو اپنے امام کے ساتھ بلائیں گے۔ (پ ۱۵ سورۂ بنی اسرائیل آیت ۷۱)

Marfat.com

مولاعلی المرتضیٰ نے فرمایا——

وَاِنِّیْ اُقْسِمُ لَکُمْ بِاللّٰہِ لَیُبْعَثَنَّ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ ثَمَانِیَۃُ نَفَرٍ بِاِمَامِھِمْ وَھُوَ ضَبٌّ —— وَلَوْ شِئْتَ اَسْمَیْتُھِمْ

میں تمہیں اللہ تعالیٰ کی قسم اٹھا کر کہتا ہوں کہ قیامت کے دن آٹھ آدمی اپنے امام کے ساتھ اٹھائے جائیں گے—— اور وہ (ان کی امام) گوہ ہوگی—— اور اگر میں چاہوں—— تو ان کے نام بھی بتا سکتا ہوں——

جناب اصبغ بن نباتہ فرماتے ہیں—— کہ میں نے عمر بن حریث کو دیکھا کہ وہ (علی کے) رعب جلال—— اور (اپنی حرکت پر) شرمندگی کی وجہ سے گر پڑا تھا۔

(ینابیع المودۃ ج اول ص ۷۰ مطبوعہ موسستہ الاعلمی للمطبوات بیروت، لبنان)

حدیث نمبر ۳۱۲

مدینہ ہدایت

کاتب علی جناب اصبغ بن نباتہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے—— کہ جب امیر المومنین علی علیہ السلام مسند خلافت پر متمکن ہوئے تو حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ نے ایک خطبہ ارشاد فرمایا، جسے ابوسعید بختری نے آخر تک بیان کیا ہے—— حضرتِ مولا مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے اپنے بیٹے امام حسن علیہ السلام سے فرمایا—— اے میرے بیٹے منبر پر کھڑے ہو کر کچھ بیان کرو!—— امام حسن منبر پر تشریف لے گئے اور حمد وصلوت کے بعد ارشاد فرمایا—— اے لوگو! میں نے اپنے نانا جان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا——

اَنَا مَدِیْنَۃُ الْعِلْمِ وَعَلِیٌّ بَابُھَا وَھَلْ تَدْخُلَ الْمَدِیْنَۃَ اِلَّا مَنْ بَابُھَا

Marfat.com

کہ میں علم کا شہر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے اور شہر میں دروازے سے داخل ہونا پڑتا ہے۔

یہ فرمانِ رسول بیان کر کے امام حسن منبر سے نیچے تشریف لے آئے —— پھر مولا علی نے اپنے فرزند عالی مرتبت امام حسین علیہ السلام سے فرمایا ——

فَاصْعَدِ الْمِنْبَرَ وَتَكَلَّمْ

اٹھو! اور منبر پر جا کر بیان کرو۔

امام حسین منبر پر تشریف فرما ہوئے —— اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کی اور رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود وسلام بھیجا —— اور فرمایا —— اے لوگو! میں نے اپنے جدامجد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا۔

اِنَّ عَلِيًّا مَدِيْنَةُ هُدًى —— مَنْ دَخَلَهَا نَجَا —— وَمَنْ تَخَلَّفَ عَنْهَا هَلَكَ .

بے شک علی ہدایت کا شہر ہیں —— جو اس میں داخل ہو گیا وہ نجات پا گیا —— اور جو اس سے باہر رہا وہ ہلاک ہو گیا ——

یہ کہہ کر امام حسین علیہ السلام منبر سے نیچے اُتر آئے —— پھر حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا۔

اَيُّهَا النَّاسُ اَنَّهُمَا وَلَدَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَوَدِيْعَتُهُ الَّتِيْ اسْتَوْدَعُهُمَا عَلٰى اُمَّتِهٖ —— وَسَائِلٌ عَنْهُمَا

اے لوگو! یہ دونوں (حسن و حسین) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے بیٹے ہیں —— اور یہ دونوں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امانت

Marfat.com

ہیں ـــــ میں ان دونوں کو اُمت کے سپرد کرتا ہوں اور ان دونوں سے متعلق سوال کرنے والا ہوں۔ (ینابیع المودّۃ ج اوّل ص ۱۷ مطبوعہ بیروت لبنان)

حدیث نمبر ۳۱۵

جنت کے شہر کا دروازہ علی ہے

حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں ـــــ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

اَنَا مَدِیْنَۃُ الْجَنَّۃِ وَاَنْتَ بَابُھَا ـــــ یَا عَلِیُّ کَذِبٌ مَنْ زَعَمَ اَنَّہٗ یَدْخُلُھَا مِنْ غَیْرِ بَابُھَا

میں جنت کا شہر ہوں اور تم اس کا دروازہ ہو ـــــ اے علی! وہ شخص جھوٹا ہے، جس نے یہ گمان کیا یہ کہ وہ داخل ہو جنت میں بغیر اس دروازے کے۔

(ابن عساکر ج ۴۵ ص ۲۸۹، مطبوعہ بیروت، لبنان)

○ ـــــ شیخ قندوزی نے مندرجہ بالا حدیث کو ان الفاظ کے ساتھ بیان فرمایا ہے۔

حدیث نمبر ۳۱۶

بہشت کا شہر اور اس کا دروازہ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں ـــــ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

اَنَا مَدِیْنَۃُ الْجَنَّۃِ وَعَلِیٌّ بَابُھَا ـــــ فَمَنْ اَرَادَ الْجَنَّۃَ فَلْیَاْتِھَا

میں جنت کا شہر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہیں ـــــ جو شخص جنت میں داخل

Marfat.com

ہونے کا ارادہ کرے تو وہ دروازے سے ہو کر آئے۔

(ینابیع المودۃ ج اول ص ۷۱ مطبوعہ بیروت، لبنان)

حدیث نمبر ۳۱۷

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے

مولا علی سے روایت ہے ـــ فرماتے ہیں ـــ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

یَا عَلِیُّ! اَنَا مدِیْنَۃُ الْعِلْمِ وَاَنْتَ بَابُھَا ـــ کَذِبَ مَنْ زَعَمَ اَنَّہٗ یَدْخُلُ الْمَدِیْنَۃَ بِغَیْرِ الْبَابِ ـــ قَالَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ وَاْتُوا الْبُیُوْتَ مِنْ اَبْوَابِھَا) (پارہ ۲ سورۂ بقرہ آیت نمبر ۱۸۹)

اے علی! میں علم کا شہر ہوں ـــ اور تم اس کا دروازہ ہو ـــ جو شخص یہ خیال کرتا ہے کہ وہ شہر میں دروازے کے بغیر داخل ہوگا ـــ وہ جھوٹا ہے ـــ اللہ تعالیٰ عزوجل کا فرمان ہے (کہ گھروں میں دروازوں سے آیا کرو!)

(ینابیع المودۃ ج اوّل ص ۷۱، مطبوعہ بیروت، لبنان)

حدیث نمبر ۳۱۸

جب قیامت کا دن ہوگا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے ـــ فرماتے ہیں ـــ کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی سے فرمایا۔

اَذَا کَانَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ یُؤْتٰی بِکَ یَا عَلِیُّ بِسَرِیْرٍ مِّنْ نُّوْرٍ وَّعَلٰی رَأْسِکَ تَاجٌ قَدْ اَضَاء نُوْرُہٗ وَکَادَ یَخْطِفُ اَبْصَارَ اَھْلَ الْمُؤْقِفُ

Marfat.com

فَيَأْتِي النِّدَاءِ مِنْ عِنْدِ اللهِ جَلَّ جَلَالُهٗ ـــــ اَيْنَ وَصِيُّ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللهِ فَتَقُوْلُ هَا اَنَاذَا ـــــ فَيُنَادِي الْمُنَادِيْ اَدْخِلْ مَنْ اَحَبَّكَ الْجَنَّةَ ـــــ وَاَدْخِلْ مَنْ عَادَاكَ فِي النَّارِ ـــــ فَاَنْتَ قَسِيْمُ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ ـــــ

جب قیامت کا دن ہوگا ـــــ اے علی! تمہارے لئے ایک نور کا تخت لایا جائے گا اور تمہارے سر پر ایک تاج ہوگا ـــــ جس کی ضیاء باریوں سے اہلِ محشر کی آنکھیں خیرہ ہو جائیں گی ـــــ اللہ جل جلالہ کی طرف سے ایک آواز بلند ہوگی ـــــ ''محمد رسول اللہ'' ـــــ کے وصی کہاں ہیں؟ ''اے علی!'' تم کہو گے کہ میں یہاں موجود ہوں ـــــ تو منادی ندا دے گا ـــــ جو تم سے محبت رکھتا ہے اسے جنت میں داخل کر دو ـــــ اور جو تم سے دُشمنی رکھتا تھا ـــــ اسے دوزخ میں ڈال دو۔ (اے علی!) تم جنت اور دوزخ کو تقسیم کرنے والے ہو۔ (ینابیع المودۃ باب ۶۱ ج اول ص ۸۱، بیروت)

حدیث نمبر ۳۱۹

جنت اور دوزخ کو تقسیم کرنے والا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

يَا عَلِيُّ! اِنَّكَ قَسِيْمُ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ اَنْتَ تقوع باب الجنة ـــــ وَتَدْخُلَهَا اَحْبَاءَكَ بِغَيْرِ حِسَابٍ

اے علی! تم جنت اور دوزخ کے تقسیم کرنے والے ہو، تم جنت کا دروازہ

Marfat.com

کھٹکھٹاؤ گے ـــــ اور اپنے دوستوں کو بغیر حساب کے جنت میں داخل کرو گے۔" (ینابیع المودۃ باب ۱۸ ج اول ص ۸۱ مطبوعہ بیروت، لبنان)

حدیث نمبر ۳۲۰

اراکین شوریٰ سے پوچھا

حضرت ابو حنشیل عامر بن واثلہ کنانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــــ کہ مولا علی کرم اللہ وجہہ نے شوریٰ کے موقع پر ـــــ ایک طویل حدیثِ مقدس بیان فرمائی ـــــ اور مجلس شوریٰ سے فرمایا۔

فَاُنْشِدُکُمْ بِاللّٰہِ ھَلْ فِیْکُمْ اَحَدٌ ـــــ قَالَ لَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ (وَاٰلِہٖ) وَسَلَّمَ اَنْتَ قَسِیْمُ النَّارِ وَالْجَنَّۃِ، غَیْرِیْ ـــــ قَالُوْا اَللّٰھُمَّ لَا۔

میں تمہیں اللہ تعالیٰ کی قسم دے کر پوچھتا ہوں ـــــ کہ تم میں کوئی ایسا شخص موجود ہے ـــــ جس کے متعلق رسولِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے میرے سوا فرمایا ہو ـــــ کہ تم جنت اور دوزخ کے تقسیم کرنے والے ہو ـــــ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے کہا

"اَللّٰھُمَّ لَا" ـــــ یقیناً نہیں ہے۔ (ینابیع المودۃ ج اول ص ۸۲ باب ۱۸)

حدیث نمبر ۳۲۱

علی کے منہ میں لعابِ رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

حضرت محمد بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــــ کہ حضرت سیدنا

Marfat.com

ابوطالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جناب علی کے منہ میں اپنا لعاب دہن ڈال رہے ہیں۔ حضرت ابوطالب نے کہا۔

مَا هٰذَا يَا ابْنَ اَخِیْ

اے میرے بھائی کے بیٹے یہ کیا ہے۔

حضرت سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اِيْمَانٌ وَّحِكْمَةٌ

یہ ایمان اور حکمت ہے۔

حضرت ابوطالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے فرمایا۔

يَا بُنَيَّ اُنْصُرِ ابْنَ عَمِّكَ وَازِرْهُ

اے میرے بیٹے اپنے چچا کے بیٹے کی مدد کر اور اس کے وزیر بنے رہو۔

(ینابیع المودۃ ج اوّل ص ۱۷ مطبوعہ بیروت)

حدیث نمبر ۳۲۱

اس کو ہر خطیب زبانی یاد کرے

مولائے اسلام حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے فرماتے ہیں —— کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ اس دن ارشاد فرمایا جس دن خیبر فتح ہوا —— اور فرمایا —— اگر میری اُمت کے لوگ تمہارے بارے میں وہ بات نہ کہتے جو عیسائی حضرت عیسیٰ علیہ السلام بن مریم علیہا السلام کے متعلق کہتے ہیں —— تو میں آج تمہارے حق میں ایسی بات کہتا کہ تم مسلمانوں کے جس گروہ کے پاس سے بھی گزرتے —— تو وہ تمہارے قدموں کی مٹی اور تمہارے وضو کے بچے ہوئے پانی کو اٹھا لیتے —— اور اس سے شفا حاصل کرتے

Marfat.com

——لیکن تمہارے لئے میرا یہ امر ہی کافی ہے۔

اَنْ تَکُوْنَ مِنِّیْ وَاَنَا مِنْكَ —— تَرِثُنِیْ وَاَرِثُكَ ——وَاَنْتَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُّوْسٰی اِلَّا اَنَّهٗ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ —— اَنْتَ تُؤَدِّیْ دِیْنِیْ ——وَتُقَاتِلُ عَلٰی سُنَّتِیْ ——وَاَنْتَ فِی الْاٰخِرَةِ اَقْرَبُ النَّاسِ مِنِّیْ ——وَاَنْتَ غَدًا عَلَی الْحَوْضِیْ خَلِیْفَتِیْ —— تَذُوْدُ عَنْهُ الْمُنَافِقِیْنَ ——وَاَنْتَ اَوَّلُ مَنْ یَرِدُ عَلَیَّ الْحَوْضَ ——وَاَنْتَ اَوَّلُ دَاخِلٍ فِی الْجَنَّةِ مِنْ اُمَّتِیْ —— وَاِنَّ شِیْعَتَكَ عَلٰی مَنَابِرَ مِنْ نُّوْرٍ رَوَاءً مَرْوِیِّیْنَ مُبْیَضَّةً وُجُوْهُهُمْ حَوْلِیْ —— اَشْفَعُ لَهُمْ فَیَكُوْنُوْنَ غَدًا فِی الْجَنَّةِ جِیْرَانِیْ ——وَاِنَّ عَدُوَّكَ غَدًا ظَمْاٰءُ مُظْمَئِیْنَ، مُسَوَّدَةً وُجُوْهُهُمْ مُقْمَحِیْنَ —— حَرْبُكَ حَرْبِیْ ——وَسَلْمُكَ سَلْمِیْ —— وَسِرُّكَ سِرِّیْ وَعَلَانِیَتُكَ عَلَانِیَتِیْ ——وَسَرِیْرَةُ صَدْرِكَ كَسَرِیْرَةِ صَدْرِیْ ——وَاَنْتَ بَابُ عِلْمِیْ ——وَاِنَّ وَلَدَكَ وَلَدِیْ —— وَلَحْمُكَ لَحْمِیْ —— وَدَمُكَ دَمِیْ ——وَاِنَّ الْحَقَّ مَعَكَ ——وَالْحَقُّ عَلٰی لِسَانِكَ وَفِیْ قَلْبِكَ وَبَیْنَ عَیْنَیْكَ ——وَالْاِیْمَانُ مُخَالِطٌ لَحْمَكَ وَدَمَكَ، كَمَا خَالَطَ لَحْمِیْ وَدَمِیْ، وَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ اَمَرَنِیْ اَنْ اُبَشِّرَكَ اَنَّكَ وَعِتْرَاتَكَ فِی الْجَنَّةِ ——وَاِنَّ عَدُوَّكَ فِی النَّارِ —— (یَاعَلِیُّ) —— لَا یَرِدُ عَلَی الْحَوْضِیْ مُبْغِضٌ لَكَ —— وَلَا

Marfat.com

يُغِيْبُ عَنْهُ مُحِبٌّ لَكَ

یہ کہ تم مجھ سے ہو اور میں تم سے ہوں —— تم میرے وارث ہو اور میں تمہارا وارث ہوں —— تم میرے لئے اس مقام پر ہو، جس مقام پر ہارون، موسیٰ کے لئے تھے سوائے اس کے کہ میرے بعد کوئی نبی نہ ہوگا —— تم میرے قرض کو پورا کرو گے —— اور تم میری سنت پر جنگ کرو گے —— اور تم آخرت میں سب لوگوں سے زیادہ میرے قریب ہو گے —— اور کل قیامت کے دن حوض پر میرے خلیفہ ہو گے —— اس سے منافقوں کو دُور رکھو گے —— اور تم حوضِ کوثر پر سب سے پہلے میرے پاس آؤ گے —— اور تم میری اُمت میں سے سب سے پہلے جنت میں داخل ہونے والے ہو —— اور بے شک تمہاری جماعت نور کے چبوتروں پر سیراب ہو گی —— میرے آس پاس ان کے چہرے تابناک ہوں گے —— میں ان کی شفاعت کروں گا —— وہ جنت میں میرے پڑوسی ہوں گے —— اور بے شک تمہارے دُشمن کل قیامت کے دن پیاس کی شدت میں مبتلا ہوں گے اور ان کے چہرے سیاہ اور بدصورت ہوں گے —— (اے علی!) تمہارے ساتھ جنگ کرنے والا، میرے ساتھ جنگ کرنے والا ہے —— اور تم سے صلح رکھنے والے کی مجھ سے صلح ہے —— اور تیرا راز، میرا راز ہے —— اور تیرا ظاہر، میرا ظاہر ہے —— اور تیرے دل کی بات، میرے دل کی بات ہے —— تو میرے علم کا دروازہ ہے —— اور بے شک تمہارے بیٹے میرے بیٹے ہیں —— اور تیرا گوشت میرا گوشت ہے —— اور تیرا خون

Marfat.com

میرا خون ہے —— اور بے شک حق تمہارے ساتھ ہے —— اور حق تمہاری زبان پر ہے —— اور حق تمہارے دل میں اور تمہاری آنکھوں کے درمیان ہے —— اور ایمان تمہارے گوشت اور خون میں اس طرح ملا ہوا ہے جس طرح میرے گوشت اور خون میں ملا ہوا ہے —— اور بے شک اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ تمہیں خوشخبری دوں —— کہ تم اور تمہاری اولاد و عترت جنتی ہے —— اور تمہارا دُشمن دوزخی ہے —— اور (اے علی!) تجھ سے بغض رکھنے والا میرے پاس حوض کوثر پر نہیں آئے گا، —— اور تجھ سے محبت رکھنے والا، حوض کوثر سے غائب نہیں ہوگا ——

مولا علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں۔

فَخَرَرْتُ لَهٗ سُبْحَانَهٗ تَعَالٰی سَاجِدًا وَحَمِدْتُهٗ عَلٰی مَا اَنْعَمَ بِهٖ عَلَیَّ، مِنَ الْاِسْلَامِ وَالْقُرْاٰنِ وَحَبَّبَنِیْ اِلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ وَسَیِّدَ الْمُرْسَلِیْنَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

کہ میں اللہ تعالیٰ کے حضور سجدے میں گر پڑا —— اور میں نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا بیان کی کہ اس نے مجھے اسلام اور قرآن کے انعام سے نوازا اور مجھے خاتم الانبیاء اور سیّد المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا محبوب بنایا۔

(المناقب للخوارزمی ص ۱۲۹ مطبوعہ مؤسسۃ النشر الاسلامی قم ایران —— ینابیع المودۃ ج اول ص ۶۱/۶۲ مطبوعہ بیروت، لبنان)

○ —— مندرجہ بالا حدیثِ مبارکہ اپنے اندر فضیلت و مرتبت کا ایک پورا جہاں بسائے ہوئے ہے —— سرکار علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جن اُمور کی طرف اشارے فرمائے ہیں —— کہ اگر میری اُمت کے لوگ وہ نہ کہنا شروع کر دیں جو نصاریٰ جناب عیسیٰ بن

Marfat.com

مریم کے بارے میں کہتے ہیں، تو میں آج تمہاری حقیقی عظمت وشان اور تمہاری فضیلت، تمہاری مرتبت کو اس طرح آشکارا کر دیتا کہ لوگ تیرے تلووں کے نیچے آنے والے خاک کے ذرّوں کو اٹھا کر اس سے شفا حاصل کرتے —— اور تمہارے وضو کے پانی کے ہر قطرے کو اٹھا کر اپنے چہروں پر مل لیتے —— اور اس سے شفا حاصل کرتے —— لیکن تمہارے لئے یہی بات کافی ہے کہ —— تم مجھ سے اور میں تم سے ہوں ——

اگر خطیبانِ اسلام اس حدیث شریف پر غور فرمائیں تو اس کا ہر جملہ اپنے اندر ایک پوری تقریر رکھتا ہے۔

نوٹ: مولا علی از روئے حدیث کے عنوان کے تحت تین سو تیرہ احادیث درج کرنے کا ارادہ تھا —— لیکن کتب حدیث میں شانِ علی میں اتنی زیادہ احادیث ہیں کہ کچھ مزید احادیث درج کرنے کو جی چاہتا ہے۔

بڑھا اور دردِ نہاں رُکتے رُکتے
میں پہنچا کہاں سے کہاں رُکتے رُکتے
ابھی چشم گریاں کو رہنے دے ناصح!
رُکے گا یہ سیل رواں رُکتے رُکتے

حدیث نمبر ۳۲۳

علی کی زبان سے

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے —— کہ میں نے رسول مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو (اس وقت) فرماتے ہوئے سنا (جس وقت) کسی شخص نے آپ کی خدمت میں سوال کیا —— کہ اللہ تعالیٰ نے معراج کی رات کس زبان میں گفتگو

Marfat.com

فرمائی ـــــ رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے ارشاد فرمایا:

خَاطَبَنِیْ رَبِّیْ بِلُغَةِ عَلِیٍّ ـــــ وَالْهَمْنِیْ اَنْ قُلْتُ یَا رَبِّ خَاطَبْتَنِیْ اَنْتَ، اَمْ عَلِیٌّ؟ فَقَالَ: یَا مُحَمَّدُ اَنَا شَیْءٌ لَا کَالْاَشْیَاءِ وَلَا اُقَاسُ بِالنَّاسِ وَلَا اُوْصَفُ بِالشُّبْهَاتِ خَلَقْتُكَ مِنْ نُّوْرِیْ ـــــ وَخَلَقْتُ عَلِیًّا مِّنْ نُّوْرِكَ وَاطَّلَعْتُ عَلٰی قَلْبِكَ فَلَمْ اَجِد فِیْ قَلْبِكَ اَحَبَّ اِلَیْكَ مِنْ عَلِیٍّ فَخَاطَبْتُكَ بِلِسَانِهٖ کَیْ مَا یَطْمَئِنَّ قَلْبُكَ

کہ میرے ربّ نے میرے ساتھ علی علیہ السلام کی زبان میں گفتگو فرمائی تھی، اور مجھے اس کا الہام فرمایا ـــــ کہ میں یہ بات عرض کروں، کہ اے میرے ربّ! ـــــ آپ مجھ سے گفتگو فرما رہے ہیں ـــــ یا علی؟ ـــــ (میرے ساتھ گفتگو کر رہا ہے) ـــــ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ـــــ یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میں ایک ایسی شے ہوں جو دوسری چیزوں کی مثل نہیں ہوں ـــــ میرا لوگوں کے ساتھ قیاس نہیں ہوسکتا، میرا وصف شبہات سے بیان نہیں ہوسکتا ـــــ میں نے تمہیں اپنے نور سے پیدا کیا ہے ـــــ اور علی کو تمہارے نور سے پیدا کیا ہے ـــــ اور میں نے تمہارے دل کی طرف (اپنی شان کے مطابق) نظر شفقت و رحمت فرمائی ـــــ تو تمہارے دل میں علی کی محبت سے بڑھ کر کسی کی محبت نہ تھی ـــــ تو میں نے تمہارے ساتھ علی کی زبان و ''لہجہ'' میں گفتگو فرمانا مناسب جانا ـــــ تاکہ تمہارا دل مطمئن ہو۔

(المناقب للخوارزمی (موفق بن احمد بن محمد مکی حنفی ص ۱۷۸ مطبوعہ موسسۃ النشر الاسلامی قم ایران ینابیع المودۃ (شیخ سلیمان بن شیخ ابراہیم، حنفی نقشبندی قندوزی مفتی اعظم قسطنطنیہ)

Marfat.com

علامہ قندوزی رحمتہ اللہ علیہ نے اس حدیث کے تحت حضرت خواجہ فریدین عطار رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کا ایک شعر لکھا ہے۔

فرماتے ہیں۔

مصطفیٰ ارسارِ حق ازولے شنفت
ہم از اوبشنود ہم با اُو بگفت
مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم
نے اللہ تعالیٰ کے راز علی کرم اللہ وجہہ

کی زبان سے سنے —— پھر آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا ——

حدیث نمبر ۳۲۴

ربوبیت —— نبوت —— ولایت

حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے —— کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مَا قَبَضَ اللّٰہُ نَبِیًّا حَتّٰی اَمَرَہٗ اِنْ یُّوْصِیَ اِلٰی اَفْضَلِ عَشِیْرَتِہٖ مِنْ عَصْبَۃٍ —— وَاَمَرَنِیْ اُوْصِ اِلٰی اِبْنِ عَمِّكَ عَلٰی اَثْبَتُہٗ فِی الْکُتُبِ السَّابِقَۃِ وَکَتَبْتُ فِیْھَا اَنَّہٗ وَصِیُّكَ وَعَلٰی ذٰلِكَ اَخَذْتُ مِیْثَاقَ الْخَلَائِقِ وَمِیْثَاقَ اَنْبِیَائِیْ وَرُسُلِیْ —— وَاَخَذْتُ مَوَاثِیْقَھُمْ لِیْ بِالرَّبُوْبِیَّۃِ —— وَلَكَ یَا مُحَمَّدُ بِالنُّبُوَّۃِ —— وَبِعَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ بِالْوَلَایَۃِ وَالْوَصَایَۃِ

Marfat.com

کہ جب کسی کا وصال ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس پیغمبر کو اس امر کا حکم دیتا ہے ـــــ کہ وہ اپنے عصبہ کے رشتہ داروں میں سے افضل واعلیٰ شخص کے متعلق وصیت فرمائے ـــــ اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے ـــــ کہ تم اپنے چچا کے بیٹے علی کے بارے میں وصیت کرو ـــــ میں نے اس بات کو پچھلی (آسمانی) کتابوں میں لکھ دیا ہے ـــــ اور میں نے ان کتابوں میں لکھ دیا ہے کہ علی تمہارے وصی ہیں ـــــ میں نے تمام مخلوق سے ـــــ تمام نبیوں اور رسولوں سے اس بات کا عہد لیا ہے ـــــ اے محمد! (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ـــــ میں نے ان تمام لوگوں سے اپنی ربوبیت ـــــ تمہاری نبوت ـــــ اور ـــــ علی ابن ابی طالب کی ولایت ووصایت کا عہد لیا ہے۔

(ینابیع المودۃ ج اول ص ۸۰ مطبوعہ موسسۃ الاعلمی بیروت)' (بیروت، لبنان الطبعۃ الاولیٰ فی استنبول ترکی)

حدیث نمبر ۳۲۵

بیت المعمور میں

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــــ کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ـــــ لَمَّا عرج بی الی السمآء ـــــ جب میں (شب معراج) آسمان کی طرف گیا ـــــ اور جب میں جبریل کے ساتھ چوتھے آسمان پر پہنچا ـــــ تو میں نے وہاں ایک مکان دیکھا جو سرخ یاقوت کا بنا ہوا تھا ـــــ جبریل نے عرض کیا۔

هٰذَا الْبَيْتُ الْمَعْمُوْرُ قُمْ يَا مُحَمَّدُ فَصَلِّ اِلَيْهِ

یہ بیت المعمور ہے یا مصطفیٰ اُٹھو! اور اس میں نماز ادا فرماؤ۔

Marfat.com

حضور فرماتے ہیں ـــــ اللہ تعالیٰ نے تمام نبیوں کو میرے پیچھے ایک صف میں جمع کر دیا ـــــ میں نے ان کے ساتھ نماز ادا کی ـــــ اور جب میں نماز کا سلام کہہ چکا، تو میرے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک پیغام پہنچا۔

یَا مُحَمَّدُ رَبُّكَ یُقْرِئُكَ السَّلَامَ

یا محمد تمہارا ربّ تمہیں سلام کہتا ہے۔

اور تمہیں یہ حکم مرحمت فرماتا ہے ـــــ کہ ان رسولوں سے پوچھو! کہ یہ تم سے پہلے کس بات پر رسول بنا کر بھیجے گئے تھے۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں:

قُلْتُ مَعَاشَرَ الرُّسُلِ عَلٰی مَاذَا بِعْثُکُمْ رَبِّیْ قَبْلِیْ ـــــ

میں نے کہا ـــــ اے گروہ رسولاں تمہیں مجھ سے پہلے رب تعالیٰ نے کس بات کے لئے بھیجا تھا۔

فَقَالَتِ الرُّسُلُ، عَنْ نبوّتِكَ وَوَلَایَةِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ ـــــ

وَهُوَ قَوْلُهٗ تَعَالٰی ـــــ (وَسْئَلْ مَنْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رُّسُلِنَا)

(پ۲۵ سورۂ زخرف آیت نمبر ۴۵)

رسولوں نے کہا (یا محمد) آپ کی نبوت اور علی ابن ابی طالب کی ولایت کی خاطر۔ اور اسی امر کی طرف اللہ تعالیٰ کا یہ ارشادِ گرامی دلالت کرتا ہے "آپ پوچھئے ان سے جنہیں ہم نے آپ سے پہلے رسول بنا کر بھیجا۔"

(ینابیع المودۃ ج اول ص ۸۰ باب ۱۵ ـــــ بیروت المناقب للخوارزمی ص ۳۱۲ ـــــ قم ـــــ ایران)

Marfat.com

حدیث نمبر ۳۲۶

جنت اور دوزخ کی چابیاں

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے —— فرماتے ہیں کہ رسول معظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اِنَّ اللّٰہَ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی اَعْطَانِیْ مَفَاتِیْحَ الْجَنَّۃِ وَالنَّارِ، فَقَالَ یَا سَلْمَانُ قُلْ لِعَلِیٍّ اِنَّکَ تُخْرِجُ مَنْ تَشَآءُ وَتُدْخِلُ مَنْ تَشَآءُ

کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے مجھے جنت اور دوزخ کی چابیاں عطا فرمائی ہیں۔ اے سلمان رضی اللہ عنہ! علی سے کہہ دو کہ بیشک تم جس کو چاہو گے داخل کرو گے اور جس کو چاہو گے نکالو گے۔ (ینابیع الموذۃ ج ۲ ص ۸۱)

حدیث نمبر ۳۲۷

قیامت کے دن منبر اور کنجیاں

حضرت زید بن اسلم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے —— کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

یَا عَلِیُّ بَخٍّ بَخٍّ مِنْ مِثْلُکَ وَالْمَلَائِکَۃُ تَشْتَاقُ اِلَیْکَ وَالْجَنَّۃُ لَکَ —— فَاِذَا کَانَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ یُنْصَبُ لِیْ مِنْبَرٌ مِّنْ نُّوْرٍ وَّلَکَ مِنْبَرٌ مِّنْ نُّوْرٍ وَّلِاِبْرَاھِیْمَ مِنْبَرٌ مِّنْ نُّوْرٍ وَّلَکَ مِنْبَرٌ مَّنْ نُّوْرٍ فَنُجْلِسُ عَلَیْہِ وَاِذَا مُنَادِیُنَا دِیْ بَخٍّ بَخٍّ مِّنْ وَصِیِّ بَیْنَ حَبِیْبٍ وَّخَلِیْلٍ ثُمَّ اُوْتِیَ بِمَفَاتِیْحِ الْجَنَّۃِ وَالنَّارِ، فَاَدْفَعُھَا اِلَیْکَ

Marfat.com

اے علی! مبارک ہو، تیری مانند کون؟ —— فرشتے تیرے مشتاق ہیں —— جنت تیرے لئے ہے —— جب قیامت کا دن ہوگا تو میرے لئے نور کا ایک منبر نصب ہوگا —— اور تمہارے لئے بھی ایک نور کا منبر قائم کیا جائے گا —— اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے لئے بھی ایک نور کا منبر نصب کیا جائے گا —— ہم اس پر بیٹھ جائیں گے —— منادی ندا دے گا —— وصی کو مبارک ہو، جو حبیب اور خلیل کے درمیان موجود ہیں —— پھر مجھے جنت اور دوزخ کی کنجیاں دی جائیں گی۔ میں وہ کنجیاں (اے علی!) تمہارے سپرد کردوں گا۔

(ینابیع المودۃ ج ۲ ص ۸۱)

حدیث نمبر ۳۲۸

لوگوں میں مثالِ علی

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے —— فرماتے ہیں —— کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

مِثْلَ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ فِی النَّاسِ —— مِثْلُ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ فِی الْقُرْاٰنِ ۔

علی ابن ابی طالب کی مثال لوگوں میں ایسے ہے، جیسے سورۂ اخلاص کی قرآن میں۔ (ینابیع المودۃ ج ۲ ص ۵۹)

Marfat.com

حدیث نمبر ۳۲۹

سفید اور سیاہ چہرے

علامہ سلیمان قندوزی رحمتہ اللہ علیہ علامہ ثعلبی رحمتہ اللہ علیہ کے حوالے سے رقم طراز ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ ـــــ ''اعراف'' ـــــ جو پل صراط سے ایک بلند جگہ کا نام ہے ـــــ جس پر حضرت عباس ـــــ حضرتِ حمزہ ـــــ حضرت علی اور حضرت جعفر طیار علیہم السلام تشریف فرما ہوں گے۔

یَعْرِفُوْنَ مُحِبِّیْھِمْ بِبَیَاضِ الْوُجُوْہِ ـــــ وَمُبْغِضِیْھِمْ بِسَوَادِ الْوُجُوْہِ ـــــ

اور اپنے محبوں کو ان کے سفید چہروں کی وجہ سے پہچان لیں گے ـــــ اور اپنے ساتھی بغض رکھنے والوں کو ان کے سیاہ چہروں کی وجہ سے پہچان لیں گے۔ (ینابیع المودۃ ج اوّل ص ۱۰۱)

حدیث نمبر ۳۳۰

علی کے ساتھ محبت رکھنے والا

اُمّ المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ سلام اللہ علیہا سے روایت ہے ـــــ کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

یَا عَلِیُّ حَسْبُکَ اَنْ لَّیْسَ لِمُحِبِّکَ حَسْرَۃٌ عِنْدَ مَوْتِہٖ وَلَا وَحْشَۃٌ فِیْ قَبْرِہٖ وَلَا فَزَعٌ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ

اے علی! تمہارے لئے یہ بات کافی ہے کہ تجھ سے محبت رکھنے والے کو

Marfat.com

مرتے وقت کوئی حسرت اور افسوس نہ ہوگا ـــــ اور نہ ہی قبر میں کوئی وحشت ہوگی ـــــ اور نہ ہی قیامت کے دن کوئی خوف ہوگا۔

حدیث نمبر ۳۳۱

بغیر حساب کے جنت میں

سید العرب مولا علی سے روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔

يَا عَلِيُّ! اِنَّكَ تَقْرَعُ بَابَ الْجَنَّةِ وَتَدْخُلُهَا بِلَاحِسَابٍ وَمَنْ كَانَ اٰخِرُ كَلَامِهِ الصَّلَاةُ عَلَيَّ، وَعَلٰى عَلِيٍّ يُدْخِلُهُ ذٰلِكَ الْجَنَّةِ

اے علی! تم جنت کے دروازے کو کھٹکھٹاؤ گے، تم جنت میں بغیر حساب کے داخل ہو گے ـــــ اور جس شخص کا (بوقت انتقال) آخری کلام مجھ پر اور علی پر درود بھیجنا ہوگا تو یہ امر اسے جنت میں داخل کر دے گا۔ (ینابیع المودۃ ج ۲ ص ۸۱)

حدیث نمبر ۳۳۲

دنیا اور آخرت میں ولی

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ ہم لوگ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نماز ادا کر رہے تھے ـــــ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہماری طرف متوجہ ہوئے ـــــ اور فرمایا ـــــ

اَيُّهَا النَّاسُ هٰذَا وَلِيُّكُمْ بَعْدِيْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ فَاحْفَظُوْهُ يَعْنِيْ عَلِيًّا۔

اے لوگو! یہ (علی) میرے بعد تمہارا دُنیا اور آخرت میں ولی ہے، پس اس

Marfat.com

بات کو یاد رکھو ـــــ یعنی علی کو ـــــ (ینابیع الموّدہ ج۲ص۸۱/۸۲)

حدیث نمبر۳۳۳

اسلام میں پہلا رخنہ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَوَّلُ ثَلْمَةٍ فِی الْاِسْلَامِ مُخَالَفَةُ عَلِیٍّ

اسلام میں پہلا رخنہ علی (کرم اللہ وجہہ) کی مخالفت ہوگی۔

(ینابیع الموّدہ ج۲ص۸۲)

حدیث نمبر۳۳۴

بغضِ علی یہودیت کی پیداوار ہے

حضرت مولا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ رسولِ معظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

یَا عَلِیُّ لَا یُبْغِضُكَ مِنَ الْاَنْصَارِ اِلَّا مَنْ كَانَ اَصْلُهٗ یَهُوْدِیًّا۔

اے علی! انصار میں سے تجھ سے کوئی بغض نہیں رکھے گا سوائے اس شخص کے کہ جس کی اصل یہودیت ہوگی۔ (ینابیع الموّدۃ ج۲ص۸۲)

حدیث نمبر۳۳۵

مجھے علی عطا کیا

حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جس رات رسول اللہ صلی

Marfat.com

اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انصار سے پہلی بار بیعت لی تھی ـــــ تو فرمایا ـــــ کہ میں تم سے اس طرح "بیعت" لے رہا ہوں ـــــ جس طرح مجھ سے پہلے انبیاء علیہم السلام نے (اپنی اپنی اُمت سے بیعت) لی تھی۔

اِنْ تَحْفَظُوْنِیْ ـــــ وَتَمْنَعُوْنِیْ عَمَّا تَمْنَعُوْنَ اَنْفُسَکُمْ ـــــ عَنْهُ وَتَمْنَعُوْا عَلِیَّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ عَمَّا تَمْنَعُوْنَ اَنْفُسَکُمْ عَنْهُ ـــــ وَتَحْفَظُوْهُ فَاِنَّهُ الصِّدِّیْقُ الْاَکْبَرُ یَزِیْدُ اللّٰهُ دِیْنَکُمْ ـــــ وَاِنَّ اللّٰهَ اَعْطٰی مُوْسَی الْعَصَاء ـــــ وَاِبْرَاهِیْمَ بَرْدَ النَّارِ ـــــ وَعِیْسَی الْکَلِمَاتِ یُحْیِیْ بِهَا الْمَوْتٰی ـــــ وَاَعْطَانِیْ هٰذَا عَلِیًّا ـــــ وَلِکُلِّ نَبِیٍّ اٰیَةٌ ـــــ وَهٰذَا اٰیَةُ رَبِّیْ ـــــ وَالْاَئِمَّةُ الطَّاهِرُوْنَ مِنْ وَلَدِهٖ اٰیَاتُ رَبِّیْ، لَنْ تَخْلُوا الْاَرْضَ مِنْ اَهْلِ الْاِیْمَانِ مَا اَبْقَی اللّٰهُ اَحَدًا مِنْ ذُرِّیَّتِهٖ وَاحِدًا

(اور فرمایا) میری حفاظت کرنا ـــــ اور مجھے ان چیزوں سے بچانا، جن سے اپنے آپ کو بچاتے ہو ـــــ اور علی ابن ابی طالب کو بھی بچاؤ، جن سے اپنی جانوں کو بچاتے ہو ـــــ اور اس کی حفاظت کرو، اور بے شک وہ صدیق اکبر ہے، اللہ تعالیٰ تمہارے دین کو زیادہ کرے گا ـــــ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ کو عصا عطا فرمایا ـــــ ابراہیم کو آگ کو ٹھنڈا کر دینا عطا فرمایا ـــــ عیسیٰ کو کلمات عطا کئے جن کے ذریعے وہ مردوں کو زندہ کرتے تھے ـــــ اور مجھے علی عطا کیا ہے ـــــ اس کے فرزند سے پیدا ہونے والے ائمہ میرے ربّ کی آیات ہیں ـــــ جب تک اس کی اولاد میں سے اللہ تعالیٰ ایک فرد کو باقی

Marfat.com

رکھے گا ـــــ دنیا ایمان والوں سے خالی نہ ہوگی۔ (ینابیع المودۃ ج۲ص۸۳)

حدیث نمبر ۳۳۶

قاضی اعظم

حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا کرتے تھے

عَلِیٌّ اَقْضَانَا لِلْقَضَاءِ وَاُبَیٌّ اَقْرَءُ نَا لِلْقُرْاٰنِ

علی ہم سب سے زیادہ قاضی ہیں ـــــ اور ابی ہم سب سے زیادہ قاریٔ قرآن ہیں۔ (ابن عساکر ج۴۵ص۳۰۹)

حدیث نمبر ۳۳۷

اہلِ مدینہ میں سب سے بڑا قاضی

حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔

فرماتے ہیں:

کُنَّا نَتَحَدَّثُ اَنْ اَقْضٰی اَھْلِ الْمَدِیْنَۃِ عَلِیّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ

ہم یہ آپس میں بات کیا کرتے تھے کہ اہلِ مدینہ میں سب سے بڑا قاضی علی بن ابی طالب ہیں۔ (ابن عساکر ج۵ص۳۰۹)

حدیث نمبر ۳۳۸

سب سے زیادہ فیصلہ کرنے والا

حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

کُنَّا بِالْمَدِیْنَۃِ وَاَقْضَانَا عَلِیّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ

Marfat.com

ہم مدینے میں تھے ـــــ اور ہم میں سب سے زیادہ (اچھا) فیصلہ فرمانے والے علی ابن ابی طالب تھے ـــــ (ابن عساکر ج ۴۵ ص ۳۰۹ حدیث نمبر ۹۷۹۳)

حدیث نمبر ۳۳۹

اہلِ مدینہ کا بڑا قاضی

ابو میسرہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ فرماتے ہیں

اَقْضٰی اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ عَلِيّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ

اہلِ مدینہ میں سب سے اچھے قاضی علی ابن ابی طالب ہیں۔

(ابن عساکر ج ۴۵ ص ۳۰۹ حدیث نمبر ۹۷۹۴)

حدیث نمبر ۳۴۰

فرض وقضا کا عالم

حضرت ابو احواص فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ نے فرمایا۔

اَفْرَضُ اَهْلَ الْمَدِيْنَةِ وَاَقْضَاهَا عَلِيّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ

اہلِ مدینہ میں سے سب سے زیادہ فرائض کو جاننے والے اور فیصلہ فرمانے والے علی بن ابی طالب ہیں۔ (ابن عساکر ج ۴۵ ص ۳۰۹ حدیث نمبر ۹۷۹۶)

حدیث نمبر ۳۴۱

فرائض کے جاننے والا

جناب سعید بن وہب سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ نے فرمایا (کہ اہلِ مدینہ) کہا کرتے تھے۔

Marfat.com

اِنَّ اَعْلَمُ اَهْلِ الْمَدِیْنَةِ بِالْفَرَائِضِ عَلِیّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ

بے شک مدینہ والوں میں سے سب سے زیادہ فرائض کو جاننے والے حضرت علی بن ابی طالب ہیں۔ (ابن عساکر ج ۴۵ ص ۳۱۰ حدیث نمبر ۹۷۹۷)

حدیث نمبر ۳۴۲

مضبوط ترین بات کرنے والا

جناب مغیرہ نے حضرت شعبی سے بیان کیا ہے۔

لَیْسَ مِنْهُمْ اَحَدٌ اَقْوٰی قَوْلًا فِی الْفَرَائِضِ مِنْ عَلِیّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ

نہیں ہے ان میں سے کوئی علی ابن ابی طالب سے زیادہ مضبوط فرائض کے بارے میں بات کرنے والا۔ (ابن عساکر ج ۴۵ ص ۳۱۰ حدیث نمبر ۹۷۹۸)

حدیث نمبر ۳۴۳

مولا علی کا ایک عجیب فیصلہ

علامہ امام علی بن محمد بن احمد ـــــ المعروف ـــــ ابن صباغ مالکی رحمتہ اللہ علیہ متوفی ۸۵۵ھ اپنی مشہور ترین کتاب ''الفصول المهمة'' میں ایک روایت نقل فرماتے ہیں کہ حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جناب میں لوگوں نے ایک آدمی کو پیش کیا ''اور کہا کہ'' ـــــ اس سے ایک غلطی سرزد ہوئی ہے ـــــ وہ یہ کہ ـــــ لوگوں کی ایک جماعت نے اس سے سوال کیا ـــــ کہ تو نے صبح کس حال میں کی ـــــ تو اس نے جواب دیا، ـــــ کہ میں نے صبح اس حال میں کی ہے ـــــ کہ میں فتنہ سے محبت کرتا ہوں ـــــ اور حق کو ناپسند کرتا ہوں ـــــ اور یہود و نصاریٰ کی تصدیق کرتا ہوں ـــــ اور جسے میں نے

Marfat.com

نہیں دیکھا ـــــ اس پر ایمان رکھتا ہوں ـــــ اور جو ابھی تک پیدا نہیں ہوئی اس کا اقرار کرتا ہوں۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان لوگوں کو ـــــ علی کریم کے پاس بھیجا دیا (تا کہ آپ اس مشکل ترین مسئلہ کو حل فرمائیں) ـــــ جب وہ آپ کے پاس پہنچے ـــــ تو لوگوں نے اس کی گفتگو کے بارے میں ـــــ حضور مولائے کائنات علی کو بتایا ـــــ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا کہ اس نے سچ بولا ہے ـــــ

○ ـــــ یہ فتنے سے محبت کرتا ہے ـــــ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

اِنَّمَا اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ (پارہ ۲۸ سورۂ تغابن آیت نمبر ۱۵)

تمہارے اموال اور تمہاری اولادیں فتنہ ہیں۔

○ ـــــ اور یہ حق کو ناپسند کرتا ہے ـــــ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

وَجَآءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ (پارہ ۲۹ سورہ ق آیت نمبر ۱۹)

اور موت کی سختی آ گئی حق کے ساتھ

○ ـــــ اور اس کا یہ کہنا ـــــ کہ یہود و نصاریٰ کی تصدیق کرتا ہے ـــــ تو اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ لَيْسَتِ النَّصٰرٰى عَلٰى شَيْءٍ ـــــ وَّقَالَتِ النَّصٰرٰى لَيْسَتِ الْيَهُوْدُ عَلٰى شَيْءٍ (پارہ اوّل سورۂ بقرہ آیت نمبر ۱۱۳)

اور یہودی بولے عیسائی ذرا برابر بھی ہدایت پر نہیں اور عیسائیوں نے کہا کہ یہودی تھوڑے سے بھی مقصودی ہدایت کے حامل نہیں۔

○ ـــــ اور اس کا یہ کہنا ـــــ کہ جس کو میں نے نہیں دیکھا، اس پر ایمان رکھتا ہوں

Marfat.com

—— یہ اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتا ہے —— (جسے اس نے نہیں دیکھا) ——

○ —— اور یہ اس چیز کا اقرار کرتا ہے —— جو ابھی تک پیدا نہیں ہوئی —— یعنی یہ قیامت کا اقرار کرتا ہے —— جو ابھی تک پیدا نہیں ہوئی —— یہ سن کر حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔

اَعُوْذُ مِنْ مُعْضَلَةٍ لَا عَلِیٌّ لَهَا

میں اس مسئلے سے پناہ مانگتا ہوں جس کے لئے علی (مشکل کشا) نہ ہوں۔

(الفصول المہمۃ فی معرفۃ احوال الائمۃ (امام صباغ مالکی) ص ۳۵ مطبوعہ مطبعۃ العدل فی النجف (عراق)

حدیث نمبر ۳۴۴

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اگر علی نہ ہوتے ——

حضرت سعید بن مسیّب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں —— کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ یوں فرمایا کرتے تھے۔

اَللّٰهُمَّ لَا تَبْقِنِیْ لِمُعْضَلَةٍ لَیْسَ فِیْهَا اَبُوْالْحَسَنِ —— قَالَ مَرَّةً —— لَوْلَا عَلِیٌّ لَهَلَكَ عُمَرُ ——

اے اللہ مجھے کسی ایسی مشکل کے لئے باقی نہ رکھنا جس میں علی رضی اللہ عنہ نہ ہوں —— اور ایک مرتبہ جنابِ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا —— اگر علی رضی اللہ عنہ نہ ہوتے تو عمر رضی اللہ عنہ ہلاک ہو جاتا ——

(الفصول المہمۃ فی معرفۃ احوال الائمۃ ص ۳۵ مطبوعہ مطبعۃ العدل نجف اشرف سن اشاعت ۱۳۳۵ھ)

Marfat.com

حدیث نمبر ۳۴۵

حجر اسود کو چومتے ہوئے فرمایا

حضرت عابس بن ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔

فرماتے ہیں۔

رَاَیْتُ عُمَرَ یُقَبِّلُ الْحَجَرَ وَیَقُوْلُ: اِنِّیْ لَاَعْلَمُ اِنَّكَ حَجَرٌ مَا تَنْفَعُ وَلَا تَضُرُّ، وَلَوْ لَا اِنِّیْ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ یُقَبِّلُ مَا قَبَّلْتُكَ (متفق علیہ)

کہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حجر اسود کو چومتے ہوئے دیکھا اور یہ کہتے ہوئے سنا ـــــ کہ میں یہ جانتا ہوں کہ تو ایک پتھر ہے، جو نہ نفع دے سکتا ہے، اور نہ نقصان پہنچا سکتا ہے ـــــ اگر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تجھے بوسہ دیتے ہوئے نہ دیکھتا، تو تجھے کبھی نہ چومتا ـــــ

(مشکوٰۃ المصابیح (ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ خطیب تبریزی متوفی ۷۴۱ھ ج اوّل ص ۴۶۹ مطبوعہ دارارقم بیروت)

○ ـــــ مندرجہ بالا حدیث شریف کو ـــــ مرقاۃ المفاتیح ـــــ میں شیخ علامہ علی قاری نے (علی بن سلطان محمد قاری متوفی ۱۰۱۴ھ) امام حاکم کے حوالے سے یوں بیان کیا ہے ـــــ

حدیث نمبر ۳۴۶

حجر اسود ـــــ جناب عمر رضی اللہ عنہ ـــــ اور جناب علی

جنابِ ابن ہمام رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں ـــــ کہ امام حاکم قدس سرہ العزیز نے

Marfat.com

اسی حدیث کو روایت کرتے ہوئے ان زائد الفاظ کے ساتھ یوں بیان فرمایا ہے کہ جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ـــــ یہ فرمایا ـــــ ''کہ میں یہ جانتا ہوں کہ تو ایک پتھر ہے جو نفع ونقصان نہیں دے سکتا ـــــ ان کی یہ بات سن کر مولا علی نے فرمایا۔

بَلٰی یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ! یَضُرُّ وَیَنْفَعُ وَلَوْ عَلِمْتَ تَاْوِیْلَ ذٰلِكَ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ لَقُلْتُ كَمَا اَقُوْلُ: (وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِیْ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّیَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰی اَنْفُسِهِمْ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوْا بَلٰی) فَلَمَّا اَقَرُّوْا اَنَّهُ الرَّبُّ عَزَّوَجَلَّ وَاَنَّهُمُ الْعَبِیْدُ كُتِبَ مِیْثَاقُهُمْ فِیْ رَقٍّ وَالْقَمَهُ فِیْ هٰذَا الْحَجَرُ وَاَنَّهُ یُبْعَثُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ وَلَهُ عَیْنَانِ وَلِسَانٌ وَّشَفَتَانِ یَشْهَدُ لِمَنْ وَافَاهُ فَهُوَ اٰمِیْنُ اللّٰهِ فِیْ هٰذَا الْكِتَابِ ـــــ وَقَالَ لَهُ عُمَرُ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ لَا اَبْقَانِیَ اللّٰهُ بِاَرْضٍ لَسْتُ بِهَا یَا اَبَا الْحَسَنُ

اے امیر المومنین رضی اللہ عنہ! یقیناً یہ نقصان بھی دیتا ہے اور نفع بھی دیتا ہے ـــــ اگر آپ رضی اللہ عنہ کو قرآن مجید کی اس آیت کی تاویل معلوم ہو جائے ـــــ تو آپ بھی وہی بات کریں ـــــ جو میں کہتا ہوں ـــــ ''فرمانِ باری ہے'' ـــــ (اور یاد کرو جب آپ کے ربّ نے اولاد آدم سے ان کی پیٹھوں میں سے ان کی ذرّیت کو نکالا اور ان کے بارے میں انہیں خود گواہ بنایا۔ کیا میں تمہارا ربّ نہیں ہوں؟ ـــــ سب نے کہا، بے شک تو ہی ہمارا ربّ ہے) ـــــ تو جب سب نے اس بات کا اقرار کر لیا کہ وہ ربّ ہے اور ہم بندے ہیں تو یہ میثاق (عہد نامہ) ایک کاغذ پر لکھا گیا ـــــ اور اللہ تعالیٰ

Marfat.com

نے اس عہد نامہ کو اس پتھر (حجر اسود) میں ڈال دیا، اور یہ قیامت کے دن مبعوث کیا جائے گا اور اس کی دو آنکھیں ہوں گی اور زبان بھی ہو گی اور دو ہونٹ ہوں گے ـــــ اور یہ اس شخص کی گواہی دے گا ـــــ جو اس سے ایفائے عہد کرے گا اور یہ (حجر اسود) اس وعدے میں اللہ تعالیٰ کا امین ہے ـــــ تو علی رضی اللہ عنہ سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا ـــــ اے ابوالحسن! اللہ تعالیٰ مجھے اس زمین میں زندہ نہ رکھے جس میں آپ موجود نہ ہوں۔

(مرقاۃ شرح مشکوٰۃ (علامہ علی قاری) ج ۵ ص ۵۰۵ مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ سرکی روڈ کوئٹہ بلوچستان، پاکستان)

حدیث نمبر ۳۴۷

بوقت طواف فرمایا

امام ابن عساکر ابوالقاسم علی بن حسین شافعی رحمتہ اللہ علیہ متوفی ۵۷۱ھ نے اپنی مشہور زمانہ کتاب ـــــ تاریخ دمشق الکبیر ـــــ میں اس روایت کو ان الفاظ میں نقل فرمایا ہے ـــــ کہ ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ حج کرنے کے لئے نکلے تو جب حضرت عمر طواف کرنے کے لئے مسجد میں داخل ہوئے اور حجر اسود کو سلام کیا ـــــ اور اس کا بوسہ لیا اور فرمایا۔

اِنِّیْ لَا اَعْلَمُ اَنَّكَ حَجَرٌ لَا تَضُرُّ وَلَا تَنْفَعُ وَلَوْ لَا اَنِّیْ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُقَبِّلُكَ مَا قَبَّلْتُكَ

بے شک میں جانتا ہوں کہ تو ایک پتھر ہے ـــــ تو نہ نقصان دے سکتا ہے اور نہ نفع پہنچا سکتا ہے ـــــ اور اگر میں نے رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ

Marfat.com

وسلم کو تمہیں چومتے ہوئے نہ دیکھا ہوتا ـــــ تو میں تمہیں نہ چومتا۔

حضرت ابوسعید خدری فرماتے ہیں کہ جناب عمر رضی اللہ عنہ پھر طواف میں مصروف ہو گئے (آپ رضی اللہ عنہ نے اس کی بات سن کر) حضرت علی بن ابی طالب (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے فرمایا ـــــ

یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَنَّهٗ لَیَضُرُّ وَیَنْفَعُ

اے امیر المومنین! یہ پتھر نفع بھی دیتا ہے اور نقصان بھی دیتا ہے۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ـــــ آپ نے یہ بات کیسے کہہ دی ـــــ جناب حیدرِ کرار کرم اللہ وجہہ نے فرمایا ـــــ یہ بات قرآنِ مجید میں ہے ـــــ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا یہ بات قرآن میں کہاں پر ہے؟ تو مولا علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا ـــــ ارشادِ خداوندی ہے ـــــ

وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْ م بَنِیْٓ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّیَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰٓی اَنْفُسِهِمْ ج اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ط قَالُوْا بَلٰی ج (پارہ ۹ سورہ اعراف آیت ۱۷۲)

اور یاد کرو جب آپ کے ربّ نے اولادِ آدم سے ان کی پیٹھوں میں سے ان کی ذرّیت کو نکالا، اور ان کے بارے میں انہیں خود گواہ بنایا، کیا میں تمہارا ربّ نہیں ہوں؟ سب نے کہا، بے شک تو ہی ہمارا ربّ ہے۔

مولا علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا تو ان کے کندھے پر دست قدرت پھیرا ـــــ تو ان کی اولاد ذرّوں کی صورت میں ظاہر ہوئی ـــــ تو اللہ تعالیٰ نے تعارف کرایا کہ میں (اللہ تعالیٰ) تمہارا رب ہوں، اور تم اولادِ آدم میرے بندے ہو ـــــ اور انہوں نے یعنی اولادِ آدم نے اس بات کا اقرار کیا ـــــ اور اس

Marfat.com

امر کا عہد لینے کے بعد اسے سفید کاغذ پر تحریر فرمایا ـــــ اور یہ رکن اسود تھا ـــــ

يَوْمَئِذٍ لَهٗ لِسَانٌ وَّشَفَتَانِ وَعَيْنَانِ

جس کی اس دن زبان، دو ہونٹ، اور دو آنکھیں تھیں ـــــ

اللہ تعالیٰ نے اسے حکم فرمایا ـــــ اپنا منہ کھول! ـــــ تو اس نے اپنا منہ کھولا، اور اللہ تعالیٰ نے وہ کاغذ (جس میں ان کا اقرار نامہ تحریر تھا) اس کے منہ میں ڈال دیا ـــــ اور فرمایا ـــــ تم اس کی گواہی دو گے، جس نے قیامت تک تیرے ساتھ وعدہ وفا کیا ـــــ اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا ـــــ

لَا بَقِيْتُ فِيْ قَوْمٍ لَسْتُ فِيْهِمْ يَا اَبَا حَسَنٍ

میں اس قوم میں نہ رہوں، اے ابوالحسن جس میں تم نہ ہو ـــــ

یا یوں فرمایا ـــــ

لَا عِشْتُ فِيْ قَوْمٍ لَسْتُ فِيْهِمْ يَا اَبَا حَسَنٍ

میں اس قوم میں زندگی نہ گزاروں جس میں حسن کے باپ آپ نہ ہوں۔

(تاریخ دمشق الکبیر (امام ابن عساکر) ج ۴۵ ص ۳۱۱)

○ ـــــ جناب سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا حجر اسود کو چومتے وقت یہ کہنا کہ تو نہ نفع دے سکتا ہے نہ نقصان پہنچا سکتا ہے ـــــ تو سیدنا علی کرم اللہ وجہہ نے ارشاد فرمایا ـــــ امیر المومنین! ـــــ یہ نفع بھی دیتا ہے اور نقصان بھی ـــــ جب آپ سے دلیل مانگی گئی تو آپ رضی اللہ عنہ نے قرآن پاک سورۂ اعراف کی آیت نمبر ۱۷۲ کی تفسیر بیان فرمائی ـــــ تو اس پر حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بارگاہِ خداوندی میں التجا کرتے ہوئے عرض کیا ـــــ اے ربّ جہاں! ـــــ میں اس کائنات ارضی پر باقی نہ

Marfat.com

رہوں جس میں ابوالحسن علی نہ ہوں ـــــ ان اُمور کے پیشِ نظر فرمایا ـــــ کہ اگر علی رضی اللہ عنہ نہ ہوتے تو عمر رضی اللہ عنہ ہلاک ہو جاتا ـــــ

بات چل رہی تھی حجر اسود کی ـــــ بفرمانِ علی رضی اللہ عنہ حجر اسود کے وسیلے سے نفع بھی ملتا ہے اور نقصان بھی ـــــ جب ایک پتھر نفع دے سکتا ہے تو اللہ تعالیٰ کا محبوب بندہ بھی منفعت سے نواز سکتا ہے ـــــ اوپر درج احادیث علی کریم کے ظاہر اور باطنی علوم کا پتہ دیتی ہیں ـــــ جو لوگ اُمت کے اندر مولا علی رضی اللہ عنہ کی اس خصوصیت کا اِنکار کرتے ہیں ـــــ وہ حقیقت کی دنیا کے لوگ نہیں ہیں ـــــ

حدیث نمبر ۳۴۸

اللہ تعالیٰ کا دایاں ہاتھ

شارح مشکوٰۃ علامہ علی قاری رحمتہ اللہ علیہ نے خطیب ابن عساکر ـــــ اور دیلمی کے حوالے سے حجر اسود کی عظمت سے متعلق یہ حدیث نقل فرمائی ہے۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں ـــــ کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

اَلْحَجَرُ یَمِیْنُ اللّٰہِ فِی الْاَرْضِ یُصَافِحُ بِھَا عِبَادَہٗ

حجر اسود زمین میں خدا تعالیٰ کا دایاں ہاتھ ہے اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے اپنے بندوں سے مصافحہ کرتا ہے۔ (مرقاۃ ج ۵ ص ۵۰۵)

Marfat.com

حدیث نمبر ۳۴۹

اللہ تعالیٰ سے بیعت

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَلْحَجَرُ یَمِیْنُ اللّٰہِ فَمَنْ مَّسَحَہٗ فَقَدْ بَایَعَ اللّٰہَ

حجر اسود اللہ تعالیٰ کا داہنا ہاتھ ہے، پس جس نے اس پر ہاتھ پھیرا تو گویا اس نے اللہ تعالیٰ سے بیعت کر لی۔

(مرقاۃ المفاتیح شرح مشکوٰۃ المصابیح ج ۵ ص ۵۰۵ مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ سرکی روڈ کوئٹہ، پاکستان)

مندرجہ بالا دونوں حدیثیں حجر اسود سے متعلق ہیں —— پہلی حدیث میں ہے کہ حجر اسود زمین میں اللہ کریم کا داہنا ہاتھ ہے —— اور اللہ تعالیٰ نے اس کے ذریعے سے اپنے بندوں سے مصافحہ فرماتا ہے۔

اور دوسری حدیث شریف میں ہے کہ حجر اسود خدا کا داہنا ہاتھ ہے —— اور جس بندے نے اس پر اپنا ہاتھ پھیرا، گویا کہ اس نے اللہ کریم سے بیعت کی —— سیدنا رسولِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی ان احادیث پر غور فرمائیں تو آپ پر اسرار و رموز کے دروازے وا ہوتے جائیں گے —— اور اعتقادی گلشن میں یقین و طمانیت کے پھول کھلتے جائیں گے —— اور آپ سوچنے پر مجبور ہو جائیں گے کہ جب ایک پتھر کی یہ شان ہے —— تو رسولِ دو جہاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم —— اور اللہ کریم کے محبوب بندوں کا کیا مقام ہوگا۔

Marfat.com

حدیث نمبر ۳۵۰

علی علیہ السلام کے فتوے اور فیصلے کے بعد ـــــ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا فرمانِ عالی شان دیکھیں ـــــ آپ رضی اللہ عنہ نے اپنا اور صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے متعلق ایک بیان ارشاد کیا ہے۔

اِذَا بَلَغَنَا شَیْءٌ تَکَلَّمَ بِہٖ عَلِیٌّ مِّنْ فُتْیَا وَقَضَاءٍ وَّثَبَتَ لَمْ تُجَاوِزْہُ مِنْ غَیْرِہٖ

کہ جب ہمارے پاس کوئی ایسی چیز پہنچے گی کہ جس کے بارے میں حضرت علی (علیہ السلام) نے فتویٰ دیا ہو یا اس کے بارے میں فیصلہ فرمایا ہو ـــــ اور وہ (بات) ثابت ہو جائے کہ حضرت علی کریم نے ہی یہ فیصلہ فرمایا ہے) تو ہم اس ''مسئلہ'' کو کسی اور کے پاس نہیں لے جائیں گے۔

(تاریخ دمشق الکبیر (امام ابن عساکر) ج ۴۵ ص ۳۱۱، حدیث نمبر ۹۸۰۳ مطبوعہ بیروت، لبنان)

حدیث نمبر ۳۵۱

جب مولا علی نے حدیث بیان فرمائی ـــــ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے ـــــ آپ نے فرمایا:

اِذَا حَدَّثَنَا ثِقَۃٌ عَنْ عَلِیٍّ بِقِیْنَا لَا نَعْدُوْھَا

جب کوئی ثقہ راوی ہمارے سامنے علی رضی اللہ عنہ سے حدیث بیان کرے گا تو ہم اسی پر ٹھہر جائیں گے ـــــ اسے آگے (کسی اور کے پاس) نہیں

Marfat.com

لے جائیں گے۔ (تاریخ دمشق الکبیر ج ۴۵ ص ۳۱۲ حدیث نمبر ۹۸۰۴ مطبوعہ بیروت، لبنان)

حدیث نمبر ۳۵۲

اُمّ المومنین فرماتی ہیں

حضرت حبسرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے —— کہ اُمّ المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس یوم عاشورا کا ذکر کیا گیا تو آپ نے پوچھا کہ تمہیں کس نے اس دن کے روزے کا حکم دیا ہے —— مائی صاحبہ کی جناب میں عرض کیا گیا —— ''حضرت علی رضی اللہ عنہ نے'' —— آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔

اَمَا اِنَّهٗ اَعْلَمُ مَنْ بَقِیَ بِالسُّنَّةِ

ہاں وہ زندہ رہ جانے والوں میں سب سے زیادہ سنت کو جاننے والے ہیں۔

(تاریخ دمشق الکبیر (ابن عساکر) ج ۴۵ ص ۳۱۲ حدیث نمبر ۹۸۰۵، مطبوعہ بیروت لبنان)

حدیث نمبر ۳۵۳

اَعْلَمُ النَّاس

جنابِ عطا سے روایت ہے فرماتے ہیں —— کہ مؤمنوں کی ماں حضرت عائشہ صدیقہ سلام اللہ علیہا فرماتی ہیں ——

عَلِیٌّ اَعْلَمُ النَّاسِ بِالسُّنَّةِ

علی لوگوں میں سنت کے سب سے زیادہ عالم ہیں۔

(ابن عساکر ج ۴۵ ص ۳۱۲ حدیث نمبر)

Marfat.com

حدیث نمبر ۳۵۴

فضیلت علم میں

حضرت عبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں ـــــ کہ میں ایک سال حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحبت میں رہا ہوں ـــــ پھر میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی خدمت میں رہا ہوں۔

فَكَانَ فَضْلُ مَا بَيْنَهُمَا فِي الْعِلْمِ كَفَضْلِ الْمُهَاجِرِ عَلَى الْاَعْرَابِيِّ

تو ان دونوں کے درمیان علم میں فضیلت یوں تھی جیسے اعرابی پر ایک مہاجر کی ہو۔ (ابن عساکر ج ۴۵ ص ۳۱۲ حدیث نمبر ۹۸۰۷)

حدیث نمبر ۳۵۵

کوئی علی رضی اللہ عنہ سے زیادہ عالم ہے؟

حضرت عطاء بن ابی رباح سے عبدالملک بن ابی سلیمان نے پوچھا ـــــ کہ

اَكَانَ فِيْ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَعْلَمُ مِنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ؟ قَالَ: لَا وَاللّٰهِ مَا اَعْلَمُهٗ

کیا اصحاب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں کوئی علی ابن ابی طالب سے زیادہ عالم ہے تو انہوں نے (عطاء بن ابی رباح نے) فرمایا، اللہ تعالیٰ کی قسم (ان سے زیادہ کسی عالم کو) میں نہیں جانتا۔

(تاریخ دمشق الکبیر ابن عساکر ج ۴۵ ص ۳۱۴ حدیث نمبر ۹۸۱۱ مطبوعہ بیروت، لبنان)

Marfat.com

حدیث نمبر ۳۵۶

سینے میں علم ہے

حضرت ابوسعید التیمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں ـــــ کہ ہم اپنے کندھوں پر کپڑے اُٹھا کر انہیں بیچا کرتے تھے ـــــ اور ہم سب بچے بازار میں کھیل رہے تھے کہ اچانک علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو آتے ہوئے دیکھا ـــــ تو ہم میں سے کسی نے آپ کو عظیم البطن کہا ـــــ آپ کرم اللہ وجہہ نے فرمایا ـــــ

اَجَلْ اَعْلَاهُ عِلْمٌ وَاَسْفَلُهٗ طَعَامٌ

ہاں! اس کے اوپر والے حصے میں علم ہے اور نیچے والے حصے میں طعام ہے۔ (ابن عساکر ج ۴۵ ص ۳۱۳)

حدیث نمبر ۳۵۷

اَعْلَمُ النَّاس بِاِسْمِ اللّٰہِ

مولائے کائنات علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے ـــــ کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا ـــــ

عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ اَعْلَمُ النَّاسِ بِاِسْمِ اللّٰہِ وَاَشَدُّ النَّاسِ حُبًّا وَتَعْظِیْمًا بِاَھْلِ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ

کہ علی بن ابی طالب اللہ تعالیٰ کے نام کو لوگوں سے بہت زیادہ جاننے والے ہیں ـــــ اور بہت زیادہ محبت اور تعظیم کرنے والے ہیں ـــــ اہل لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ ـــــ (یعنی اسرارِ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ سے واقف لوگوں) سے

Marfat.com

بہت زیادہ پیار اور شفقت فرمانے والے ہیں۔

(القول الجلی فی فضائل علی (امام سیوطی) حدیث نمبر ۳۷)

حدیث نمبر ۳۵۸

سب سے زیادہ نصیحت کرنے والا

القول الجلی کے شارح شیخ عامر احمد حیدر رقم طراز ہیں کہ میں نے امام ابونعیم کی کتاب حلیۃ الاولیاء میں یہ حدیث ان الفاظ کے ساتھ دیکھی ہے۔

اَنْصَحُ النَّاسِ وَاَعْلَمُهُمْ بِاللّٰهِ وَاَشَدُّ النَّاسِ حُبًّا وَّتَعْظِيْمًا لِحُرْمَةِ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ

لوگوں میں سب سے زیادہ نصیحت کرنے والا —— اور اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ جاننے والا —— ''علی رضی اللہ عنہ'' —— ہے اور لَآ اِلٰـــهَ اِلَّا اللّٰهُ —— کی حرمت کے لئے لوگوں کے ساتھ سب سے زیادہ تعظیم و محبت سے پیش آنے والا ہے۔ (شرح القول الجلی ص ۵۷)

حدیث نمبر ۳۵۹

''علی''، مصطفیٰ ﷺ کے علم کا دروازہ ہے

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے —— کہ رسول دو جہاں نے فرمایا۔

عَلِـيٌّ بَابُ عِلْمِيْ وَمُبَيِّنٌ لِاُمَّتِيْ مَا اُرْسِلْتُ بِهٖ مِنْ بَعْدِيْ —— حُبُّهٗ اِيْمَانٌ وَّ بُغْضُهٗ نِفَاقٌ —— وَالنَّظْرُ اِلَيْهِ رَأْفَةٌ وَّمُوَدَّتُهٗ عِبَادَةٌ

علی میرے علم کا دروازہ ہے، میرے بعد میری اُمت کے لئے اس چیز کو

Marfat.com

واضح اور ظاہر کرنے والا، جس چیز کے ساتھ میں بھیجا گیا ہوں ـــــ علی کی محبت ایمان ہے ـــــ اور اس (علی) کا بغض منافقت ہے ـــــ اور اس کی طرف دیکھنا باعث آرام وسکون ہے ـــــ اور اس کی مودّت ومحبت عبادت ہے۔

(۱) الفردوس بماثور الخطاب ج ۳ ص ۶۵ مطبوعہ دار الباز مکہ مکرمہ سن اشاعت ۱۹۸۶ء

(۲) القول الجلی فی فضائل علی (امام سیوطی) حدیث نمبر ۳۸

قارئین عظام! ـــــ اس حدیثِ مبارکہ میں آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے چھ چیزوں کی طرف اشارہ فرمایا ہے ـــــ کہ علی میرے علم کا دروازہ ہے ـــــ علی میری نبوت ورسالت اور میری شریعت وطریقت کے علوم واسرار کو واضح کرنے والا ہے ـــــ علی کریم کی محبت ایمان ہے ـــــ اور علی المرتضٰی کے ساتھ بغض رکھنا منافقت ہے ـــــ اور علی کریم کی طُرف دیکھنا سکونِ قلب کا باعث ہے ـــــ اور علی کی مودّت عبادت کا درجہ رکھتی ہے۔

ان تمام اُمور کو سامنے رکھتے ہوئے موجودہ دور کے خارجیوں کے نظریات پر نظر رکھیں ـــــ اور ان کی اعتقادی دنیا کی بربادی کا نقشہ آپ کو روزِ روشن کی طرح دکھائی دے گا ـــــ

○ ـــــ برادرانِ اسلام! ـــــ خوارج ونواصب اور روافض تو پیدائشی اور جبلی طور پر خاندانِ رسول کے دشمن ہیں اور وہ بے دریغ اور علی الاعلان ـــــ علی کریم اور حسنین کریمین کی مخالفت کرتے ہیں اور تا قیامت کرتے رہیں گے ـــــ اور یہ رسول معظم کا پاک ارشاد ہے ـــــ کہ میرے خاندان اور میری اولاد کے دُشمن تین قسم کے افراد ہوں گے ـــــ منافق ـــــ ناپاک جسم کی پیداوار ـــــ اور ولد الحرام ـــــ یہ لوگ ساری دُنیا کے سامنے ہیں ـــــ اور اہلِ بیت کے خلاف تقریری اور تحریری طور پر سرگرم عمل ہیں ـــــ ایسا کرنے

Marfat.com

پر ان کی فطرت انہیں مجبور کر رہی ہے ـــــ اور کرتی رہے گی ـــــ

○ ـــــ مجھے تو کچھ اپنے نادان اور نام نہاد محققین کی ناہموار ـــــ تحریریں دیکھ کر بے حد افسوس ہوا کہ اہلِ سنت و جماعت کے عقیدتوں بھرے عقائد و نظریات میں ایسی تقریروں اور تحریریوں کی ہرگز گنجائش نہیں ہے ـــــ سنیت کے نوری چمنستان کی ہر شاخ پر مہکتے ہوئے پھولوں کی رنگت کو نکھارنے کی بجائے ـــــ بادِ سموم اور طوفانِ خزاں کو یہ لوگ کیوں آوازیں دے رہے ہیں ـــــ اور اہلِ حق کے اتحاد کو پارہ پارہ کرنے میں طاغوت کی کیوں حوصلہ افزائی فرما رہے ہیں ـــــ ان کی بے ہنگام تحریروں اور تقریروں سے خصائص علی کریم ـــــ اور عظمت خاتونِ جنت حضرت فاطمۃ الزہراء ـــــ مقامات حسنین کریمین علیہم السلام میں ذرّہ برابر بھی فرق نہیں پڑتا ـــــ مگر وہ لوگ بغض اہلِ بیت کے مرض میں مبتلا ہو کر ـــــ اپنے ایمان کی چمک کو ماند کرنے ـــــ اور رسولِ ارض و سماوات کی ناراضگی کا سبب بنتے جا رہے ہیں۔

○ ـــــ خیال رہے کہ یہ لوگ غیر محسوس طریقے سے خوارج کے ہاتھوں کھلونا بنتے ـــــ اور نواصب کا پرچم اٹھائے ہوئے گلی کوچوں میں نعرۂ حیدری کو بند کرنے کے لئے اپنے بند بند کا زور لگا رہے ہیں ـــــ اور تصوراتی دہشت گردی کا شکار ہو کر عقیدتوں کے جہانوں سے نکل کر کانٹوں بھری دنیا میں قدم جمانے کی کوششوں میں مصروف ہیں ـــــ اس گروہِ ناآشنائے محض کو یہ تک معلوم نہیں ـــــ کہ ان کو تھپکی دینے والا ہاتھ دولت کی حنا سے کافی حد تک رنگین ہو چکا ہے ـــــ اور ان کو بدنامی کی دلدل میں پھنسا کر ان کی بے بسی پر قہقہے لگا رہا ہے۔

○ ـــــ بندۂ ناچیز نے علم علی کریم سے متعلق پہلے صفحات پر بھی ـــــ اور یہاں پر

Marfat.com

بھی متعدد احادیث بیان کی ہیں ـــــ ان پر بار بار غور فرمائیں اور پھر ان علوم کے نور سے خالی علماء کی بے تکی تحریروں اور تقریروں کو دیکھیں اور سنیں تو آپ کو اندازہ ہو جائے گا ـــــ کہ یہ سپوتوں کے کپوت کتنے پانی میں ہیں ـــــ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی یہ حدیث مبارکہ ـــــ اَنَا مَدِیْنَۃُ الْعِلْمِ وَعَلِیٌّ بَابُھَا ـــــ ناصبیوں کے لئے سوہانِ رُوح بنی ہوتی ہے ـــــ دورانِ تقریر ایک ناصبی نے یہ حدیث سن کر چیختے ہوئے کہا کہ یہ حدیث موضوع ہے ـــــ بعض حضرات اس حدیث پر جرح کرتے ہوئے نہایت سوقیانہ زبان اور بچگانہ انداز اختیار فرماتے ہیں ـــــ یہی وجہ ہے کہ وہ اہلِ نظر کو ہر سمت سے مبتذل نظر آتے ہیں ـــــ اور کاتب قضا نے ان کی لوحِ تدقیر پر محرومیاں لکھ دی ہیں ـــــ اسی سلسلے سے متعلق چند احادیث وفرامین لکھنے جا رہا ہوں، جو علی کریم رضی اللہ عنہ کی اعلیٰ علمیت کا منہ بولتا ثبوت ہے ـــــ لیکن مجھے اس سے ناصبیوں کی دماغی شریانیں پھٹنے کا اندیشہ بھی ہے۔

حدیث نمبر ۳۶۰

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے روتے ہوئے کہا

جنابِ مغیرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں ـــــ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس علی بن ابی طالب کی شہادت کی خبر پہنچی ـــــ جب کہ آپ اپنی زوجہ فاختہ بنت قرظہ کے حجرے میں استراحت فرما رہے تھے۔

فَقَعَدَ بَاکِیًا مُسْتَرْجِعًا ـــــ قَالَتْ لَہٗ فَاخِتَہُ: ـــــ اَنْتَ بِالْاَمْسِ تَطْعَنُ عَلَیْہِ وَالْیَوْمَ تُبْکِیْ عَلَیْہِ ـــــ ؟ فَقَالَ: وَیْحَکَ اَنَا اَبْکِیْ لِمَا فَقَدَ النَّاسُ مِنْ حِلْمِہٖ وَعِلْمِہٖ

تو آپ روتے ہوئے ـــــ اور اِنَّا لِلّٰہِ الخ ـــــ پڑھتے ہوئے اُٹھ بیٹھے۔

Marfat.com

(اس چیز کو دیکھ کر) آپ کی زوجہ (فاختہ بنت قرظہ) نے کہا کہ کل تو آپ اُن (علی علیہ السلام) پر طعن و تشنیع اور تنقید کر رہے تھے —— اور آج اُن پر گریہ زاری کیوں؟ —— تو جناب (معاویہ رضی اللہ عنہ) نے فرمایا —— تمہاری ہلاکت ہو —— میں اس لئے رو رہا ہوں —— کہ لوگ حلم و علم کا ایک عظیم سرمایہ گم کر بیٹھے ہیں ——

(تاریخ دمشق الکبیر ج ۴۵ ص ۴۵۳ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی، بیروت لبنان، سن اشاعت ۲۰۰۱ء)

حدیث نمبر ۳۶۱

علم —— حلم —— فضل —— فقہ

جنابِ مغیرہ سے روایت ہے —— فرماتے ہیں —— کہ جب حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس مولا علی کرم اللہ وجہہ کی شہادت کی خبر پہنچی تو آپ رضی اللہ عنہ ایک گرم دن میں اپنی زوجہ فاختہ بنت قرظہ کے ساتھ قیلولہ فرما رہے تھے، تو آپ نے —— اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ —— پڑھا اور فرمایا ——

مَاذَا فَقَدُوْا مِنَ الْعِلْمِ وَالْحِلْمِ وَالْفَضْلِ وَالْفِقْهِ؟ ——

کہ لوگوں نے علم و حلم اور فضل و فقہ سے کیا گم کر دیا؟ ——

تو ان کی بیوی نے کہا

اَنْتَ بِالْاَمْسِ تَطْعَنُ فِیْ عَیْنَیْهِ وَتَسْتَرْجِعُ الْیَوْمَ عَلَیْهِ —— قَالَ: —— وَیْلَكَ لَا تَدْرِیْنَ مَاذَا فَقَدُوْا مِنْ عِلْمِهٖ وَفَضْلِهٖ وَسَوَابِقِهٖ؟

کہ کل تک تو آپ ان کی آنکھوں میں نوکِ سناں چبھوتے رہے ہو —— اور

Marfat.com

(اب ان کی شہادت پر) افسوس کر رہے ہو تو انہوں نے کہا کہ تمہاری ہلاکت ہو—— تم نہیں جانتی کہ لوگ ان کے علم و فضل اور ان کی سبقتوں (میں) سے کیا (چیز) گم کر بیٹھے ہیں؟——

(ابن عساکر ج ۴۵ ص ۴۵۴ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، سن اشاعت ۲۰۰۱ء)

حدیث نمبر ۳۶۲

سرمایۂ علم و فضل

امام ابن عساکر—— (ابو القاسم علی بن حسین شافعی متوفی ۵۷۱ھ رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ) اپنی کتاب تاریخ دمشق میں تیسری سند کے ساتھ رقم طراز ہیں کہ جب جنابِ معاویہ رضی اللہ عنہ کو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی شہادت کی خبر پہنچی تو انہوں نے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ پڑھا—— جب کہ آپ اپنی اہلیہ کے ساتھ قیلولہ فرما رہے تھے اور کہا——

مَاذَا فَقَدُوْا مِنَ الْعِلْمِ وَالْفَضْلِ وَالْخَیْرِ؟ ——

لوگ علم و فضل اور خیر و برکت سے کیا گم کر بیٹھے ہیں؟——

آپ کی اہلیہ فاختہ بنت قرظہ نے کہا—— کیا تم ان پر افسوس کا اظہار کر رہے ہو ——تو جنابِ معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا——

وَیْلَكَ لَا تَدْرِیْنَ مَاذَا ذَهَبَ مِنْ عِلْمِهٖ وَفَضْلِهٖ وَسَوَابِقِهٖ؟

کہ تم پر ہلاکت طاری ہو—— تو نہیں جانتی کہ علم و فضل اور سبقتوں کا کتنا عظیم سرمایہ (مسلمانوں کے ہاتھوں سے) نکل گیا ہے۔

(تاریخ دمشق الکبیر (امام ابن عساکر) ج ۴۵ ص ۲۵۴ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت، لبنان سن اشاعت ۲۰۰۱ء)

اوپر حدیث نمبر ۳۴۹—— تَطْعَنُ فِیْ عَیْنَیْهِ—— کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں

Marfat.com

—— طعن —— کے معانی کچھ اس طرح ہیں —— کسی بات کا طعنہ دینا —— عیب لگانا —— کوئی برائی بیان کرنا —— اعتراض کرنا —— تنقید کرنا —— الزام لگانا —— ردّوقدح کرنا چھینٹے دینا —— فقرے کسنا —— نیزہ زنی کرنا —— اور نیزہ چبھونا —— وار کرنا —— فِیْ عَیْنَیْہِ —— (اس کی آنکھوں میں) —— علامہ ابن منظور نے —— تَطْعَنُ فِیْ عَیْنَیْہِ —— کا معنی —— غَیْبَتُہ —— لکھا ہے —— یعنی ان کی غیر موجودگی میں ان پر عیب لگانا —— مقامِ صحابیت پر فائز کسی شخصیت سے متعلق —— لفظ غیبت استعمال کرنا دنیائے اہلِ سنت میں روا نہیں —— لہٰذا قارئین احتیاط کا دامن مضبوطی سے تھامے رہیں ——

اُوپر درج روایات سے جو مفہوم واضح ہوا وہ کچھ یوں ہے کہ جناب معاویہ رضی اللہ عنہ نے، جناب علی علیہ السلام کی شہادت کی خبر سنی تو رونے لگے اور اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ پڑھنے لگے —— اور افسوس کا اظہار کرنے لگے —— بی بی صاحبہ نے یہ امر دیکھ کر کہا کہ کل کی مخاصمت وعداوت کیا ہوئی —— کہ آج آپ کف افسوس مل رہے ہیں؟ —— اور آج اتنا پچھتاوا و پشیمانی کیوں؟ —— آپ نے جواب دیا —— تجھ پر ہلاکت ہو تو نہیں جانتی، کہ اہلِ ایمان نے کیا کھویا ہے؟ —— وہ علم نبوت کا دروازہ گم کر بیٹھے ہیں —— ان کی نظروں سے حلم اور بردباری کا ایک عظیم پہاڑ اُوجھل ہو گیا ہے —— اور ایک فضل وکمال کا پیکر نوری حجاب میں روپوش ہو گیا ہے —— جس کے ہر پہلو میں خیر کے سوا کچھ نہ تھا —— وہ دنیا والوں سے پہلو بچا کر آغوشِ رحمت میں جا گزیں ہو گیا —— وہ امت میں سبقتوں (برتری) کی اقالیم کا تاجدار ہر قسم کی دینوی کلفتوں کو —— شکست دے کر بقائے دوام کی طرف نکل کر حوضِ کوثر پر براجمان ہونے اور لوائے حمد تھامنے کی تیاریوں میں

Marfat.com

مصروف ہوگیا ——

حدیث نمبر ۳۶۳

محبوبِ خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت علقمہ نے حضرت عبداللہ سے روایت بیان کی ہے، فرماتے ہیں —— کہ رسولِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم —— اُمّ المومنین حضرت زینب بنت جحش سلام اللہ علیہا کے گھر سے نکلے، اور حضرت اُمّ سلمہ سلام اللہ علیہا کے گھر میں داخل ہوئے —— یہ اُنہی کی باری کا دن تھا۔ آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام ابھی پوری طرح بیٹھے بھی نہ تھے۔

اَنْ جَاءَ عَلِیٌّ —— فَدَقَّ الْبَابَ دَقًّا خَفِیْفًا

کہ مولا علی آئے —— اور دروازے پر ہلکی سی دستک دی۔

حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُمّ المومنین سے فرمایا —— پتہ کرو دروازے پر کون ہے؟ حضرت ام المومنین اُمّ سلمہ سلام اللہ علیہا نے ذرا سا تامل فرمایا —— آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا —— میری قوم کا فرد ہے دروازہ کھولو! مائی صاحبہ سلام اللہ علیہا نے عرض کیا —— یارسول اللہ! (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) یہ کون شخص ہے جس کے لئے آپ اتنے بے تاب ہیں؟ —— ان کے لئے دروازہ نہیں کھولا جائے گا —— آپ میرے وقت میں ان سے ملاقات فرمائیں گے —— حالانکہ کل ہی میرے بارے میں قرآن مجید میں آیت نازل ہوئی ہے۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ناراضگی کا اظہار فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا:

اِنَّ طَاعَةَ الرَّسُوْلِ طَاعَةُ اللّٰهِ ——وَمَنْ عَصَى الرَّسُوْلَ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ —— اِنَّ الْبَابَ رَجُلًا لَيْسَ بَعَرْقٍ وَلَا عَلَقٍ ——

Marfat.com

یُحِبُّ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ ـــــ وَیُحِبُّہُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ ـــــ

بے شک رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی فرمانبرداری اللہ تعالیٰ کی فرماں برداری ہے ـــــ اور جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی نافرمانی کی، ـــــ اس نے خدا تعالیٰ کی نافرمانی کی ـــــ بے شک دروازے پر جو آدمی ہے، وہ کوئی عام قسم کا کم وزن نہیں اور کم علم نہیں ہے ـــــ وہ شخص، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے ـــــ اور اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول، اس سے محبت کرتے ہیں۔

ام المومنین سلام اللہ علیہا فرماتی ہیں ـــــ کہ میں کھڑی ہوئی اور دروازے کی طرف جاتے ہوئے میرے ذہن میں یہ بات آئی کہ سبحان اللہ! یہ کون شخص ہے ـــــ جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے ـــــ اور اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول، اس سے محبت کرتے ہیں۔

اماں جی اُمّ المومنین سلام اللہ علیہا فرماتی ہیں کہ میں نے دروازہ کھولا اور خود دروازے کی اوٹ میں کھڑی ہوگئی ـــــ یہاں تک کہ مجھے کوئی آواز و آہٹ سنائی نہ دی اور میں دروازے کی اوٹ میں کھڑی رہی ـــــ اور پھر ایک شخص نے اجازت مانگی اور اندر داخل ہوا ـــــ تو رسولِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا ـــــ اے اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا! کیا آپ اسے جانتی ہیں؟ ـــــ مائی صاحبہ سلام اللہ علیہا فرماتی ہیں ـــــ کہ میں نے عرض کیا ـــــ ہاں یارسول اللہ! ـــــ یہ علی بن ابی طالب ہیں ـــــ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا صدقت۔ ـــــ تم نے سچ کہا ہے ـــــ ''اور سنو!'' ـــــ

سَیِّدٌ اُحِبُّہٗ ـــــ لَحْمُہٗ مِنْ لَحْمِیْ ـــــ وَدَمُہٗ مِنْ دَمِیْ

Marfat.com

—— وَهُوَ عَيْبَةُ بَيْتِیْ اِسْمَعِیْ ——وَاَشْهَدِیْ —— وَهُوَ قَاتِلُ النَّاكِثِيْنَ وَالْقَاسِطِيْنَ وَالْمَارِقِيْنَ مِنْ بَعْدِیْ —— فَاسْمَعِیْ وَاشْهَدِیْ وَهُوَ قَاضِیْ عَدَاتِیْ ——فَاسْمَعِیْ وَاشْهَدِیْ —— وَهُوَ وَاللّٰهِ يُحْيِیْ سُنَّتِیْ —— فَاسْمَعِیْ وَاشْهَدِیْ لَوْ اَنَّ عَبْدًا عَبَدَ اللّٰهَ اَلْفَ عَامٍ بَعْدَ اَلْفَ عَامٍ —— وَاَلْفَ عَامٍ بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ —— ثُمَّ لَقِیَ اللّٰهُ مُبْغِضًا لِعَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ وَعِتْرَتِیْ لَاَكَبَّهُ اللّٰهُ عَلٰی مِنْخَرَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِیْ نَارِ جَهَنَّمَ

یہ سیّد ہے —— میں اس سے محبت کرتا ہوں —— اس کا گوشت، میرے گوشت سے ہے —— اور اس کا خون، میرے خون سے ہے —— اور یہ وہ ہے، جو میرے گھر کا راز دان ہے، غور سے سنو اور گواہ ہو جاؤ! —— کہ وہ میرے بعد بیعت توڑنے والوں —— نا انصافی کرنے والوں —— اور دین سے نکل جانے والوں کو قتل کرنے والا ہے —— سنو! اور گواہ ہو جاؤ —— کہ وہ میرے وعدوں کو پورا کرنے والا ہے، اور تم غور سے سن لو! اور گواہ ہو جاؤ —— کہ وہ خدا کی قسم وہ میری سنّت کو زندہ کرے گا اور تم غور سے سنو اور گواہ ہو جاؤ کہ اگر کوئی شخص ایک ہزار سال کے بعد اور مزید ایک ہزار سال عبادت کرے —— اور اس کے بعد ایک ہزار سال بعد رُکن یمانی اور مقامِ ابراہیم کے درمیان عبادت کرے —— اور وہ پھر وہ اس حال میں بارگاہِ خداوندی میں پیش ہو کہ وہ علی ابن ابی طالب اور میری عترت سے

Marfat.com

بغض رکھنے والا ہو تو اللہ تعالیٰ اسے قیامت کے دن دوزخ کی آگ میں اُلٹا کر کے ڈال دے گا۔

نوٹ:

مناقب خوارزمی میں ـــــ صَدَقْتِ ـــــ کے بعد ان الفاظ کا اضافہ ہے ـــــ سُحْنَتُهٗ مِنْ سُحْنَتِیْ ـــــ کہ اس کا چہرہ میرے چہرے سے ہے ـــــ عَیْبَةُ بَیْتِیْ ـــــ (میرے گھر کا راز دان) ـــــ کی جگہ ـــــ عَیْبَةُ عِلْمِیْ ـــــ میرے علم کی زنبیل ہے ـــــ المختصر میں ہے ـــــ عَتَبَةُ بَیْتِیْ ـــــ (میرے گھر کی دہلیز ہے)

(تاریخ دمشق الکبیر ج ۴۵ ص ۳۶۱ حدیث نمبر ۹۸۷۴ مناقب خوارزمی ص ۷۸ حدیث نمبر ۷۷ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت، لبنان)

حدیث نمبر ۳۶۴

رسول کے نواسوں کا باپ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے ـــــ کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی طرف اشارہ فرماتے ہوئے ـــــ بارگاہِ خداوندی میں عرض کیا۔

اَللّٰهُمَّ هَلْ بَلَّغْتَ هٰذَا وَاِشَارَ اِلٰی عَلِیٍّ اَخِیْ وَبْنُ عَمِّیْ وَصَهْرِیْ وَاَبُوْ وَلَدَیَّ اَللّٰهُمَّ کُبَّ مَنْ عَادَاهُ فِی النَّارِ

(اخرجہ الشیر ازی فی الالقاب وابن النجار)

''اے اللہ! اسے اعلیٰ مقام پر پہنچا دے ـــــ یہ میرا بھائی ہے۔ یہ میرے چچا کا بیٹا ہے ـــــ اور میرا داماد ہے ـــــ اور میرے نواسوں کا باپ ہے۔ اے اللہ! ـــــ اس کو آگ میں اُلٹا لٹکا دے جس نے اس سے عداوت رکھی

Marfat.com

ہے۔ (القول الجلی (امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ) حدیث نمبر ۲۷)

مذکورہ بالا حدیث شریف ـــــ کنز العمال میں بھی دو مقام پر موجود ہے ـــــ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حجتہ الوداع کے موقع پر آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام کو فرماتے ہوئے سنا ـــــ آپ اپنی اونٹنی پر سوار تھے ـــــ اور جنابِ علی کے کندھے پر تھپکتے ہوئے مندرجہ بالا حدیث ارشاد فرمائی۔

حدیث نمبر ۳۶۵

اے اللہ! علی کی مدد فرما

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے ـــــ کہ رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے حضرت علی المرتضیٰ کو بلایا ـــــ اور پھر ـــــ بارگاہِ خداوندی میں ان الفاظ کے ساتھ دُعا مانگی ـــــ

اَللّٰھُمَّ اَعِنْہُ وَاَعِنْ بِہٖ ـــــ وَارْحَمْہُ وَارْحَمْ بِہٖ ـــــ وَانْصُرْ بِہٖ ـــــ اَللّٰھُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاہُ ـــــ وَعَادِ مَنْ عَادَاہُ

اے اللہ! معاونت فرما اس کی اور اس کے ذریعے سے ـــــ اور مدد فرما اس کی اور اس کے ذریعہ سے ـــــ اے اللہ! دوست بنا لے اس کو جس نے علی کو دوست بنایا ـــــ اور دُشمن بنا لے اس کو جس نے علی سے دُشمنی کی۔

(القول الجلی فی فضائل علی (امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ) حدیث نمبر ۲۳)

اس حدیث میں سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے جناب علی کرم اللہ وجہہ کو اپنے پاس بلایا ـــــ اور ان کے لئے دُعا فرمائی ـــــ بہ ـــــ کا لفظ ارشاد فرمایا ـــــ اور اس میں ـــــ ب ـــــ وسیلہ کے لئے ہے ـــــ اور ـــــ ہٖ ـــــ ضمیر کا مرجع حضرت مولیٰ علی

Marfat.com

کرم اللہ وجہہ ہیں ـــــ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ـــــ وَاَعِنْ بِہٖ ـــــ اے اللہ! اس (علی) کے ذریعے سے اعانت فرما ـــــ کس کی اعانت فرما؟ ـــــ مفعول ذکر نہیں کیا ـــــ حدیث کے الفاظ اور عربی لغت کے قواعد کو سامنے رکھتے ہوئے اس حدیث کا مفہوم یہ نکلتا ہے۔

کہ اے اللہ! ـــــ علی کو اعانت ـــــ رحم ـــــ اور نصرت کا ذریعہ بنا دے ـــــ اور ساتھ ہی اُمت کو یہ ہدایت کر دی گئی ہے ـــــ کہ جو اعانت کہ رحم اور مدد کا طالب ہو اس کو علی المرتضٰی کے دروازے پر حاضر ہو کر ان کا دامانِ فیض تھامنا ہوگا ـــــ جو آپ کے وسیلہ و واسطہ کا قائل نہیں ـــــ وہ اعانت و رحم اور مدد کی توقع نہ بارگاہِ خداوندی سے رکھے اور نہ ہی دربارِ نبوت سے ـــــ

حدیث نمبر ۳۶۶

جس نے علی کی عزت کی

عمر بن شرجیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے بارگاہِ ربّ دو جہاں میں عرض کیا۔

اَللّٰھُمَّ اُنْصُرْ مَنْ نَصَرَ عَلِیًّا ـــــ اَللّٰھُمَّ اَکْرِمْ مَنْ اَکْرَمَ عَلِیًّا ـــــ اَللّٰھُمَّ اخْذُلْ مَنْ خَذَلَ عَلِیًّا

اے اللہ کریم! اس کی مدد فرما، جس نے علی کرم اللہ وجہہ کی مدد کی ـــــ اے اللہ جل جلالہ! اس کی عزت فرما (یعنی اس کی عزت بلند فرما) جس نے علی کریم کی عزت کی ـــــ اے اللہ کریم! اس کو رسوا فرما جس نے حضرت علی کو رسوا کیا ـــــ (القول الجلی فی فضائل علی (سیوطی رحمۃ اللہ علیہ) حدیث نمبر ۲۴)

Marfat.com

حدیث نمبر ۳۶۷

جدھر علی ـــــ اُدھر حق

حضرت مولائے مومناں علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ بے شک رسولِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

رَحِمَ اللّٰہُ عَلِیًّا، اَدْرِ الْحَقَّ مَعَہٗ حَیْثُ دَارَ

اللہ تعالیٰ رحم فرمائے حضرت علی رضی اللہ عنہ پر ـــــ علی جس طرف سے اپنا رُخ کریں، حق بھی اسی طرف اپنا رُخ پھیر لے۔

(القول الجلی فی فضائل علی (سیوطی رحمۃ اللہ علیہ) حدیث نمبر ۲۹)

حدیث نمبر ۳۶۸

صبر رسول ـــــ حسن یوسف ـــــ قوت جبریل

علامہ ابو جعفر محبّ الدین احمد طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے روایت نقل فرمائی ہے ـــــ کہ رسولِ کریم کی جناب میں صحابہ کرام نے عرض کیا۔

یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ! وَکَیْفَ یَسْتَطِیْعُ عَلٰی اَنْ یَّحْمِلَ لِوَاءَ الْحَمْدِ؟ ـــــ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ـــــ وَکَیْفَ لَا یَسْتَطِیْعُ ذٰلِکَ وَقَدْ اُعْطِیَ خِصَالًا شَتّٰی ـــــ صَبْرًا کَصَبْرِیْ، وَحُسْنًا کَحُسْنِ یُوْسُفَ، وَقُوَّۃً کَقُوَّۃِ جِبْرِیْلَ ـــــ

یارسول اللہ! صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم علی حمد کا جھنڈا کس طرح اٹھا سکیں گے ـــــ سرکار علیہ السلام نے فرمایا ـــــ وہ کیسے نہیں اٹھا سکیں گے ـــــ

Marfat.com

حالانکہ انہیں مختلف خصائص عطا فرمائے گئے ہیں —— (اور فرمایا سنو!) —— میرے صبر جیسا صبر —— حسن یوسف جیسا حسن —— اور جبریل کی قوت جیسی قوت۔ (الریاض النضرۃ ج ۲ ص ۱۷۱ مطبوعہ دار الکتب العلمیۃ بیروت)

حدیث نمبر ۳۶۹

دنیا و آخرت میں ولی رسول

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں —— کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے چچازاد بھائیوں سے پوچھا کہ تم میں سے کون ہے جو دنیا و آخرت میں میرا ولی ہے؟ —— ابنِ عباس فرماتے ہیں کہ اس مقام پر حضرت علی بھی موجود تھے —— "تو دیگر تمام" چچازاد بھائیوں نے اِنکار کر دیا —— تو علی المرتضیٰ نے عرض کیا۔

اَنَا اَوَالِیْكَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ

میں دنیا و آخرت میں آپ کا ولی ہوں۔

جناب ابنِ عباس فرماتے ہیں —— کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس بات کی طرف دھیان نہ دیا —— اور پھر ان (دیگر بھائیوں) میں سے ہر ایک کے پاس تشریف لے گئے —— اور پھر پوچھا۔

اَیُّکُمْ یَوَالِیْنِیْ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ؟

تم میں سے دنیا و آخرت میں میرا ولی کون ہے؟

—— فابوا —— تو انہوں نے اِنکار کر دیا —— تو مولا علی نے عرض کیا۔

اَنَا اَوَالِیْكَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ

Marfat.com

میں آپ کا ولی ہوں دنیا و آخرت میں

تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَنْتَ وَلِیِّیْ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ

قَالَ ـــــ وَکَانَ اَوَّلُ مَنْ اَسْلَمَ مِنَ النَّاسِ بَعْدَ خَدِیْجَةَ ـــــ

کہ تو دنیا و آخرت میں میرا ولی ہے ـــــ اور فرمایا یہ وہ پہلا شخص ہے جس نے (ام المومنین) خدیجہ کے بعد اسلام قبول کیا ـــــ

(الریاض النضرۃ ج ۲ ص ۱۷۴ مطبوعہ دار الکتب العلمیۃ المناقب للخوارزمی ص ۱۲۶ مطبوعہ مؤسسۃ النشر الاسلامی)

حدیث نمبر ۳۷۰

قرآن علی کے ساتھ ہے

ام المومنین اُمّ سلمہ سلام اللہ علیہا سے روایت ہے ـــــ کہ رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے فرمایا۔

عَلِیٌّ مَعَ الْقُرْاٰنِ ۔ وَالْقُرْاٰنُ مَعَ عَلِیٍّ لَنْ یَّتَفَرَّقَا حَتّٰی یَرِدَا عَلَیَّ الْحَوْضِ ۔

علی قرآن کے ساتھ ہے اور قرآن علی کے ساتھ ہے۔ یہ دونوں ہرگز جدا نہ ہوں گے یہاں تک کہ یہ دونوں حوضِ کوثر پر مجھ سے ملیں گے ـــــ

(القول الجلی فی فضائل علی حدیث نمبر ۳۲)

حدیث نمبر ۳۷۱

علی اور جنت عدن

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی

Marfat.com

اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

مَنْ اَحَبَّ اَنْ یَّسْتَمْسَکَ بِالْفَضِیْبِ الْاَحْمَرِ الَّذِیْ غَرَسَہُ اللّٰہُ فِیْ جَنَّۃِ عَدْنٍ فَلْیَسْتَمْسَکْ بِحُبِّ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ وہ جنت کے اس سرخ درخت کی شاخوں کو تھام لے جسے اللہ تعالیٰ نے جنت عدن میں لگایا ہے تو اسے چاہئے کہ علی بن ابی طالب کی محبت کا دامن تھام لے۔

(الریاض النضرۃ ج ۲ ص ۱۹۰ مطبوعہ دار الکتب العلمیۃ)

حدیث نمبر ۳۷۲

قلب رسول اور محبتِ علی

حضرت اُمّ عطیہ سے روایت ہے کہ رسولِ کریم نے ایک لشکر بھیجا جس میں حضرت علی بھی موجود تھے۔ فرماتی ہیں۔ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہاتھ اٹھاتے ہوئے (یہ) دعا مانگتے ہوئے سنا۔

اَللّٰھُمَّ لَا تُمِتْنِیْ حَتّٰی تُرِیَنِیْ عَلِیًّا

اے اللہ! اس وقت تک میرا وصال نہ ہو جب تک تو مجھے علی کو نہ دیکھا دے۔

(جامع ترمذی ص ۱۴۲۳ مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت، لبنان سن اشاعت ۲۰۰۲ء)

حدیث نمبر ۳۷۳

علی سوال کرتے تو پورا ہوتا

حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے فرماتے ہیں۔

Marfat.com

كُنْتُ اِذَا سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ——
اَعْطَانِیْ وَاِذَا سَكَتُّ اِبْتَدَانِیْ ——

کہ جب میں کوئی چیز رسولِ کریم سے مانگتا تو آپ عطا فرماتے۔ اور اگر میں خاموش رہتا تو حضور مجھ سے ابتداء فرماتے ——

(جامع ترمذی ص ۱۴۲۱ مطبوعہ دارالمعرفۃ بیروت)

حدیث نمبر ۳۷۴

علی کریم کی منزلت

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے —— کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال کے چھ دن بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور مولا علی کرم اللہ وجہہ —— حضور علیہ السلام کے مزار پر ''حاضری کے لئے'' آئے ''جب اس حجرہ جس میں آقا علیہ السلام کی قبر انور ہے'' میں داخل ہونے لگے تو حضرت علی نے حضرت ابوبکر صدیق سے فرمایا۔

تَقَدَّمْ يَا خَلِيْفَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ

اے خلیفہ رسول آگے بڑھیے!

حضرت ابوبکر صدیق نے فرمایا

مَا كُنْتُ لِاَتَقَدَّمَ رَجُلًا سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ (وَاٰلِهٖ) وَسَلَّمَ —— يَقُوْلُ —— عَلِیٌّ مِّنِّیْ بِمَنْزِلَتِیْ مِنْ رَّبِّیْ ——

میرے لئے یہ روا نہیں کہ میں اس شخص سے آگے بڑھوں جس کے بارے میں —— میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا

Marfat.com

ہے کہ علی میرے ہاں وہ مقام رکھتے ہیں جو میں اپنے رب کے ہاں مقام رکھتا ہوں۔

(ذخائر العقبیٰ فی مناقب ذوی القربیٰ (امام محب الدین احمد طبری) ص ۶۴)

حدیث نمبر ۳۷۵

روحِ علی اور ملک الموت

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا ـــــ کہ جب مجھے ''شب معراج'' سیر کرائی گئی ـــــ تو میں ایک فرشتے کے قریب سے گزرا ـــــ جو نور کی ایک چار پائی پر بیٹھا ہوا تھا ـــــ اور اس کا ایک پاؤں مشرق میں اور دوسرا مغرب میں تھا ـــــ اور اس کے سامنے ایک لوح موجود تھی جس میں وہ دیکھ رہا تھا اور ساری دنیا اس کی آنکھوں کے سامنے تھی ـــــ اور ساری مخلوق اس کے گھٹنوں کے درمیان تھی ـــــ اور اس کے ہاتھ کی رسائی مشرق و مغرب تک تھی ـــــ فرماتے ہیں کہ میں نے جبریل سے پوچھا یہ کون ہے؟ ـــــ تو جبریل نے کہا یہ عزرائیل ''ملک الموت'' ہیں ـــــ آپ انہیں سلام ارشاد فرمائیں ـــــ آقا علیہ السلام فرماتے ہیں میں آگے بڑھ کر عزرائیل کو سلام کہا ـــــ تو انہوں نے جواباً کہا

وَعَلَيْكَ السَّلَامُ يَا اَحْمَدُ مَا فُعِلَ ابْنُ عَمِّكَ عَلِيٌّ ؟ ـــــ

فَقُلْتُ: وَهَلْ تَعْرِفُ اِبْنَ عَمِّیْ عَلِيًّا ۔ قَالَ: كَيْفَ لَا اَعْرِفُهٗ وَقَدْ وَكَّلَنِیَ اللّٰهُ بِقَبْضِ اَرْوَاحِ الْخَلَائِقِ مَا خَلَا ـــــ رُوْحَكَ وَرُوْحَ ابْنِ عَمِّكَ عَلِيِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ ـــــ فَاِنَّ اللّٰهَ يَتَوَفَّاَ كُمَا بِمَشِيَّتِهٖ ـــــ

Marfat.com

اور آپ پر بھی سلام ہو، اے احمد مجتبیٰ آپ کے چچا کے بیٹے علی کیسے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم فرماتے ہیں میں نے عزرائیل سے پوچھا کہ تم میرے چچا کے بیٹے علی کو جانتے ہو؟ —— تو انہوں نے عرض کیا —— میں انہیں کیسے نہیں جانوں گا —— کہ اللہ تعالیٰ نے ساری مخلوق کی روحیں قبض کرنے کی ذمہ داری مجھے سونپی ہے —— لیکن آپ اور آپ کے چچازاد بھائی کی روح اس ذمہ داری میں شامل نہیں ہے —— اللہ تعالیٰ انہیں اپنی مرضی کے مطابق وصال سے ہمکنار فرمائے گا —— (ذخائر العقبیٰ ص ۶۵)

حدیث نمبر ۳۷۶

علی اور عمار طیب ومطیب

حضرت علقمہ بن قیس اور حضرت اسود بن بریدہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے —— فرماتے ہیں کہ ہم دونوں (علقمہ واسود) حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے —— اور ہم نے عرض کیا —— اے جنابِ ابوایوب! —— اللہ تعالیٰ نے آپ کو، آپ کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی وجہ سے عزت ووقار سے نوازا ہے —— کہ اللہ کریم نے سرکار علیہ السلام کی اونٹنی کو وحی فرمائی کہ وہ آپ کے دروازے پر بیٹھ جائے —— اور رسولِ کریم تمہارے لئے فضیلت کا باعث بن گئے تھے —— ہم لوگوں کو اپنے خروج سے متعلق آگاہ فرمائیں جو آپ نے علی کرم اللہ وجہہ کے ساتھ مل کر کیا تھا —— آپ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ —— کہنے والوں سے جہاد کرتے تھے۔

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے فرمایا —— میں تم دونوں سے اللہ تعالیٰ کی قسم اٹھا کر کہتا ہوں —— کہ میرے پاس اس گھر میں —— جس میں تم دونوں بیٹھے ہوئے ہو ——

Marfat.com

اسی گھر میں رسولِ مکرم تشریف فرما تھے ـــــ اور رسول اللہ کے سوا اس گھر میں اور کوئی شخص موجود نہ تھا ـــــ صرف علی المرتضٰی جو آقا علیہ السلام کی دائیں جانب بیٹھے ہوئے تھے ـــــ اور حضرت انس حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے کھڑے ہوئے تھے ـــــ اچانک کسی نے دروازہ کھٹکھٹایا ـــــ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جنابِ انس رضی اللہ عنہ کو حکم ارشاد کیا کہ جاؤ دیکھو دروازے پر کون ہے؟ جنابِ انس رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! یہ عمار رضی اللہ عنہ ہیں ـــــ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا

افتح لعمار الطیب المطیب

پاک ومنزہ عمار کے لئے دروازہ کھول دو!

حضرت عمار رسول اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے ـــــ رسول اللہ نے فرمایا، اے عمار! عنقریب میری اُمت میں نامناسب باتیں پیدا ہوں گی ـــــ یہاں تک کہ تلوار چلنے لگے گی ـــــ اور ان کے درمیان تحکیم وثالثی کی نوبت آئے گی۔ حتیٰ کہ وہ ایک دوسرے کو قتل کریں گے ـــــ جب تم اس امر کو دیکھو تو جو میری دائیں جانب بیٹھا ہے یعنی علی بن ابی طالب ـــــ اس کا دامن تھامے رکھنا یعنی اس کا ساتھ دینا۔

اِنْ سَلَكَ النَّاسُ كُلُّهُمْ وَادِيًا ـــــ وَسَلَكَ عَلِيٌّ وَادِيًا، فَاسْلُكْ وَادِيَ عَلِيٍّ وَخَلَّ عَنِ النَّاسِ يَا عَمَّارُ عَلِيٌّ لَا يَرُدُّكَ عَنْ هُدًى ـــــ وَلَا يَدُلُّكَ عَلٰى رَدًى يَاعَمَّارُ طَاعَةُ عَلِيٍّ طَاعَتِيْ، وَطَاعَتِيْ طَاعَةُ اللهِ ـــــ

اگر تمام لوگ ایک وادی میں چل رہے ہوں اور صرف علی اکیلا ہی ایک وادی میں چل رہا ہو ـــــ تو تم اس وادی میں چلنا، جس وادی میں علی چل رہے

Marfat.com

ہوں اور لوگوں کو چھوڑ دینا ـــــ اے عمار! علی تجھے ہدایت سے دور نہیں کریں گے ـــــ اور تمہاری ہلاکت کی طرف رہنمائی نہیں کریں گے ـــــ اے عمار! علی کی اطاعت میری اطاعت ہے اور میری اطاعت اللہ کی اطاعت ہے۔

(ینابیع المودۃ ج ۲ ص ۴۷ مطبوعہ بیروت)

حدیث نمبر ۳۷۷

امام ابن عساکر قدس سرہ العزیز نے اس حدیث کو ان الفاظ میں نقل فرمایا ہے ـــــ کہ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں ـــــ کہ میں نے رسولِ کریم کو عمار سے یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا۔

يَا عَمَّارُ تَقْتُلُكَ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ ـــــ وَاَنْتَ مُذْ ذَاكَ مَعَ الْحَقِّ ـــــ وَالْحَقُّ مَعَكَ ـــــ يَا عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ اِنْ رَأَيْتَ عَلِيًّا قَدْ سَلَكَ وَادِيًا وَسَلَكَ النَّاسُ وَادِيًا غَيْرَهُ فَاسْلُكْ مَعَ عَلِيٍّ فَاِنَّهُ لَنْ يُّدْلِيَكَ فِيْ رَكِيٍّ، وَلَنْ يُّخْرِجَكَ مِنْ هُدًى ـــــ يَا عَمَّارُ مَنْ تَقَلَّدَ سَيْفًا اَعَانَ بِهٖ عَلِيًّا عَلٰى عَدُوِّهٖ قَلَّدَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَشَاحِيْنَ مِنْ دُرٍّ ـــــ وَمَنْ تَقَلَّدَ سَيْفًا اَعَانَ بِهٖ عَدُوَّ عَلِيٍّ قَلَّدَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَشَّاحِيْنَ مِنْ نَّارٍ ـــــ

اے عمار! تجھے باغی گروہ قتل کرے گا، اس حال میں کہ تم اس وقت حق کے ساتھ ہو گے اور حق تمہارے ساتھ ہوگا ـــــ اے عمار بن یاسر! اگر تم علی کو دیکھو کہ وہ ایک وادی میں چل رہے ہیں اور لوگ اس کے علاوہ دوسری وادی میں جا رہے ہیں تو تم علی کے ساتھ چلنا ـــــ بے شک وہ تجھے ہرگز گڑھے

Marfat.com

میں گرنے نہیں دے گا اور نہ ہی (راہ) ہدایت سے نکلنے دے گا ـــــ اے عمار! جو تلوار کے ساتھ علی کی مدد کرے گا اس کے دشمنوں کے خلاف، تو اللہ تعالیٰ اسے قیامت کے دن موتیوں سے مزین ہار پہنائے گا ـــــ اور جو تلوار کے ساتھ علی کے دشمنوں کی مدد کرے تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن آگ کا بنا ہوا ہار اس کے گلے میں پہنائے گا ـــــ

(ابن عساکر تاریخ دمشق ج ۴۵ ص ۳۶۲ مطبوعہ بیروت حدیث نمبر ۹۸۷۷)

حدیث نمبر ۳۷۸

علی تو حق پر ہوگا

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں ـــــ کہ میں رسولِ کریم کو فرماتے ہوئے سنا ـــــ آپ نے فرمایا:

يَا عَلِيُّ سَتُقَاتِلُكَ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ وَاَنْتَ عَلَى الْحَقِّ ـــــ فَمَنْ لَّمْ يَنْصُرْكَ يَوْمَئِذٍ فَلَيْسَ مِنِّيْ

اے علی! عنقریب تجھ سے باغی گروہ جنگ کرے گا اس حال میں کہ تم حق پر ہو گے پس اس دن جس نے تیری مدد نہ کی وہ مجھ سے نہیں ہے ـــــ

(تاریخ دمشق الکبیر (امام ابن عساکر) ج ۴۵ ص ۳۶۳ حدیث نمبر ۹۸۷۸)

حدیث نمبر ۳۷۹

حضور نے قسم اٹھا کر فرمایا

حضرت عمرو بن شاش اسلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ آپ اصحابِ حدیبیہ میں سے تھے ـــــ فرماتے ہیں کہ میں حضرت علی کے ساتھ یمن کی طرف جانے کے لئے نکلا

Marfat.com

——تو آپ نے دورانِ سفر میرا ساتھ چھوڑ دیا——تو میرے دل میں اس امر کی تھوڑی سی رنجش پیدا ہوگئی——فرماتے ہیں کہ جب میں واپس آیا تو میں نے مسجد میں اس امر کا بطورِ شکایت اظہار کیا——یہاں تک کہ یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچ گئی۔

ایک دن میں مسجد میں داخل ہوا——تو رسولِ کریم نے جب مجھے دیکھا تو آپ نے اپنی نگاہیں پھیر لیں——اور ساتھ ہی فرمایا کہ اس سے نظر ہٹا لو!——یہاں تک کہ میں آپ کے پاس بیٹھ گیا——آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، اے عمرو!

وَاللّٰہِ لَقَدْ اٰذَیْتَنِیْ

خدا کی قسم تو نے مجھے تکلیف پہنچائی ہے۔

حضرت عمرو فرماتے ہیں——میں نے عرض کیا——یا رسول اللہ! میں اس سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں کہ آپ کو تکلیف پہنچاؤں۔

فَقَالَ بَلٰی مَنْ اٰذٰی عَلِیًّا فَقَدْ اٰذَانِیْ

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہاں یقیناً جس نے علی کو تکلیف پہنچائی تو اس نے مجھے تکلیف پہنچائی——(ذخائر العقبیٰ (امام محب الدین احمد طبری) ص ۶۵)

حدیث نمبر ۳۸۰

جو علی سے محبت رکھے

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مولا علی کے متعلق فرمایا:

مَنْ تَوَلَّاہُ فَقَدْ تَوَلَّانِیْ وَمَنْ تَوَلَّانِیْ فَقَدْ تَوَلَّی اللّٰہَ——

جس نے علی سے محبت رکھی اس نے مجھ سے محبت رکھی جس نے مجھ سے

Marfat.com

محبت رکھی گویا اس نے اللہ تعالیٰ سے محبت رکھی ——۔(ایضا)

حدیث نمبر ۳۸۱

جو علی پر سب کرے

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں ——
اَشْهَدُ بِاللّٰهِ —— میں گواہی دیتا ہوں اللہ کریم کے نام کے ساتھ —— کہ میں نے رسول مکرم کو یہ فرماتے ہوئے سنا۔

مَنْ سَبَّ عَلِيًّا فَقَدْ سَبَّنِیْ ——وَمَنْ سَبَّنِیْ فَقَدْ سَبَّ اللّٰهَ وَمَنْ سَبَّ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ اَكَبَّهُ اللّٰهُ عَلٰی مُنْخَرَيْهِ——

جس نے علی کو برا بھلا کہا، اس نے مجھے برا بھلا کہا اور جس نے مجھے برا بھلا کہا تو اس نے اللہ تعالیٰ پر سب کیا اور جس نے اللہ پر سب وشتم کیا تو اللہ تعالیٰ اسے (جہنم میں) منہ کے بل لٹکا دے گا —— (ذخائر العقبیٰ ص ٦٦)

حدیث نمبر ۳۸۲

دو فرشتے پل صراط پر کھڑے ہوں گے

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

اِذَا فَرَغَ اللّٰهُ تَعَالٰی مِنَ الْحِسَابِ لِلْعِبَادِ يَاْمُرُ الْمَلَكَيْنِ فَيَقِفَانِ عَلَى الصِّرَاطِ فَلَا يَجُوْزُ الصِّرَاطَ اَحَدٌ اِلَّا بِبَرَاءَةٍ فِیْ وِلَايَةِ عَلِيٍّ فَمَنْ لَّمْ يَكُنْ مَّعَهٗ اَكَبَّهُ اللّٰهُ عَلٰی وَجْهِهٖ فِی النَّارِ ——

Marfat.com

کہ جب اللہ تعالیٰ بندوں کے حساب سے فارغ ہو جائے گا تو وہ دو فرشتوں کو حکم فرمائے گا کہ وہ پل صراط پر جا کر ٹھہر جائیں اور پل صراط سے صرف وہی شخص گزر سکے گا جس کے پاس علی کی ولایت کی سند ہو گی۔ جس شخص کے پاس یہ سند نہ ہو گی، اللہ تعالیٰ اس کو منہ کے بل دوزخ میں گرا دے گا ـــــ (ینابیع المودۃ ج ۲ ص ۷۷)

حدیث نمبر ۳۸۳

علی کا حق نہ جاننے والا

حضرت ابورافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو رسول اللہ کے غلام تھے ـــــ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

مَنْ لَّمْ يَعْرِفْ حَقَّ عَلِيٍّ فَهُوَ وَاحِدٌ مِّنَ الثَّلَاثَةِ اِمَّا اُمُّهٗ زَانِيَةٌ ـــــ اَوْ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ مِنْ غَيْرِ طُهْرٍ ـــــ اَوْ مُنَافِقٌ ـــــ

کہ جو شخص علی کا حق نہیں پہچانتا وہ تین آدمیوں میں سے ایک ضرور ہے ـــــ اس کی ماں زانیہ عورت ہے ـــــ یا اس کا حمل ناپاک جسم میں قرار پایا ـــــ یا وہ منافق ہے ـــــ (ایضاً)

کیوں جناب کیا فرما رہے ہیں پیغمبر ارضین وسماوات؟؟ ـــــ کچھ آیا سمجھ شریف میں؟ ـــــ اگر فہم وادراک کے دریچے وا ہوں ـــــ اور قوت متخیلہ کا کچھ حصہ باقی رہ گیا ہو ـــــ تو مندرجہ بالا حدیث پر غور فرمانے کی زحمت گوارا فرمائیں۔

Marfat.com

حدیث نمبر ۳۸۴

اطاعت اہلِ بیت فرض ہے

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسولِ کریم نے فرمایا۔

اِنَّ اللّٰہَ اِفْتَرَضَ طَاعَتِیْ وَطَاعَۃَ اَھْلِ بَیْتِیْ عَلَی النَّاسِ خَاصَّۃً وَعَلَی الْخَلْقِ کَافَّۃً ـــــ

اللہ تعالیٰ نے میری اطاعت اور میرے اہلِ بیت کی اطاعت لوگوں پر خاص طور پر اور تمام مخلوق پر فرض کر دی ہے۔ (ینابیع المودۃ ج ۲ ص ۷۵)

حدیث نمبر ۳۸۵

جو چیز حضور کو پسند ہے وہی علی کے لئے

حضرت مولا علی سے روایت ہے کہ حضور علیہ السلام نے مجھے فرمایا۔

یَا عَلِیُّ اِنِّیْ اُحِبُّ لَکَ مَا اُحِبُّ لِنَفْسِیْ ـــــ وَاَکْرَاہُ لَکَ مَا اَکْرَاہُ لِنَفْسِیْ ـــــ

جو چیز اپنی ذات کے لئے پسند کرتا ہوں، وہی چیز تیرے لئے پسند کرتا ہوں اور جو چیز اپنی ذات کے لئے مکروہ تصور کرتا ہوں وہ چیز تیرے لئے مکروہ تصور کرتا ہوں۔ (ایضاً)

Marfat.com

حدیث نمبر ۳۸۶

فرشتوں کی محفل

مولا علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے —— فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

لَمَّا اُسْرِیَ بِیْ اِلَی السَّمَآءِ یقتنی الملائکة بالبشارة فی کل سماء حتی یقتنی جبرائیل فی محفلة من الملائکه ۔ فَقَالَ: یَا مُحَمَّدُ لَوِ اجْتَمَعَ اُمَّتَكَ عَلٰی حُبِّ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ مَا خَلَقَ اللّٰهُ النَّارَ ——

جب مجھے معراج کی رات آسمان پر لے جایا گیا تو ہر آسمان میں فرشتے مجھے بشارت کے ساتھ ملے حتیٰ کہ جبریل مجھے فرشتوں کی ایک محفل میں ملے —— اور کہا یا محمد! ''صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم'' اگر آپ کی امت علی بن ابی طالب کی محبت پر جمع ہو جاتی تو اللہ تعالیٰ دوزخ کو پیدا نہ فرماتا ——

(ینابیع المودۃ ج ۲ ص ۷۵)

یہ حدیث لفظی اختصار کے ساتھ پہلے گزر چکی ہے۔ علامہ قندوزی نقشبندی حنفی رحمتہ اللہ علیہ نے مولا علی سے روایت کرتے ہوئے مکمل عبارت لکھی ہے۔ اسی قسم کی ایک حدیث ہے جس کے راوی حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں۔

Marfat.com

حدیث نمبر ۳۸۷

اگر تمام لوگ محبتِ علی پر جمع ہو جاتے

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں ـــــ کہ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

لو اجتمع الناس علی حب عَلِیّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ لما خلق اللہ النار ـــــ

کہ اگر تمام لوگ علی بن ابی طالب کے ساتھ محبت رکھنے پر جمع ہو جاتے تو اللہ تعالیٰ دوزخ کو پیدا نہ فرماتا۔ (ایضاً)

حدیث ۳۸۸

حاجتیں روا ہونے کا ذریعہ

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں ـــــ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے کسی کام کے لئے بھیجا ـــــ اور مجھے فرمایا

ان اردت حاجتك فاحب علیا و ذریته فان حبهم فرض من اللہ عزوجل للعباد ـــــ

اگر تمہارا ارادہ کہ تمہاری حاجت پوری ہو تو علی اور علی کی اولاد کے ساتھ محبت رکھو۔ ان حضرات سے محبت رکھنا اللہ تعالیٰ کی جانب سے بندوں پر فرض کیا گیا ہے ـــــ (ینابیع المودۃ ج ۲ ص ۷۶)

Marfat.com

حدیث نمبر ۳۸۹

نبیوں کی معیت میں

مولا علی علیہ السلام سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں کہ رسولِ کریم نے مجھے فرمایا

من احبك یاعلی کان مع النبیین فی درجتهم یَوْمَ الْقِیَامَةِ ومن یبغضك فلا یبالی مات یهودیا او نصرانیا ـــــ

اے علی! جس شخص نے تم سے محبت کی، وہ قیامت کے دن نبیوں کے ساتھ ان کے درجے میں ہوگا اور جو شخص تم سے بغض رکھ کر مر گیا۔ مجھے اس کی پرواہ نہیں ہے کہ وہ یہودی ہو کر مرا یا عیسائی ہو کر۔ (ینابیع المودۃ ج ۲ ص ۷۶)

حدیث نمبر ۳۹۰

قَائِدُ الْمُسْلِمِیْنَ اِلَی الْجَنَّةِ

مولائے مومناں علی کریم کے صاحبزادے، حضرت محمد بن حنفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ـــــ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں ـــــ کہ رسول دو جہان نے فرمایا۔

ان اللّٰہ تعالیٰ جعل علیا قائد المسلمین الی الجنة به یدخلون الجنة وبه یدخلون الناروبه یعذبون یَوْمَ الْقِیَامَةِ ـــــ قلنا ـــــ وکیف ذلك یارسول اللّٰہ! قال: بحبه یدخلون الجنة ویبغضه یدخلون النار ویعذبون

کہ اللہ تعالیٰ نے علی کو جنت کی طرف ''جانے کے لئے'' مسلمانوں کا قائد

Marfat.com

مقرر فرمایا ہے، وہ علی کے ذریعے جنت میں داخل ہو گے اور علی کی وجہ سے دوزخ میں داخل ہوں گے ـــــ ہم نے عرض کیا ـــــ یہ امر کیسے ہوگا آپ نے فرمایا تم لوگوں سے محبت رکھنے کی وجہ سے جنت میں ـــــ اور بغض رکھنے کی وجہ سے دوزخ میں داخل ہوں گے ـــــ (ایضاً)

حدیث نمبر ۳۹۱

علی کا ہاتھ نبی کا ہاتھ

حضرت مولا علی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

كَفُّ عَلِيٍّ كَفِّيْ

علی کا ہاتھ میرا ہاتھ ہے۔ (ایضاً)

حدیث نمبر ۳۹۲

اے علی جو تجھے دوست نہ رکھے ـــــ

حضرت مولا علی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

لو ان عبدا عبدالله مثل ما قام نوح فی قومه و كان له مثل احد ذهبا فانفق فی سبیل الله ومد فی عمره حتی یحج الف عام قدمیه ثم بین الصفا والمروة قتل مظلوما ثم لم یوالك یالم یشم رائحة ولم یدخلها .

کہ اگر کوئی بندہ اتنی عبادت کرے جس قدر حضرت نوح علیہ السلام اپنی قوم میں قیام (تقریباً ہزار سال) پذیر رہے ـــــ اور اس کے پاس اُحد پہاڑ

Marfat.com

کے برابر سونا ہو اور وہ اس کو فی سبیل اللہ خرچ کر دے —— اور اللہ تعالیٰ اس کی عمر کو اتنا لمبا فرما دے کہ وہ ہزار حج پیدل ادا کرے —— پھر وہ مظلوم ہو کر صفا اور مروہ کے درمیان قتل کر دیا جائے —— اے علی اگر وہ تجھے دوست نہ رکھے وہ جنت میں داخل نہ ہوگا —— اور نہ وہ جنت کی خوشبو کو سونگھ سکے گا ——

(ینابیع المودۃ ج ۲ ص ۷۶ مطبوعہ مؤسسۃ الاعلمی للمطبوعات بیروت لبنان)

حدیث نمبر ۳۹۳

اے ابوبکر! —— علی میرا ارض وسماء میں وزیر ہے

حضرت ابوموسیٰ حمیدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے —— فرماتے ہیں —— کہ میں اور ابوبکر و عثمان اور علی رضی اللہ عنہم، رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی خدمت عالی میں موجود تھے —— سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جناب ابوبکر صدیق کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا۔

يَا اَبَا بَكْرٍ هٰذَا الَّذِیْ تَرَاهُ وَزِيْرِیْ فِی السَّمَآءِ وَوَزِيْرِیْ فِی الْاَرْضِ —— يَعْنِیْ عَلِیّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ فَاِنْ اَحْبَبْتَ اَنْ تَلْقَى اللّٰهُ وَهُوَ عَنْكَ رَاضٍ فَارْضَ عَلِيًّا فَاِنّ رَضَاهُ رِضَا اللّٰهِ، وَغَضْبُهٗ غَضْبُ اللّٰهِ ——

اے ابوبکر! یہ وہ شخص ہے جس کو تم دیکھ رہے ہو —— یعنی علی بن ابی طالب —— یہ میرا آسمان میں بھی وزیر ہے اور زمین میں بھی میرا وزیر ہے —— اگر تمہیں یہ امر پسند ہو کہ اللہ تعالیٰ سے تمہاری اس حالت میں ملاقات ہو کہ

Marfat.com

وہ تم سے راضی ہوتو تم علی کوراضی رکھو—— کیونکہ اس (علی) کی رضا اللہ کی رضا ہے اوراس (علی) کا غضب اللہ کا غضب ہے۔ (ایضاً ص ۷۵)

حدیث نمبر ۳۹۴

اسرافیل کی ہیبت

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسولِ کریم نے فرمایا۔

مَنْ اَرَادَ اَنْ یَّنْظُرَ اِلٰی اِسْرَافِیْلَ فِیْ هَیْبَتِهٖ وَاِلٰی مِیْکَائِیْلَ فِیْ رُتْبَتِهٖ —— وَاِلٰی جِبْرَائِیْلَ فِیْ جَلَالَتِهٖ —— وَاِلٰی اٰدَمَ فِیْ عِلْمِهٖ —— وَاِلٰی نُوْحٍ فِیْ خَشْیَتِهٖ —— وَاِلٰی اِبْرَاهِیْمَ فِیْ خُلَّتِهٖ —— وَاِلٰی یَعْقُوْبَ فِیْ حُزْنِهٖ —— وَاِلٰی یُوْسُفَ فِیْ جَمَالِهٖ —— وَاِلٰی مُوْسٰی فِیْ مُنَاجَاتِهٖ —— وَاِلٰی اَیُّوْبَ فِیْ صَبْرِهٖ —— وَاِلٰی یَحْیٰی فِیْ زُهْدِهٖ —— وَاِلٰی عِیْسٰی فِیْ عِبَادَتِهٖ —— وَاِلٰی یُوْنُسَ فِیْ وَرْعِهٖ —— وَاِلٰی مُحَمَّدٍ فِیْ حَسَبِهٖ وَخَلْفِهٖ (فِیْ حُبِّهٖ وَخُلْفِهٖ) فَلْیَنْظُرْ اِلٰی عَلِیٍّ —— فَاِنَّ فِیْهِ تِسْعِیْنَ خَصْلَةً مِنْ خَصَالِ الْاَنْبِیَاءِ جَمَعَهَا اللّٰهُ فِیْهِ وَلَمْ یَجْمَعْهَا فِیْ اَحَدٍ غَیْرَهٗ ——

جوشخص یہ چاہتا ہے کہ اسرافیل کواس کی ہیبت میں اور میکائیل کواس کے مرتبہ میں —— اور جبرئیل کواس کی جلالت میں —— آدم کوان کے علم میں —— نوح کوان کی خاصیت میں —— ابراہیم کوان کی خلت (بے پناہ محبت) میں اور یعقوب علیہ السلام کوان کے حزن وملال اورغم میں ——

Marfat.com

یوسف کو ان کے حسن و جمال میں ـــــ موسیٰ کو ان کی مناجات میں ـــــ ایوب علیہ السلام کو ان کے صبر میں ـــــ یحییٰ کو ان کے زُہد ـــــ عیسیٰ کو ان کی عبادت یونس کو ان کے ورع و پرہیز گاری میں اور محمد (علیہم السلام) کو ان کی خاندانی شرافت اور خلف میں (ان کی حسب و خلق) میں دیکھنا چاہے تو اس کو علی بن ابی طالب کی طرف دیکھنا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ نے علی میں نبیوں کی نوے ۹۰ خوبیاں جمع کر دی ہیں اور ان خوبیوں کو علی کے سوا کسی اور میں جمع نہیں فرمایا۔

(ینابیع المودۃ ج ۲ ص ۸۰ مطبوعہ مؤسسۃ الاعلمی بیروت)

خیال رہے کہ ـــــ اوپر والی حدیث شریف میں یوں ہے (حسبہ وخلقہ) جس نے میں محمد کا حسب وخلف دیکھنا تو علی کو دیکھ لے ـــــ لیکن میں نے ایک دو مقام پر اس کا حوالہ پڑھا ہے جس میں الفاظ اس طرح ہیں (حَسَبِہٖ وَخَلْفِہٖ) جس کا معنی بنتا ہے جس نے محمد مصطفیٰ کی حب اور خلق دیکھنا ہو وہ علی کو دیکھ لے ـــــ راقم نے دونوں عبارتیں لکھ دی ہیں۔

حدیث نمبر ۳۹۵

علی اور اس کے متبعین حق پر ہیں

حضرت ام المومنین، ام سلمہ سلام اللہ علیہا سے روایت ہے ـــــ کہ آپ ''یہ بات ہمیشہ'' فرمایا کرتی تھیں ـــــ

كَانَ عَلِيٌّ عَلَى الْحَقِّ مَنِ اتَّبَعَهٗ اِتَّبَعَ الْحَقَّ، وَمَنْ تَرَكَهٗ تَرَكَ الْحَقَّ عَهْدٌ مَعْهُوْدٌ ، قَبْلَ يَوْمِهٖ هٰذَا ـــــ

Marfat.com

کہ علی حق پر ہیں جس شخص نے ان کی اتباع کی، اس نے حق کی اتباع کی اور جس نے ان کو چھوڑ دیا گویا اس نے حق کو چھوڑ دیا اور یہ وہ پختہ ترین عہد وامر ہے جو اس دن سے پہلے معروف ومشہور ہے ——

(مجمع الزوائد ومنبع الفوائد ج۹ ص ۱۳۷ مطبوعہ مؤسسۃ المعارف بیروت سن اشاعت ۱۹۸۶ء —— مناقب علی والحسین ص ۱۹۳ مطبوعہ مکتبہ سیّد احمد شہید لاہور)

حدیث نمبر ۳۹۶

اگر تم سے کوئی جھگڑا کرے تو کہہ دینا

جناب عمرو بن عبداللہ بن یعلی بن مرہ ثقفی نے اپنے والد اور انہوں نے اپنے دادا سے روایت بیان فرمائی ہے —— کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں کے درمیان مواخات فرمائی (یعنی لوگوں کو ایک کو دوسرے کا بھائی بنایا) اور مولا علی کو سب کے آخر میں رکھا —— مولا علی نے دیکھا کہ ان کے لئے تو کوئی شخص بچا ہی نہیں جو ان کا بھائی بنایا جائے تو آپ نے بارگاہِ رسالت میں عرض کیا، یارسول اللہ! —— آپ نے تمام لوگوں کو ایک دوسرے کا بھائی بنا دیا ہے اور مجھے اس اخوت سے محروم رکھا —— حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا —— وَلِمَا تَرٰی تَرَکْتُكَ ؟ —— کہ تمہارا کیا خیال ہے کہ میں نے تجھے کیوں چھوڑا ہے؟ —— اِنَّمَا تَرَکْتُكَ لِنَفْسِیْ ! —— میں نے تجھے صرف اپنے لئے چھوڑا ہے۔

اَنْتَ اَخِیْ وَاَنَا اَخُوْكَ —— ثُمَّ قَالَ —— فَاِنْ حَاجَّكَ اَحَدٌ فَقُلْ: اِنِّیْ عَبْدُ اللّٰهِ وَاَخُوْ رَسُوْلِهٖ —— لَا یَدَّعِیْهَا اَحَدٌ بَعْدَكَ اِلَّا کَذَّابٌ ——

Marfat.com

کہ تو میرا بھائی ہے اور میں تیرا بھائی ہوں ـــــ پھر فرمایا ـــــ پس اگر کوئی تم سے جھگڑا کر لے تو تم اسے کہنا کہ بے شک میں اللہ کا بندہ اور اس کے رسول کا بھائی ہوں ـــــ اس بات کا دعویٰ تمہارے بعد سوائے کذّاب کے اور کوئی نہیں کرے گا ـــــ (ابن عساکر ج ۴۵ ص ۴۷)

حدیث نمبر ۳۹۷

مشرکوں نے پوچھا تو علی نے کہہ دیا

جناب عبداللہ بن البھی سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں کہ مشرکوں نے بوقت جنگ حضرت مولا علی سے پوچھا، تم کون ہو؟ ـــــ آپ نے فرمایا۔

اَنَا عَبْدُ اللّٰہِ وَاَخُوْ رَسُوْلِہٖ

میں اللہ کا بندہ اور اس کے رسول کا بھائی ہوں۔ (تاریخ دمشق الکبیر ج ۴۵ ص ۴۷)

حدیث نمبر ۳۹۸

انبیاء ـــــ مصطفیٰ ـــــ مرتضیٰ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ الباہلی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اِنَّ اللّٰہَ خَلَقَ الْاَنْبِیَاءَ مِنْ اَشْجَارٍ شَتّٰی وَخَلَقَنِیْ وَعَلِیًّا مِنْ شَجَرَۃٍ وَّاحِدَۃٍ ـــــ

بے شک اللہ تعالیٰ نے تمام نبیوں کو مختلف اشجار سے پیدا فرمایا ـــــ اور مجھے اور علی کو ایک ہی شجرہ سے پیدا فرمایا ـــــ (تاریخ دمشق الکبیر ج ۴۵ ص ۵۱)

Marfat.com

حدیث نمبر۳۹۹

عالم تفسیر وتاویل اور ناسخ ومنسوخ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے —— فرماتے ہیں —— کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

مِنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتَابِ اِنَّمَا هُوَ عَلِيٌّ لَقَدْ كَانَ عَالِمًا بِالتَّفْسِيْرِ وَالتَّاْوِيْلِ وَالنَّاسِخِ وَالْمَنْسُوْخِ ——

کہ جس کے پاس کتاب اللہ کا علم ہے —— وہ صرف علی ہیں، یقیناً وہ تفسیر وتاویل —— اور..... ناسخ ومنسوخ کے عالم ہیں۔ (ینابیع المودۃ ج اول ص ۱۰۳)

حدیث نمبر۴۰۰

ایمان علی کے گوشت اور خون میں ملا ہوا ہے

امام موفق بن احمد مکی خوارزمی حنفی نے سیّد الحفاظ ابو منصور شہزادر بن شیرویہ دیلمی سے —— امام زید بن علی زین العابدین بن حسین نے اپنے باپ امام حسین سے اور انہوں نے امیر المومنین علی علیہم السلام سے روایت بیان فرمائی ہے —— کہ جس روز اللہ تعالیٰ کی قدرت سے خیبر فتح ہوا —— تو اس روز رسول معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا (اے علی) اگر میری امت کے لوگ تمہارے بارے میں ایسی باتیں نہ کہتے جس طرح عیسائی حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کے بارے میں کہتے ہیں۔

لَقُلْتُ فِيْكَ مَقَالًا لَا تَمُرُّ عَلٰى مَلَأٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اِلَّا اَخَذُوا مِنْ تُرَابِ رِجْلَيْكَ وَفَضْلِ طُهُوْرِكَ

Marfat.com

تو میں تمہارے بارے میں ایک ایسی بات کہتا کہ تم مسلمانوں کے جس گروہ کے پاس سے گزرتے تو وہ تمہارے پاؤں کی مٹی اور تمہارے وضو کا بچا ہوا پانی اُٹھا لیتے۔

يَسْتَشْفُوْنَ بِهٖ

اور اس کے ذریعہ سے شفا حاصل کرتے

وَلٰكِنْ حَسَبَكَ اَنْ تَكُوْنَ

لیکن تمہارے لئے صرف یہی امر کافی ہے

مِنِّیْ وَاَنَا مِنْكَ ——

کہ تم مجھ سے ہو، اور میں تم سے ہوں

تَرِثُنِیْ وَاَرِثُكَ

تم میرے وارث ہو اور میں تمہارا وارث ہوں

وَاَنْتَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُّوْسٰی ——

تمہیں مجھ سے وہ مقام حاصل ہے جو ہارون علیہ السلام کو موسیٰ علیہ السلام سے حاصل تھا

اِلَّا اَنَّهٗ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ

مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا

يَا عَلِیُّ اَنْتَ تُؤَدِّیْ دِيْنِیْ

اے علی! تم میرا قرض ادا کرو گے

وَتُقَاتِلُ عَلٰی سُنَّتِیْ

Marfat.com

اورتم میری سنت پر جنگ کروگے

وَاَنْتَ فِی الْاٰخِرَةِ اَقْرَبُ النَّاسِ مِّنِّیْ

اورتم قیامت کے دن سب لوگوں سے زیادہ میرے قریب ہوگے

وَاِنَّكَ غَدًا عَلَی الْحَوْضِ خَلِیْفَتِیْ ——

اور بے شک تم کل قیامت کے دن حوضِ کوثر پر میرے خلیفہ ہوگے۔

وَاَنْتَ اَوَّلُ مِنْ یَّرِدُ عَلَی الْحَوْضِ

تم سب سے پہلے حوض کوثر میرے پاس آؤ گے

وَاَنْتَ تَذُوْدُ الْمُنَافِقِیْنَ عَنْ حَوْضِیْ ——

اور میرے حوض کوثر سے منافقوں کو بھگاؤ گے

وَاَنْتَ اَوَّلُ دَاخِلٍ فِی الْجَنَّةِ مِنْ اُمَّتِیْ ——

اورتم میری اُمت میں سے سب سے پہلے جنت میں داخل ہوگے

وَاِنَّ مُحِبِّیْكَ وَاَتْبَاعُكَ عَلٰی مَنَابِرِ مِّنْ نُوْرٍ رَوَّاءٌ

تمہارے ساتھ محبت کرنے والے اور تمہارے پیروکار نور کے منبروں پر جلوہ گر ہوں گے۔

مَرْوِیِّیْنَ مُبْیَضَّةً وُجُوْهُهُمْ حَوْلِیْ اَشْفَعُ لَهُمْ فَیَكُوْنُ غَدًا جِیْرَانِیْ ——

خوب سیر ہوکر کھائیں پئیں گے، ان کے چہرے روشن ہوں گے میرے اردگرد ہوں گے۔ میں ان کی شفاعت کروں گا اور وہ کل قیامت کے دن میرے پڑوسی ہوں گے۔

Marfat.com

وَاِنَّ اَعْدَاءَ كَ غَدًا ظَمَاً مُظْمَئِيْنَ مُسَوَّدَةً وُجُوْهُهُمْ يَضْرِبُوْنَ بِالْمَقَامِعِ وَهِيَ مُقْمَحِيْنَ

اور بے شک تیرے دشمن کل قیامت کے دن پیاس سے تڑپ رہے ہوں گے۔ اور ان کے چہرے سیاہ ہوں گے اور ان کو کوڑوں سے مارا جائے گا. جن کوڑوں سے ان کو مارا جائے گا وہ آگ کے کوڑے ہوں گے۔

وَحَرْبُكَ حَرْبِیْ وَسَلْمُكَ سَلْمِیْ ——— وَسِرُّكَ سِرِّیْ

(اے علی!) تیری جنگ، میری جنگ اور تیری صلح میری صلح۔ تیرا باطن میرا باطن ہے۔

وَعَلَانِيَتُكَ عَلَانَتِیْ

تیرا ظاہر میرا ظاہر ہے

وَ سَرِيْرَةُ صَدْرِكَ

تیرے سینے کا راز

وَ سَرِيْرَةُ صَدْرِیْ

میرے سینے کا راز ہے

وَاَنْتَ بَابُ عِلْمِیْ

(اے علی!) تم میرے علم کا دروازہ ہو۔

وَاِنَّ وَلَدُكَ وَلَدِیْ

تیرے فرزند، میرے فرزند ہیں

وَلَحْمُكَ لَحْمِیْ ———

Marfat.com

تیرا گوشت، میرا گوشت ہے

وَدَمُكَ دَمِیْ

تیرا خون، میرا خون ہے

وَاِنَّ الْحَقَّ مَعَكَ

اور حق تیرے ساتھ ہوگا

وَالْحَقُّ عَلٰی لِسَانِكَ

اور حق تمہاری زبان پر

وَفِیْ قَلْبِكَ وَبَیْنَ عَیْنَیْكَ

تیرے دل میں اور تیری دونوں آنکھوں کے درمیان ہوگا۔

وَالْاِیْمَانُ مُخَالِطُ لَحْمَكَ وَدَمَكَ ـــــ كَمَا خَالَطَ لَحْمِیْ وَدَمِیْ

ایمان تیرے گوشت اور خون میں اس طرح ملا ہوا ہے جس طرح میرا گوشت اور میرا خون۔ میرے جسم میں ملا ہوا ہے۔

وَاِنَّ اللّٰهَ اَمَرَنِیْ اَنْ اُبَشِّرَكَ اَنَّكَ وَعِتْرَتِكَ وَمُحِبِّیْكَ فِی الْجَنَّةِ ـــــ وَعَدُوُّكَ فِی النَّارِ لَا یَرِدُّ عَلَی الْحَوْضِ مُبْغِضُكَ وَلَا یَغِیْبُ عَنْهُ مُحِبُّكَ ـــــ

بے شک اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم فرمایا ہے کہ میں اس امر کی تجھے بشارت دوں یہ کہ تم اور تمہاری اولاد اور تمہارے ساتھ محبت کرنے والے جنت میں ہوں گے۔ تیرا دشمن حوضِ کوثر نہ پہنچ سکے گا اور تمہارے ساتھ محبت کرنے والا حوضِ

Marfat.com

کوثر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر غیر حاضر نہیں ہوگا ——

مولا علی کریم کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ارشاد گرامی سن کر —— میں اللہ تعالیٰ کے حضور سجدے میں گر گیا —— اور میں نے اللہ کریم کی حمد وثناء بیان کی —— کہ اس نے مجھے کس قدر اسلام اور قرآن کی نعمت سے نوازا ہے۔

وَحَبَّبَنِی اِلٰی خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَسَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ

اور مجھے خاتم الانبیاء اور سیّد مرسلاں کا محبوب بنایا ہے۔

(ینابیع المودّۃ ج اوّل ص ۱۳۰ مطبوعہ مؤسسۃ الاعلمی للمطبوعات —— بیروت، لبنان)

حدیث نمبر ۴۰۱

دشمن علی یا منافق یا فاسق یا دنیادار ہے

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے —— کہ رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے فرمایا۔

لا یبغض علیا الا منافق او فاسق او صاحب دنیا

منافق یا فاسق یا دنیادار کے علاوہ کوئی علی سے بغض نہیں رکھے گا۔

(ابن عساکر ج ۴۵ ص ۲۱۶ حدیث نمبر ۲۷۹۵)

حدیث نمبر ۴۰۲

اولاد کو علی کی محبت سے منور کرنا

حضرت عبادہ بن صامت اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں، فرماتے ہیں

کُنَّا نُنَوِّرُ اَوْلَادَنَا بِحُبِّ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ فَاِذَا رَأَیْنَا اَحَدًا لَا یُحِبُّ عَلِیَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ —— عَلِمْنَا اَنَّهٗ لَیْسَ مِنَّا —— وَاَنَّهٗ

Marfat.com

لِغَیْرِ رُشْدِہٖ ——

ہم اپنی اولاد کو مولا علی بن ابی طالب کی محبتِ سے منور کرتے تھے —— جب ہم کسی ایسے شخص کو دیکھتے جو علی بن ابی طالب سے محبت نہ کرتا ہو —— تو ہمیں معلوم ہو جاتا کہ یہ شخص ہم میں سے نہیں ہے —— اور رُشد و ہدایت کے رستے پر نہیں ہے —— (تاریخ دمشق الکبیر ج ۴۵ ص ۲۱۸ حدیث نمبر ۹۵۳۱)

حدیث نمبر ۴۰۳

اُمّ المومنین کے نزدیک محبوبِ رسول کون؟

حضرت جمیع بن عمیر سے روایت ہے —— فرماتے ہیں کہ میں اپنی پھوپھی جان کے ساتھ —— ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ سلام اللہ علیہا کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے —— میری پھوپھی صاحبہ نے ام المومنین کی خدمت میں عرض کیا۔

مَنْ کَانَ اَحَبَّ النَّاسِ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ؟ —— قَالَتْ —— فَاطِمَۃُ —— قَالَتْ —— مِنَ الرِّجَالِ؟ —— قَالَتْ —— زَوْجُھَا ——

رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تمام لوگوں سے سب سے زیادہ محبوب کون تھا؟ تو آپ نے فرمایا —— فاطمۃ الزہراء —— ''جمیع کی پھوپھی نے'' دریافت کیا —— کہ مردوں میں سے کون سب سے پیارا ہے —— ام المومنین نے فرمایا بی زہراء کا شوہر —— یعنی علی المرتضٰی ——

(ایضاً ج ۴۵ ص ۲۰۰)

Marfat.com

حدیث نمبر ۳۰۳

ابتلاء و امتحانِ علی

شیخ سلیمان قندوزی نے امام ابونعیم کی معرکۃ الآرا کتاب حلیۃ الاولیاء کے حوالے سے حدیث نقل فرمائی ہے ـــــ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ـــــ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی عَہِدَ اِلَیَّ فِیْ عَلِیٍّ عَہْدًا ـــــ اَنَّ عَلِیًّا رَایَۃُ الْہُدٰی ـــــ وَاِمَامُ اَوْلِیَائِیْ ـــــ وَنُوْرُ مَنْ اَطَاعَنِیْ ـــــ وَہُوَ الْکَلِمَۃُ الَّتِیْ اَلْزَمْتُہَا الْمُتَّقِیْنَ ـــــ مَنْ اَحَبَّہٗ اَحَبَّنِیْ ـــــ وَمَنْ اَبْغَضَہٗ اَبْغَضَنِیْ ـــــ

کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ سے علی کے متعلق عہد کیا ہے ـــــ بے شک علی ہدایت کا نشان ہے ـــــ اور میرے اولیائے کرام کا امام ہے، اور جس نے میری اطاعت کی اس کے لئے نور ہے ـــــ اور وہ کلمہ ہے جس کو پرہیزگاروں نے لازمی پکڑا ہوا ہے ـــــ اور جس نے اس سے محبت کی اس نے مجھ سے محبت کی ـــــ اور جس نے اس سے بغض رکھا اس نے مجھ سے بغض رکھا ـــــ

پھر سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جناب ابو برزہ سے فرمایا ـــــ ''اے ابو برزہ'' اس امر کی علی کو بشارت دے دو ـــــ حضرت ابو برزہ فرماتے ہیں ـــــ علی آئے تو میں نے ان کو اس بات کی بشارت دی۔

Marfat.com

حضرت علی نے بارگاہِ مصطفوی میں عرض کیا یارسول اللہ! —— میں اللہ تعالیٰ کا بندہ ہوں —— اگر وہ مجھے (کسی قسم کے) عذاب میں مبتلا کر لے گا تو یہ بات میری لغزش کی وجہ سے ہوگی (اللہ کریم مجھ سے) اس امر کو پورا کر لے جس کی مجھے بشارت دی گئی ہے —— اللہ تعالیٰ میرا مالک ہے —— حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ میں نے بارگاہِ خداوندی میں عرض کیا ہے۔

اَللّٰھُمَّ اَجِلَّ قَلْبَهٗ وَاجْعَلْهُ رَبِیْعَ الْاِیْمَانِ

اے اللہ! علی کے دل کو جلالت عطا فرما اور علی کو ایمان کی بہار بنا دے ——

اللہ تعالیٰ نے فرمایا —— قَدْ فَعَلْتُ بِهٖ ذٰلِكَ —— میں نے ایسا کر دیا ہے "یعنی میں نے آپ کی دعا قبول فرمالی" —— پھر اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

اِنِّیْ مُسْتَخِصُّهٗ بِالْبَلَاءِ

"میں نے علی کو امتحان و مصائب کے ساتھ مخصوص کیا ہے۔"

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی جناب میں عرض کیا —— اے اللہ کریم! علی میرا بھائی —— اور میرا وصی ہے —— اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

اِنَّهٗ شَیْءٌ قَدْ سَبَقَ فِیْهِ قَضَائِیْ اَنَّهٗ مُبْتَلًی

یہ امر میری قدر و قضاء میں پہلے گزر چکا ہے، وہ ضرور امتحان اور تکلیف میں مبتلا ہوں گے۔

(ینابیع المودۃ ج اول ص ۱۳۴)

Marfat.com

حدیث نمبر ۴۰۵

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پھوٹ پھوٹ کر رونے لگے

صاحب ینابیع المودّۃ نے شیخ موفق بن احمد بن محمد مکی خوارزمی ـــــ اور حموہنی نے ابوعثمان نہدی سے روایت کیا ہے ـــــ فرماتے ہیں کہ مولا علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا ـــــ کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ جا رہا تھا ـــــ ہم ایک باغ میں داخل ہوئے ـــــ تو رسولِ کریم نے مجھے گلے لگا لیا اور زار و قطار رونے لگے ـــــ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ کیوں رو رہے ہیں ـــــ آپ نے فرمایا:

فَقَالَ اَبْكِىْ لَضَغَائِنَ فِىْ صُدُوْرِ قَوْمٍ لَا يُبْدُوْنَهَا لَكَ اِلَّا بَعْدِىْ ـــــ فَقُلْتُ : فِىْ سَلَامَةٍ مِنْ دِيْنِىْ ـــــ فَقَالَ: فِىْ سَلَامَةٍ مِّنْ دِيْنِكَ ـــــ

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میں اس لئے رو رہا ہوں کہ لوگوں کے سینوں میں کینہ چھپا ہوا ہے ـــــ جسے وہ لوگ میرے بعد تمہارے لئے ظاہر کریں گے ـــــ علی فرماتے ہیں ـــــ کہ میں نے عرض کیا، میرا دین تو سلامت ہوگا ـــــ حضور نے فرمایا تیرا دین سلامت ہوگا۔

(ینابیع المودۃ ج اوّل ۱۳۴)

اس حدیثِ مبارکہ کو دیکھ کر ان کینہ پرور مولویوں کی مکروہ شکلیں سامنے آجاتی ہیں ـــــ جو علی کریم کا نام سن کر منہ سے آگ اُگلنے لگتے ہیں۔

Marfat.com

حدیث نمبر ۴۰۶

علی نے حق قرابت کا واسطہ دے کر پوچھا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں ـــــ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی کو اس بات کی خبر دی۔

بِمَا یَلْقٰی مِنْ اَعْدَائِہٖ مِنَ الْمُقَاتَلَہِ فَبَکٰی عَلِیٌّ

کہ تیرے دشمن تجھ سے جنگ کریں گے ـــــ یہ سن کر آپ رونے لگے

ـــــ

حضرت علی کرم اللہ وجہہ بارگاہِ رسالت میں عرض کناں ہوئے ـــــ کہ اے اللہ کے رسول! ـــــ میں آپ سے اپنے حق قرابت وصحبت کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں۔

اَنْ تَدْعُوا اللّٰہَ ـــــ اَنْ یَقْبِضَنِیْ اِلَیْہِ

آپ اللہ سے دعا کریں کہ وہ مجھے اپنے پاس بلا لے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ـــــ اے علی! میں نے تمہارے لئے مقررہ وقت پر اجل کی دعا کی ہے ـــــ حضرت علی نے عرض کیا کہ میں ان سے کس بات پر جنگ کروں گا ـــــ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا (اس چیز پر)

عَلَی الْاَحْدَاثِ فِی الدِّیْنِ

کہ ان لوگوں نے دین میں نئی نئی باتیں داخل کر دی ہوں گی۔

(ینابیع المودۃ ج اول ص ۱۳۴)

Marfat.com

حدیث نمبر ۴۰۷

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا علی پر ظلم کیا جائے گا

امام موفق بن احمد بن محمد مکی خوارزمی رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی سند کے ساتھ حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ اور انہوں نے اپنے باپ سے روایت کیا ہے —— کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جنگ خیبر کے دن اپنا جھنڈا علی کو عطا فرمایا —— اللہ تعالیٰ نے خیبر کو جناب علی کے ہاتھ پر فتح فرمایا —— اور رسول اللہ نے غدیر خم کے مقام پر لوگوں کو اس امر سے آگاہ فرمایا —— اِنَّهٗ مَوْلٰی کُلِّ مُؤْمِنٍ وَمُؤْمِنَةٍ —— کہ ''علی'' ہر ایمان والے مرد اور ہر ایمان والی عورت کے مولا ہیں —— اور حضرت علی سے فرمایا، ——

اَنْتَ مِنِّیْ وَاَنَا مِنْكَ ——وَاَنْتَ تُقَاتِلُ عَلٰی تَاْوِیْلِ الْقُرْاٰنِ، كَمَا قَاتَلْتَ عَلٰی تَنْزِیْلِهٖ

تم مجھ سے ہو اور میں تم سے ہوں —— اور تم قرآن کی تاویل و تفسیر سے متعلق جہاد کرو گے، جس طرح میں نے اس کی تنزیل سے متعلق جہاد کیا ——

اور فرمایا اے علی! تمہیں مجھ سے وہ مقام و منزلت ہے —— جو ہارون کو موسیٰ علیہما السلام سے حاصل —— لیکن میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔

وَقَالَهٗ اَنَا سَلَمٌ لِمَنْ سَالَمَكَ ——وَحَرْبٌ لِّمَنْ حَارَبَكَ —— وَاَنْتَ الْعُرْوَةِ الْوُثْقٰی وَاَنْتَ تُبَیِّنُ مَا اشْتَبَهَ عَلَیْهِمْ مِنْ بَعْدِیْ ——وَاَنْتَ وَلِیُّ كُلِّ مُؤْمِنٍ وَّمُؤْمِنَةٍ بَعْدِیْ ——وَاَنْتَ الَّذِیْ اَنْزَلَ اللّٰهُ فِیْكَ——

Marfat.com

اور علی سے فرمایا ـــــ میری اس سے صلح ہے جس سے تمہاری صلح ہے ـــــ میری اس سے جنگ ہے جس سے تمہاری جنگ ہے اور تم (دینِ اسلام کی) مضبوط رسی ہو ـــــ میرے بعد تم لوگوں پر مشتبہ مسائل کی وضاحت کرو گے ـــــ اور میرے بعد ہر مومن مرد اور ہر مومنہ عورت کے سردار ہو اور تم وہ شخصیت ہو جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے قرآنِ مجید میں آیت نازل فرمائی ہے ـــــ

وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ اَنَّ اللّٰهَ بَرِيْٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۙ وَرَسُوْلُهٗ ـــــ (پارہ ۱۰ سورۂ توبہ آیت نمبر ۳)

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی طرف سے سب لوگوں کے لئے بڑے حج کے دن اعلانِ عام کر دینا ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول مشرکوں سے بیزار ہیں۔

اور فرمایا ـــــ تم میری سنت پر قائم رہنے والے ہو ـــــ اور بھگانے والے ہو میری ملت سے (ناہنجار لوگوں کو) ـــــ میں اور تم پہلے شخص ہوں گے جن کے لئے زمین شق کی جائے گی (مزارات سے باہر نکلیں گے ـــــ تم میرے ساتھ جنت میں داخل ہو گے ـــــ حسن ـــــ حسین ـــــ اور فاطمہ ہمارے ساتھ ہوں گے ـــــ اللہ تعالیٰ نے میری طرف وحی فرمائی ہے۔

اَنْ اُبَيِّنَ فَضْلَكَ فَقُلْتُ لِلنَّاسِ وَبَلَّغْتُهُمْ مَا اَمَرَنِيَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى بِتَبْلِيْغِهٖ ـــــ

یہ کہ میں تمہاری فضیلت کو واضح کر دوں ـــــ پس میں نے لوگوں کو بتا دیا ہے اور انہیں پہنچا دیا ہے جس کے پہنچانے کا مجھے اللہ تبارک وتعالیٰ نے حکم

Marfat.com

دیا ہے۔

اور پھر آقا علیہ السلام نے حضرت علی سے فرمایا۔

اِتَّقِ الضَّغَائِنَ الَّتِیْ کَانَتْ فِیْ صُدُوْرِ قَوْمٍ لَا تَظْهَرُهَا اِلَّا بَعْدَ مَوْتِیْ ـــــ اُولٰٓئِكَ یَلْعَنُهُمُ اللّٰهُ وَیَلْعَنُهُمُ اللّٰعِنُوْنَ ـــــ وَبَکٰی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ـــــ

تم ان کینوں سے بچ کے رہنا جو قوم کے سینوں میں چھپے ہوئے ہیں جنہیں وہ میرے وصال کے بعد ظاہر کریں گے ـــــ یہ وہ لوگ ہیں جن پر اللہ تعالیٰ لعنت کرتا ہے ـــــ اور لعنت کرنے والے لعنت کرتے ہیں اور (یہ فرمانے کے بعد) رسولِ کریم رونے لگے ـــــ

پھر حضور علیہ السلام نے فرمایا مجھے جبریل علیہ السلام نے خبر دی ہے۔

اِنَّهُمْ یَظْلِمُوْنَكَ بَعْدِیْ ـــــ وَاِنَّ ذٰلِكَ الظُّلْمَ لَا یَزُوْلُ بِالْکُلِیَّةِ عَنْ عِتْرَتِنَا حَتّٰی اِذَا قَامَ قَائِمُهُمْ ـــــ وَعَلَتْ کَلِمَتُهُمْ وَاجْتَمَعَتِ الْاُمَّةُ عَلٰی مَوَدَّتِهِمْ ـــــ

کہ وہ لوگ میرے بعد تم پر ظلم کریں گے ـــــ اور بے شک یہ ظلم میری اولاد پر ہمیشہ ہوتا رہے گا ـــــ یہاں تک کہ ان کا قائم (امام مہدی علیہ السلام) قیام فرما ہوگا ـــــ اور (پھر) کلمہ و پیغام بلند ہوگا ـــــ اور اُمت کا ان مودّت پر اجتماع ہوگا ـــــ

حضور شافعِ محشر صلی اللہ علیہ وسلم نے سلسلہ کلام وارشاد کو جاری رکھتے ہوئے آخر میں علی اور اہلِ بیت کے لئے ان الفاظ میں دعا فرمائی۔

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ اِنَّھُمْ اَھْلِیْ فَاذْھَبْ عنْھُمُ الرِّجْسَ وَطَھِّرْھُمْ تَطْھِیْرًا ـــــ اَللّٰھُمَّ اِکْلَأْھُمْ وَارْعَھُمْ وَکُنْ لَّھُمْ وَانْصُرْھُمْ وَاَعَزَّھُمْ وَلَا تُذِلَّھُمْ وَاخْلُفْنِیْ فِیْھِمْ اِنَّکَ عَلٰی مَا تَشَاءُ قَدِیْرٌ ـــــ

اے میرے اللہ! بے شک وہ میرے اہل ہیں ـــ ان سے ہر قسم کی نجاست کو دور رکھ ـــ اور انہیں پوری طرح پاک اور صاف کر دے ـــ اے میرے اللہ! ان کی حفاظت فرمانا ـــ اور اے میرے اللہ ان کی حفاظت فرمانا اور ان کی نگہبانی فرمانا ـــ اور ان کا ہو جا ـــ اور ان کی مدد فرمانا ـــ اور انہیں عزت عطا فرمانا ـــ اور ان کو رسوائی سے دور رکھنا ـــ اور مجھے ان میں باقی رکھنا، بے شک جو تو چاہتا ہے اس پر قدرت رکھتا ہے ـــ

(ینابیع المودۃ ج اول ص ۱۳۴ مطبوعہ مؤسسۃ الاعلمی للمطبوعات ـــ بیروت ـــ لبنان)

حدیث نمبر ۴۰۸

بے مثال فضیلت

جناب عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے ـــ فرماتے ہیں کہ حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ نے ـــ غزوۂ خندق کے دن ـــ تین مرتبہ مبارزت طلب کرنے پر عمرو بن عبدود عامری ـــ جو کہ عرب بھر میں بہادر ترین شخص تھا ـــ کو قتل کر دیا ـــ ''بعد قتل'' مولا علی کی تلوار سے خون کے قطرے ٹپک رہے تھے ـــ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ منظر دیکھا تو بارگاہِ خداوندی میں ان الفاظ کے ساتھ دعا فرمائی۔

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ اَعْطِ عَلِیًّا فَضِیْلَۃً لَمْ یُعْطَھَا اَحَدٌ

اے میرے اللہ! علی کو ایسی فضیلت عطا فرما جو کسی ایک کو بھی عطا نہ کی گئی ہو

''آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا کے بعد'' حضرت جبریل علیہ السلام اترے اور آپ کے ساتھ جنت کا ایک صندوق تھا ـــــ حضرت جبریل نے عرض کیا ـــــ یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ آپ کو سلام کہتا ہے ـــــ اور فرماتا ہے کہ یہ صندوق علی کو عطا کر دو ـــــ حضرت مولا علی نے جب اس صندوق کو لیا تو وہ صندوق حضرت علی کے ہاتھ پر دو حصوں میں کھل گیا ـــــ اس صندوق میں سبز رنگ کے ریشم کا ایک رومال تھا۔

مَکْتُوْبٌ فِیْھَا بِسَطْرَیْنِ تُحْفَۃُ اللّٰہِ الْغَالِبِ اِلَی الْوَلِیِّ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ ـــــ

اس پر دو سطروں میں لکھا ہوا تھا ـــــ کہ خدائے غالب کی طرف سے علی بن ابی طالب ولی کے لئے تحفہ ہے۔ (ایضاً ص ۱۳۶)

حدیث نمبر ۴۰۹

نمازِ علی کے لئے سورج کا واپس لوٹنا

حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے۔

قَالَتْ: کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ (وَاٰلِہٖ) وَسَلَّمَ، یُوْحٰی اِلَیْہِ، وَرَاْسُہٗ فِیْ حِجْرِ عَلِیٍّ، فَلَمْ یُصَلِّ الْعَصْرَ، حَتّٰی غَرَبَتِ الشَّمْسُ ـــــ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ ـــــ صَلَّیْتَ یَا عَلِیُّ؟ ـــــ قَالَ: لَا ـــــ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ

Marfat.com

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ ـــــ اَللّٰھُمَّ اِنَّہٗ کَانَ فِیْ طَاعَتِکَ وَطَاعَۃِ رَسُوْلِکَ فَارْدُدْ عَلَیْہِ الشَّمْسَ ـــــ قَالَتْ اَسْمَاءُ: فَرَاَیْتُھَا غَرَبَتْ ـــــ ثُمَّ رَاَیْتُھَا طَلَعَتْ بَعْدَ مَاغَرَبَتْ ـــــ

کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر وحی نازل ہوئی اور آپ کا سر اقدس حضرت علی کی گود میں تھا اور انہوں نے عصر کی نماز نہیں پڑھی تھی، یہاں تک کہ سورج غروب ہوگیا ـــــ تو رسولِ کریم نے پوچھا اے علی! کیا تو نے نماز ادا کر لی ہے ـــــ حضرت علی نے عرض کیا ـــــ نہیں ـــــ تو رسولِ معظم نے بارگاہِ خداوندی میں عرض کیا ـــــ اے اللہ! یہ (علی) تیری اطاعت اور تیرے رسول کی اطاعت میں تھے ـــــ پس ان کے لئے سورج کو واپس لوٹا دے ـــــ حضرت اسماء بنت عمیس فرماتی ہیں ـــــ کہ میں نے اسے غروب ہوتے ہوئے دیکھا ـــــ اور پھر غروب ہونے کے بعد طلوع ہوتے ہوئے بھی دیکھا ـــــ

(شرح مشکل الآثار ج ۳ ص ۹۴ (امام طحاوی) مطبوعہ موسسۃ الرسالۃ بیروت لبنان سن اشاعت ۱۹۹۴ء)

حدیث نمبر ۴۱۰

ردِ شمس کی دوسری روایت

حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے ـــــ فرماتی ہیں ـــــ مقامِ صہباء "جو خیبر کے علاقہ میں واقع ہے" ـــــ پر ظہر کی نماز ادا فرمائی ـــــ اور مولا علی علیہ السلام کو کسی کام کے لئے بھیجا ـــــ جب حضرت علی المرتضیٰ واپس آئے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عصر کی نماز ادا فرما چکے تھے ـــــ

Marfat.com

فَوَضَعَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ رَأْسَہٗ فِیْ حِجْرِ عَلِیٍّ ـــــ فَلَمْ یُحَرِّکْہُ حَتّٰی غَابَتِ الشَّمْسُ ـــــ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ ـــــ اَللّٰھُمَّ اِنَّ عَبْدَکَ عَلِیًّا اِحْتَسَبَ بِنَفْسِہٖ عَلٰی نَبِیِّکَ، فَرُدَّ عَلَیْہِ شَرْقَھَا ـــــ قَالَتْ اَسْمَاءُ ـــــ فَطَعَتِ الشَّمْسُ حَتّٰی وَقَعَتْ عَلَی الْجِبَالِ وَعَلَی الْاَرْضِ ـــــ ثُمَّ قَامَ عَلِیٌّ فَتَوَضَّأَ وَصَلَّی الْعَصْرَ ـــــ ثُمَّ غَابَتْ ـــــ

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا سر اقدس جنابِ علی کی گود میں رکھا ـــــ تو حضرت علی نے حرکت تک نہ کی یہاں تک کہ سورج غروب ہو گیا ـــــ تو رسولِ کریم نے یوں دعا فرمائی ـــــ اے میرے اللہ! بے شک تیرے بندے علی نے تیرے نبی کی خاطر اپنے آپ کو روکے رکھا ـــــ پس اس کے لئے مشرق لوٹا دے (یعنی سورج کو طلوع فرما) ـــــ حضرت اسماء فرماتی ہیں ـــــ کہ سورج اتنا طلوع ہوا کہ پہاڑوں اور زمین پر اس کی کرنیں بکھر گئیں ـــــ پھر حضرت علی کھڑے ہوئے وضو فرمایا ـــــ اور عصر کی نماز ادا فرمائی۔ پھر وہ سورج غروب ہو گیا۔

(۱) المناقب للخوارزمی ص ۳۰۷ مطبوعہ مؤسسۃ النشر الاسلامی قم

(۲) شرح مشکل الاثار ج ۳ ص ۹۴ مطبوعہ بیروت لبنان

(۳) ینابیع المودہ ج اول ص ۱۳۷ مطبوعہ مؤسسۃ الاعلمی بیروت

(۴) الخصائص الکبریٰ ج ۲ ص ۱۳۷ مطبوعہ بیروت

Marfat.com

حضرت حسان:

حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ نے رسولِ خدا کے اس معجزے اور علی کی اس کرامت پر یہ اشعار کہے۔

یَا قَوْمُ مَنْ مِّثْلُ عَلِیٍّ وَّقَدْ
رُدَّتْ عَلَیْہِ الشَّمْسُ مِنْ غَائِبٍ
اَخُوْ رَسُوْلِ اللّٰہِ ـــــ صِھْرُہٗ
وَالْاَخُ لَا یَعْدِلُ بِالصَّحَابِ

اے قوم! علی کی مثل کون ہے؟ جس کی خاطر سورج غروب ہونے کے بعد پھر واپس لوٹ آیا تھا۔

علی رسولِ خدا کا بھائی اور داماد ہے۔ ایسا بھائی جس کے برابر کا صحابہ میں نہیں ہے ـــــ (ینابیع المودۃ ج اول ص ۱۳۷)

○ ـــــ حضرت الشاہ احمد رضا خاں فاضل بریلوی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

سورج اُلٹے پاؤں پلٹے، چاند اشارے سے ہو چاک
اندھے نجدی دیکھ لے قدرت رسول اللہ کی

(حدائق بخشش حصہ اول ص ۹۵ مطبوعہ شبیر برادرز سن اشاعت ۱۹۹۵ء)

حدیث نمبر ۴۱۱

ردِ شمس کی تیسری روایت

ابن مردویہ (احمد بن موسیٰ بن مردویہ متوفی ۴۱۰ھ) نے جنابِ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ان الفاظ میں روایت بیان فرمائی ہے۔ فرماتے ہیں

Marfat.com

نَامَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ ـــــ وَرَاْسُہٗ فِیْ حِجْرِ عَلِیٍّ وَلَمْ یَکُنْ صَلَّی الْعَصْرَ حَتّٰی غَرَبَتِ الشَّمْسُ ـــــ فَلَمَّا قَامَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ دَعَا لَہٗ ـــــ فَرُدَّتْ عَلَیْہِ الشَّمْسُ حَتّٰی صَلّٰی ـــــ ثُمَّ غَابَتْ ثَانِیَۃً ـــــ

کہ حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ـــــ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی آغوش میں اپنا سر اقدس رکھ کر استراحت فرمانے لگے، اور انہوں نے اس وقت تک نمازِ عصر نہ پڑھی تھی۔ یہاں تک کہ آفتاب غروب ہو گیا ـــــ پھر جب رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بیدار ہوئے ـــــ تو آپ نے ان کے لئے دعا فرمائی ـــــ اور ان کے لئے سورج واپس آ گیا ـــــ اور انہوں نے نماز ادا فرمائی پھر وہ دوبارہ غروب ہو گیا ـــــ

(الخصائص الکبریٰ (امام سیوطی) ج ۲ ص ۱۳۷ مطبوعہ دار الکتب العلمیۃ بیروت۔ لبنان سن اشاعت ۲۰۰۳ء)

حدیث نمبر ۴۱۲

حضور نے سورج کو حکم دیا

امام طبرانی نے بسند حسن، حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے یوں روایت بیان کی ہے فرماتے ہیں۔

اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اَمَرَ الشَّمْسَ فَتَاَخَّرَتْ سَاعَۃً مِّنْ نَّھَارٍ ـــــ

کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے سورج کو حکم دیا اور دن ایک ساعت تک ٹھہرا رہا ـــــ (الخصائص الکبریٰ ایضاً)

Marfat.com

ردِّ شمس ـــــ اور ـــــ منکرین خصائص نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و علی

بندۂ ناچیز نے گزشتہ صفحات میں درج متعدد احادیث پر نقد و تبصرہ اور تشریح و جرح سے گریز کیا ہے ـــــ اور اس امر کو علمائے حق کے ذوقِ سلیم کی نذر کرتے ہوئے اپنی عقیدت کی جوانی کو جنوں کی شوخیوں سے بچائے رکھا تا کہ امن و سلامتی اور عافیت کے گلشنوں میں بادِ صرصر ـــــ اپنی جولانیاں دکھانے کا موقع نہ پا سکے۔ چونکہ آج کل مفسدین زمانہ اور عالمی دہشت گردوں نے نہایت ہٹ دھرمی اور انتہائی ڈھٹائی کے ساتھ معجزۂ ردِّ شمس پر جاہلانہ واویلا مچا رکھا ہے ـــــ جس میں بغضِ علی کے سوا کوئی امر کارفرما نہیں۔ ان لوگوں کی پرانی عادت ہے کہ سیّد عالم کے معجزات کا تذکرہ سن کر تلملاہٹ کا شکار ہو جاتے ہیں ـــــ اور یہ معجزۂ ردّ شمس تو دیگر انبیاء کے معجزات سے عجیب تر ہے ـــــ اس لئے منکرین شانِ رسالت اس پر عناد کی بیماری میں کچھ زیادہ ہی مبتلا ہو گئے ہیں ـــــ ان لوگوں کی اس بیماری کی کافی وجوہات ہیں لیکن سب سے بڑی وجہ مولا علی کی نماز کے لئے سورج کا غروب ہونے کے بعد طلوع ہونا ہے۔

خیال رہے کہ علی کریم کے خصائص کے خلاف زبان و قلم صرف ان لوگوں کی چلتی ہے جن کے سینوں میں منافقت نے ڈیرے جما رکھے ہیں ـــــ جن کے دلوں میں عقیدت و محبت کے نور کی شمعیں روشن ہیں وہ لوگ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اپنے بندوں پر عنایات کے سامنے سرِ تسلیم خم کرتے ہیں ـــــ اور اس ذاتِ خداوندی کی عطا کردہ قوتوں کو ماننا اپنے عقیدے کی جان سمجھتے ہیں۔

معاندین رسول اور مخالفین علی کی یاوہ گوئی اور فکری دہشت گردی سے صرف نظر کرتے ہوئے ـــــ دو تین ایسے سوالات ہیں جن کا تعلق حدیث سے ہے پر ـــــ محدثین

Marfat.com

کی رائے معلوم کرتے ہیں۔

○ ـــ صورتِ اعتراض یہ ہے ـــ کہ اس معجزہ والی روایت کو کس طرح قبول کیا جائے گا ـــ جبکہ اس واقعہ کے خلاف جنابِ ابوہریرہ سے روایت ان الفاظ کے ساتھ مروی ہے ـــ کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

لَمْ تَحْتَبِسِ الشَّمْسُ عَلٰی اَحَدٍ اِلَّا لِیُوْشَعَ

سورج سوائے یوشع (بن نون) کے کسی کے لئے نہیں رُکا۔

(شرح مشکل الآثار ج ۳ ص ۹۵ (امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ)

○ ـــ یہ اوپر والی روایت ایک اور سند سے ان الفاظ کے ساتھ منقول ہے کہ جنابِ ابوہریرہ فرماتے ہیں کہ رسول خدا نے فرمایا۔

لَمْ تُرَدَّ الشَّمْسُ مُنْذُ رُدَّتْ عَلٰی یُوْشَعَ بْنِ نُوْنَ لِیَالِیْ سَارَ اِلٰی بَیْتُ الْمُقَدَّسِ ـــــ

کہ سورج جب سے یوشع بن نون کے لئے واپس آکر راتوں تک رُکا رہا، تب سے کسی اور کے لئے واپس نہیں آیا۔ آپ بیت المقدس کی طرف تشریف لے گئے ـــ

(امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ طحاوی متوفی ۳۲۱ھ شروح مشکل الآثار ج ۳ ص ۹۶)

○ ـــ اسی حدیث کی اسی سند سے امام احمد بن حنبل نے ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا ہے کہ حضرت ابوہریرہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ـــ

اِنَّ الشَّمْسَ لَمْ تَحْبِسْ عَلٰی بَشَرٍ اِلَّا لِیُوْشَعَ لَیَالِیْ سَارَ اِلٰی بَیْتِ الْمُقَدَّسِ ـــــ

بے شک سورج کسی بشر کے لئے نہیں رُکا سوائے یوشع کے راتوں تک کہ

Marfat.com

آپ بیت المقدس تشریف لے گئے۔

(مسند الامام احمد بن حنبل ج ۲ ص ۳۲۵ مطبوعہ دار صادر بیروت لبنان)

○ —— خیال رہے —— کہ امام طحاوی نے دونوں روایتوں کو تحریر فرمایا ہے۔ پہلی روایت علی بن حسین (امام زین العابدین) —— اور دوسری یحییٰ بن زکریا سے —— پہلی حدیث میں جس شمسی ہے —— اور دوسری میں ردّ شمس ہے —— اور امام احمد بن حنبل کے مسند کی روایت میں لبی جس شمس ہے —— اور ان تینوں حدیثوں میں لفظی اختلاف ہے —— ایک میں ہے کہ سورج ڈوبنے سے رُکا رہا —— اور دوسری میں ہے —— کہ ڈوبا ہوا واپس آیا —— اور مسند احمد بن حنبل —— کی حدیث میں لمبی ہے —— کہ ڈوبنے سے رُکا رہا —— امام طحاوی نے آگے چل کر ایک اور روایت بیان فرمائی ہے جس سے مسئلہ مزید واضح ہو جائے گا۔

یوشع بن نون اور حبس شمس

حضرت سعید بن مسیّب رضی اللہ عنہ نے جنابِ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے —— کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا —— کہ اللہ تعالیٰ کے نبیوں میں سے ایک نبی (یوشع بن نون) نے اپنے اصحاب کے ساتھ جنگ لڑنے کے لئے نکلے —— اور انہوں نے لوگوں سے فرمایا —— کہ میرے ساتھ وہ آدمی نہ آئے جس نے کوئی گھر بنایا ہو —— لیکن اس میں رہائش اختیار نہ کی ہو —— یا —— کسی عورت سے نکاح کیا ہو اور حق : حیت ادا نہ کیا ہو —— یا —— اسے واپس آ کر کوئی حاجت مطلوب ہو۔

فَرَأَى الْعَدُوَّ عِنْدَ غَيْبُوْبَةِ الشَّمْسِ

پس آپ علیہ السلام نے دُشمن کو ''اس وقت'' دیکھا جب سورج غروب ہونے کے نزدیک تھا ——

Marfat.com

وہ پیغمبر علیہ السلام نے اپنے اصحاب سے فرمایا۔

اِنَّهَا مَأْمُوْرَةٌ ـــــ وَاِنِّیْ مَأْمُوْرٌ حَتّٰی یُقْضٰی بَیْنِیْ وَبَیْنَهُمْ ـــــ

بے شک یہ سورج بھی اللہ کے حکم سے چلتا ہے اور بے شک میں بھی اللہ کے حکم سے ''ان سے جنگ کر رہا ہوں'' اور اللہ تعالیٰ میرے اور ان کے درمیان فیصلہ فرما دے گا۔ حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں:

فَحَبَسَهَا اللّٰهُ عَلَیْهِ ـــــ فَفَتَحَ عَلَیْهِ فَغَنَمُوا الْغَنَائِمَ

پس اللہ تعالیٰ نے سورج کو ان کے لئے روک لیا تو وہ لشکر فتح سے ہمکنار ہو گیا اور کافی مالِ غنیمت ہاتھ آیا۔

(شرح مشکل الآثار ج ۳ ص ۹۷ مطبوعہ مؤسسۃ الرسالۃ بیروت سن اشاعت ۱۹۹۴ء)

سلسلۂ کلام کو جاری رکھتے ہوئے امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ آگے چل کر فرماتے ہیں کہ یہ تمام باتیں نبوت کی علامات میں سے ہیں۔

○ ـــــ امام طحاوی قدس سرہ العزیز فرماتے ہیں ـــــ کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جن الفاظ کے ساتھ جنابِ علی کے لئے دعا فرمائی ہے ـــــ وہ بلند ترین مرتبت اور مقدارِ جلالت پر دلالت کرتی ہے۔

○ ـــــ اور یہ دُعا رسول اللہ نے اس لئے مانگی ـــــ تاکہ مولا علی اپنی نماز ادا کر لیں ـــــ یہ وہ نمازِ عصر ہے کہ جس کے وقت میں مولا علی نے رسولِ خدا کی وجہ سے اپنے آپ کو روکے رکھا ـــــ اس لئے آقا علیہ السلام نے ڈوبے ہوئے سورج کو واپس لوٹایا ـــــ تاکہ وہ نماز قضا نمازوں میں شامل نہ ہو جائے ـــــ

○ ـــــ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس دُعا میں ایک اور بات بھی ظاہر ہوتی ہے

Marfat.com

—— کہ نمازِ عصر کے قضا ہونے میں کس قدر سختی کے ساتھ ذکر موجود ہے —— ''کہ ایک نماز کے لئے سورج کو واپس کیا گیا''

نمازِ عصر:

نمازِ عصر سے متعلق متعدد احادیث وروایات موجود ہیں —— ان میں ایک یہ ہے جسے حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں —— کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مَنْ فَاتَتْهُ صَلَاةُ الْعَصْرِ —— فَكَاَنَّمَا وُتِرَ اَهْلُهٗ وَمَالُهٗ

جس شخص کی نمازِ عصر قضا ہوگئی گویا اس کے تمام گھر والے اور سارا مال تباہ ہو گیا۔ (شرح مشکل الآثار ج ۳ ص ۹۸)

امام طحاوی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں —— کہ اللہ تعالیٰ نے مولا علی کو رسولِ خدا کی اطاعت کے سبب ان چیزوں سے بچالیا —— فرماتے ہیں کہ اس حدیث سے اس امر کا ثبوت بھی ملتا ہے —— کہ نمازِ عصر کے بعد سو جانا جائز ہے —— جبکہ بعض لوگ اسے مکروہ سمجھتے ہیں —— اور بطورِ ثبوت مختلف احادیث بیان کرتے ہیں جن میں سے ایک یہ ہے۔

○ —— جنابِ ابن شہاب رسولِ کریم سے روایت کرتے ہیں —— کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

مَنْ نَامَ بَعْدَ الْعَصْرِ فَاخْتُلِسَ عَقْلُهٗ فَلَا يَلُوْمَنَّ اِلَّا نَفْسَهٗ

جو شخص عصر کی نماز کے بعد سو گیا تو اس کی عقل زائل کر دی جائے گی اور وہ اس پر سوائے اپنے آپ کے کسی کو ملامت نہ کرے۔

(شرح مشکل الآثار ج ۳ ص ۹۹)

Marfat.com

○ —— مندرجہ بالا حدیث کو امام طحاوی نے —— منقطع —— قرار دیا ہے اور منقطع —— وہ حدیث ہے جس میں تابعی سے نیچے درجے کا کوئی شخص صحابی سے روایت کرے ——

ان تمام قسم کے سوالات واعتراضات میں کتمانِ حق اور بغض وعناد کے سوا کوئی اور امر دکھائی نہیں دیتا —— یہ رسولِ معظم کا معجزہ اور مولا علی کی کرامت ہے۔ معجزات اور کرامات برحق ہیں جس کا کوئی کلمہ گو اِنکار نہیں کرسکتا —— باقی رہی یہ بات سرورِ عالم کی قضا نمازوں کے لئے سورج کیوں واپس نہیں لوٹا —— اور کیوں نہیں ٹھہرا —— یہ کیوں —— کا لفظ کبھی کبھی نہایت خطرناک صورت اختیار کر لیتا ہے —— جس سے ایمانیات کی دنیا تباہ و برباد ہو جاتی ہے۔ افسوس کہ نیا علم کلام مرتب کرنے والے اللہ تعالیٰ کی حکمتوں پر بھی مکمل ایمان رکھتے —— اور اگر ایسا ہوتا تو اسلام کے ابدی اصولوں کی صداقت کو پامال نہ کرتے —— منکرین ردِّ شمس بھی اس بات کو حیطۂ تحریر میں لا چکے ہیں —— کہ ''نبی کے معجزہ پر ایمان لانا فرض ہے —— اور معجزہ خرقِ عادت ہوتا ہے'' —— یعنی عقل وشعور کی دسترس سے باہر ہوتا ہے —— اب دیکھنا یہ ہے کہ رسولِ کریم کے لئے سورج ٹھہرا ہے یا نہیں۔

<u>بروز بدھ:</u>

امام جلال الدین سیوطی رحمتہ اللہ علیہ نے خصائص کبریٰ میں لکھا ہے —— کہ امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے اسماعیل بن عبدالرحمٰن سے روایت بیان کی ہے —— کہ آپ فرماتے ہیں —— کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جس رات معراج ہوئی —— اور معراج سے واپس تشریف لائے تو آپ نے (بطورِ دلیل) قریش کو (مکہ آنے والے) قافلوں کے

Marfat.com

بارے میں اور اہلِ قافلہ کے بارے میں خبر دی ـــــ کفار نے پھر دریافت کیا کہ آپ یہ بتائیں کہ فلاں قافلہ یہاں پر کب پہنچے گا؟ ـــــ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ـــــ بدھ کے روز پہنچے گا۔

چنانچہ بدھ کے روز قریش مکہ ـــــ تا قافلے کی راہ پر پہنچے اور قافلے کی آمد کا انتظار کرنے لگے ـــــ یہاں تک کہ سورج کے غروب ہونے کا وقت قریب ہوگیا ـــــ اور اس وقت تک قافلہ نہیں پہنچا تھا۔

فَدَعَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ فَزِیْدَ لَہٗ فِی النَّھَارِ سَاعَۃً وَّحُبِسَتْ عَلَیْہِ الشَّمْسُ فَلَمْ تُرَدَّ الشَّمْسُ عَلٰی اَحَدٍ اِلَّا عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ یَوْمَئِذٍ ، وَعَلٰی یُوْشَعَ بْنِ نُوْنَ حِیْنَ قَاتَلَ الْجَبَّارِیْنَ ـــــ

پس رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے دعا فرمائی تو دن میں ایک گھڑی اضافہ کردیا گیا اور سورج کو روک دیا گیا ـــــ پس سورج کو کسی پر واپس نہیں کیا گیا۔ سوائے رسول اللہ کے اس دن ـــــ اور یوشع بن نون علیہ السلام کے جس دن وہ جبارین کے خلاف جنگ میں مصروف تھے۔

(الخصائص الکبریٰ ج اوّل ص ۲۹۷ مطبوعہ دارالکتب العلمیۃ بیروت، لبنان، سن اشاعت ۲۰۰۴ء)

عجب تر

امام سیوطی رحمتہ اللہ علیہ آگے چل کر (دوسری جلد میں) سیّد عالم اور دیگر انبیاء کے معجزات کا ذکر کرتے ہوئے رقم طراز ہیں ـــــ کہ حضرت یوشع بن نون علیہ السلام کا قومِ جبارین کے خلاف جنگ میں سورج کو روک لیا گیا جبکہ مولا علی کریم کے لئے ڈوبا ہوا سورج واپس آگیا اور واقعہ معراج کے سلسلے میں سورج کو روک دیا گیا۔ فرماتے ہیں:

Marfat.com

اُوْتِیَ حَبْسُ الشَّمْسِ حِیْنَ قَاتَلَ الْجَبَّارِیْنَ وَقَدْ حُبِسَتْ لِنَبِیِّنَا کَمَا تَقَدَّمَ فِی الْاَسْرَاءِ وَاَعْجَبَ مِنْ ذٰلِكَ رَدُّ الشَّمْسِ حِیْنَ فَاتَ عَصْرُ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ ——

سورج کا روکنا اس وقت پیش آیا، جب حضرت یوشع بن نون —— قوم جبارین کے خلاف جنگ میں مصروف تھے —— اور ہمارے نبی اکرم کے لئے بھی روکا گیا جیسا کہ یہ واقعہ معراج کے تذکرے میں گزرا ہے —— اور اس سے زیادہ عجیب تر اور حیران کن امر یہ ہے کہ جب مولا علی کی نمازِ عصر فوت ہوئی تو اس کے لئے (ڈوبے ہوئے) سورج کو واپسی لوٹایا گیا ——

(الخصائص الکبریٰ ج ۲ ص ۳۱۰ مطبوعہ بیروت)

مندرجہ بالا حقائق کے باوصف —— اگر کوئی شخص اِنکار کرتا ہے —— تو یہ اس کے خبث باطن کی علامت ہے —— اور یہ نفاق کی وہ بیماری ہے جس کا علاج ناممکن تو نہیں —— مشکل ترین ضرور ہے۔

حدیث نمبر ۴۱۳

دوسری بار ردِّ شمس

حضرتِ امام حسین علیہ السلام سے روایت ہے —— فرماتے ہیں کہ جب میرے والد گرامی ''حضرت مولا علی'' نہروان کی جنگ سے واپس ہوئے تو آپ کا گزر سرزمین بابل سے ہوا تھا —— اور نمازِ عصر کا وقت ہو گیا تھا —— آپ نے اِرشاد فرمایا (کہ یہ بابل کی زمین) عذاب زدہ ہے اسے اللہ تعالیٰ نے تین دفعہ دھنسایا ہے۔

وَلَا یَحِلُّ لِوَصِیِّ نَبِیٍّ اَنْ یُّصَلِّیَ فِیْھَا

Marfat.com

اس زمین پر نبی کے وصی کے لئے نماز پڑھنا جائز نہیں ہے ——

جنابِ جویریہ بن مسہر کا بیان ہے کہ لوگوں نے وہاں نماز ادا کی —— اور میں سو سواروں سمیت حضرت امیر المومنین کے ساتھ رہا —— آخر کار ہم زمین بابل سے گزر گئے —— اور سورج غروب ہو گیا تھا —— حضرت علی علیہ السلام سواری سے نیچے اُترے اور مجھے فرمایا —— کہ میرے لئے پانی لے آؤ —— میں نے پانی لا کر آپ کی خدمت میں پیش کیا، آپ نے وضو فرمایا اور مجھے حکم دیا کہ عصر کی اذان دو —— فرماتے ہیں میں نے اپنے دل میں سوچا کہ ہم عصر کی نماز کیسے ادا کریں گے —— سورج تو غروب ہو چکا ہے —— ''آپ کا حکم تھا'' میں نے اذان کہہ دی —— اور مجھے فرمایا اقامت کہو —— میں نے اقامت کہہ دی —— میں ابھی اقامت کہہ ہی رہا تھا کہ آپ کے دونوں لب مبارک متحرک ہوئے —— تو فوراً سورج واپس لوٹ آیا —— ہم نے آپ کے پیچھے نماز ادا کی —— جب ہم نماز سے فارغ ہوئے تو سورج فوراً اس طرح غائب ہوا —— جیسے کوئی چراغ پانی کے طشت (تھال) میں رکھے ہوئے غائب ہو کر ''بے نور ہو جانا'' ہے —— ستارے چمکنے لگے —— مولا علی نے روئے سخن میری طرف کرتے ہوئے فرمایا۔

اَذِّنْ لِلْمَغْرِبِ یَا ضَعِیْفَ الْیَقِیْنِ

اے ضعیف الیقین (یقین کو کمزور رکھنے والے) نمازِ مغرب کے لئے اذان کہو —— (ینابیع المودۃ ج اول ص ۱۳۸)

○ —— خیال رہے کہ بابل شہر کے کھنڈرات سرزمین عراق میں پائے جاتے ہیں —— یہ تباہ شدہ شہر حلہ کے نزدیک ہے —— مولا علی کرم اللہ وجہہ نے جہاں سورج کو بِاذن اللہ واپس لوٹایا تھا وہ جگہ بابل شہر کے کھنڈرات کافی فاصلے پر ہے —— وہاں ایک مسجد بھی

Marfat.com

ہے —— جو مسجد ردّ شمس کے نام مشہور ہے —— جس جگہ مولا علیؑ نے نماز ادا فرمائی تھی —— وہ جگہ کربلا سے نجف اشرف کی طرف جاتے ہوئے —— کم وبیش دس میل کے فاصلے پر —— پکی سڑک کے قریب ہے۔

حدیث نمبر ۴۱۴

حدیث عبداللہ بن عباس۔ ردّ شمس

امام موفق بن احمد بن محمد حنفی، مکی، خوارزمی رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی سند کے ساتھ جنابِ مجاہد سے روایت بیان کی ہے —— کہ حضرت عبداللہ ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے پوچھا گیا کہ آپ مولا علی کی شان سے متعلق کیا کہتے ہیں —— حضرت عبداللہ بن عباس نے فرمایا۔

وَاللّٰہُ ھُوَ اَحَدُ الثَّقَلَیْنِ —— سَبَقَ بِالشَّھَادَتَیْنِ، وَصَلّٰی الْقِبْلَتَیْنِ —— وَبَایع الْبَیْعَتَیْنِ —— وَھُوَ اَبُوالسِّبْطَیْنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ —— وَردت عَلَیْہِ الشَّمْسِ مَرَّتَیْنِ —— فَمِثْلَہٗ فِی الْاَئِمَّۃِ مِثْلُ ذِی الْقَرْنَیْنِ —— وَھُوَ مَوْلَای وَمَوْلَی الثَّقَلَیْنِ ——

خدا کی قسم! وہ ثقلین (دو جہاں) کے ایک فرد ہیں —— اور وہ کلمہ شہادتین پڑھنے میں سبقت لے گئے (یعنی اللہ کی الوہیت محمد مصطفیٰ کی رسالت کی گواہی دینے میں پہل کی) اور انہوں نے دو قبلوں کی طرف منہ کر کے نماز ادا فرمائی ہے —— اور آپ نے دو دفعہ بیعت کی ہے (بیعت طریقت اور بیعت رضوان) اور آپ سبطین حسن و حسین کے باپ ہیں —— اور آپ کی

Marfat.com

خاطر دو مرتبہ سورج واپس لوٹا ـــــ اور آپ اماموں میں ذوالقرنین کی مانند ہیں ـــــ آپ میرے اور تمام جن وانس کے مولا ہیں۔

(ینابیع المودۃ ج اول ص ۱۳۸)

حدیث نمبر ۴۱۵

علی کریم سے سورج نے گفتگو کی

حضرتِ مولا علی امیر المومنین سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ـــــ اے ابوالحسن علی سورج سے بات چیت کریں اور وہ بھی تم سے گفتگو کرے گا ـــــ مولا علی نے فرمایا ـــــ میں نے سورج کو ''ان الفاظ میں سلام دیا''

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَـاَيُّهَا الْعَبْدُ الْمُطِيْعُ اللّٰهِ

تم پر سلام ہو ـــــ اے اللہ تعالیٰ کے فرمانبردار بندے سورج نے مجھے سلام کا جواب دیتے ہوئے کہا۔

وَعَـلَيْكَ السَّلَامُ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ـــــ وَاِمَامُ الْمُتَّقِيْنَ ـــــ وَقَائِدُ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ ـــــ

اے مؤمنوں کے امیر ـــــ اے پرہیز گاروں کے امام اے روشن پیشانی والوں کی قیادت کرنے والے آپ پر بھی سلام ہو ـــــ

مولا علی علیہ السلام فرماتے ہیں ـــــ کہ میں نے اللہ تعالیٰ کے حضور میں سجدۂ شکر ادا کیا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔

قُمْ يَا اَخِىْ وَ يَا حَبِيْبِىْ ـــــ بَاهٰى اللّٰهُ بِكَ سَمٰوٰتِهٖ

اٹھو! اے میرے بھائی! ـــــ اے میرے حبیب! اللہ تعالیٰ تیری وجہ سے

Marfat.com

آسمان والوں پر فخر کرتا ہے۔ (ینابیع المودۃ ج اول ۱۴۰)

حدیث نمبر ۴۱۶

حضور نے فرمایا اے علی! اپنی کرامت دیکھو

حضرت سلمان ـــــ ابوذر ـــــ ابن مسعود ـــــ ابن عباد ـــــ اور حضرت علی رضی اللہ عنہم سے روایت ہے ـــــ کہ جب اللہ تعالیٰ نے مکہ شریف فتح کرا دیا تو (سید عالم نے) ہوازن کا ارادہ فرمایا ـــــ اور آپ نے مجھے فرمایا۔

يَا عَلِيُّ! قُمْ فَانْظُرْ كَرَامَتَكَ عَلَى اللهِ عَزَّوَجَلَّ وَكَلِّمِ الشَّمْسَ

اے علی! اٹھو اور اپنی وہ کرامت دیکھو، جو اللہ عزوجل نے تیرے لئے مقرر فرمائی ہے (وہ یہ کہ) آفتاب سے گفتگو کرو۔ حضرت مولا علی اُٹھے اور ان الفاظ کے ساتھ سورج کو سلام دیا۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْعَبْدُ الدَّائِرُ فِيْ طَاعَةِ رَبِّهٖ

سلام ہو تم پر، اے اپنے رب کی اطاعت میں چکر کاٹنے والے بندے

سورج نے آپ کے سلام کا ان الفاظ میں جواب دیا۔

وَعَلَيْكَ السَّلَامُ يَا اَخَا رَسُوْلِ اللهِ ـــــ وَوَصِيَّهٗ ـــــ وَحُجَّةَ اللهِ عَلٰى خَلْقِهٖ ـــــ

اے اللہ کے رسول کے بھائی! ـــــ اور اس کے وصی اور زمین پر اللہ تعالیٰ کی حجت! تم پر سلام ہو ـــــ

یہ سورج کا سلام سن کر ـــــ مولا علی بطورِ شکر سجدے میں گر پڑے، اور رسول اللہ صلی

Marfat.com

اللہ علیہ وآلہ وسلم ـــــ علی کو اٹھا رہے تھے ـــــ اور آپ کا چہرہ صاف فرما رہے تھے ـــــ اور علی سے فرمایا۔

یَا حَبِیْبِیْ اَبْشِرْكَ اِنَّ اللّٰهَ بَاهٰی بِكَ حَمَلَةَ عَرْشِهٖ ـــــ وَاَهْلَ سَمٰوٰتِهٖ ـــــ ثُمَّ قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ فَضَّلَنِیْ عَلٰی سَائِرِ الْاَنْبِیَاءِ ـــــ وَاَیَّدَنِیْ بِعَلِیٍّ سَیِّدِ الْاَوْصِیَاءِ ـــــ

اے میرے حبیب تمہیں بشارت ہو کہ اللہ تعالیٰ عرش اٹھانے والے فرشتوں ـــــ اور آسمان پر رہنے والوں کے ساتھ تیری وجہ سے فخر کرتا ہے ـــــ پھر سرکار علیہ السلام نے فرمایا ـــــ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ـــــ شکر ہے اس ذات کا جس نے مجھے تمام نبیوں پر فضیلت دی ـــــ اور اوصیاء کے سردار علی کے ذریعے میری مدد فرمائی ـــــ

پھر سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ آیتِ مبارکہ تلاوت فرمائی۔

وَلَهٗۤ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَیْهِ یُرْجَعُوْنَ ـــــ (پ۳ س آلِ عمران آیت ۸۳)

جو کوئی بھی آسمانوں اور زمین میں ہے اس نے خوشی یا لاچاری سے، اس کی فرمانبرداری اختیار کی ہے اور سب اسی کی طرف لوٹائے جائیں گے ـــــ

(ینابیع المودۃ ج اوّل ص ۱۴۰)

○ ـــــ حضرت سیدنا امام محمد باقر علیہ السلام نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے ـــــ حضرت جابر فرماتے ہیں۔

اِنَّ الشَّمْسَ تَكَلَّمَتْ لِعَلِیٍّ سَبْعَ مَرَّاتٍ

Marfat.com

بے شک سورج نے علی المرتضٰی کے ساتھ سات مرتبہ گفتگو کی —— (ایضا ۱۴۰)

حدیث نمبر ۴۱۷

علی کو جبریل و میکائیل نے وضو کرایا

علامہ قندوز (سلیمان بن ابراہیم مفتی اعظم قسطنطنیہ) نے شیخ مغاری شافعی کے حوالے سے حدیث نقل فرمائی ہے —— لکھتے ہیں کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے —— کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عصر کی نماز ادا فرما رہے تھے —— اور پہلی رکعت کے رکوع دیر لگا دی —— حضرت انس فرماتے ہیں —— کہ ہم لوگوں نے یہ خیال کیا کہ شاید آپ کو سہو (بھول) ہو گیا ہے —— پھر آپ نے سر اٹھایا اور نماز میں بہت ایجاز (چھوٹا کرنا —— مختصر کرنا) سے کام لیا اور سلام پھیرا —— اور پھر آپ ہماری متوجہ ہوئے۔

فَنَادٰی یَا عَلِیُّ اُدْنُ مِنِّیْ

اور آپ نے آواز دے کر فرمایا علی! میرے پاس آؤ۔

حضرت علی آخری صف میں تھے —— اور صفوں کے درمیان چلتے سیّد عالم کی خدمت میں حاضر ہوئے —— حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا —— اے علی! تمہیں کس چیز نے آخری صف میں کھڑے ہونے پر مجبور کیا تھا —— حضرت علی نے عرض کیا —— میرا وضو نہیں تھا —— اور میں اپنے گھر میں داخل ہوا تا کہ وضو کروں لیکن گھر میں پانی موجود نہ تھا —— میں نے حسن اور حسین کو آواز دی —— تو کسی نے بھی میری آواز کا جواب دیا —— اچانک ہاتف غیب سے آواز آئی —— یا ابا الحسن —— اے ابو حسن! —— (ادھر دیکھو)

Marfat.com

فَاِذَا اَنَا بِسَطْلٍ مِّنْ ذَهَبٍ فِيْهِ مَاءٌ ——وَعَلَيْهِ مِنْدِيْلٌ فَتَوَضَّأْتُ بِالْمَاءِ —— وَهُوَ اَطْيَبُ مِنَ الْمِسْكِ

تو میں نے ایک سونے کا برتن دیکھا جس میں پانی موجود تھا اور اس پر تولیہ دیا ہوا تھا —— میں نے اس سے وضو کیا ہے جو کستوری سے زیادہ خوشبو دار تھا ——

مجھے پتہ نہیں کہ وہ چیزیں کہاں سے آئی تھیں —— اور پھر انہیں کون اُٹھا کر لے گیا ہے —— یہ بات سن کر رسولِ کریم مسکرائے اور علی کو سینے سے لگا لیا —— اور آپ کی دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا —— اور فرمایا۔

اِنَّ السَّطْلَ وَالْمَاءَ وَالْمِنْدِيْلَ مِنَ الْجَنَّةِ وَالَّذِىْ اَتَاكَ بِالسَّطْلِ وَالْمَاءِ جِبْرَائِيْلُ وَالَّذِىْ اَتَاكَ بِالْمِنْدِيْلِ مِيْكَائِيْلُ ——وَالَّذِىْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ مَازَالَ اِسْرَافِيْلُ قَابِضًا بِيَدِهٖ عَلٰى رُكْبَتِىْ حَتّٰى لَحِقْتَ بِىْ فِى الصَّلٰوةِ ——وَاِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهٗ يُحِبُّوْنَكَ ——

بے شک برتن —— پانی اور تولیہ جنت کے ہیں۔ برتن اور پانی تمہارے پاس جبرئیل لائے تھے اور تولیہ جنابِ میکائیل علیہ السلام لائے تھے —— قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے —— اسرافیل میرے گھٹنے کو اپنے ہاتھ سے پکڑے رہے —— یہاں تک کہ تم میرے ساتھ جماعت میں شامل ہو گئے —— بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے تمہارے ساتھ محبت رکھتے ہیں ——

(ینابیع المودۃ ج اوّل ص ۱۴۰ مطبوعہ مؤسسۃ الاعلمی للمطبوعات بیروت —— لبنان)

Marfat.com

حدیث نمبر ۴۱۸

جنت کے سات سردار

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں کہ میں نے رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کو فرماتے ہوئے سنا۔

نَحْنُ وَلَدَ عَبْدُ الْمُطَّلَبِ ـــــ سَادَةُ اَهْلِ الْجَنَّةِ ـــــ اَنَا، وَحَمْزَةُ، وَعَلِیٌّ وَجَعْفَرُ، وَالْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ وَالْمَهْدِیُّ

کہ ہم عبدالمطلب کے (سات) بیٹے اہلِ جنت کے سردار ہیں ـــــ میں ـــــ حمزہ ـــــ علی ـــــ اور جعفر طیار ـــــ حسن ـــــ حسین اور امام مہدی علیہم السلام

(۱) سنن ابن ماجہ ج ۴ ص ۴۵۵ مطبوعہ دار الکتب العلمیۃ بیروت ـــــ لبنان سن اشاعت ۱۹۹۸ ۔ حدیث نمبر ۴۰۸۶

ایضاً ابن ماجہ ص ۳۱۰ مطبوعہ میر محمد کتب خانہ آرام باغ کراچی

(۲) ذخائر العقبیٰ ص ۱۵ نسخہ دار الکتب المصریہ

(۳) ینابیع المودۃ ج ۲ ص ۶۹ مطبوعہ مؤسسۃ الاعلمی بیروت

سات سردار

''جنت کے سات سردار'' ـــــ سات کا عدد اپنے ایک خاص حیثیت رکھتا ہے اس عدد کی یہ خاصیت نے دل و دماغ کو اپنی جانب متوجہ کرتے ہوئے کچھ ایسے اشارے دیئے کہ سات کے عدد کے تصور نے تصدیق کے گلشن میں نکھار پیدا کر دیا ـــــ اور خطابت کی طبیعت میں شگفتگی پیدا ہو گئی ـــــ اور پتہ چلا کہ خالق ارضین وسماوات کے نزدیک ـــــ سات ـــــ کا عدد (خالی از حکمت نہیں ـــــ اور اپنے اندر ایک خاص اہمیت رکھتا ہے ـــــ

Marfat.com

Marfat.com

(۸) یہ امر بھی ارکانِ حج میں شامل ہے ـــــ کہ شیطانوں کو ـــــ سات سات کنکریاں ماری جاتی ہیں۔

(۹) ـــــ رسولِ کریم کا ارشاد ہے ـــــ کہ جنت والوں کے سردار بھی ـــــ سات ـــــ ہیں ـــــ فرمانِ رسول ہے۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

نَحْنُ بَنُوْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ سَادَاتُ اَهْلِ الْجَنَّةِ، اَنَا ـــــ وَحَمْزَةُ ـــــ وَعَلِیٌّ ـــــ وَجَعْفَرٌ ـــــ وَالْحَسَنُ ـــــ وَالْحُسَیْنُ ـــــ وَالْمَهْدِیُّ ـــــ

ہم عبدالمطلب کے (سات) بیٹے اہلِ جنت کے سردار ہیں، میں ـــــ حمزہ ـــــ اور علی ـــــ اور جعفر طیار ـــــ اور حسن ـــــ اور حسین ـــــ اور امام مہدی (علیہم السلام)

(ذخائر العقبیٰ ص ۱۵ ـــــ سنن ابن ماجہ ۳۱۰ مطبوعہ میر محمد آرام باغ کراچی)

(۱۰) ـــــ کل قیامت کے دن علی المرتضیٰ کو ـــــ سات ـــــ ناموں سے پکارا جائے گا ـــــ فرمانِ رسول ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں ـــــ کہ رسول اللہ نے فرمایا۔

اِذَا كَانَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يُنَادُوْنَ عَلِيّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ عَلَيْهِ السَّلَام ـــــ بِسَبْعَةِ اَسْمَاءٍ يَا صِدِّيْقُ ـــــ يَادَالٌّ ـــــ يَا عَابِدُ ـــــ يَا هَادِیْ ـــــ يَا مَهْدِیُّ ـــــ يَافَتٰی ـــــ يَا عَلِیُّ

Marfat.com

جب قیامت کا دن ہوگا (تو فرشتے) علی کو سات ناموں کے ساتھ پکاریں گے ـــــ اے صدیق! ـــــ اے رہنمائی کرنے والے! ـــــ اے عابد! ـــــ اے ہادی! ـــــ اے مہدی! اے علی

(المناقب (امام موافق بن احمد بن محمد مکی خوارزمی حنفی) ص ۳۱۹، مطبوعہ مؤسسۃ النشر الاسلامی۔قم۔ایران)

(۱۱) حضرت مولا علی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ـــــ ہر نبی کو سات، سات نقیب ملے ـــــ اور مجھے سات قریش سے ملے ـــــ اور سات مہاجرین سے۔

سَبْعَةٌ مِّنْ قُرَيْشٍ ـــــ عَلِيٌّ ـــــ وَالْحَسَنُ ـــــ وَالْحُسَيْنُ ـــــ وَحَمْزَةُ ـــــ وَجَعْفَرُ ـــــ وَاَبُوْبَكْرٍ ـــــ وَعُمَرُ ـــــ وَسَبْعَةٌ مِّنَ الْمُهَاجِرِيْنَ ـــــ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ ـــــ وَسَلْمَانُ ـــــ وَاَبُوْذَرٍّ ـــــ وَحُذَيْفَةُ ـــــ وَعَمَّارٌ ـــــ وَمِقْدَادٌ ـــــ وَبِلَالٌ

قریش میں سے سات ـــــ علی ـــــ حسن ـــــ حسین ـــــ حمزہ ـــــ اور جعفر ـــــ ابوبکر ـــــ اور عمر ـــــ مہاجرین میں سے سات ـــــ عبداللہ بن مسعود ـــــ اور سلمان فارسی ـــــ اور ابوذر غفاری ـــــ اور حذیفہ اور عمار بن یاسر ـــــ اور مقداد ـــــ اور بلال (رضی اللہ عنہم)

(کنز العمال ج ۱۱ ص ۳۴۶ مطبوعہ دار الکتب العلمیۃ بیروت، لبنان سن اشاعت ۱۹۹۸ء)

(۱۲) ـــــ سات حرف ـــــ حسن حسین ـــــ کے ناموں کے سات حرف ہیں ـــــ جو ان سات حرفوں کو یاد رکھے گا ـــــ اس پر ردائے فضل خدا ہمیشہ سایہ فگن رہے گی ـــــ اور رسولِ رحمت، بوقت شفاعت اسے نہیں بھولیں گے۔

Marfat.com

سات خطرناک مرحلے

انسان کے لئے ـــــ سات موڑ ـــــ نہایت مشکل ترین ہیں ـــــ اور ان خطرناک مراحل میں ـــــ جو چیز کام آئے گی ـــــ وہ خاندانِ نبوت سے قلبی تعلق ہے ـــــ اور ہر موڑ پر رسولِ کائنات کے گھر والے دستگیری فرمائیں گے۔

(۱) موت وسکراتِ موت:

پہلا مرحلہ، موت اور سکرات موت ہے ـــــ اور یہ نہایت سخت ترین مرحلہ ہے ـــــ اور اس مرحلے کو ـــــ سلطنت کرم کے تاجدار اور سارے جہانوں کے لئے رحمت بن کے آنے والے شفیق ومہربان ہستی نے ـــــ یہ کہہ کر آسان ترین بنا دیا ـــــ فرماتے ہیں۔

اَلْمَوْتُ تَحْفَةٌ لِّكُلِّ مُسْلِمٍ

موت ہر مسلمان کے لئے تحفہ ہے۔ (بشری الکعیب علی ہامش شرح الصدور ص ۸)

○ ـــــ ام المومنین عائشہ صدیقہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَلْمَوْتُ غَنِيْمَةُ الْمُؤْمِنِ

موت مومن کے لئے غنیمت ہے۔

○ ـــــ امام حسن علیہ السلام فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَلْمَوْتُ رَلْحَانَةُ الْمُؤْمِنِ

موت، مومن کے لئے گل دستہ ہے۔ (بشری الکعیب بلقاء الحبیب ایضاً ص ۸)

○ ـــــ حضرت ابو مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت فرماتے ہیں کہ رسولِ کریم

Marfat.com

علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان الفاظ کے ساتھ دُعا فرمائی۔

اَللّٰھُمَّ حَبِّبِ الْمَوْتَ اِلٰی مَنْ یَّعْلَمُ اِنِّیْ رَسُوْلُكَ

اے میرے اللہ! موت کو ہر اس شخص کے لئے محبوب کر دے —— جو بے شک وشبہ یہ جانتا ہے کہ میں تیرا رسول ہوں ——

(بشری الکعیب بلقاء الحبیب علی ھامش شرح الصدور ص ۱۱)

سیدنا مصطفیٰ کریم کے لطف وعنایت سے شدید ترین مرحلہ کس قدر آسان ہو گیا —— موت ہے —— موت مومن کے غنیمت ہے —— موت مومن کے لئے گل دستہ ہے —— اور سرکار دعا کہ جو شکوک وشبہات کا شکار ہوئے بغیر جو اس امر کو جانتا ہے کہ میں تیرا رسول ہوں اس کے لئے موت کو محبوب بنا دے —— ''اس میں شرط یہ رکھی گئی ہے کہ رسول اللہ کے تمام اوصافِ حمیدہ پر ایمان لائے۔''

(۲) عالم برزخ —— قبر ——

دوسرا مرحلہ —— عالم برزخ یعنی قبر ہے —— جس کی سختیوں کا تذکرہ ہر لب پہ ہے —— قبر میں ہوتا کیا ہے —— یہ تمام مسلمان جانتے ہیں —— قبر میں دو فرشتے آتے ہیں اور وہ قبر والے سے سوال کرتے ہیں۔

تیرا رب کون ہے؟ —— مومن کہتا ہے —— میرا رب اللہ تعالیٰ ہے۔ فرشتے سوال کرتے ہیں۔

تیرا دین کیا ہے؟ —— ایمان والا کہتا ہے —— میرا دینِ اسلام ہے پھر فرشتے رُخ رسول کی طرف جو قبر میں جلوہ گر ہوتا ہے، اشارہ کر کے سوال کرتے ہیں۔

مَا كُنْتُ تَقُوْلُ فِیْ هٰذَا الرَّجُلِ ——

Marfat.com

تو ان صاحب کے بارے میں کیا کہتا تھا؟

ان کے اس سوال پر صاحب ایمان کہتا ہے۔

هٰذَا عَبْدُاللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ ـــــ اَشْهَدُ اَنْ لَآ اِلٰـــهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

یہ اللہ تعالیٰ کے (محبوب) بندے اور اس کے رسول ہیں۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ یقیناً محمد اللہ تعالیٰ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ پھر فرشتے کہتے ہیں ـــــ ہم تو پہلے ہی جانتے تھے کہ تو یہ کہے گا ـــــ اور پھر۔

ثُمَّ يُفْسَحُ لَهٗ فِيْ قَبْرِهٖ ـــــ سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فِيْ سَبْعِيْنَ

اس کی قبر میں فراخی دی جاتی ہے، ستر گز ستر گز میں (یعنی ستر گز لمبی ـــــ اور ستر گز چوڑی)

پھر کیا ہوتا ہے

ثُمَّ يُنَوَّرُ لَهٗ فِيْهِ

پھر اس کے لئے قبر میں روشنی کی جاتی ہے۔

(مشکوٰۃ المصابیح ص ۲۶ ـــــ باب اثبات عذاب القبر فصل ثانی)

صاحب ایمان کو قبر میں فرشتے ـــــ نَمْ كَنَوْمَةِ الْعُرُوْسِ ـــــ (کہ اب تو دلہن کی طرح سو جا) کا خوبصورت مسرت آگیں نغمہ سناتے ہیں ـــــ اور قبر میں روشنی کی جاتی ـــــ اور آقائے دو جہاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قبر میں جلوہ گر ہوتے ـــــ اور یہ بہت

Marfat.com

بڑا خوشی کا مقام ہے۔راقم کا ایک شعر ہے۔

لیتے ہیں فرشتے گو مرقد میں حساب آ کر
لیکن ہے خوشی مجھ کو سرکار بھی آئیں گے

(۳) میدانِ محشر:

کون نہیں جانتا کہ محشر کی سختی اور عقوبت میں ایک شور بپا ہوگا ـــــ اور محشر کے شدائد سے اہلِ محشر پر ایک سخت ترین خوف طاری ہوگا ـــــ اور ہر طرف نفسی نفسی کی پکار ہوگی۔ میرے مرشد کریم کا ایک شعر ہے ـــــ فرماتے ہیں۔

عرصۂ محشر میں جب ہو نفسی نفسی کی پکار
ہو قمر رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں اس دن بھی دامانِ حسین

اس بلا کی گرمی میں مؤمنوں کو لوائے حمد کا سایہ نصیب ہوگا ـــــ اور لوائے حمد امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ کے ہاتھ میں ہوگا ـــــ (لوئے حمد کے بارے میں پیچھے گزر چکا ہے)

(۴) میزان:

میزان ایک مشکل ترین مرحلہ ہے ـــــ اور اس مقام پر اعمال تولے جائیں گے ـــــ اس مقام سے متعلق ـــــ امام سخاوی شافعی (حافظ شمس الدین محمد بن عبدالرحمٰن متوفی ۹۰۲ھ) نے ایک روایت نقل فرمائی ہے، جس کے راوی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما ہیں ـــــ فرماتے ہیں ـــــ کہ آدم علیہ السلام قیامت کے دن بارگاہِ خداوندی میں عرش کے سامنے کھڑے ہوں گے ـــــ اور آپ پر سبز رنگ کی دو چادریں ہوں گی ـــــ اور آپ اپنی اولاد میں سے ان لوگوں کو دیکھ رہے ہوں گے ـــــ جو جنت اور دوزخ کی طرف جا رہے ہوں گے۔

Marfat.com

راوی فرماتے ہیں کہ اسی دوران میں اچانک حضرت آدم علیہ السلام کی نظر اُمت رسول کے اس آدمی پر پڑے گی —— جو دوزخ کی طرف جا رہا ہوگا —— ''یہ دیکھ کر'' حضرت آدم علیہ السلام، حضور علیہ السلام کو آواز دیں گے —— یَا اَحْمَدُ —— یَا اَحْمَدُ —— حضور علیہ السلام جواباً فرمائیں گے —— لَبَّیْكَ یَا اَبَا الْبَشَر —— حضرت آدم کہیں گے کہ یہ آدمی آپ کی اُمت میں سے ہے اور دوزخ میں جانے والا ہے ''حضور فرماتے ہیں'' —— کہ یہ بات مجھ پر گراں گزرے گی —— اور میں (ان) فرشتوں کے پیچھے تیزی کے ساتھ چلتا ہوا آجاؤں گا (جو میرے اس امتی کو دوزخ کی طرف لے جا رہے ہوں گے) اور انہیں کہوں گا۔

یَا رُسُلَ رَبِّیْ قِفُوْا!

''اے میرے رب کے فرشتو! رُک جاؤ!''

فرشتے جواباً عرض کریں گے —— ہم سخت مزاج ہیں۔ اس بات میں جس کا اللہ تعالیٰ نے ہمیں حکم دیا ہو —— اور ہم اس بات کی نافرمانی نہیں کرتے جس کا اللہ تعالیٰ نے ہمیں حکم دیا ہو —— (فرشتوں کی یہ بات سن کر) حضور علیہ السلام پریشان ہوں گے —— اور اپنی داڑھی مبارک کو پکڑ لیں گے —— اور اپنا رُخِ انور عرش کی طرف کر کے ہاتھ اٹھا کر بارگاہِ خداوندی میں عرض کریں گے۔

یَا رَبِّ! اَلَیْسَ قَدْ وَعَدْتَّنِیْ اَنْ لَّا تُخْزِیَنِیْ فِیْ اُمَّتِیْ؟ ——

''اے میرے رب! کیا تو نے میرے ساتھ وعدہ نہیں فرمایا تھا کہ تو مجھے میری امت کے بارے میں رسوا نہیں فرمائے گا؟ ——''

''حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس عرض کے بعد'' —— عرش کی طرف سے یہ آواز

Marfat.com

آئے گی ـــــ اَطِیْعُوْا مُحَمَّدًا ـــــ (اے فرشتو!) محمد مصطفیٰ کا حکم مانو! ـــــ تو اس ندا پر فرشتے اس شخص کو واپس (میزان) کے مقام پر لے آئیں گے ـــــ حضور فرماتے ہیں۔

فَاُخْرِجُ مِنْ حُجْزَتِیْ بِطَاقَةً بَیْضَاءَ کَالْاَنْمُلَةِ فَاُلْقِیْهَا فِیْ کَفَّةِ الْمِیْزَانِ الْیُمْنٰی وَاَنَا ـــــ اَقُوْلُ ـــــ بِسْمِ اللّٰهِ ـــــ فَتَرَجَّحَ الْحَسَنَاتِ عَلَی السَّیِّئَاتِ ـــــ

تو میں اپنی حبیب سے ایک سفید کاغذ نکالوں گا اور اسے میزان کے دائیں پلڑے میں رکھ دوں گا اور کہوں گا ـــــ بِسْمِ اللّٰهِ ـــــ تو نیکیاں بدیوں سے بھاری ہو جائیں گی ـــــ

پس ندا آئے گی ـــــ کہ یہ نیک بخت اور خوش نصیب ہو گیا ـــــ اور اب اس کے اعمال بھاری ہو گئے ہیں ـــــ (اے فرشتو!)

اِنْطَلِقُوْا بِهٖ اِلَی الْجَنَّةِ

اس کو جنت میں لے جاؤ!

وہ بندہ کہے گا اے فرشتو! ذرا ٹھہر جاؤ ـــــ میں اس ہستی معظم سے بات کر لوں ـــــ اور وہ بارگاہِ مصطفوی میں عرض کرے گا ـــــ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں ـــــ آپ کا چہرہ اور آپ کی تخلیق کس قدر حسین ہے ـــــ اور آپ نے میرے انجام پر رحم کرتے ہوئے میرا بوجھ ہلکا کر دیا ہے ـــــ تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمائیں گے۔

اَنَا نَبِیُّكَ مُحَمَّدٌ ـــــ وَهٰذِهٖ صَلَاتُكَ الَّتِیْ کُنْتَ تَصَلِّیْهَا عَلَیَّ ـــــ وَقَدْ وَفَیْتُكَ اَحْوَجَ مَا کُنْتَ عَلَیْهَا ـــــ

میں تیرا نبی محمد ہوں ـــــ اور یہ تیرا درود ہے جو تو مجھ پر پڑھا کرتا تھا ـــــ

Marfat.com

اور بے شک میں نے تمہاری حاجت کو پورا کر دیا ہے اور جبکہ تمہیں اس کی سخت ضرورت تھی۔

(۱) القول البدیع ص ۱۲۹ مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت، لبنان سن اشاعت ۱۹۸۵ء ـــــ ایضاً ـــــ مطبوعہ دار المنہاج جدہ سعودی عرب ص ۲۶۹

(۲) الخصائص الکبریٰ ج ۲ ص ۴۵۷ مطبوعہ دار الکتب العلمیۃ بیروت

(۵) حوضِ کوثر:

روز محشر شدید ترین گرمی اور سورج کی دھوپ میں پیاس کی شدت انتہا کو پہنچ جائے گی ـــــ اور حوضِ کوثر کے کناروں تک پہنچنا دُشوار ترین ہو گا اور حوض پر سیدنا مصطفیٰ کریم ـــــ اور مولا مرتضیٰ تشریف فرما ہوں گے اور اپنوں کو جامِ کوثر عنایت فرمائیں گے ـــــ اور اس مشکل ترین موڑ پر بھی سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُمت کے لئے آسانیاں مہیا فرمائیں گے ـــــ اور منافقوں کو علی مرتضیٰ، حوض سے جنت کی لاٹھی سے پیٹ پیٹ کر دور بھگائیں گے ـــــ تمام منافقین حوضِ کوثر کے جام شریں سے محروم رہیں گے۔

درود شریف اور حوض کوثر:

حوضِ کوثر پر وارد ہونے والی اقوام میں سے حضور سیّد عالم ان لوگوں کو پہچان لیں گے جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کثرت سے درود شریف پڑھتے ہیں ـــــ امام سخاوی شافعی نور اللہ مرقدہ نے ـــــ اپنی عظیم کتاب ''القول البدیع'' میں اور عارفِ کامل حضرت امام ابو عبد اللہ سیّد محمد بن سلیمان جزولی قدس سرہ العزیز نے ''دلائل الخیرات وشوارق الانوار فی ذکر الصلوٰۃ علی النبی المختار'' ـــــ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایک حدیث شریف نقل فرمائی ہے ـــــ آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں۔

لَیَرِدَنَّ عَلَیَّ الْحَوْضَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ اَقْوَامٌ مَّا اَعْرِفُھُمْ اِلَّا بِکَثْرَۃِ

Marfat.com

الصَّلٰوۃِ عَلَیَّ ——

قیامت کے دن حوضِ کوثر پر میرے پاس ایسی قومیں آئیں گی جن کو میں صرف کثرت کے ساتھ مجھ پر درود پڑھنے کی وجہ سے پہچانتا ہوں ——

دلائل الخیرات ص ۱۹۶ مطبوعہ ضیاء القرآن پبلی کیشنز گنج بخش روڈ لاہور سن اشاعت ۱۹۸۵ء

القول البدیع فی الصلوٰۃ علی الحبیب الشمیع ص ۱۲۹ مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت لبنان

یعنی حوضِ کوثر پر وارد ہونے والے ان لوگوں کو نبی رحمت پہچان لیں گے جو آپ کی ذاتِ اقدس پر کثرت سے درود بھیجتے ہیں —— اور حوضِ کوثر پر رحمتوں سے نوازا جائے گا —— جن سے ان کو آسانیاں میسر آئیں گی۔

○ —— بات حوضِ کوثر اور درود شریف کی ہو رہی ہے، یہاں پر ایک اور حدیث شریف بیان کرتا چلوں —— جس کا تعلق درود سے بھی ہے اور علی کریم سے بھی ہے۔

حدیث یوں ہے۔

حدیث نمبر ۴۱۹

اس حدیث کے راوی مولا مرتضٰی ہیں آپ کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا —— کہ میں نے جبرئیل علیہ السلام سے پوچھا۔

اَیُّ الْاَعْمَالِ اَحَبُّ اِلَی اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ؟ —— قَالَ ——

الصَّلٰوۃُ عَلَیْکَ یَا مُحَمَّدُ وَحُبُّ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ ——

کہ اللہ تعالیٰ کی جناب میں کون سا عمل زیادہ پسندیدہ اور محبوب ہے؟ ——

جبریل علیہ السلام نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ پر درود بھیجنا اور علی بن ابی طالب سے محبت کرنا۔ (القول البدیع ص ۱۳۴ مطبوعہ دار الکتاب العربی لبنان)

جبریل علیہ السلام نے بارگاہِ مصطفوی میں عرض کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے

Marfat.com

نزدیک مقبول و پسندیدہ اور محبوب ترین عمل یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف بھیجنا اور علی کریم سے ٹوٹ کر محبت کرنا ہے —— جو لوگ مولا مرتضٰی کے ذکر تک کو پسند نہیں کرتے —— یا —— انہیں ذکر علی سے تکلیف ہوتی ہے تو انہیں بار بار سوچنا چاہئے کہ کہیں ایسا تو نہیں کہ ان کے اندر نفاق کے جراثیم سرایت کر گئے ہیں —— ان جراثیم کے خاتمہ کے لئے ضروری ہے کہ نبی کریم پر کثرت سے درود پڑھا جائے —— اور مولا علی سے محبت کی جائے۔

○ —— بات درود شریف کی چل نکلی ہے تو ایک ایسا درود شریف جس کا ثواب بے حد و حساب ہے —— آپ دیکھیں کہ رسول خدا اور آپ کی آل پر درود شریف بھیجنے کا ثواب کتنا ہے۔

حدیث نمبر ۴۲۰

جناب ابوالحسن بکری —— ابوعمارہ مدنی —— محمد بن اسحاق مطلبی رضی اللہ عنہم —— یہ تینوں حضرات راوی ہیں —— کہ ہم مسجد میں رسولِ کریم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے —— کہ اچانک ایک اعرابی نقاب کئے ہوئے آیا —— اور پھر اس نے نقاب کھولا اور فصاحت کے ساتھ گفتگو کرنے لگا —— اس نے کہا —— اے اہلِ عزت و شرف اور عالی کرم والو! آپ پر سلام ہو —— تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے اپنے اور جنابِ ابوبکر صدیق درمیان بٹھالیا۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس اعرابی کی طرف دیکھا —— اور بارگاہِ رسول میں عرض کیا —— یارسول اللہ! آپ نے اسے میرے اور اپنے درمیان بٹھالیا ہے —— حالانکہ جہاں تک مجھے معلوم ہے کہ اس زمین پر آپ کو مجھ سے زیادہ آپ کو کوئی

Marfat.com

محبوب نہیں ـــــ سیّد عالم نے فرمایا ـــــ بے شک اس اعرابی کے بارے میں مجھے جبرئیل علیہ السلام نے بتایا ہے ـــــ کہ یہ اعرابی مجھ پر وہ درود پاک پڑھتا ہے جو اس سے پہلے مجھ پر کسی نے نہیں پڑھا ـــــ اس ارشاد پر حضرت خلیفہ اول نے عرض کیا یارسول اللہ! آپ ارشاد فرمائیں کہ وہ کس طرح درود پڑھتا ہے؟ تاکہ میں بھی آپ پر وہی درود شریف بھیجا کروں ـــــ آپ نے فرمایا اے ابوبکر ـــــ یہ اعرابی اس طرح پڑھتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ وَفِی الْمَلَاءِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ۔

اے اللہ! درود بھیج محمد وآلِ محمد پر اولین وآخرین میں اور مقرب فرشتوں میں، روزِ قیامت تک ـــــ

جناب ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یارسول اللہ! اس درود شریف کا ثواب کتنا ہے ـــــ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ـــــ اے ابوبکر! تم نے اس چیز سے متعلق سوال کیا ہے جس کو میں حد حساب وشمار میں نہیں لاسکتا ـــــ فرمایا۔

فَلَوْ کَانَتِ الْبِحَارُ مِدَادًا ـــــ وَالْاَشْجَارُ اَقْلَامًا وَالْمَلَائِکَۃُ کِتَابًا یَکْتُبُوْنَ لَفَنِیَ الْمِدَادُ وَتَکَسَّرَتِ الْاَقْلَامُ ۔ وَلَمْ تَبْلُغِ الْمَلَائِکَۃِ ثَوَابَ ھٰذِہِ الصَّلَاۃُ ـــــ

کہ اگر تمام سمندر سیاہی بن جائیں ـــــ اور تمام درخت قلمیں بن جائیں تو تمام فرشتے کاتب بن کر لکھنا شروع کر دیں تو سیاہی ختم ہو جائے گی اور قلمیں ٹوٹ جائیں گی، لیکن اس درود کا ثواب نہیں لکھ سکیں گے ـــــ

(القول البدیع ص ۱۲۵ مطبوعہ دارالمنہاج جدہ ـــــ ص ۵۷، ۵۶ مطبوعہ دارالکتاب العربی لبنان، بیروت سن اشاعت ۱۹۸۵ء)

Marfat.com

بے دین کون؟

حضرت عبداللہ بن مسعود فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيَّ فَلَا دِيْنَ لَهٗ

جس نے مجھ پر درود نہ بھیجا اس کا کوئی دین نہیں ہے۔

(القول البدیع مطبوعہ دار المنہاج ص ۳۱۸)

اوپر درج تمام روایات واحادیث سے امر ثابت ہوا کہ موت وحیات میدانِ محشر ـــــ میزان ـــــ اور حوض کوثر پر سیّد عالم کام آئیں گے اور حب دارِ علی لوائے حمد کا سایہ اور جام کوثر عطا کیا جائے گا۔

(۶) پل صراط ـــــ مشکل ترین مرحلہ

پل صراط پر سے گزرنا مشکل ترین مرحلہ ہے ـــــ سب سے پہلے دیکھنا یہ ہے کہ پل صراط کی مسافت کتنی ہے ـــــ امام محمد مہدی فاسی رحمتہ اللہ علیہ نے ''مطالع المسرات شرح دلائل الخیرات'' میں لکھا ہے ـــــ بعض احادیث میں ہے کہ پل صراط کی لمبائی تین ہزار سال کی مسافت ہے ـــــ ایک ہزار سال کی مسافت چڑھائی ـــــ ایک ہزار سال کی مسافت سیدھا ''راستہ'' ـــــ اور ایک ہزار سال کی مسافت اُترائی ہوگی ـــــ پل صراط بال سے زیادہ باریک ـــــ تلوار سے زیادہ تیز ـــــ اور جہنم کی پشت پر ہے۔

(مطالع المسرات شرح دلائل الخیرات (مترجم) ص ۱۲۴ ـــــ ۱۲۳، مطبوعہ نوریہ رضویہ پبلی کیشنز ۱۱ گنج بخش لاہور سن اشاعت جون ۲۰۰۰ء)

قارئین کرام! ـــــ یہ ہے پل صراط ـــــ ہزار سال کی چڑھائی ـــــ ہزار سال کی اترائی ـــــ اور ہزار سال کی مسافت کا سیدھا راستہ ـــــ اور آگ اُگلتی جہنم کی پشت پر ہے ـــــ یہ پر خطر اور ہولناک راستہ ہے ـــــ جسے

Marfat.com

دیکھ کر اہلِ محشر پر لرزہ طاری ہو جائے گا۔

اب دیکھنا یہ ہے —— کہ اس مشکل ترین راستے کو، آسان ترین شاہراہ بنانے میں کس ہستی معظم کا ہاتھ ہو گا؟ —— اس گھبراہٹ اور تھرتھراہٹ کے عالم میں عاصیوں کی دستگیری اور سہارا دینے پل صراط پر کون آئے گا؟ —— وہ حامی بے کساں —— رحمت دو جہاں —— رسولِ انس وجاں محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہوں گے —— میزان —— حوضِ کوثر —— اور پل صراط پر آپ کی موجودگی حدیث شریف سے ثابت ہے —— اب دیکھیں کہ اس وحشت انگیز مرحلے کو —— اس کرم گستر شخصیت نے کس طرح وجد آور بنانے اپنا رحمت آگیں کردار ادا فرمایا۔

رضا پل سے اب وجد کرتے گزریئے
کہ ہے ربِّ سلم —— صدائے محمد

(فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ)

حدیث نمبر ۴۲۱

پل سے گزارو! راہ گزر کو خبر نہ ہو

سیدنا مولائے کائنات امیر المومنین علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے —— آپ فرماتے ہیں۔

سَلُوْنِیْ قَبْلَ اَنْ تَفْقِدُوْنِیْ عَنْ عِلْمٍ لَّا یَعْرِفُهٗ جِبْرِیْلُ وَلَا مِیْکَائِیْلُ

کہ اس سے پہلے کہ تم مجھے گم پاؤ، ایسا علم مجھ سے پوچھ لو۔

جس کو نہ جبریل جانتے نہ میکائیل جانتے ہیں (علیہما السلام) —— ایک آدمی نے عرض کیا اے امیر المومنین! یہ کون سا علم ہے جو جبرئیل و میکائیل نہیں جانتے؟ —— آپ

Marfat.com

کرم اللہ وجہہ نے فرمایا ـــــ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو معراج کی رات میں مختلف قسم کے علوم سکھائے ہیں ـــــ بعض علوم کو مخفی رکھنے کا حکم فرمایا ـــــ اور بعض علوم ایسے ہیں جن کو بذریعہ تبلیغ عام کرنے کا حکم دیا ہے ـــــ اور بعض علوم ایسے ہیں جن کے متعلق اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اختیار دیا ہے۔

چنانچہ جن علوم کا اللہ تعالیٰ نے آپ کو اختیار دیا تھا ـــــ ان میں سے مجھے اور ابوبکر وعمر اور عثمان کو پوشیدہ طور پر علیحدہ علیحدہ بتایا کرتے تھے ـــــ ان علوم واسرار میں سے ایک یہ امر بھی ہے ـــــ کہ آپ علیہ السلام فرماتے ہیں کہ میں ابراہیم علیہ السلام کے چہرہ میں نور تھا ـــــ اور ان کی پشت میں موتی تھا، جب ابراہیم علیہ السلام منجنیق (سنگباری کی قدیم دستی مشین) کے پلڑے میں تھے ـــــ اس وقت جنابِ جبریل علیہ السلام نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس آ کر عرض کیا ـــــ حضرت آپ کو کسی قسم کی کوئی حاجت ہو تو حکم فرمائیے ـــــ حضرت ابراہیم علیہ السلام فرمایا ـــــ تجھ سے کوئی حاجت نہیں ـــــ جبریل دوبارہ آپ کے پاس آ کر پوچھنے لگے کہ آپ کو اپنے رب سے کوئی حاجت ہو تو فرمائیے!

حضرت ابراہیم نے ارشاد فرمایا:

یَا جِبْرِیْلُ مِنْ شَانِ الْخَلِیْلِ اَنْ لَّا یُفَارِقَ خَلِیْلَهٗ

اے جبریل! خلیل کی شان تو یہ ہے کہ اپنے خلیل سے جدا نہ ہو۔

حضرت مولا علی فرماتے ہیں ـــــ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ـــــ کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے گویائی عطا فرمائی اور میں نے کہا:

اَنْ بَعَثَنِیَ اللّٰهُ وَاصْطَفَانِیْ بِالرِّسَالَةِ لَاُجَازِیَنَّ اَخِیْ جِبْرِیْلَ ـــــ

اگر اللہ تعالیٰ مجھے مبعوث فرمائے گا اور اپنی رسالت کے لئے چن لے گا تو میں جبریل بھائی کے اس ''احسان'' کا بدلا اتاروں گا۔

Marfat.com

پھر جب مجھے اللہ کریم نے مبعوث فرمایا ـــــ اور معراج کی رات آئی ـــــ جبریل میرے پاس آئے ـــــ اور وہ میرے ہم سفر تھے ـــــ یہاں تک کہ وہ میرے ساتھ ایک مقام (سدرۃ المنتہیٰ) پر پہنچ کر رک گئے ـــــ حضور علیہ السلام فرماتے ہیں کہ میں نے جبریل سے کہا:

یَا جِبْرِیْلُ فِیْ مِثْلِ ھٰذَا الْمَقَامِ یُفَارِقُ خَلِیْلَ خَلِیْلِہٖ؟

اے جبریل! ایسے ہی مقام پر خلیل اپنے خلیل سے جدا ہوتا ہے۔

جبریل علیہ السلام نے عرض کیا ـــــ ہاں۔

اِنْ جَاوَزْتُہٗ اِحْتَرَقْتُ بِالنُّوْرِ ـــــ

اگر میں آگے بڑھوں گا تو نور سے جل جاؤں گا۔

رسولِ کریم فرماتے ہیں ـــــ کہ میں نے جبریل سے پوچھا ـــــ اے جبریل! کیا اللہ تعالیٰ سے تمہاری کوئی حاجت ہے؟ ـــــ تو جبرئیل نے عرض کیا ہاں ـــــ ''ایک حاجت ہے''

سَلْ رَبَّکَ اَنْ یَّجْعَلَنِیْ اَبْسُطُ جَنَاحِیْ لِاُمَّتِکَ عَلَی الصِّرَاطِ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ حَتّٰی یُجَوِّزُوْا عَلَیْہِ ـــــ

''کہ اپنے ربّ کی بارگاہ میں درخواست کیجئے کہ قیامت کے دن پل صراط پر آپ کی امت کے لئے مجھے پر بچھانے کی اجازت مل جائے تا کہ آپ کی امت اس پر سے گزر جائے''

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جبریل کے لئے دعائے برکت فرمائی۔

(۱) نزہۃ المجالس (علامہ عبدالرحمٰن صفوری رحمۃ اللہ علیہ شافعی) ج ۲ ص ۲۲۲ مطبوعہ دارالکتب العلمیۃ بیروت۔ لبنان

(۲) ایضاً ج ۲ ص ۱۵۲ مطبوعہ مصطفیٰ بابی حلبی مصر

Marfat.com

مندرجہ بالا حدیث سے متعلق فاضل بریلوی رحمتہ اللہ علیہ نے بارگاہِ مصطفوی میں ایک نفیس پیرایہ میں استدعا کی ہے عرض کرتے ہیں۔

پل سے گزارو راہ گزر کو خبر نہ ہو
جبریل پر بچھائے تو پر کو خبر نہ ہو

ایک اور مقام پر وجدانی انداز میں کلک شعلہ بار کو حرکت میں لاتے ہوئے، یوں رقم طراز ہوئے۔

اہلِ صراط روحِ امیں کو خبر کریں
جاتی ہے اُمت نبوی فرش پر کریں
ان فتنہ ہائے حشر سے کہہ دو حذر کریں
نازوں کے پالے آتے ہیں رَہ سے گزر کریں

(۷) ساتواں مرحلہ:

ساتواں مرحلہ بھی کچھ اس طرح کا ہے ـــ وہ یوں کہ جب اہلِ محشر تمام امتحانات اور حساب وکتاب سے فارغ ہو جائیں گے جنت سامنے ہوگی ـــ جنت میں جانے والوں کی مسرت وشادمانی عروج پر ہوگی ـــ قرآنِ مجید میں ہے۔

وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَّسْئُوْلُوْنَ[1]

ان کو روکو، ان سے پوچھا جائے گا۔

اس آیتِ مبارکہ کی تفسیر حضرت رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود فرمائی۔ حضرت ابوسعید اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم فرماتے ہیں کہ رسول اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس آیت کے بارے میں فرماتے ہیں۔

Marfat.com

يُسْأَلُوْنَ، عَنِ الْاِقْرَارِ بِوَلَايَةِ عَلِيٍّ

علی کی ولایت کے اقرار سے متعلق سوال کئے جائیں گے۔

(ینابیع المودۃ ج ۲ ص ۶۲ بحوالہ دیلمی)

مطلب یہ ہے ـــــ کہ کیا تم لوگ علی کی ولایت کا اقرار کرتے تھے ـــــ یعنی علی کو ولی مانتے مانتے تھے ـــــ علی کریم کے ذکر اور نعرے کو روکنے والے اس آیت اور حدیث پر بار بار غور فرمائیں، ـــــ

اس سے معلوم ہوا کہ علی کرم اللہ وجہہ سے بے نیاز ہو کر کامیابیوں سے ہمکنار ہونا ممکن نہیں ـــــ قیامت کے دن مولا علی، سیّد عالم کے علمدار ہوں گے ـــــ حوض کوثر پر تشنہ لبوں کی پیاس بجھائیں گے ـــــ مولا علی قیامت کے دن لوائے حمد اٹھائے ہوں گے ـــــ حضور علیہ السلام نے حضرت ابو بردہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا ـــــ اے ابو بردہ علی قیامت کے دن میرے امین ہوں گے ـــــ اور فرمایا۔

عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ مَعَهٗ مَفَاتِیْحُ خَزَائِنِ رَحْمَةِ رَبِّیْ

(قیامت کے دن) میرے رب کی رحمت کے خزانوں کی کنجیاں علی بن ابی طالب کے پاس ہوں گی ـــــ

(نزہۃ المجالس بحوالہ الزہر الفائح ج ۲ ص ۲۹۸ مطبوعہ دار الکتب العلمیۃ، بیروت لبنان)

اس ساری بحث کا ماحصل یہ ہے کہ خاندانِ نبوت کے ساتھ مودّت باعث نجات ہے ـــــ اور اس خاندان سے عداوت، ایمان کی تباہی کا سبب ہے ـــــ وہ لوگ بلند مقدر کے مالک ہیں جو خاندانِ نبوت سے محبت کرتے ہیں ـــــ

○ ـــــ بات بہت دور نکل گئی ـــــ بات ہو رہی تھی نمبر وار احادیث کی جو علی کریم کے بارے میں ہیں ـــــ اور باب کو چار سو سات کے عدد پر بند کیا ـــــ اور سات کے عدد

Marfat.com

کی اہمیت نے قلم کو سینہ قرطاس پر کچھ انمول موتی بکھیرنے کا اشارہ دیا ـــــ جس سے نکتہ بینوں کے شعور کو جلا ملے گی۔

خیال رہے ـــــ

''علی از روئے حدیث'' کے باب میں بعض مقامات پر مختلف طرق اور کتب کے حوالوں کی وجہ سے بعض احادیث ـــــ ایک سے زائد مرتبہ بیان ہوئی ہیں ـــــ اور یہ انداز خارجیوں کی موشگافیوں کی وجہ سے اختیار کیا گیا ہے ـــــ تا کہ ان کے اعتراضات کا رد کرتے ہوئے یہ ثابت کیا جائے کہ محدثین کے نزدیک ان احادیث کی اہمیت و منزلت کیا ہے ـــــ

قارئین عظام! ـــــ یہ بات بھی حاشیۂ خیال میں رہے ـــــ کہ خوارج کئی قسم کے اندرونی امراض کا شکار ہونے کی بناء پر ـــــ نہایت بھونڈے انداز میں حقائق سے چشم پوشی کرتے ہیں ـــــ سوچنے کی بات یہ ہے کہ کیا ملحدین کے اِنکار سے ـــــ خدائے لاشریک اور اس کے بے مثال رسول کی عظمتوں میں کسی قسم کا کوئی فرق پڑے گا؟ ـــــ ہرگز نہیں ـــــ اگر سورج کے طلوع ہونے اور اس کی تمازت اور روشنی کا اِنکار کر دے ـــــ تو کیا سورج کی کرنیں چھین جائیں گی؟ ـــــ ہرگز نہیں ـــــ

اور اگر کوئی شخص علی المرتضٰی کی ولایت و شجاعت ـــــ سخاوت و عظمت اور بلندیوں کو تسلیم نہ بھی کرے ـــــ تو کیا آپ کی بلند و بالا شخصیت کی فضیلت پر اثر پڑے گا؟ ـــــ ہرگز نہیں ـــــ ہاں! ـــــ یہ ضرور ہوگا ـــــ کہ نہ ماننے والے کتمان حق و صداقت کے مجرم ضرور بن جائیں گے۔

باقی رہا مولا علی مرتضٰی کی شان و فضیلت میں احادیث کا کثرت سے وارد ہونا، تو اس

Marfat.com

پر ناصبیوں کو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔

○——فرمانِ عمر فاروق:

حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔

مَا اکْتَسَبَ مُکْتَسِبٌ مِثْلَ فَضْلِ عَلِیٍّ

کہ نہیں کمایا، کسی کمانے والے نے علی کی فضیلت کی مثل

(الریاض النضرۃ ج ۲ ص ۱۸۹)

بڑا بد بخت ہے وہ شخص جو خلیفہ دوم کے اس فرمانِ عالی شان کو ٹھکرا کر اپنی من مانی کرتے ہوئے اپنی سطحی رائے کو —— عقیدۂ فاروق پر سے برتر تصور کرے۔

○——فرمانِ امام احمد بن حنبل:

حضرت امام احمد بن حنبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فرمان ہے ——

مَا جَاءَ لِاَحَدٍ مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنَ الْفَضَائِلِ مَا جَاءَ لِعَلِیٍّ

کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب میں سے اتنے فضائل ومناقب کسی کے نہیں جتنے علی کے ہیں۔

(۱) مستدرک حاکم ج ۳ ص ۱۰۷

(۲) تاریخ دمشق الکبیر ''امام ابن عساکر'' ج ۴۵ ص ۳۲۰

سنا ہے عرب شریف میں —— حرمین شریفین میں —— امامت وخطابت کے فرائض انجام دینے والے مولوی اپنے آپ کو حنبلی کہتے ہیں —— اگر وہ حنبلی ہیں تو اپنے امام سے بغاوت کیوں؟ —— میرے خیال میں نہ وہ حنبلی ہیں نہ حنفی —— نہ شافعی ہیں نہ مالکی —— بس وہ اپنی مرضی کے مالک ہیں۔

Marfat.com

○ــــ امام نیشاپوری فرماتے ہیں:

حضرت امام ابوعلی اسماعیل بن اسحاق نیشاپوری قدس سرالعزیز کا اعلان عام ہے ــــ فرماتے ہیں ــــ کہ

لَمْ یَرِدْ فِیْ حَقِّ اَحَدٍ مِّنَ الصَّحَابَۃِ بِالْاَسَانِیْدِ الْحِسَانِ اَکْثَرُ مَاجَآءَ فِیْ عَلِیٍّ

کسی صحابی کے لئے اس قدر حسن سندوں کے ساتھ ''فضائل'' اتنی کثرت سے وارد نہیں ہوئے جتنے علی کے ہیں۔ (الصواعق المحرقۃ ص ۱۲۰)

○ــــ امام ابن حجر مکی کی تحریر:

علامہ امام ابن حجر مکی رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی معرکۃ الآراء، کتاب ''الصواعق المحرقۃ'' ــــ میں اہلِ بیت نبوی کی اولاد میں سے بعض متاخرین کے حوالے سے اس امر کا سبب لکھا ہے ــــ جس کا خلاصہ کچھ اس طرح ہے ــــ کہ اللہ تعالیٰ رب العزت نے اپنے پیارے حبیب کو ان تمام حالات کا علم عطا فرما دیا تھا، جو آپ کے بعد رُونما ہونے والے تھے ــــ اور جن میں مولا علی مبتلا ہونے والے تھے۔

جب حضرت مولا علی کی (ظاہری) خلافت کے دوران اختلافات رُونما ہوئے ــــ تو حالات کا تقاضا یہ تھا کہ امت کی خیر خواہی کے لئے ــــ ان فضائل کو مشہور کیا جائے جو آپ کے بارے میں ہیں ــــ تا کہ جو شخص آپ سے تمسک کرے ''اور آپ کا دامن تھامے'' ــــ وہ نجات پائے ــــ اور پھر جب آپ کے خلاف خروج (بغاوت) ہوا ــــ اور یہ معاملہ شدت اختیار کر گیا ــــ علامہ ابن حجر لکھتے ہیں ــــ

وَاشْتَغَلَتْ طَائِفَۃٌ مِّنْ بَنِیْ اُمِیَّۃَ بِتَنْقِیْصِہٖ وَسَبِّہٖ عَلَی الْمَنَابِرِ،

Marfat.com

وَوَافَقَهُمُ الْخَوَارِجُ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ بَلْ قَالُوْا بِكُفْرِهٖ اِشْتَغَلَتْ جَهَابِذَةُ الْحُفَّاظِ اَهْلِ السُّنَّةِ بِبَثِّ فَضَائِلِهٖ حَتّٰى كَثُرَتْ نُصْحًا لِلْاُمَّةِ وَنُصْرَةً لِلْحَقِّ ——

اور بنوامیہ کا ایک گروہ آپ کی تنقیص (نقص نکالنا) کرنے لگا اور منبروں پر آپ کو گالیاں دینے لگا اور ملعون خارجیوں نے ان کی موافقت کی بلکہ خارجیوں نے آپ (علی) کو کافر تک کہہ دیا تو اہلِ سنت کے جلیل القدر حفاظ حدیث اُمت مسلمہ کی خیر خواہی اور حق کی نصرت کے لئے آپ کے فضائل کی نشر واشاعت میں لگ گئے —— (الصواعق المحرقۃ ص ۱۲۱)

خیال رہے کہ —— اس دور کے خارجیوں اور ناصبیوں کی بدزبانی —— گندے عقائد وخیالات کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ انداز اختیار کیا گیا —— اور سب سے زیادہ یہ امر پیشِ نظر رہا کہ —— خاتم الانبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خوشنودی حاصل ہو —— اور آپ کی نظرِ کرم کے امیدواروں میں نام آجائے —— یہی وجہ ہے کہ زیرِ نظر کتاب اہلِ بیتِ رسول کے فضائل ومناقب میں وارد ہونے والی احادیث کو نقل کیا ہے —— اور دُعا ہے کہ —— اے میرے پروردگار! اپنے اس بندۂ ناچیز کی تحریروں کو اپنی جناب میں قبول ومنظور فرما۔

نوٹ:

حضرت سیدنا ومرشدنا مولائے کائنات علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے فضائل ومناقب میں وارد —— قرآنی آیات اور احادیث رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مزید دیکھنا مقصود ہو تو ہماری کتاب —— خلفائے رسول —— کا مطالعہ فرمائیں —— انشاء اللہ ایمان تازہ ہوگا

Marfat.com

ـــــ عقیدتوں کے گلستانوں میں نکھار پیدا ہوگا ـــــ اور محبتِ علی کا نور سینوں میں جلوہ بار ہو گا ـــــ کون علی؟

حیدر وصفدر غضنفر بو تراب
آفتابِ آسمانِ مستطاب
والد حسنین وعباس جری
جس کی کرتے ہیں فرشتے چاکری
کہہ دیا احمد نے حیدر کو ولی
اور حق نے لافتی الا علی
کر دیا آنکھوں کو خیرہ آپ نے
مہد میں اژدر کو چیرا آپ نے
شہر حق، غالب، شہ مرداں علی
ہے علی افضل زمانے کا ولی
اُن کی ضربت کا مزا، اَحمر سے پوچھ
پوچھ مرحب سے یا پھر عنتر سے پوچھ
اُن کی خوشبو کی رمق عنبر میں ہے
اُن کی درویشی کی لو قنبر میں ہے
اعلیٰ واولیٰ ہے مولا مرتضیٰ
خضر کا مولا ہے، مولا مرتضیٰ

Marfat.com

حدیث نمبر۴۲۲

جو مجھے ملا وہ کسی کو نہیں ملا

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعاً روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ عرش سے بلا کیف وزوال اطلاع فرماتا ہے ـــــ پس اللہ تعالیٰ نے ـــــ مجھے اختیار فرمایا ـــــ اور علی کرم اللہ وجہہ کو میرا داماد منتخب فرمایا ـــــ اور فاطمہ، عذرا، بتول سلام اللہ علیہا ـــــ علی علیہ السلام کو عطا فرمائی ـــــ اور اس طرح اس سے پہلے کسی نبی علیہ السلام کو عطا نہیں فرمایا۔

وَاَعْطِی الْحَسَنَ وَالْحُسَیْنَ وَلَمْ یُعْطِ اَحَدًا مِّثْلَهُمَا

مجھے حسن وحسین عطا فرمائے ـــــ ان دونوں (حسنین) کی مثل کسی کو عطا نہیں فرمائی ـــــ

اور مجھے میری طرح کا داماد عطا فرمایا ـــــ اور مجھے حوض کوثر عطا فرمایا ـــــ اور اس کی طرف، جنت اور دوزخ کے حصے بنائے ـــــ اور یہ فرشتوں کو عطا نہیں فرمایا ـــــ اور جنت میں اس کا ساتھی بنایا ـــــ اور مجھے میری طرح کا بھائی عطا فرمایا ـــــ اور میری طرح کا کسی کا بھائی نہیں ہے۔

اَیُّهَا النَّاسُ مَنْ اَرَادَ اَنْ یَطْفِیءُ غَضَبَ اللّٰهِ ـــــ وَمَنْ اَرَادَ اَنْ یَقْبَلَ اللّٰهُ عَمَلَهٗ ـــــ فَلْیُحِبَّ عَلِیَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ ـــــ

اے لوگو! جو اللہ کے غضب کو بجھانا چاہتا ہے ـــــ اور یہ چاہتا ہو کہ اللہ تعالیٰ اس کے عمل کو قبول فرمائے ـــــ وہ علی بن ابی طالب سے محبت کرلے ـــــ

فَاِنَّ حُبَّهٗ یَزِیْدُ الْاِیْمَانَ ـــــ وَاَنَّ حُبَّهٗ یُذِیْبُ السَّیِّئَاتِ کَمَا

Marfat.com

تُذِیْبُ النَّارُ الرَّصَاصَ

بے شک (علی) کی محبت ایمان کو بڑھاتی ہے اور بے شک (علی) کی محبت گناہوں کو اس طرح پگھلا دیتی ہے جس طرح آگ سیسے کو پگھلا دیتی ہے —— (مودۃ القربیٰ (سید علی ہمدانی) ص ۱۳ مطبوعہ مؤسسۃ الاعلمی)

حدیث نمبر ۴۲۳

جنت و دوزخ کی کنجیاں

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعاً روایت ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی —— اَعْطَانِیْ مَفَاتِیْحَ الْجَنَّۃِ وَالنَّارِ —— فَقَالَ: یَا سَلْمَانُ! —— قُلْ لِعَلِیٍّ اِنَّکَ تُخْرِجُ مَنْ تَشَآءُ وَتَدْخِلُ منْ تَشَآءُ

بے شک اللہ تبارک وتعالیٰ نے مجھے جنت اور دوزخ کی کنجیاں عطا فرمائی ہیں —— اور فرمایا —— اے سلمان رضی اللہ عنہ! علی "کرم اللہ وجہہ" —— سے کہہ دو، بے شک آپ جس کو چاہیں (جنت و دوزخ سے) نکالیں اور د جس کو چاہیں داخل کریں —— (مودۃ القربیٰ ص ۱۶)

حدیث نمبر ۴۲۴

علی رضی اللہ عنہ اور فاطمہ

حضرت ابنِ عباس (رضی اللہ عنہما) سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

Marfat.com

اَفْضَلُ رِجَالِ الْعَالَمِیْنَ فِیْ زَمَانِیْ هٰذَا عَلِیٌّ وَاَفْضَلُ نِسَاءِ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ فَاطِمَةُ

تمام عالمین کے مردوں میں سے، اس زمانے میں سب سے افضل مولا علی ہیں اور اوّلین و آخرین کی تمام عورتوں سے افضل ترین عورت فاطمۃ الزہراء ہیں۔ (مودۃ القربیٰ ص ۱۵)

حدیث نمبر ۴۲۵

علی کی محبت مخلوقِ خدا پر فرض ہے

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

جَآءَنِیْ جِبْرَئِیْلُ عَلَیْهِ السَّلَامُ مِنْ عِنْدِ اللهِ عَزَّوَجَلَّ بِوَرَقَةِ آسٍ خَضْرَاءَ مَكْتُوْبٌ فِیْهَا بِبَیَاضٍ اِنِّیْ قَدْ اِفْتَرَضْتُ مَحَبَّةَ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ عَلٰی خَلْقِیْ فَبَلِّغْهُمْ ذٰلِكَ ـــــ

جبریل علیہ السلام میرے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے آئے جنت کے ایک درخت آس[1] کا سبز رنگ کا پتا لے کر اس پر سفید لفظوں میں لکھا ہوا تھا ـــــ بے شک میں نے علی بن ابی طالب کی محبت اپنی مخلوق پر فرض کر دی ہے۔ (اے اللہ کے رسول) آپ اس بات کو لوگوں تک پہنچا دیں ـــــ

---

[1] آس: آس عربی کا لفظ ـــــ آس جنت کا ایسا درخت ہے جس کے پتوں میں نہایت تازگی اور رنگ نہایت سبز ہوتا ہے اور ان پتوں میں منفرد خوشبو ہوتی ہے اور اس کو فارسی زبان میں مورد کہتے ہیں۔

(مقتل الحسین (امام موفق بن احمد مکی ابوالمویدخوارزمی) ج اول ص ۶۸ مطبوعہ دارانورالہدیٰ سن اشاعت ۱۴۲۸ھ)

Marfat.com

حدیث نمبر ۴۲۶

عَلِیٌ خَیْرُ النَّاسِ

حضرت امام محمد باقر بن امام زین العابدین نے اپنے آباؤ اجداد سے روایت بیان فرمائی ہے ـــــ کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا گیا کہ لوگوں میں سے بہتر کون ہے؟

فَقَالَ خَیْرُھَا وَاَتْقَاھَا ـــــ وَاَفْضَلُھَا ـــــ وَاَقْرَبُھَا اِلَی الْجَنَّۃِ اَقْرَبُھَا مِنِّیْ ـــــ وَلَا اَقْرَبَ وَلَا اَتْقٰی اِلَیَّ مِنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ (کَرَّمَ اللّٰہُ وَجْھَہُ الْکَرِیْمَ)

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا لوگوں میں سب سے بہتر، سب سے پرہیز گار ـــــ سب سے افضل ـــــ اور سب سے زیادہ قریب ـــــ اور جنت میں وہ جو مجھ سے زیادہ قریب ہے ـــــ اور سب سے زیادہ پرہیز گار علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے علاوہ کوئی نہیں۔

(مودۃ القربیٰ ص ۶ مطبوعہ مؤسسۃ الاعلمی بیروت لبنان)

حدیث نمبر ۴۲۷

ان ہستیوں کی ولایت کا اِنکار کفر ہے

امام ابوالموید موفق بن احمد بن محمد مکی خوارزمی حنفی رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی مشہور زمانہ کتاب ـــــ مقتل الحسین ـــــ میں ایک حدیث نقل فرمائی ہے ـــــ لکھتے ہیں ـــــ کہ حضرت ابوسلمیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ـــــ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ـــــ آپ علیہ السلام نے فرمایا ـــــ وہ رات

Marfat.com

جس رات مجھے آسمان کی طرف سیر کرائی ـــــ تو اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَا اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ (پارہ ۳ سورہ بقرہ آیت نمبر ۲۸۵)

رسول ایمان لایا اس پر جو اس کے رب کے پاس سے اس پر نازل ہوا۔

رسولِ کریم فرماتے ہیں ـــــ میں نے عرض کیا ـــــ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ـــــ اور ایمان والے بھی ـــــ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

صَدَقْتَ يَا مُحَمَّدُ! مَنْ خَلَفْتَ فِيْ اُمَّتِكَ

اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ نے سچ کہا (اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) آپ اپنی امت سے کس کو خلیفہ بناؤ گے ـــــ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں میں نے عرض کیا ـــــ خَيْرُهَا ـــــ ''اس امت میں سے'' بہتر کو ـــــ قال: عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ ؟ ـــــ فرمایا: علی بن ابی طالب (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) کو؟ ـــــ قُلْتُ نَعَمْ يَا رَبِّ! ـــــ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں ـــــ میں نے عرض کیا ـــــ ہاں میرے رب! ـــــ رب دو جہاں نے فرمایا ـــــ اے محمد مصطفیٰ! بے شک میں نے تمام زمین والوں کو مطلع کیا ـــــ کہ میں نے تمہیں ان میں سے منتخب فرمایا اور اپنے ناموں میں سے تمہیں ایک نام عطا فرمایا ـــــ اور میرے ذکر کے ساتھ تمہارا ذکر ہوگا ـــــ (اس لئے کہ)

فَاَنَا الْمَحْمُوْدُ وَاَنْتَ مُحَمَّدٌ

پس میں محمود ہوں اور تم محمد ہو

پھر دوسری اطلاع دی ـــــ میں نے علی کو اختیار فرمایا ـــــ اور اس کے نام کو اپنے ناموں میں سے ایک سے مشتق کیا۔

Marfat.com

فَاَنَا الْاَعْلٰی وَھُوَ عَلِیٌّ

پس میں اعلیٰ ہوں اور وہ علی ہے۔

حضور علیہ السلام فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

یَا مُحَمَّدُ! اِنِّیْ خَلَقْتُكَ، وَخَلَقْتُ عَلِیًّا وَّفَاطِمَةَ وَالْحَسَنَ وَالْحُسَیْنَ، وَالْاَئِمَّةَ مِنْ وُلْدِہٖ ـــــ مِنْ سِنْخِ نُوْرٍ مِّنْ نُّوْرِیْ ـــــ وَعَرَضْتُ وَلَا یَتَكُمْ عَلٰی اَھْلِ السَّمٰوٰتِ وَاَھْلِ الْاَرْضِ فَمَنْ قَبِلَھَا كَانَ عِنْدِیْ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ، وَمَنْ جَحَدَھَا كَانَ عِنْدِیْ مِنَ الْكَافِرِیْنَ

یا محمد! صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بے شک میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ـــــ علی کو ـــــ فاطمہ کو، اور حسن و حسین کو اور ان کی اولاد سے اماموں کو تخلیق فرمایا ان سب کا نور میرے نور کی اصل سے ہے ـــــ اور میں نے آسمانوں اور زمین پر تم سب کی ولایت کو پیش کیا ـــــ تو جس نے اس ولایت کو قبول کیا تو وہ میرے نزدیک مؤمنوں میں سے ہے ـــــ اور جس نے اس ولایت کا اِنکار کیا وہ میرے نزدیک کافروں میں سے ہے۔

یَا مُحَمَّدُ! لَوْ اَنَّ عَبْدًا مِّنْ عَبِیْدِیْ عَبَدَنِیْ حَتّٰی یَنْقَطِعُ اَوْ یَصِیْرَ كَالشَّنِّ الْبَالِیْ، ثُمَّ اَتَانِیْ جَاحِدًا لِوَلَایَتِكُمْ مَا غَفَرْتُ لَهٗ حَتّٰی یُقَرَّ بِوَلَایَتِكُمْ ـــــ

یا محمد! اگر میرے بندوں میں سے کوئی بندہ میری عبادت کرے حتیٰ کہ وہ ہلاک ہو جائے، پھر میری بارگاہ میں تم سب کی ولایت کا اِنکار کرتا ہوا

Marfat.com

آئے، تو میں اسے اس وقت تک نہیں بخشوں گا جب تک وہ تم سب کی ولایت کا اقرار نہ کرے ——

يَا مُحَمَّدُ! اَتُحِبُّ اَنْ تَرَاهُمْ ؟ —— قُلْتُ : نَعَمْ يَا رَبِّ، فَقَالَ لِيْ اِلْتَفِتْ عَنْ يَّمِيْنِ الْعَرْشِ —— فَالْتَفَتُّ فَاِذَا اَنَا : بِعَلِيٍّ، وَفَاطِمَةَ ، وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ —— وَعَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ —— وَمُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ —— وَّجَعْفَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ وَمُوْسٰى بْنِ جَعْفَرَ —— وَعَلِيِّ بْنِ مُوْسٰى —— وَمُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ —— وَعَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدٍ —— وَالْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ وَّالْمَهْدِيُّ —— فِيْ ضَحْضَاحٍ مِّنْ نُّوْرٍ قِيَامًا يُّصَلُّوْنَ وَهُوَ فِيْ وَسَطِهِمْ —— يَعْنِيْ —— الْمَهْدِيَّ كَاَنَّهٗ كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ

اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ! کیا آپ انہیں دیکھنا چاہتے ہیں —— میں نے بارگاہِ خداوندی میں عرض کیا —— ہاں میرے رب —— تو اللہ تعالیٰ نے مجھے فرمایا کہ عرش کی دائیں طرف دیکھو —— تو میں نے دیکھا کہ —— میں، علی المرتضٰی —— فاطمۃ الزہراء —— حسن و حسین —— علی ''زین العابدین'' بن حسین —— محمد ''باقر'' بن علی ''زین العابدین'' جعفر صادق بن محمد باقر —— موسیٰ ''کاظم'' بن جعفر صادق —— علی ''رضا'' بن موسیٰ کاظم —— محمد تقی بن علی رضا —— علی ''نقی'' بن محمد تقی —— حسن ''عسکری'' بن علی نقی —— اور مہدی کے ساتھ تھا (علیہم السلام) ''سب ٹخنوں تک آب ''نور میں کھڑے ہو کر نماز ادا کر رہے تھے —— اور وہ یعنی ——

Marfat.com

مہدی (علیہ السلام) ان کے درمیان چمکتے ہوئے ستارے کی مانند تھے۔

(مقتل الحسین ج اوّل ص ۱۴۶- تا۔ ۱۴۷ مطبوعہ دارانوار الہدی)

قارئین! —— یہ سارا واقعہ معراج کی رات کو پیش آیا اس وقت تک بی بی پاک کی شادی بھی نہیں تھی —— آئمہ اہلِ بیت کی ولادت بھی نہیں ہوئی تھی —— اس نوری منظر کو حضور علیہ السلام نے معراج کی رات اپنی آنکھوں سے دیکھا —— اور یہ چودہ ہستیاں عرشِ معلیٰ پر عبادت میں مصروف تھیں۔

ضحضاح:

تھوڑے سے پانی کو ضحضاح کہتے ہیں جو ٹخنوں تک ہو —— اُس آبِ نور میں کھڑے مذکورہ حضرات نماز ادا فرما رہے ہیں —— جن میں سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم خود بھی موجود ہیں (۱) رسولِ کریم (۲) علی المرتضیٰ (۳) سیّدۃ نساء العٰلمین فاطمۃ الزہرا (۴) امام حسن مجتبیٰ (۵) امام حسین شہید کربلا (۶) امام علی اوسط زین العابدین (۷) امام محمد باقر (۸) امام جعفر صادق (۹) امام موسیٰ کاظم (۱۰) امام علی رضا (۱۱) امام محمد تقی (۱۲) امام علی نقی (۱۳) امام حسن عسکری (۱۴) امام مہدی علیہم السلام اس مقام پر عبادتِ خداوندی میں مصروف تھے۔ یہ وہ امر ہے جس کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ظاہر فرما دیا —— اس حدیث شریف کے راوی حضرت ابوسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں جو رسولِ کریم کے خاص خادم تھے —— جن کو راعیٔ اہلِ رسول اللہ کا اعزاز حاصل تھا —— امام خوارزمی نے اس حدیث کو نقل کیا ہے جو دنیا کے احناف کی قدآور شخصیت تھے۔

میں ناصبیوں اور خارجیوں کی خرافات کو صرف نظر کرتے ہوئے اپنی ہی جماعت —— جماعت اہلِ سنت کے اُن چند گندم نما جو فروش قسم کے مولویوں سے پوچھتا ہوں کہ

Marfat.com

آپ لوگوں کو کیا ہو گیا ہے۔ آپ بھی خارجیوں کی دیکھا دیکھی ـــــ آلِ محمد کے بغض کی بیماری میں کیوں مبتلا ہو گئے ہیں ـــــ آپ لوگ تو صداقتوں کے امین تھے، راہِ راست پر گامزن تھے ـــــ ولایت وتصوف کی نوری راہوں پر چلنے والے تھے ـــــ آپ نے یکا یک ظلمت کی وادیوں کی طرف کیوں چل پڑے ہو ـــــ کہیں ایسا تو نہیں کہ اپنے ضمیر کو طاغوتیوں کے ہاں گروی رکھ کر مذہبی پابندیوں سے آزادی حاصل کر لی ہو؟ ہم تو صرف آپ کی خدمت میں اتنا ہی کہہ سکتے ہیں کہ پھر سے ہاتھوں میں وفا کا دامن تھام لو ـــــ اور

وفا کے دیپ جلنے دو پہنچنا ہے جو منزل پر
اندھیرے میں چراغوں کو بجھا دینا نہیں اچھا
پتہ دیتے ہیں منزل کا جو چھوڑے ہیں بزرگوں نے
نقوشِ پا وہ راہوں سے مٹا دینا نہیں اچھا

(علامہ بابر حسین بابر)

حدیث نمبر ۴۲۸

عقیدت فاطمہ سو مقامات پر نفع دے گی

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

يَا سَلْمَانُ! مَنْ اَحَبَّ فَاطِمَةَ ابْنَتِیْ فَهُوَ فِی الْجَنَّةِ مَعِیْ، وَمَنْ اَبْغَضَهَا فَهُوَ مِنَ النَّارِ ـــــ يَا سَلْمَانُ ! حُبُّ فَاطِمَةَ يَنْفَعُ فِیْ مِائَةٍ مِّنَ الْمَوَاطِنِ، اَيْسَرَ تِلْكَ الْمَوَاطِنُ: – اَلْمَوْتُ، وَالْقَبْرُ، وَالْمِيْزَانُ وَالْمَحْشَرُ وَالصِّرَاطُ، وَالْمُحَاسَبُ، فَمَنْ رَضِيَتْ

Marfat.com

عَنْهُ اِبْنَتِیْ فَاطِمَةُ رَضِیْتُ عَنْهُ، وَمَنْ رَضِیْتُ عَنْهُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ ـــــ وَمَنْ غَضِبَتْ عَلَیْهِ ابْنَتِیْ فَاطِمَةُ غَضِبْتُ عَلَیْهِ، وَمَنْ غَضِبْتُ عَلَیْهِ، غَضِبَ اللّٰهُ عَلَیْهِ ـــــ یَا سَلْمَانُ! وَیْلٌ لِّمَنْ یَظْلِمُهَا وَیَظْلِمُ بَعْلَهَا اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلِیًّا وَوَیْلٌ لِّمَنْ یَظْلِمُ ذُرِّیَّتَهَا وَشِیْعَتَهَا ـــــ

اے سلمان! (رضی اللہ عنہ) جو میری بیٹی فاطمہ علیہا السلام سے عقیدت ومودّت رکھے گا وہ جنت میں میرے ساتھ ہوگا اور جو میری بیٹی فاطمہ سے بغض رکھے گا وہ دوزخی ہے ـــ اے سلمان رضی اللہ عنہ! فاطمۃ الزہراء (سلام اللہ علیہا) کی مودّت وعقیدت سو مقامات پر نفع دے گی (ان میں سے چند فائدہ مند مقامات یہ ہیں) موت کے وقت ـــ قبر میں ـــ میزان پر ـــ اور میدانِ محشر میں ـــ اور پل صراط سے ''گزرتے وقت'' ـــ اور بوقت محاسبہ ـــ پس جس سے میری بیٹی فاطمہ راضی ہوں گی، میں بھی اس سے راضی ہوں گا ـــ اور جس پر میں راضی ہوں گا، اللہ کریم بھی اس پر راضی ہوگا ـــ اور جس پر میری بیٹی فاطمہ علیہ السلام ناراض ہوں گی، میں بھی اس پر ناراض ہوں گا ـــ اور جس پر میں ناراض ہوں گا، اس پر اللہ تعالیٰ بھی ناراض ہوگا ـــ

اے سلمان رضی اللہ عنہ! ہلاکت ہے اس کے لئے جو فاطمہ علیہ السلام پر ستم کرے گا اور ان کے شوہر نامدار امیر المومنین علی پر ظلم وستم کرے گا اور ہلاکت ہے اس پر جو ان کی اولاد اور ان کے پیروکاروں پر ظلم وستم کرے

Marfat.com

گا ـــــ (حوالہ ایضاح اول ص ۱۰۰)

حدیث نمبر ۴۲۹

فرشتے ثواب لکھتے ہیں

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت ابوبکر بن ابوقحافہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سنا ـــــ جناب ابوبکر صدیق فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں:

اِنَّ اللّٰہَ خَلَقَ مِنْ نُّوْرِ وَجْہِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ، مَلَائِکَۃً یُسَبِّحُوْنَ، وَیُقَدِّسُوْنَ، وَیَکْتُبُوْنَ ثَوَابَ ذٰلِکَ لِمُحِبِّیْہِ وَمُحِبِّیْ وَلَدِہٖ

بے شک اللہ تعالیٰ نے علی بن ابی طالب کے چہرہ مبارک کے نور سے فرشتے پیدا فرمائے ہیں وہ (فرشتے) تسبیح وتہلیل اور تقدیس وتحمید بیان کرتے رہتے ہیں ـــــ اور مولا علی کے ساتھ محبت کرنے والوں اور آپ کی اولاد سے محبت کرنے والوں کے لئے ثواب لکھتے رہتے ہیں ـــــ

(مقتل الحسین ج اول ص ۱۴۸ مطبوعہ دارِ انوار الہدیٰ)

سیدنا علی کریم کے چہرۂ اقدس کے نور سے فرشتوں کی ایک جماعت کو پیدا فرمایا جو اللہ کریم کی حمد وثناء ـــــ اور تسبیح وتقدیس کرتے ہیں اور مولا علی اور آپ کی اولاد کے ساتھ محبت رکھنے والوں کے لئے مسلسل ثواب لکھتے رہتے ہیں ـــــ فرشتوں کا یہ عمل ہمیشہ جاری رہتا ہے اور قیام قیامت تک جاری رہے گا۔

سیدنا امام علی کی محبت کے نغمے آلاپنے والو! تمہیں مبارک ہو ـــــ کہ اللہ تعالیٰ کے

Marfat.com

نوری فرشتے قیامت تک تمہارے لئے ثواب لکھتے رہیں گے ـــــ خوارج ونواصب کے خرافات وبک بک کو خاطر میں لانے کی ضرورت نہیں ہے یہ ازلی بدبخت ہیں۔ان کے متعلق حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا فرمان ہے۔

اَلْخَوَارِجُ کِلَابُ النَّارِ

خارجی دوزخ کے کتے ہیں۔(سنن ابن ماجہ ص ۱۵ ـــــ تاریخ دمشق ج ۸ ص ۲۱۷)

میں انصاف کے حامی علماء کی خدمت میں ادب سے عرض رسا ہوں کہ ـــــ امام حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ایک ارشاد ہے جو محبت سے متعلق ہے۔

وَقَالَ الْحَسَنُ: کُلُّ مَنْ تَقَرَّبَ اِلَی اللّٰہِ بِطَاعَتِہٖ وَجَبَتْ عَلَیْکَ مَحَبَّتُہٗ ـــــ

امام حسن بصری (رضی اللہ عنہ) فرماتے ہیں کہ ہر وہ شخص جو اپنی اطاعت وفرمانبرداری کے ذریعہ سے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرے، اس کے ساتھ محبت کرنا تم پر واجب ہے ـــــ

(تفسیر عرائس البیان فی حقائق القرآن (امام ابو محمد بن ابی نصر بقلی متوفی ۶۰۶ھ سن اشاعت ۲۰۰۸ء مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت۔لبنان)

جب کوئی مومن اطاعت گزاری کے باعث قربِ خداوندی حاصل کرتا ہے تو مسلمانوں پر اس کی محبت واجب ہو جاتی ہے۔

ایمان والو! ـــــ علی تو امیر المومنین ہے ـــــ سیّد المسلمین بردارِ رسول اور زوجِ بتول ہے ـــــ آپ کی محبت اہلِ ایمان پر فرض ہے ـــــ اور وہ اس اعتبار سے بھی کہ آپ دنیا وآخرت رسولِ کبریا کے بھائی ہیں ـــــ جن کے محبت بھرے نغموں کی گونج زمین سے لے کر آسمان تک ہے ـــــ کون علی؟

Marfat.com

مولائے کائنات ہے ، شیرِ خدا علی
ولیوں کے سر کا تاج ہے ، علی مرتضٰی علی

زوجِ بتول ، نفس رسولِ کریم ہے
سارے جہاں عارفوں کا پیشوا علی

اہلِ کرم ہیں ، راحت قلب رسول ہیں
زہرا علیہا السلام ، حسن علیہ السلام ، حسین علیہ السلام ، شہ اولیاء علی

خیبر شکن ، امام زمن ، نور کی کرن
دروازۂ علوم ہے مولا مرا علی

برقِ تپاں تھی آپ کا تلوار ذوالفقار
مردِ جری ہے ، پر تو دستِ خدا علی

عنتر سے پوچھ! مرحب سرکش سے پوچھ لے
جاتا ہے دن کس طرح بن کر قضا علی

(خضر)

حدیث نمبر ۴۳۰

حب علی ایمان کی علامت ہے

محبت کی بات چھڑی ہے مندرجہ ذیل حدیث دیکھیں آنکھیں کھل جائیں گی ——

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں —— کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی کریم سے فرمایا۔

حُبُّكَ اِيْمَانٌ وَبُغْضُكَ نِفَاقٌ —— وَاَوَّلُ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ

Marfat.com

مُحِبُّكَ ——وَاَوَّلُ مَنْ يَّدْخُلُ النَّارَ مُبْغِضُكَ——

(اے علی!) تیری محبت ایمان ہے اور تیرے ساتھ بغض رکھنا منافقت ہے۔ تیرا محبّ جنت میں پہلے داخل ہوگا، اور تیرے ساتھ بغض رکھنے والا دوزخ میں پہلے داخل ہوگا۔

(الفصول المہمہ فی معرفۃ احوال الائمہ ص ۱۲۷ مطبوعہ العدل نجف اشرف سن اشاعت ۱۳۷۵ھ۔ امام علی بن محمد بن احمد مالکی مکی المعروف ابن صباغ متوفی ۸۵۵ھ)

حدیث نمبر ۴۳۱

علی فاطمہ علیہ السلام، حسن علیہ السلام، حسین علیہ السلام

حضرتِ ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف سے فرمایا۔

يَا عَبْدَالرَّحْمٰنِ! اَنْتُمْ اَصْحَابِیْ، وَعَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ مِنِّیْ، وَاَنَا مِنْ عَلِیٍّ، فَمَنْ قَاسَهٗ بِغَيْرِهٖ فَقَدْ جَفَانِیْ، وَمَنْ جَفَانِیْ اٰذَانِیْ، وَمَنْ اٰذَانِیْ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ رَبِّیْ——

يَا عَبْدَالرَّحْمٰنِ! اِنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ عَلَیَّ كِتَابًا مُّبِيْنًا، وَاَمَرَنِیْ اَنْ اُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نَزَلَ اِلَيْهِمْ، مَا خَلَا عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ فَاِنَّهٗ لَمْ يَحْتَجَّ اِلٰی بَيَانٍ، لِاَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی جَعَلَ فَصَاحَتَهٗ كَفَصَاحَتِیْ، وَدَرَايَتَهٗ كَدَرَايَتِیْ . وَلَوْ كَانَ الْحِلْمُ رَجُلًا لَكَانَ عَلِيًّا —— وَلَوْ كَانَ الْعَقْلُ رَجُلًا لَكَانَ حَسَنًا —— وَلَوْ كَانَ السَّخَاءُ رَجُلًا لَكَانَ حُسَيْنًا —— وَلَوْ كَانَ الْحُسْنُ شَخْصًا لَكَانَ فَاطِمَةُ، بَلْ هِیَ

Marfat.com

اَعْظَمُ، اَنَّ فَاطِمَةَ اِبْنَتِیْ خَیْرُ اَھْلِ الْاَرْضِ ۔ عُنْصُرً اوَشَرْفًا وَکَرْمًا ـــــ

اے عبدالرحمٰن تم میرے صحابی ہو ـــــ اور علی بن ابی طالب مجھ سے ہے اور میں علی سے ہوں جس نے (علی) کو میرے سوا کسی اور پر قیاس کیا تو اس نے مجھ پر ظلم کیا اور جس نے مجھ پر ظلم کیا اس نے مجھے اذیت دی ـــــ اور جس نے مجھے اذیت یعنی تکلیف پہنچائی، اس پر میرے رب کی لعنت ہے ـــــ

اے عبدالرحمٰن! بے شک خدا تعالیٰ نے مجھ پر کتاب مبین نازل فرمائی ہے اور مجھے حکم فرمایا ہے ـــــ جو ان کی طرف نازل ہوا ہے میں لوگوں کے سامنے بیان کروں ـــــ ماسوائے علی بن ابی طالب کے کیونکہ اس کی ذات بیان کی محتاج نہیں ـــــ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی فصاحت وعقل کو، میری فصاحت وعقل کی طرح بنایا ہے ـــــ اگر حلم وبردبار کوئی مرد ہوتا تو وہ علی ہوتا ـــــ اور اگر عقل کوئی مرد ہوتا تو حسن علیہ السلام ہوتا، اگر سخاوت کوئی مرد ہوتا تو حسین ہوتا ـــــ اگر حسن وبھلائی اور جمال کوئی شخصیت ہوتی تو فاطمہ ہوتیں، بلکہ اس سے بھی بڑھ کر ہوتیں بے شک میری بیٹی فاطمہ بنیادی طور پر اور شرافت وبزرگی اور کرم وعنایت کے اعتبار سے تمام اہلِ زمین سے بہتر ہے (یعنی ان سے بڑھ کر کوئی نہیں)

(مقتل الحسین للخوارزمی ج اول ص ۱۰۰ تا ۱۰۱)

مندرجہ بالا حدیث پر بار بار غور فرمائیں تاکہ آپ کو پنج تن پاک کے درجات ومراتب کا پتہ چل سکے ـــــ اور خارجی قسم کے مولویوں کی تو تکار کی پرواہ نہ کرتے ہوئے

Marfat.com

——اپنے دلوں میں مودّہ وعقیدتِ اہلِ بیت کے گلستان سجائیں۔

ہاں یاد آیا——اوپر بیان کی گئی حدیث میں عبارت کا کچھ حصہ اس طرح موجود ہے

——کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا

اِنَّ اللّٰہَ اَنْزَلَ عَلَیَّ ، کِتَابًا مُّبِیْنًا

''بے شک مجھ پر اللہ تعالیٰ نے کتاب مبین نازل فرمائی۔''

یہ کتاب قرآن مجید ہے——جس پر نازل ہوئی، وہ اللہ تعالیٰ کے محبوب محمد مصطفیٰ ہیں——جن کے وسیلہ سے نازل فرمائی وہ جبریل علیہ السلام ہیں——اور جس کے لئے نازل فرمائی وہ آخری رسول کی آخری امت ہے۔اس مقام پر صاحب تفسیر عرائس البیان نے سورۂ زمر کی پہلی آیت (تَنْزِیْلُ الْکِتٰبِ مِنَ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ) ''یعنی کتاب نازل ہوئی ہے اللہ تعالیٰ عزت اور حکمت والے کی طرف سے''——کے تحت ایک عمدہ اور حقائق پر مبنی تحریر سے قرطاس پر موتی بکھیرتے ہوئے فرمایا۔

کِتَابٌ عَزِیْزٌ، نَزَلَ مِنْ رَّبِّ عَزِیْزٍ، عَلٰی عَبْدٍ عَزِیْزٍ، بِلِسَانِ مَلَکٍ عَزِیْزٍ فِیْ شَانِ اُمَّۃٍ عَزِیْزٍ، بِاَمْرٍ عَزِیْزٍ——

کتاب عزیز ہے کہ جس کو ربّ غالب نے بے مثل رسول پر، ''فرشتوں میں سے'' بے مثال فرشتے (جبرئیل علیہ السلام) کی زبان سے بہترین امت کی شان میں غالب احکام کے ساتھ نازل فرمایا۔

(تفسیر عرائس البیان (امام رحمۃ اللہ علیہ بقلی) ج۳ص۲۰۲ مطبوعہ دار الکتب العلمیۃ بیروت سن اشاعت ۲۰۰۸ء)

شیرِ حق، غالب، شہِ مرداں علی ہے علی افضل زمانے کا ولی

ان کی خوشبو کی رمق عنبر میں ہے ان کی درویشی کی لو قنبر میں ہے

(خضر)

Marfat.com

علامہ کشفی کے بھائی نے کہا

جناب علامہ سیّد محمد صالح کشفی حنفی علیہ الرحمہ لکھتے ہیں (جب میں نے یہ کتاب ''مناقب المرتضوی'' تو میرے بھائی ''میر محمد مومن'' نے کہا —— اے بھائی! اگرچہ یہ امر عظیم کی توفیق پا تا سعادتِ ازلی کا ثمرہ ہے —— لیکن خیال یہ ہے کہ اس مجموعہ محمودہ کے جمع کرنے سے کہیں آپ پر وہی تہمت نہ لگائی جائے جس سے آپ ذاتی طور پر نفرت کرتے ہیں —— جنابِ کشفی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا —— اے بھائی! یہ بات تو نہایت دانش مندانہ ہے لیکن تو نے سنا ہوگا۔

اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ

''اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے''۔

خدا کا شکر ہے کہ اس حقیر کا مطلب مناقب مرتضوی کے جمع کرنے سے یہ ہرگز نہیں کہ معاذ اللہ اس کے مطالعہ سے خلفائے ثلاثہ پر کسی قسم کا طعن وطنز وارد ہے —— چنانچہ بعض علمائے اہلِ تشیع نے اسی قسم کی نیت سے تالیفات وتصنیفات کی —— اسی لئے میرے اعتقاد میں ایک کی مدح سرائی اور منقیت گویا کہ چاروں کی تعریف وتصویف ہے —— اگر کوئی معترض حسب مقولہ

مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ

''جو کوئی کسی قسم سے مشابہت کرے وہ اُنہی میں سے ہے''

فرماتے ہیں —— اس کا جواب یہ ہے کہ ہم امیر المومنین کی محبت میں (ان لوگوں کی محبت کے دعویٰ —— جس میں وہ ناکام ہیں سے متعلق) مشابہ ہیں نہ خلفائے ثلاثہ رضی اللہ عنہم کی عداوت میں —— اور اہلِ سنت کے اعتقاد میں خلفائے ثلاثہ کے ساتھ عداوت

Marfat.com

رکھنا رفض ہے نہ کہ امیر المومنین کی محبت۔

چنانچہ ''صاحب تشریح'' نے اس بحث کی تشریح و تنقیح اس طرح کی ہے کہ

مَنْ قَالَ حُبُّ عَلِیٍّ رِفْضٌ فَهُوَ خَارِجِیٌّ كَافِرٌ لِاَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی اَحَبَّهٗ وَاَحَبَّهُ النَّبِیُّ وَالصَّحَابَةُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ اَجْمَعِیْنَ

جو کوئی علی علیہ السلام کی محبت کو رفض کہے وہ خارجی اور کافر ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ، نبی کریم، صحابہ کرام اور تمام مؤمنوں نے علی کے ساتھ محبت کی آپ کو دوست رکھا ہے——

حدیث نمبر ۴۳۲

بغیر حساب کے جنت میں

علامہ کشفی حنفی لکھتے ہیں کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کرام اور اپنی امت کو امیر المومنین کرم اللہ وجہہ کی محبت کی ترغیب دلاتے ہوئے ارشاد فرمایا۔

مَنْ اَحَبَّ عَلِیًّا دَخَلَ الْجَنَّةَ بِغَیْرِ حِسَابٍ

جو علی سے محبت رکھے گا وہ بغیر حساب کے جنت میں داخل ہوگا۔

(مناقب المرتضوی ص ۱۵—تا—۱۶ مطبوعہ کارخانہ عالی جاہ اللہ قلی خان سن شاعت ۱۲۷۳ھ)

اوپر والی حدیث اور عبارت سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ علامہ کشفی نے جب یہ کتاب مرتب فرمائی تو ان کے بھائی نے انہیں کہا کہ آپ روافض سے نفرت کرتے ہیں۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ آپ پر بھی رافضی ہونے کی تہمت نہ لگ جائے—تو جواباً آپ نے فرمایا کہ صحابہ کرام بالخصوص خلفائے ثلاثہ طعن وطنز کرنے اور ان کے ساتھ عداوت رکھنے کا نام رفض ہے—علی کے ساتھ محبت رکھنے کا نام رفض نہیں اور اس سے متعلق ''صاحب تشریح'' کا

Marfat.com

حوالہ دے کر فرمایا ـــــ کہ اللہ تعالیٰ۔ رسولِ مکرم ـــــ صحابہ کرام ـــــ اور اہلِ ایمان علی کریم سے محبت کرتے ہیں ـــــ اور لکھا کہ حب علی کو رفض کہنے والے خارجی اور کافر ہیں ـــــ کیونکہ علی سے خدا اور رسول ـــــ صحابہ و مومنین محبت کرتے ہیں ـــــ کیا وہ سب رافضی ہیں! ـــــ اور پھر حدیث بیان فرمائی کہ علی سے محبت کرنے والا بغیر حساب کے جنت میں داخل ہوگا۔

میرے خیال میں یہ ہے کہ شاید میزان الکتب کے مصنف کی نظر کتاب ''مناقب مرتضوی'' پر نہیں پڑی۔ اگر ایسا ہوتا تو آپ کشفی کی اس طرح دُرگت بناتے جس طرح انہوں نے امام بخاری کے دادا اُستاد امام عبدالرزاق رحمۃ اللہ علیہ سے لے کر حضرت سیّد ابوالحسنات تک (مصنف کے استاد کے بڑے بھائی) سب کی دُرگت بنائی ـــــ چونکہ آپ کے مزاج گرامی پر ذکر اہلِ بیت اموی و مروانی اور عباسی حکمرانوں کی طرح ناگوار گزرتا تھا۔ اس لئے آپ ہر محبّ اہلِ بیت شیعہ کہہ دیتے تھے ـــــ آپ کی کتابیں خوارج بڑی دلجمعی سے پڑھتے ہیں۔ اہلِ سنت تو آپ کی کتابوں بالخصوص میزان الکتب کو دیکھنا تک گوارا نہیں کرتے۔

حدیث نمبر ۴۳۳

ایضاً بغیر حساب کے

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مرفوعاً روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَنَا اَوَّلُ النَّاسِ دَخُوْلًا فِی الْجَنَّةِ ثُمَّ ذُرِّیَّتِیْ ثُمَّ مُحِبُّوْنَا یَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ بِغَیْرِ حِسَابٍ لَا یَسْأَلُوْنَ عَنْ ذَنْبِهِمْ بَعْدَ الْمَعْرِفَةِ

Marfat.com

وَالْمَحَبَّةِ ——

میں تمام لوگوں سے پہلے جنت میں داخل ہوں گا —— پھر میری اولاد (جنت میں داخل ہوگی) پھر ہم سے محبت کرنے والے بغیر حساب وکتاب کے جنت میں داخل ہوں گے ان سے پہچان اور محبت کے بعد (ان کے) گناہوں سے متعلق کوئی سوال نہ پوچھا جائے گا۔

(مودۃ القربیٰ ص ۴ مطبوعہ موسسۃ الاعلمی بیروت)

حدیث نمبر ۴۳۴

فضائل محمد وآل کی محفل میں

اُمّ المومنین اُمّ سلمہ سلام اللہ علیہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا۔

مَا مِنْ قَوْمٍ اِجْتَمِعُوْا يَذْكُرُوْنَ فَضَائِلَ مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ اِلَّاهَبَطَتْ مَلَائِكَةٌ مِّنَ السَّمَآءِ حَتّٰى لَحِقَتْ بِهِمْ تَحَدَّثُهُمْ فَاِذَا تَفَرَّقُوْا عَرَجَتِ الْمَلَائِكَةُ —— وَقَالَتِ الْمَلَائِكَةُ الْاٰخِرَةُ لَهُمْ اَنَا نَشُمُّ رَائِحَةً مِّنْكُمْ مَا شَمَمْنَا رَائِحَةً اَطْيَبَ مِنْهَا فَنَقُوْلُ لَهُمْ كُنَّا مَعَ قَوْمٍ يَّذْكُرُوْنَ فَضَائِلَ آلِ بَيْتِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَيَقُوْلُوْنَ اِهْبِطُوْا بِنَا اِلَيْهِمْ فَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهُمْ قَدْ تَفَرَّقُوْا فَيَقُوْلُوْنَ اِهْبِطُوْا بِنَا اِلَى الْمَكَانِ الَّذِىْ كَانُوْا فِيْهِ

(مودّہ القربیٰ قدوۃ العارفین امیر سیّد علی بن شہاب ہمدانی ص ۵)

کوئی قوم ایسی نہیں جو فضائل محمد وآلِ محمد کے ذکر میں جمع نہیں ہوتی مگر آسمان

Marfat.com

سے ان پر فرشتے اترتے ہیں یہاں تک کہ وہ ان کے کلام و بیان سے آ ملتے ہیں۔ پس جب وہ لوگ چلے جاتے ہیں تو یہ فرشتے (جو محفل اہلِ بیت میں موجود ہوتے ہیں) اوپر ''آسمانوں کی طرف'' چڑھ جاتے ہیں۔ تو دوسرے فرشتے ان سے کہتے ہیں کہ بے شک ہم نے ایسی خوشبو تم سے اس سے پہلے نہیں سونگھی —— تو وہ فرشتے (جو محفل میں حاضر تھے) کہتے کہ ہم ایسی جماعت میں موجود تھے جو اہلِ بیت محمد کا ذکر خیر کر رہی تھی —— تو فرشتوں کی دوسری جماعت کہتی ہے، کہ ہم کو بھی ان کے پاس لے چلو! —— وہ پہلی جماعت کہتی ہے کہ وہ تو منتشر یعنی الگ الگ ہو کر (اپنے اپنے گھروں میں) جا چکے ہیں، اس پر آسمان والے فرشتے کہتے ہیں کہ ہم کو اس جگہ پر لے چلو جس جگہ پر وہ (بیٹھ) کر ذکر ''اہلِ بیت'' کر رہے تھے ——

حضرت ہمدانی

مندرجہ بالا حدیث شریف حضرت سیّد علی ہمدانی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کی کتاب ''مودّۃ القربیٰ'' سے درج کی ہے —— سیّد ہمدان (متوفی ۷۸۶ھ) آپ بہت بڑے عالم تھے —— آپ سلطان شہاب الدین کے عہد حکومت میں ۷۷۴ھ کے قریب بہت سے درویشوں کے ساتھ کشمیر میں تبلیغ اسلام کے لئے تشریف لائے —— اور یہ امر روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ کشمیر میں اسلام اور مسلمانی ان کی وجہ سے پھیلی —— ترکستان کے سفر کے دوران رستے میں وصال فرمایا اور ختلان نامی ایک قصبہ میں دفن ہوئے —— علامہ ڈاکٹر محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ آپ کی ذات وصفات سے متاثر ہو کر —— آپ کے اسلامی کارنامے دیکھ کر —— جاوید نامہ میں یوں ارقام فرماتے ہیں:

Marfat.com

سید السادات سالارِ عجم
دست اُو معمارِ تقدیر اُمم

حضرت ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ جو عجمیوں کے سالار اور ساداتِ بنوز ہراء کے سردار ہیں ان کا ہاتھ اُمتوں کی تقدیر کا معمار ہے ـــــ یعنی جن کی تبلیغ سے کشمیریوں کی قسمت بدل گئی۔ اور وہ کفر سے اسلام کی طرف آ گئے۔

تا غزالی درسِ اللّٰہ ھو گرفت
ذکر وفکر ازدومانِ اُو گرفت

جب امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے اللہ ہو کا درس لیا ''یعنی وہ علم ظاہر و باطن میں اعلیٰ ترین پختگی ہوئی'' کہ انہوں نے ذکر وفکر کی تعلیم ان کے خاندان (کے بزرگوں) سے حاصل کی ـــــ یعنی حضرت ہمدانی رحمتہ اللہ علیہ کے بزرگوں سے فیض حاصل کیا ـــــ

مرشد آں کشور مینو نظیر
میر و درویش وسلاطیں دا مشیر

(کشمیر) وہ مملکت جنت نظیر یعنی کشمیر کے مرشد تھے، آپ امیروں، درویشوں اور بادشاہوں کو ''علم و دانش اور عشق و محبت'' کے سلسلہ میں مشورہ دینے والے تھے ـــــ مطلب یہ کہ ان تمام طبقات کے لوگ آپ کے مرید تھے اور آپ سے فیض حاصل کرتے تھے ـــــ

خطہ را آں شاہِ دریا آستیں
داد علم وصنعت وتہذیب ودیں

اس دریا کی آستیں والے یعنی نہایت سخی اور فیاضی کے دریا شاہِ ہمدان نے کشمیر کے خطہ کو علم وصنعت، تہذیب و دین عطا کیا ـــــ

(جاوید نامہ (علامہ اقبال) ص ۱۵۸ مطبوعہ شیخ علی اینڈ سنز لاہور)

Marfat.com

○—— مصنف ''مودۃ القربیٰ'' کے اشعار اور مختصر سا تعارف کرانے کا مقصد صرف اتنا ہے—— کہ آپ ایک شیخ کامل بزرگ تھے۔

''میزان الکتب'' کے مصنف کے خوں فشار قلم سے نہ بچ سکے اور اپنی کتاب میں ان کو شیعہ لکھا—— آپ کے قلم سے آئمہ محدثین و مفسرین نہ بچ سکے۔ ایک سیّد زادہ کیسے بچ سکتا تھا—— آپ اگر امام حسین علیہ السلام کے زمانے میں ہوتے تو یقیناً یزید لعین کی فوج میں بھرتی ہوتے تا کہ آلِ محمد کا خون بہایا جائے اور رسولِ خدا کے نواسوں کی گردنوں پر تیغ دودم کے جوہر دکھائے جائیں۔

حدیث نمبر ۴۳۵

معرفت آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضرت مقداد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، فرماتے ہیں—— کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

مَعْرِفَةُ آلِ مُحَمَّدٍ بَرَأَةٌ مِنَ النَّارِ —— وَحُبُّ اٰلِ مُحَمَّدٍ جَوَازُ عَلَى الصِّرَاطِ —— وَوَلَايَةُ لِاٰلِ مُحَمَّدٍ اَمَانٌ مِّنَ الْعَذَابِ——

آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پہچان (دوزخ) کی آگ سے نجات کا پروانہ ہے—— اور آلِ محمد علیہ السلام کی محبت پل صراط سے گزرنے کا اجازت نامہ ہے—— اور آلِ محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ دوستی عذاب سے محفوظ رہنے کی دلیل ہے——

(فصل الخطاب (حضرت سیّد محمد پارسا) ص ۳۵۸)

Marfat.com

خطباتِ خضر

پیر سید خضر حسین چشتی

شبیر برادرز

شبیر برادرز (رجسٹرڈ) زبیدہ سنٹر ۴۰۔ اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006

Marfat.com

صحاح ستہ میں سے مشہور متن سنن ابن ماجہ کا اردو ترجمہ و مستند شرح

شرح سنن ابن ماجہ

تصنیف

امام ابو عبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ قزوینی

ترجمہ

ابوالعلا محمد محی الدین جہانگیر

ادام اللہ تعالیٰ معالیہ وبارک ایامہ ولیالیہ

شرح

علامہ محمد لیاقت علی رضوی

شبیر برادرز®
زبیدہ سنٹر ۴۰۔ اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006

Marfat.com

خلفائے رسول رضی اللہ عنہم

پیر سید خضر حسین چشتی



اسلامک پبلشرز
اردو بازار لاہور

Marfat.com

شرح

سنن نسائی شریف

تصنیف

امام ابو عبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی

ترجمہ

ابوالعلاء محمد محی الدین جہانگیر

ادام اللہ تعالیٰ معالیہ وبارک ایامہ ولیالیہ

شبیر برادرز

زبیدہ سنٹر ۴۰، اردو بازار لاہور

فون: 042-37246006

Marfat.com

میرے جذباتِ دروں میری محبت اے خضر
آلِ پیمبر کی عظمت کے نگہبانوں کے نام

آلِ رسول

صلی اللہ علیہ وسلم

پیر سید خضر حسین چشتی

شبیر برادرز
اردو بازار لاہور

Marfat.com